فتوحاتِ جہانگیری

شرح

متن

امام ابو الحسن علی بن عمر دارقطنی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

فتوحاتِ جہانگیری

شرح

سُنن دارقطنی

جزو ہفتم

7-8

متن

امام ابو الحسن علی بن عمر دارقطنی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

جلد چہارم

نام کتاب ———— فتوحات جہانگیری شرح سنن دارقطنی

مترجم ———— ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

پروف ریڈنگ ———— ملک محمد یونس

کمپوزنگ ———— ورڈز میکر

باہتمام ———— ملک شبیر حسین

سن اشاعت ———— جولائی 2014ء

سرورق ———— اے ایف ایس ایڈورٹائزرز 0322-7202212

طباعت ———— اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ہدیہ ———— روپے

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر، 40 اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

ترتیب

كِتَابُ الْحُدُوْدِ وَالدِّيَاتِ وَغَيْرِهٖ

كِتَابُ النِّكَاحِ

بابُ المَہْرِ

سنن دارقطنی جلد چہارم (حصہ ششم)

كِتَابُ الطَّلَاقِ وَالْخُلْعِ وَالْاِيْلَاءِ وَغَيْرِهٖ

کتاب الفرائض والسیر

کتاب السیر

بقية الفرائض

کتاب المکاتب

باب فِی الْمَرْاَۃِ تُقْتَلُ اِذَا ارْتَدَّتْ

کِتَابُ الْاَشْرِبَۃِ وَغَیْرِھَا

باب اتِّخَاذِ الْخَلِّ مِنَ الْخَمْرِ

باب الصَّیْدِ وَالذَّبَائِحِ وَالْاَطْعِمَۃِ وَغَیْرِ ذٰلِکَ

کتاب السبق بین الخیل وما روی فیه
عن النبی صلی الله علیه وسلم وهو زیادة فی الکتاب

14- كِتَابُ الْحُدُوْدِ وَالدِّيَّاتِ وَغَيْرِهِ

حدود اور دیات وغیرہ کے بارے میں روایات

3054- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ مَهْدِيِّ الْحَافِظُ قِرَاءَةً عَلَيْهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمَالِكِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ صَالِحِ الْاَصْبَهَانِيُّ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَسْعُوْدٍ اَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانِ الْعَوَقِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ قَتْلُ مُسْلِمٍ اِلَّا فِيْ ثَلَاثِ خِصَالٍ زَانٍ مُحْصَنٍ فَيُرْجَمُ وَرَجُلٍ يَقْتُلُ مُتَعَمِّدًا فَيُقْتَلُ بِهٖ وَرَجُلٍ يَخْرُجُ مِنَ الْاِسْلَامِ فَيُحَارِبُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَيُقْتَلُ اَوْ يُصْلَبُ اَوْ يُنْفٰى مِنَ الْاَرْضِ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: کسی بھی مسلمان کو صرف تین صورتوں میں قتل کرنا جائز ہے' شادی شدہ زانی کہ اُسے سنگسار کر دیا جائے گا' وہ شخص جو کسی کو جان بوجھ کر قتل کر دے' تو بدلے میں اُسے بھی قتل کر دیا جائے گا' وہ شخص جو اسلام سے نکل جائے اور اللہ اور اُس کے رسول کی مخالفت کرے' تو اُسے قتل کر دیا جائے گا' یا مصلوب کر دیا جائے گا' یا جلاوطن کر دیا جائے گا۔

شرح: حد کی لغوی تعریف:

دو چیزوں کے درمیان ''فصل'' (یعنی علیحدگی) کرنے والی چیز کو ''حد'' کہا جاتا ہے۔

علاؤالدین حصکفی کہتے ہیں:

''اصطلاحِ شرع میں حد سے مراد وہ سزا ہے' جس کی مقدار متعین ہو' اور وہ سزا اللہ تعالیٰ کے حق کے طور پر واجب کی گئی ہو (یعنی انسان کو اسے معاف کرنے کا اختیار نہ ہو' اس سزا کا مقصد) لوگوں کو جرائم کے ارتکاب سے باز رکھنا ہو' تعزیر کو حد نہیں کہا جاسکتا کیونکہ اس میں سزا کی مقدار متعین نہیں ہوتی (بلکہ قاضی کی صوابدید پر ہوتی ہے) اور قصاص کو بھی حد نہیں کہا جاسکتا کیونکہ وہ مقتول کے وارث کا حق ہے (اگر وہ وارث چاہے تو معاف کر سکتا ہے' یا اس کا معاوضہ لے سکتا ہے۔ (درمختار' کتاب الحدود)

حدود کے نفاذ کا بنیادی مقصد انسانی معاشرے کو فتنہ وفساد سے بچانا ہے' حدود کے طور پر دی جانے والی سزائیں درج ذیل

۳۰۵٤- اخرجه ابو داود في الحدود (١٢٤/٤) باب: الحكم فيمن ارتد (٤٣٥٣) و النسائي في التحريم (المحاربة) (١٠٢/٧) باب: الصلب' و في القسامة (٢٣/٨) باب: سقوط القود من المسلم للكافر' من طرقه عن ابراهيم بن طهمان به- و سياتي - ان شاء الله- قريباً من وجه آخر موقوفاً' بنحوه مختصرًا-

جرائم کے ارتکاب پر دی جاتی ہیں۔

(i) زنا کا ارتکاب کرنا (ii) کسی پر زنا کا جھوٹا الزام لگانا (iii) شراب نوشی (iv) چوری کرنا

3055- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ حُذَيْفَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْعَوَقِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ بِاِسْنَادِهٖ نَحْوَهٗ .قَالَ النَّيْسَابُوْرِيُّ قُلْتُ لِمُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ يُحْتَجُّ بِحَدِيْثِهٖ قَالَ لَا .

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

3056-حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الطَّالْقَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ الْمُبَارَكِ يَقُوْلُ كَانَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ ثَبْتًا فِي الْحَدِيْثِ .

★★ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے حوالے سے بھی منقول ہے' تاہم اس کے بعض راویوں کے بارے میں کچھ کلام کیا گیا ہے۔

3057- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْمَالِكِيُّ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِيْ لَا اِلٰهَ غَيْرُهٗ لَا يَحِلُّ دَمُ رَجُلٍ مُسْلِمٍ يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَّا ثَلَاثَةَ نَفَرٍ التَّارِكُ لِلْاِسْلَامِ الْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَةِ وَالثَّيِّبُ الزَّانِيْ وَالنَّفْسُ بِالنَّفْسِ .

قَالَ الْاَعْمَشُ فَحَدَّثْتُ بِهٖ اِبْرَاهِيْمَ فَحَدَّثَنِيْ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ بِمِثْلِهٖ .

★★ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اُس ذات کی قسم! جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' جو مسلمان اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور میں اللہ کا رسول ہوں' اُس کا خون بہانا صرف تین صورتوں میں جائز ہے' جب وہ اسلام کو ترک کر کے (مسلمانوں کی) جماعت سے الگ ہو جائے'

۳۰۵۵-انظر الحديث السابق-و ابراهيم بن طهمان: قال الحافظ ابن حجر في التقريب (ت ۱۹۱): (ثقة يغرب' تكلم فيه: للارجاء' و يقال: رجع عنه)- اه- تقدمت ترجمته- و انظر ترجمته في تهذيب الكمال (۱۰۸/۲) و تهذيب التهذيب (۱۲۸/۱) و تاريخ البخاري (۲۹٤/۱) و الجرح و التعديل (۱۰٦/۲) و تاريخ بغداد (۱۰٦/٦)-

۳۰۵٦-راجع الذي قبله-

۳۰۵۷-اخرجه احمد (۱۸۱/٦) و من طريقه مسلم في القسامة (۱٦۷٦) باب: ما يباح به دم المسلم' و البيهقي في الكبرى (۸/ ۱۹٤-۱۹۵) من طريق احمد عن عبد الرحمن بن مهدي' به-واخرجه النسائي في تحريم الدم (۷/ ۹۰-۹۱) باب: ما يحل به دم المسلم' و ابن حبان (٤٤۰۷) من غير هذا الوجه عن عبد الرحمن بن مهدي' به-واخرجه احمد (۱/ ۳۸۲' ٤۲۸) و مسلم في القسامة (۱٦۷٦) باب: ما يباح به دم المسلم' و ابو داود في الحدود (٤۳۵۲) باب: الحكم فيمن ارتد' و الترمذي في الديات (۱٤۰۲) باب: ما جاء لا يحل دم امرئ مسلم الا باحدى ثلاث' و البيهقي في الكبرى (۸/ ۲۱۳' ۲۸۳- ۲۸٤) و ابن حبان (٤٤۰۸) من طرق عن ابي معاوية: محمد بن خازم عن الاعمش' به-و اخرجه احمد (۱/ ٤٤٤) و الدارمي (۲/ ۲۱۸) و البخاري في الديات (٦۸۷۸) باب: قول الله تعالى: (ان النفس بالنفس......) و مسلم في الموضع السابق' و ابن ماجه في الحدود (۲۵۳٤) باب: لا يحل دم امرئ مسلم الا في ثلاث' و البيهقي (۸/ ۱۹' ۱۹٤' ۲۰۲' ۲۱۳) من طرق عن الاعمش' به-

شادی شدہ زانی اور (قاتل یعنی) جان کے بدلے میں جان۔

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے۔

3058 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَبِىْ عُثْمَانَ الطَّيَالِسِىُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَرْعَرَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِىٍّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِءٍ مُسْلِمٍ.

قَالَ الْاَعْمَشُ فَذَكَرْتُهُ لِاِبْرَاهِيْمَ فَقَالَ حَدَّثَنِيْهِ الْاَسْوَدُ عَنْ عَائِشَةَ .

قَالَ وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِىْ مَعْمَرٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ الْاَوَّلِ .قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ اَفْسَدَ هٰذَيْنِ الْحَدِيْثَيْنِ جَمِيْعًا حَدِيْثُ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَحَدِيْثُ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ.

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کسی بھی مسلمان کا خون بہانا جائز نہیں ہے (اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے)۔

اعمش کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث ابراہیم کو سنائی تو اُنہوں نے بتایا: اسود نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے مجھے یہ حدیث سنائی ہے۔

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے سابقہ روایت کی مانند روایت نقل کرتی ہیں۔

عبدالرحمٰن نامی محدث بیان کرتے ہیں: راوی نے ان دونوں روایات کو ایک ساتھ ملا دیا ہے' یعنی مسروق کی حضرت عبداللہ سے نقل کردہ روایت اور ابراہیم کی اسود (کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے) نقل کردہ روایت۔

3059 - حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِىٍّ الْمَالِكِىُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِىْ مَعْمَرٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِءٍ مُسْلِمٍ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اِلَّا بِاِحْدٰى ثَلَاثٍ رَجُلٌ قَتَلَ فَيُقْتَلُ بِهٖ وَالثَّيِّبُ الزَّانِىْ وَالْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَةِ .

اَوْ قَالَ الْخَارِجُ مِنَ الْجَمَاعَةِ .

۳۰۵۸- تقدم في النص قبله من طريق ابن مهدي باسناده في حديث ابن مسعود' و حديث عائشة تقدم تخريجه قريباً موصولاً مرفوعاً' و يأتي بعده موقوفاً' و مداره على ابراهيم بن طهمان' وقد اختلف على ابراهيم في اسناده' و الاشبه و فقه من رواية ابراهيم - و للحديث شاهد من حديث عثمان بن عفان مرفوعاً' اخرجه الشافعي (۳۱۸)' و الطيالسي (۷۲)' و احمد (۶۱/۱)' و الدارمي (۲۱۸/۲)' و الترمذي في الديات (۱۹/٤) باب: ما جاء لا يحل دم امرئ مسلم...... (۱٤۰۲)' والنسائي في تحريم الدم (۱۰۳/۷) باب: الحكم في المرتد' و ابن ماجه في الحدود (۸٤۷/۲) باب: لا يحل دم امرئ مسلم الا في ثلاث (۲۵۳۳)' و الحاكم في الحدود (۳۵۰/٤)' و ابن الجارود (۸۳۶)- و صححه الحاكم على شرطهما-

۳۰۵۹- تقدم حديث عائشة مرفوعاً في اول الباب- من طريق عبيد بن عمير' و اخرجه بعده بحديثين من طريق الاسود عن عائشة' ثم خرجه هنا موقوفاً من طريق ابراهيم بن طهمان- لكن لم يتفرد به ابراهيم على هذا النحو' بل تابعه عليه جرير' فاخرجه عن منصور' نحو ما اخرجه ابراهيم' كما سياتي الحديث التالي-

مَوْقُوْفٌ.

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اس اُمت سے تعلق رکھنے والے کسی بھی مسلمان کو ان تین میں سے کسی ایک وجہ سے قتل کیا جا سکتا ہے' ایک وہ شخص جو کسی کو قتل کر دے' تو جواب میں اُسے قتل کر دیا جائے گا' شادی شدہ زانی' (مسلمانوں کی) جماعت سے الگ ہونے والا' (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں: مسلمانوں کی) جماعت سے نکلنے والا۔

(یہ حدیث) ''موقوف'' ہے۔

3060– حَدَّثَنَا ابْنُ الْجُنَيْدِ حَدَّثَنَا يُوسُفُ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ ح وَأَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ نَحْوَهُ .مَوْقُوفٌ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے۔

(یہ حدیث) ''موقوف'' ہے۔

3061– حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ ح وَأَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ زِيَادٍ الشَّامِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ادْرَئُوا الْحُدُودَ مَا اسْتَطَعْتُمْ عَنِ الْمُسْلِمِينَ فَإِنْ وَجَدْتُمْ لِلْمُسْلِمِ مَخْرَجًا فَخَلُّوا سَبِيلَهُ فَإِنَّ الْإِمَامَ لَأَنْ يُخْطِءَ فِي الْعَفْوِ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يُخْطِءَ فِي الْعُقُوبَةِ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جہاں تک تم سے ہو سکے مسلمانوں سے حدود کو پرے رکھو' اگر تم کسی مسلمان کیلئے کوئی گنجائش پاؤ تو اُسے وہ گنجائش فراہم کرو' کیونکہ حاکم (یا قاضی) کا معاف کرنے میں غلطی کرنا اُس کیلئے' سزا دینے میں غلطی کرنے' سے بہتر ہے۔

3062– حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ مُخْتَارٍ التَّمَّارِ عَنْ أَبِي مَطَرٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ ادْرَئُوا الْحُدُودَ .

٣٠٦٠– راجع الذي قبله-

٣٠٦١– اخرجه الترمذي في الحدود (٤/٣٣) باب: ما جاء في درء الحدود (١٤٢٤) و الحاكم في الحدود (٤/٣٨٤) و البيهقي في الحدود (٨/٢٣٨) باب: ما جاء في درء الحدود بالشبهات' و الخطيب في التاريخ (٥/٣٣١) من طريق يزيد بن زياد' به-وقال الترمذي: (حديث عائشة لا نعرفه مرفوعاً الا من حديث محمد بن ربيعة عن يزيد بن زياد الدمشقي عن الزهري عن عروة عن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم - و اخرجه وكيع عن يزيد بن زياد' نحوه' و لم يرفعه' و رواية وكيع اصح' و قد روي نحو هذا عن غير واحد من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم انهم قالوا مثل ذلك' و يزيد بن زياد الدمشقي ضعيف في الحديث- و يزيد بن زياد الكوفي اثبت من هذا و اقدم)-اه-وقال الترمذي في العلل الكبير ص (٢٢٨) ايضاً: سالت محمداً عن هذا الحديث؟ فقال: يزيد ابن زياد الدمشقي منكر الحديث ذاهب)- اه-و قال البيهقي: (تفرد به يزيد بن زياد الشامي عن الزهري' و فيه ضعف' و اخرجه رشدين بن سعد عن عقيل عن الزهري مرفوعاً' و رشدين ضعيف)- اه-و صححه الحاكم و تعقبه الذهبي' فذكر قول النسائي: و الحديث صوب الترمذي و البيهقي وقفه- و راجع: نصب الراية (٣/٣٠٩)-

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: حدود کو پرے رکھنے (کی کوشش کرو)۔

3063 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ اَخْبَرَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ فَرْوَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَّمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَّعُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ قَالُوْا اِذَا اشْتَبَهَ عَلَيْكَ الْحَدُّ فَادْرَاْهُ مَا اسْتَطَعْتَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ' حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ (یہ تینوں حضرات) فرماتے ہیں: جب حد (ثابت ہونے کا معاملہ) تمہارے سامنے مشکوک ہو جائے' تو جہاں تک تم سے ہو سکے اسے پرے رکھو۔

شرح:

فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے، زنا کا جرم اس وقت ثابت ہوتا ہے جب کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ ایسی حالت میں صحبت کرے، جب وہ عورت اس کے نکاح میں نہ ہو، اور اس عورت کے ساتھ شبہ نکاح کے حوالے سے تعلق نہ ہو، وہ عورت اس کی کنیز نہ ہو،

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ''تم شبہ کی وجہ سے حدود کو پرے کر دو''

تو اس حوالے سے فقہاء کے درمیان اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے، وہ شبہ کیا چیز ہوگی؟ جس کی وجہ سے حد کو ختم کر دیا جائیگا۔

اس اصول سے متعلق بہت سی جزئیات پائی جاتی ہیں جن میں فقہاء کے درمیان اختلاف ہے ان میں سے ایک مسئلہ یہ بھی ہے، جہاد میں حصہ لینے والا کوئی مجاہد، مال غنیمت کا حصہ کسی کنیز کے ساتھ صحبت کر لیتا ہے، تو بعض فقہاء یہ کہتے ہیں: اس مجاہد پر حد جاری ہوگی اور بعض حضرات یہ کہتے ہیں: شبہ پیدا ہونے کی وجہ سے اس مجاہد پر حد جاری نہیں ہوگی، کیونکہ اس بات کا امکان پایا جاتا ہے، مال غنیمت کا حصہ ہونے کے طور پر وہ کنیز اس مجاہد کے حصے میں آ جاتی۔

اسی اصول سے متعلق ایک جزئی یہ ہے: اگر کوئی شخص اپنے بیٹے یا اپنی بیٹی کی کنیز کے ساتھ صحبت کر لیتا ہے تو جمہور اس بات کے قائل ہیں۔ ایسے شخص پر حد جاری نہیں ہوگی، کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے یہ فرمایا تھا:

''تم اور تمہارا مال تمہارے باپ کا ہے''۔

٣٠٦٢- اخرجه البيهقي في الحدود (٨/٢٣٨) باب: ما جاء في درء الحدود بالشبهات' من طريق الدارقطني به- وقال البيهقي : (في هذا الاسناد ضعف)- اه- قلت: ابو مطر مجهول ؛ كما قال ابو حاتم في (الجرح و التعديل) (٩/٤٤٥)- و المختار ضعيف؛ كما قال الزيلعي في نصب الراية (٣/٣٠٩)- و له شاهد من حديث ابي هريرة مرفوعاً' بنحوه- اخرجه ابو يعلى (٦٦١٨)' و ابن ماجه في الحدود (٢/٨٥٠) باب: الستر على المومن و دفع الحدود بالشبهات (٢٥٤٥) من طريق ابراهيم بن الفضل المخزومي عن سعيد المقبري عن ابي هريرة- وقال البوصيري في الزوائد (٢/٣٠٣): (اسناد ضعيف)- و قال ابن حجر في (تخريج احاديث المختصر) (١/٤٤٣): (غريب) و اعلاه بضعف ابراهيم بن الفضل المخزومي' و نقل البوصيري تضعيفه عن جماعة منهم: الدارقطني-

اس حوالے سے بیٹے غلام اور اس کی کنیز بھی باپ کی ملکیت ہونگے تو یہاں شبہ پایا جاتا ہے، کہ شاید اس کے باپ نے اس کنیز کو اپنی ملکیت سمجھ کر عمل کیا ہو۔

اسی اصول سے متعلق ایک مختلف فیہ جزئی یہ بھی ہے، اگر کوئی شخص اپنی بیوی کی کنیز کے ساتھ صحبت کر لیتا ہے، تو اس کا کیا حکم ہوگا؟

اس بارے میں علماء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے، علماء کے اس بارے میں مختلف اقوال ہیں،

امام مالک اور جمہور فقہاء اس بات کے قائل ہیں، ایسے شخص پر کامل حد جاری کی جائے گی، بعض فقہاء اس بات کے قائل ہیں: ایسے شخص پر حد جاری نہیں ہوگی، البتہ وہ اس کنیز کی قیمت اپنی بیوی کو ادا کر دے گا، یہ موقف امام احمد بن حنبل اور اسحاق راہویہ کا بھی ہے، اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

جبکہ پہلا قول حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ہے، جسے امام مالک نے اپنی ''موطا'' میں نقل کیا ہے، بعض فقہاء اس بات کے قائل ہیں: ایسے شخص کو ایک سو کوڑے لگانا لازم ہوگا خواہ وہ شخص ''محصن'' ''ثیبہ'' ہو۔

3064 - حَدَّثَنَا ابْنُ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبَّقِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُفِعَ اِلَيْهِ رَجُلٌ وَّقَعَ عَلٰى جَارِيَةِ امْرَاَتِهٖ فَلَمْ يَحُدَّهُ .

۳۰۶۳- اخرجه ابن ابي شيبة في مصنفه- كما في نصب الراية (۳۳۲/۳): حدثنا عبد السلام به- و من طريق ابن ابي شيبة اخرجه البيهقي في السنن (۲۳۸/۸) و قال: منقطع- وقال الزيلعي: (و هو معلول بامحاق بن ابي فروة؛ فانه متروك) - اه-

۳۰۶۴- اخرجه النسائي في النكاح (۱۲۵/٦) باب: احلال الفرج- و اخرجه ابو داود في الحدود (۱۵٦/٤) باب: الرجل يزني بجارية امراته (٤٤٦۱) و ابن ماجه في الحدود (۸۵۳/۲) باب: من وقع على جارية امراته (۲۵۵۲) و البيهقي في الحدود (۲٤۰/۸) باب: ما جاء فيمن اتى جارية امراته' و الشافعي في كتاب حرملة- كما في معرفة السنن و الآثار للبيهقي (۳۳۰/۱۲) في الحدود' باب: من اتى جارية امراته (۱٦۸۸٤) من طريق الحسن عن سلمة بن المحبق' به-وسال ابن ابي حاتم اباه: (الحسن عن سلمة متصل؟ قال: لا' حدثنا القاسم بن سلام عن ابيه عن الحسن قال: حدثني قبيصة بن حريث عن سلمة بن المحبق عن النبي صلى الله عليه وسلم' فادخل بينهما: قبيصة بن حريث: فاتصل الاسناد-قلت: الحسن سمع من سلمة- وروى محمد بن مسلم الطائفي عن عمرو بن دينار عن الحسن' سمعت سلمة بن المحبق! قال: هذا عندي غلط غير محفوظ)- اه- ينظر: العلل لابن ابي حاتم (٤٤۷/۱-٤٤۸) رقم (۱۳٤٦)-قلت: وقد اختلف على الحسن في هذا الاسناد' فقيل: عنه عن سلمة' بلا واسطة- و اعله ابو حاتم الرازي؛ كما سبق-وقيل عنه عن جون بن قتادة عن سلمة: اخرجه احمد (٤۷٦/۳) و البيهقي في الحدود (۲٤۰/۸) باب: ما جاء فيمن اتى جارية امراته' و اعله الامام احمد؛ كما سياتي؛ و قيل: عنه عن قبيصة بن حريث عن سلمة-اخرجه عبد الرزاق (۱۳٤۱۷) و ابو داود في الحدود (۱۵٦/٤) باب: في الرجل يزني بجارية امراته (٤٤٦۰) و النسائي في النكاح (۱۲٤/٦)- ۱۲۵) باب: احلال الفرج' و الطحاوي في المعني (٤٤/۳) باب: الرجل يزني بجارية امراته' و البيهقي في الحدود (۲٤۰/۸) و العقيلي في الضعفاء الكبير (٤۸٤/۳) و ساله ابو حاتم الرازي- ايضاً- من هذا الوجه؛ كما سبق-قال البيهقي في المعرفة (۳۳۱/۱۲): (وقبيصة بن حريث غير معروف ؛ روينا عن ابي داود انه قال: سمعت احمد بن حنبل يقول: الذي اخرجه عن سلمة بن المحبق شيخ لا يعرف' لا يحدث عنه غير الحسن' يعني؛ قبيصة بن حريث- قال: و سمعت احمد يقول: جون بن قتادة شيخ لم يحدث عنه غير الحسن- و قال البخاري في التاريخ؛ قبيصة بن حريث سمع سلمة بن المحبق' في حديث نظر- وقال ابن المنذر: لا يثبت خبر سلمة بن المحبق)- اه-وقال الخطابي في (معالم السنن) (۳۳۱/۳): (هذا حديث منكر ' و قبيصة بن حريث غير معروف ' و الحجة لا تقوم بمثله' و كان الحسن لا يبالي ان يروي الحديث ممن سمع)- اه-قلت: و في متنه-نظر- ايضاً افصح عنه الخطابي في (المعالم): فراجعه' دراجع (المعرفة) للبيهقي ايضاً-

★★ حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک شخص کا مقدمہ پیش کیا گیا' جس نے اپنی بیوی کی کنیز کے ساتھ زنا کیا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس پر حد جاری نہیں کی۔

شرح:

فقہاء احناف اس بات کے قائل ہیں: جو شخص اپنی بیوی کی کنیز کے ساتھ زنا کا مرتکب ہوتا ہے، اس پر حد جاری ہوگی البتہ اگر وہ یہ کہتا ہے، میرا یہ گمان تھا کہ یہ (کنیز) میرے لیے حلال ہے تو اس پر حد جاری نہیں ہوگی، تاہم اگر اس صحبت کے نتیجے میں وہ کنیز حاملہ ہو جاتی ہے تو بچے کا نسب ثابت نہیں ہوگا۔ امام زفر کی رائے اس بارے میں مختلف ہے، وہ یہ کہتے ہیں: دونوں صورتوں میں حد جاری ہوگی۔ امام مالک بھی اسی بات کے قائل ہیں: دونوں صورتوں میں حد جاری ہوگی۔

امام اوزاعی یہ کہتے ہیں: ایسے شخص کو سنگسار نہیں کیا جا سکتا، اسے 100 کوڑے لگائے جائیں گے، امام شافعی فرماتے ہیں: اگر وہ شخص یہ کہے: میں یہ گمان کر رہا تھا، یہ کنیز میرے لیے حلال ہے، تو اسے "تعزیز" کے طور پر سزا دی جائے گی۔ اس پر "حد" جاری نہیں کی جائے گی۔ لیکن اگر وہ یہ بات کہے: مجھے اس بات کا علم تھا کہ یہ کنز میرے لیے حرام ہے، تو اس پر حد جاری کر دی جائے گی۔

3065- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسٰى الْخَوَّاصُ حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ التَّرْقُفِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّصْرِيُّ عَنْ زُفَرَ بْنِ وَثِيمَةَ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّسْتَقَادَ فِي الْمَسْجِدِ اَوْ تُقَامَ فِيْهِ الْحُدُوْدُ اَوْ يُنْشَدَ فِيْهِ الشِّعْرُ.

★★ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں قصاص لینے' اُس میں حد قائم کرنے' اُس میں شعر سنانے سے منع کیا ہے۔

شرح:

اس بات پر تمام فقہاء کا اتفاق ہے، سر عام لوگوں کے سامنے مجرم پر حد جاری کی جائے گی، کیونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"اور ان دونوں کو دی جانے والی سزا میں اہل ایمان کا گروہ موجود ہونا چاہیے"

فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے، حد کو جاری کرنے کا ایک بنیادی مقصد دوسرے لوگوں کو عبرت دلانا ہے، اور عبرت اسی وقت حاصل ہو سکتی ہے، جب لوگ سزا کا مشاہدہ کریں، اسی لیے سر عام حد کو جاری کیا جائے گا، فقہاء شوافع اور فقہاء مالکیہ نے یہ بات بیان کی ہے: زنا کی حد جاری ہونے کے وقت کم از کم چار آدمیوں کا موجود ہونا ضروری ہے، جمہور، احناف، شافع اور حنابلہ

۳۰۶۵-اخرجه ابو داؤد في الحدود (۱۶۷/٤) باب: في اقامة الحد في المسجد (٤٤٩٠) عن هشام بن عمار' حدثنا صدقة...... به- و من طريقه البيهقي في المعرفة (۲۲٤/۱٤) باب: ادب القاضي (۱۹۷۳۸) من طريق هشام بن عمار' حدثنا صدقة بن خالد' به-و اخرجه المزي في تهذيب الكمال (۹/۲٥٤-۲٥٥) في ترجمة زفر بن وثيمة' من طريق اسماعيل بن عبد الله' قال: حدثنا هشام بن عمار' به-واخرجه احمد في المسند (٤۲٤/۳) قال حدثنا حجاج' قال: حدثنا الشعيثي عن زفر...... به موقوفاً-و حجاج: هو ابن ارطاة هو ضعيف كما تقدم مرارًا- و له طريق اخرى تاتي عند المصنف بعد هذا مباشرة-

اس بات کے قائل ہیں: مسجد میں حد جاری نہیں کی جائے گی، کیونکہ مساجد کے احترام کے پیش نظر یہ بات ضروری ہے، کہ وہاں حد جاری نہ کی جائے، کیونکہ ہوسکتا ہے، جب مجرم پر حد جاری کی جائے تو اس کے جسم سے نجاست نکل جائے اور وہ مسجد کو گندہ کر دے۔

ویسے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے کسی کے بھی عمل سے یہ بات ثابت نہیں ہے کہ مسجد میں حد کو جاری کیا جائے۔

3066- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُهَاجِرِ سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عَنْ زُفَرَ بْنِ وَثِيمَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْحَدَثَانِ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ نَهَى اَنْ يُسْتَقَادَ فِي الْمَسْجِدِ اَوْ تُقَامَ فِيْهِ الْحُدُوْدُ .

★★ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کہ مسجد میں قصاص لیا جائے یا اُس میں حد قائم کی جائے۔

شرح:

امام ابوجعفر طحاوی نے اپنی کتاب ''مختصر اختلاف العلماء'' میں یہ بات تحریر کی ہے:

''مسجد میں حدود جاری کیے جانے کے بارے میں ہمارے اصحاب اور امام شافعی اس بات کے قائل ہیں: مساجد میں حدود کو جاری نہ کیا جائے، امام حسن بن حی بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

امام ابو یوسف نے یہ بات بیان کی ہے: ابن ابی لیلیٰ نے (ایک شخص پر) مسجد میں حد جاری کی تھی تو امام ابوحنیفہ نے اسے غلط قرار دیا تھا۔

امام مالک یہ فرماتے ہیں، مسجد میں کسی کو سزا دیتے ہوئے (زیادہ سے زیادہ) پانچ ڈنڈے مارے جاسکتے ہیں، لیکن جہاں تک تکلیف دہ ضرب لگانے کا تعلق ہے، یا حد جاری کرنے کا تعلق ہے، تو وہ مسجد میں جاری نہیں کی جاسکتی۔

امام ابوجعفر طحاوی نے یہ بات بھی بیان کی ہے، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے:

''مساجد میں حدود کو قائم نہ کا جائے، اور اولاد کے بدلے میں باپ کو قتل نہ کا جائے''

3067- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ خُشَيْشٍ حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشُّعَيْثِيُّ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَكِّيِّ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقَامُ الْحُدُوْدُ فِي الْمَسَاجِدِ وَلَا يُسْتَقَادُ فِيْهَا .

٣٠٦٦-اخرجه البيهقي في الكبرى (١٠٢/١٠) كتاب آداب القاضي، باب: ما يستحب للقاضي من الا يكون قضاؤه في المسجد من طريق محمد بن ابي بكر المقدمي، حدثني عمر بن علي ......به-

★★ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: مساجد میں حدود قائم نہ کی جائیں اور اُن میں قصاص نہ لیا جائے۔

3068- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ اَوِ ابْنِ اَبِىْ نَجِيْحٍ اَوْ كِلَاهُمَا عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ فِىْ بَنِىْ اِسْرَائِيْلَ الْقِصَاصُ وَلَمْ يَكُنْ فِيْهِمُ الدِّيَةُ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ (كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِى الْقَتْلٰى) الْآيَةَ (فَمَنْ عُفِىَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَىْءٌ) قَالَ فَالْعَفْوُ اَنْ يَّقْبَلَ فِى الْعَمْدِ الدِّيَةَ وَ (اتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ) يَتَّبِعُ الطَّالِبُ بِمَعْرُوْفٍ وَّيُؤَدِّىْ اِلَيْهِ الْمَطْلُوْبُ بِاِحْسَانٍ (ذٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ) مِمَّا كُتِبَ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ.

قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا بِهِ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: بنی اسرائیل میں قصاص کا حکم تھا' اُن میں دیت کا حکم نہیں تھا تو اللہ تعالیٰ نے اس اُمت سے یہ فرمایا (جس کا ذکر قرآن میں ان الفاظ میں ہے:)

''مقتولین کے بارے میں تم پر قصاص لازم کیا گیا ہے''۔

''تو جس شخص کو اُس کے بھائی کی طرف سے معافی مل جائے''۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یہ معافی یوں ہوگی کہ دوسرا فریق قتلِ عمد میں دیت قبول کرنے میں راضی ہو جائے۔

''بھلائی کی پیروی کرنا''۔

یعنی طلبگار شخص بھلائی کی پیروی کرے اور مطلوب شخص احسان کے ساتھ اُسے ادائیگی کرے۔

''یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے (ملنے والی) تخفیف اور رحمت ہے''۔

۳۰۶۷- اخرجه احمد في مسنده (۳/ ٤٣٤) قال: حدثنا وكيع ...... وآخره' و علقه المزي في التحفة (۳/ ۷٤) (۳٤۲٥) عن وكيع' به- وله شاهد من حديث ابن عباس' مرفوعاً بنحوه- اخرجه الترمذي في الديات (٤/ ۱۹) باب: الرجل يقتل ابنه هل يقاد منه ام لا؟ (۱٤۰۱) و ابن ماجه في الديات (۲/ ۸۸۸) باب لا يقتل الوالد بولده (۲٦٦۱) و ابو نعيم في الحلية (٤/ ۱۸) و البيهقي في الكبرى (۸/ ۳۹) من طريق اسماعيل بن مسلم المكي عن عمرو بن دينار عن طاوس عن ابن عباس- و اعله الترمذي وابو نعيم' و كذلك ابن حجر في (التلخيص) باسماعيل بن مسلم المكي' و هو ضعيف- قال الزيلعي في نصب الراية (٤/ ۳٤۰): (واعلمه ابن القطان بالسماعيل بن مسلم ' وقال: انه ضعيف- انتهى- قلت: تابعه قتادة' و سعيد بن بشير' و عبيد الله بن الحسن- فحديث قتادة: اخرجه البزار في مسنده عنه عن عمرو بن دينار' به- و حديث سعيد بن بشير : اخرجه الحاكم في المستدرك (٤/ ۳٦۹) عنه عن عمرو به' و سكت عنه- وحديث العنبري- عبيد الله بن الحسن-: اخرجه البيهقي (۸/ ۳۹) عن عمرو' به)- اه-

۳۰٦۸- اخرجه عبد الرزاق في مصنفه (۱۰/ ۸٥-۸٦) رقم (۱۸٤٥۰) و من طريقه اخرجه المصنف هنا- واما رواية عبد الرزاق عن ابن عيينة' فهي عند عبد الرزاق في مصنفه (۱۰/ ۸٦) رقم (۱۸٤٥۱) و اخرجه البخاري في صحيحه (۹/ ۳۰) كتاب التفسير' باب (يايها الذين امنوا كتب عليكم القصاص......) الآية' الحديث (٤٤۹۸) و في (۱٤/ ۱۸۹) رقم (٦۸۸۱) و النسائي في تفسيره رقم (۳٤) و ابن حبان في صحيحه (۷/ ٦۰۱) رقم (٥۹۷۸) والبيهقي في السنن (۸/ ٥۱-٥۲) كلهم من طريق سفيان بن عيينة' به-وذكره السيوطي في الدر المنثور (۱/ ۳۱۷) وزاد نسبته الى سعيد بن منصور' و ابن ابي شيبة' و ابن جرير و ابن المنذر' و ابن ابي حاتم' و النحاس في (ناسخه)-

اھ-

یہی روایت مجاہد کے حوالے سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے۔

3069- حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ قُرَيْنٍ حَدَّثَنَا فَهْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ عَلَى الْعَبْدِ الْاٰبِقِ اِذَا سَرَقَ قَطْعٌ وَّلَا عَلَى الذِّمِّيِّ . لَمْ يَرْفَعْهُ غَيْرُ فَهْدٍ وَّالصَّوَابُ مَوْقُوْفٌ .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی مفرور غلام چوری کرلے تو اُس کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا' اور ذمّی کا بھی ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

اس روایت کو ''مرفوع'' حدیث کے طور پر صرف فہد نامی راوی نے نقل کیا ہے' درست یہ ہے کہ یہ روایت ''موقوف'' ہے۔

3070- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ الثَّوْرِيِّ وَمَعْمَرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ كَانَ لَا يَرٰى عَلٰى عَبْدٍ اٰبِقٍ يَّسْرِقُ قَطْعًا.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس بات کے قائل تھے کہ اگر مفرور غلام چوری کرلے تو اُس کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

3071- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ زَاجٌ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَاضِيْ خُوَارِزْمَ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ كَانَ لَا يَرٰى عَلَى الْعَبْدِ حَدًّا وَّلَا عَلٰى اَهْلِ الْاَرْضِ الْيَهُوْدِيِّ وَالنَّصْرَانِيِّ حَدًّا.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس بات کے قائل ہیں کہ غلام پر حد جاری نہیں ہوگی' یہودی یا عیسائی سرزمین پر رہنے والے پر بھی حد جاری نہیں ہوگی۔

3072- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَطِيْرِيُّ مِنْ كِتَابِهٖ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ عَلَى الْعَبْدِ وَلَا عَلٰى اَهْلِ الْكِتَابِ حُدُوْدٌ . الَّذِيْ قَبْلَهُ مَوْقُوْفٌ اَصَحُّ مِنْ هٰذَا وَاللّٰهُ اَعْلَمُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: غلام پر اور اہلِ کتاب پر حد جاری نہیں ہوگی۔

اس سے پہلے جو روایت ''موقوف'' حدیث کے طور پر منقول ہے وہ اس سے زیادہ مستند ہے' باقی اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

٣٠٦٩- اخرجه الحاكم في الحدود (٣٨٢/٤) من طريق فهد بن سليمان به' و قال: (حديث صحيح الاسناد على شرط الشيخين' و قد تفرد بسنده موسى بن داود' و هو احد الثقات' و لم يخرجاه)- اھ-

٣٠٧٠- اخرجه عبد الرزاق (٢٤٢/١٠) رقم (١٧٩٨٧)-

٣٠٧١- راجع الذي قبله-

٣٠٧٢- راجع الذي قبله-

3073- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمِصِّيْصِيُّ بِكَفْرِ بَيَا حَدَّثَنَا عَامِرُ بْنُ سَيَّارٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَرْقَمَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا قَوَدَ اِلَّا بِالسَّيْفِ . سُلَيْمَانُ بْنُ اَرْقَمَ مَتْرُوْكٌ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قصاص صرف تلوار کے ذریعہ لیا جاسکتا ہے۔

اس کا راوی سلیمان بن ارقم ”متروک“ ہے۔

3074- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سُنَيْنٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مِرْدَاسٍ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ هِلَالٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا قَوَدَ اِلَّا بِحَدِيْدَةٍ وَلَا قَوَدَ فِي النَّفْسِ وَغَيْرِهَا اِلَّا بِحَدِيْدَةٍ . مُعَلَّى بْنُ هِلَالٍ مَتْرُوْكٌ .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قصاص صرف لوہے (کے ہتھیار) کے ذریعہ لیا جاسکتا ہے جان یا اس کے علاوہ (کسی عضو) کا قصاص صرف لوہے (کے ہتھیار) کے ذریعہ لیا جاسکتا ہے۔

3075- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَسَدٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ الْقَاضِيُّ حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ اَبِيْ مُعَاذٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا قَوَدَ اِلَّا بِالسَّيْفِ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قصاص صرف تلوار کے ذریعہ لیا جاسکتا ہے۔

۳۰۷۳–اخرجه البيهقي في الجنايات (۸/ ٦۳) باب: لا قود الا بحديدة، و ابن الجوزي في (العلل المتناهية) (۲/ ۷۹۲) من طريق سليمان بن ارقم، به- و قال ابن الجوزي: (هذا حديث لا يصح، و سليمان بن ارقم: قال احمد بن حنبل: ليس بشيء، لا يروى عنه الحديث- وقال يحيى: لا يساوي فلساً- و قال النسائي و ابو داود و الدارقطني: متروك)- اه- و ذكره ابن عدي في ترجمة سليمان بن ارقم (٤/ ۲۳۲) من طريق بقية، حدثني سليمان، به-وساقه في ترجمة المسيب بن واضح (۸/ ۱۲٥) من طريق عن بقية عن ورقاء عن الزهري، به، بلفظ: (لا قود الا بالسلاح) وقال: (هكذا اخرجه المسيب فقال: بقية عن ورقاء عن الزهري، وورقاء عن الزهري ليس بالمستوي، و لم يلق الزهري، و انما يروى بقية هذا الحديث عن سليمان بن ارقم عن الزهري)- اه-

۳۰۷٤–قال البيهقي في الكبرى (۸/ ٦۳): (وهذا الحديث لم يثبت له اسناد: معلى بن هلال الطحان: متروك......)- اه- قلت: و عاصم بن ضمرة في سعايته كلام ايضا-

۳۰۷٥–علقه البيهقي في الكبرى (۸/ ٦۳) فقال: (واخرجه غيره –يعني: ابن مصفى– عن بقية، فقال: عن سعيد بن المسيب)- اه-

۳۰۷٦–اخرجه الطبراني في الكبير (۱۰/ ۱۰۹) رقم (۱۰۰٤٤): حدثنا الحسين بن السميدع الانطاكي، ثنا موسى بن ايوب النصيبي، ثنا بقية بن الوليد، به-و علقه البيهقي في الكبرى (۸/ ٦۳) فقال: (وهذا الحديث لم يثبت له اسناد)- اه- و قال الهيثمي في مجمع الزوائد (٦/ ۲۹٤) في حديث ابن مسعود: (اخرجه الطبراني، و فيه ابو معاذ بن ارقم، و هو متروك)- اه- و كذا ضعفه ابن حجر في التلخيص (٤/ ۳۸–۳۹) و نقل عن عبد الحق قوله: (طرقه كلها ضعيفة)- اه-

3076- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ الصُّغْدِيُّ حَدَّثَنَا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ اَبِىْ مُعَاذٍ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ اَبِى الْمُخَارِقِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا قَوَدَ اِلَّا بِسِلَاحٍ.

قَالَ وَاَخْبَرَنَا بَقِيَّةُ عَنْ اَبِىْ مُعَاذٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ مِثْلَهُ .اَبُوْ مُعَاذٍ سُلَيْمَانُ بْنُ اَرْقَمَ وَهُوَ مَتْرُوْكٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: قصاص صرف اسلحہ کے ذریعہ لیا جاسکتا ہے۔

یہی روایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے۔

ابومعاذ سلیمان بن ارقم نامی راوی "متروک" ہے۔

3077- حَدَّثَنَا الْقَاضِىْ اَبُو الطَّاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بِمِصْرَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوْسٍ حَدَّثَنَا الْقَوَارِيْرِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَجُلًا طَعَنَ رَجُلًا بِقَرْنٍ فِىْ رُكْبَتِهِ فَجَآءَ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَقِدْنِىْ .قَالَ حَتّٰى تَبْرَاَ .ثُمَّ جَاءَ اِلَيْهِ فَقَالَ اَقِدْنِىْ فَاَقَادَهُ ثُمَّ جَاءَ اِلَيْهِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَرِجْتُ قَالَ قَدْ نَهَيْتُكَ فَعَصَيْتَنِىْ فَاَبْعَدَكَ اللّٰهُ وَبَطَلَ عَرَجُكَ .ثُمَّ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّقْتَصَّ مِنْ جُرْحٍ حَتّٰى يَبْرَاَ صَاحِبُهُ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نے دوسرے شخص کے گھٹنے میں تیر مارا، وہ شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے قصاص دلوائیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے تم ٹھیک ہو جاؤ، پھر (ٹھیک ہونے کے بعد) وہ شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، اُس نے عرض کی: آپ مجھے قصاص دلوائیں، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے قصاص دلوا دیا۔ پھر وہ شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، اُس نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں لنگڑا ہو گیا ہوں (تو آپ دوسرے فریق کو بھی زیادہ سزا دلوائیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے تمہیں منع کیا تھا تم نے میری بات نہیں مانی، اللہ تعالیٰ تمہیں دور کرے، تمہارا لنگڑا ہونا ضائع گیا۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) اُس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا کہ زخمی کے ٹھیک ہونے سے پہلے اُس کا قصاص لیا جائے۔

۳۰۷۷- اخرجه البيهقي في السنن (۸/ ٦٧) كتاب الجنايات، باب ما جاء في الاستثناء بالقصاص من الجرح والقطع من طريق الدارقطني، به- واخرجه احمد في مسنده (۲/ ۲۱۷) من طريق محمد بن اسحاق، قال: و ذكره عمرو بن شعيب عن ابيه...... فذكره- قال الهيثمي في مجمع الزوائد (٦/ ۲۹۹): (رجاله ثقات)- اه- قلت: في اسناده محمد بن اسحاق، و هو و ان كان صدوقاً الا انه يدلس، و لم يصرح هنا بالسماع من عمرو بن شعيب- و اخرجه عبد الرزاق في مصنفه (۹/ ٤٥٤) رقم (۱۷۹۹۱) عن ابن جريج عن عمرو بن شعيب، قال: قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم في رجل طعن آخر بقرن في رجله...... الحديث-

3078- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْاُمَوِيُّ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَّعُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ وَيَعْقُوْبَ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَجُلاً جُرِحَ فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَقِيدَ فَنَهَى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّسْتَقَادَ مِنَ الْجَارِحِ حَتّٰى يَبْرَاَ الْمَجْرُوحُ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص زخمی ہو گیا' اُس نے قصاص لینے کا ارادہ کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے زخمی کرنے والے سے قصاص لینے' سے اُس وقت تک منع کر دیا' جب تک زخمی شخص ٹھیک نہ ہو جائے۔

3079- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ نَجِيحٍ قَالاَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَزَّازُ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ بِهٰذَا وَقَالَ اَنْ يُّمْتَثَلَ مِنَ الْجَارِحِ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اُس میں کچھ لفظی اختلاف ہے۔

3080- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ وَّعُثْمَانُ ابْنَا اَبِی شَيْبَةَ قَالاَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَجُلاً طَعَنَ رَجُلاً بِقَرْنٍ فِیْ رُكْبَتِهِ فَاَتَى النَّبِیَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَقِيدُ فَقِيلَ لَهُ حَتّٰى تَبْرَاَ . فَاَبٰى وَعَجَّلَ فَاسْتَقَادَ قَالَ فَعَنِتَتْ رِجْلُهُ وَبَرِئَتْ رِجْلُ الْمُسْتَقَادِ مِنْهُ فَاَتَى النَّبِیَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ لَيْسَ لَكَ شَیْءٌ اِنَّكَ اَبَيْتَ . قَالَ اَبُوْ اَحْمَدَ بْنُ عَبْدُوسٍ مَا جَاءَ بِهٰذَا اِلَّا اَبُوْ بَكْرٍ وَّعُثْمَانُ .قَالَ الشَّيْخُ اَخْطَاَ فِيهِ ابْنَا اَبِی شَيْبَةَ .وَخَالَفَهُمَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَّغَيْرُهُ عَنِ ابْنِ عُلَيَّةَ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ عَمْرٍو مُرْسَلاً .كَذٰلِكَ قَالَ اَصْحَابُ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْهُ وَهُوَ الْمَحْفُوظُ مُرْسَلاً.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے دوسرے شخص کے گھٹنے میں تیر مارا' وہ شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تا کہ قصاص (لینے کا مقدمہ) پیش کرے' تو اُس سے کہا گیا: تم پہلے ٹھیک ہو جاؤ' اُس نے یہ بات نہیں مانی اور جلد بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے قصاص لے لیا۔ تو اُس کی ٹانگ ٹھیک نہیں ہوئی' لیکن جس شخص سے قصاص لیا گیا تھا اُس کی ٹانگ ٹھیک ہو گئی۔ (قصاص لینے والا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا: تمہیں کچھ نہیں ملے گا تم نے نافرمانی کی تھی۔

شیخ ابواحمد بن عبدوس نامی راوی فرماتے ہیں: یہ روایت صرف ابوبکر اور عثمان (یہ دونوں ابوشیبہ کے صاحبزادے ہیں) نے نقل کی ہے۔ شیخ فرماتے ہیں: ابوشیبہ کے دونوں صاحبزادوں نے اسے نقل کرنے میں غلطی کی ہے۔

امام احمد بن حنبل اور دوسرے محدثین نے' ابن علیہ کے حوالے سے' ایوب کے حوالے سے' عمرو (بن دینار) سے اس

۳۰۷۸-اخرجه البيهقي في الكبرى (۶۶/۸) و المعرفة (۸۴/۱۲) و قال في المعرفة (۱۵۹۶۲): (قد روي من اوجه كلها ضعيفة عن ابي الزبير عن جابر......)- الخ- وصوب البيهقي ارساله' و كذلك الدارقطني؛ كما سياتي هنا-

۳۰۷۹-راجع الذي قبله-

۳۰۸۰-اخرجه ابن ابي شيبة (۴۳۸/۵) رقم (۲۷۷۸۴): حدثنا ابن علية...... به- واخرجه البيهقي في السنن (۶۶/۸) كتاب الجنايات' باب ما جاء في الاستثناء بالقصاص من الجرح و القطع من طريق ابني ابي شيبة:- ابي بكر' و عثمان' به-

روایت کو "مرسل" حدیث کے طور پر نقل کیا ہے۔
عمرو بن دینار کے شاگردوں نے اسے اُن کے حوالے سے اسی طرح نقل کیا ہے اور اس روایت کا "مرسل" ہونا محفوظ ہے۔

3081- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ محمد بن طلحہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

3082- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ رُكَانَةَ اَخْبَرَهُمْ اَنَّ رَجُلاً طَعَنَ رَجُلاً بِقَرْنٍ فِيْ رِجْلِهٖ فَجَآءَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَقِدْنِيْ . فَقَالَ حَتّٰى تَبْرَاَ . قَالَ اَقِدْنِيْ . قَالَ حَتّٰى تَبْرَاَ . قَالَ اَقِدْنِيْ . فَاَقَادَهُ ثُمَّ عَرَجَ فَجَآءَ الْمُسْتَقِيْدُ فَقَالَ حَقِّيْ . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حَقَّ لَكَ .

☆☆ محمد بن طلحہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے دوسرے کی ٹانگ میں تیر مارا' تو دوسرا شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے قصاص دلوائیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے تم ٹھیک ہو جاؤ' اُس نے عرض کی: آپ مجھے قصاص دلوائیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم پہلے ٹھیک ہو جاؤ' اُس نے عرض کی: آپ مجھے قصاص دلوائیں! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے قصاص دلوا دیا۔ پھر وہ (قصاص لینے والا شخص) ٹھیک نہ ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: میرا حق (مجھے دلوائیں)' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا کوئی حق نہیں ہے۔

3083- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ مِثْلَهُ.

وَعَنْ مَعْمَرٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْعَدَكَ اللّٰهُ اَنْتَ عَجِلْتَ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ محمد بن طلحہ سے منقول ہے۔

۳۰۸۱- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۱۷۹۸۷) و من طريقه اخرجه الدارقطني هنا' و البيهقي في السنن (۸/۶۶) في الجنايات' باب: ما جاء في الاستثناء بالقصاص من الجرح و القطع' و هو مرسلا صحيح - (محمد بن طلحة): هو ابن طلحة بن ركانة المطلبي' ثقة من السادسة' مات في اول خلافة هشام بالمدينة: كما قال الحافظ في التقريب (ت۶۰۲۱) و الطبقة السادسة ليس لا حد منهم رواية عن احد من الصحابة: كما هو اصطلاح الحافظ ابن حجر في التقريب-

۳۰۸۲- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۹/۴۵۲) رقم (۱۷۹۸۶) و من طريقه اخرجه الدارقطني هنا' و هو مرسل ايضا-

۳۰۸۳- طريق محمد بن طلحة تقدم في السابق و الذي قبله- ورواية معمر عن ايوب عن عمرو بن شعيب اخرجها عبد الرزاق في المصنف (۹/۴۵۳) رقم (۱۷۹۸۸) و من طريقه الدارقطني هنا' و البيهقي في السنن (۸/۶۶)-

عمرو بن شعیب بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہیں دور رکھے تم نے جلد بازی کا مظاہرہ کیا تھا۔

3084- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْرَقِيُّ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذٰلِكَ اَنْ يُّقْتَصَّ مِنْ جُرْحٍ حَتّٰى يَنْتَهِيَ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان کرتے ہیں: اُس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا کہ زخمی شخص کے ٹھیک ہونے سے پہلے زخم کا قصاص لیا جائے۔

3085- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسَى الْخَوَّاصُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْهَيْثَمِ بْنِ خَالِدٍ حَدَّثَنَا هَانِءُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْتَاْنٰى بِالْجِرَاحَاتِ سَنَةً. يَزِيْدُ بْنُ عِيَاضٍ ضَعِيْفٌ مَتْرُوْكٌ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: زخم کا قصاص لینے کے لیے ایک سال تک انتظار کیا جائے۔

یزید بن عیاض نامی راوی ''ضعیف اور متروک'' ہے۔

3086- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْوَكِيْلُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ نُعْمٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ نَبِيُّ التَّوْبَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَذَفَ عَبْدَهٗ بِحَدٍّ اُقِيْمَ عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ كَذٰلِكَ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: جو شخص اپنے غلام پر زنا کا جھوٹا الزام لگائے اُس شخص پر قیامت کے دن حد قائم کی جائے گی البتہ اگر وہ غلام واقعی ایسا ہو (تو حکم مختلف ہوگا)۔

3087- حَدَّثَنَا الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ بِهٰذَا. اَخْرَجَهٗ

۳۰۸۴-تقدم تخریجه قبل ستة احادیث-

۳۰۸۵-اخرجه البیهقي في سننه (۸/ ۶۷) کتاب الجنایات، باب ما جاء في الجرح و القطع من طریق ابن لهیعة، ثنا ابو الزبیر، به-قال البیهقي: اخرجه جماعة من الضعفاء عن ابي الزبیر من وجهین آخرین عن جابر و لم یصح شيء من ذلك)- اه-والحدیث ضعفه الغساني في (تخریج الاحادیث الضعاف من سنن الدارقطني)-۹

۳۰۸۶-اخرجه احمد ۲۰/ ۴۲۱): ثنا یحیی بن سعید، به- و راجع الذي بعده-

۳۰۸۷-اخرجه البخاري في الحدود (۱۲/ ۱۹۲) باب: قذف العبید (۶۸۵۸): حدثنا مسدد، به- و اخرجه محمد بن خلاد و علي بن المدیني، کلاهما عن یحیی بن سعید، به- اخرجه الاسماعیلي -کما في الفتح (۱۲/ ۱۹۲)- من طریقهم- و اخرجه مسلم في الایمان (۳/ ۱۲۸۲) باب: التغلیظ علی من قذف مملوکه بالزنی (۱۶۶۰) من طریق عبد الله بن نمیر، و وکیع، و اسحاق بن یوسف الازرق، و ابو داود في الادب (۴/ ۳۴۴) باب: في حق المملوك (۵۱۶۵) من طریق عیسی بن یونس، و الترمذي في البر و الصلة (۴/ ۲۹۵) باب: النهي عن ضرب الخدم و شتمهم (۱۹۴۷)، و النسائي في الرجم من الکبری -کما في التحفة (۱۰/ ۱۵۴)- من طریق ابن المبارك، کلهم عن فضیل بن غزوان، به-وقال الترمذي: (هذا حدیث حسن صحیح - و ابن ابي نعم: هو عبد الرحمن بن ابي نعم البجلي، یکنی: ابا الحکم)- اه-

الْبُخَارِيُّ عَنْ مُسَدَّدٍ عَنْ يَحْيَى وَكُلُّهُمْ ثِقَاتٌ حُفَّاظٌ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے امام بخاری نے اسے اپنی سند کے ہمراہ نقل کیا ہے اس کے تمام راوی ثقہ اور حافظ ہیں۔

3088- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي الثَّلْجِ حَدَّثَنَا جَدِّي حَدَّثَنَا اَبُو الْجَوَّابِ حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ عَنِ ابْنِ اَبِي نُعْمٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ نَبِيَّ التَّوْبَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ قَذَفَ عَبْدَهُ بِزِنًا ثُمَّ لَمْ يَتُبْ اُقِيمَ عَلَيْهِ الْحَدُّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ .

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص اپنے غلام پر زنا کا (جھوٹا) الزام لگائے اور پھر اُس سے توبہ نہ کرے تو اُس شخص پر قیامت کے دن حد قائم کی جائے گی۔

شرح:

قذف کا لغوی معنیٰ پتھر پھینکنا ہے۔اس کے بعد ناپسندیدہ امور کے لے یہ لفظ استعمال ہونے لگا کیونکہ ناپسندیدہ چیز اور پتھر دونوں کو پھینک دیا جاتا ہے

کیونکہ ان کی وجہ سے اذیت لاحق ہوتی ہے۔

شریعت کی اصطلاح میں کسی شخص کا کسی دوسرے شخص کو زنا کی طرف منسوب کرنا قذف کہلاتا ہے اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص پر زناء کا جھوٹا الزام لگا دے اور پھر دوسرے شخص پر وہ الزام ثابت نہ ہو سکے تو جھوٹا الزام لگانے والے پر حد قذف جاری کی جاتی ہے۔

احناف نے حد قذف کے لازم ہونے کے چھ قسم کی شرائط بیان کی ہیں جن میں سے بعض شرائط کا تعلق اس شخص کے ساتھ ہے جو زناء کا الزام لگاتا ہے بعض شرائط کا تعلق اس شخص کے ساتھ ہے جس پر زناء کا الزام عائد کیا گیا ہے بعض شرائط کا تعلق دونوں کے ساتھ ہے۔

جو شخص زناء کا الزام لگاتا ہے اس کے لیے چھ چیزیں شرط ہیں جن پر اتفاق پایا جاتا ہے۔اسے عاقل ہونا چاہیے (یعنی پاگل شخص کے کلام کا اعتبار نہیں کیا جائے گا) دوسری شرط یہ ہے کہ اسے بالغ ہونا چاہیے اس لیے اگر کوئی بچہ کسی پر زناء کا الزام لگا دیتا ہے تو اس پر حد جاری نہیں کی جائے گی۔ تیسری شرط یہ ہے کہ جس شخص نے زناء کا الزام لگایا ہو اس کا الزام چار گواہوں کے ذریعے ثابت ہو سکے اگر چار گواہ پیش کر دیتا ہے تو اس پر حد قذف نافذ نہیں ہوگی۔

چوتھی شرط یہ ہے کہ زناء کا الزام لگانے والا شخص شریعت کے احکام سے واقف ہو اگر کوئی حربی شخص ایسا کرتا ہے یا جسے

۳۰۸۸- قال المزي في (التحفة) (۱۰/۱۵٤): (وكذلك اخرجه عمار بن رزيق و يحيى بن سعيد و مروان بن معاوية و غير واحد عن فضيل بن غزوان- و اخرجه معاوية بن هشام عن سفيان الثوري عن فضيل بن غزوان عن ابن ابي نعم عن ابن عمر...... ووهم في ذلك)- اه-

قذف کی حرمت کا علم نہیں ہوتا تو اس کا حکم مختلف ہوگا۔

پانچویں شرط یہ ہے کہ کسی شخص نے اپنے اختیار کے ساتھ کسی پر زناء کا الزام لگایا ہو اس لیے اگر کسی شخص کو مجبور کیا گیا ہو تو پھر اس پر حد قذف جاری نہیں ہوگی۔

چھٹی شرط یہ بیان کی گئی ہے کہ جس شخص پر زناء کا الزام لگایا گیا ہے اس نے الزام لگانے والے کو تہمت لگانے کی اجازت نہ دی ہو۔ جس شخص پر زناء کا الزام لگایا ہے اس میں دو چیزیں شرط ہیں ایک یہ کہ وہ محصن ہو اور محصن ہونے کے لیے پانچ چیزیں شرط ہیں عاقل ہونا، بالغ ہونا، آزاد ہونا، مسلمان اور زناء سے پاک ہونا، اس اعتبار سے بچے، پاگل، غلام، کافر کی وجہ سے حد قذف جاری نہیں ہوگی۔

دوسری شرط یہ ہے کہ جس شخص پر زناء کا الزام لگایا ہے

وہ متعین ہونا چاہیے اگر وہ مجہول ہوتا ہے تو پھر حد قذف عائد نہیں ہوگی جیسے زناء کا الزام لگانے والا شخص کچھ لوگوں کو مخاطب کر کے یہ کہتا ہے: تمہارے درمیان ایک شخص زانی ہے تو اس صورت میں حد قذف جاری نہیں ہو سکتی۔

3089- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْبَزَّازُ وَآخَرُوْنَ قَالُوْا حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ يُوْسُفَ الْقَزْوِيْنِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سَابِقٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِىْ قَيْسٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ فَيَّاضٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ نُعْمٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا قَذَفَ عَبْدَهُ وَهُوَ بَرِىْءٌ مِمَّا يَقُوْلُ جُلِدَ الْحَدَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: جب کوئی شخص اپنے غلام پر زنا کا (جھوٹا) الزام لگائے اور وہ غلام اُس سے بَری ہو جو اُس شخص نے (الزام) لگایا' تو اُس شخص کو قیامت کے دن حد کے طور پر کوڑے لگائے جائیں گے۔

3090- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ مُوْسٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا قَوَدَ فِىْ شَلَلٍ وَلَا عَرَجٍ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ''شلل'' اور ''عرج'' میں قصاص نہیں ہوگا۔

3091- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْيَقْطِيْنِيُّ حَدَّثَنَا رَجُلٌ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ الْفَاخُوْرِيُّ

۳۰۸۹- راجع الحديثين السابقين-

۳۰۹۰- لم اقف عليه عند غير الدارقطني- و في اسناده بقية بن الوليد و هو ثقة لكنه يدلس و يسوي الاسانيد كما تقدم مرارًا- و ابن جريج ايضاً مع امانته و حفظه فهو مدلس' وقد عنعن-

۳۰۹۱- اخرجه النسائي في القسامة (۸/ ٤٤) باب: عقل المراة' من طريق اسماعيل بن عياش' به- وقال البيهقي في الكبرى (۸/ ۹٦): (اسناده ضعيف' اسماعيل بن عياش شامي' و ابن جريج مكي' و رواية ابن عياش عن غير اهل بلده ضعيفة)- اه-

حَدَّثَنَا ضَمْرَةُ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَقْلُ الْمَرْأَةِ مِثْلُ عَقْلِ الرَّجُلِ حَتَّى تَبْلُغَ الثُّلُثَ مِنْ دِيَتِهَا .

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: عورت کی دیت مرد کی دیت کے برابر ہوگی' جب تک وہ عورت کی دیت کے ایک تہائی تک نہ پہنچ جائے۔

3092- حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ الدُّورِيُّ وَأَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ الْجُنْدَيْسَابُورِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَالِكٍ الإِسْكَافِيُّ قَالاَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ الصَّائِغُ قَالاَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا غَيْلاَنُ بْنُ جَامِعٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ جَاءَ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ طَهِّرْنِي . فَقَالَ وَيْحَكَ ارْجِعْ فَاسْتَغْفِرِ اللَّهَ وَتُبْ إِلَيْهِ . قَالَ فَرَجَعَ غَيْرَ بَعِيدٍ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ طَهِّرْنِي . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيْحَكَ ارْجِعْ فَاسْتَغْفِرِ اللَّهَ وَتُبْ إِلَيْهِ . قَالَ فَرَجَعَ غَيْرَ بَعِيدٍ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ طَهِّرْنِي . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذَلِكَ حَتَّى إِذَا كَانَتِ الرَّابِعَةُ قَالَ لَهُ مِمَّا أُطَهِّرُكَ . قَالَ مِنَ الزِّنَا . فَسَأَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبِهِ جُنُونٌ . فَأُخْبِرَ أَنَّهُ لَيْسَ بِمَجْنُونٍ فَقَالَ أَشَرِبَ خَمْرًا . فَقَامَ رَجُلٌ فَاسْتَنْكَهَهُ فَلَمْ يَجِدْ مِنْهُ رِيحَ خَمْرٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَثَيِّبٌ أَنْتَ . قَالَ نَعَمْ . فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ فَكَانَ النَّاسُ فِيهِ فِرْقَتَيْنِ تَقُولُ فِرْقَةٌ لَقَدْ هَلَكَ مَاعِزٌ عَلَى أَسْوَإِ عَمَلِهِ لَقَدْ أَحَاطَتْ بِهِ خَطِيئَتُهُ وَقَائِلٌ يَقُولُ أَتَوْبَةٌ أَفْضَلُ مِنْ تَوْبَةِ مَاعِزٍ أَنْ جَاءَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَ يَدَهُ فِي يَدِهِ فَقَالَ اقْتُلْنِي بِالْحِجَارَةِ . قَالَ فَلَبِثُوا عَلَى ذَلِكَ يَوْمَيْنِ أَوْ ثَلاَثَةً ثُمَّ جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ جُلُوسٌ فَسَلَّمَ ثُمَّ جَلَسَ ثُمَّ قَالَ اسْتَغْفِرُوا لِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ . فَقَالُوا يَغْفِرُ اللَّهُ لِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ تَابَ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ بَيْنَ أُمَّةٍ لَوَسِعَتْهَا . قَالَ ثُمَّ جَاءَتْهُ امْرَأَةٌ مِنْ غَامِدٍ مِنَ الأَزْدِ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ طَهِّرْنِي . قَالَ وَيْحَكِ ارْجِعِي فَاسْتَغْفِرِي اللَّهَ وَتُوبِي إِلَيْهِ . فَقَالَتْ تُرِيدُ أَنْ تَرْدُدَنِي كَمَا رَدَدْتَ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ . قَالَ وَمَا ذَاكِ . قَالَتْ إِنَّهَا حُبْلَى مِنَ الزِّنَا . فَقَالَ أَثَيِّبٌ أَنْتِ . قَالَتْ نَعَمْ . قَالَ إِذًا لاَ نَرْجُمُكِ حَتَّى تَضَعِي مَا فِي بَطْنِكِ . قَالَ

٣٠٩٢- اخرجه مسلم في الحدود (٣/١٣٢١) باب: من اعترف على نفسه بالزنى رقم (١٦٩٥/٢٢) و ابو داود في الحدود (٤/١٤٧) باب: رجم ماعز بن مالك (٤٤٣٣) و النسائي في الكبرى (٤/٢٧٦) في الرجم' باب: كيف الاعتراف بالزنى؟ (٧١٦٣) من طريق يحيى بن يعلى' به-وقال النسائي: (هذا صالح الاسناد)-و اخرجه أحمد (٥/٣٤٧-٣٤٨) من طريق بشير بن المهاجر' حدثني عبد الله بن بريدة عن ابيه-و اخرجه ابو داود في الحدود (٤/١٤٨) باب: رجم ماعز بن مالك (٤٤٣٤) من وجه آخر عن بشير بن المهاجر مختصرًا- وللحديث شواهد في رجم ماعز بن مالك' منها: حديث ابن عباس : عند البخاري في الحدود (١٢/١٣٨) باب: وهل يقول الامام للمقر: لعلك لمست او غمزت؟ (٦٨٢٤) و مسلم (٣/١٣٢٠) في الحدود' باب: من اعترف على نفسه بالزنى (١٦٩٣/١٩) و ابي داود في الحدود (٤/٥٧٨-٥٨٠) باب: رجم ماعز بن مالك (٤٤٢١' ٤٤٢٥' ٤٤٢٧) و النسائي في الرجم من الكبرى (٤/٢٧٨-٢٧٩) باب: مسالة المعترف بالزنى عن كيفيته (٧١٦٩-٧١٧٣) و الترمذي في الحدود (٤/٣٥) باب: التلقين في الحد (١٤٢٧)-و سياتي هذا الحديث مع غيره من شواهد حديث بريدة قريباً- ان شاء الله- عند المصنف في الحدود-

فَكَفَلَهَا رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ حَتّٰى وَضَعَتْ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قَدْ وَضَعَتِ الْغَامِدِيَّةُ .فَقَالَ اِذًا لَا نَرْجُمَهَا وَنَدَعَ وَلَدَهَا صَغِيْرًا لَيْسَ لَهُ مَنْ يُرْضِعُهُ . فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ اِلَيَّ رَضَاعُهُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ .فَرَجَمَهَا .هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ اَخْرَجَهُ مُسْلِمٌ عَنْ اَبِيْ كُرَيْبٍ عَنْ يَحْيٰى بْنِ يَعْلٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ غَيْلَانَ.

☆☆ سلیمان بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ماعز بن مالک' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے پاک کر دیجئے! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو! تم واپس جاؤ' اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرو' اُس کی بارگاہ میں توبہ کرو۔ راوی بیان کرتے ہیں: وہ واپس گئے اور تھوڑی دور جا کر پھر واپس آ گئے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے پاک کر دیجئے! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو! تم واپس جاؤ' اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرو اور اُس کی بارگاہ میں توبہ کرو۔ راوی بیان کرتے ہیں: وہ واپس گئے اور تھوڑی دور جا کر پھر واپس آ گئے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے پاک کر دیجئے! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر اُسی کی مانند فرمایا' یہاں تک کہ چوتھی مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے دریافت کیا: میں کس چیز سے تمہیں پاک کروں؟ اُنہوں نے عرض کی: زنا سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا اسے جنون لاحق ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا: یہ مجنون نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا اس نے شراب پی رکھی ہے؟ تو ایک شخص اُٹھا' اُس نے انہیں سونگھا تو اُسے شراب کی بو محسوس نہیں ہوئی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم شادی شدہ ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: جی ہاں! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُنہیں سنگسار کر دیا گیا۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) اُن کے بارے میں لوگوں کے دو گروہ ہو گئے' ایک گروہ کا یہ کہنا تھا: ماعز اپنے سب سے بُرے عمل کے ذریعہ ہلاکت کا شکار ہوئے' اُن کے گناہ نے اُنہیں گھیر لیا۔ دوسرے گروہ کا کہنا تھا: کیا ماعز کی توبہ سے افضل کوئی توبہ ہو سکتی ہے؟ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' اُنہوں نے اپنا ہاتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ اقدس میں دیا اور عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے پتھروں کے ذریعہ قتل کروا دیں! دو تین دن تک یہی صورتِ حال رہی۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے' لوگ اُس وقت بیٹھے ہوئے تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام کیا اور تشریف فرما ہوئے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ماعز بن مالک کیلئے دعائے مغفرت کرو! لوگوں نے دعا کی: اللہ تعالیٰ' ماعز بن مالک کی مغفرت کرے! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اُس نے ایسی توبہ کی ہے اگر وہ ایک اُمت (اس سے مراد گروہ بھی ہو سکتا ہے) کے درمیان تقسیم کی جائے' تو اُن سب کیلئے کافی ہو گی۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر ازد قبیلے کی شاخ غامد قبیلہ سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے پاک کر دیجئے! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو! تم واپس جاؤ! اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرو' اُس کی بارگاہ میں توبہ کرو۔ اُس خاتون نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے بھی اُسی طرح واپس کرنا چاہتے ہیں' جیسے آپ نے ماعز بن مالک کو واپس کیا تھا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ کیوں؟ تو

اُس نے بتایا: وہ زنا کے نتیجہ میں حاملہ ہو چکی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم شادی شدہ ہو؟ اُس نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر ہم تمہیں اُس وقت تک سنگسار نہیں کریں گے جب تک تم اپنے پیٹ میں موجود (بچے کو) جنم نہیں دیتی۔ پھر ایک انصاری شخص اُس عورت کا سرپرست مقرر ہوا' یہاں تک کہ اُس عورت نے بچے کو جنم دیا' وہ انصاری نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور بتایا: اُس غامدی عورت نے بچے کو جنم دے دیا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابھی ہم اُسے سنگسار نہیں کر سکتے اور اُس کے بچے کو ایسے نہیں چھوڑ سکتے کہ اُسے دودھ پلانے کیلئے کوئی نہ ہو۔ تو ایک انصاری نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! اُس بچے کی رضاعت میرے ذمہ ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس عورت کو سنگسار کروا دیا۔

یہ حدیث ''صحیح'' ہے' امام مسلم نے اسے ابوکریب کے حوالے سے' یحییٰ بن یعلیٰ کے حوالے سے' اُن کے والد کے حوالے سے غیلان سے نقل کیا ہے۔

شرح:

قرآن وسنت میں زنا کو کبیرہ گناہ قرار دیا گیا ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

''زنا کے قریب نہ جاؤ یہ بے حیائی ہے اور برا راستہ ہے''۔ (سورہ اسراء: 32)

اسی طرح احادیث میں بھی کبیرہ گناہوں میں زنا بھی ذکر کیا گیا ہے۔

''زنا'' کا لغوی معنیٰ کسی چیز پر چڑھنا ہے۔

فقہاء احناف کے نزدیک زنا کی تعریف یہ ہے۔

''کوئی شخص، اسلامی سلطنت کی حدود میں، اسلامی سلطنت کے قوانین کا احترام کرتے ہوئے، اپنے اختیار کے ساتھ، کسی زندہ، بالغ (یا قریب البلوغ) عورت (یا لڑکی) کے ساتھ، اس کی اگلی شرمگاہ میں اس طرح صحبت کرے، کہ اسے اس عمل کا کسی بھی حوالے سے حق حاصل نہ ہو اور اسے کسی بھی حوالے سے اس حق کے حاصل ہونے کا شبہ بھی موجود نہ ہو''

فقہاء نے زنا کا ذکر کرتے ہوئے اس بات کی وضاحت کی ہے یہ جرم اس وقت ثابت ہو گا، جب اسے کرنے والا شخص عاقل اور بالغ ہو، اگر نابالغ یا پاگل یہ حرکت کرتا ہے تو اس پر زنا کا حکم ثابت نہیں ہو گا کیونکہ ابتدائی زمانے میں خواتین کے ساتھ نکاح کرنے کے علاوہ دوسری صورت یہ ہوتی تھی، غلاموں کی طرح کنیزوں کو خریدا جا سکتا تھا، تو جب کوئی شخص کسی کنیز کو خرید لیتا تھا، تو اس کے لیے اس کنیز کے ساتھ صحبت کرنا جائز ہو جاتا تھا اس لیے فقہاء نے زنا کی حد لازم ہونے کے لیے مختلف شرائط کی وضاحت کرتے ہوئے، حق نکاح کے ہمراہ حق ملکیت کا بھی ذکر کیا ہے،

زنا کی حد جاری ہونے کے لیے فقہاء نے چند شرائط بیان کی ہیں۔

اس بات پر تمام فقہاء کا اتفاق ہے، زنا کی حد جاری کرنے کے لیے ملزم کا بالغ ہونا شرط ہے۔

اور نابالغ شخص پر حد جاری نہیں کی جاسکتی۔

اس بات پر بھی تمام فقہاء کا اتفاق ہے زنا کرنے والے کو عاقل ہونا چاہیے، اگر کوئی پاگل یا مجنون زنا کا ارتکاب کر لیتا ہے، تو اس پر حد جاری نہیں ہوگی۔

زنا کرنے والے شخص کا مسلمان ہونا اکثر فقہاء کے نزدیک شرط ہے تاہم احناف اس بات کے قائل ہیں اگر کوئی غیر مسلم شادی شدہ شخص زنا کا ارتکاب کرتا ہے، تو اسے سنگسار نہیں کیا جائے گا البتہ اسے کوڑے لگائے جائیں گے۔

شوافع اور حنابلہ کے نزدیک کسی غیر مسلم پر زنا اور شراب نوشی کی حد جاری نہیں کی جائے گی۔ فقہاء کے نزدیک یہ بات بھی شرط ہے کہ زنا کرنے والا شخص اپنے اختیار کے ہمراہ اس جرم کا مرتکب ہو۔

جمہور اس بات کے قائل ہیں۔ جس شخص کو زنا کرنے پر مجبور کر دیا گیا ہو، اس پر حد جاری نہیں کی جائے گی۔ ایک اور اہم شرط یہ ہے کہ زنا کے جرم کا ارتکاب اسلامی سلطنت کی حدود میں کیا گیا ہو۔ اس لیے اگر کوئی شخص کسی غیر مسلم سلطنت کی حدود میں زنا کا مرتکب ہوتا ہے، تو اسلامی سلطنت میں اس پر اُس زنا کی حد جاری نہیں کی جائے گی۔

اس مسئلے کے بارے میں فقہاء نے بعض دیگر جزئیات کی بھی وضاحت کی ہے، جس کی تفصیل کی یہاں گنجائش نہیں ہے۔

مذاہب اربعہ کے فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے۔ زنا کا مرتکب شخص اگر ''محصن'' ہو تو اسے سنگسار کیا جائے گا، خواہ مرد ہو یا عورت ہو، لیکن اگر وہ محصن نہ ہو تو اسے کوڑے لگائیں جائیں گے اس مسئلے کی بعض اہم جزئیات ہیں، جن کی وضاحت فقہاء نے کی ہے، انہیں مختصر طور پر یوں بیان کیا جاسکتا ہے۔

سنگسار کرنے کی سزا کے لیے جو ''احصان'' شرط ہے اس میں سات چیزیں پائی جانی چاہیے۔

(i) عقل (ii) بلوغت (iii) آزاد ہونا (iv) اسلام (v) اس کا نکاح صحیح ہوا ہو (vi) شوہر و بیوی دونوں میں سابقہ ذکر شدہ پانچوں خصوصیات پائی جات ہیں (vii) نکاح صحیح کے بعد مرد نے بیوی کے ساتھ صحبت کی ہو۔

زنا کا مرتکب شخص اگر ''محصن'' ہو تو اس کا سزا سنگسار کرنا ہوگی۔

سنگسار کرنے کے لیے عربی میں لفظ ''رجم'' استعمال ہوتا ہے۔

علماء نے یہ بات بیان کی ہے، رجم کا حکم پہلے قرآن میں نازل ہوا تھا، لیکن پھر اس آیت کی تلاوت کو منسوخ کر دیا گیا اور اس آیت کا حکم باقی رہ گیا۔

اگر مجرم پر رجم کی حد جاری ہونی ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے، مجرم کو ایسے پتھر مارے جائیں گے، جو ہتھیلی میں سما جاتے ہوں، کیونکہ زیادہ چھوٹی کنکریاں مارنے کی صورت میں مجرم کو زیادہ تکلیف ہوگی۔ اور بڑے پتھر مارے جائیں تو وہ فوراً مر جائے گا۔

فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے، زنا کی حد کا مجرم شخص اگر مرد ہو تو اسے کھڑا کیا جائے گا، اسے کسی چیز کے ساتھ باندھا نہیں جائے گا، اسے پکڑا نہیں جائیگا، اس کے لیے گڑھا نہیں کھودا جائیگا، خواہ اس کا جرم گواہوں کے ذریعے ثابت ہوا ہو، یا اس کے

اپنے اقرار کے ذریعے ثابت ہوا ہو۔

لیکن اگر عورت کو سنگسار کرنا ہو تو احناف اس بات کے قائل ہیں حاکم وقت (یا قاضی) کو اس بات کا اختیار ہے اگر وہ مناسب سمجھے تو اس عورت کے لیے گڑھا کھدوا دے اور اگر چاہے تو نہ کھدوائے، تاہم احادیث میں یہ بات مذکور ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کے لیے سینے تک گڑھا کھدوایا تھا۔

گڑھا کھودنے کا مقصد یہ ہوتا ہے، کہ پتھر لگنے کی وجہ سے عورت کا لباس پھٹ سکتا ہے، اس لیے عورت کے لیے گڑھا کھودنا زیادہ ستر کا باعث ہوگا۔

شوافع نے یہ بات بیان کی ہے، اگر عورت کا جرم گواہوں کے ذریعے ثابت ہوا ہو تو پھر اس کے لے گڑھا کھودنا مستحب ہے، تاکہ اس کا ستر بے پردہ نہ ہو، لیکن اگر اس کا جرم اس کے اپنے اقرار کے ذریعے ثابت ہوا ہو تو پھر اس کے لیے گڑھا کھونا مناسب نہیں ہے، کیونکہ ہوسکتا ہے، پتھر لگنے پر وہ بھاگ پڑے اور اپنے اقرار سے رجوع کرلے تو اس سے حد ساقط کرنا پڑے گی۔

3093- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ بْنِ مَيَّاحٍ اَبُوْ حَامِدٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُجَالِدٍ حَدَّثَنَا مُعَمَّرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّقِّيُّ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ وَائِلٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اسْتُكْرِهَتِ امْرَاَةٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَرَاَ عَنْهَا الْحَدَّ وَاَقَامَهُ عَلَى الَّذِىْ اَصَابَهَا وَلَمْ يَذْكُرْ اَنَّهُ جَعَلَ لَهَا مَهْرًا .

☆☆ عبدالجبار بن وائل اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ایک عورت کے ساتھ زبردستی زنا کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس عورت پر حد جاری نہیں کی البتہ اُس کے ساتھ زیادتی کرنے والے پر حد جاری کی۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس میں یہ بات مذکور نہیں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس عورت کو مہر دلوایا۔

شرح:

امام ابوجعفر طحاوی نے اپنی کتاب "مختصر اختلاف العلماء" میں یہ بات بیان کی ہے، جس شخص کو زنا کرنے پر مجبور کردیا جائے، اس کے بارے میں امام ابوحنیفہ اس بات کے قائل ہیں اگر بادشاہ وقت (یا حاکم وقت) کے علاوہ کسی اور نے (اس مرد کو) زنا کرنے پر مجبور کیا ہو، تو ایسے شخص پر حد جاری کی جائے گی۔

لیکن اگر بادشاہ (یا حاکم وقت) نے اسے زنا کرنے پر مجبور کیا ہو تو اس پر حد جاری نہیں کی جائے گی۔

۳۰۹۳- اخرجه الترمذي في الحدود (٤٥/٤) باب: ما جاء في المراة اذا استكرهت على الزنى (١٤٥٣) عن علي بن حجر، و ابن ماجه في الحدود (٨٦٦/٢) باب: المستكره (٢٥٩٨) عن علي بن ميمون الرقي، و ايوب بن محمد الوزان، و عبد الله بن سعيد، جميعاً قالوا: حدثنا معمر بن سليمان الرقي ...... به- وقال الترمذي: (هذا حديث غريب، و ليس اسناده بمتصل- وقد روى هذا الحديث من غير هذا الوجه- قال: سمعت محمدًا يقول: عبد الجبار بن وائل بن حجر لم يسمع من ابيه ولا ادركه، يقال: انه ولد بعد موت ابيه باشهر، و العمل على هذا عند اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم: ان ليس على المستكرهة حد)- اه-

اہم ابو یوسف اور امام محمد اس بات کے قائل ہیں، دونوں صورتوں میں اس پر حد جاری کی جائے گی خواہ بادشاہ نے اسے مجبور کیا ہو، یا بادشاہ کے علاوہ کسی اور نے اسے مجبور کیا ہو۔

البتہ ان تینوں حضرات کا اس بات پر اتفاق ہے: اگر کسی عورت کے ساتھ زبردتی زنا کیا گیا ہو تو اس عورت پر حد جاری نہیں کی جائے گی۔

امام زفر یہ کہتے ہیں، اگر بادشاہ نے مجبور کیا ہو تو پھر بھی اس پر حد جاری کی جائے گی۔

امام حسن بن حی اور امام شافعی اس بات کے قائل ہیں: جب کسی شخص کو زنا کرنے پر مجبور کیا گیا ہو، تو اس پر حد جاری نہیں ہو گی۔

(مختصر اختلاف العلماء، زبردستی زنا کرنے کا حکم)

3094- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرٍو عَنْ طَاوُسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قُتِلَ . ح

وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قُتِلَ فِىْ عِمِّيَّةٍ اَوْ رِمِّيًّا فَهُوَ خَطَاٌ وَّدِيَتُهُ خَطَاٌ وَّمَنْ قُتِلَ عَمْدًا فَهُوَ قَوَدُ يَدِهٖ مَنْ حَالَ دُوْنَهٗ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ .

☆☆ طاؤس بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص مارا جائے (اس کے بعد کے الفاظ اگلی حدیث میں ہیں)۔

طاؤس' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص غلطی سے مارا جائے یا (انجانے) تیر سے مارا جائے' وہ قتلِ خطاء شمار ہوگا اور اُس کی دیت قتلِ خطاء کی دیت ہوگی' اور جس شخص کو قتلِ عمد کے طور پر قتل کیا گیا ہو اس کا قصاص دینا لازم ہوگا' جو شخص اس میں رکاوٹ بننے کی کوشش کرے گا۔ اُس شخص پر اللہ تعالیٰ' اُس کے فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہوگی۔

3095- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قُتِلَ فِىْ عِمِّيَّا رَمْيًا بِحَجَرٍ اَوْ ضَرْبًا بِعَصًا اَوْ بِسَوْطٍ فَعَقْلُهٗ عَقْلُ الْخَطَاِ وَمَنْ قُتِلَ اعْتِبَاطًا فَهُوَ قَوَدٌ لَا

۳۰۹۴- اخرجه ابو داود في الحدود (۴/۱۸۳) باب: من قتل في عمياء بين قوم (۴۵۳۹) من طريق حماد بن زيد و سفيان' كلاهما عن عمرو' به مرسلاً- واخرجه ابو داود في الحدود (۴۵۴۰) و في الديات (۴/۱۹۵) باب: فيمن قتل في عمياء بين قوم (۴۵۹۱) و النسائي في القسامة (۸/۴۰) باب: من قتل بحجر او سوط: من طريق سعيد بن سليمان' اخبرنا سليمان بن كثير' حدثنا عمرو بن دينار' عن طاوس' عن ابن عباس' به مرفوعاً موصولاً- واخرجه النسائي في الموضع السابق' و ابن ماجه في الديات (۲/۸۸۰) باب: من حال بين ولي المقتول و بين القود او الدية (۲۶۳۵) كلاهما حدثنا محمد بن معمر: ثنا محمد بن كثير حدثنا سليمان بن كثير عن عمرو بن موصولاً مرفوعاً-

يُحَالُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ قَاتِلِهِ فَمَنْ حَالَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ قَاتِلِهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ.

★★ طاؤس حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص غلطی سے مارا جائے یا پتھر سے مارا جائے یا عصا یا لاٹھی کے ذریعہ مارا جائے تو اُس کی دیت قتلِ خطاء کی دیت ہوگی اور جس شخص کو قتلِ عمد کے طور پر قتل کیا جائے اُس کا قصاص ہوگا' اُس شخص اور اُس کے قاتل کے درمیان حائل نہیں ہوا جائے گا' جو شخص اُس کے اور اُس کے قاتل کے درمیان حائل ہوگا اُس پر اللہ تعالیٰ' اُس کے فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہوگی' ایسے شخص کی کوئی فرض یا نفلی عبادت قبول نہیں ہوگی۔

3096- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَّالْقَاضِى الْحُسَيْنُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُنْقِذٍ الْخَوْلَانِيُّ حَدَّثَنَا اِدْرِيْسُ بْنُ يَحْيَى الْخَوْلَانِيُّ حَدَّثَنِىْ بَكْرُ بْنُ مُضَرَ حَدَّثَنِىْ حَمْزَةُ النَّصِيْبِىُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ حَدَّثَنِىْ طَاوُسٌ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قُتِلَ فِىْ عِمِّيَّا رِمِّيَّا يَكُوْنُ بَيْنَهُمْ بِالْحِجَارَةِ اَوْ عَصًا فَهُوَ خَطَاٌ عَقْلُهُ عَقْلُ خَطَاٍ وَّمَنْ قُتِلَ عَمْدًا فَهُوَ قَوَدُ يَدِهٖ مَنْ حَالَ دُوْنَهٗ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ . زَادَ الْحُسَيْنُ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا وَّلَا عَدْلًا .

★★ طاؤس حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جس شخص کو غلطی سے قتل کر دیا جائے یا اُسے پتھر یا عصا مارا جائے (اور وہ مر جائے) تو یہ قتلِ خطاء ہوگا اور اُس کی دیت قتلِ خطاء کی دیت ہوگی' لیکن جس شخص کو قتلِ عمد کے طور پر قتل کیا جائے اُس کا قصاص ہوگا' جو شخص قصاص میں رکاوٹ بنے گا اُس پر اللہ تعالیٰ' اُس کے فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہوگی۔

حسین نامی راوی نے یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں: اللہ تعالیٰ اُس کی کوئی فرض یا نفلی عبادت قبول نہیں کرے گا۔

3097- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجَوَيْهِ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ حَدَّثَنِىْ طَاوُسٌ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ وَلَمْ يَذْكُرْ حَمْزَةَ . قَالَ ابْنُ صَاعِدٍ وَّرَوَاهُ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُسْلِمٍ وَّسُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ

۳۰۹۵- اخرجه المصنف من طريق عبد الرزاق، و هو في مصنف عبد الرزاق (۹/ ۲۷۹- ۲۸۰) باب: شبه العمد (۱۷۲۰۲)- قال البيهقي (۸/ ۴۵): (وصله سليمان بن كثير، و الحسن بن عمارة، و اسماعيل بن مسلم، و اخرجه حماد بن زيد في آخرين عن عمرو عن طاوس مرسلاً)- اه- قلت: و الصواب ارساله؛ لاجتماع حماد بن زيد و سفيان على ذلك عن عمرو؛ كما سبق- و تابعهما ابن جريج: اخبرني عمرو بن دينار انه سمع طاوساً به مرسلاً كما عند عبد الرزاق (۱۷۲۰۰)- و اخرجه عبد الرزاق- ايضاً- من طريق ابن طاوس عن ابيه- كما في المصنف (۱۷۲۰۰- ۱۷۲۰۳)-

۳۰۹۶- كذا قال بكر بن نصر عن حمزة عن عمرو، و سبق من وجوه عن عمرو مرسلاً، و من وصله عن عمرو جعله من مسند (ابن عباس) بدلاً من (ابي هريرة)- و ستاتي اشارة الدارقطني و كذلك الطبراني الى ذلك- و اخرجه الطبراني في الاوسط (۲۳۶) من طريق بكر بن مضر، باسناده- ثم قال: (لم يرو هذا الحديث عن عمرو بن دينار، عن طاوس، عن ابي هريرة الا حمزة النصيبي- و اخرجه غيره: عن عمرو، عن طاوس، عن ابن عباس)- اه-

طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اسی کی مانند روایت منقول ہے۔

راوی نے اس کی سند میں حمزہ کا ذکر نہیں کیا۔

بعض راویوں نے اسے طاؤس کے حوالے سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے۔

3098- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَمْدُ قَوَدٌ إِلَّا أَنْ يَعْفُوَ وَلِيُّ الْمَقْتُولِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قتلِ عمد کا قصاص ہوگا' البتہ اگر مقتول کا ولی چاہے' تو معاف کر سکتا ہے۔

3099- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قُتِلَ فِي عِمِّيًّا أَوْ رَمِّيًا بِحَجَرٍ أَوْ عَصًا أَوْ بِسَوْطٍ عَقْلُهُ عَقْلُ خَطَإٍ. مِثْلَ قَوْلِ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جس شخص کو انجانے میں' پتھر' عصا یا لاٹھی مار کر قتل کر دیا جائے اُس کی دیت قتلِ خطاء کی دیت ہوگی۔

یہ حماد بن زید کے بیان کی مانند ہے۔

3100- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا كُرْدُوسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَمْدُ قَوَدُ الْيَدِ وَالْخَطَأُ عَقْلٌ لَا قَوَدَ فِيهِ وَمَنْ قُتِلَ فِي عِمِّيَّةٍ بِحَجَرٍ أَوْ عَصًا أَوْ سَوْطٍ فَهُوَ دِيَةٌ مُغَلَّظَةٌ فِي أَسْنَانِ الْإِبِلِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قتلِ عمد میں

۳۰۹۷- كذا قال عثمان بن صالح عن بكر عن عمرو' لم يذكر حمزة في اسناده' و خالفه ادريس بن يحيى الخولاني عند الدارقطني في الرواية السابقة' و محمد بن سفيان الحضرمي عند الطبراني في الاوسط (٢٣٦) وقالا فيه: (عن بكر عن حمزة النصيبي' عن عمرو بن دينار)- وسياتي قريباً عن عثمان بن صالح باسناد آخر-

۳۰۹۸- اخرجه ابن ابي شيبة في مسنده' قال: حدثنا عبد الرحيم بن سليمان' و اسحاق بن راهويه في مسنده' قال: حدثنا عيسى بن يونس' قالا: ثنا اسماعيل بن مسلم' به؛ هكذا في نصب الراية للزيلعي (٣٢٧/٤)-

۳۰۹۹- فاخرجه ابو داود في الحدود (٤٥٤٠) و في الديات (١٩٥/٤) باب: فيمن قتل في عمياء بين قوم (٤٥٩١) و النسائي في القسامة (٤٠/٨) باب: من قتل بحجر او سوط' من طريق سعيد بن سليمان' به- و البيهقي في السنن (٢٥/٨) في الجنايات' باب: ايجاب القصاص في العمد' و في (٢٥/٨) باب: شبه العمد...... من طريق سعيد بن سليمان' به- و اخرجه النسائي (٤٠/٨) في القسامة' باب من قتل بحجر او سوط...... و ابن ماجه (٨٨٠/٢) كتاب الديات' باب: من حال بين ولي المقتول و بين القود او الدية' الحديث (٢٦٣٥) من طريق محمد بن كثير' ثنا سليمان بن كثير' به- و سياتي بعد حديثين-

۳۱۰۰- راجع الحديث قبل السابق- و انظر - ايضاً -: نصب الراية (٣٢٧/٤)-

قصاص ہوگا اور قتلِ خطاء میں دیت ہوگی اس میں قصاص نہیں ہوگا' جس شخص کو پتھر' عصا یا لاٹھی کے ذریعہ غلطی سے قتل کر دیا جائے' اُس کی ''دیت مغلظہ'' ہوگی جو مختلف عمر کے اونٹوں (کی شکل میں ہوگی)۔

3101- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ هَانِءٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ حَدَّثَنِیْ طَاوُسٌ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قُتِلَ فِیْ عِمِّيَّةٍ رَمْيًا يَكُوْنُ بَيْنَهُمْ بِحَجَرٍ - اَحْسَبُهُ قَالَ اَوْ بِسِيَاطٍ - عَقْلُهُ عَقْلُ خَطَاٍ وَّمَنْ قُتِلَ عَمْدًا فَهُوَ قَوَدُ يَدِهٖ مَنْ حَالَ دُوْنَهٗ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جس شخص کو پتھر (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) یا لاٹھی مار کر غلطی سے قتل کر دیا جائے اُس کی دیت قتلِ خطاء کی دیت ہوگی' اور جس شخص کو قتلِ عمد کے طور پر قتل کیا جائے' اُس کا قصاص ہوگا' جو شخص قصاص میں رکاوٹ بنے گا اُس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہوگی۔

3102- حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِیُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ يَرْفَعُهٗ قَالَ مَنْ قُتِلَ فِیْ عِمِّيَّةٍ اَوْ رَمْيَةٍ بِحَجَرٍ اَوْ سَوْطٍ اَوْ عَصًا فَعَقْلُهٗ عَقْلُ الْخَطَاِ وَمَنْ قُتِلَ عَمْدًا فَهُوَ قَوَدٌ مَنْ حَالَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهٗ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَّلَا عَدْلٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کرتے ہیں: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:) جو شخص غلطی سے مارا جائے یا اُسے پتھر' لاٹھی یا عصا مار کر قتل کر دیا جائے' تو اُس کی دیت قتلِ خطاء کی دیت ہوگی' اور جس شخص کو قتلِ عمد کے طور پر قتل کیا جائے اُس کا قصاص لیا جائے گا' جو شخص اُس قصاص میں رکاوٹ بنے گا اُس پر اللہ تعالیٰ' اُس کے فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہوگی' ایسے شخص کی کوئی فرض یا نفل عبادت قبول نہیں کی جائے گی۔

3103- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ اَنَّهٗ سَمِعَ طَاوُسًا يَقُوْلُ الرَّجُلُ يُصَابُ فِی الرِّمِّيَّا فِی الْقِتَالِ بِالْعَصَا اَوْ بِالسَّوْطِ اَوِ التَّرَامِیْ بِالْحِجَارَةِ يُوْدٰى وَلَا يُقْتَلُ بِهٖ مِنْ اَجْلِ اَنَّهٗ لَا يُعْلَمُ مَنْ قَاتِلُهٗ .

وَاَقُوْلُ اَلَا تَرٰى اِلٰى قَضَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی الْهُذَلِيَّتَيْنِ ضَرَبَتْ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرٰى بِعَمُوْدٍ فَقَتَلَتْهَا اَنَّهٗ لَمْ يَقْتُلْهَا بِهَا وَوَدَاهَا وَجَنِيْنَهَا .اَخْبَرَنَاهُ ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ لَمْ يُجَاوِزْ طَاوُسًا.

☆☆ طاؤس بیان کرتے ہیں: لڑائی کے دوران جس شخص کو عصا' لاٹھی یا پتھر مار کر قتل کر دیا جائے اُس کی دیت ادا کی جائے گی اُس کے بدلہ میں قتل نہیں کیا جائے گا' کیونکہ یہ پتہ نہیں ہے کہ اُس کا قاتل کون ہے؟

۳۱۰۱- راجع الذي قبله-

۳۱۰۲- اخرجه النسائي في القسامة (۸/۴۰) باب: من قتل بحجر او سوط' و ابن ماجه في الديات (۲/۸۸۰) باب: من حال بين ولي المقتول و بين القود او الدية (۲۶۳۵)- كلاهما حدثنا محمد بن معمر' ثنا محمد بن كثير' به-

۳۱۰۳- اخرجه عبد الرزاق في العقول (۹/۲۷۸) باب: شبه العمد (۱۷۲۰۰) باسناده' و من طريقه الدارقطني هنا-

میں یہ کہتا ہوں: کیا تم نے ہذیل قبیلہ سے تعلق رکھنے والی دو خواتین کے مقدمہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ ملاحظہ نہیں کیا' اُن دو میں سے ایک خاتون نے دوسری کو لاٹھی مار کر قتل کر دیا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس مقتول عورت کے بدلے میں قتل کرنے والی عورت کو قتل نہیں کروایا تھا بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقتول عورت اور اُس کے پیٹ میں موجود بچے کی دیت دلوائی تھی۔

یہ حدیث طاؤس کے صاحبزادے نے اپنے والد کے حوالے سے نقل کی ہے۔

3104- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ عِنْدَ اَبِىْ كِتَابٌ فِيْهِ ذِكْرُ الْعُقُوْلِ جَاءَ بِهِ الْوَحْىُ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ مَا قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَقْلٍ اَوْ صَدَقَةٍ فَاِنَّمَا جَاءَ بِهِ الْوَحْىُ فَفِىْ ذٰلِكَ الْكِتَابِ وَهُوَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتْلُ الْعِمِّيَّةِ دِيَتُهُ دِيَةُ الْخَطَاِ الْحَجَرُ وَالْعَصَا وَالسَّوْطُ مَا لَمْ يَحْمِلْ سِلَاحًا.

★★ طاؤس کے صاحبزادے اپنے والد کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: میرے والد کے پاس ایک تحریر تھی' جس میں مختلف اقسام کی دیت کے احکام تھے' جو وحی کے ذریعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتائے گئے تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیت اور صدقہ کے بارے میں جو بھی فیصلے دیئے وہ سب وحی کے مطابق تھے' اس کتاب میں یہ تحریر تھا' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں تھا (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے:) غلطی سے قتل کیے جانے کی دیت قتلِ خطاء کی دیت ہو گی' جیسے پتھر' عصا یا لاٹھی کے ذریعہ (کوئی قتل ہو جائے)' جبکہ قاتل نے ہتھیار نہ اُٹھایا ہو۔

3105- حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ قَالَ مَنْ قُتِلَ فِىْ عِمِّيَّةٍ رَمْيًا بِحَجَرٍ اَوْ عَصًا فَفِيْهِ دِيَةٌ مُغَلَّظَةٌ.

★★ طاؤس کے صاحبزادے اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جس شخص کو غلطی سے' پتھر یا لاٹھی کے ذریعہ قتل کر دیا جائے' اُس کی "دیت مغلظہ" ہو گی۔

3106- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقْلُ شِبْهِ الْعَمْدِ مُغَلَّظٌ مِثْلُ عَقْلِ الْعَمْدِ وَلَا يُقْتَلُ صَاحِبُهٗ.

۳۱۰۴- اخرجه عبد الرزاق في العقول (۲۷۹/۹۰) باب: شبه العمد (۱۷۲۰۱)۔

۳۱۰۵- اخرجه عبد الرزاق في العقول (۲۷۹/۹۰) باب: شبه العمد (۱۷۲۰۲)۔

۳۱۰۶- اخرجه احمد (۱۸۳/۲) عن ابي النضر و عبد الصمد' و (۲۲۴/۲) عن ابي سعيد مولى بني هاشم' و ابو داود في الديات (۱۸۸/٤-۱۸۹) باب: ديات الاعضاء (٤٥٦٥) من طريق محمد بن بكار بن بلال العاملي' جميعًا عن محمد بن راشد' به- وقال في التنقيح -كما في نصب الراية (۳۳۲/٤) -: (محمد بن راشد يعرف بالمكحول' وثقه احمد و ابن معين و النسائي وغيرهم- وقال ابن عدي: اذا حدث عنه ثقة فحديثه مستقيم- انتهى)۔

★★ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: شبہ عمد کی دیت بھی' قتل عمد کی دیت کی طرح ہے' البتہ شبہ عمد (کی صورت میں) قاتل کو قتل نہیں کیا جائے گا۔

3107- قُرِءَ عَلٰى اَبِىْ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ ذِئْبٍ حَدَّثَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِىُّ عَنْ اَبِىْ شُرَيْحٍ الْكَعْبِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ مَكَّةَ فَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يَسْفِكَنَّ فِيْهَا دَمًا وَّلَا يَعْضِدَنَّ فِيْهَا شَجَرًا فَاِنْ تَرَخَّصَ مُتَرَخِّصٌ فَقَالَ اِنَّهَا اُحِلَّتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ اَحَلَّهَا لِىْ سَاعَةً وَّلَمْ يُحِلَّهَا لِلنَّاسِ وَاِنَّمَا اُحِلَّتْ لِىْ سَاعَةً ثُمَّ هِىَ حَرَامٌ اِلٰى اَنْ تَقُوْمَ السَّاعَةُ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَا مَعْشَرَ خُزَاعَةَ قَتَلْتُمْ هٰذَا الْقَتِيْلَ مِنْ هُذَيْلٍ وَّاِنِّىْ عَاقِلُهُ فَمَنْ يُّقْتَلُ لَهُ قَتِيْلٌ بَعْدَ مَقَالَتِىْ هٰذِهٖ فَاَهْلُهُ بَيْنَ خِيَرَتَيْنِ بِاَنْ يَّاْخُذُوا الْعَقْلَ اَوْ يَقْتُلُوْا.

★★ حضرت ابوشریح کعبی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ کو حرم قرار دیا ہے' اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھنے والا کوئی بھی شخص اس میں خون نہ بہائے اور یہاں کے درخت کو نہ کاٹے' اگر کوئی شخص عذر پیش کرتے ہوئے یہ کہے کہ اللہ کے رسول کیلئے اسے حلال قرار دیا گیا تھا' تو اللہ تعالیٰ نے اسے میرے لیے تھوڑے سے وقت کیلئے حلال قرار دیا تھا' اسے دوسرے لوگوں کیلئے حلال قرار نہیں دیا' میرے لیے بھی یہ تھوڑی سی دیر کیلئے حلال قرار دیا گیا' پھر قیامت قائم ہونے تک یہ حرم رہے گا' اے خزاعہ قبیلہ کے لوگو! تم نے ہذیل قبیلہ کے ایک شخص کو قتل کر دیا تھا' میں اُس کی دیت دوں گا' میرے اس بیان کے بعد جن لوگوں کا کوئی شخص قتل ہو جائے اُنہیں دو میں سے ایک بات کا اختیار ہوگا' یا تو وہ دیت وصول کر لیں (یا قصاص کے طور پر قاتل کو) قتل کر دیں۔

3108- قُرِءَ عَلٰى ابْنِ صَاعِدٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُخَرِّمِىُّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ ذِئْبٍ بِاِسْنَادِهٖ نَحْوَهٗ وَقَالَ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَا مَعْشَرَ خُزَاعَةَ قَدْ قَتَلْتُمْ هٰذَا الْقَتِيْلَ مِنْ هُذَيْلٍ وَّاَنَا عَاقِلُهُ فَمَنْ قُتِلَ بَعْدُ فَاَوْلِيَاءُ الْقَتِيْلِ بَيْنَ خِيَرَتَيْنِ اِنْ اَحَبُّوْا قَتَلُوْا وَاِنْ اَحَبُّوْا اَخَذُوا الْعَقْلَ.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: اے خزاعہ قبیلہ کے لوگو! تم لوگوں نے ہذیل قبیلہ کے ایک شخص کو قتل کر دیا تھا' میں اُس کی دیت ادا کروں گا! اس کے بعد جو شخص قتل ہوگا' تو مقتول کے پسماندگان کو دو میں سے ایک بات کا اختیار ہوگا' اگر وہ پسند کریں تو (قصاص کے طور پر قاتل کو) قتل کر دیں اور اگر وہ پسند کریں تو دیت وصول کر لیں۔

3109- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِىْ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

۳۱۰۷- تقدم-

۳۱۰۸- انظر السابق-

۳۱۰۹- اخرجه ابن ماجه في الديات (۸۷٦/۲) باب: من قتل له قتيل فهو بالخيار بين احدى ثلاث (۲٦۲۳) من طرق عن محمد بن اسحاق؛ به- و سفيان بن ابي العوجاء ضعيف: كما في التقريب (۳۱۳/۱)-

سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ فُضَيْلٍ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي الْعَوْجَاءِ عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ أُصِيبَ بِدَمٍ أَوْ خَبْلٍ - وَالْخَبْلُ الْعَرَجُ - فَهُوَ بِالْخِيَارِ بَيْنَ إِحْدَى ثَلَاثٍ فَإِنْ أَرَادَ الرَّابِعَةَ فَخُذُوا عَلَى يَدَيْهِ بَيْنَ أَنْ يَقْتَصَّ أَوْ يَعْفُوَ أَوْ يَأْخُذَ الْعَقْلَ فَإِنْ قَبِلَ شَيْئًا مِنْ ذَلِكَ ثُمَّ عَدَا بَعْدَ ذَلِكَ فَلَهُ النَّارُ خَالِدًا فِيهَا مُخَلَّدًا.

☆☆ حضرت ابوشریح خزاعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص قتل ہو جائے یا اسے خبل لاحق ہو (راوی کہتے ہیں:) خبل سے مراد عرج (یعنی لنگڑا ہو جانا) ہے۔ تو اُسے تین میں سے ایک بات کا اختیار ہوگا' اگر وہ کوئی چوتھی صورت چاہے' تو تم اُس کے ہاتھ پکڑلو (وہ تین صورتیں یہ ہیں:) وہ قصاص لے' یا معاف کر دے' یا دیت وصول کر لے' اگر وہ ان میں سے کوئی ایک صورت اختیار کر لے اور پھر اُس کے بعد زیادتی کرے' تو وہ جہنم میں جائے گا' جہاں وہ ہمیشہ' ہمیشہ رہے گا۔

3110 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُولِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ رَزِينٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِسْحَاقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَى الْخَلْقِ عَلَى اللَّهِ تَعَالَى مَنْ قَتَلَ غَيْرَ قَاتِلِهِ وَمَنْ طَلَبَ بِدَمِ الْجَاهِلِيَّةِ وَمَنْ بَصَّرَ عَيْنَيْهِ فِي النَّوْمِ مَا لَمْ تُبْصِرْ.

☆☆ حضرت ابوشریح خزاعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ تعالیٰ کے نزدیک اُس کی مخلوق میں سب سے زیادہ ناپسندیدہ وہ شخص ہے' جو کسی کو ناحق قتل کر دے اور وہ شخص ہے' جو زمانۂ جاہلیت کے خون (کے بدلہ) کا طلبگار ہے اور وہ شخص ہے' جو اپنی آنکھوں کو نیند میں وہ چیز دکھائے جو اُنہوں نے نہیں دیکھی (یعنی جھوٹا خواب بیان کرے)۔

3111 - حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ إِمْلَاءً حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْجَوَّازُ الْمَكِّيُّ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَدِمَ عَلَيْنَا فِي الْمَوْسِمِ سَنَةَ أَرْبَعٍ وَتِسْعِينَ وَمِائَةٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَمْرٍو الْأَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا فَتَحَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ قَامَ

۳۱۱۰- اخرجه البيهقي في السنن (۳٦/۸) كتاب الجنايات' باب ايجاب القصاص على القاتل دون غيره من طريق محمد بن ابي بكر' ثنا يزيد بن زريع' به- قال ابن ابي حاتم في العلل (٤٤٥/۱) رقم (۱۳٤۰): (سالت ابي عن حديث اخرجه عبد الرحمن بن اسحاق عن الزهري عن عطاء بن يزيد عن ابي شريح عن النبي صلى الله عليه وسلم ...... الحديث- قال ابي: كذا روى عبد الرحمن بن اسحاق و خولف' و اخرجه عقيل و يونس و غيرهما يقولون عن الزهري عن مسلم بن يزيد عن ابي شريح عن النبي صلى الله عليه وسلم - و هو الصحيح' واخطا عبد الرحمن بن اسحاق)- اهـ-

۳۱۱۱- اخرجه احمد (۲۳۸/۲)' و البخاري في اللقطة (۲٤۳٤) باب: كيف تعرف لقطة اهل مكة' و مسلم في الحج (۱۳۵۵) باب: تحريم مكة و صيدها' و ابو داؤد في الحج (۲۰۱۷) باب: تحريم مكة' و الترمذي في الديات (۱٤۰۵) باب: ما جاء في حكم ولي القتيل في القصاص و العفو' و في العلم (۲٦٦۷) باب: ما جاء في الرخصة في كتابة العلم' و ابن ماجه في الديات (۲٦۲٤) باب: من قتل له قتيل' فهو بالخيار بين احدى ثلاث' من طرق عن الوليد بن مسلم' به- و قال الترمذي: حسن صحيح-

فِی النَّاسِ خَطِيبًا فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰی عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ حَبَسَ عَنْ مَّكَّةَ الْفِيلَ وَسَلَّطَ عَلَيْهَا رَسُوْلَهٗ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَاِنَّهَا لَمْ تَحِلَّ لِاَحَدٍ كَانَ قَبْلِیْ وَاِنَّمَا اُحِلَّتْ لِیْ سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ وَاِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِاَحَدٍ بَعْدِیْ فَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهَا وَلَا يُخْتَلٰی شَجَرُهَا وَلَا تَحِلُّ سَقَطَتُهَا اِلَّا لِمُنْشِدٍ وَّمَنْ قُتِلَ لَهٗ قَتِيلٌ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ- اَوْ بِاَحَدِ النَّظَرَيْنِ الشَّكُّ مِنْ مُّحَمَّدِ بْنِ مَنْصُوْرٍ- اِمَّا اَنْ يُّوْدٰی وَاِمَّا اَنْ يُّقْتَلَ . فَقَامَ الْعَبَّاسُ فَقَالَ اِلَّا الْاِذْخِرَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاِنَّا نَجْعَلُهٗ فِیْ بُيُوْتِنَا وَقُبُوْرِنَا . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا الْاِذْخِرَ . فَقَامَ اَبُوْ شَاهٍ- رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْيَمَنِ- فَقَالَ اكْتُبُوْا لِیْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ .فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اكْتُبُوْا لِاَبِیْ شَاهٍ . قَالَ الْوَلِيْدُ قُلْتُ لِلْاَوْزَاعِیِّ مَا قَوْلُهٗ اكْتُبُوْا لِیْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ .قَالَ هٰذِهِ الْخُطْبَةُ الَّتِیْ سَمِعَهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ فتح کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے درمیان خطبہ دینے کیلئے کھڑے ہوئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کرنے کے بعد ارشاد فرمایا:

''بے شک اللہ تعالیٰ نے مکہ میں ہاتھیوں کو داخل نہیں ہونے دیا' لیکن اُس نے اپنے رسول اور اہلِ ایمان کو اس پر تسلط عطاء کیا' یہ مجھ سے پہلے کسی کیلئے بھی حلال نہیں تھا اور میرے لیے بھی دن کے کسی ایک مخصوص حصے میں حلال قرار دیا گیا اور میرے بعد یہ کسی کیلئے حلال نہیں ہوگا' یہاں کے شکار کو بھگایا نہیں جائے گا' یہاں کے درخت کو کاٹا نہیں جائے گا' یہاں کی گری ہوئی چیز کو اُٹھایا نہیں جائے گا' البتہ اعلان کرنے کیلئے اُٹھایا جا سکتا ہے' جس شخص کا کوئی عزیز قتل ہو جائے اُسے دو میں سے ایک بات کا اختیار ہوگا' یا تو اُسے دیت ادا کر دی جائے یا (قصاص کے طور پر قاتل کو) قتل کر دیا جائے۔ تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اِذخر (نامی گھاس کاٹنے کی اجازت دیجئے) کیونکہ ہم اُسے اپنے گھروں اور قبروں میں استعمال کرتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اِذخر (کاٹنے کی اجازت ہے)۔

ابوشاہ نامی ایک صاحب جو یمن سے تعلق رکھتے تھے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ مجھے لکھوا دیں! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوشاہ کو لکھ کر دے دو!

ولید نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں نے امام اوزاعی سے دریافت کیا: (حضرت ابوشاہ کے) اس جملہ سے مراد کیا ہے؟ یہ مجھے لکھوا دیں! تو اُنہوں نے فرمایا: یعنی وہ خطبہ جو اُنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنا تھا۔

3112- حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ بَحْرٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ

٣١١٢- سبق تخريجه في الذي قبله من طرق عن الوليد' و اخرجه النسائي في القسامة (٨/ ٢٨) باب: هل يوخذ من قاتل العمد الدية اذا عفا ولي المقتول عن القود' و في الكبرى كما في التحفة (١١/ ٧١) و البيهقي (٥/ ١٧٧) (٨/ ٥٢) من طرق عن الاوزاعي به- واخرجه احمد (٢/ ٢٣٨) و البخاري في العلم (١١٢) و في الديات (٦٨٨٠) باب: من قتل له قتيل فهو بخير النظرين' و مسلم في الحج (١٣٥٥/ ٤٤٨) و ابو داود في الديات (٤٥٠٥) و البيهقي في الكبرى (٨/ ٥٢) و في الدلائل (٥/ ٨٤) من طريق يحيى بن ابي كثير' به- وقد روي من وجه آخر عن الاوزاعي عن يحيى بن ابي كثير' حدثني ابو سلمة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال...... فذكره مرسلا- -

سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ قَالَا حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ امام اوزاعی سے منقول ہے۔

3113- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ خُزَاعَةَ قَتَلُوا رَجُلًا مِنْ بَنِي لَيْثٍ عَامَ فَتْحِ مَكَّةَ بِقَتِيلٍ مِنْهُمْ قَتَلُوهُ فَأُخْبِرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَكِبَ رَاحِلَتَهُ فَخَطَبَ وَقَالَ إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى حَبَسَ عَنْ مَكَّةَ الْفِيلَ وَسَلَّطَ عَلَيْهَا رَسُولَهُ وَالْمُؤْمِنِينَ أَلَا وَإِنَّهَا لَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِي وَلَا تَحِلُّ لِأَحَدٍ بَعْدِي أَلَا وَإِنَّهَا أُحِلَّتْ لِي سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ أَلَا وَإِنَّهَا سَاعَتِي هَذِهِ حَرَامٌ لَا يُخْتَلَى خَلَاهَا وَلَا يُعْضَدُ شَجَرُهَا وَلَا تُلْتَقَطُ سَاقِطَتُهَا إِلَّا لِمُنْشِدٍ فَمَنْ قُتِلَ لَهُ قَتِيلٌ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ إِمَّا أَنْ يُقْتَلَ وَإِمَّا أَنْ يُفَادَى أَهْلُ الْقَتِيلِ . فَجَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ فَقَالَ اكْتُبْ لِي يَا رَسُولَ اللَّهِ .فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اكْتُبُوا لِأَبِي فُلَانٍ . فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ إِلَّا الْإِذْخِرَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَإِنَّا نَجْعَلُهُ فِي بُيُوتِنَا وَقُبُورِنَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا الْإِذْخِرَ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: خزاعہ قبیلہ کے لوگوں نے فتح مکہ کے سال اپنے ایک مقتول کے بدلہ میں بنولیث کے ایک فرد کو قتل کر دیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر سوار ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ نے ہاتھیوں کو مکہ میں داخل نہیں ہونے دیا لیکن اُس نے اپنے رسول اور اہلِ ایمان کو اس پر تسلط عطاء کیا' یاد رکھنا! یہ مجھ سے پہلے کسی کیلئے حلال نہیں تھا اور میرے بعد کسی کیلئے حلال نہیں ہوگا۔ یاد رکھنا! یہ میرے لیے بھی دن کے ایک مخصوص حصہ تک حلال ہوا' اب اس وقت یہ حرم ہے' یہاں کے کانٹے کو توڑا نہیں جاسکتا' یہاں کے درخت کو کاٹا نہیں جاسکتا' یہاں کی گری ہوئی چیز کو اُٹھایا نہیں جاسکتا' البتہ اعلان کرنے کیلئے اُٹھایا جاسکتا ہے' اگر کسی شخص کا کوئی عزیز قتل ہو جائے' تو اُسے دو باتوں میں سے ایک کا اختیار ہوگا' یا تو (قاتل کو قصاص میں) قتل کر دیا جائے یا مقتول کے لواحقین کو دیت ادا کر دی جائے۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) یمن سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب آئے اور اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ مجھے لکھوا دیں! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوفلاں کو لکھ کر دے دو! قریش سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اِذخر (کاٹنے کی اجازت دیں) کیونکہ ہم اسے اپنے گھروں اور قبروں میں استعمال کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اِذخر (کاٹنے کی اجازت ہے)''۔

3114- حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ

۳۱۱۳-راجع ما قبله-

۳۱۱۴-تقدم-

حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُسْلِمٍ الْاَحْرَدِ عَنْ مَالِكٍ الْاَشْتَرِ قَالَ اَتَيْتُ عَلِيًّا رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقُلْتُ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِنَّا اِذَا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِكَ سَمِعْنَا اَشْيَاءَ فَهَلْ عَهِدَ اِلَيْكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا سِوَى الْقُرْآنِ قَالَ لَا اِلَّا مَا فِىْ هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ فِىْ عِلَاقَةِ سَيْفِىْ فَدَعَا الْجَارِيَةَ فَجَاءَتْ بِهَا قَالَ اِنَّ اِبْرَاهِيْمَ حَرَّمَ مَكَّةَ وَاَنَا اُحَرِّمُ الْمَدِيْنَةَ فَهِىَ حَرَامٌ مَا بَيْنَ حَرَّتَيْهَا اَنْ لَّا يُعْضَدَ شَوْكُهَا وَلَا يُنَفَّرَ صَيْدُهَا فَمَنْ اَحْدَثَ حَدَثًا اَوْ اٰوٰى مُحْدِثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يَدٌ عَلٰى مَنْ سِوَاهُمْ تَكَافَأُ دِمَاؤُهُمْ وَيَسْعٰى بِذِمَّتِهِمْ اَدْنَاهُمْ لَا يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ وَلَا ذُوْ عَهْدٍ فِىْ عَهْدِهِ.

قَالَ حَجَّاجٌ وَحَدَّثَنِىْ عَوْنُ بْنُ اَبِىْ جُحَيْفَةَ عَنْ اَبِىْ جُحَيْفَةَ عَنْ عَلِيٍّ مِثْلَهُ اِلَّا اَنْ يَّخْتَلِفَ مَنْطِقُهُمَا فِى الشَّىْءِ فَاَمَّا الْمَعْنٰى فَوَاحِدٌ.

☆☆ مالک اشتر بیان کرتے ہیں: میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا' میں نے کہا: اے امیر المؤمنین! جب ہم آپ کے پاس سے اُٹھ کر گئے تو ہم نے کچھ باتیں سنی ہیں' کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کے علاوہ کوئی اور چیز بطور خاص آپ کو دی؟ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں! صرف یہ صحیفہ ہے' جو میری تلوار کے دستے میں ہے' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کنیز کو بلایا تو وہ اُس صحیفے کو لے کر آئی' (اُس میں یہ تحریر تھا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے) ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو حرم قرار دیا تھا اور میں مدینہ کو حرم قرار دیتا ہوں' دونوں طرف کی سنگلاخ زمین کے درمیان موجود (مدینہ منورہ) حرم ہے' یہاں کے کانٹے کو توڑا نہیں جا سکتا' یہاں کے شکار کو بھگایا نہیں جا سکتا' جو شخص یہاں کوئی بدعت ایجاد کرے' یا کسی بدعتی کو پناہ دے' تو اُس پر اللہ تعالیٰ' اُس کے فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو گی۔ دوسروں کے مقابلے میں تمام اہلِ ایمان ایک ہاتھ کی مانند ہیں' اُن کے خون یکساں اہمیت کے حامل ہیں' اُن کے کسی عام فرد کی دی ہوئی پناہ کو تسلیم کیا جائے گا اور کسی مسلمان کو کسی کافر کے بدلہ میں قتل نہیں کیا جا سکتا''۔

ابوجحیفہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اسی کی مانند نقل کیا ہے' اس کے الفاظ کچھ مختلف ہیں' تاہم مفہوم ایک ہی ہے۔

3115- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْمَحَامِلِىُّ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الصَّائِغُ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنِىْ مُوْسَى بْنُ عُلَىِّ بْنِ رَبَاحٍ اللَّخْمِىُّ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ يَقُوْلُ اِنَّ اَعْمٰى كَانَ يُنْشِدُ فِى الْمَوْسِمِ فِىْ خِلَافَةِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ يَقُوْلُ

اَيُّهَا النَّاسُ لَقِيْتُ مُنْكَرًا

هَلْ يَعْقِلُ الْاَعْمٰى الصَّحِيْحَ الْمُبْصِرَا

۳۱۱۵- اخرجه البيهقي في السنن الكبرى (۸/ ۱۱۲) كتاب الديات' باب: ما ورد في البئر جبار و المعدن جبار' من طريق الدارقطني' به-

خَرَّا مَعًا كِلَاهُمَا تَكَسَّرَا

وَذٰلِكَ اَنَّ اَعْمٰى كَانَ يَقُوْدُهُ بَصِيرٌ فَوَقَعَا فِىْ بِئْرٍ فَوَقَعَ الْاَعْمٰى عَلَى الْبَصِيرِ فَمَاتَ الْبَصِيرُ فَقَضٰى عُمَرُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ بِعَقْلِ الْبَصِيرِ عَلَى الْاَعْمٰى.

موسیٰ بن علی بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے والد کو سنا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں حج کے موقع پر ایک شخص بلند آواز میں (یہ اشعار پڑھ رہا تھا:)

''اے لوگو! ایک غلط صورتِ حال میرے سامنے آئی ہے' کیا ایک اندھا شخص ایک صحیح دیکھنے والے شخص کی دیت ادا کرے گا' جب کہ وہ دونوں ایک ساتھ گرنے تھے اور دونوں زخمی ہوئے تھے''۔

اس کی صورت یوں ہوئی کہ ایک بینا شخص اُس اندھے کو ساتھ لے کر جا رہا تھا' وہ دونوں ایک کنوئیں میں گر گئے تو وہ نابینا شخص اُس بینا شخص کے اوپر گرا' جس کے نتیجہ میں وہ بینا شخص فوت ہو گیا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ فیصلہ دیا: وہ نابینا اُس بینا شخص کی دیت ادا کرے گا۔

3116- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ اِسْحَاقَ ح وَاَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ اَحْمَدُ بْنُ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْيَقْطِيْنِيُّ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهُ زَنٰى بِفُلَانَةَ- امْرَاَةً سَمَّاهَا- فَبَعَثَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَرْاَةِ فَسَاَلَهَا فَاَنْكَرَتْ فَرَجَمَهُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَرَكَهَا.

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! اُس نے فلاں عورت کے ساتھ زنا کا ارتکاب کیا ہے' اُس نے اُس خاتون کا نام بھی لیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس خاتون کے پاس آدمی بھیجا' جس نے اُس سے (اس الزام) کے بارے میں دریافت کیا' اُس خاتون نے انکار کر دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس مرد کو سنگسار کروا دیا اور اُس خاتون کو ترک کر دیا (یعنی اُسے سزا نہیں دی)۔

3117- حَدَّثَنَا الْقَاضِى الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ

۳۱۱۶- كذا قال عباد بن اسحاق عن ابي حازم' و تابعه فليح بن سليمان عن ابي حازم' كما في الرواية الآتية' و صوب الدارقطني انه عن ابي حازم عن ابي امامة بن سهل-قلت: وروي عن ابي امامة عن ابي سعيد- و قيل: عن ابي امامة عن سعيد بن سعد بن عبادة- و قيل: عن سعد بن عبادة-راجع: تحفة الاشراف للمزي (۱/۶۸) ۱۵/۴) (۴۴۷۱ '۱۴۰) و سنن ابن ماجه في الحدود (۲/۸۵۹-۸۶۰) باب: الكبير و المريض يجب عليه الحد (۲۵۷۴) و الام للشافعي (۶/۱۳۶) باب: ما جاء في الضرير من خلقته يصيب الحد' و السنن الكبرى (۸/۲۳۰) و المعرفة (۱۳/۲۰۷) باب: الضرير في خلقته لا من مرض يصيب الحد-

۳۱۱۷- اخرجه البيهقي في السنن (۸/۲۳۰) كتاب الحدود' باب الضرير في خلقته لا من مرض يصيب الحد' من طريق الدارقطني' به-واخرجه -ايضاً- من طريق احمد بن جعفر بن نصر ثنا ابو موسى' به-

عَنْ فُلَيْحٍ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ وَلِيْدَةً فِىْ عَهْدِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَمَلَتْ مِنَ الزِّنَا فَسُئِلَتْ مَنْ اَحْبَلَكِ قَالَتْ اَحْبَلَنِى الْمُقْعَدُ فَسُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ فَاعْتَرَفَ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهُ لَضَعِيْفٌ عَنِ الْجَلْدِ . فَاَمَرَ بِمِائَةِ عُثْكُوْلٍ فَضَرَبَهُ بِهَا ضَرْبَةً وَّاحِدَةً . كَذَا قَالَ وَالصَّوَابُ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ایک لڑکی زنا کے نتیجے میں حاملہ ہوگئی' اُس سے پوچھا گیا: تمہیں کس نے حاملہ کیا ہے؟ اُس نے بتایا: مجھے المقعد (نامی صاحب) نے حاملہ کیا ہے' اُن صاحب سے اس بارے میں دریافت کیا گیا تو اُنہوں نے اپنے جرم کا اعتراف کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کوڑے برداشت نہیں کر سکے گا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت 100 ٹہنیاں لے کر اُن کے ذریعہ اُس شخص کو ایک ہی ضرب لگائی گئی۔

راوی نے اسی طرح بیان کیا ہے' لیکن درست یہ ہے: یہ ابوحازم کے حوالے سے' حضرت ابوامامہ بن سہل رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

3118 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيْدَ الزَّعْفَرَانِىُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ رَاشِدٍ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ مِهْرَانَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ وَيَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِىِّ قَالَ كَانَ مُقْعَدٌ عِنْدَ جِدَارِ سَعْدٍ فَفَجَرَ بِامْرَاَةٍ فَسُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ فَاعْتَرَفَ فَاَمَرَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّضْرَبَ بِاَكْثَالِ النَّخْلِ . قَالَ اَبُو الْحَسَنِ الصَّوَابُ اَثْكَالٌ.

☆☆ حضرت ابوامامہ بن سہل رضی اللہ عنہ' حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: مُقعد نامی صاحب' حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے گھر کے پاس رہتے تھے' اُنہوں نے ایک خاتون کے ساتھ زنا کیا' جب اُن سے اس بارے میں دریافت کیا گیا تو اُنہوں نے اپنے (جرم کا) اعتراف کرلیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُنہیں کھجور کی شاخیں ماری گئیں۔

امام دارقطنی فرماتے ہیں: (اس روایت میں لفظ ''اکثال'' استعمال ہوا ہے) لیکن درست لفظ ''اثکال'' (یعنی کھجور کی شاخیں) ہے۔

3119 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ السُّوْطِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ وَيَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ اَنَّ مُقْعَدًا اُحَيْنَ - فَذَكَرَ مِنْهُ زَمَانَةً - كَانَ عِنْدَ جِدَارِ اُمِّ سَعْدٍ فَظَهَرَ بِامْرَاَةٍ حَمْلٌ فَسُئِلَتْ فَقَالَتْ هُوَ

٣١١٨-اخرجه الطبراني في الكبير (٦/٢٨) رقم (٥٤٤٦): حدثنا علي بن عبد العزيز' ثنا عمرو بن عون الواسطي' ثنا سفيان بن عيينة' عن ابي الزناد و يحيى بن سعيد' به-قال الهيثمي في مجمع الزوائد (٦/٢٥٥): (اخرجه الطبراني' ورجاله رجال الصحيح)- اه-

٣١١٩-راجع الذي قبله-

مِنْهُ ـ فَاعْتَرَفَ فَاَمَرَ بِهِ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّجْلَدَ بِاَثْكَالِ النَّخْلِ ـ

★★ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ' حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: مُقعد نامی صاحب کا پیٹ کچھ بڑھا ہوا تھا' وہ اُم سعد کے گھر کے پاس رہتے تھے' ایک لڑکی حاملہ ہوگئی' اُس سے اس بارے میں دریافت کیا گیا تو اُس نے بتایا: وہ اُن (مُقعد نامی صاحب) سے حاملہ ہوئی ہے' اُن صاحب نے بھی اعتراف کرلیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُنہیں کھجور کی شاخوں کے ذریعہ سزا دی گئی۔

3120- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْاٰدَمِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْحُنَيْنِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِىُّ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى الزِّنَادِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ حَمَلَتْ اَمَةٌ فِىْ بَنِىْ سَاعِدَةَ مِنَ الزِّنَا فَلَمَّا وَضَعَتْ قِيْلَ لَهَا مِمَّنْ وَلَدُكِ قَالَتْ مِنْ فُلَانٍ - اِنْسَانٍ نِضْوٍ مَمْسُوْحٍ كَاَنَّهُ خِرْشَاءُ مِنْ ضَعْفِهٖ- فَسُئِلَ الْمُقْعَدُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ صَدَقَتْ هُوَ مِنِّىْ فَرُفِعَ اَمْرُهُ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا قَالَ وَاُخْبِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَيْئَةِ الرَّجُلِ وَاَنَّهُ لَا مَضْرَبَ فِيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذُوْا لَهُ عُثْكُوْلًا- يَعْنِىْ عِذْقًا- فِيْهِ مِائَةُ شِمْرَاخٍ وَّاضْرِبُوْهُ بِهٖ مَرَّةً وَّاحِدَةً ـ فَفَعَلُوْا ـ

★★ حضرت ابوامامہ بن سہل رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: بنوساعدہ کی ایک کنیز زنا کے نتیجہ میں حاملہ ہوگئی' جب اُس نے بچے کو جنم دے دیا تو اُس سے پوچھا گیا: تمہارا بچہ کس کی اولاد ہے؟ اُس نے جواب دیا: فلاں کی' وہ (ملزم) ایک نحیف اور کمزور شخص تھا' کمزوری کی وجہ سے اُس کی جلد سانپ کی طرح تھی' اُس سے اس بارے میں دریافت کیا گیا تو وہ بولا: اُس کنیز نے سچ کہا ہے' وہ بچہ میری اولاد ہے' یہ معاملہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا' اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اُس کی حالت کے بارے میں بتایا گیا کہ اُسے مارا نہیں جاسکتا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کیلئے شاخیں لو جس میں 100 ٹہنیاں ہوں اور وہ ایک ہی مرتبہ اسے مار دو' تو لوگوں نے ایسا ہی کیا۔

3121- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْمَارِسْتَانِىُّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ حَكِيْمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عَدِىٍّ عَنْ هِشَامِ بْنِ اَبِىْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ يَّحْيٰى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِى الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ امْرَاَةً اَتَتِ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِىَ حُبْلٰى مِنَ الزِّنَا فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَصَبْتُ حَدًّا فَاَقِمْهُ عَلَىَّ فَدَعَا وَلِيَّهَا فَقَالَ اَحْسِنْ اِلَيْهَا فَاِذَا وَضَعَتْ مَا فِىْ بَطْنِهَا فَاْتِنِىْ بِهَا ـ فَفَعَلَ فَاَمَرَ بِهَا النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشُدَّتْ- اَوْ شُكَّتْ- ثِيَابُهَا عَلَيْهَا ثُمَّ اَمَرَ بِهَا فَرُجِمَتْ ثُمَّ صَلّٰى عَلَيْهَا فَقِيْلَ لَهٗ رَجَمْتَهَا ثُمَّ تُصَلِّىْ عَلَيْهَا ـ فَقَالَ وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ تَابَهَا سَبْعُوْنَ مُذْنِبًا لَوَسِعَتْهُمْ وَهَلْ وَجَدْتَ اَفْضَلَ مِنْ اَنْ جَادَتْ

۳۱۲۰- راجع ما قبله-

۳۱۲۱- اخرجه مسلم في صحيحه رقم (۱۶۹۶/ ۲۴) و ابو داود رقم (۴۴۴۰) والنسائي (۴/ ۶۳-۶۴) والترمذي (۱۴۳۵) و الدارمي (۲/ ۱۰۱) و احمد (۴/ ۴۲۹-۴۳۰، ۴۳۵، ۴۳۷، ۴۴۰)- و عبد الرزاق (۷/ ۳۲۵) رقم (۱۳۳۴۸) و الطيالسي رقم (۸۴۸) و ابن حبان في صحيحه (۱۰/ ۲۵۰-۲۵۱) رقم (۴۴۰۳) و ابن الجارود رقم (۸۱۵) و البيهقي (۸/ ۲۲۵) و الطبراني (۱۸/ رقم) (۴۷۵) (۴۷۶) من طرق عن يحيى بن ابي كثير به-

بِنَفْسِهَا .

★★ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی جو زنا کے نتیجہ میں حاملہ ہوگئی تھی' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے قابلِ حد جرم کا ارتکاب کیا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ پر حد قائم کریں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے سرپرست کو بلایا اور ہدایت کی: تم اس کا خیال رکھو' جب یہ بچے کو جنم دے' تو اسے میرے پاس لے آنا' اُس شخص نے ایسا ہی کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُس کے جسم پر لباس کو اچھی طرح باندھ دیا گیا' پھر اُسے سنگسار کر دیا گیا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کی نمازِ جنازہ ادا کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی: پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے سنگسار کرا دیا تھا اور پھر اس کی نمازِ جنازہ بھی ادا کر لی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اُس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے' اس عورت نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر 70 گناہ گار یہ توبہ کرتے تو ان کیلئے کافی ہوتی' کیا تمہیں اُس سے افضل کوئی شخص مل سکتا ہے؟ جو اپنے آپ کو (اللہ تعالیٰ کے حکم کی فرمانبرداری میں) قربان کر دے۔

شرح:

ملا علی قاری نے یہ بات تحریر کی ہے: اکثر علماء نے اس حدیث کے مطابق یہ بات بیان کی ہے کہ حدود کفارہ بن جاتی ہیں اور جس حدیث میں یہ بات مذکور ہے

"مجھے نہیں معلوم کہ حدود کفارہ ہیں یا نہیں"

علماء نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ یہ اس سے پہلے کی حدیث ہے کیونکہ پہلی حدیث میں علم کی نفی کی ہے اور دوسری میں اس کا اثبات ہے، حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر اس نے ان گناہوں سے توبہ نہ کی ہو تو اس کو آخرت میں عذاب ہوگا کیونکہ توبہ نہ کرنا بھی ایک گناہ ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے

"جو لوگ توبہ نہیں کرتے یہی لوگ ظالم ہیں"

اس مسئلے پر تحقیق کرتے ہوئے علامہ زین الدین ابن نجیم نے یہ بات تحریر کی ہے "علماء کا اس بات پر اختلاف پایا جاتا ہے کہ جس شخص پر حد جاری ہو جائے پھر وہ شخص توبہ نہ کرے تو کیا وہ شخص گناہ سے پاک ہو جاتا ہے یا نہیں؟

ہمارے علماء کا مذہب یہ ہے کہ گناہ سے پاک ہونا حد کے احکام میں سے نہیں ہے اس لیے اگر کسی شخص پر حد جاری ہو جائے اور وہ توبہ نہ کرے تو ہمارے نزدیک اس سے وہ گناہ ساقط نہیں ہوگا۔ ہمارے علماء نے قرآن مجید میں قطاع الطریق کی آیت پر عمل کیا ہے۔

"یہ چیز دنیا میں ان کے لیے رسوائی کا باعث ہے اور آخرت میں انہیں عظیم عذاب ہوگا۔

تو اللہ تعالیٰ نے آخرت کے عذاب کو توبہ سے متعلق کیا ہے اور اس بات پر اتفاق ہے کہ توبہ کی وجہ سے دنیا میں حد ساقط نہیں ہوتی ہے اس لیے مذکورہ آیت میں مذکورہ استثناء کو آخرت کے عذاب کی طرف ہی لوٹایا جائے گا اور جن روایات میں یہ

بات مذکور ہے کہ جو شخص کسی گناہ کا ارتکاب کرے اور دنیا میں اسے سزا دے دی جائے تو یہ چیز اس کے لیے کفارہ بن جاتی ہے اس حدیث کو اس بات پر محمول کیا گیا ہے کہ جب وہ شخص سزا کے وقت توبہ کر لیتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ حدیث ظنی طور پر ثابت ہے اور قرآن کا حکم قطعی ہے جب ظنی اور قطعی میں تعارض ہو تو ظنی کو قطعی کے موافق کرنا لازم ہو جاتا ہے اور اس کے برعکس کرنا درست نہیں ہوتا۔

امام قاضی عیاض مالکی نے یہ بات بیان کی ہے کہ اس حدیث کے پیش نظر اکثر علماء اس بات کے قائل ہیں کہ حدود جرائم کا کفارہ بن جاتی ہیں جب کہ بعض علماء نے اس مسئلے کے بارے میں خاموشی اختیار کی ہے کیونکہ حضرت ابوہریرہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے

''مجھے نہیں معلوم کہ حدود کفارہ ہیں یا نہیں ہیں''

لیکن حضرت عبادہ بن صامت کے حوالے سے منقول روایت سند کے اعتبار سے زیادہ مستند ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حضرت ابوہریرہ کی روایت حضرت عبادہ سے پہلے کی ہو اور بعد میں آپ کو اس بات کا علم ہو گیا ہو اس لیے ان دونوں روایات کے درمیان کوئی تعارض نہیں ہوگا۔

3122- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ حَدَّثَنَا يَحْيَى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا هِشَامٌ بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ وَقَالَ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ رَجَمْتَهَا .وَقَالَ لَوْ تَابَهَا اَهْلُ الْمَدِينَةِ لَوَسِعَتْهُمْ هَلْ وَجَدْتَ اَفْضَلَ مِنْ اَنْ جَادَتْ بِنَفْسِهَا لِلَّهِ عَزَّ وَجَلَّ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے، تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے سنگسار کروایا (اور اب نمازِ جنازہ بھی ادا کر لی) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر مدینہ کے تمام افراد یہ توبہ کرتے تو یہ اُن سب کیلئے کافی ہوتی، کیا تمہیں اُس سے افضل کوئی شخص مل سکتا ہے، جو اللہ تعالیٰ کیلئے اپنی جان دیدے؟

3123- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْخَزَّازُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ حَدَّثَنِي اَبُو قِلَابَةَ حَدَّثَنِي اَبُو الْمُهَلَّبِ اَنَّ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ حَدَّثَهُمْ قَالَ جَاءَتِ امْرَاَةٌ مِنْ جُهَيْنَةَ اِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ.

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جہینہ قبیلہ سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی (اس کے بعد انہوں نے حسب سابق حدیث نقل کی ہے)۔

3124- حَدَّثَنَا اَبُو عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ اَخْبَرَنِي يَزِيدُ بْنُ خُصَيْفَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللَّهِ

۳۱۲۲- راجع الذي قبله-

۳۱۲۳- راجع الذي قبله-

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِىَ بِسَارِقٍ سَرَقَ شَمْلَةً فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ هٰذَا قَدْ سَرَقَ ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا إِخَالُهُ سَرَقَ ۔ قَالَ السَّارِقُ بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اذْهَبُوْا بِهٖ فَاقْطَعُوْهُ ثُمَّ احْسِمُوْهُ ثُمَّ ائْتُوْنِىْ بِهٖ ۔ فَقُطِعَ فَأُتِىَ بِهٖ فَقَالَ تُبْ إِلَى اللّٰهِ ۔ قَالَ قَدْ تُبْتُ إِلَى اللّٰهِ ۔ قَالَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْكَ ۔

رَوَاهُ الثَّوْرِىُّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خُصَيْفَةَ مُرْسَلاً ۔

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک چور کو لایا گیا' جس نے چادر چوری کی تھی' لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے چوری کی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا واقعی اس نے چوری کی ہے؟ چور نے عرض کی: یارسول اللہ! جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے لے جاؤ اور اس کا ہاتھ کاٹ دو! پھر اسے داغ لگاؤ (تاکہ خون بہنا بند ہو جائے) پھر اسے میرے پاس لے آؤ! اُس چور کا ہاتھ کاٹ دیا گیا اور اُسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرو! وہ بولا: میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہاری توبہ قبول کی۔

3125- حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خُصَيْفَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ قَالَ أُتِىَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَارِقٍ قَدْ سَرَقَ شَمْلَةً فَقَالَ أَسَرَقْتَ مَا إِخَالُهُ سَرَقَ ۔ قَالَ بَلٰى ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْطَعُوْهُ ثُمَّ احْسِمُوْهُ ۔ فَقَطَعُوْهُ ثُمَّ حَسَمُوْهُ فَقَالَ لَهُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُبْ ۔ قَالَ أَتُوْبُ إِلَى اللّٰهِ قَالَ اللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيْهِ ۔

☆☆ محمد بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک چور کو لایا گیا' جس نے چادر چوری کی تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نے واقعی چوری کی ہے؟ اُس نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کا ہاتھ کاٹ دو' پھر اسے داغ لگاؤ لوگوں نے اُس کا ہاتھ کاٹ دیا' پھر اسے داغ لگایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا: تم توبہ کرو! وہ بولا: میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے

۳۱۲۴- اخرجه الحاكم في الحدود (۴/۳۸۱) من طريق ابراهيم بن حمزة' ثنا عبد العزيز ابن محمد' به- وقال: (صحيح على شرط مسلم' و لم يخرجاه)- واخرجه البيهقي في الكبرى (۸/۲۷۱) من طريق الدارقطني ...... به- وقال: (و صله يعقوب عن عبد العزيز' و تابعه عليه غيره) قال: (واخرجه ابن المديني' فارسله لم يذكر ابا هريرة)- واخرجه ابن المديني عن عبد العزيز بن ابي حازم و سفيان الثوري عن ابن خصيفة)...... فذكره مرسلاً ثم قال: (لم يسنده و احد منهم فوق ابن ثوبان الى احد)- اه-

۳۱۲۵- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۷/۲۸۹- ۲۹۰) باب: شهدوا لرايناه على بطنها (۱۳۵۸۳) عن ابن جريج و الثوري عن ابن خصيفة' به هكذا مرسلا- واخرجه ابو عبيد القاسم بن سلام في (غريب الحديث)- كما في نصب الراية (۳/۳۷۱)- حدثنا اسماعيل بن جعفر عن يزيد بن خصيفة' به ايضاً مرسلاً- وقال: (ولم يسمع بالحسم في قطع السارق عن النبي صلى الله عليه وسلم الا في هذا الحديث)- قال الزيلعي: (واكرجه ابراهيم الحربي في كتابه (غريب الحديث) وقال: الحسم ان يكوى: لينقطع الدم' و كذلك قال ابو عبيد- وقال ابن القطان في كتابه: و يزيد بن خصيفة هو منسوب الى جده: فانه يزيد بن عبد الله بن خصيفة' و هو ثقة' بلا خلاف)- اه- قلت: واخرجه ابو داود في المراسيل: كما في تحفة الاشراف-

اللہ! اس کی توبہ قبول کر لے!

3126- حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا جُمْهُورُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا سَيْفُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

★★ محمد بن عبدالرحمٰن نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند روایت نقل کی ہے۔

3127- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي الثَّلْجِ حَدَّثَنَا يَعِيشُ بْنُ الْجَهْمِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمَّانِيُّ عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَلِمَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ إِذَا سَرَقَ السَّارِقُ قُطِعَتْ يَدُهُ الْيُمْنَى فَإِنْ عَادَ قُطِعَتْ رِجْلُهُ الْيُسْرَى فَإِنْ عَادَ ضَمَّنْتُهُ السِّجْنَ حَتَّى يُحْدِثَ خَيْرًا إِنِّي لَأَسْتَحْيِي اللَّهَ أَنْ أَدَعَهُ لَيْسَ لَهُ يَدٌ يَأْكُلُ بِهَا وَيَسْتَنْجِي بِهَا وَرِجْلٌ يَمْشِي عَلَيْهَا.

★★ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: جب کوئی شخص چوری کرے' تو اُس کا دایاں ہاتھ کاٹ دیا جائے' اگر وہ دوبارہ چوری کرے' تو اُس کا بایاں پاؤں کاٹ دیا جائے' اگر وہ پھر چوری کرے' تو میں اُسے قید کر دوں گا اور اُس وقت تک قید رکھوں گا جب تک وہ ٹھیک نہیں ہو جاتا' مجھے اس بات سے اللہ تعالیٰ سے حیاء آتی ہے کہ میں اُس (چور) کو ایسی حالت میں کر دوں کہ اُس کا کوئی بھی ہاتھ نہ ہو' جس کے ذریعہ وہ کچھ کھا سکے یا استنجاء کر سکے' یا اُس کا کوئی پاؤں نہ ہو جس کے ذریعہ وہ چل سکے۔

3128- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ الْحَنَّاطُ حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ مَيْسَرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ وَأُمُّهُ إِلَى عَلِيٍّ فَقَالَتْ إِنَّ ابْنِي هٰذَا قَتَلَ زَوْجِي فَقَالَ الِابْنُ إِنَّ عَبْدِي وَقَعَ عَلَى أُمِّي. فَقَالَ عَلِيٌّ خِبْتُمَا وَخَسِرْتُمَا إِنْ تَكُونِي صَادِقَةً يُقْتَلِ ابْنُكِ وَإِنْ يَكُنِ ابْنُكِ صَادِقًا نَرْجُمْكِ. ثُمَّ قَامَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ لِلصَّلَاةِ فَقَالَ الْغُلَامُ لِأُمِّهِ مَا تَنْتَظِرِينَ أَنْ يَقْتُلَنِي أَوْ يَرْجُمَكِ فَانْصَرَفَا فَلَمَّا

۳۱۲۶- اخرجه الحاكم (۴/۳۸۱) و البيهقي (۸/۲۷۵-۲۷۶) كتاب السرقة: باب ما جاء في الاقرار بالسرقة و الرجوع عنه- من طريق عبد العزيز بن محمد الدراوردي: اخبرني يزيد: به مرفوعاً: و صححه الحاكم على شرط مسلم- وراجع الذي قبله-

۳۱۲۷- اخرجه محمد بن الحسن في (كتاب الآثار): اخبرنا ابو حنيفة عن عمرو بن مرة عن عبد الله بن سلمة...... به: كما في نصب الراية (۳/۳۷۴)- قال الزيلعي: (واخرجه عبد الرزاق في (مصنفه): اخبرنا معمر عن جابر عن الشعبي: قال: كان علي لا يقطع الا اليد و الرجل: و ان سرق بعد ذلك سجنه: و يقول: (اني لا ستحي من الله الا ادع له يدا ياكل بها و يستنجي)- انتهى- و اخرجه ابن ابي شيبة في (مصنفه): حدثنا حاتم بن اسماعيل عن جعفر بن محمد عن ابيه قال: كان علي لا يزيد على ان يقطع السارق يدا و رجلا: فاذا اتي به بعد ذلك: قال: (اني لا ستحي ادعه لا يتطهر لصلاته: و لكن احبسوه)- انتهى- واخرجه البيهقي عن عبد الله بن سلمة عن علي انه اتي بسارق فقطع يده: ثم اتي به فقطع رجله: ثم اتي به فقال: اقطع يده! باي شيء يتمسح! و باي شيء ياكل! اقطع رجله: على اي شيء يمشي! اني لا ستحي من الله: ثم ضربه و خلده في السجن- انتهى)- الا وهذا الذي نقله الزيلعي عن البيهقي: في السنن الكبرى (۸/۲۷۵) كتاب السرقة: باب: السارق يعود فيسرق ثانيا و ثالثا و رابعا-

۳۱۲۸- اخرجه البيهقي في الكبرى (۸/۲۳۲) كتاب: الاشربة والحد فيها: باب: ماجاء في الشفاعة بالحدود من طريق الدارقطني: به-

صَلَّى سَأَلَ عَنْهُمَا فَقِيلَ انْطَلَقَا.

★★ میسرہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص اور اُس کی والدہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے وہ عورت بولی: میرے اس بیٹے نے میرے شوہر کو قتل کر دیا ہے تو بیٹا بولا: (مقتول) میرا غلام تھا جس نے میری ماں کے ساتھ زنا کیا' تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم دونوں رسوا ہوئے اور خسارے کا شکار ہوئے (اے عورت!) اگر تم سچی ہو تو تمہارے بیٹے کو قتل کر دیا جائے گا اور اگر تمہارا بیٹا سچا ہے' تو ہم تمہیں سنگسار کروا دیں گے۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نماز پڑھنے کیلئے تشریف لے گئے تو اُس لڑکے نے اپنی والدہ سے کہا: آپ کا کیا خیال ہے' یہ مجھے قتل کروا دیں یا آپ کو سنگسار کروا دیں؟ راوی کہتے ہیں: پھر وہ دونوں چلے گئے' جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو اُنہوں نے اُن دونوں کے بارے میں دریافت کیا' تو بتایا گیا: وہ دونوں جا چکے ہیں۔

3129- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْقَاضِىُّ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيدَ الْبَحْرَانِىُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ وَبِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ قَالاَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ أَوْسٍ - قَالَ بِشْرٌ وَهُوَ الَّذِى كَانَ يَقُولُ مُحَمَّدٌ عُقْبَةُ بْنُ أَوْسٍ - عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِىِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا دَخَلَ مَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ قَالَ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ وَحْدَهُ صَدَقَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الأَحْزَابَ وَحْدَهُ أَلاَ إِنَّ كُلَّ مَأْثُرَةٍ تُعَدُّ وَتُدْعَى وَدَمٍ وَمَالٍ تَحْتَ قَدَمَىَّ هَاتَيْنِ غَيْرَ سِدَانَةِ الْبَيْتِ وَسِقَايَةِ الْحَاجِّ أَلاَ وَإِنَّ قَتِيلَ خَطَإِ الْعَمْدِ قَتِيلَ السَّوْطِ وَالْعَصَا مِائَةٌ مِنَ الإِبِلِ مِنْهَا أَرْبَعُونَ فِى بُطُونِهَا أَوْلاَدُهَا .

★★ عقبہ بن اوس' ایک صحابی کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: فتح مکہ کے موقع پر جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا:

''اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' وہی ایک معبود ہے' اُس نے اپنے وعدے کو سچ ثابت کیا' اسی نے اپنے بندے کی مدد کی' اُسی نے (دشمنوں کے) لشکروں کو پسپا کیا' یاد رکھنا! ہر وہ چیز جو (معاشرے میں) بڑائی (اور فضیلت) سمجھی جاتی ہو اور شمار کی جاتی ہو' (زمانۂ جاہلیت کا ہر) خون (کا بدلہ) اور مال (یعنی ادائیگی)' وہ سب میرے ان دونوں قدموں کے نیچے ہے (یعنی میں اُسے کالعدم قرار دیتا ہوں) ماسوائے بیت اللہ کی خدمت کے اور حاجیوں کو پانی پلانے کی خدمت کے (کیونکہ یہ فضیلت کا معیار ہوں گی)' یاد رکھنا! قتلِ خطاء شبہ عمد یہ ہے کہ لاٹھی یا عصا کے ذریعہ (کسی کو مارا گیا ہو) اُس کی دیت سو اونٹ ہیں' جن میں سے چالیس حاملہ اونٹنیاں ہوں گی''۔

3130- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِىٍّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِىِّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ فِى أَسْنَانِ الإِبِلِ وَلَمْ يَذْكُرْ غَيْرَ ذَلِكَ . كَذَا رَوَاهُ أَيُّوبُ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ رَبِيعَةَ لَمْ يَذْكُرْ يَعْقُوبَ بْنَ أَوْسٍ وَأَسْنَدَهُ

۳۱۲۹-تقدم- ۳۱۳۰-تقدم-

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو .وَرَوَاهُ عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ .كَذٰلِكَ رَوَاهُ عَنْهُ ابْنُ عُيَيْنَةَ وَمَعْمَرٌ .وَخَالَفَهُمَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ فَرَوَاهُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ يَعْقُوبَ السَّدُوسِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَذْكُرِ الْقَاسِمَ بْنَ رَبِيعَةَ وَاَسْنَدَهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ .وَرَوَاهُ حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَهُ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْهُ.

☆☆ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

3131- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا حَنْبَلُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ خَالِدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ اَوْسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا فَتَحَ مَكَّةَ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ صَدَقَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهُ اَلَا اِنَّ كُلَّ مَاثُرَةٍ كَانَتْ تُعَدُّ اَوْ تُدْعَى تَحْتَ قَدَمَيَّ هَاتَيْنِ اِلَّا السِّدَانَةَ وَالسِّقَايَةَ اَلَا وَاِنَّ قَتِيلَ الْخَطَاِ شِبْهِ الْعَمْدِ قَتِيلَ السَّوْطِ وَالْعَصَا دِيَةٌ مُغَلَّظَةٌ مِنْهَا اَرْبَعُونَ فِي بُطُونِهَا اَوْلَادُهَا .يَعْنِيْ مِائَةً مِنَ الْاِبِلِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: فتح مکہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے وہی ایک معبود ہے اُس نے اپنے وعدے کو سچ ثابت کیا اس نے اپنے بندے کی مدد کی اُسی نے (دشمنوں کے) لشکروں کو پسپا کیا یاد رکھنا! ہر وہ چیز جو (معاشرے میں) بڑائی (اور فضیلت) سمجھی جاتی ہو اور شمار کی جاتی ہو (زمانۂ جاہلیت کا ہر) خون (کا بدلہ) اور مال (یعنی ادائیگی) وہ سب میرے ان دونوں قدموں کے نیچے ہے (یعنی میں اُسے کالعدم قرار دیتا ہوں) ماسوائے بیت اللہ کی خدمت کے اور حاجیوں کو پانی پلانے کی خدمت کے (کیونکہ یہ فضیلت کا معیار ہوں گے) یاد رکھنا! قتلِ خطاء شبہ عمد یہ ہے کہ لاٹھی یا عصا کے ذریعہ (کسی کو مارا گیا ہو) اُس کی دیت مغلظہ ہے جن میں سے چالیس حاملہ اونٹنیاں ہوں گی۔ (راوی کہتے ہیں:) یعنی اس کی دیت سو اونٹ ہے۔

3132- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى بْنِ السُّكَيْنِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ زُرَيْقٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الرَّبِيعِ عَنْ عُقْبَةَ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ الثَّوْرِيِّ عَنْ خَالِدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ اَوْسٍ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ وَقَالَ ابْنُ سُكَيْنٍ اَلَا اِنَّ قَتِيلَ خَطَاِ الْعَمْدِ قَتِيلَ السَّوْطِ وَالْعَصَا .نَحْوَهُ.

☆☆ حضرت عقبہ بن اوس ایک صحابی کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ

۳۱۳۱-تقدم- ۳۱۳۲-تقدم-

تشریف لائے (اُس کے بعد اُنہوں نے حسب سابق حدیث ذکر کی ہے)۔

ابن سکین نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: خطاء عمد کا مقتول وہ ہے، جسے لاٹھی یا عصا کے ذریعہ (قتل کیا گیا ہو)۔

3133- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِىْ اِسْرَائِيْلَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَامَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى دَرَجِ الْكَعْبَةِ يَوْمَ الْفَتْحِ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ صَدَقَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهُ اَلَا اِنَّ قَتِيْلَ الْعَمْدِ الْخَطَاِ بِالسَّوْطِ اَوِ الْعَصَا مِائَةٌ مِنَ الْاِبِلِ مُغَلَّظَةٌ فِيْهَا اَرْبَعُوْنَ خَلِفَةً فِىْ بُطُوْنِهَا اَوْلَادُهَا اَلَا اِنَّ كُلَّ مَاثُرَةٍ فِى الْجَاهِلِيَّةِ وَدَمٍ وَّمَالٍ تَحْتَ قَدَمَىَّ هَاتَيْنِ اِلَّا مَا كَانَ مِنْ سِدَانَةِ الْبَيْتِ اَوْ سِقَايَةِ الْحَاجِّ فَاِنِّىْ اَمْضَيْتُهَا لِاَهْلِهَا كَمَا كَانَتْ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: فتح مکہ کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ (میں داخلے کی) سیڑھی پر کھڑے ہوئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"ہر طرح کی حمد اُس اللہ کیلئے مخصوص ہے، جس نے اپنا وعدہ پورا کیا، اپنے بندے کی مدد کی، اُسی نے (کفار کے) لشکروں کو پسپا کیا، یاد رکھنا! قتلِ خطاء کا مقتول وہ ہے، جسے لاٹھی یا عصا کے ذریعہ مارا گیا ہو، اُس کی دیت مغلظہ یعنی 100 اونٹ ہوگی، جس میں چالیس حاملہ اونٹنیاں ہوں گی، زمانۂ جاہلیت کی ہر ترجیحی وجہ، (زمانۂ جاہلیت کا ہر) خون (کا بدلہ) اور مال (یعنی ادائیگی) میرے ان دونوں قدموں کے نیچے ہے (یعنی میں اُنہیں کالعدم قرار دیتا ہوں) ماسوائے (دو چیزوں کے) خانہ کعبہ کی خدمت اور حاجیوں کو پانی پلانے کی خدمت، میں انہیں متعلقہ لوگوں کیلئے برقرار رکھتا ہوں جیسے یہ پہلے (زمانۂ جاہلیت میں) تھیں"۔

3134- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِىُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَلٰى دَرَجِ الْكَعْبَةِ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خانہ کعبہ کی سیڑھی پر کھڑے ہو کر یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا (اُس کے بعد اُنہوں نے حسب سابق حدیث ذکر کی ہے)۔

3135- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْمَحَامِلِىُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ الطَّرَسُوْسِىُّ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ هُوَ ابْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِىْ بَكْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا قَوَدَ اِلَّا بِالسَّيْفِ .

☆☆ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قصاص صرف تلوار کے ذریعہ لیا جا سکتا ہے۔

۳۱۳۳- تقدم- ۳۱۳۴- راجع الذی قبلہ- ۳۱۳۵- تقدم-

3136- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّعْمَانِيُّ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجَرْجَرَائِيُّ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ عَنْ مُبَارَكٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا قَوَدَ اِلَّا بِالسَّيْفِ . قَالَ يُوْنُسُ قُلْتُ لِلْحَسَنِ عَمَّنْ اَخَذْتَ هٰذَا قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ يَذْكُرُ ذٰلِكَ.

☆☆ حسن (بصری) بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قصاص صرف تلوار کے ذریعہ لیا جا سکتا ہے۔

یونس نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں نے حسن بصری سے دریافت کیا: آپ نے یہ حدیث کس سے سنی ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: میں نے حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کو یہ ذکر کرتے ہوئے سنا ہے۔

3137- حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا جَدِّيْ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ وَّاَبُوْ قُتَيْبَةَ وَابْنُ بِنْتِ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ عَنْ اَبِيْ عَازِبٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ شَيْءٍ خَطَأٌ اِلَّا السَّيْفَ وَفِيْ كُلِّ خَطَإٍ اَرْشٌ . تَابَعَهُ زُهَيْرٌ وَّقَيْسٌ وَّغَيْرُهُمَا عَنْ جَابِرٍ . وَقَالَ وَرْقَاءُ عَنْ جَابِرٍ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ اَرَاكٍ عَنِ النُّعْمَانِ فَاِنْ كَانَ حَفِظَ فَهُوَ اسْمُ اَبِيْ عَازِبٍ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ.

☆☆ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: تلوار کے علاوہ' ہر چیز (کے ذریعہ کیا جانے والا قتل) قتلِ خطاء شمار ہوگا' اور قتلِ خطاء میں دیت (کی ادائیگی لازم) ہوگی۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3138- حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُدَيْلٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَامِرٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ شَيْءٍ خَطَأٌ اِلَّا السَّيْفَ وَلِكُلِّ خَطَإٍ اَرْشٌ . كَذَا قَالَ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَامِرٍ وَّالَّذِيْ قَبْلَهُ اَصَحُّ .

☆☆ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: تلوار کے علاوہ' ہر چیز (کے ذریعہ کیا جانے والا قتل) قتلِ خطاء شمار ہوگا' اور قتلِ خطاء میں دیت (کی ادائیگی لازم) ہوگی۔

راوی نے اسے جابر نامی راوی کے حوالے سے' عامر نامی راوی کے حوالے سے نقل کیا ہے' لیکن پہلی روایت زیادہ مستند ہے۔

3139- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا سَعْدَانُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيْلٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ وَّقَيْسٌ عَنْ

٣١٣٦-تقدم-

٣١٣٧-اخرجه البيهقي في سننه (٤٢/٨) من طريق سفيان' به- قال الزيلعي في نصب الراية (٣٣٢/٤): اخرجه بهذا اللفظ احمد في مسنده' فقال: حدثنا وكيع' ثنا سفيان عن جابر الجعفي عن ابي عازب عن النعمان بن بشير' قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ...... فذكره- و اخرجه ايضاً من حديث ورقاء عن جابر عن مسلم بن اراك عن النعمان بن بشير مرفوعًا: (كل شيء خطا الا ما كان بحديدة' و لكل خطا ارش)- انتهى- و مسلم بن اراك هو ابو عازب ليس بمعروف- قال في (التنقيح): وقال ابو حاتم: اسمه: مسلم بن عمرو- قال: و على كل حال فابو عازب ليس بمعروف- انتهى -قال البيهقي في المعرفة: والحديث مداره على جابر الجعفي و قيس بن الربيع' و هما غير محتج بهما)- انتهى كلام الزيلعي- و انظر -ايضًا- : نصب الراية (٣٤٤/٤)-

٣١٣٨-راجع الذي قبله- ٣١٣٩-راجع الذي قبله-

جَابِرٍ عَنْ اَبِيْ عَازِبٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ شَيْءٍ سِوَى الْحَدِيْدَةِ فَهُوَ خَطَأٌ وَّفِيْ كُلِّ خَطَإٍ اَرْشٌ.

☆☆ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: لوہے (کے ہتھیار) کے علاوہ ہر چیز (کے ذریعہ کیا جانے والا قتل) قتلِ خطاء شمار ہوگا' اور قتلِ خطاء میں دیت (کی ادائیگی لازم) ہوگی۔

3140- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا سَعْدَانُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيْلٍ حَدَّثَنَا قَيْسٌ عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ ابْنِ بِنْتِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

☆☆ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

3141- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ حَبَّانَ مَوْلٰى بَنِيْ هَاشِمٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ عَنْ جَابِرٍ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ اَرَاكٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ شَيْءٍ خَطَأٌ اِلَّا مَا كَانَ اُصِيْبَ بِحَدِيْدَةٍ وَّلِكُلِّ خَطَإٍ اَرْشٌ.

☆☆ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: لوہے (کے ہتھیار) کے علاوہ ہر چیز (کے ذریعہ کیا جانے والا قتل) قتلِ خطاء شمار ہوگا' اور قتلِ خطاء میں دیت (کی ادائیگی لازم) ہوگی۔

3142- حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الصَّوَّافُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيْعٍ عَنْ اَبِيْ شَيْبَةَ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ جَابِرٍ عَنْ اَبِيْ عَازِبٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْقَوَدُ بِالسَّيْفِ وَالْخَطَأُ عَلَى الْعَاقِلَةِ . كَذَا قَالَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ .

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: قصاص صرف اُس وقت لیا جائے گا جب تلوار کے ذریعہ قتل کیا گیا ہو اور قتلِ خطاء میں (دیت کی ادائیگی قاتل کے) خاندان پر عائد ہوگی۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اسی طرح منقول ہے۔

3143- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ ابْنُ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ عِكْرِمَةَ اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَرَّقَ نَاسًا ارْتَدُّوْا عَنِ الْاِسْلَامِ فَبَلَغَ ذٰلِكَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَمْ اَكُنْ لِاُحَرِّقَهُمْ بِالنَّارِ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُعَذِّبُوْا بِعَذَابِ اللّٰهِ . وَكُنْتُ اَقْتُلُهُمْ لِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

۳۱۴۰- راجع الذي قبله- ۳۱۴۱- راجع الذي قبله- ۳۱۴۲- تقدم-

۳۱۴۳- اخرجه البخاري في الجهاد (۱۷۳/۶) باب: لا يعذب بعذاب الله (۳۰۱۷) و ابو داود في الحدود (۵۳۰/۲) باب: الحكم فيمن ارتد (۴۳۵۱) و النسائي في تحريم الدم (۱۰۴/۷) باب: الحكم في المرتد' و ابن ماجه في الحدود (۸۴۸/۲) باب: المرتد عن دينه (۲۵۳۵) و كذلك عبد الرزاق (۹۴۱۳) و الحميدي (۵۳۳) و احمد (۲۸۲/۱) و ابن الجارود (۸۴۳) و ابو يعلى (۲۵۳۲) و ابن حبان (۴۴۵۹) و الحاكم (۵۳۸/۳-۵۳۹) و البيهقي (۱۹۵/۸) من طرق عن عكرمة' به- و غفل الحاكم' فصححه على شرط البخاري! وقد سبق عزوه للبخاري- واخرجه النسائي في تحريم الدم (۱۰۵/۷) باب: الحكم في المرتد' و احمد (۳۲۲/۱) و ابو يعلى (۲۵۳۳) و ابن حبان (۴۴۷۳) و البيهقي (۲۰۲/۸) من طريق انس بن مالك عن ابن عباس' بنحوه-

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَدَّلَ دِيْنَهُ فَاقْتُلُوْهُ . قَالَ فَبَلَغَ ذٰلِكَ عَلِيًّا فَقَالَ وَيْحَ ابْنِ عَبَّاسٍ . هٰذَا ثَابِتٌ صَحِيْحٌ.

★★ عکرمہ بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مرتد ہو جانے والے کچھ لوگوں کو جلوا دیا۔ اس بات کی اطلاع حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو ملی تو اُنہوں نے فرمایا: میں اُن لوگوں کو آگ میں نہ جلواتا' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اللہ تعالیٰ کے عذاب دینے کے طریقے کی طرح (یعنی آگ میں جلا کر) کسی کو عذاب (یعنی سزا) نہ دو۔

(حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا:) میں اُن لوگوں کو قتل کروا دیتا کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جو شخص اپنا دین (یعنی اسلام) تبدیل کر لے' اُسے قتل کر دو''۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس بات کی اطلاع حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ملی تو اُنہوں نے فرمایا: ابن عباس رضی اللہ عنہما کا ستیاناس ہو!

یہ روایت ثابت ہے اور صحیح ہے۔

3144- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ الْحَضْرَمِیُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِىْ حَثْمَةَ وَمُحَيِّصَةَ بْنِ مَسْعُوْدِ بْنِ زَيْدٍ اَنَّهُمَا اَتَيَا خَيْبَرَ وَهِىَ يَوْمَئِذٍ صُلْحٌ فَتَفَرَّقَا لِحَوَائِجِهِمَا فَاَتٰى مُحَيِّصَةُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَهْلٍ وَّهُوَ يَتَشَحَّطُ فِىْ دَمِهٖ قَتِيلاً فَدَفَنَهٗ ثُمَّ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ وَانْطَلَقَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَهْلٍ وَّحُوَيِّصَةُ وَمُحَيِّصَةُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَهَبَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ يَتَكَلَّمُ وَهُوَ اَحْدَثُ الْقَوْمِ سِنًّا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَبِّرِ الْكُبْرَ . فَسَكَتَ فَتَكَلَّمَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَحْلِفُوْنَ خَمْسِيْنَ مِنْكُمْ فَتَسْتَحِقُّوْنَ دَمَ صَاحِبِكُمْ اَوْ قَاتِلِكُمْ . قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ نَحْلِفُ وَلَمْ نَشْهَدْ وَلَمْ نَرَ . قَالَ اَتُبَرِّئُكُمْ يَهُوْدُ بِخَمْسِيْنَ يَمِيْنًا . قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ نَاْخُذُ اَيْمَانَ قَوْمٍ كُفَّارٍ فَعَقَلَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهٖ .

★★ بشیر بن یسار' حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ اور حضرت محیصہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں: یہ ''دونوں حضرات خیبر تشریف لے گئے' اُن دنوں (مسلمانوں اور یہودیوں کی) صلح چل رہی تھی' یہ دونوں حضرات اپنے اپنے کام کے سلسلے میں ایک دوسرے سے جدا ہو گئے' حضرت محیصہ رضی اللہ عنہ (اپنے دوسرے ساتھی) حضرت عبداللہ بن سہل رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے تو وہ خون میں لت پت تھے' اور قتل ہو چکے تھے۔ حضرت محیصہ رضی اللہ عنہ نے اُنہیں دفن کیا' بعد میں

۳۱۴۴- اخرجه الشافعي (۲/ ۱۱۳-۱۱۴) و عبد الرزاق (۱۸۲۵۹) و الحميدي (۴۰۳) و احمد (۴/ ۲) و البخاري في الصلح (۲۷۰۲) باب: الصلح مع المشركين' و في الجهاد (۳۱۷۳) باب: الموادعة و المصالحة مع المشركين بالمال وغيره' و مسلم في القسامة (۱۶۶۹) باب: القسامة' و النسائي في القسامة (۸/ ۹-۱۱) باب: تبرئة اهل الدم في القسامة' و الترمذي في الديات (۱۴۲۲) باب: ما جاء في القسامة' و البيهقي في الكبرى (۸/ ۱۱۸' ۱۱۹) من طرق عن يحيى بن سعيد' به-

جب وہ مدینہ منورہ آئے' تو عبدالرحمٰن بن سہل' حویصہ بن مسعود اور محیصہ بن مسعود' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ عبدالرحمٰن بن سہل گفتگو کرنے لگے' وہ ان تینوں میں سب سے کم عمر تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے بڑے کو موقع دو! تو وہ خاموش ہو گئے' بقیہ دونوں حضرات نے بات کی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارے پچاس افراد حلف اُٹھا کر اپنے ساتھی کے خون (کے بدلے' راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) اپنے قاتل کے خون کے مستحق بننے کے لیے تیار ہو جائیں گے؟ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کیسے حلف اُٹھا سکتے ہیں؟ جبکہ ہم وہاں موجود ہی نہیں تھے' ہم نے (قتل ہوتے) دیکھا ہی نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو یہودیوں کے پچاس افراد قسم اُٹھا کر بری الذمہ ہو جائیں گے' اُنہوں نے عرض کی: ہم کفار کی قسموں کا کیسے اعتبار کریں؟ راوی بیان کرتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی طرف سے اُن لوگوں کو دیت ادا کی۔

شرح:

علامہ ابن قدامہ تحریر کرتے ہیں:

''جب کسی جگہ پر کوئی شخص مقتول پایا جائے اس کے ورثاء کسی متعین شخص یا کس متعین جماعت کے خلاف قتل کا دعویٰ کر دیں اور ان لوگوں کے درمیان آپس میں دشمنی بھی ہو لیکن قتل کا قرینہ موجود نہ ہو تو اس کا حکم بھی دوسرے دعویٰ جات کی طرح ہوگا اگر مقتول کے ورثاء کے پاس گواہ موجود ہوں گے تو ان کی گواہی کی بنیاد پر ان کے حق میں فیصلہ دیا جائے گا ورنہ انکار کرنے والے کے قول کا اعتبار کیا جائے گا۔ امام مالک، امام شافعی اور امام منذر بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

امام ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب اس بات کے قائل ہیں کہ مقتول کے ورثاء کسی محلے کے افراد یا کس متعین شخص کے خلاف قتل کا دعویٰ کر دیں تو مقتول کے ولی کے لیے اس محلے کے پچاس آدمیوں سے قسم لینا جائز ہوگا۔ وہ اس طرح سے قسم اٹھائیں گے کہ اللہ کی قسم! ہم نے اس شخص کو قتل نہیں کیا ہے اور ہمیں اس کے قاتل کا علم بھی نہیں ہے جب وہ اہل محلہ قسم اٹھالیں گے تو ان پر دیت کی ادائیگی واجب ہو جائے گی اگر وہ قسم نہیں اٹھائیں گے تو انہیں قید کر دیا جائے گا جب تک وہ قسم نہیں اٹھاتے یا قتل کا اقرار نہیں کر لیتے۔ کیونکہ ایک روایت میں یہ بات منقول ہے کہ ایک شخص کو دو قبیلوں کے درمیان مقتول پایا گیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے پچاس قسمیں لی تھیں اور جو قبیلہ زیادہ قریب تھا اس پر دیت کی ادائیگی کو لازمی قرار دیا تھا۔ اس پر ان لوگوں نے یہ کہا تھا خدا کی قسم! نہ تو ہماری قسمیں ہمارے مال کو بچا سکی ہیں اور نہ ہی ہمارے مال نے ہماری قسموں کو بچایا ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا تمہارے مال نے تمہاری جانوں کو بچا لیا ہے۔ (المغنی جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 383)

3145- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِىْ اُوَيْسٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيْبٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ اَنَّ بُشَيْرَ بْنَ يَسَارٍ مَوْلٰى بَنِىْ حَارِثَةَ بْنِ الْحَارِثِ اَخْبَرَهٗ وَكَانَ شَيْخًا فَقِيْهًا كَبِيْرًا وَكَانَ قَدْ اَدْرَكَ مِنْ

۳۱۴۵- راجع الذي قبله-

اَهْلِ دَارِهِ مِنْ بَنِىْ حَارِثَةَ رِجَالاً مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ رَافِعُ بْنُ خَدِيْجٍ وَّسَهْلُ بْنُ اَبِىْ حَثْمَةَ وَسُوَيْدُ بْنُ النُّعْمَانِ حَدَّثُوْهُ اَنَّ الْقَسَامَةَ كَانَتْ فِيْهِمْ فِىْ بَنِىْ حَارِثَةَ بْنِ الْحَارِثِ فِىْ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ يُدْعٰى عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلٍ قُتِلَ بِخَيْبَرَ فَذَكَرَ بُشَيْرٌ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلِ بْنِ زَيْدٍ وَّمُحَيِّصَةَ بْنَ مَسْعُوْدِ بْنِ زَيْدٍ مِّنْ بَنِىْ حَارِثَةَ بْنِ الْحَارِثِ خَرَجَا اِلٰى خَيْبَرَ فِىْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِىَ يَوْمَئِذٍ صُلْحٌ وَّاَهْلُهَا الْيَهُوْدُ فَتَفَرَّقَ عَبْدُ اللّٰهِ وَمُحَيِّصَةُ بِخَيْبَرَ فِىْ حَوَائِجِهِمَا ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ وَقَالَ كَيْفَ نَقْبَلُ اَيْمَانَ قَوْمٍ كُفَّارٍ.

☆☆ بنوحارثہ کے آزادکردہ غلام بشیر بن یسار جو ایک بزرگ اور سمجھدار آدمی تھے اور انہوں نے اپنے (آقا کے) خاندان بنوحارثہ سے تعلق رکھنے والے کچھ صحابہ کرام کی زیارت بھی کی ہوئی تھی' جن میں حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ' حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ اور حضرت سوید بن نعمان رضی اللہ عنہ شامل ہیں' بشیر بن یسار اُن حضرات کے حوالے سے یہ بات بیان کرتے ہیں: قسامت کا حکم بنوحارثہ کے بارے میں آیا تھا' انصار کے ایک فرد حضرت عبداللہ بن سہل رضی اللہ عنہ خیبر میں قتل کر دیے گئے۔

بشیر نے یہ بات ذکر کی: حضرت عبداللہ بن سہل رضی اللہ عنہ اور حضرت محیصہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا تعلق بنوحارثہ سے تھا' یہ دونوں حضرات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں خیبر تشریف لے گئے' اُن دنوں (مسلمانوں اور یہودیوں کے درمیان) صلح چل رہی تھی' خیبر میں یہودی ہی رہتے تھے' خیبر میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اور حضرت محیصہ رضی اللہ عنہ اپنے اپنے کام کے سلسلے میں ایک دوسرے سے جدا ہو گئے (اس کے بعد انہوں نے حسب سابق حدیث نقل کی ہے) تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: ہم کفار کی قوم کی قسموں کو کیسے قبول کر سکتے ہیں؟

3146- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ مَوْلَى الْاَنْصَارِ عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِىْ حَثْمَةَ وَرَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ اَنَّهُمَا حَدَّثَاهُ اَوْ حَدَّثَا اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلٍ وَّمُحَيِّصَةَ اَتَيَا خَيْبَرَ .ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ.

☆☆ بشیر بن یسار' حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ اور حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: ان دونوں حضرات نے یہ بات بیان کی ہے: حضرت عبداللہ بن سہل رضی اللہ عنہ اور حضرت محیصہ رضی اللہ عنہ خیبر گئے (اُس کے بعد حسب سابق حدیث ہے)۔

3147- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ سَعْدَوَيْهِ عَنْ عَبَّادٍ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ خَرَجَ مُحَيِّصَةُ وَحُوَيِّصَةُ ابْنَا مَسْعُوْدٍ

٣١٤٦- اخرجه احمد ٤٠/١٤٢ ' و البخاري في الادب (٦١٤٢' ٦١٤٣) بباب: اكرام الكبير و يبدا الاكبر بالكلام و السوال ' و مسلم في القسامة (١٦٦٩) باب: القسامة' و ابو داود في الديات (٤٥٢٠) باب: القتل بالقسامة' و النسائي في القسامة (٨/٨-٩) باب: تبرئة اهل الدم في القسامة' والبيهقي في الكبرى (٨/١١٨-١١٩) من طرق عن حماد بن يزيد' به-

٣١٤٧- اسناده ضعيف: فيه الحجاج بن ارطاة' تقدمت ترجمته مرارًا-

وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلٍ اِلٰى خَيْبَرَ يَمْتَارُوْنَ فَتَفَرَّقُوْا لِحَاجَتِهِمْ فَمَرُّوا بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَهْلٍ قَتِيلاً فَرَجَعُوْا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرُوْهُ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْلِفُونَ خَمْسِينَ قَسَامَةً تَسْتَحِلُّونَ بِهِ قَاتِلَكُمْ . فَكَرِهُوا قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَحْلِفُ عَلَى الْغَيْبِ نَحْلِفُ عَلٰى اَمْرٍ غِبْنَا عَنْهُ قَالَ فَتَحْلِفُ الْيَهُوْدُ خَمْسِينَ يَمِينًا فَيَبْرَءُ وْنَ . قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَقْبَلُ اَيْمَانَ قَوْمٍ كُفَّارٍ فَاَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَالٌ مِنْ مَّالِ الصَّدَقَةِ فَوَدَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِ .

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت محیصہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' حضرت حویصہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ (بن سہل) اور حضرت عبداللہ بن سہل رضی اللہ عنہ خیبر گئے' وہاں یہ حضرات اپنے کام کے سلسلے میں ایک دوسرے سے جدا ہو گئے' پھر انہیں حضرت عبداللہ بن سہل رضی اللہ عنہ مقتول ملے' یہ حضرات واپس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا: تم پچاس افراد قسامت کے طور پر قسم اُٹھا کر اپنے قاتل (کو سزا) دے سکتے ہو' تو اُن حضرات کو یہ گوارا نہیں ہوا' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم غیب کے بارے میں کیسے قسم اُٹھا سکتے ہیں' ہم ایک ایسے معاملے کے بارے میں قسم اُٹھائیں جس میں ہم موجود ہی نہیں تھے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر یہودیوں کے پچاس افراد قسم اُٹھا کر بری الذمہ ہو جائیں گے۔ اُن حضرات نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم کفار کی قسموں کو قبول کر لیں؟ (راوی بیان کرتے ہیں:) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں زکوٰۃ کا مال آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اُس (مقتول) کی دیت ادا کی۔

3148- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّائِيُّ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ رَجُلاً مِنَ الْاَنْصَارِ يُقَالُ لَهٗ سَهْلُ بْنُ اَبِيْ حَثْمَةَ اَخْبَرَهٗ اَنَّ نَفَرًا مِّنْ قَوْمِهٖ انْطَلَقُوْا اِلٰى خَيْبَرَ فَتَفَرَّقُوْا فِيْهَا فَوَجَدُوْا اَحَدَهُمْ قَتِيلاً فَقَالُوْا لِلَّذِيْنَ وَجَدُوْهُ عِنْدَهُمْ قَتَلْتُمْ صَاحِبَنَا . قَالُوْا مَا قَتَلْنَا وَلَا عَلِمْنَا قَاتِلاً . فَانْطَلَقُوْا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ انْطَلَقْنَا اِلٰى خَيْبَرَ فَوَجَدْنَا اَحَدَنَا قَتِيلاً . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكُبْرَ الْكُبْرَ . فَقَالَ لَهُمْ تَاْتُوْنَ بِالْبَيِّنَةِ عَلٰى مَنْ قَتَلَ . قَالُوْا مَا لَنَا بَيِّنَةٌ . قَالَ فَيَحْلِفُونَ لَكُمْ . قَالُوْا لَا نَرْضٰى اَيْمَانَ الْيَهُوْدِ وَكَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّبْطِلَ دَمَهٗ فَوَدَاهُ مِائَةً مِنْ اِبِلِ الصَّدَقَةِ.

☆☆ بشیر بن یسار بیان کرتے ہیں: انصار سے تعلق رکھنے والے ایک صحابی' جن کا نام حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ تھا' اُنہوں نے یہ بات بتائی ہے: وہ اپنے قبیلہ کے کچھ افراد کے ہمراہ خیبر گئے' وہاں وہ لوگ ایک دوسرے سے جدا ہو گئے' پھر اُنہوں نے اپنے ایک فرد کو مقتول پایا تو جن لوگوں کے پاس اُنہوں نے مقتول کو پایا تھا' اُن لوگوں سے اُنہوں نے کہا: تم نے

۳۱۴۸- راجع الذي قبله-

ہمارے ساتھی کو قتل کیا ہے' تو وہ لوگ بولے: ہم نے قتل نہیں کیا اور نہ ہی ہمیں قاتل کے بارے میں علم ہے' پھر یہ حضرات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' اُنہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! ہم خیبر گئے تھے' وہاں ہم نے اپنے ایک فرد کو مقتول پایا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پہلے بڑے کو موقع دو! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا: تم اس بارے میں ثبوت پیش کرو کہ کس نے اسے قتل کیا ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: ہمارے پاس کوئی ثبوت نہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر وہ (یہودی) قسم اُٹھا لیں (اور بری الذمہ ہو جائیں گے)' اُن حضرات نے عرض کی: ہم یہودیوں کے قسم اُٹھانے پر راضی نہیں ہوں گے۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بھی اچھا نہیں لگا کہ مقتول کا خون رائیگاں جائے' اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود زکوٰۃ کے اونٹوں میں سے ایک سو اونٹ دیت کے طور پر ادا کیے۔

3149- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَمَّالُ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُبَيْدٍ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

3150- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْمَارِسْتَانِيُّ وَالْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ قَالَا حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْاَسَدِيُّ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا قَيْسٌ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ قَالَ خَرَجَ قَوْمٌ مِنَ الْاَنْصَارِ اِلٰى خَيْبَرَ فَقُتِلَ رَجُلٌ مِنْهُمْ فَرُفِعَ ذٰلِكَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بَيِّنَتُكُمْ . قَالُوْا مَا لَنَا بَيِّنَةٌ قَالَ فَتُنَفِّلُكُمْ اَيْمَانَهُمْ . قَالُوْا اِذًا تَقْتُلَنَا الْيَهُوْدُ . قَالَ فَاَيْمَانُكُمْ اَنْتُمْ . قَالُوْا لَمْ نَشْهَدْ . قَالَ فَوَدَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَّالٍ اَتَاهُ.

☆☆ حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انصار کے کچھ افراد خیبر گئے' وہاں اُن میں سے ایک شخص قتل ہو گیا' یہ معاملہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے ثبوت (کہاں ہیں)؟ اُنہوں نے عرض کی: ہمارے پاس کوئی ثبوت نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اُن (یہودیوں کا) قسم اُٹھانا (معاملہ ختم کر دے گا) اُنہوں نے عرض کی: پھر تو یہودی (ایک' ایک کر کے) ہمیں قتل کر دیں گے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم قسم اُٹھا لو! اُنہوں نے عرض کی: ہم وہاں موجود ہی نہیں تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جو مال آیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس میں سے اُس (مقتول) کی دیت ادا کی۔

3151- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَّاَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ وَاِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ قَالُوْا حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ رَبِيْعَةَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ

۳۱۴۹- راجع الذي قبله-

۳۱۵۰- راجع الذي قبله-

۳۱۵۱- مسلم بن خالد الزنجي ضعيف' و ابن جريج لم يصرح بالتحديث' و هو مدلس -وقد اختلف فيه على الزنجي' فقال هنا عن ابن جريج عن عطاء' و في الرواية الآتية عنه قال: عن ابن جريج عن عمرو بن شعيب' و خالفه عبد الرزاق و حجاج في اسناده-

خَالِدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَيِّنَةُ عَلٰى مَنِ ادَّعٰى وَالْيَمِيْنُ عَلٰى مَنْ اَنْكَرَ اِلَّا فِى الْقَسَامَةِ .

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: مدعی پر ثبوت پیش کرنا لازم ہوگا اور انکار کرنے والے پر قسم اُٹھانا لازم ہوگا' البتہ قسامت کا حکم مختلف ہے۔

3152- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ وَاَبُوْ عَلِيٍّ الصَّفَّارُ قَالَا حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُطَرِّفٌ ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ حَدَّثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الضَّحَّاكِ وَمُطَرِّفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَتِيقُ حَدَّثَنَا مُطَرِّفٌ قَالَا حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ الزَّنْجِيُّ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَيِّنَةُ عَلٰى مَنِ ادَّعٰى وَالْيَمِيْنُ عَلٰى مَنْ اَنْكَرَ اِلَّا فِى الْقَسَامَةِ .

★★ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کے حوالے سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ''مدعی پر ثبوت پیش کرنا لازم ہوگا اور انکار کرنے والے پر قسم اُٹھانا لازم ہوگا' البتہ قسامت کا حکم مختلف ہے''۔

3153- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيْبٍ حَدَّثَنِيْ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ الزَّنْجِيِّ بْنِ خَالِدٍ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ .خَالَفَهٗ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَحَجَّاجٌ رَوَيَاهُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرٍو مُرْسَلًا.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

عبدالرزاق نے اس کے برعکس اسے ''مرسل'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔

3154- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُدَيْلٍ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْحَضْرَمِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ قَالَ شَهِدْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاُتِيَ بِاَخِيْ بَنِيْ عِجْلٍ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ قَبِيْصَةَ تَنَصَّرَ بَعْدَ اِسْلَامِهٖ فَقَالَ لَهٗ عَلِيٌّ مَا حُدِّثْتُ عَنْكَ قَالَ مَا حُدِّثْتَ عَنِّيْ قَالَ حُدِّثْتُ عَنْكَ اَنَّكَ تَنَصَّرْتَ .فَقَالَ اَنَا عَلٰى دِيْنِ الْمَسِيْحِ .فَقَالَ لَهٗ عَلِيٌّ وَّاَنَا عَلٰى دِيْنِ الْمَسِيْحِ .فَقَالَ لَهٗ عَلِيٌّ مَا تَقُوْلُ فِيْهِ فَتَكَلَّمَ بِكَلَامٍ خَفِيَ عَلَيَّ فَقَالَ عَلِيٌّ طَئُوْهُ .فَوُطِئَ حَتّٰى مَاتَ فَقُلْتُ لِلَّذِيْ يَلِيْنِيْ مَا قَالَ قَالَ الْمَسِيْحُ رَبُّهٗ .

٣١٥٢- الحديث معروف بالعرزمي عن عمرو بن شعيب' اخرجه الترمذي في الاحكام (٣/٦٣٦) باب: ما جاء في ان البينة على المدعي و اليمين على المدعى عليه (١٣٤١) عن علي ابن حجر' وانبانا علي بن مسهر وغيره عن محمد بن عبيد الله- و هو العرزمي- عن عمرو بن شعيب' به- وقال الترمذي: (هذا حديث في اسناده مقال- و محمد بن عبيد الله العرزمي يضعف في الحديث من قبل حفظه؛ ضعفه ابن المبارك وغيره)- اه-

٣١٥٣- راجع الذي قبله-

٣١٥٤- اخرجه البيهقي في الكبرى (٨/٢٠٦) من طريق الدارقطني' به- و اسناده حسن؛ عبد الملك بن عمير ثقة لكنه تغير حفظه' و ربما دلس- انظر التقريب (٤٢٢٨)-

☆☆ عبدالملک بن عمیر بیان کرتے ہیں: میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا' اُن کے پاس بنو عجل کا ایک شخص مستورد بن قبیصہ لایا گیا' جو اسلام چھوڑ کر عیسائی ہو گیا تھا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُس سے دریافت کیا: تمہارے بارے میں مجھے کیا بتایا گیا ہے؟ اُس نے دریافت کیا: آپ کو میرے بارے میں کیا بتایا گیا ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے تمہارے بارے میں یہ بتایا گیا ہے کہ تم عیسائی ہو گئے ہو' اُس نے کہا: میں حضرت مسیح علیہ السلام کے دین پر قائم ہوں' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُس سے فرمایا: میں بھی حضرت مسیح علیہ السلام کے دین پر قائم ہوں' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُس سے دریافت کیا: تم اُن (یعنی حضرت مسیح علیہ السلام) کے بارے میں کیا کہتے ہو؟ تو اُس شخص نے جو جواب دیا وہ مجھے سمجھ نہیں آئی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حکم دیا: اسے قتل کر دو! اُسے قتل کر دیا گیا۔ (راوی کہتے ہیں:) میں نے اپنے ساتھ والے سے پوچھا: اس نے کیا کہا تھا؟ تو اُس نے جواب دیا: اُس نے کہا تھا: حضرت مسیح علیہ السلام اُس کے پروردگار ہیں۔

3155 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ سَمِيْنَةَ ح وَاَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ قَالَا حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ عُثْمَانَ الشَّحَّامِ عَنْ عِكْرِمَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا كَانَتْ لَهٗ اُمُّ وَلَدٍ لَّهٗ مِنْهَا ابْنَانِ مِثْلُ اللُّؤْلُؤَتَيْنِ وَكَانَتْ تَشْتُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَنْهَاهَا فَلَا تَنْتَهِىْ وَيَزْجُرُهَا فَلَا تَنْزَجِرُ فَلَمَّا كَانَ ذَاتَ لَيْلَةٍ ذَكَرَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا صَبَرَ اَنْ قَامَ اِلَى مِعْوَلٍ فَوَضَعَهٗ فِىْ بَطْنِهَا ثُمَّ اتَّكَاَ عَلَيْهَا حَتّٰى اَنْفَذَهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اشْهَدُوْا اَنَّ دَمَهَا هَدَرٌ . لَفْظُ ابْنِ كَرَامَةَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص کی ایک اُم ولد تھی' جس سے اُس شخص کے دو بیٹے تھے جو دونوں موتیوں کی طرح تھے' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کیا کرتی تھی' اُس شخص نے اُسے منع کیا' لیکن وہ باز نہیں آئی' اُس شخص نے اُسے جھڑکا لیکن وہ پھر بھی باز نہیں آئی' ایک رات اُس عورت نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر (گستاخی کے الفاظ کے ساتھ) کیا تو اُس شخص سے صبر نہیں ہوا' اُس نے پھاوڑا لیا اور اُس عورت کے پیٹ میں گھونپ دیا (جس سے وہ عورت مر گئی' جب یہ مقدمہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش ہوا) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''گواہ ہو جاؤ! اُس عورت کا خون رائیگاں گیا''۔

یہ الفاظ ابن کرامت نامی راوی کے ہیں۔

شرح:

جہاں تک انبیاء میں سے کسی بھی نبی کی شان میں گستاخی کرنے والے شخص کا تعلق ہے تو اس بارے میں متقدمین ائمہ کے درمیان یہ اختلاف پایا جاتا تھا کہ کیا ایسے شخص کو بطور حد قتل کیا جائے گا یا اسے کوئی دوسری سزا دے کر چھوڑا بھی جا سکتا ہے تاہم

۳۱۵۵- اخرجه النسائي في تحريم الدم (۱۰۷/۷) باب: الحكم فيمن سب النبي صلى الله عليه وسلم (۴۰۸۱): اخبرنا عثمان بن عبد الله ' ثنا عباد بن موسى ' ثنا اسماعيل بن جعفر ' حدثني اسرائيل ' به-

متاخرین کا اس بات پر اتفاق ہو گیا کہ انبیاء کرام کی شان میں تنقیص کرنے والے شخص کو توبہ کرنے کے لیے کہا جائے گا اگر وہ توبہ کر لیتا ہے تو ٹھیک ہے ورنہ اسے بطور حد قتل کر دیا جائے گا اور اس بات پر متاخرین کا اجماع منعقد ہو گیا ہے۔

امام ابوبکر بن منذر بیان کرتے ہیں اکثر اہل علم کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جو شخص نبی اکرم کو برا کہے اسے قتل کر دیا جائے گا جن حضرات نے یہ بات بیان کی ہے ان میں امام مالک بن انس، امام لیث بن سعد، امام احمد بن حنبل اور امام اسحاق بن راہو یہ شامل ہیں امام شافعی کا مذہب بھی یہی ہے۔ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے قول سے بھی یہی بات ثابت ہوتی ہے ان حضرات کے نزدیک اس شخص کی توبہ قبول نہیں کی جائے گی۔

امام ابوحنیفہ ان کے اصحاب سفیان ثوری اور امام اوزاعی نے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرنے والے) مسلمان کے بارے میں بھی یہی فتویٰ دیا ہے تاہم یہ حضرات یہ کہتے ہیں ایسا شخص مرتد ہو جاتا ہے (اس لیے اسے قتل کر دیا جائے گا) ولید بن مسلم نے اس کی مانند روایت امام مالک کے حوالے سے نقل کی ہے جب کہ طبرانی اس کے مانند روایت امام ابوحنیفہ اور ان اصحاب کے حوالے سے نقل کی ہے یعنی جو شخص نبی اکرم کی شان میں تنقیص کرتا ہے یا آپ سے بری الذمہ ہوتا ہے یا آپ کی تکذیب کرتا ہے۔ (فتاویٰ شامی، جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 282)

3156 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْعَبْدِ وَمُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مِرْدَاسٍ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ السِّجِسْتَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَدَنِيُّ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ عُثْمَانَ الشَّحَّامِ عَنْ عِكْرِمَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ اَنَّ اَعْمٰى كَانَتْ لَهٗ اُمُّ وَلَدٍ تَشْتُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَقَعُ فِيْهِ فَيَنْهَاهَا فَلَا تَنْتَهِي وَيَزْجُرُهَا فَلَا تَنْزَجِرُ. فَلَمَّا كَانَ ذَاتَ لَيْلَةٍ جَعَلَتْ تَقَعُ فِي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَشْتُمُهٗ فَقَتَلَهَا فَلَمَّا اَصْبَحَ ذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ الْاَعْمٰى فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَا صَاحِبُهَا كَانَتْ تَشْتُمُكَ وَتَقَعُ فِيْكَ فَاَنْهَاهَا فَلَا تَنْتَهِي وَاَزْجُرُهَا فَلَا تَنْزَجِرُ وَلِيْ مِنْهَا ابْنَانِ مِثْلُ اللُّؤْلُؤَتَيْنِ وَكَانَتْ بِيْ رَفِيْقَةً فَلَمَّا كَانَ الْبَارِحَةَ جَعَلَتْ تَشْتُمُكَ وَتَقَعُ فِيْكَ فَقَتَلْتُهَا. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اشْهَدُوْا اَنَّ دَمَهَا هَدَرٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک نابینا شخص تھا' جس کی اُم ولد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کیا کرتی تھی' اُس شخص نے اُس عورت کو منع کیا لیکن وہ باز نہیں آئی' اُس شخص نے اُس عورت کو ڈانٹ ڈپٹ کی لیکن وہ پھر بھی باز نہیں آئی' ایک رات جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخانہ گفتگو کرنے لگی تو اُس شخص نے اُس عورت کو قتل کر دیا۔ صبح اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا گیا تو وہ نابینا شخص کھڑا ہوا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اُس عورت کا مالک ہوں' وہ آپ کی شان میں گستاخی کیا کرتی تھی' میں نے اُسے روکا لیکن وہ باز نہیں آئی' میں نے اُسے ڈانٹ ڈپٹ کی لیکن وہ پھر بھی باز نہیں آئی' میرے اُس عورت سے دو بچے ہیں جو دونوں موتیوں کی طرح ہیں'

۳۱۵۶- ساقه المصنف من طريق ابي داود' و هو في سننه في الحدود (۱۲۷/٤) باب: الحكم فيمن سب النبي صلى الله عليه وسلم (٤٣٦١)-

وہ میری رفیقہ (محبوبہ) تھی گزشتہ رات اُس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کی تو میں نے اُسے قتل کر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ گواہ ہو جاؤ! اُس عورت کا خون رائیگاں گیا۔

3157- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَافَوُا الْحُدُوْدَ بَيْنَكُمْ فَمَا بَلَغَنِىْ مِنْ حَدٍّ فَقَدْ وَجَبَ.

★★ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: حدود (کی اطلاع) کو اپنی حد تک رکھو جب یہ مجھ تک پہنچ جائے گی تو (اسے جاری کرنا) لازم ہو جائے گا۔

شرح:

اس مسئلے پر تحقیق کرتے ہوئے حافظ ابن حجر عسقلانی نے یہ بات تحریر کی ہے

عمر بن شعیب نے اپنی سند کے ساتھ مرفوع حدیث کے طور پر یہ بات نقل کی ہے

''آپس میں حدود کو معاف کر دو لیکن جو مجھ تک پہنچ جائے گی وہ واجب ہو جائے گی''

یہ روایت امام ابوداؤد نے روایت کی ہے اور امام حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے امام ابوداؤد، امام احمد اور امام حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دینے کے ہمراہ اسے حضرت عبداللہ بن عمر کے حوالے سے نقل کیا ہے: نبی اکرم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جس شخص کی سفارش اللہ تعالیٰ کی کس حد کے درمیان حائل ہو جائے' تو اللہ تعالیٰ اس کی سفارش کے خلاف کر دیتا ہے''

جب کہ امام طبرانی نے یہ بات روایت کی ہے

''وہ اس کی ملکیت میں اس کی مخالفت کر دیتا ہے''

امام ابویعلی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں

''نبی اکرم کے سامنے ایک چور کو پیش کیا گیا اس کے بعد صاحب حق نے اپنے حق کو معاف کر دیا تو نبی اکرم نے ارشاد فرمایا! تم نے پہلے ایسا کیوں نہیں کیا تھا''

''وہ برا حاکم ہے جو حدود کو پیش ہونے کے بعد معاف کر دے''۔

امام مالک نے اپنی موطا میں ابن زبیر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے۔

حاکم کے پاس مقدمہ پہنچنے کے بعد جو سفارش کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس سفارش کرنے والے اور سفارش قبول کرنے والے

۳۱۵۷- اخرجه ابن عدي في الكامل (۴۸۲/۱) في ترجمة اسماعيل بن عياش من طريقه عن ابن جريج به- واشار الى تفرد ابن عياش به هكذا عن ابن جريج -قلت: ولم ينفرد ابن عياش هكذا' بل تابعه ابن وهب عن ابن جريج' به- اخرجه ابو داود في الحدود (۵۴۰/۴) باب: العفو عن الحدود ما لم تبلغ السلطان (۴۳۷۶)' ومن طريقه البيهقي (۳۳۱/۸)' والنسائي في قطع السارق (۷۰/۸) باب: ما يكون حرزًا وما لا يكون' والحاكم في الحدود (۳۸۳/۴)- وتابعهما الوليد' حدثنا ابن جريج' به- اخرجه النسائي في قطع السارق (۷۰/۸) باب: ما يكون حرزًا وما لا يكون-

دونوں لوگوں پر لعنت کرتا ہے"۔

امام دارقطنی نے حضرت زبیر کے حوالے سے موصول اور مرفوع روایت کے طور پر یہ بات نقل کی ہے نبی اکرم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے

"جب تک معاملہ حاکم کے پاس نہیں پہنچتا اس وقت تک اس کی سفارش کرو لیکن جب وہ حاکم کے پاس پہنچ جائے تو پھر اگر وہ معاف کر دے تو اللہ تعالیٰ اس کو معاف نہ کرے"

امام ابوداؤد نے یہ بات نقل کی ہے سیدہ عائشہ بیان کرتی ہیں نبی اکرم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"حدود کے علاوہ معاملات میں معزز لوگوں کی لغزشوں کے بارے میں سفارش کو قبول کرو"

اس حدیث سے یہ بات ظاہر ہو جاتی ہے کہ تعزیرات میں سفارش کی جا سکتی ہے۔

حافظ ابن عبدالبر نے اور دیگر حضرات نے یہ بات نقل کی ہے کہ اس بارے میں فقہاء کا اتفاق پایا جاتا ہے اور جن احادیث میں مسلمانوں کی پردہ پوشی کا حکم دیا گیا ہے وہ اس صورت میں ہے جب تک امام تک مقدمہ نہیں پہنچتا۔

3158- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ الْجُنْدَيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا سَعْدَانُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ بِهَذَا وَقَالَ فِيهِ كُلُّ حَدٍّ رُفِعَ إِلَيَّ فَقَدْ وَجَبَ . اتَّفَقَ مُسْلِمٌ وَابْنُ عَيَّاشٍ فَوَصَلَاهُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَأَرْسَلَهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْهُ وَعَنِ الْمُثَنَّى وَتَابَعَهُ ابْنُ عُلَيَّةَ.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

"جب حد (کا مقدمہ) میرے سامنے لایا جائے گا تو (اسے جاری کرنا) لازم ہو جائے گا"۔

مسلم اور ابن عیاش اس روایت کو "موصول" کے طور پر نقل کرنے میں متفق ہیں جبکہ عبدالرزاق نے اسے "مرسل" روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔ ابن علیہ نے اُن کی متابعت کی ہے۔

3159- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَالْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ قَوْلِ ابْنِ عَيَّاشٍ.

★★ عمرو بن شعیب بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: (اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے)۔

3160- حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا ابْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَالْمُثَنَّى عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَافَوْا بَيْنَكُمْ قَبْلَ أَنْ تَأْتُونِي فَمَا بَلَغَنِي مِنْ حَدٍّ فَقَدْ وَجَبَ . مُرْسَلٌ.

۳۱۵۸- راجع الذي قبله-

۳۱۵۹- ساقه المصنف من طريق عبد الرزاق، وهو في مصنفه (۱۰/۲۲۹) باب ستر المسلم (۱۸۹۳۷) وهو مرسل-

۳۱۶۰- مرسل- وانظر الذي قبله-

☆☆ عمرو بن شعیب بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: حدود میرے پاس لانے سے پہلے ہی آپس میں معاف کردو، مجھ تک حد (کا جو مقدمہ) پہنچ جائے گا (اُس حد کو) جاری کرنا لازم ہو جائے گا۔

(یہ حدیث ''مرسل'' ہے)

3161- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ عَرُوْبَةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَنْ بَدَّلَ دِيْنَهُ فَاقْتُلُوْهُ . قَالَ يَزِيْدُ تُقْتَلُ الْمُرْتَدَّةُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جو شخص اپنا دین (اسلام) تبدیل کرلے اُسے قتل کردو۔

(اس روایت کے ایک راوی) یزید نے یہ بات بیان کی ہے: مرتد عورت کو بھی قتل کردیا جائے گا۔

شرح:

شریعت کی اصطلاح میں مرتد اس شخص کو کہا جاتا ہے جو اسلام قبول کرنے کے بعد یا مسلمان ہونے کے باوجود اسلام کو چھوڑ کر کفر کو اختیار کرے، کفر کو اختیار کرنا نیت کے ساتھ بھی ہوسکتا ہے اور کسی کفریہ فعل کے ارتکاب سے بھی ہوسکتا ہے اور کسی کفریہ قول کی صورت میں بھی ہوسکتا ہے یہ کفریہ قول مذاق اڑانے کی صورت میں بھی ہوسکتا ہے دشمنی کے طور پر بھی کہا جاسکتا ہے اور عقیدے کے اظہار کے طور پر بھی ہوسکتا ہے۔

اس تعریف کے اعتبار سے جو شخص اللہ تعالیٰ کی ذات کا انکار کرتا ہے یا کسی رسول کی نفی کرتا ہے یا کسی رسول کی تکذیب کرتا ہے یا کسی حرام قطعی کو جائز قرار دیتا ہے وہ مرتد شمار ہوگا اس طرح جو شخص اجماع سے ثابت ہونے والی حلال چیز کا انکار کرتا ہے وہ بھی مرتد شمار ہوگا۔

مرتد کے احکام کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ ابن قدامہ تحریر کرتے ہیں نبی اکرم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اپنے دین کو تبدیل کردے تم لوگ اسے قتل کردو''

تمام اہل علم کا مرتد کو قتل کرنے کے لازم ہونے پر اجماع ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت معاذ، حضرت ابوموسیٰ اشعری، حضرت عبداللہ بن عباس، حضرت خالد بن ولید اور دیگر صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے مرتد کو قتل کرنے کا حکم جاری کرنے کی روایات منقول ہیں اور ان حضرات کے اس عمل کا انکار نہیں کیا گیا' لہٰذا اس پر اجماع شمار ہوگا۔

مرتد کے احکام پر گفتگو کرتے ہوئے علامہ سرخسی تحریر کرتے ہیں:

''جب کوئی مسلمان شخص مرتد ہو جائے تو اسے اسلام کی دعوت دی جائے گی اگر وہ مسلمان ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ اسی جگہ پر قتل کردیا جائے گا البتہ اگر وہ مہلت طلب کرتا ہے تو معاملہ مختلف ہوگا، اگر وہ مہلت طلب کرتا ہے تو

۳۱۶۱-اخرجه احمد (۱/۲۱۷، ۲۱۹-۲۲۰، ۲۸۲، ۲۸۲-۲۸۳) و الحميدي (۵۳۳) و ابن ابي شيبة (۱۰/۱۳۹) و البخاري (۳۰۱۷) وابو داود (۴۳۵۱) و الترمذي (۱۴۵۸) والنسائي (۷/۱۰۴) و ابن ماجه (۲۵۳۵) و ابو يعلى (۲۵۳۲) و الحاكم (۳/۵۳۸-۵۳۹) و البيهقي (۸/۱۹۵، ۲۰۲) (۹/۷۱) و البغوي في شرح السنة (۲۵۶۰، ۲۵۶۱) من طرق عن ايوب به- و بعضهم يزيد في الحديث على بعض-

اسے تین دن کی مہلت دی جائے گی"۔ (مبسوط سرخسی، جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 98)

3162- حَدَّثَنَا الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ اَخْبَرَنَا سَعِيدٌ قَالَ وَاَخْبَرَنَا يُوسُفُ حَدَّثَنَا شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ جَمِيعًا عَنْ اَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ ـ

★★ عکرمہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند نقل کیا ہے۔

3163- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُولِ حَدَّثَنَا اَبِی حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ قَتَلَ اُمَّ قِرْفَةَ الْفَزَارِيَّةَ فِیْ رِدَّتِهَا قِتْلَةً مُثْلَةً شَدَّ رِجْلَيْهَا بِفَرَسَيْنِ ثُمَّ صَاحَ بِهِمَا فَشَقَّاهَا وَاُمُّ وَرَقَةَ الْاَنْصَارِيَّةُ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَمِّيهَا الشَّهِيدَةَ فَلَمَّا كَانَ فِی خِلَافَةِ عُمَرَ قَتَلَهَا غُلَامُهَا وَجَارِيَتُهَا فَاُتِیَ بِهِمَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَتَلَهُمَا وَصَلَبَهُمَا.

★★ سعید بن عبدالعزیز بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے "اُم قرفہ فزاریہ" نامی عورت کو مرتد ہونے کی وجہ سے مثلہ کے طور پر قتل کروا دیا تھا' اُنہوں نے اُس کے دونوں پاؤں' دو گھوڑوں سے بندھوا کے اُس کے دو ٹکڑے کروا دیئے تھے۔

سیّدہ اُم ورقہ انصاریہ' جسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے "شہیدہ" کا نام دیا تھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں اس خاتون کے غلام اور کنیز نے اسے قتل کر دیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُن دونوں کو مصلوب کروا کے' قتل کروایا۔

3164- حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُولِ حَدَّثَنَا اَبِی حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْلٰى عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ جُمَيْعٍ عَنْ جَدَّتِهِ لَيْلٰى بِنْتِ مَالِكٍ ـ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَلَّادٍ كِلَاهُمَا عَنْ اُمِّ وَرَقَةَ عَنْ عُمَرَ بِذٰلِكَ.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے۔

3165- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ الْاَزْدِیُّ الْوَكِيلُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُدَيْلٍ حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ

۳۱۶۲-راجع الذي قبله-

۳۱۶۳-الشطر الاول اخرجه البيهقي (۸/۲۰۴) من طريق الليث بن سعد عن سعيد بن عبد العزيز' به نحوه-واخرجه من طريق خالد بن يزيد بن ابي مالك الدمشقي' حدثني ابي ان ابا بكر الصديق - رضي الله عنه- قتل امراة يقال لها: ام قرفة في الردة- قال البيهقي: وروي ذلك عن يزيد بن ابي مالك عن شهر بن حوشب عن ابي بكر رضي الله عنه-و اما قصة ام ورقة: فاخرجها احمد (۶/۴۰۵) و ابو داود في سننه (۵۹۱) من طريق الوليد ابن عبد الله بن جميع' حدثني عبد الرحمن بن خلاد الانصاري' و حدثني عن ام ورقة بنت عبد الله بن الحارث...... الحديث- و انظر: الاصابة (۸/۴۸۹) ترجمة ام ورقة-

۳۱۶۴-راجع الذي قبله-

۳۱۶۵-اخرجه الترمذي في الحدود (۴/۴۹) باب: ما جاء في حد الساحر (۱۴۶۰)' و ابن عدي في الكامل (۱/۴۶۲)' و الحاكم في الحدود (۴/۳۶۰)' و البيهقي في الكبرى (۳/۱۱۴)' (۸/۱۳۶) من طريق ابي معاوية' به-و اعله ابن عدي و البيهقي باسماعيل بن مسلم المكي' وقال الحاكم: (هذا حديث صحيح الاسناد' و ان كان الشيخان تركا اسماعيل بن مسلم' فانه غريب صحيح' وله شاهد صحيح على شرطهما جميعا في ضد هذا)- اه-وقال الترمذي: (هذا حديث لا نعرفه مرفوعاً الا من هذا الوجه' و اسماعيل بن مسلم المكي يضعف في الحديث' و اسماعيل بن مسلم العبدي البصري: قال وكيع: هو ثقة' ويروى عن الحسن ايضاً' و الصحيح عن جندب موقوف' و العمل على هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم و غيرهم' و هو قول مالك بن انس- و قال الشافعي: انما يقتل الساحر اذا كان يعمل في سحره ما يبلغ به الكفر' فاذا عمل عملاً دون الكفر فلم نر عليه قتلاً)- اه-

حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ جُنْدَبِ الْخَيْرِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدُّ السَّاحِرِ ضَرْبَةٌ بِالسَّيْفِ۔

★★ حضرت جندب الخیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جادو کرنے والے کی سزا یہ ہے کہ اُسے تلوار کے ذریعہ قتل کر دیا جائے۔

3166- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ عَنْ جُنْدَبِ الْبَجَلِيِّ اَنَّهُ قَتَلَ سَاحِرًا كَانَ عِنْدَ الْوَلِيْدِ بْنِ عُقْبَةَ ثُمَّ قَالَ اَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ۔

★★ جندب بجلی کے بارے میں منقول ہے: اُنہوں نے ولید بن عقبہ کے پاس موجود ایک جادو کرنے والے شخص کو قتل کروا دیا تھا' پھر اُنہوں نے یہ آیت پڑھی:

"اَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ"۔

3167- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّعْمَانِيُّ وَاَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَكِيْلُ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَضَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنِيْنِ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ اَوْ فَرَسٍ اَوْ بَغْلٍ فَقَالَ الَّذِيْ قَضَى عَلَيْهِ اَعْقِلُ مَنْ لَا شَرِبَ وَلَا اَكَلَ وَلَا صَاحَ وَلَا اسْتَهَلَّ فَمِثْلُ ذٰلِكَ يُطَلُّ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذَا لَيَقُوْلُ بِقَوْلِ شَاعِرٍ فِيْهِ غُرَّةٌ عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ اَوْ فَرَسٌ اَوْ بَغْلٌ۔

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پیٹ میں موجود بچے (کو ضائع کر دینے) کا تاوان ایک غلام یا کنیز یا گھوڑا یا خچر کی ادائیگی' مقرر کیا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس فریق کے خلاف فیصلہ دیا تھا' اُن کے ایک فرد نے کہا: کیا میں اُس کی دیت ادا کروں؟ جس نے کچھ کھایا نہیں' کچھ پیا نہیں' کوئی آواز نہیں نکالی' وہ رویا نہیں' اس طرح کا خون تو رائیگاں جاتا ہے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ تو شاعروں کی طرح کی گفتگو کر رہا ہے' اس بارے میں ایک غلام یا کنیز یا گھوڑا یا خچر تاوان کے طور پر ادا کرنا ہوگا۔

٣١٦٦-اخرجه البيهقي في السنن (٨/١٣٦) من طريق الدارقطني' به- و ذكره السيوطي في الدر المنثور (٤/٥٦٣) و زاد نسبته الى ابن منده و ابي نعيم في المعرفة' و ابن عدي-

٣١٦٧-اخرجه ابو داؤد في الديات (٤٥٧٩) باب: دية الجنين' و من طريقه البيهقي في الكبرى (٨/١١٥) و ابن حبان في الديات (٦٠٢٢) من طريق عيسى بن يونس' به-قال الخطابي في المعالم (٤/٣٦-٣٧): (يقال: ان عيسى بن يونس قد وهم فيه' و هو يغلط احياناً فيما يرويه' الا انه قد روي عن طاؤس و مجاهد و عروة بن الزبير انهم قالوا: الغرة عبد او امة او فرس' و يشبه ان يكون الاصل عندهم فيما ذهبوا اليه حديث ابي هريرة هذا- و الله اعلم)- اه- قلت: اخرجه ابن ابي شيبة (٩/٢٥٠- ٢٥١) و احمد (٢/٤٣٨' ٤٩٨) و الترمذي في الديات (١٤١٠) باب: في دية الجنين' و ابن ماجه في الديات (٢٦٣٩) باب: دية الجنين' و الطحاوي في شرح المعاني (٣/٢٠٥) من طرق عن محمد بن عمرو' به- و ليس عندهم: (او فرس او بغل)- و حسنه الترمذي- واصله من حديث ابي هريرة عند البخاري في الديات (٦٩١٠) باب: جنين المراة' و مسلم في القسامة (١٦٨١) باب: دية الجنين-

3168 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ اَبُوْ حَامِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْجُنَيْدِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ ح وَاَخْبَرَنَا الْقَاضِيُ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ اَبِى السَّفَرِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ رَاشِدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِى عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ حَدَّثَنِى طَاوُسٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ نَشَدَ النَّاسَ قَضَاءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْجَنِيْنِ فَقَامَ حَمَلُ بْنُ مَالِكِ بْنِ النَّابِغَةِ الْاَنْصَارِىُّ فَقَالَ كُنْتُ بَيْنَ امْرَاَتَيْنِ لِىْ فَاَخَذَتْ اِحْدَاهُمَا لِلْاُخْرٰى مِسْطَحًا فَضَرَبَتْ بِهٖ رَاْسَهَا فَقَتَلَتْهَا وَجَنِيْنَهَا فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْجَنِيْنِ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ وَّاَنْ تُقْتَلَ بِهَا . وَقَالَ ابْنُ بُهْلُوْلٍ اِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ نَشَدَ النَّاسَ مَا تَعْلَمُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِى الْجَنِيْنِ فَقَامَ حَمَلُ بْنُ مَالِكِ بْنِ النَّابِغَةِ فَقَالَ كُنْتُ بَيْنَ امْرَاَتَيْنِ فَرَمَتْ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرٰى بِمِسْطَحٍ فَقَتَلَتْهَا وَقَتَلَتْ جَنِيْنَهَا فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْجَنِيْنِ بِغُرَّةٍ وَّاَمَرَ اَنْ تُقْتَلَ بِهَا . وَقَالَ ابْنُ الْجُنَيْدِ فَقَامَ حَمَلَةُ اَوْ حَمَلُ بْنُ مَالِكٍ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے دریافت کیا: پیٹ میں موجود بچے (کو ضائع کرنے) کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فیصلہ دیا تھا؟ تو حضرت حمل بن مالک بن نابغہ انصاری کھڑے ہوئے' اُنہوں نے بتایا: میری دو بیویاں تھیں' اُن میں سے ایک نے دوسری کو لکڑی ماری' اُس نے وہ لکڑی اُس کے سر میں ماری' جس کے نتیجہ میں وہ دوسری عورت اور اُس کے پیٹ میں موجود بچہ مر گئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پیٹ میں موجود بچے کے بارے میں یہ فیصلہ دیا کہ اُس کے تاوان میں ایک غلام یا کنیز ادا کیا جائے گا اور عورت کے بدلے میں (قتل کرنے والی) عورت کو قتل کر دیا جائے گا۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے دریافت کیا: پیٹ میں موجود بچے (کو ضائع کرنے) کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فیصلہ دیا تھا؟ تو حضرت حمل بن مالک بن نابغہ انصاری کھڑے ہوئے' اُنہوں نے بتایا: میری دو بیویاں تھیں' اُن میں سے ایک نے دوسری کو لکڑی ماری' اُس نے وہ لکڑی اُس کے سر میں ماری' جس کے نتیجہ میں وہ دوسری عورت اور اُس کے پیٹ میں موجود بچہ مر گئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پیٹ میں موجود بچے کے بارے میں یہ فیصلہ دیا کہ اُس کے تاوان میں ایک غلام یا کنیز ادا کیا جائے گا اور عورت کے بدلے میں (قتل کرنے والی) عورت کو قتل کر دیا جائے گا۔

ابن جنید نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: حملہ بن مالک یا شاید حمل بن مالک کھڑے ہوئے (یعنی اُن کے نام کے بارے میں راوی کو شک ہے)۔

3169 - حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ عِيْسٰى الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

٣١٦٨- اخرجه الدارمي (٢/١٩٦-١٩٧) و ابو داود في الديات (٤٥٧٢) باب: دية الجنين' و ابن ماجه في الديات (٢٦٤١) باب: دية الجنين' و ابن الجارود (٧٧٩) و ابن حبان (٦٠٢١) و البيهقي في الكبرى (٨/١١٤) من طريق ابي عاصم' به-

بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ اَنَّهُ سَمِعَ طَاوُسًا يُخْبِرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ شَهِدَ قَضَاءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذٰلِكَ فَجَآءَ حَمَلُ بْنُ مَالِكِ بْنِ النَّابِغَةِ فَقَالَ كَانَ شَىْءٌ بَيْنَ امْرَاَتَيْنِ فَضَرَبَتْ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرٰى بِمِسْطَحٍ فَقَتَلَتْهَا وَجَنِيْنَهَا فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنِيْنِهَا بِغُرَّةٍ وَّاَنْ تُقْتَلَ بِهَا. فَقُلْتُ لِعَمْرٍو لَا اَخْبَرَنِي ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ كَذَا وَكَذَا. فَقَالَ شَكَّكْتَنِي.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: وہ اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ دینے کے وقت موجود تھے حمل بن مالک بن نابغہ انصاری آئے اور بتایا: دو عورتوں کے درمیان لڑائی ہوگئی' اُن میں سے ایک نے دوسری کو لکڑی مار کر دوسری عورت اور اُس کے پیٹ میں موجود بچے کو قتل کر دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پیٹ میں موجود بچے کا تاوان ادا کرنے اور مقتول عورت کے بدلے میں قاتل کو قتل کر دیئے جانے کا فیصلہ دیا۔

راوی (ابن جریج) بیان کرتے ہیں: میں نے عمرو (بن دینار) سے دریافت کیا: طاؤس کے صاحبزادے نے اپنے والد کے حوالے سے مجھے اس طرح نہیں بتایا' تو عمرو بن دینار بولے: تم نے مجھے شک میں مبتلا کر دیا ہے۔

3170- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَامَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ اُذَكِّرُ اللّٰهَ امْرَاً سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِي الْجَنِيْنِ فَقَامَ حَمَلُ بْنُ مَالِكِ بْنِ النَّابِغَةِ الْهُذَلِيُّ فَقَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ كُنْتُ بَيْنَ جَارِيَتَيْنِ - يَعْنِي ضُرَّتَيْنِ - فَجَرَحَتْ اَوْ ضَرَبَتْ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرٰى بِمِسْطَحِ عَمُوْدِ ظُلَّتِهَا فَقَتَلَتْهَا وَقَتَلَتْ مَا فِي بَطْنِهَا فَقَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنِيْنِ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ فَقَالَ عُمَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ لَوْ لَمْ نَسْمَعْ هٰذَا لَقَضَيْنَا بِغَيْرِهِ.

قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ وَاَخْبَرَنِي ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِيْهِ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ اَوْ فَرَسٍ.

قَالَ وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ عُمَرَ اسْتَشَارَ نَحْوَهُ وَقَالَ فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالدِّيَةِ فِي الْمَرْاَةِ وَفِي الْجَنِيْنِ بِغُرَّةٍ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ اَوْ فَرَسٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ منبر پر کھڑے ہوئے اور فرمایا: میں اُس شخص کو اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں' جس نے پیٹ میں موجود بچے (کو قتل کیے جانے) کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ سنا ہے' تو حضرت حمل بن مالک بن نابغہ ہذلی کھڑے ہوئے اور بولے: اے امیر المؤمنین! میں دو عورتوں (یعنی

۳۱۶۹- اخرجه احمد (۱/ ۳٦٤) عن ابن بكر' به- و اخرجه احمد (٤/ ۷۹-۸۰) عن عبد الرزاق' انبانا ابن جريج' به مثل قول محمد بن بكر البرساني-

۳۱۷۰- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۱۸۳٤۳) و من طريقه الطبراني (۳٤۸۲) و الحاكم (۳/ ۵۷۵) عن سفيان' به- و اخرجه الشافعي في المسند (۲/ ۱۰۳-۱۰٤) و في الرسالة (۱۱۷٤) عن سفيان' به-

دوسوکنوں) کے درمیان تھا' اُن میں سے ایک نے دوسری کو لکڑی مار کر اُس دوسری عورت اور اُس کے پیٹ میں موجود بچہ کو قتل کر دیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پیٹ میں موجود بچے کی (دیت) ایک غلام یا کنیز کی ادائیگی کا فیصلہ دیا۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ اکبر! اگر ہم یہ حدیث نہ سنتے تو مختلف فیصلہ دیتے۔

طاؤس کے صاحبزادے نے اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غلام یا کنیز یا گھوڑے (کی بطور دیت ادائیگی) کا فیصلہ دیا تھا۔

طاؤس کے صاحبزادے اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مشورہ طلب کیا (اُس کے بعد حسب سابق حدیث ہے' جس میں یہ الفاظ ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کی دیت ادا کرنے کا حکم دیا اور پیٹ میں موجود بچے کے تاوان کے طور پر غلام یا کنیز یا گھوڑے کی ادائیگی کا حکم دیا۔

3171- حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسٰى الْخَزَرِيُّ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِیْ رَزِيْنٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقْتَلُ الْمَرْاَةُ اِذَا ارْتَدَّتْ . عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسٰى هٰذَا كَذَّابٌ يَضَعُ الْاَحَادِيْثَ عَلٰى عَفَّانَ وَغَيْرِهٖ وَلَا يَصِحُّ هٰذَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا رَوَاهُ شُعْبَةُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب عورت مرتد ہو جائے' تو اُسے قتل نہ کیا جائے۔

اس روایت کا راوی عبداللہ بن عیسیٰ ''کذاب'' ہے' اس نے عفان اور دیگر راویوں کے حوالے سے جھوٹی روایات نقل کی ہیں' اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی بھی درست روایت منقول نہیں ہے' شعبہ نے بھی اسے روایت نہیں کیا۔

شرح:

علامہ ابن قدامہ حنبلی تحریر کرتے ہیں: مرتد کو قتل کرنے کے لازم ہونے میں مرد اور عورت میں کوئی فرق نہیں ہوگا، حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت علی سے اسی طرح کی روایت منقول ہے، حسن بصری، زہری، نخعی، حماد، مالک، لیث، اوزاعی، شافعی اور اسحاق بن راہویہ اس بات کے قائل ہیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حسن بصری اور قتادہ سے ایک روایت یہ بھی منقول ہے کہ مرتد ہونے والی عورت کو کنیز بنا دیا جائے گا اسے قتل نہیں کیا جائے گا کیونکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بنوحنیفہ قبیلے سے تعلق رکھنے والے بچوں اور عورتوں کو غلام بنالیا تھا۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھی ان میں سے ایک کنیز عطا کی تھی جس سے محمد بن حنفیہ پیدا ہوئے تھے۔ یہ واقعہ صحابہ کرام کے سامنے رونما ہوئے تھے انہوں نے اس بات کا انکار نہیں کیا تھا تو اس پر اجماع شمار ہوگا۔

۳۱۷۱- اخرجه ابن الجوزي في الموضوعات (۲۵۷/۳) رقم (۱۵۹۶) من طريق الدارقطني به- قال الشوكاني في الفوائد ص (۲۰۲): في اسناده وضاع' ولم يتعقب السيوطي ابن الجوزي في هذا الحديث في اللآلي- و قال ابن عراق في التنزيه (۲۲۵/۲): بيض في (النكت البديعات) للتعقب عليه' ولم يبد شيئًا- و ذكره ابن القيم في (المنار المنيف) ص (۱۳۵) فالحديث موضوع بهذا الاسناد-

امام ابوحنیفہ اس بات کے قائل ہیں کہ مرتد ہونے والی عورت کو قید کر دیا جائے گا اور اسے مار پیٹ کر دوبارہ اسلام قبول کرنے پر مجبور کیا جائے گا۔ ایسی عورت کو قتل نہیں کیا جاسکتا کیونکہ نبی اکرم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''تم لوگ عورت کو قتل نہ کرو''

ایک دوسرا پہلو یہ بھی ہے کہ عورت کو کفر اصلی کی وجہ سے قتل نہیں کیا جاتا اس لیے عارضی طور پر طاری ہونے والے کفر کی وجہ سے بھی اسے قتل نہیں کیا جائے گا اور اس کا حکم بچوں کی مانند ہوگا۔

3172- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ يُوْسُفَ مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْعَطَّارُ الْفَقِيهُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِى النَّجُوْدِ عَنْ اَبِىْ رَزِيْنٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِى الْمَرْاَةِ تَرْتَدُّ قَالَ تُحْبَسُ وَلَاتُقْتَلُ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' مرتد ہونے والی عورت کے بارے میں فرماتے ہیں: اُسے قید کر دیا جائے گا' اُسے قتل نہیں کیا جائے گا۔

3173- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ عَنْ اَبِىْ مَالِكٍ النَّخَعِيِّ عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِى النَّجُوْدِ عَنْ اَبِىْ رَزِيْنٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ الْمُرْتَدَّةُ عَنِ الْاِسْلَامِ تُحْبَسُ وَلَاتُقْتَلُ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اسلام سے مرتد ہونے والی عورت کو قید کیا جائے گا اُسے قتل نہیں کیا جائے گا۔

3174- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ حَاتِمٍ الطَّوِيْلُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يُوْنُسَ السَّرَّاجُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْاَنْصَارِىُّ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ ارْتَدَّتِ امْرَاَةٌ يَوْمَ اُحُدٍ فَاَمَرَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُسْتَتَابَ فَاِنْ تَابَتْ وَاِلَّا قُتِلَتْ.

☆☆ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: غزوۂ اُحد کے موقع پر ایک عورت مرتد ہوگئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا کہ اُسے توبہ کرنے کیلئے کہا جائے' اگر وہ توبہ کر لیتی ہے' تو ٹھیک ہے' ورنہ اُسے قتل کر دیا جائے۔

3175- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ بَطْحَاءَ حَدَّثَنَا نَجِيْحُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الزُّهْرِىُّ حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ بَكَّارٍ السَّعْدِىُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ امْرَاَةً يُقَالُ لَهَا اُمُّ مَرْوَانَ ارْتَدَّتْ عَنِ الْاِسْلَامِ فَاَمَرَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُعْرَضَ عَلَيْهَا الْاِسْلَامُ فَاِنْ رَجَعَتْ وَاِلَّا

٣١٧٢- اخرجه البيهقي (٨/٢٠٣) من طريق ابي حنيفة' به- و ابو حنيفة مع امامته و علمه فهو ضعيف في الرواية-

٣١٧٣- راجع الذي قبله-

٣١٧٤- فيه محمد بن عبد الملك الانصاري متهم بالوضع؛ لذلك ضعفه البيهقي في السنن (٨/٢٠٣) عقب حديث جابر قال: وروي من وجه آخر ضعيف عن الزهري عن عروة عن عائشة- رضي الله عنها- و هذا مذهب الزهري صحيح عنه)- اه-

٣١٧٥- اخرجه البيهقي في سننه (٨/٢٠٣) من طريق الدارقطني' به-

قُتِلَتْ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک عورت جس کا نام ''اُم مروان'' تھا' وہ اسلام سے مرتد ہوگئی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا: اُس کے سامنے اسلام پیش کیا جائے' اگر وہ دوبارہ اسلام قبول کر لے' تو ٹھیک ہے' ورنہ اُسے قتل کر دیا جائے۔

3176- حَدَّثَنَا ابْنُ سَعِيْدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ عُتْبَةَ حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ بَكَّارٍ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3177- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عُمَرَ الْقَرَاطِيسِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ الْحُسَيْنِ الْبَجَلِيُّ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عِيْسٰى عَنْ حُصَيْنٍ عَنِ ابْنِ اَخِى الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمِّهٖ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْمَرْاَةِ اِذَا ارْتَدَّتْ عَنِ الْاِسْلَامِ اَنْ تُذْبَحَ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام چھوڑ کر مرتد ہونے والی عورت کے بارے میں یہ فرمایا ہے: اُسے ذبح کر دیا جائے!

3178- حَدَّثَنِى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُوْسَى الْبَزَّازُ مِنْ كِتَابِهٖ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ زُكَيْرٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَلْمٍ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا الْخَلِيْلُ بْنُ مَيْمُوْنٍ الْكِنْدِيُّ بِعَبَادَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُذَيْنَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ الْغَازِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ ارْتَدَّتِ امْرَاَةٌ عَنِ الْاِسْلَامِ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّعْرِضُوْا عَلَيْهَا الْاِسْلَامَ فَاِنْ اَسْلَمَتْ وَاِلَّا قُتِلَتْ فَعُرِضَ عَلَيْهَا فَاَبَتْ اَنْ تُسْلِمَ فَقُتِلَتْ.

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک عورت اسلام سے مرتد ہوگئی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا: لوگ اُس کے سامنے اسلام پیش کریں! اگر وہ اسلام قبول کر لیتی ہے' تو ٹھیک ہے' ورنہ اُسے قتل کر دیا جائے۔ اُس عورت کے سامنے اسلام پیش کیا گیا تو اُس نے اسلام قبول کرنے سے انکار کر دیا' تو اُسے قتل کر دیا گیا۔

3179- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبَّادٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ فِى الْمَرْاَةِ تَكْفُرُ بَعْدَ اِسْلَامِهَا قَالَ تُسْتَتَابُ فَاِنْ تَابَتْ وَاِلَّا قُتِلَتْ .

وَعَنْ مَعْمَرٍ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِى مَعْشَرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ فِى الْمَرْاَةِ تَرْتَدُّ قَالَ تُسْتَتَابُ فَاِنْ تَابَتْ وَاِلَّا قُتِلَتْ .

☆☆ زہری' ایسی خاتون کے بارے میں جو اسلام قبول کرنے کے بعد کفر اختیار کر لے' یہ فرماتے ہیں: اُسے توبہ کیلئے

۳۱۷۶- راجع الذي قبله-

۳۱۷۷- علقه البيهقي (۲۰۳/۸) و فيه جهالة ابن اخي الزهري-

۳۱۷۸- اخرجه البيهقي في السنن (۲۰۳/۸) من طريق عبد الله بن اذينة' به- و عبد الله بن اذينة: قال فيه ابن حبان في المجروحين (۱۸/۲): منكر الحديث جدا' يروي عن ثور ما ليس من حديثه: لا يجوز الاحتجاج به بحال)- اه-

۳۱۷۹- اخرجه البيهقي (۲۰۳/۸) من طريق الدارقطني' به- و اثر ابراهيم اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (۲۹۰۰۰)-

کہا جائے گا' اگر وہ توبہ کر لے' تو ٹھیک ہے' ورنہ اُسے قتل کر دیا جائے گا۔

ابراہیم نخعی مرتد ہونے والی عورت کے بارے میں یہ فرماتے ہیں: اُسے توبہ کیلئے کہا جائے گا' اگر وہ توبہ کر لے تو ٹھیک ہے' ورنہ اُسے قتل کر دیا جائے گا۔

3180- حَدَّثَنَا ابْنُ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اِنْ اَسْلَمَتْ وَاِلَّا قُتِلَتْ.

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: اگر وہ عورت اسلام قبول کر لے' تو ٹھیک ہے' ورنہ اُسے قتل کر دیا جائے گا۔

3181- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ كُلُّ مُرْتَدٍّ عَنِ الْاِسْلَامِ مَقْتُوْلٌ اِذَا لَمْ يَرْجِعْ ذَكَرًا اَوْ اُنْثٰى.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہر وہ مرتد جو دوبارہ اسلام قبول نہ کرے' اُسے قتل کر دیا جائے گا' خواہ وہ مرد ہو یا عورت ہو۔

3182- حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ فَرْوَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ وَّمُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ وَّعُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِىَّ قَالُوْا اِذَا اشْتَبَهَ عَلَيْكَ الْحَدُّ فَادْرَاْ مَا اسْتَطَعْتَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ' حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب حد (ثابت ہونے) کا معاملہ تمہارے سامنے مشتبہ ہو جائے' تو جہاں تک ہو سکے تم حد کو پرے کرو (یعنی جاری کرنے سے بچو)۔

3183- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ فُدَيْكٍ عَنْ يَحْيٰى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِىْ لَبِيْبَةَ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ اُتِىَ بِشَاةٍ مَسْمُوْمَةٍ مَصْلِيَّةٍ اَهْدَتْهَا لَهُ امْرَاَةٌ يَهُوْدِيَّةٌ فَاَكَلَ مِنْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ وَبِشْرُ بْنُ الْبَرَاءِ فَمَرِضَا مَرَضًا شَدِيْدًا عَنْهَا .ثُمَّ اِنَّ بِشْرًا تُوُفِّىَ فَلَمَّا تُوُفِّىَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَهُوْدِيَّةِ فَاُتِىَ بِهَا فَقَالَ وَيْحَكِ مَاذَا اَطْعَمْتِنَا قَالَتْ اَطْعَمْتُكَ السَّمَّ عَرَفْتُ اِنْ كُنْتَ نَبِيًّا اَنَّ ذٰلِكَ لَا يَضُرُّكَ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى سَيُبَلِّغُ فِيْكَ اَمْرَهُ وَاِنْ كُنْتَ عَلٰى غَيْرِ ذٰلِكَ فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُرِيْحَ النَّاسَ مِنْكَ فَاَمَرَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصُلِبَتْ.

☆☆ یحییٰ بن عبدالرحمٰن اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: غزوۂ خیبر کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بکری کا بُھنا ہوا گوشت پیش کیا گیا جس میں زہر ملا ہوا تھا' یہ گوشت ایک یہودی عورت نے تحفہ کے طور پر پیش کیا تھا' نبی اکرم

۳۱۸۰- اسنادہ حسن: و قد اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (۵/۵۶۳) (۲۹۰۰۱) من طريق هشام عن حماد عن ابراهيم قال وتقتل-

۳۱۸۱- اسنادہ حسن- ۳۱۸۲- تقدم تخريجه- ۳۱۸۳- تقدم-

صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس میں سے کچھ کھایا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت بشر بن براء رضی اللہ عنہ نے بھی اُسے کھایا تو یہ دونوں حضرات شدید بیمار ہو گئے' پھر حضرت بشر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا' جب اُن کا انتقال ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس یہودی عورت کو بلایا' اُسے لایا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو! تم نے ہمیں کیا کھلایا ہے؟ اُس نے جواب دیا: میں نے آپ کو زہر کھلایا ہے' میں نے یہ سوچا اگر آپ واقعی نبی ہوئے تو یہ آپ کو نقصان نہیں پہنچائے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ آپ کے حوالے سے اپنے فیصلہ کو پورا کرے گا (یعنی اسلام کے غالب ہونے تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم حیات رہیں گے) اور اگر آپ نبی نہ ہوئے تو میری یہ خواہش ہے کہ میں لوگوں کو آپ سے نجات دلوا دوں۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُسے مصلوب کر دیا گیا۔

3184- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ حَدَّثَنَا اَبِى قَالَ سَمِعْتُ يَعْلَى بْنَ حَكِيمٍ يُحَدِّثُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِمَاعِزٍ لَعَلَّكَ قَبَّلْتَ لَعَلَّكَ لَمَسْتَ . قَالَ لَا . قَالَ فَلَعَلَّكَ . قَالَ نَعَمْ . قَالَ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمَرَ بِرَجْمِهِ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ماعز رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ہو سکتا ہے تم نے چھوا ہو؟ اُس نے عرض کی: جی نہیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو تم نے (زنا ہی کیا ہے)' اُس نے عرض کی: جی ہاں! راوی بیان کرتے ہیں: اُس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں سنگسار کرنے کا حکم دیا۔

3185- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ اَخْبَرَنَا يَعْلَى بْنُ حَكِيمٍ ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَبُو السَّائِبِ حَدَّثَنَا يَزِيدُ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيمٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ حِينَ اَتَاهُ فَاَقَرَّ عِنْدَهُ بِالزِّنَا لَعَلَّكَ قَبَّلْتَ اَوْ لَمَسْتَ . فَقَالَ لَا . قَالَ فَكَذَا . قَالَ نَعَمْ . قَالَ فَاَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ . قَالَ ابْنُ سِنَانٍ لَعَلَّكَ قَبَّلْتَ اَوْ غَمَزْتَ اَوْ نَظَرْتَ . قَالَ لَا . قَالَ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفَعَلْتَ كَذَا وَكَذَا . لَا يَكْنِي . قَالَ نَعَمْ فَعِنْدَ ذٰلِكَ اَمَرَ بِرَجْمِهِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کے سامنے زنا کرنے کا اعتراف کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ہو سکتا ہے تم نے صرف بوسہ لیا ہو یا صرف چھو لیا ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو ایسا ہی ہے! (یعنی تم نے زنا ہی کیا ہے) اُنہوں نے عرض کی: جی ہاں! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُنہیں سنگسار کر دیا گیا۔

ابن سنان نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: شاید تم نے بوسہ لیا ہو' یا تم نے ہاتھ لگایا ہو' یا دیکھا ہو؟ اُنہوں نے عرض کی:

۳۱۸۴-تقدم- ۳۱۸۵-تقدم-

نہیں! راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا: کیا تم نے یہ یہ (یعنی زنا) کیا ہے؟ (راوی بیان کرتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کنایہ کا کوئی لفظ استعمال نہیں کیا' تو اُنہوں نے عرض کی: جی ہاں! (راوی بیان کرتے ہیں:) اُس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں سنگسار کرنے کا حکم دیا۔

3186 - حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْجَبُّلِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِیْ كَثِيْرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلاَسْلَمِيِّ الَّذِیْ اَتَاهُ وَقَدْ زَنَا لَعَلَّكَ قَبَّلْتَ اَوْ لَمَسْتَ اَوْ نَظَرْتَ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: اسلم قبیلہ کا جو شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تھا' جس نے زنا کیا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا: ہوسکتا ہے تم نے صرف بوسہ لیا ہو' یا صرف چھو لیا ہو' یا صرف دیکھا ہو؟

3187 - حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيْقٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَمْزَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ الصَّائِغِ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ امْرَاَةً اَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنِّیْ زَنَيْتُ فَاَقِمْ عَلَیَّ الْحَدَّ . فَقَالَ انْطَلِقِیْ حَتّٰى تَفْطِمِیْ وَلَدَكِ . فَلَمَّا فَطَمَتْ وَلَدَهَا اَتَتْهُ فَقَالَتْ اِنِّیْ زَنَيْتُ فَاَقِمْ فِیَّ الْحَدَّ . فَقَالَ هَاتِ مَنْ يَكْفُلُ وَلَدَكِ فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ اَنَا اَكْفُلُ وَلَدَهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ . فَرَجَمَهَا.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک خاتون' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی' اُس نے عرض کی: میں نے زنا کا ارتکاب کیا ہے' آپ مجھ پر حد جاری کریں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جاؤ! اور اُس وقت آنا جب تمہارا بچہ دودھ پینا چھوڑ چکا ہوگا' جب اُس عورت کے بچے نے دودھ پینا چھوڑ دیا تو وہ عورت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی: میں نے زنا کا ارتکاب کیا تھا' آپ مجھ پر حد جاری کردیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی ایسا شخص لے کر آؤ جو تمہارے بچے کا کفیل بن سکے' تو ایک شخص کھڑا ہوا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اس کے بچے کا کفیل بنتا ہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس عورت کو سنگسار کروادیا۔

3188 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْقَاضِیُ وَابْنُ قَحْطَبَةَ قَالاَ حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ خِدَاشٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ سَالِمٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ قَالَ اُتِیَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ بِزَانٍ مُحْصَنٍ فَجَلَدَهُ يَوْمَ الْخَمِيْسِ مِائَةَ جَلْدَةٍ ثُمَّ رَجَمَهُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقِيْلَ لَهُ جَمَعْتَ عَلَيْهِ حَدَّيْنِ . فَقَالَ جَلَدْتُهُ بِكِتَابِ اللّٰهِ وَرَجَمْتُهُ بِسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سامنے ایک شادی شدہ زانی کو لایا گیا' تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جمعرات کے دن اُسے کوڑے لگوائے اور جمعہ کے دن اُسے سنگسار کروادیا۔ تو اُن سے کہا گیا: آپ نے دو سزائیں اکٹھی

۳۱۸۶- تقدم- ۳۱۸۷- تقدم-

۳۱۸۸- اخرجه البخاري (۶۸۱۲) عن الشعبي (به في امراة زنت) فقال: (رجمتها بسنة رسول الله صلى الله عليه وسلم ......) - اه -

کر دی ہیں؟ تو اُنہوں نے فرمایا: میں نے اللہ کی کتاب کے حکم کے تحت اسے کوڑے لگوائے ہیں اور اللہ کے رسول کی سنت کے مطابق اسے سنگسار کروایا ہے۔

شرح:

علامہ ابن رشد نے یہ بات بیان کی ہے:

علماء میں اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے، جس شخص کو سنگسار کرنا لازم ہو گیا ہو اسے سنگسار کرنے سے پہلے کوڑے لگائے جاسکتے ہیں؟

جمہور اس بات کے قائل ہیں: جس شخص کو سنگسار کرنا لازم ہو، اسے کوڑے نہیں لگائے جاسکتے، جبکہ حسن، اسحاق بن راہویہ، احمد بن حنبل اور داؤد ظاہری اس بات کے قائل ہیں: شادی شدہ زانی کو پہلے کوڑے لگائے جائیں گے، اس کے بعد اسے سنگسار کیا جائے گا۔

جمہور نے اپنے موقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کی ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کو سنگسار کروایا تھا، اس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہینہ قبیلے سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون کو بھی سنگسار کروایا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیوں سے تعلق رکھنے والے ایک مرد اور ایک عورت کو بھی سنگسار کروایا تھا، یہ تمام روایات مستند طور پر منقول ہیں، اور ان میں سے کسی بھی روایت میں یہ بات مذکور نہیں ہے، کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں سنگسار کروانے سے پہلے کوڑے لگوائے ہوں۔

قیاس کے اعتبار سے دیکھا جائے، تو یہ بات سامنے آتی ہے، چھوٹی حد، بڑی حد میں ضمنی طور پر شامل ہوتی ہے، پھر ایک پہلو یہ بھی ہے، حد کا بنیادی مقصد یہ ہے، دوسرے لوگوں کو اس جرم کے ارتکاب سے روکا جائے، تو سنگسار کرنے کے ہمراہ کوڑے مارنے کی صورت میں مزید روکنے کی صورت نہیں پائی جاتی ہے۔

3189- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ وَابْنُ قَحْطَبَةَ قَالَا حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خِدَاشٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا حُصَيْنٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ اُتِيَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِمَوْلَاةٍ لِسَعِيْدِ بْنِ قَيْسٍ قَدْ فَجَرَتْ فَضَرَبَهَا مِائَةً ثُمَّ رَجَمَهَا ثُمَّ قَالَ جَلَدْتُهَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَرَجَمْتُهَا بِسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں سعید بن قیس کی کنیز کو لایا گیا' جس نے زنا کا ارتکاب کیا تھا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُسے سو کوڑے لگوائے' پھر اُسے سنگسار بھی کروا دیا' پھر اُنہوں نے فرمایا: میں نے اللہ کی کتاب کے حکم کے تحت اسے کوڑے لگوائے ہیں اور اللہ کے رسول کی سنت کے مطابق اسے سنگسار کروایا ہے۔

3190- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الْقَاضِيْ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ الصَّبَّاحِ الدُّوْلَابِيُّ

۳۱۸۹- اخرجه عبد الله بن احمد في زوائد المسند (۱۱٦/۱) من طريق هشيم' وانبانا حصين...... به- وراجع الذي قبله-

۳۱۹۰- اخرجه احمد (۱۱٦/۱) من طريق هشيم' حدثنا اسماعيل بن سالم...... به- و انظر الذي قبله-

حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ سَالِمٍ وَّحُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الشَّعْبِيِّ اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ جَلَدَ يَوْمَ الْخَمِيسِ وَرَجَمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَقَالَ جَلَدْتُهَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَرَجَمْتُهَا بِسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جمعرات کے دن اُسے کوڑے لگوائے اور جمعہ کے دن اُسے سنگسار کروادیا۔ تو اُن سے کہا گیا: آپ نے دو سزائیں اکٹھی کردی ہیں؟ تو اُنہوں نے فرمایا: میں نے اللہ کی کتاب کے حکم کے تحت اسے کوڑے لگوائے ہیں اور اللہ کے رسول کی سنت کے مطابق اسے سنگسار کروایا ہے۔

3191- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الْقَاضِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ جَرِيرِ بْنِ جَبَلَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ كَثِيرٍ عَنْ حُصَيْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ اُتِيَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِمَوْلَاةِ سَعِيدِ بْنِ قَيْسٍ الْهَمْدَانِيِّ فَجَلَدَهَا ثُمَّ رَجَمَهَا وَقَالَ جَلَدْتُهَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَرَجَمْتُهَا بِسُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں سعید بن قیس کی کنیز کو لایا گیا' جس نے زنا کا ارتکاب کیا تھا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُسے سو کوڑے لگوائے' پھر اُسے سنگسار بھی کروادیا' پھر اُنہوں نے فرمایا: میں نے اللہ کی کتاب کے حکم کے تحت اسے کوڑے لگوائے ہیں اور اللہ کے رسول کی سنت کے مطابق اسے سنگسار کروایا ہے۔

3192- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُو الْجَوَّابِ حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ عَنْ اَبِي حَصِينٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ اُتِيَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِشُرَاحَةَ الْهَمْدَانِيَّةِ قَدْ فَجَرَتْ فَرَدَّهَا حَتّٰى وَلَدَتْ فَلَمَّا وَلَدَتْ قَالَ ائْتُونِي بِاَقْرَبِ النِّسَاءِ مِنْهَا فَاَعْطَاهَا وَلَدَهَا ثُمَّ جَلَدَهَا وَرَجَمَهَا وَقَالَ جَلَدْتُهَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَرَجَمْتُهَا بِالسُّنَّةِ .ثُمَّ قَالَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ نَعَى عَلَيْهَا وَلَدُهَا اَوْ كَانَ اعْتِرَافٌ فَالْاِمَامُ اَوَّلُ مَنْ يَّرْجُمُ ثُمَّ النَّاسُ فَاِنْ نَعَاهَا شُهُوْدٌ فَالشُّهُوْدُ اَوَّلُ مَنْ يَّرْجُمُ ثُمَّ النَّاسُ.

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سامنے "شراحہ ہمدانیہ" (نامی عورت) کو لایا گیا' جس نے زنا کا ارتکاب کیا تھا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُسے واپس بھیج دیا کہ وہ پہلے بچے کو جنم دے' جب اُس عورت نے بچے کو جنم دیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کی سب سے قریبی رشتہ دار خاتون کو میرے پاس لاؤ' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُس عورت کا بچہ اُس خاتون کو دیا اور اُس عورت کو پہلے کوڑے لگوائے پھر سنگسار کروایا اور فرمایا: میں نے اللہ تعالیٰ کی کتاب کے حکم کے تحت اسے کوڑے لگوائے ہیں اور سنت کے حکم کے تحت اسے سنگسار کیا ہے۔

پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو عورت ناجائز بچے کو جنم دے یا (زنا کرنے کا) اعتراف کرلے' تو اُسے پہلے امام (یعنی حاکمِ وقت یا قاضی) پتھر مارے گا' پھر دوسرے لوگ پتھر ماریں گے' لیکن جس عورت کا جرم گواہوں کے ذریعہ ثابت ہو' اُسے پہلے گواہ پتھر ماریں گے' پھر دوسرے لوگ پتھر ماریں گے۔

3193- اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ بْنُ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْخَطَّابِيُّ حَدَّثَنَا الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ

۳۱۹۱- تقدمت رواية حصين عن الشعبي قريباً-

۳۱۹۲- تقدم من طرقه عن الشعبي: به-

أَبِي عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ وَجَدْتُمُوهُ يَعْمَلُ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ فَاقْتُلُوا الْفَاعِلَ وَالْمَفْعُولَ بِهِ .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب تم کسی ایسے شخص کو پاؤ جو قومِ لوط کا سا عمل کر رہا ہو تو یہ عمل کرنے والے اور جس کے ساتھ یہ عمل کیا گیا ہو دونوں کو قتل کر دو۔

3194- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْبَغَوِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ عَنْ مُجَاهِدٍ وَسَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي الْبِكْرِ يُوجَدُ عَلَى اللُّوطِيَّةِ قَالَ يُرْجَمُ .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ایسے کنوارے شخص کے بارے میں' جو قومِ لوط کا سا عمل کرتے ہوئے پکڑا جائے' یہ فرماتے ہیں: اُسے سنگسار کیا جائے گا۔

3195- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ نَيْرُوزَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي حَبِيبَةَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ يَا مُخَنَّثُ فَاجْلِدُوهُ عِشْرِينَ سَوْطًا وَإِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ يَا يَهُودِيُّ فَاجْلِدُوهُ عِشْرِينَ وَمَنْ وَقَعَ عَلَى ذَاتِ مَحْرَمٍ فَاقْتُلُوهُ وَمَنْ وَقَعَ عَلَى بَهِيمَةٍ فَاقْتُلُوهُ وَاقْتُلُوا الْبَهِيمَةَ .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو یہ کہے: اے ہیجڑے! تو (کہنے والے شخص کو) بیس لاٹھیاں مارو' جب کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو یہ کہے: اے یہودی! (تو کہنے والے شخص کو) بیس لاٹھیاں مارو' اور جو شخص کسی محرم عورت کے ساتھ صحبت کر لے' اُسے قتل کر دو' جو شخص کسی

۳۱۹۳-اخرجه ابو داود في الحدود (۱۵۸/٤) باب: فيمن عمل عمل قوم لوط (٤٤٦٢) و الترمذي في الحدود (٤٧/٤) باب: ما جاء في حد اللوطي (١٤٥٦) و ابن ماجه في الحدود (٨٥٦/٢) باب: من عمل عمل قوم لوط (٢٥٦١) و احمد (٣٠٠/١) و الحاكم (٣٥٥/٤) من طريق الدراوردي' به-وهكذا ذكره ابن عدي في الكامل (٢٠٦/٦) في ترجمة عمرو بن ابي عمرو' من طريق الدراوردي' به-واخرجه ابن عدي (٢٠٦/٦) من طريق محمد بن اسحاق عن عمرو' به بلفظ: (ملعون من عمل عمل قوم لوط)- ولم يذكر (القتل) و اشار الترمذي الى هذا الرواية' و اخرجها النسائي' و اعل بعمرو بن ابي عمرو' وله شاهد من حديث ابي هريرة' بنحوه في (القتل) ' قال الترمذي: (وهو حديث في اسناده مقال' و لا نعلم احدًا اخرجه عن سهيل بن ابي صالح غير عاصم بن عمر العمري' و هو يضعف في الحديث من قبل حفظه)- اه- وراجع: نصب الراية للزيلعي (٣٣٩/٣- ٣٤٠)-

۳۱۹٤-اخرجه عبد الرزاق في المصنف (٣٦٤/٧) رقم (١٣٤٩١) عن ابن جريج' به' و من طريقه اخرجه الدارقطني هنا و ابو داود في السنن (١٥٩/٤) كتاب الحدود' باب: فيمن عمل عمل قوم لوط' الحديث (٤٤٦٣)-و من طريق ابي داود- ايضاً- اخرجه البيهقي في السنن (٢٣٢/٨) كتاب: الحدود: باب ما جاء في حد اللوطي-

۳۱۹۵-اخرجه الترمذي في الحدود (١٤٦٢) باب: ما جاء فيمن يقول للآخر يا مخنث: حدثنا محمد بن رافع' حدثنا ابن ابي فديك...... به نحوه-قال الترمذي: (هذا حديث لا نعرفه الا من هذا الوجه' و ابراهيم بن اسماعيل يضعف في الحديث)- اه- و اخرجه ابن ماجه في الحدود (٢٥٦٤) باب: من اتى ذات محرم و من اتى بهيمة' و في باب: حد القذف' الحديث (٢٥٦٨) من طريق عبد الرحيم بن ابراهيم' ثنا ابن ابي فديك' به نحوه- و اخرجه البيهقي في السنن (٢٥٢/٨-٢٥٣) كتاب الحدود: باب: ما جاء في الشتم دون القذف' من طريق ابراهيم بن عبد الله الهروي' ثنا محمد بن اسماعيل بن ابي فديك' به-

جانور کے ساتھ بدفعلی کرے اُس شخص کو قتل کردو اور اُس جانور کو بھی ماردو۔

3196- حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْخَطَّابِيُّ حَدَّثَنَا الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِىْ عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَقَعَ عَلٰى بَهِيْمَةٍ فَاقْتُلُوْهُ وَاقْتُلُوا الْبَهِيْمَةَ مَعَهُ . فَقُلْنَا لِابْنِ عَبَّاسٍ مَا شَاْنُ الْبَهِيْمَةِ قَالَ مَا سَمِعْتُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا وَلٰكِنْ اَرٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَرِهَ اَنْ يُؤْكَلَ مِنْ لَحْمِهَا شَىْءٌ اَوْ يُنْتَفَعَ بِهَا وَقَدْ عُمِلَ بِهَا ذٰلِكَ الْعَمَلُ .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص کسی جانور کے ساتھ بدفعلی کرے اُسے قتل کردو اور اُس کے ساتھ اُس جانور کو بھی ماردو! راوی کہتے ہیں: ہم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا: جانور کا کیا قصور ہے؟ تو اُنہوں نے فرمایا: میں نے یہ الفاظ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تو نہیں سنے تاہم میرا خیال ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کو ناپسند کیا کہ جس جانور کے ساتھ یہ عمل کیا گیا ہو اُس کا گوشت کھایا جائے یا اُس سے کوئی اور نفع حاصل کیا جائے۔

3197- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْهَيْثَمِ بْنِ خَالِدٍ الطِّيْنِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ يَحْيٰى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِى الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ امْرَاَةً مِنْ جُهَيْنَةَ اَتَتِ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاعْتَرَفَتْ بِالزِّنَا فَقَالَتْ اِنِّىْ حُبْلٰى . فَدَعَا النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِيَّهَا فَقَالَ اَحْسِنْ اِلَيْهَا فَاِذَا وَضَعَتْ فَاْتِنِىْ بِهَا . فَفَعَلَ فَلَمَّا وَضَعَتْ جَاءَ بِهَا اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اذْهَبِىْ فَاَرْضِعِيْهِ . فَفَعَلَتْ ثُمَّ جَاءَتْ فَاَمَرَ بِهَا النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشُكَّتْ عَلَيْهَا ثِيَابُهَا ثُمَّ اَمَرَ بِرَجْمِهَا فَصَلّٰى عَلَيْهَا فَقَالَ عُمَرُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَجَمْتَهَا ثُمَّ تُصَلِّىْ عَلَيْهَا فَقَالَ لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ بَيْنَ سَبْعِيْنَ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ لَوَسِعَتْهُمْ هَلْ وَجَدْتَّ اَفْضَلَ مِنْ اَنْ جَادَتْ بِنَفْسِهَا .

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جہینہ قبیلہ کی ایک عورت' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اُس نے زنا کرنے کا اعتراف کیا' اُس نے بتایا: میں حاملہ ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے سرپرست کو بلایا اور فرمایا: اس کا اچھی طرح خیال رکھنا' جب یہ بچے کو جنم دے' تو اسے میرے پاس لے آنا' اُس شخص نے ایسا ہی کیا' جب اُس عورت نے بچے کو جنم دیا تو وہ اُس عورت کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (اُس عورت سے) فرمایا: تم جاؤ اور اسے دودھ پلاؤ' اُس عورت نے ایسا ہی کیا' وہ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت (اُس کے جسم پر) کپڑوں کو اچھی طرح باندھ دیا گیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُسے سنگسار کر دیا گیا۔ آپ نے اُس کی نمازِ جنازہ ادا کی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض

۳۱۹۶- جزء من الحديث السابق-

۳۱۹۷- تقدم-

کی: یارسول اللہ! آپ نے پہلے اسے سنگسار کیا پھر اس کی نمازِ جنازہ بھی ادا کر لی؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس عورت نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر وہ اہلِ مدینہ کے ستر افراد کے درمیان تقسیم کی جائے' تو اُن سب کیلئے کافی ہو' کیا تمہیں اس سے زیادہ فضیلت والا کوئی شخص مل سکتا ہے کہ اُس نے اپنی جان قربان کر دی؟

3198- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ اَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِى الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ قَالَ فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ تُصَلِّي عَلَيْهَا وَقَدْ زَنَتْ

☆☆ حضرت عمران رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اسی کی مانند نقل کرتے ہیں' تاہم اس یہ الفاظ ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپ کی خدمت میں عرض کی: کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی نمازِ جنازہ ادا کریں گے حالانکہ اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہے؟

3199- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْهَيْثَمِ بْنِ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَسْلَمَ جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاعْتَرَفَ بِالزِّنَا فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ اعْتَرَفَ فَاَعْرَضَ عَنْهُ حَتّٰى شَهِدَ عَلٰى نَفْسِهِ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبِكَ جُنُوْنٌ قَالَ لَا .قَالَ اُحْصِنْتَ .قَالَ نَعَمْ فَاَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَ بِالْمُصَلّٰى فَلَمَّا اَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ فَرَّ فَاُدْرِكَ فَرُجِمَ حَتّٰى مَاتَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرًا وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ .

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: اسلم قبیلہ کا ایک فرد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اُس نے زنا کرنے کا اعتراف کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے منہ پھیر لیا' اُس نے پھر اعتراف کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر اُس سے اعراض کیا' یہاں تک کہ اُس نے چار مرتبہ اپنے بارے میں یہ گواہی دی (کہ وہ زنا کر چکا ہے)' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم مجنون ہو؟ اُس نے عرض کی: جی نہیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم شادی شدہ ہو؟ اُس نے عرض کی: جی ہاں! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُسے عیدگاہ میں سنگسار کر دیا گیا' جب اُسے پتھر لگے تو وہ بھاگا لیکن لوگ اُس تک پہنچ گئے اور اُسے سنگسار کر دیا گیا' یہاں تک کہ وہ مر گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے بارے میں اچھے الفاظ ذکر کیے' تاہم آپ نے اُس کی نمازِ جنازہ ادا نہیں کی۔

3200- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَيْدٍ الْحِنَّائِيُّ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَائِذٍ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِى الْعَيْنِ الْعَوْرَاءِ السَّادَّةِ لِمَكَانِهَا اِذَا طُمِسَتْ بِثُلُثِ دِيَتِهَا وَفِى الْيَدِ الشَّلَّاءِ اِذَا

۳۱۹۸- انظر الذي قبله- ۳۱۹۹- تقدم-

۳۲۰۰- اخرجه النسائي في القسامة (۸/۵۵) باب: العين العوراء السادة لمكانها اذا طمست (۴۸۵۵) اخبرنا احمد بن ابراهيم بن محمد' اخبرنا ابن عائذ...... به-واخرجه ابو داود في الديات (۴۵۶۷) باب: ديات الاعضاء' من وجه آخر عن الهيثم بن حميد' به-

قُطِعَتْ بِثُلُثِ دِيَتِهَا .

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نابینا شخص کی آنکھ کو اُس کی مخصوص جگہ سے نکال دینے کی دیت (جان کی دیت) کا تہائی حصہ جب کہ شل (مفلوج) ہاتھ والے شخص کے ہاتھ کاٹے جانے کی دیت (جان کی دیت) کا تہائی حصہ مقرر کی ہے۔

3201 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْبَاقِي بْنُ قَانِعٍ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُوْ مُوْسَى الْهَرَوِيُّ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ جَعَلَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدِّيَةَ مِائَةً مِنَ الْإِبِلِ قَالَ فَقَوَّمَ كُلَّ بَعِيرٍ ثَمَانِينَ فَكَانَتِ الدِّيَةُ ثَمَانِيَةَ آلَافٍ وَجَعَلَ دِيَةَ أَهْلِ الْكِتَابِ النِّصْفَ مِنْ دِيَةِ الْمُسْلِمِينَ فَكَانَتْ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَهْدِ أَبِي بَكْرٍ فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ غَلَتِ الْإِبِلُ فَقَوَّمَهَا عِشْرِينَ وَمِائَةٍ فَجَعَلَ الدِّيَةَ اثْنَى عَشَرَ أَلْفًا وَتَرَكَ دِيَةَ أَهْلِ الْكِتَابِ كَمَا هِيَ وَجَعَلَ دِيَةَ الْمَجُوسِيِّ ثَمَانَمِائَةٍ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سو اونٹوں (کی ادائیگی کو جان کی) دیت مقرر کیا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: آپ نے ہر اونٹ کی قیمت اسّی درہم مقرر کی تو دیت کی مجموعی رقم آٹھ ہزار درہم ہوئی، جب کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ کتاب کی دیت مسلمان کی دیت کا نصف مقرر کی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں یہی رقم رہی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں اونٹ مہنگے ہو گئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُن کی قیمت ایک سو بیس درہم (فی اونٹ) مقرر کی، تو دیت کی رقم بارہ ہزار درہم ہو گئی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اہلِ کتاب کی وہی دیت رہنے دی جو پہلے تھی، اُنہوں نے مجوسی کی دیت بھی آٹھ سو درہم مقرر کر دی۔

3202 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ بْنُ عَبْدُوسٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ حَدَّثَنَا أَبُوْ كُرْزٍ قَالَ سَمِعْتُ نَافِعًا عَنِ ابْنِ عُمَرَ ذَكَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ وَدَى ذِمِّيًّا دِيَةَ مُسْلِمٍ . أَبُوْ كُرْزٍ هَذَا مَتْرُوْكُ الْحَدِيْثِ وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ نَافِعٍ غَيْرُهُ.

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ

۳۲۰۱- اخرجه ابو داود في الديات (۱۸٤/٤) باب: الدية كم هي؟ (٤٥٤٢) و من طريقه البيهقي في المعرفة (۱۱۱/۱۲) باب: اعواز الابل (٦٠٧٥) من طريق حسين المعلم عن عمرو بن شعيب، بنحوه- و اخرجه البيهقي في السنن الكبرى ايضاً (۷۷/۸)- و تقدم نحوه من حديث عمرو ابن حزم الشهير-

۳۲۰۲- اخرجه البيهقي في السنن الكبرى (۱۰۲/۸) كتاب : الديات، باب: دية اهل الذمة، من طريق احمد بن يحيى الحلواني، ثنا علي بن الجعد...... به- بلفظ: (دية ذمي دية مسلم)-وقال البيهقي: (وقال غيره عن علي بن الجعد: (ودى ذمياً دية مسلم) و فيه ابو كرز و هو ضعيف: كما ذكر المصنف هنا-

وسلم نے ایک ذمّی کو مسلمان کی دیت جتنی دیت ادا کروائی تھی۔

اس روایت کا راوی ابوکرز ''متروک الحدیث'' ہے نافع کے حوالے سے اس روایت کو صرف اُسی نے نقل کیا ہے۔

3203- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ صَفْوَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا زَحْمُويَهْ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كَانَا يَجْعَلَانِ دِيَةَ الْيَهُوْدِيِّ وَالنَّصْرَانِيِّ اِذَا كَانَا مُعَاهَدَيْنِ دِيَةَ الْحُرِّ الْمُسْلِمِ وَكَانَ عُثْمَانُ وَمُعَاوِيَةُ لَا يُقِيْدَانِ الْمُشْرِكَ مِنَ الْمُسْلِمِ .

☆☆ ابن شہاب بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ دونوں حضرات نے یہودی اور عیسائی شخص کی دیت' آزاد مسلمان شخص کی دیت جتنی مقرر کی بشرطیکہ وہ شخص ''معاہد (یعنی ذمّی)'' ہو' جب کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ' مشرک کو مسلمان سے دیت نہیں دلواتے تھے۔

3204- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُوْنٍ الْخَيَّاطُ الْمَكِّيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِاثْنَيْ عَشَرَ اَلْفًا فِي الدِّيَةِ . قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُوْنٍ وَّاِنَّمَا قَالَ لَنَا فِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَرَّةً وَّاحِدَةً وَّاَكْثَرُ ذٰلِكَ كَانَ يَقُوْلُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیت میں بارہ ہزار درہم کی ادائیگی کا فیصلہ دیا تھا۔

محمد بن میمون نامی راوی بیان کرتے ہیں: ہمارے استاد نے اسے ایک مرتبہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے ہمارے سامنے بیان کیا' تاہم اکثر مرتبہ اُنہوں نے اس روایت کو عکرمہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے (مرسل) روایت کے طور پر نقل کیا۔

3205- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هَانِءٍ حَدَّثَنَا

۳۲۰۳- نقله الزيلعي في نصب الراية (٣٦٨/٤) عن الدارقطني' ثم قال: (واخرجه ابن ابي شيبة نحوه عن علقمة و مجاهد وعطاء و الشعبي و النخعي و الزهري)- اه- واخرجه البيهقي في السنن (١٠٢/٨) كتاب: الديات باب: دية اهل الذمة' من طريق جعفر ابن عون' انبا ابن جريج عن الزهري' قال: كانت دية اليهودي و النصراني في زمن النبي صلى الله عليه وسلم مثل دية المسلم و ابي بكر' و عمر' و عثمان- رضي الله عنهم- فلما كان معاوية' اعطى اهل المقتول النصف' و القى النصف في بيت المال- قال: ثم قضى عمر بن عبد العزيز في النصف و القى ما كان جعل معاوية)- اه- و نقل البيهقي عن الشافعي- رحمهما الله- تضعيفه بكونه مرسلاً' و بان الزهري قبيح المرسل-

۳۲۰٤- اخرجه النسائي في القسامة (٤٤/٨) باب: ذكر الدية من الورق (٤٨١٨): اخبرنا محمد بن ميمون به كما هنا- واخرجه الترمذي في الديات (٧/٤) باب: ما جاء في الدية كم هي من الدراهم؟ (١٣٨٩) عن سعيد بن عبد الرحمن المخزومي' حدثنا سفيان بن عيينة...... باسناده لم يذكر ابن عباس- وقال ابو داود (٤٥٤٦): (اخرجه ابن عيينة عن عمرو عن عكرمة عن النبي صلى الله عليه وسلم' لم يذكر ابن عباس)- وقال النسائي- كما في نصب الراية (٣٦١/٤)-: (و محمد بن ميمون ليس بالقوي في الحديث)- وقال- ايضاً-: (الصواب مرسل)- قلت: وصوب المرسل- هكذا ايضاً- ابو حاتم الرازي كما في علل ابن ابي حاتم (٤٦٢/١-٤٦٣) (١٣٩٠) و قال ابن حبان: (المرسل اصح) كما في نصب الراية (٣٦١/٤)-

مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلاً قَتَلَ رَجُلاً عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيَتَهُ اثْنَىْ عَشَرَ اَلْفًا وَذٰلِكَ قَوْلُهُ (اِلَّا اَنْ اَغْنَاهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهِ) بِاَخْذِهِمُ الدِّيَةَ .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ایک شخص نے دوسرے کو قتل کر دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کی دیت بارہ ہزار درہم مقرر کی' اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے یہی مراد ہے۔

"ماسوائے اس صورت کے کہ اللہ اور اس کا رسول اپنے فضل سے اُنہیں غنی کر دیں"۔

یعنی وہ لوگ دیت وصول کر کے (غنی ہو جائیں)۔

3206- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ صَفْوَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عُمَرَ قَالَ دِيَةُ الْيَهُوْدِيِّ وَالنَّصْرَانِيِّ اَرْبَعَةُ الاٰفٍ اَرْبَعَةُ الاٰفٍ وَّالْمَجُوْسِيِّ ثَمَانِمَائَةٍ .

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہودی اور عیسائی کی دیت 4,4 ہزار درہم ہوگی' جب کہ مجوسی کی دیت آٹھ سو درہم ہوگی۔

3207- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ صَفْوَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ ثَابِتٍ اَبِى الْمِقْدَامِ وَيَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ كِلَاهُمَا عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ كَانَ عُمَرُ يَجْعَلُ دِيَةَ الْيَهُوْدِيِّ وَالنَّصْرَانِيِّ اَرْبَعَةَ الاٰفٍ وَّالْمَجُوْسِيِّ ثَمَانِمَائَةٍ.

۳۲۰۵- اخرجه النسائي في القسامة (۸/ ٤٤) باب: ذكر الدية من الورق (٤٨١٧) اخبرنا محمد بن المثنى' به- و اخرجه الترمذي في الديات (٤/ ٦-٧) باب: ما جاء في الدية كم هي من الدراهم؟ (۱۳۸۸) و ابن ماجه في الديات (۲/ ۸۷۸) باب: دية الخطا (۲٦۲۹) كلاهما قال: حدثنا محمد بن بشار' حدثنا معاذ بن هانيء' به- و اخرجه النسائي في القسامة (۸/ ٤٤) باب: ذكر الدية من الورق (٤٨١٧) اخبرنا ابو داود حدثنا معاذ بن هانيء' به- و اخرجه ابو داؤد في الديات (٤/ ۱۸۳) باب: الدية كم هي؟ (٤٥٤٦) من طريق زيد بن الحباب' و ابن ماجه في الديات (۲/ ۸۷۹) باب: دية الخطا (۲٦۳۲) من طريق محمد بن سنان' كلاهما عن محمد بن مسلم' به-و ذكره ابن ابي حاتم في العلل (۱/ ٤٦۲-٤٦۳) (۱۳۹۰) من رواية محمد بن سنان العوفي عن محمد بن مسلم' به- قال الترمذي: (ولا نعلم احدًا يذكر في هذا الحديث: (عن ابن عباس)- غير محمد بن مسلم' و العمل على هذا عند بعض اهل العلم' و هو قول احمد و اسحاق' ورای بعضهم اهل العلم الدية عشرة آلاف' و هو قول سفيان الثوري و اهل الكوفة- وقال الشافعي: لا اعرف الدية الا من الابل: و هي مائة من الابل او قيمتها)- اه- قلت: و الصواب في هذا الحديث الارسال بدون ذكر ابن عباس: كما سبق فيما قبله-

۳۲۰٦- قال البيهقي في المعرفة (۱۲/ ۱٤۲) باب: دية اهل الذمة (۱٦۲۱۸): (و كذلك اخرجه ابن ابي عروبة عن قتادة عن سعيد بن المسيب عن عمر- وهو في كتاب الدارقطني باسناد صحيح)- اه- وراجع: نصب الراية (٤/ ۳٦٥)-

۳۲۰۷- اخرجه الشافعي في الام (٦/ ۱۰٥) و من طريقه البيهقي في المعرفة (۱۲/ ۱٤۲) باب: دية اهل الذمة (۱٦۲۱۷) من طريق منصور بن المعتمر عن ثابت الحداد' به-واخرجه عبد الرزاق في المصنف (۱۰/ ۹۳) باب: دية اهل الكتاب (۱۸٤۷۹) عن الثوري عن ابي المقدام' به- واخرجه البيهقي في الكبرى (۸/ ۱۰۰) من طريق الثوري' به بلفظ: (ان عمر قضى في دية المجوسي بثمانمائة درهم- و راجع: نصب الراية (٤/ ۳٦٥)-

☆☆ سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہودی اور عیسائی شخص کی دیت 4,4 ہزار درہم مقرر کی تھی جب کہ مجوسی کی دیت آٹھ سو درہم مقرر کی تھی۔

3208- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجَوَيْهِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَوْهَبٍ حَدَّثَنِي مَالِكُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ وُجِدَ فِي قَائِمِ سَيْفِ رَسُوْلِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِتَابَانِ إِنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عُتُوًّا فِي الْأَرْضِ رَجُلٌ ضَرَبَ غَيْرَ ضَارِبِهِ أَوْ رَجُلٌ قَتَلَ غَيْرَ قَاتِلِهِ وَرَجُلٌ تَوَلَّى غَيْرَ أَهْلِ نِعْمَتِهِ فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ كَفَرَ بِاللَّهِ وَبِرَسُوْلِهِ لَا يَقْبَلُ اللَّهُ مِنْهُ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا . وَفِي الْآخَرِ الْمُؤْمِنُوْنَ تَتَكَافَأُ دِمَاؤُهُمْ وَيَسْعَى بِذِمَّتِهِمْ أَدْنَاهُمْ لَا يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ وَلَا ذُوْ عَهْدٍ فِي عَهْدِهِ وَلَا يَتَوَارَثُ أَهْلُ مِلَّتَيْنِ . مُخْتَصَرٌ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار کے قبضے میں یہ دو باتیں پائی گئی تھیں: زمین میں سب سے زیادہ نافرمان وہ شخص ہے جو اپنے مارنے والے کے علاوہ کسی دوسرے کو مار دے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) جو اپنے قتل کرنے والے کے علاوہ کسی اور کو قتل کر دے (مراد یہ ہے جو کسی کو ناحق قتل کر دے) اور وہ شخص جو اپنے (آزاد کرنے والے) آقا کی بجائے خود کو کسی اور کی طرف منسوب کرے جو شخص ایسا کرے گا اُس نے (گویا) اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کا انکار کیا اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی کوئی فرض یا نفل عبادت قبول نہیں کرے گا۔

(دوسری بات یہ ہے:) اہلِ ایمان کی جان یکساں حیثیت کی حامل ہے اور اُن کے عام فرد کی دی ہوئی پناہ کا احترام کیا جائے گا کسی مسلمان کو کسی کافر کے بدلے میں قتل نہیں کیا جائے گا اور کسی معاہد (ذمّی) کو قتل نہیں کیا جائے گا اور دو مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ ایک دوسرے کے وارث نہیں بنیں گے۔

(یہ روایت مختصر ہے)

3209- حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ أَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ نَهَى أَصْحَابَهُ أَنْ يَنْبَسِطُوا عَلَى الْخَوَارِجِ حَتّٰى يُحْدِثُوا حَدَثًا فَمَرُّوا بِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ خَبَّابٍ فَأَخَذُوْهُ فَانْطَلَقُوْا بِهِ فَمَرُّوا عَلٰى تَمْرَةٍ سَاقِطَةٍ مِنْ نَخْلَةٍ فَأَخَذَهَا بَعْضُهُمْ فَأَلْقَاهَا فِي فِيهِ فَقَالَ لَهُ بَعْضُهُمْ تَمْرَةُ مُعَاهَدٍ فَبِمَ اسْتَحْلَلْتَهَا فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ خَبَّابٍ أَفَلَا أَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ هُوَ أَعْظَمُ حُرْمَةً عَلَيْكُمْ مِنْ هٰذَا قَالُوْا نَعَمْ .قَالَ أَنَا .فَقَتَلُوْهُ فَبَلَغَ ذٰلِكَ عَلِيًّا فَأَرْسَلَ إِلَيْهِمْ أَنْ أَقِيدُوْنَا بِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ خَبَّابٍ .قَالُوْا كَيْفَ نُقِيدُكَ بِهِ وَكُلُّنَا قَتَلَهُ قَالَ وَكُلُّكُمْ قَتَلَهُ قَالُوْا نَعَمْ .قَالَ اللَّهُ أَكْبَرُ .ثُمَّ أَمَرَ أَنْ يَنْبَسِطُوا عَلَيْهِمْ وَقَالَ وَاللَّهِ لَا يُقْتَلُ مِنْكُمْ عَشَرَةٌ

۳۲۰۸- اخرجه الحاكم في الحدود (۴/۳۴۹) من طريق ابي اليمان الحكم بن نافع، انبا عبيد الله بن عبد الرحمن بن موهب، به- الى قوله: (ولا يقبل الله منه صرفاً ولا عدلا)- و قال الحاكم: (حديث صحيح الاسناد و لم يخرجاه)- اهـ- و اخرجه البيهقي في الكبرى ايضاً (۸/۳۶)-

۳۲۰۹- اخرجه البيهقي في السنن (۸/۱۸۴-۱۸۵) كتاب: قتال اهل البغي، باب: الخوارج يعتزلون جماعة الناس...... من طريق الدارقطني، به- وقال صاحب التعليق المغني: (رجاله موثقون)-

وَلَايَفْلِتُ مِنْهُمْ عَشَرَةٌ قَالَ فَقَتَلُوْهُمْ .قَالَ فَقَالَ اطْلُبُوْا فِيْهِمْ ذَا الثُّدَيَّةِ وَذَكَرَ بَاقِيَ الْحَدِيْثِ .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں کو اس بات سے منع کیا تھا کہ وہ خوارج کے ساتھ نرم رویہ اختیار کریں' اُن لوگوں کا گزر عبداللہ بن خباب کے پاس سے ہوا تو اُن لوگوں نے اُسے پکڑ لیا اور اُسے لے کر روانہ ہوئے' اُن کا گزر ایک کھجور کے پاس سے ہوا جو درخت سے نیچے گری تھی' اُن میں سے ایک شخص نے کھجور اُٹھا کر منہ میں ڈال لی تو دوسرے شخص نے اُسے کہا: تم نے معاہد کی کھجور لی ہے' تم نے کس بنیاد پر اسے (اپنے لیے) حلال قرار دیا ہے؟ تو عبداللہ بن خباب نے کہا: کیا میں تمہاری راہنمائی اُس چیز کی طرف نہ کروں جو تمہارے لیے اس سے زیادہ قابلِ احترام ہے' لوگوں نے کہا: جی ہاں! تو عبداللہ بن خباب نے کہا: وہ میں ہوں' پھر اُن لوگوں نے عبداللہ بن خباب کو قتل کر دیا' اس بات کی اطلاع حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ملی تو اُنہوں نے اُن لوگوں کو پیغام بھیجا: تم ہمیں عبداللہ بن خباب کی دیت ادا کرو! تو اُنہوں نے جواب دیا: ہم اس کی دیت آپ کو کیسے ادا کریں؟ جبکہ ہم میں سے ہر ایک شخص نے اُسے قتل کیا ہے' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کیا تم سب لوگوں نے اُسے قتل کیا ہے؟ اُنہوں نے جواب دیا: جی ہاں! تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اللہ اکبر کہا' پھر آپ نے یہ حکم دیا: (کہ آپ کے ساتھی) اُن لوگوں پر بھرپور حملہ کر دیں' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! تم میں سے دس افراد بھی شہید نہیں ہوں گے اور ان میں سے دس افراد بھی زندہ نہیں بچیں گے۔

راوی بیان کرتے ہیں: تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُن سب لوگوں کو قتل کروا دیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حکم دیا: ان میں اُبھرے ہوئے گوشت والے کو تلاش کرو!

اس کے بعد راوی نے پورا واقعہ ذکر کیا ہے۔

3210- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ الْمُهْتَدِىْ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رِشْدِيْنَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْحِمْيَرِيُّ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدَةَ عَنْ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ الْعَدَوِيِّ عَنْ اَبِى الْاَحْوَصِ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ النَّهْرَوَانِ كُنَّا مَعَ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ دُوْنَ النَّهَرِ فَجَآءَتِ الْحَرُوْرِيَّةُ حَتّٰى نَزَلُوْا مِنْ وَرَائِهِ قَالَ عَلِيٌّ لَا تُحَرِّكُوْهُمْ حَتّٰى يُحْدِثُوْا حَدَثًا فَانْطَلَقُوْا اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ فَقَالُوْا حَدِّثْنَا حَدِيْثًا حَدَّثَكَ بِهٖ اَبُوْكَ سَمِعَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ تَكُوْنُ فِتْنَةٌ الْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ وَالْقَائِمُ خَيْرٌ مِنَ السَّاعِى . فَقَدَّمُوْهُ اِلَى الْبَحْرِ فَذَبَحُوْهُ كَمَا تُذْبَحُ الشَّاةُ فَاُتِىَ عَلِىٌّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاُخْبِرَ فَقَالَ اللّٰهُ اَكْبَرُ نَادُوْهُمْ اَنْ اَخْرِجُوْا اِلَيْنَا قَاتِلَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ .فَقَالُوْا كُلُّنَا قَتَلَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَقَالَ عَلِىٌّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ لِاَصْحَابِهٖ دُوْنَكُمُ الْقَوْمَ فَمَا لَبِثَ اَنْ قَتَلَهُمْ عَلِىٌّ وَاَصْحَابُهُ . وَذَكَرَ بَاقِيَ الْحَدِيْثِ .

٣٢١٠- في اسناده الحكم بن عبدة: قال الحافظ في التقريب (١٩١/١): مستور' وقد روى عبد الرزاق (١١٨/١٠) رقم (١٨٥٧٨) عن معمر قال: اخبرني غير واحد من عبد القيس عن حميد بن هلال عن ابيه قال: لقد اتيت الخوارج' و انهم لاحب قوم على وجه الارض الي' فلم ازل فيهم حتى اختلفوا' فقيل لعلي: قاتلهم' فقال: لا حتى يقتلوا...... فذكر القصة نحو ما رواها المصنف هنا۔

☆☆ ابواحوص بیان کرتے ہیں: جنگِ نہروان کے دن ہم لوگ نہر کے ایک طرف حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے ساتھ موجود تھے' اسی دوران خارجی آئے اور اُنہوں نے نہر کے دوسری طرف پڑاؤ کیا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے اُنہیں متحرک نہیں کرنا جب تک وہ خود کوئی غلطی نہ کریں' وہ لوگ عبداللہ بن خباب کے پاس آئے اور بولے: آپ ہمیں کوئی ایسی حدیث سنائیں جو آپ کے والد نے آپ کو سنائی ہو' جو اُنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہو' تو عبداللہ بن خباب نے بتایا: میرے والد نے مجھے یہ حدیث سنائی ہے' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ایسا فتنہ آئے گا' جس میں بیٹھا ہوا شخص کھڑے ہوئے سے بہتر ہوگا اور کھڑا ہوا شخص دوڑنے والے سے بہتر ہوگا۔ (راوی بیان کرتے ہیں:) وہ لوگ (یعنی خارجی لوگ) اُنہیں (یعنی عبداللہ بن خباب کو) دریا کے کنارے لے گئے اور اُنہیں اس طرح ذبح کردیا جس طرح بکری کو ذبح کیا جاتا ہے' اس کی اطلاع حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ملی' تو اُنہوں نے اللہ اکبر کہا اور فرمایا: اُنہیں بلند آواز میں پکار کر یہ کہو کہ وہ عبداللہ بن خباب کے قاتل کو ہماری طرف بھیج دیں! تو اُن لوگوں نے جواب میں تین مرتبہ یہ کہا: ہم سب نے اُنہیں قتل کیا ہے' تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا: اب ان پر حملہ کردو!

راوی بیان کرتے ہیں: اُس کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ اور اُن کے ساتھیوں نے اُن لوگوں کو قتل کردیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس کے بعد (روایت نقل کرنے والے نے) باقی روایت نقل کی ہے۔

3211- حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رُشَيْدٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ الْبُرِّيُّ عَنْ جُوَيْبِرٍ عَنِ الضَّحَّاكِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُقْتَلُ حُرٌّ بِعَبْدٍ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے: آزاد شخص کو کسی غلام کے بدلے میں قتل نہیں کیا جائے گا۔

3212- حَدَّثَنَا ابْنُ الْجُنَيْدِ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوبَ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنِ الْحَكَمِ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ وَّابْنُ مَسْعُوْدٍ اِذَا قَتَلَ الْحُرُّ الْعَبْدَ مُتَعَمِّدًا فَهُوَ قَوَدٌ .لَا تَقُومُ بِهٰذَا حُجَّةٌ لِاَنَّهٗ مُرْسَلٌ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں: جب کوئی آزاد شخص کسی غلام کو قتلِ عمد کے طور پر قتل کردے' تو اس (صورت میں قصاص نہیں لیا جائے گا بلکہ) دیت ادا کی جائے گی۔

(امام دارقطنی کہتے ہیں:) اس روایت کو دلیل کے طور پر پیش نہیں کیا جاسکتا' کیونکہ یہ "مرسل" ہے۔

3213- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَبُو السَّائِبِ سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ

۳۲۱۱- اخرجه البيهقي (۲۵/۸)؛ و قال ابن حجر في (التلخيص) (۱٦/٤): (اخرجه الدارقطني و البيهقي' و فيه جويبر وغيره من المتروكين)- اھ-

۳۲۱۲- اخرجه البيهقي في السنن (۲۵/۸) كتاب: الجنايات' باب: لا يقتل حر بعبد من طريق الدارقطني' به- و نقل البيهقي عن الدارقطني اعلاله بالارسال- و اخرجه ابن ابي شيبة (٤۱۳/۵) رقم (۲۷۵۱٦)؛ قال: حدثنا عبد الرحيم بن سليمان عن ليث' به-

۳۲۱۳- اخرجه البيهقي في سننه (۲٤/۸) كتاب: الجنايات' باب: لا يقتل حر بعبد من طريق الدارقطني' به- و قال ابن حجر في (التلخيص): (وفي اسناده جابر الجعفي' و هو ضعيف جدا)- اھ-

اِسْرَائِيْلَ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَامِرٍ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ مِنَ السُّنَّةِ اَنْ لَّا يُقْتَلَ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ وَّمِنَ السُّنَّةِ اَنْ لَّا يُقْتَلَ حُرٌّ بِعَبْدٍ .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سنت (کا حکم) یہ ہے: کسی کافر کے بدلہ میں مسلمان کو قتل نہ کیا جائے سنت (کا حکم) یہ ہے: کسی غلام کے بدلے میں آزاد شخص کو قتل نہ کیا جائے۔

3214- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ بْنُ عَبْدُوسٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كَانَا لَا يَقْتُلَانِ الْحُرَّ بِقَتْلِ الْعَبْدِ .

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کسی غلام کو قتل کرنے کی وجہ سے (قصاص کے طور پر) آزاد شخص کو قتل نہیں کرواتے تھے۔

3215- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمُقْرِى حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الطَّبَرِىُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَامِرٍ وَّالْحَجَّاجِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ مِثْلَهٗ سَوَاءً .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3216- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدَكَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ تَمِيْمٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَامِرٍ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنَ السُّنَّةِ اَنْ لَّا يُقْتَلَ مُسْلِمٌ بِذِىْ عَهْدٍ وَّلَا حُرٌّ بِعَبْدٍ .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سنت (کا حکم) یہ ہے: کسی "معاہد" (یعنی غیر مسلم) کے بدلے میں مسلمان کو قتل نہیں کیا جائے گا اور غلام کے بدلے میں آزاد شخص کو قتل نہیں کیا جائے گا۔

3217- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ عُمَرُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِى الْحُرِّ يَقْتُلُ الْعَبْدَ قَالَ فِيْهِ ثَمَنُهٗ .

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آزاد شخص کے غلام کو قتل کرنے کے بارے میں یہ فرمایا ہے: اس میں قیمت (بطور دیت) ادا کی جائے گی۔

3218- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيْدٍ الرُّهَاوِىُّ اَخْبَرَنِىْ جَدِّىْ سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرُّهَاوِىُّ اَنَّ عَمَّارَ

۳۲۱۴-اخرجه ابن ابي شيبة (٥/٤١٣) رقم (٢٧٥١٥) ، و من طريقه الدارقطني هنا ، و من طريق الدارقطني اخرجه البيهقي في السنن (٨/٣٤) كتاب: الجنايات باب: لا يقتل حر بعبد- و اخرجه البيهقي في البيهقي ايضاً من طريق عباد بن العوام عن عمر بن عامر والحجاج عن عمرو بن شعيب ، به- وحجاج: هو ابن ارطاة ضعيف- و عمر بن عامر: هو البجلي ، قال الحافظ في التقريب (ت ٤٩٦٠): (ضعيف)-

۳۲۱۵-راجع الذي قبله-

۳۲۱۶-تقدم قبل حديثين من طريق وكيع ، نا اسرائيل ، به-

۳۲۱۷-اخرجه البيهقي في السنن (٨/٣٧) كتاب: الجنايات ، باب: العبد يقتل فيه قيمته بالغة ما بلغت من طريق الدارقطني ، به- و فيه ايضاً- الحجاج بن ارطاة و هو ضعيف-

بْنَ مَطَرٍ حَدَّثَهُمْ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَسْلَمِيُّ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ ابْنِ الْبَيْلَمَانِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتَلَ مُسْلِمًا بِمُعَاهِدٍ وَقَالَ أَنَا أَكْرَمُ مَنْ وَفَى بِذِمَّتِهِ . لَمْ يُسْنِدْهُ غَيْرُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي يَحْيَى وَهُوَ مَتْرُوكُ الْحَدِيثِ وَالصَّوَابُ عَنِ ابْنِ الْبَيْلَمَانِيِّ مُرْسَلٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . وَابْنُ الْبَيْلَمَانِيِّ ضَعِيفٌ لَا تَقُومُ بِهِ حُجَّةٌ إِذَا وَصَلَ الْحَدِيثَ فَكَيْفَ بِمَا يُرْسِلُهُ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ .

★★ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک معاہد (ذمی) کے بدلہ میں مسلمان کو قتل کروادیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا: میں اس بات کا سب سے زیادہ حق دار ہوں کہ اپنی دی ہوئی پناہ کو پورا کروں۔

اس روایت کو صرف ابراہیم بن ابویحییٰ نے ''مسند'' کے طور پر نقل کیا ہے' یہ شخص متروک الحدیث ہے' درست یہ ہے: یہ روایت ابن بیلمانی کے حوالے سے ''مرسل'' روایت کے طور پر منقول ہے۔ ابن بیلمانی' ضعیف ہے' ایسی روایت کو بھی حجت قرار نہیں دیا جاسکتا' جسے اُس نے ''موصول'' روایت کے طور پر نقل کیا ہو۔ چہ جائیکہ وہ روایت جو اُس نے ''مرسل'' کے طور پر نقل کی ہو' باقی اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے!

3219- حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا الرَّمَادِيُّ ح وَأَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ الثَّوْرِيِّ عَنْ رَبِيعَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْبَيْلَمَانِيِّ يَرْفَعُهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقَادَ مُسْلِمًا قَتَلَ يَهُودِيًّا . وَقَالَ الرَّمَادِيُّ أَقَادَ مُسْلِمًا بِذِمِّيٍّ وَقَالَ أَنَا أَحَقُّ مَنْ وَفَّى بِذِمَّتِي .

★★ عبدالرحمٰن بن بیلمانی نے ''مرفوع'' حدیث کے طور پر یہ بات نقل کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مسلمان کو قصاص میں قتل کروادیا تھا' اُس مسلمان نے ایک یہودی کو قتل کیا تھا۔

رمادی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ذمی کے بدلے میں مسلمان کو قتل کروادیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا: میں اس بات کا سب سے زیادہ حق دار ہوں کہ اپنی دی ہوئی پناہ کو پورا کروں۔

۳۲۱۸- اخرجه البيهقي في الجنايات (۳۰/۸) من طريق عمار بن مطر' به- وقال: (حديث عمار بن مطر هذا خطا من وجهين: احدهما: وصله' و ذكر ابن عمر فيه' و انما هو عن ابن البيلماني عن النبي صلى الله عليه وسلم ' مرسل- و الآخر: روايته عن ابراهيم عن ربيعة' و انما يرويه عن ابن المنكدر' و الحمل فيه على عمار بنمطر الرهاوي؛ فانه كان يقلب الاسانيد و يسرق الاحاديث حتى كثر ذلك في معاياته' و سقط عن حد الاحتجاج به)- اه- و اخرجه البيهقي في طريق يحيى بن آدم' ثنا ابراهيم بن ابي يحيى عن محمد بن المنكدر عن عبد الرحمن بن البيلماني عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلاً- و قال: (هذا هو الاصل في الباب' و هو منقطع' و راويه غير ثقة)- اه- و راجع: نصب الراية للزيلعي (۳۳۶/۴)-

۳۲۱۹- اخرجه عبد الرزاق (۱۸۵۱۴) و ابن ابي شيبة (۲۹۰/۹) و ابو داود في المراسيل ص(۲۰۷) (۲۵۰) والطحاوي في المعاني (۱۹۵/۳) و البيهقي (۳۰/۸-۳۱) و كذلك الدارقطني في غرائب مالك؛ كما في التعليق المغني (۱۳۶/۳) جميعاً من طرق عن ربيعة' به- وله شاهد مرسل من مراسيل محمد بن المنكدر عند الطحاوي في المعاني (۱۹۵/۳) و في اسناده محمد بن ابي حميد: رماه ابو زرعة وغيره بالكذب- و قال البخاري: فيه نظر- وله شاهد آخر مرسل عند ابي داود في المراسيل (۲۵۱) من مرسل عبد الله بن عبد العزيز بن صالح الحضرمي' و في اسناده عبد الله بن يعقوب' و هو و شيخه عبد العزيز: قال ابن القطان: (مجهولان' ولم اجد لهما ذكرًا)؛ كما في نصب الراية (۳۳۶/۴)-

3220- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ رَبِيعَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْبَيْلَمَانِيِّ قَالَ قَتَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلاً مِنْ اَهْلِ الْقِبْلَةِ بِرَجُلٍ مِنْ اَهْلِ الذِّمَّةِ وَقَالَ اَنَا اَحَقُّ مَنْ وَفَى بِذِمَّتِهِ .

☆☆ عبدالرحمٰن بن بیلمانی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ قبلہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو ایک ذمی کے بدلے میں قتل کروادیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں اس بات کا سب سے زیادہ حق دار ہوں کہ اپنے ذمہ کو پورا کروں۔

3221- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ عَنْ حَجَّاجٍ مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3222- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ اِنَّمَا سَمَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْيُنَهُمْ لِاَنَّهُمْ سَمَلُوْا اَعْيُنَ الرِّعَاءِ .قَالَ ابْنُ صَاعِدٍ يَعْنِى الْعُرَنِيِّيْنَ .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن (مرتد ہونے والے لوگوں) کی آنکھوں میں سلائیاں پھروادی تھیں کیونکہ اُن لوگوں نے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹوں کے) چرواہے کی آنکھوں میں سلائیاں پھیردی تھیں۔

ابن صاعد کہتے ہیں: اُن (مرتد ہونے والے لوگوں) سے مراد "عرینہ" قبیلہ کے لوگ ہیں۔

3223- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ اِمْلَاءً حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شُقَيْرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ نَاصِحٍ حَدَّثَنَا الْوَاقِدِيُّ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ خُرَيْنِقَ بِنْتِ الْحُصَيْنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَتَلَ خِرَاشُ بْنُ اُمَيَّةَ بَعْدَ مَا نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْقَتْلِ فَقَالَ لَوْ كُنْتُ قَاتِلاً مُؤْمِنًا بِكَافِرٍ لَقَتَلْتُ خِرَاشًا بِالْهُذَلِيِّ . يَعْنِى لَمَّا قَتَلَ خِرَاشٌ رَجُلاً مِنْ هُذَيْلٍ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ

۳۲۲۰-راجع الذي قبله- ۳۲۲۱-انظر السابق- ۳۲۲۲-تقدم-

۳۲۲۳-اخرجه الحازمي في الاعتبار ص (۴۵۲-ط قلعجي) من طريق الدارقطني' به- و اخرجه البيهقي في السنن (۲۹/۸) كتاب الجنايات باب: فيمن لا قصاص بينه باختلاف الدينين من طريق يزيد بن عياض عن عبد الملك بن عبيد' به-وقال الحازمي: هذا الاسناد و ان كان واهياً فهو امثل من حديث ابن البيلماني- و هذا الحديث طرف من حديث الفتح' و هو حديث طويل ثابت: ولا شتهاره و طوله و كثرة رواته' يوجد فيه تغاير الفاظ و زيادات معان و احكام' وذلك لا يوجب وهناً: لان اصل الحديث محفوظ)- اه- واخرجه البزار (۱۵۴۶- كشف) من طريقين عن يعقوب بن عبد الله بن نجيد بن عمران بن حصين عن ابيه عن عمران بن حصين قال: (قتل رجل من هذيل رجلاً من خزاعة في الجاهلية' و كان الهذلي متوارياً' فلما كان يوم الفتح ظهر الهذلي فلقيه رجل من خزاعة' فذبحه كما تذبح الشاة' فقال: اقتلته قبل النداء او بعد النداء؟ فقال: بعد النداء' فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم : (لو كنت قاتلاً مومناً بكافر لقتلته' فاخرجوا عقله)- فاخرجوا عقله و كان اول عقل في الاسلام)-قال الهيثمي في مجمع الزوائد (۲۹۵/٦): (اخرجه البزار' و رجاله و ثقهم ابن حبان- و اخرجه الطبراني باختصار)- اه-

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: خراش بن اُمیہ (نے ایک غیر مسلم کو) قتل کر دیا' حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (پہلے ہی غیر مسلم کو) قتل کرنے سے منع کر چکے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر میں نے کسی کافر کے بدلے میں کسی مسلمان کو قتل کرنا ہوتا' تو ہذیل قبیلہ کے اُس شخص کے بدلے میں خراش کو قتل کروا دیتا۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) یہ اُس وقت ہوا جب فتح مکہ کے موقع پر خراش بن اُمیہ نے ہذیل قبیلہ کے ایک شخص کو قتل کر دیا تھا۔

3224- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدِ بْنِ حَفْصٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ عِيْسٰى الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ الصَّدَفِيُّ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْمُخْتَارِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ عَنْ عِصْمَةَ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَرَقَ مَمْلُوْكٌ فِيْ عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُفِعَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَفَا عَنْهُ ثُمَّ رُفِعَ اِلَيْهِ الثَّانِيَةَ وَقَدْ سَرَقَ فَعَفَا عَنْهُ ثُمَّ رُفِعَ اِلَيْهِ الثَّالِثَةَ فَعَفَا عَنْهُ ثُمَّ رُفِعَ اِلَيْهِ الرَّابِعَةَ وَقَدْ سَرَقَ فَعَفَا عَنْهُ ثُمَّ رُفِعَ اِلَيْهِ الْخَامِسَةَ وَقَدْ سَرَقَ فَقَطَعَ يَدَهُ ثُمَّ رُفِعَ اِلَيْهِ السَّادِسَةَ فَقَطَعَ رِجْلَهُ ثُمَّ رُفِعَ اِلَيْهِ السَّابِعَةَ فَقَطَعَ يَدَهُ ثُمَّ رُفِعَ اِلَيْهِ الثَّامِنَةَ فَقَطَعَ رِجْلَهُ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعٌ بِاَرْبَعٍ .

☆☆ حضرت عصمہ بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ایک غلام نے چوری کی' اُس کا مقدمہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کیا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے معاف کر دیا' پھر اُس کا مقدمہ دوسری مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کیا گیا کہ اُس نے چوری کی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر اُسے معاف کر دیا' پھر اُس کا مقدمہ تیسری مرتبہ پیش کیا گیا تو آپ نے پھر اُسے معاف کر دیا' پھر چوتھی مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے مقدمہ پیش کیا گیا کہ اُس شخص نے چوری کی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر اسے معاف کر دیا' پھر جب پانچویں مرتبہ اُس کے چوری کرنے کا مقدمہ پیش ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کا ایک ہاتھ کٹوا دیا' پھر جب چھٹی مرتبہ آپ کے سامنے مقدمہ پیش ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کا ایک پاؤں کٹوا دیا' پھر جب ساتویں مرتبہ آپ کے سامنے مقدمہ پیش ہوا تو آپ نے اُس کا دوسرا ہاتھ کٹوا دیا' جب آٹھویں مرتبہ مقدمہ پیش ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کا دوسرا پاؤں کٹوا دیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ اُن چار (مرتبہ معاف کرنے) کے بدلے چار (مرتبہ سزا دے دی گئی)۔

3225- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ

٣٢٢٤-اخرجه الطبراني في (معجمه) من طريق الفضل بن المختار عن عبيد الله بن موهب' به- قال الهيثمي في مجمع الزوائد (٦/٢٧٨): (اخرجه الطبراني' وفيه الفضل بن المختار وهو ضعيف)- اه-وقال الزيلعي في نصب الراية (٣/٣٧٣): وهم عبد الحق في (احكامه) فعزاه للنسائي' وتعقبه ابن القطان في (كتابه) وقال: ليس هذا الحديث بوجه عند النسائي انتهى- وهو حديث ضعيف: قال عبد الحق: هذا لا يصح: للارسال وضعف الاسناد- وقال شيخنا الذهبي في (ميزانه)- انه يشبه ان يكون موضوعاً' وضعف الفضل بن المختار عن جماعة من غير توثيق)- اه- وانظر: الميزان (٥/٤٣٦- بتحقيقنا)-

عَنْ دَاوُدَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فِى الْمُحَارِبِ (اِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ) اِذَا عَدَا فَقَطَعَ الطَّرِيْقَ فَقَتَلَ وَاَخَذَ الْمَالَ صُلِبَ فَاِنْ قَتَلَ وَلَمْ يَاْخُذْ مَالاً قُتِلَ فَاِنْ اَخَذَ الْمَالَ وَلَمْ يَقْتُلْ قُطِعَ مِنْ خِلَافٍ فَاِنْ هَرَبَ وَاَعْجَزَهُمْ فَذٰلِكَ نَفْيُهٗ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: یہ آیت ''محاربوں'' کے بارے میں نازل ہوئی:

''بے شک وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول سے جنگ کرتے ہیں' اُن کی سزا یہ ہے''۔

جب وہ لوگ جرم کرتے ہوئے ڈاکہ ڈالیں اور لوگوں کو قتل کر دیں اور مال بھی ہتھیالیں تو اُنہیں مصلوب کیا جائے گا' اگر وہ لوگوں کو قتل کرتے ہیں لیکن مال نہیں ہتھیاتے ہیں تو اُنہیں قتل کیا جائے گا' اگر وہ مال ہتھیا لیتے ہیں' کسی کو قتل نہیں کرتے تو اُن کے ہاتھ اور پاؤں مخالف سمت میں کاٹ دیئے جائیں گے۔ اور اگر وہ لوگ بھاگ جاتے ہیں اور قابو نہیں آتے تو یہ ان کا جلاوطن ہونا ہوگا۔

شرح:

علامہ کاسانی نے یہ بات تحریر کی ہے ڈاکہ ''کارکن'' یہ ہے کہ کوئی شخص غلبے کے ساتھ مسافروں کا مال لوٹنے کے لے نکلے وہ اس طرح کہ مسافروں کا اس راستے پر سفر کرنا مشکل ہو جائے خواہ ڈاکہ ڈالنے والا شخص اک فرد ہو یا ایک جماعت ہو۔ جب کہ اس کے پاس ڈاکہ ڈالنے کی قوت موجود ہو خواہ وہ ہتھیاروں کے ذریعے قوت ہو، لاٹھی ہو یا اینٹ ہو یا پتھر ہوں کیونکہ ان میں سے ہر ایک چیز کے ساتھ ڈاکہ ڈالا جا سکتا ہے خواہ وہ سب لوگ مل کر حملہ کریں یا کچھ لوگ حملہ کریں اور کچھ لوگ ان کی معاونت کریں۔

فقہا کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جو شخص ڈاکہ ڈالتا ہے اس پر حد کو قائم کرنا واجب ہے اگر چہ وہ لوٹا ہوا مال بعد میں واپس بھی کر دے تو بھی اس سے حد ساقط نہیں ہوگی۔

اس کے بعد علامہ کاسانی نے ڈاکہ کے لیے مختلف شرائط کا ذکر کیا ہے جن میں سے چند ایک کا تذکرہ اجمالی طور پر درج ذیل ہے۔

ڈاکہ ڈالنے والے شخص کو عاقل اور بالغ ہونا چاہیے اس لیے اگر کوئی پاگل شخص یا بچہ ڈاکہ ڈال دے تو اس پر حد جاری نہیں ہوگی۔

ڈاکو کا مرد ہونا شرط ہے اگر عورت ڈاکہ ڈالے گی تو اس پر حد جاری نہیں ہوگی البتہ امام طحاوی کی رائے مختلف ہے ان کے مطابق اگر عورت ڈاکہ ڈالتی ہے تو اس پر بھی حد جاری ہوگی

ایک اصول یہ ہے کہ ڈاکہ ڈالنے والا شخص مسلمان یا ذمی ہونا چاہیے اگر مستامن شخص ڈاکہ ڈالتا ہے تو اس پر ڈاکوؤں کی حد

۳۲۲۵- اخرجه البيهقي في سننه (۸/ ۲۸۳) كتاب: السرقة، باب: قطاع الطريق، من طريق الدارقطني به- وهو عند عبد الرزاق في المصنف (۱۰/ ۱۰۹) رقم (۱۸۵۴۴) عن ابراهيم، به- والحديث ذكره السيوطي في الدر المنثور (۲/ ۴۹۳) وزاد نسبته الى الشافعي في الام والفريابي وابن ابي شيبة وعبد بن حميد وابن جرير وابن المنذر وابن ابي حاتم- اه-

جاری نہیں ہوگی البتہ تعزیری سزا دی جاسکتی ہے، ایک شرط یہ بھی ہے جس چیز پر ڈاکہ ڈالا گیا ہے وہ قیمتی مال ہونا چاہیے اور اسے محفوظ ہونا چاہیے ایک شرط یہ بھی کہ جس جگہ ڈاکہ ڈالا جائے وہ اسلامی سلطنت کا حصہ ہونا چاہیے اس لیے اگر کوئی شخص کسی غیر مسلم ریاست میں ڈاکہ ڈالتا ہے تو اسلامی ریاست میں اس پر حد جاری کرنا واجب نہیں ہوگا۔

آگے چل کر علامہ کاسانی نے یہ بات نقل کی ہے کہ امام ابوحنیفہ اور امام محمد کے نزدیک یہ بات شرط ہے کہ جس جگہ ڈاکہ ڈالا گیا ہے وہ جگہ شہر نہیں ہونی چاہیے (بلکہ تجارتی قافلوں کے راستے میں ڈالا جانے والا ڈاکہ قابل حد جرم شمار ہوگا) اگر کوئی شخص شہر میں ڈاکہ ڈال لیتا ہے تو اس پر حد واجب نہیں ہوگی خواہ دن کے وقت میں ڈاکہ ڈالتا ہے یا رات میں ایسا کرتا ہے خواہ ہتھیاروں کے ذریعے ڈاکہ ڈالتا ہے یا ہتھیاروں کے بغیر ایسا کرتا ہے اور یہ قول "استحسان" کے پیش نظر ہے اور امام ابوحنیفہ اور امام محمد کا موقف ہے لیکن قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ شہر میں ڈاکہ ڈالنے پر بھی حد واجب ہونی چاہیے جیسا کہ امام ابویوسف اسی بات کے قائل ہیں قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ حد جاری ہونے کا سبب ڈاکہ ڈالنے کا عمل ہے تو جب ڈاکہ ثابت ہو جائے تو حد واجب ہو جائے گی خواہ اسے شہر میں ڈالا جائے (یا ویران راستے میں ڈالا جائے)

اس کے بعد ڈاکے کی جزوی تفصیلات کے بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے اور اسی حوالے سے ائمہ کے درمیان ڈاکو کی سزا کے بارے میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے کہ کیا اس جرم کی سزا نوعیت کے اعتبار سے مختلف ہوگی یا قاضی کی صوابدید پر موقوف ہوگا۔

علماء نے اجمالی طور پر اس کو درج ذیل صورتوں میں تقسیم کیا ہے اگر ڈاکو صرف مسافروں کو اور لوگوں کو ڈراتے اور دھمکاتے ہیں کسی کو قتل نہیں کرتے اور مال نہیں لوٹتے۔

دوسری صورت یہ ہے اگر ڈاکو صرف مال لوٹتے ہیں لیکن وہ قتل نہیں کرتے۔

تیسری صورت یہ ہے کہ ڈاکو صرف قتل کرتے ہیں مال نہیں لوٹتے۔

چوتھی صورت یہ ہے کہ وہ مال بھی لوٹ لیتے ہیں اور قتل بھی کر دیتے ہیں۔

ان میں سے ہر ایک جرم کے لیے ائمہ کے نزدیک الگ الگ سزا ہے ائمہ اس بات کے قائل ہیں اگر ڈاکو قتل نہیں کرتا تو قاضی قتل یا پھانسی کی سزا اپنے اختیار کے ذریعے اسے دے سکتا ہے اس کی سزا قتل بھی ہوسکتی ہے اور پھانسی بھی ہوسکتی ہے ان سزاؤں کے بارے میں قاضی کو اختیار ہے البتہ باقی سزاؤں کے بارے میں قاضی کو اختیار نہیں ہے۔

3226- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ اَبِىْ ظَبْيَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ عَلِيُّ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ بِمَجْنُوْنَةِ بَنِىْ فُلَانٍ قَدْ زَنَتْ فَاَمَرَ عُمَرُ بِرَجْمِهَا فَرَدَّهَا عَلِيٌّ وَّقَالَ لِعُمَرَ اَمَا تَذْكُرُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلَاثَةٍ عَنِ الْمَجْنُوْنِ الْمَغْلُوْبِ عَلٰى عَقْلِهٖ وَعَنِ النَّائِمِ حَتّٰى يَسْتَيْقِظَ وَعَنِ الصَّبِيِّ

۳۲۲۶- تقدم۔

حَتّٰى يَحْتَلِمَ ۔ قَالَ صَدَقْتَ ۔فَخَلّٰى عَنْهَا ۔

★★ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ کا گزر فلاں قبیلہ کی پاگل عورت کے پاس سے ہوا جس نے زنا کا ارتکاب کیا تھا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُسے سنگسار کرنے کا حکم دے دیا تھا' حضرت علی رضی اللہ عنہ اُسے لے کر واپس آئے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ کو یاد نہیں رہا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا:

''تین طرح کے لوگوں سے قلم اُٹھالیا گیا ہے' ایسا پاگل جس کی عقل مغلوب ہو چکی ہو' سویا ہوا شخص جب تک وہ بیدار نہ ہو جائے' اور بچہ جب تک وہ بالغ نہ ہو جائے''۔

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ نے ٹھیک کہا ہے' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُس عورت کو چھوڑ دیا۔

شرح:

ہم پہلے یہ بات بیان کر چکے ہیں کہ علماء نے یہ بات بیان کی ہے کہ زناء کی حد جاری کرنے کے لیے یہ بات شرط ہے کہ زناء کا مرتکب شخص عاقل اور بالغ ہونا چاہیے اس لیے اگر کوئی پاگل یا مجنون شخص زناء کے مرتکب ہو جاتا ہے تو اس پر حد جاری نہیں کی جائے گی اس طرح اگر کسی پاگل عورت کے ساتھ کوئی زناء کر لیتا ہے اگرچہ وہ اس کی رضامندی کے ساتھ ہی کیوں نہ کرے پھر بھی اس پاگل عورت پر حد جاری نہیں کی جائے گی کیونکہ وہ پاگل عورت شرعی احکام کی مکلف نہیں ہے۔

3227- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلَيْنِ اَحَدُهُمَا قَتَلَ وَالْآخَرُ اَمْسَكَ فَقَتَلَ الَّذِيْ قَتَلَ وَحَبَسَ الْمُمْسِكَ ۔

★★ سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دو آدمیوں کو پیش کیا گیا' جن میں سے ایک نے قتل کیا تھا اور دوسرے نے (مقتول کو) پکڑ کے رکھا تھا۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل کرنے والے کو (سزا کے طور پر) قتل کروا دیا اور (مقتول کو) پکڑ کے رکھنے والے کو قید کروا دیا۔

3228- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ وَّابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ- رَفَعَ الْحَدِيْثَ- اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُقْتَلُ الْقَاتِلُ وَيُصْبَرُ الصَّابِرُ ۔

۳۲۲۷- علقه البيهقي في السنن (۸/ ۵۰) كتاب: الجنايات' باب: الرجل يحبس الرجل للآخر فيقتله' قال: و قد قيل عن اسماعيل بن امية عن سعيد بن المسيب عن النبي صلى الله عليه وسلم - ثم قال: و الصواب ما اخبرنا ابو بكر بن الحارث الفقيه' انبا علي بن عمر الحافظ' ثنا ابو عبيد...... فذكر اثر اسماعيل بن امية مرسلاً-

۳۲۲۸- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۹/ ۴۲۷-۴۲۸) باب: النبي يمسك الرجل على الرجل' فيقتله (۱۷۸۹۲' ۱۷۸۹۵)' و في باب: الرجل يمسك الرجل فيقتله الآخر (۹/ ۴۸۱) (۱۸۰۹۲)-

★★ اسماعیل بن امیہ ''مرفوع'' حدیث کے طور پر بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قتل کرنے والے کو قتل کر دیا جائے گا اور (مقتول کو) پکڑ کے رکھنے والے کو قید کیا جائے گا۔

3229- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ الْكُوفِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الصَّيْرَفِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَمْسَكَ الرَّجُلُ الرَّجُلَ وَقَتَلَهُ الْاٰخَرُ يُقْتَلُ الَّذِىْ قَتَلَ وَيُحْبَسُ الَّذِىْ اَمْسَكَ.

★★ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب ایک شخص کسی کو پکڑ کے رکھے اور دوسرا اُسے قتل کر دے' تو قتل کرنے والے کو قتل کر دیا جائے گا اور پکڑ کے رکھنے والے کو قید کر دیا جائے گا۔

3230- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ رَجُلٍ اَمْسَكَ رَجُلًا وَقَتَلَهُ الْاٰخَرُ قَالَ يُقْتَلُ الْقَاتِلُ وَيُحْبَسُ الْمُمْسِكُ.

وَعَنْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّهُ قَضٰى بِذٰلِكَ.

3275- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ رِجَالٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مِنْهُمْ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَيُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حَرَامِ بْنِ سَعْدِ بْنِ مُحَيِّصَةَ اَنَّ نَاقَةً لِلْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ دَخَلَتْ حَائِطًا فَاَفْسَدَتْ فِيْهِ فَكُلِّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذٰلِكَ فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَهْلِ الْحَوَائِطِ حِفْظَهَا بِالنَّهَارِ وَاَنَّ مَا اَفْسَدَتِ الْمَوَاشِيْ بِاللَّيْلِ ضَامِنٌ عَلٰى اَصْحَابِهَا. وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ وَاللَّيْثُ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ وَعُقَيْلٌ وَشُعَيْبٌ وَمَعْمَرٌ مِنْ غَيْرِ رِوَايَةِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ. وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ وَسُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَحَرَامٍ جَمِيْعًا اِنَّ نَاقَةً لِلْبَرَاءِ. وَقَالَ قَتَادَةُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَحْدَهٗ. وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ اَنَّ نَاقَةً

۳۲۷۳- اخرجه ابن ماجه رقم (۲۳۳۲) و النسائي في الكبرى' كما في (التحفة) رقم (۱۷۵۳) و البيهقي في السنن (۲۴۱/۸) من طريق عبد الله بن عيسى عن الزهري' به-وعبد الله بن عيسى ثقة محتج به في الصحيحين - قال الالباني في الصحيحة رقم (۲۳۸): (وعبد الله بن عيسى: هو ابن عبد الرحمن بن ابي ليلى و هو ثقة محتج به في الصحيحين' فهي متابعة قوية للاوزاعي على وصله: فصح بذلك الحديث' ولا يضره ارسال من ارسله: لان زيادة الثقة مقبولة' فكيف اذا كانا ثقتين' و قد قال الحاكم: عقب رواية الاوزاعي: (صحيح الاسناد على خلاف فيه بين معمر و الاوزاعي) و وافقه الذهبي: كذا قالا - و خلاف معمر مما لا يلتفت اليه: لمخالفته لروايات جميع الثقات في قوله: (عن ابيه) على انه لم يتفقوا عليه في ذلك كما سبق' فلو انهما اشارا الى خلاف مالك و الليث و ابن عيينة في وصله' لكان اقرب الى الصواب' ولو ان هذا لا يعل به الحديث لثبوته موصولاً من طريق الثقتين: كما تقدم)- اه-

۳۲۷۴- راجع الذي قبله- ۳۲۷۵- راجع الذي قبله-

لِلْبَرَاءِ .قَالَهُ حَجَّاجٌ وَّعَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْهُ .

☆☆ حرام بن سعد بن محیصہ نقل کرتے ہیں: حضرت براء رضی اللہ عنہ کی اونٹنی ایک باغ میں داخل ہوئی اور وہاں (پیداوار کو) نقصان پہنچایا' اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ دیا: باغات کی دن کے وقت حفاظت کرنا اُن کے مالکان کے ذمہ ہے اور مویشی رات کے وقت جو نقصان پہنچاتے ہیں' اُس کا تاوان ادا کرنا اُن مویشیوں کے مالکان کے ذمے ہوگا۔

یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3276- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسٰى اَخْبَرَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَزْهَرَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ وَّهُوَ يَتَخَلَّلُ النَّاسَ يَسْاَلُ عَنْ مَّنْزِلِ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ فَاُتِيَ بِسَكْرَانَ قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ عِنْدَهُ فَضَرَبُوْهُ بِمَا فِيْ اَيْدِيْهِمْ قَالَ وَحَثٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِ التُّرَابَ قَالَ ثُمَّ اُتِيَ اَبُوْ بَكْرٍ بِسَكْرَانَ قَالَ فَتَوَخّٰى الَّذِيْ كَانَ مِنْ ضَرْبِهِمْ يَوْمَئِذٍ فَضَرَبَ اَرْبَعِيْنَ .قَالَ الزُّهْرِيُّ ثُمَّ اَخْبَرَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ ابْنِ وَبَرَةَ الْكَلْبِيِّ قَالَ اَرْسَلَنِيْ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ اِلٰى عُمَرَ- قَالَ- فَاَتَيْتُهُ وَمَعَهُ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ وَّعَلِيٌّ وَّطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ وَهُمْ مَعَهُ مُتَّكِئُوْنَ فِي الْمَسْجِدِ فَقُلْتُ اِنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اَرْسَلَنِيْ اِلَيْكَ وَهُوَ يَقْرَاُ عَلَيْكَ السَّلَامَ وَيَقُوْلُ اِنَّ النَّاسَ قَدِ انْهَمَكُوْا فِي الْخَمْرِ وَتَحَاقَرُوا الْعُقُوْبَةَ فِيْهِ فَقَالَ عُمَرُ هُمْ هٰؤُلَاءِ عِنْدَكَ فَسَلْهُمْ .فَقَالَ عَلِيٌّ نُرَاهُ اِذَا سَكِرَ هَذٰى وَاِذَا هَذٰى افْتَرٰى وَعَلَى الْمُفْتَرِيْ ثَمَانُوْنَ .فَقَالَ عُمَرُ اَبْلِغْ صَاحِبَكَ مَا قَالَ .قَالَ فَجَلَدَ خَالِدٌ ثَمَانِيْنَ وَجَلَدَ عُمَرُ ثَمَانِيْنَ .قَالَ وَكَانَ عُمَرُ اِذَا اُتِيَ بِالرَّجُلِ الضَّعِيْفِ الَّذِيْ كَانَتْ مِنْهُ الزَّلَّةُ ضَرَبَهُ اَرْبَعِيْنَ قَالَ وَجَلَدَ عُثْمَانُ اَيْضًا ثَمَانِيْنَ وَاَرْبَعِيْنَ .

☆☆ حضرت عبدالرحمٰن بن ازہر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے موقع پر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے درمیان میں سے گزرتے ہوئے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی جائے قیام کے بارے میں دریافت کررہے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے نشے میں مدہوش ایک شخص کو لایا گیا تو آپ کے حکم کے تحت آپ کے آس پاس موجود لوگوں نے اپنے ہاتھوں کے ذریعہ اس شخص کی پٹائی کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اُس پر مٹی پھینکی۔

پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ (کے عہدِ خلافت میں اُن کے سامنے) ایک مدہوش شخص کو لایا گیا تو اُنہوں نے اسے سزا دیتے ہوئے' چالیس (کوڑے) لگوائے۔

۳۲۷۶- اخرجه البيهقي في السنن (۸/ ۳۲۰) كتاب الاشربة و الحد فيها' باب: ما جاء في عدد حد الخمر: من طريق الدارقطني' به- و الحديث اخرجه احمد (۸۸/٤' ۳۵۰' ۳۵۱) و ابو داود رقم (٤٤٨٧' ٤٤٨٩) و النسائي في الكبرى (۲/ ۲۵۱) رقم (۵۲۸۱) والبيهقي في الكبرى (۸/ ۳۲۰) من طريق اسامة بن زيد' به- و راجع الذي قبله-

ابن وبرہ کلبی بیان کرتے ہیں: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا' وہ کہتے ہیں: جب میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پہنچا تو اُس وقت اُن کے پاس حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ' حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ' حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے۔ یہ سب لوگ مسجد میں ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے' میں نے کہا: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے مجھے آپ کی خدمت میں بھیجا ہے' اُنہوں نے آپ کو سلام کہا ہے اور یہ گزارش کی ہے: لوگ شراب زیادہ پینے لگ گئے ہیں اور وہ اس کی سزا کو کوئی اہمیت نہیں دیتے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ حضرات یہاں تمہارے سامنے تشریف فرما ہیں' تم ان سے اس بارے میں دریافت کرو' تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہمارا یہ خیال ہے جب (شراب پینے والا شخص) مدہوش ہوگا' تو ہذیان بکے گا اور ہذیان بکے گا' تو افتراء (زنا کا جھوٹا الزام) لگائے گا اور افتراء کی سزا اسّی کوڑے ہے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: انہوں (حضرت علی رضی اللہ عنہ) نے جو کہا ہے' وہ اپنے صاحب (حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ) تک پہنچا دینا۔

راوی بیان کرتے ہیں: تو حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے (شراب پینے کی سزا میں) اسّی کوڑے لگوائے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی اسّی کوڑے لگوائے۔

راوی بیان کرتے ہیں: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے کسی کمزور شخص کو لایا جاتا جس نے یہ جرم کیا ہوتا' تو وہ اُسے چالیس کوڑے لگواتے تھے۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بھی (کسی کو) اسّی اور (کسی کو) چالیس کوڑے لگواتے تھے۔

3277- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْهَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَ ذٰلِكَ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3278- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَزْهَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذٰلِكَ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3279- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ

۳۲۷۷-اخرجه البيهقي في السنن (۳۲۰/۸) من طريق الدارقطني' به' و اخرجه ابو داود في الحدود (۱٦٥/٤) باب: اذا تتابع في شرب الخمر (٤٤٨٩) عن الحسن بن علي' ثنا عثمان بن عمر' به-وقال ابو داود: (ادخل عقيل بن خالد بين الزهري و بين ابن الازهر في هذا الحديث: عبد الله ابن عبد الرحمن بن الازهر عن ابيه)- اه-

۳۲۷۸-اخرجه البيهقي في سننه (۳۲۰/۸) من طريق الدارقطني' به- و اخرجه ابو داود في الحدود (۱٦٤/٤) باب: اذا تتابع في شرب الخمر (٤٤٨٧) و الطحاوي في (شرح المعاني) (۱٥٥/۳—۱٥٦) و اخرجه الشافعي في مسنده (۲/رقم ۲۹۲): اخبرنا معمر عن الزهري عن عبد الرحمن بن ازهر' به- و من طريقه اخرجه البيهقي في السنن (۳۱۹/۸) و اخرجه الحميدي (۸۹۷) و احمد (۸۸/٤' ۳٥۰' ۳٥۱) من طريق معمر' به-

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ وَالزُّهْرِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْهَرَ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَارِبٍ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلنَّاسِ قُوْمُوْا اِلَيْهِ . فَقَامَ النَّاسُ اِلَيْهِ فَضَرَبُوْهُ بِنِعَالِهِمْ .

☆☆ حضرت عبدالرحمٰن بن ازہر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک شخص کو لایا گیا جس نے شراب پی تھی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے فرمایا: اس کی پٹائی کرو! تو لوگ اُٹھے اور اُنہوں نے اپنے جوتوں کے ذریعہ اُس کی پٹائی کی۔

3280- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعْدٍ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ قَالَ قَرَاْتُ فِيْ كِتَابِ خَالِيْ اَبِيْ رَجَاءٍ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَزْهَرَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِشَارِبٍ وَّهُوَ بِحُنَيْنٍ فَحَثٰى فِيْ وَجْهِهِ التُّرَابَ ثُمَّ اَمَرَ اَصْحَابَهُ فَضَرَبُوْهُ بِنِعَالِهِمْ وَبِمَا كَانَ فِيْ اَيْدِيهِمْ حَتّٰى قَالَ لَهُمُ ارْفَعُوْهُ . فَرَفَعُوْهُ فَتُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتِلْكَ سُنَّةٌ ثُمَّ جَلَدَ اَبُوْ بَكْرٍ فِي الْخَمْرِ اَرْبَعِيْنَ ثُمَّ جَلَدَ عُمَرُ اَرْبَعِيْنَ صَدْرًا مِّنْ اِمَارَتِهِ ثُمَّ جَلَدَ ثَمَانِيْنَ فِيْ اٰخِرِ وِلَايَتِهِ ثُمَّ جَلَدَ عُثْمَانُ الْحَدَّيْنِ جَمِيْعًا ثَمَانِيْنَ وَاَرْبَعِيْنَ ثُمَّ اَثْبَتَ مُعَاوِيَةُ الْجَلْدَ ثَمَانِيْنَ.

☆☆ عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ازہر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص کو لایا گیا جس نے شراب پی تھی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُس وقت "حنین" میں موجود تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے چہرے پر مٹی پھینکی اور اپنے ساتھیوں کو حکم دیا کہ وہ اپنے جوتوں اور ہاتھ میں جو بھی چیز موجود ہے' اُس کے ذریعہ اُس شخص کی پٹائی کریں' یہاں تک کہ (کچھ دیر کے بعد) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں فرمایا: اب بس کرو! تو وہ لوگ رک گئے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال تک (شرابی کو سزا دینے کا) یہی طریقہ رہا' اُس کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے شراب پینے کی سزا میں چالیس کوڑے لگوائے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے عہدِ خلافت کے ابتدائی حصہ میں چالیس کوڑے لگوائے اور آخری حصہ میں اسّی کوڑے لگوانا شروع کر دیئے' پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے (اپنے عہدِ خلافت میں) دونوں طرح کی سزا دی' لیکن حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے (اپنے عہدِ خلافت میں) اسّی کوڑوں کی سزا کو برقرار رکھا۔

3281- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقِ بْنِ دِيْنَارٍ بِمِصْرَ وَالْحَسَنُ بْنُ يَحْيٰى قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى الثَّعْلَبِيِّ عَنْ اَبِيْ جَمِيْلَةَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ

۳۲۷۹- اخرجه النسائي في الكبرى؛ كما في التحفة (۱۹۲/۷) من طريق ابي سلمة، و محمد ابن ابراهيم التيمي عن عبد الرحمن بن ازهر، به- و سبق تخريجه من طريق الزهري-

۳۲۸۰- اخرجه ابو داود في الحدود (۱٦٤/٤-۱٦٥) باب: اذا تتابع في شرب الخمر (٤٤٨٨) و النسائي في الكبرى، كما في النكت الظراف بحاشية التحفة (۱۹۱/۷) عن احمد بن عمرو بن السرح، به- وذكره ابن ابي حاتم في العلل (٤٤٦/۱-٤٤٧) (۱۳٤٤) من طريق اسامة ابن زيد عن الزهري عن عبد الرحمن بن ازهر، به- و نقل عن ابيه و ابي زرعة قالا: (لم يسمع الزهري هذا الحديث من عبد الرحمن بن ازهر، بينهما عبد الله بن عبد الرحمن بن ازهر- قلت لهما: من يدخل بينهما ابن عبد الرحمن بن الزهر؟ قالا: عقيل بن خالد)- اھ-

جَارِيَةً لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَدَتْ مِنْ زِنًا قَالَ فَاَمَرَنِىْ اَنْ اُقِيْمَ عَلَيْهَا الْحَدَّ فَاِذَا هِىَ لَمْ تَجِفَّ مِنْ دَمِهَا وَلَمْ تَطْهُرْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا لَمْ تَجِفَّ مِنْ دَمِهَا وَلَمْ تَطْهُرْ قَالَ فَاِذَا طَهُرَتْ فَاَقِمْ عَلَيْهَا الْحَدَّ . وَقَالَ اَقِيْمُوا الْحُدُوْدَ عَلٰى مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ . اَيْمَانُكُمْ . تَابَعَهُ شُعْبَةُ وَاِسْرَائِيْلُ وَشَرِيْكٌ وَّاِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ وَاَبُوْ وَكِيْعٍ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلٰى .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک کنیز نے زنا کے نتیجہ میں بچے کو جنم دیا' حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: میں اُس پر حد جاری کروں' اُس کنیز کی حالت یہ تھی ابھی اُس کا نفاس ختم نہیں ہوا تھا اور وہ پاک نہیں ہوئی تھی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ابھی اس کا نفاس ختم نہیں ہوا اور یہ پاک نہیں ہوئی۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب یہ پاک ہو جائے' تو اس پر حد جاری کرنا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات بھی ارشاد فرمائی ہے: اپنے زیرِ ملکیت (غلاموں اور کنیزوں) پر حد قائم کرو!

شعبہ' اسرائیل' شریک' ابراہیم بن طہمان اور ابووکیع نے عبدالاعلیٰ کے حوالے سے اسے نقل کرنے میں متابعت کی ہے۔

3282- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ السُّدِّىُّ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ خَطَبَ عَلِىٌّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا اللّٰهَ وَاضْرِبُوْا اَرِقَّاءَ كُمْ اِذَا زَنَوْا مَنْ اُحْصِنَ مِنْهُمْ وَمَنْ لَمْ يُحْصَنْ فَاِنَّ وَلِيْدَةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَغَتْ فَاَمَرَنِىْ اَنْ اَضْرِبَهَا- قَالَ- فَاَتَيْتُهَا فَاِذَا هِىَ حَدِيْثَةُ عَهْدٍ بِالنِّفَاسِ فَخَشِيْتُ اَنْ تَمُوْتَ اِنْ اَنَا ضَرَبْتُهَا فَرَجَعْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَقُلْتُ يَا نَبِىَّ اللّٰهِ اِنِّىْ خَشِيْتُ اَنْ تَمُوْتَ اِنْ اَنَا ضَرَبْتُهَا فَاَدَعُهَا حَتّٰى تَبْرَاَ ثُمَّ اَضْرِبُهَا قَالَ اَحْسَنْتَ .

☆☆ ابوعبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: اے لوگو! اللہ سے ڈرو! اور تمہارے غلام یا کنیزیں' اگر زنا کا ارتکاب کریں تو اُن کو (کوڑے) مارو' خواہ وہ محصن ہوں یا محصن نہ ہوں' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک کنیز نے اس جرم کا ارتکاب کیا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ حکم دیا تھا: میں اُسے (کوڑے) ماروں' حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں اُس کنیز کے پاس آیا تو اُس کے نفاس (یعنی بچے کو جنم دینے) کو

۳۲۸۱—اخرجه الشافعي في الام (٦/١٣٥) باب: ما جاء في حد الرجل امته اذا زنت' و من طريقه البيهقي في المعرفة (١٢/٣٤١) باب: حد الرجل امته اذا زنت (٦٩٣٦) و اخرجه احمد (١/٩٥) والنسائي في الرجم من الكبرى: كما في التحفة (٧/٤٤٨) من طرق عن سفيان' به- واخرجه الشافعي في الموضع السابق' و ابو داود في الحدود (٤/١٦٠) باب: في اقامة الحد على المريض (٤٤٧٣) من طريق اسرائيل عن عبد الاعلى' به- و اخرجه النسائي في الكبرى: كما في التحفة (٧/٤٤٨) من طريق شعبة و ابي الاحوص' كلاهما عن عبد الاعلى' به-

۳۲۸۲—اخرجه مسلم في الحدود (٣/١٣٣٠) باب: تاخير الحد عن النفساء (١٧٠٥) و الترمذي في الحدود (٤/٣٧) باب: ما جاء في اقامة الحد على الاماء (١٤٤١) من طريق ابي داود الطيالسي' حدثنا زائدة......به- و اخرجه مسلم في الحدود (٣/١٣٣٠) باب: تاخير الحد عن النفساء (١٧٠٥) من طريق اسرائيل عن السدي' به- و زاد في الحديث : (اتركها حتى تماثل)- وقال الترمذي: (هذا حديث حسن صحيح' و السدي اسمه: اسماعيل بن عبد الرحمن' و هو من التابعين' قد سمع من انس بن مالك' ورای حسين بن علي بن ابي طالب' رضي الله عنه)- اه-

زیادہ وقت نہیں گزرا تھا' مجھے یہ اندیشہ ہوا اگر میں نے اُسے (کوڑے) مارے تو وہ مر جائے گی۔ میں واپس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس بات کا تذکرہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! اگر میں نے اُسے مارا تو مجھے یہ اندیشہ ہے کہ وہ مر جائے گی' میں نے اُسے رہنے دیا جب تک وہ ٹھیک نہیں ہو جاتی' پھر اُسے (کوڑے) ماروں گا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اچھا کیا ہے۔

3283- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنِ السُّدِّيِّ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَقَالَ فَوَدَعْتُهَا حَتّٰى تَمَاثَلَ وَتَشْتَدَّ .

☆☆ ابوعبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اسی کی مانند ذکر کرتے ہوئے سنا ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: تو میں نے اُس کنیز کو چھوڑ دیا جب تک وہ ٹھیک اور صحت یاب نہیں ہو جاتی۔

3284- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا زَنَتْ اَمَةُ اَحَدِكُمْ فَلْيَجْلِدْهَا وَلَايُعَيِّرْهَا فَاِنْ عَادَتْ فَلْيَجْلِدْهَا وَلَايُعَيِّرْهَا فَاِنْ عَادَتْ فَلْيَجْلِدْهَا وَلَايُعَيِّرْهَا فَاِنْ عَادَتْ فِى الرَّابِعَةِ فَلْيَبِعْهَا وَلَوْ بِحَبْلٍ مِّنْ شَعَرٍ اَوْ بِضَفِيرٍ مِّنْ شَعَرٍ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسی شخص کی کنیز زنا کا ارتکاب کرے' تو آدمی اُسے کوڑے لگائے' زبانی طور پر بُرا نہ کہے' اگر وہ دوبارہ اس جرم کا ارتکاب کرے' تو اُسے کوڑے لگائے' زبانی طور پر بُرا نہ کہے' اگر وہ پھر اس جرم کا ارتکاب کرے' تو اُسے کوڑے لگائے' زبانی طور پر بُرا نہ کہے' اگر وہ چوتھی مرتبہ ایسا کرے' تو اُسے فروخت کر دے' خواہ (جانور کے) بالوں سے بنی ہوئی رسّی کے عوض کر دے (یہاں راوی کو شک ہے رسّی کیلئے کون سا لفظ استعمال ہوا ہے؟ ''حبل'' یا ''ضفیر'')۔

3285- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ وَآخَرُوْنَ قَالُوْا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ الْاُمَوِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

۳۲۸۳-اخرجه مسلم في الحدود (۳/ ۱۳۳۰) باب: تاخير الحد من النفساء (۱۷۰۵) من طريق يحيى بن آدم' حدثنا اسرائيل' به-

۳۲۸۴-اخرجه البخاري في صحيحه رقم (۲۱۵۲)' (۲۲۳٤)' (٦۸۳۹)' و مسلم في صحيحه (۳/ ۱۳۳۰/ ۱۷۰۳)' و ابو داود رقم (٤٤۷۱)' و النسائي في الكبرى: كما في تحفة الاشراف رقم (۱٤۳۱۱)' (۱٤۳۱۹)' و احمد (۲/ ۲۲' ٤۲۱' ٤۹٤) من طريق سعيد بن ابي سعيد عن ابيه عن ابي هريرة' به- و سياتي من طريق سعيد عن ابي هريرة بعد حديث-

۳۲۸۵-راجع الذي قبله-

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3286- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَاهُ الرَّمَادِيُّ وَعَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ وَّعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَّعَبْدُ الْمَلِكِ الْمَيْمُوْنِيُّ قَالُوْا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَلَمْ يَقُوْلُوْا عَنْ اَبِيْهِ.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں اُنہوں نے یہ بیان نہیں دیا کہ اُنہوں نے اپنے والد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے۔

3287- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ اَخْبَرَنِىْ سَعِيْدٌ الْمَقْبُرِىُّ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ .

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3288- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3289- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا زَنَتْ اَمَةُ اَحَدِكُمْ فَلْيَضْرِبْهَا كِتَابَ اللّٰهِ وَلَا يُثَرِّبْ عَلَيْهَا ثُمَّ اِنْ عَادَتْ فَمِثْلُ ذٰلِكَ ثُمَّ اِنْ عَادَتْ فَمِثْلُ ذٰلِكَ ثُمَّ اِنْ عَادَتِ الرَّابِعَةَ فَلْيَضْرِبْهَا كِتَابَ اللّٰهِ ثُمَّ لْيَبِعْهَا وَلَوْ بِحَبْلٍ مِّنْ شَعْرٍ .

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسی شخص کی کنیز زنا کا ارتکاب کرے' تو وہ شخص اللہ تعالیٰ کی کتاب کے حکم کے مطابق اُسے (کوڑے) مارے' زبانی طور پر بُرا نہ کہے' اگر وہ دوبارہ ایسا کرے' تو پھر ایسا ہی کرے' اگر وہ پھر ایسا کرے' تو وہ شخص بھی ایسا ہی کرے' اگر وہ کنیز چوتھی مرتبہ ایسا کرے' تو وہ شخص اللہ تعالیٰ کی کتاب کے حکم کے مطابق اُسے (کوڑے) مارے اور پھر اُسے فروخت کر دے' خواہ بالوں سے بنی ہوئی رسّی کے عوض

۳۲۸٦- اخرجه مسلم في صحيحه (۳۱/۱۷۰۳) و ابو داود (٤٤٧٠) و النسائي في الكبرى؛ كما في التحفة (۱۲۹۵۳) (۱۲۹۷۹) (۱۲۹۸۵) (۱۳۰۵۲) من طرق عن سعيد بن ابي سعيد عن ابي هريرة' به ليس فيه: (عن ابيه)-

۳۲۸۷- اخرجه عبد الرزاق في مصنفه (۳۹۲/۷) رقم (۱۳۵۹۷) عن عبيد الله بن عمر' به-

۳۲۸۸- راجع الذي قبله-

۳۲۸۹- اما رواية سعيد عن ابيه عن ابي هريرة فقد تقدمت- و اما رواية ابن اسحاق حدثني محمد بن مسلم...... الخ: فاخرجها مالك في الموطا (۸۲٦/۲) و البخاري (۲۱۵۳) (٦۸۳۷) و مسلم رقم (۱۷۰٤) و ابو داود (٤٤٦۹) و علقه الترمذي (۱٤۳۳) و ابن ماجه (۲۵٦۵) و الدارمي (۱۰۱/۲) و احمد (٤/ ۱۱٦' ۱۱۷) و الطيالسي (۱۳۳٤' ۲۵۱۳) و الحميدي (۸۱۲) و ابن الجارود (۸۲۱) و ابن حبان في صحيحه (٤٤٤٤) والبيهقي (۲٤۲/۸) من طريق عبيد الله' به- و اخرجه الطيالسي (۹۵۲) عن زيد بن خالد وحده و قد تقدم تخريجه من طريق ابي هريرة وحده-

میں (فروخت) کرے۔

3290- وَعَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ قَالَ وَحَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ وَّاَبِىْ هُرَيْرَةَ مِثْلَ ذٰلِكَ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَاُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَّاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ وَّابْنُ سَمْعَانَ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِىِّ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا زَنَتْ اَمَةُ اَحَدِكُمْ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَايُثَرِّبْ عَلَيْهَا . حَتّٰى قَالَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ فِى الثَّالِثَةِ اَوِ الرَّابِعَةِ ثُمَّ لِيَبِعْهَا وَلَوْ بِضَفِيْرٍ مِّنْ شَعَرٍ . وَالضَّفِيْرُ هُوَ الْحَبْلُ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسی شخص کی کنیز زنا کا ارتکاب کرے اور اُس کا زنا ثابت ہو جائے' تو وہ شخص اُس کنیز کو حد کے طور پر کوڑے مارے' لیکن زبانی طور پر اُسے بُرا نہ کہے۔ (راوی کہتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات تین مرتبہ ارشاد فرمائی' پھر تیسری یا شاید چوتھی مرتبہ یہ ارشاد فرمایا: پھر وہ اُسے فروخت کر دے' خواہ بالوں سے بنی ہوئی رسّی کے عوض میں (فروخت) کرے۔

اس حدیث میں استعمال ہونے والے لفظ ''ضفیر'' سے مراد رسّی ہے۔

3291- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ مَّكْحُوْلٍ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ وَلَوْ بِنَقِيْضٍ مِّنْ شَعَرٍ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: ''وَلَوْ بِنَقِيْضٍ مِّنْ شَعَرٍ'' (یہاں ''نقیض'' کا مطلب بھی رسّی ہے)۔

3292- حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ بْنِ نُذَيْرٍ اَبُو الْفَضْلِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَةٌ لَيْسَ بَيْنَهُمْ لِعَانٌ لَيْسَ بَيْنَ الْحُرِّ وَالْاَمَةِ لِعَانٌ وَّلَيْسَ بَيْنَ الْحُرَّةِ وَالْعَبْدِ لِعَانٌ وَّلَيْسَ بَيْنَ الْمُسْلِمِ وَالْيَهُوْدِيَّةِ لِعَانٌ وَّلَيْسَ بَيْنَ الْمُسْلِمِ وَالنَّصْرَانِيَّةِ لِعَانٌ . عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هُوَ الْوَقَّاصِىُّ مَتْرُوْكُ الْحَدِيْثِ .

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: چار طرح کے لوگوں کے درمیان لعان نہیں ہوگا' آزاد مرد (شوہر ہو) اور کنیز (بیوی ہو' تو ان کے درمیان لعان

۳۲۹۰- تقدم تخریجہ۔ ۳۲۹۱- تقدم۔

۳۲۹۲- اخرجه البيهقي في الكبرى في اللعان (۷/ ۳۹۷) باب: من يلاعن من الازواج ومن لا يلاعن' من طريق عثمان بن عبد الرحمن الزهري' به-

نہیں ہوگا)' آزاد عورت (بیوی ہو) اور غلام (شوہر ہو تو ان کے درمیان لعان نہیں ہوگا)' مسلمان (شوہر) اور یہودی (بیوی)' مسلمان (شوہر) اور عیسائی (بیوی) کے درمیان بھی لعان نہیں ہوگا۔

عثمان بن عبدالرحمٰن نامی راوی وقاصی ہیں اور متروک الحدیث ہیں۔

شرح:

لعان کا بنیادی اصول

صاحبِ ہدایہ لکھتے ہیں: جب کوئی شخص اپنی بیوی پر زنا کا الزام لگائے اور دونوں میاں بیوی گواہی دینے کے اہل ہوں اور عورت بھی ایسی ہو' اگر کوئی شخص اس پر زنا کا جھوٹا الزام لگائے تو اس پر حد قذف جاری ہو سکتی ہو' یا شوہر اس عورت کے بچے کے نسب کی نفی کر دے' اور عورت اس بات پر حد قذف ہونے کا مطالبہ کر دے' تو مرد پر لعان کرنا لازم ہوگا۔

اصل یہ ہے: ہمارے نزدیک لعان ایسی گواہی ہے جس کو قسم کے ذریعے مؤکد کیا جاتا ہے اور جس کے ساتھ لعنت ملی ہوئی ہوتی ہے اور یہ حد قذف کے قائم مقام ہوگی۔ شوہر کے حق میں' اور عورت کے حق میں زنا کی حد کے قائم مقام ہوگی۔

اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

''اور ان کے پاس گواہ کے طور پر صرف ان کی اپنی ذات ہو''۔

استثناء صرف جنس میں سے ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''تو ان میں سے کسی ایک شخص کی گواہی' اللہ تعالیٰ کے نام کی' چار گواہیوں کے برابر ہوگی''۔

یہ اس بات کی دلیل ہے: گواہی بھی ہوگی اور یمین (قسم) بھی ہوگی' تو ہم یہ کہیں گے: لعان کا رکن گواہی ہے' جسے قسم کے ذریعے مؤکد کیا گیا ہے' پھر مرد کی طرف میں' اس رکن کے ساتھ لعنت کو شامل کیا گیا ہے' اگر وہ جھوٹا ہو اور یہ شوہر کے حق میں حد قذف کے قائم مقام ہوگی' اور عورت کی طرف میں غضب کو شامل کیا گیا ہے' جو حد زنا کے قائم مقام ہوگا۔

جب یہ بات ثابت ہوگئی' تو ہم یہ کہیں گے: یہ بات ضروری ہے' دونوں میاں بیوی شہادت کے اہل ہوں۔ اس کی وجہ یہ ہے: اس کے بارے میں رکن شہادت ہے اور یہ بھی ضروری ہے' وہ عورت ایسی ہو کہ اس پر پر زنا کا جھوٹا الزام لگانے والے پر حد قذف جاری ہو سکتی ہو اس کی وجہ یہ ہے: یہ چیز مرد کے حق میں حد قذف کے قائم مقام ہوگی' اس لئے عورت کا محصنہ ہونا ضروری ہے۔

یہ بھی لازم ہے۔ بچے کی نفی کی گئی ہو' اس کی وجہ یہ ہے: جب مرد عورت کے بچے کی نفی کر دے گا' تو وہ اس پر زنا کا الزام لگانے والا شمار ہوگا' جیسا کہ یہ بات ظاہر ہے اور یہاں یہ احتمال معتبر نہیں ہوگا' وہ بچہ کسی دوسرے کا ہو' اور شبہ کے نتیجے میں وطی کے نتیجے میں پیدا ہوا ہو۔

یہ بالکل اسی طرح ہے: جیسے کوئی اجنبی اس کے باپ کے معروف نسب کا انکار کر دے' اس کی وجہ یہ ہے: نسب میں اصل یہی ہے: فراش صحیح ہو' اور فاسد فراش کو اس کے ساتھ ملایا جائے گا۔ تو شوہر کا صحیح فراش کی نفی کرنا' تہمت (زنا کا الزام لگانے) کے مترادف ہوگا۔ یہاں تک کہ وہ ظاہر ہو جائے جسے (اس فراش صحیح) کے ساتھ ملایا گیا ہے۔

لعان کرنے کے لئے بیوی کا مطالبہ کرنا شرط ہے' کیونکہ لعان کروانا عورت کا حق ہے' تو دوسرے حقوق کی طرح اس میں بھی مطالبہ کرنا اور دعویٰ کرنا ضروری ہوگا۔

اگر عورت کے مطالبہ کرنے پر' شوہر لعان کرنے سے انکار کر دے' تو حاکم وقت اسے قید کر دے گا' یہاں تک کہ وہ لعان کرے گا یا پھر یہ اقرار کرے گا' میرا دعویٰ جھوٹا تھا' تاکہ اس پر حد قذف جاری کی جا سکے۔

اس کی وجہ یہ ہے: لعان کرنا شوہر پر لازم اور ضروری ہے اور مرد کو اس بات کو پورا کرنے کی قدرت بھی حاصل ہے' لہٰذا اسے قید کیا جائے گا' یہاں تک کہ وہ اس حق کو پورا کرے یا پھر اپنی بات کی تکذیب کرے' تاکہ جس بنیاد پر یہ حق لازم ہوا تھا' اسے ختم کیا جا سکے۔

اگر شوہر لعان کرتا ہے' تو عورت پر بھی لعان کرنا لازم ہوگا' کیونکہ نص کا تقاضا یہی ہے' البتہ لعان کا آغاز مرد کرے گا' کیونکہ دعویٰ اسی نے کیا ہے۔

اگر عورت لعان سے انکار کر دیتی ہے' تو حاکم اسے قید کر دے گا' یہاں تک کہ وہ لعان کرے گی' یا پھر مرد کے دعوے کی تصدیق کر دے گی' کیونکہ لعان کرنا عورت پر لازم ہے اور یہ بھی اس کی ادائیگی پر قادر ہے' (انکار پر) عورت کو قید کیا جائے گا۔

اگر شوہر غلام ہو' یا اس پر حد قذف جاری ہو چکی ہو' اور وہ اپنی بیوی پر الزام لگائے' تو اس مرد پر ہی حد قذف جاری ہوگی' کیونکہ شوہر میں ایک ایسا سبب پایا جاتا ہے' جو لعان کے لئے رکاوٹ ہے' تو وہ اصل سزا کا مستحق قرار پائے گا۔

اس کا حکم اس نص سے ثابت ہے: جو لوگ پاک دامن عورتوں پر زنا کا الزام لگائیں' اور ان کے پاس کوئی گواہ نہ ہو' تو انہیں اسّی کوڑے لگائے جائیں گے' اور ان کی گواہی کبھی بھی قبول نہیں کی جائے گی'' تو لعان دراصل اسی سزا کا قائم مقام ہے۔

اگر شوہر گواہی دینے کا اہل ہو مگر اس کی بیوی کنیز ہو یا کافر ہو یا اس پر حد قذف جاری ہو چکی ہو' یا وہ ان عورتوں میں سے ہو جن پر الزام لگانے پر سزا نہیں دی جاتی جیسے وہ نابالغ ہو پاگل ہو' یا فاحشہ عورت ہو' تو عورت پر نہ حد جاری ہوگی نہ لعان کرنا لازم ہوگا' کیونکہ عورت شہادت کی اہلیت نہیں رکھتی ہے کیونکہ وہ محصنہ نہیں ہے' تو اب چونکہ لعان میں رکاوٹ عورت کی طرف سے ہے' اس لئے مرد سے حد ساقط ہو جائے گی۔ جیسے اس وقت ساقط ہو جاتی جب عورت مرد کی بات کی تصدیق کر دیتی۔

اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''چار آدمی ایسے ہیں جن کے بیویوں اور ان کے درمیان لعان نہیں ہو سکتا (بیوی) یہودی ہو یا عیسائی ہو (اور اس کا شوہر) مسلمان ہو (بیوی) کنیز ہو جس کا شوہر آزاد شخص ہو' (بیوی) آزاد عورت ہو (جس کا شوہر غلام ہو)

اگر میاں بیوی دونوں پر پہلے حد قذف جاری ہو چکی ہو' تو مرد پر حد لازم آئے گی' کیونکہ یہاں لعان میں رکاوٹ اس مرد کی

وجہ سے آئے گی۔ کیونکہ وہی لعان کرنے کا اہل نہیں ہے۔(ہدایہ کتاب الطلاق باب لعان کا بیان)

3293- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيْدَ الزَّعْفَرَانِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ قُتَيْبَةَ الرَّمْلِيُّ حَدَّثَنَا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيْعَةَ عَنِ ابْنِ عَطَاءٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرْبَعٌ مِنَ النِّسَاءِ لَا مُلَاعَنَةَ بَيْنَهُمُ النَّصْرَانِيَّةُ تَحْتَ الْمُسْلِمِ وَالْيَهُوْدِيَّةُ تَحْتَ الْمُسْلِمِ وَالْمَمْلُوْكَةُ تَحْتَ الْحُرِّ وَالْحُرَّةُ تَحْتَ الْمَمْلُوْكِ . وَهٰذَا عُثْمَانُ بْنُ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيُّ وَهُوَ ضَعِيْفُ الْحَدِيْثِ جِدًّا . وَتَابَعَهُ يَزِيْدُ بْنُ بَزِيْعٍ الرَّمْلِيُّ عَنْ عَطَاءٍ وَّهُوَ ضَعِيْفٌ اَيْضًا .

وَرُوِيَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ وَابْنِ جُرَيْجٍ وَّهُمَا اِمَامَانِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَوْلَهٗ وَلَمْ يَرْفَعَاهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: چار طرح کی خواتین (اور ان کے شوہروں کے درمیان) لعان نہیں ہوگا' وہ عیسائی عورت جو مسلمان کی بیوی ہو' وہ یہودی عورت جو مسلمان کی بیوی ہو' وہ کنیز جو کسی آزاد شخص کی بیوی ہو' وہ آزاد عورت جو کسی غلام کی بیوی ہو۔

عثمان بن عطاء نامی راوی خراسانی ہیں اور یہ بہت زیادہ ضعیف ہیں۔

یزید بن بزیع رملی نامی راوی نے اسے عطاء کے حوالے سے نقل کیا ہے' تاہم یہ بھی ضعیف ہیں۔

یہ روایت امام اوزاعی اور ابن جریج کے حوالے سے عمرو بن شعیب کے حوالے سے ان کے والد کے حوالے سے ان کے دادا سے ان کے اپنے قول کے طور پر نقل کی گئی ہے' یہ دونوں حضرات امام ہیں اور ان دونوں نے یہ روایت ''مرفوع'' حدیث کے

۳۲۹۳- اخرجه ابن ماجه في الطلاق (۱/ ۶۷۰) باب: اللعان (۲۰۷۱) و البيهقي في اللعان (۷/ ۳۹۶-۳۹۷) باب: من يلاعن من الازواج و من لايلاعن' من طريق ابن عطاء' به-وقال البوصيري في (مصباح الزجاجة) (۲/ ۱۳۶): (هذا اسناد ضعيف: ابن عطاء اسمه: عثمان بن عطاء' متفق على تضعيفه)- اه-و اخرجه البيهقي في اللعان (۷/ ۳۹۶-۳۹۷) من طريق يزيد بن زريع عن عمرو بن شعيب' به- وقال الشافعي: (لا يثبت عن عمرو بن شعيب ولا عبد الله بن عمرو' ولا يبلغ به النبي صلى الله عليه وسلم الا رجل غلط): كما في الام (۵/ ۱۳۳) باب: الخلاف في اللعان' و نقل ذلك عنه البيهقي في الكبرى (۷/ ۳۹۵-۳۹۶) و المعرفة (۱۱/ ۱۳۰) (۱۵۰۳۷)-وقال البيهقي في المعرفة (۱۱/ ۱۳۱) باب: اللعان (۱۵۰۴۰): (هذا حديث اخرجه عثمان بن عطاء' و يزيد بن زريع الرملي' عن عطاء الخراساني' عن عمرو بن شعيب' عن ابيه' عن جده' عن النبي صلى الله عليه وسلم ......) فذكره- ثم قال: (وعطاء الخراساني معروف بكثرة الغلط: كما قال الشافعي- و ابنه عثمان ضعيف جداً: قاله الدارقطني فيما اخبرني ابو عبد الرحمن عنه' و كذلك قاله غيره من حفاظ اهل الحديث)- و اخرجه عثمان الوقاصي عن عمرو بن شعيب' و هو متروك الحديث: ضعفه يحيى بن معين وغيره من الائمة- و اخرجه عباد بن مطر عن حماد بن عمرو عن زيد بن رفيع- و عباد بن مطر' و حماد بن عمرو' و زيد بن ربيع ضعفاء: قاله الدارقطني فيما اخبرني ابو عبد الرحمن عنه' و قاله ايضاً غيره من الائمة- قال الدارقطني: وروي عن ابن جريج و الاوزاعي -وهما امامان- عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قوله' لم يرفعاه الى النبي صلى الله عليه وسلم - قال البيهقي: و في ثبوته عن عبد الله موقوفاً ايضاً نظر: و ذلك لانه انما اخرجه عن ابن جريج والاوزاعي: عمر بن هارون' و ليس بالقوي- و اخرجه ايضاً يحيى بن ابي انيسة عن عمرو موقوفاً' و يحيى بن ابي انيسة: متروك' و نحن نحتج بروايات عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده' اذا كان الراوي عنه ثقة' و انضم اليه ما يؤكده' و لم نجد لهذا الحديث طريقاً الى عمرو- و الله اعلم- وروي عن يحيى بن صالح الايلي باسناد آخر' و هو بذلك الاسناد باطل ليس له اصل)- اه- و انظر -ايضاً- نصب الراية (۳/ ۲۴۸)-

طور پر نقل نہیں کی۔

3294- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمُقْرِءُ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الطَّبَرِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ سَعِيدٍ الْكِسَائِيُّ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ هَارُوْنَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَّالْاَوْزَاعِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ اَرْبَعٌ لَيْسَ بَيْنَهُنَّ وَبَيْنَ اَزْوَاجِهِنَّ لِعَانٌ الْيَهُوْدِيَّةُ تَحْتَ الْمُسْلِمِ وَالنَّصْرَانِيَّةُ تَحْتَ الْمُسْلِمِ وَالْحُرَّةُ تَحْتَ الْعَبْدِ وَالْاَمَةُ تَحْتَ الْحُرِّ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: (اور اُن کے اپنے قول کے طور پر نقل کیا ہے: اُنہوں نے اسے "مرفوع" حدیث کے طور پر نقل نہیں کیا۔)

ایک اور سند کے ہمراہ یہ منقول ہے: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: چار طرح کی خواتین اور اُن کے شوہروں کے درمیان لعان نہیں ہوگا' وہ یہودی عورت جو کسی مسلمان کی بیوی ہو' وہ عیسائی عورت جو کسی مسلمان کی بیوی ہو' وہ آزاد عورت جو کسی غلام کی بیوی ہو' وہ کنیز جو کسی آزاد شخص کی بیوی ہو۔

3295- حَدَّثَنَا الرُّهَاوِيُّ الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي فَرْوَةَ حَدَّثَنَا اَبِي اَخْبَرَنَا عَمَّارُ بْنُ مَطَرٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ زَيْدِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ عَتَّابَ بْنَ اَسِيدٍ .ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ .حَمَّادُ بْنُ عَمْرٍو وَعَمَّارُ بْنُ مَطَرٍ وَّزَيْدُ بْنُ رُفَيْعٍ ضُعَفَاءُ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عتاب بن اسید کو بھیجا (اس کے بعد اُنہوں نے حسب سابق حدیث نقل کی ہے)۔

اس روایت کے راوی حماد بن عمرو' عمار بن مطر اور زید بن رفیع ضعیف ہیں۔

3296- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا قُدَامَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ مُسْلِمِ بْنِ شِهَابٍ يَزْعُمُ اَنَّ قَبِيصَةَ بْنَ ذُؤَيْبٍ كَانَ

۳۲۹۴-اخرجه البيهقي في الكبرى (۷/۳۹۷) كتاب: اللعان' باب: من يلاعن من الازواج و من لا يلاعن' من طريق الدارقطني' به- واخرجه عبد الرزاق في المصنف (۷/۱۳۹) رقم (۱۲۵۰۸): اخبرنا ابن جريج' به-قال البيهقي في المعرفة (۱۱/۱۳۲) باب: اللعان (۱۵۰۴٦) بعد ذكره لهذه الرواية: (وفي ثبوته عن عبد الله موقوفاً- ايضاً-نظر؛ وذلك لانه انما اخرجه عن ابن جريج و الاوزاعي' عمر ابن هارون' و ليس بالقوي)- اه-

۳۲۹۵-اخرجه البيهقي في الكبرى (۷/۲۹٦) من طريق عمار' به- و علقه من هذا الوجه في المعرفة (۱۱/۱۳۲) (۱۵۰۴۴) و نقل تضعيف الدارقطني لعمار و حماد و زيد-

۳۲۹٦-اخرجه البيهقي في السنن (۷/٤۱۱) كتاب: اللعان' باب: الرجل يقر بحبل امراته او بولدها مرة' فلا يكون له نفيه بعده: من طريق الدارقطني' به-و اخرجه عبد الرزاق (۷/۱۰۰) رقم (۱۲۳۷٤) عن المجالد عن الشعبي عن عمر قال: اذا اعترف بولده ساعة و احدة' ثم انكر بعد' لحق به-و اخرجه البيهقي في سننه (۷/٤۱۱-٤۱۲) كتاب: اللعان' باب الرجل يقر بحبل امراته او بولدها مرة' فلا يكون له نفيه بعده: من طريق ابي معاوية عن مجالد بن سعيد' به- و مجالد ضعيف تقدم الكلام عليه غير مرة-

يُحَدِّثُ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهُ جَلَدَ رَجُلاً مِائَةَ جَلْدَةٍ وَّقَعَ عَلٰى وَلِيْدَةٍ لَهُ وَلَمْ يُطَلِّقْهَا الْعَبْدُ كَانَتْ تَحْتَ الْعَبْدِ وَقَضٰى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ رَجُلٍ اَنْكَرَ وَلَدًا مِّنِ امْرَاَةٍ وَّهُوَ فِيْ بَطْنِهَا ثُمَّ اعْتَرَفَ بِهٖ وَهُوَ فِيْ بَطْنِهَا حَتّٰى اِذَا وُلِدَ اَنْكَرَهُ فَاَمَرَ بِهٖ عُمَرُ فَجُلِدَ ثَمَانِيْنَ جَلْدَةً لِفِرْيَتِهٖ عَلَيْهَا ثُمَّ اَلْحَقَ بِهٖ وَلَدَهَا .

☆☆ قبیصہ بن ذؤیب بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو سو کوڑے لگوائے' جس نے اپنی ایک ایسی کنیز کے ساتھ صحبت کر لی تھی جو ایک غلام کی بیوی تھی اور اُس غلام نے اُسے طلاق نہیں دی تھی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک ایسے شخص کے بارے میں بھی فیصلہ دیا تھا: جس نے ایک عورت کے بچے (کا اپنی اولاد ہونے) کا پہلے انکار کیا' وہ بچہ اُس وقت اُس عورت کے پیٹ میں تھا' پھر اعتراف بھی کر لیا' وہ بچہ اُس وقت بھی اُس عورت کے پیٹ میں تھا' جب وہ بچہ پیدا ہوا تو اُس شخص نے پھر اُس کا انکار کر دیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حکم دیا: اس نے اس عورت پر جو الزام لگایا ہے اُس کی سزا میں (حدِ قذف کے طور پر) اسے اسّی کوڑے مارے جائیں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُس بچے کا نسب اُس عورت کے ساتھ لاحق کر دیا۔

3297- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ اَبُوْ حَامِدٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِيْ اِسْرَائِيْلَ حَدَّثَنَا شَرِيْكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ لَا اَجِدُ اَحَدًا يُّصِيْبُ حَدًّا اُقِيْمُهُ عَلَيْهِ فَيَمُوْتُ فَاَرٰى اَنْ اَدِيَهُ اِلَّا صَاحِبَ الْخَمْرِ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَسُنَّ فِيْهِ شَيْئًا .

☆☆ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص قابلِ حد جرم کا ارتکاب کرے اور میں اُس پر حد جاری کروں اور اس وجہ سے وہ مر جائے' تو میں یہ سمجھتا ہوں مجھے اُس کی دیت ادا کرنی ہوگی' سوائے اُس شخص کے' جس پر شراب پینے کی حد جاری ہوئی ہو' کیونکہ اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ بھی (باقاعدہ سزا) مقرر نہیں کی۔

3298- حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْعَلَّافُ حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ فُلَيْحِ بْنِ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنِيْ ثَوْرُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ الشُّرَّابَ كَانُوْا يُضْرَبُوْنَ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْاَيْدِيْ وَالنِّعَالِ وَبِالْعِصِيِّ حَتّٰى تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ فِيْ خِلَافَةِ اَبِيْ بَكْرٍ اَكْثَرَ مِنْهُمْ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ اَبُوْ بَكْرٍ يَجْلِدُهُمْ اَرْبَعِيْنَ حَتّٰى تُوُفِّيَ ثُمَّ كَانَ عُمَرُ مِنْ بَعْدِهٖ فَجَلَدَهُمْ كَذٰلِكَ اَرْبَعِيْنَ حَتّٰى اُتِيَ بِرَجُلٍ مِّنَ

۳۲۹۷-اخرجه احمد (۱۳۵/۱) و ابو يعلى (۳۳٦) و البخاري في الحدود (٦٦/۱۲) باب: الضرب بالجريد و النعال (٦۷۷۸) و مسلم في الحدود (۱۳۳۲/۳) باب: حد الخمر (۱۷۰۷/۳۹) و ابو داود في الحدود (٦۳٦/٤) باب: اذا تتابع في شرب الخمر (٤٤۸٦) و النسائي في الكبرى: كما في التحفة (٤۳۸/۷) و ابن ماجه في الحدود (۸٥۸/۲) باب: حد السكران (۲٥٦۹) و الطحاوي في شرح المعاني' باب: حد الخمر' و البيهقي في الكبرى (۳۲۱/۸) باب: الشارب يضرب زيادة على الاربعين' من طريق عمير بن سعيد' به-

۳۲۹۸-اخرجه الحاكم في المستدرك (۳۷٥/٤-۳۷٦): اخبرنا ابو جعفر ابن جعفر محمد بن محمد ابن عبد الله البغدادي' ثنا يحيى بن عثمان بن صالح' ثنا سعيد بن كثير عفير...... به-واخرجه البيهقي في السنن (۳۲۰/۸) كتاب: الاشربة' باب: ما جاء في عدد حد الخمر من طريق سعيد بن عفير ايضاً- قال الحاكم: (صحيح الاسناد' و لم يخرجاه)- اه-قال الذهبي: (صحيح سمعه منه سعيد بن عفير)- اه-

الْمُهَاجِرِينَ الْاَوَّلِينَ وَقَدْ شَرِبَ فَاَمَرَ بِهٖ اَنْ يُّجْلَدَ فَقَالَ لِمَ تَجْلِدُنِیْ بَيْنِیْ وَبَيْنَكَ كِتَابُ اللّٰهِ . فَقَالَ عُمَرُ وَاَیُّ كِتَابِ اللّٰهِ تَجِدُ اَنْ لَّا اَجْلِدَكَ فَقَالَ لَهٗ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُوْلُ فِیْ كِتَابِهٖ (لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوا) الْاٰيَةَ فَاَنَا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَآمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَاَحْسَنُوْا شَهِدْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدْرًا وَاُحُدًا وَالْخَنْدَقَ وَالْمَشَاهِدَ فَقَالَ عُمَرُ اَلَا تَرُدُّوْنَ عَلَيْهِ مَا يَقُوْلُ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِنَّ هٰؤُلَاءِ الْاٰيَاتِ اُنْزِلْنَ عُذْرًا لِمَنْ صَبَرَ وَحُجَّةً عَلَى النَّاسِ لِاَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُوْلُ (يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ) الْاٰيَةَ ثُمَّ قَرَاَ حَتّٰى اَنْفَذَ الْاٰيَةَ الْاُخْرٰى فَاِنْ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ الْاٰيَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ نَهَاهُ اَنْ يَّشْرَبَ الْخَمْرَ فَقَالَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ صَدَقْتَ مَاذَا تَرَوْنَ قَالَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اِنَّهٗ اِذَا شَرِبَ سَكِرَ وَاِذَا سَكِرَ هَذٰى وَاِذَا هَذٰى افْتَرٰى وَعَلَى الْمُفْتَرِیْ ثَمَانُوْنَ جَلْدَةً فَاَمَرَ بِهٖ عُمَرُ فَجُلِدَ ثَمَانِيْنَ .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں شراب پینے والوں کو ہاتھوں' جوتوں اور لاٹھیوں کے ذریعہ مارا جاتا تھا' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوگیا' پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک سے زیادہ تعداد میں شراب پینے کے مقدمات پیش ہوئے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اُن لوگوں کو چالیس کوڑے لگوائے' جب ان کا انتقال ہوگیا تو اُن کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی (شراب پینے والوں کو) چالیس کوڑے لگوائے' یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے ''مہاجرینِ اوّلین'' سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب کو لایا گیا جنہوں نے شراب پی تھی' اُنہیں کوڑے مارنے کا حکم دیا گیا تو وہ بولے: آپ مجھے کیسے کوڑے مار سکتے ہیں' جبکہ آپ کے اور میرے درمیان اللہ تعالیٰ کی کتاب کا حکم موجود ہے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: آپ کو اللہ تعالیٰ کی کتاب کا وہ حکم کہاں ملا ہے کہ میں آپ کو کوڑے نہ ماروں؟ تو اُنہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں یہ ارشاد فرمایا ہے:

''جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک اعمال کیے' اُن پر اُس چیز کے حوالے سے کوئی گناہ نہیں ہوگا جو اُنہوں نے کھایا پیا''۔

(وہ صاحب بولے:) میں اُن لوگوں میں شامل ہوں جو ایمان لائے' اُنہوں نے نیک اعمال کیے' پرہیزگاری اختیار کی اور مؤمن ہوئے' پھر پرہیزگار رہے اور انہوں نے اچھائی کی (جس کا ذکر قرآن میں ہے)۔

میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ غزوۂ بدر' غزوۂ اُحد' غزوۂ خندق اور دیگر تمام غزوات میں شریک رہا ہوں' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (دوسرے لوگوں سے) فرمایا: تم لوگ اس کا جواب کیوں نہیں دیتے جو اس نے کہا ہے؟ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: یہ آیت گزرے ہوئے لوگوں کے عذر کے طور پر اور منافقین کے خلاف حجت کے طور پر نازل ہوئی تھیں۔

کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

''اے ایمان والو! بے شک شراب اور جوا.....''۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ان دو آیات کو مکمل پڑھا اور بولے: اگر یہ اُن لوگوں میں سے ہوں جو ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک اعمال کیے' تو اللہ تعالیٰ نے تو انہیں شراب پینے سے منع کیا ہے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے ٹھیک کہا ہے' (پھر دوسرے لوگوں سے دریافت کیا:) آپ لوگوں کی اس بارے میں کیا رائے ہے؟ (میں اسے کیا سزا دوں؟)' تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو شخص شراب پیے وہ مدہوش ہو جاتا ہے' جب مدہوش ہو' تو ہذیان بکتا ہے' اور جب ہذیان بکتا ہے' تو زنا کا جھوٹا الزام لگا سکتا ہے اور زنا کا جھوٹا الزام لگانے والے کو اسّی کوڑے مارے جاتے ہیں' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حکم کے تحت اُن صاحب کو اسّی کوڑے لگائے گئے۔

3299- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُزَيْزٍ حَدَّثَنِى سَلَامَةُ عَنْ عُقَيْلٍ قَالَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ اَخْبَرَنِى السَّائِبُ بْنُ يَزِيْدَ اَنَّهُ حَضَرَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَضْرِبُ رَجُلاً وَّجَدَ مِنْهُ رِيحَ الْخَمْرِ .

☆☆ سائب بن یزید بیان کرتے ہیں: وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھے' جب اُنہوں نے اُس شخص کو (کوڑے) لگوائے جس سے شراب کی بُو آئی تھی۔

3300- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ اَخْبَرَنَا يُونُسُ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِى يُونُسُ بْنُ يَزِيْدَ وَابْنُ اَبِى ذِئْبٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهُ جَلَدَ رَجُلاً وَّجَدَ مِنْهُ رِيحَ شَرَابِ الْحَدَّ تَامًّا.

☆☆ سائب بن یزید بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو کوڑے لگوائے اور مکمل حد (یعنی اسّی کوڑے لگوائے)' اُس شخص سے اُنہیں شراب کی بو آئی تھی۔

3301- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ جَرِيرِ بْنِ جَبَلَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ ابْنُ اَخِى حَزْمٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ يَهُوْدِيًّا مَرَّ بِجَارِيَةٍ عَلَيْهَا حُلِىٌّ لَهَا فَاَخَذَ حُلِيَّهَا وَاَلْقَاهَا فِى بِئْرٍ فَاُخْرِجَتْ وَبِهَا رَمَقٌ فَقِيلَ مَنْ قَتَلَكِ قَالَتْ فُلاَنٌ الْيَهُوْدِىُّ فَانْطُلِقَ بِهِ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاعْتَرَفَ فَاُمِرَ بِهِ فَقُتِلَ.

۳۲۹۹- اخرجه مالك في الموطا (۲/۸٤۲) كتاب: الاشربة' باب: الحد في الخمر' الحديث(۱)' و من طريقه النسائي في السنن (۸/۳۲٦) كتاب: الاشربة' باب: ذكر الاخبار التي اعتل بها من اباح شراب السكر- عن ابن شهاب عن السائب بن يزيد' به- و علقه البخاري في صحيحه (۱۰/٦۲) كتاب: الاشربة' باب: الباذق' و من نهى عن كل مسكر من الاشربة- قال الحافظ في تغليق التعليق (٥/٣٦): و اخرجه سعيد بن منصور عن ابن عيينة عن الزهري سمع السائب بن يزيد يقول: قال عمر على المنبر: ذكر لي ان عبيد الله بن عمر و اصحابه شربوا شراباً' و انا سائل عنه: فان كان يسكر حددتهم- قال سفيان: فاخبرني معمر عن الزهري عن السائب قال: فرايت عمر يحدهم)- اه- و انظر- ايضا- عمدة القاري (۲۱/۱۸۲)-

۳۳۰۰- راجع الذي قبله-

۳۳۰۱- اخرجه احمد (۳/۱۹۳): عن بهز' ثنا همام' ثنا قتادة' به- و اخرجه احمد ايضاً (۳/۱٦۳): عن حسين' ثنا ابان عن قتادة' ثنا انس' به- و اخرجه احمد (۳/۱۷۰)' و البخاري في الديات (٦۸۸٥) باب: قتل الرجل بالمراة' و النسائي في القسامة (۸/۲۲) باب: القود من الرجل للمراة من طريق سعيد بن ابي عروبة عن قتادة' به-

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک یہودی شخص ایک لڑکی کے پاس سے گزرا' اُس لڑکی نے کوئی زیور پہنا ہوا تھا' اُس نے (وہ زیور چھین کر لڑکی کو زخمی کر کے) ایک کنوئیں میں ڈال دیا' جب اُس لڑکی کو باہر نکالا گیا تو اُس میں زندگی کی رمق تھی' اُس سے دریافت کیا گیا: تمہیں کس نے قتل کیا ہے؟ اُس نے بتایا: فلاں یہودی نے' اُس یہودی کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا' اُس نے (اپنے جرم کا) اعتراف کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُسے بھی قتل کر دیا گیا۔

3302- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيِّ الْجَوْهَرِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ اَبُوْ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ يَهُوْدِيًّا قَتَلَ جَارِيَةً عَلٰى اَوْضَاحٍ لَهَا فَقَتَلَهَا بِحَجَرٍ فَجِيْءَ بِهَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِهَا رَمَقٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقَتَلَكِ فُلَانٌ. فَاَشَارَتْ بِرَاْسِهَا اَیْ لَا ثُمَّ قَالَ لَهَا اَقَتَلَكِ فُلَانٌ . فَاَشَارَتْ بِرَاْسِهَا اَیْ لَا ثُمَّ قَالَ لَهَا الثَّالِثَةَ قَالَتْ بِرَاْسِهَا اَیْ نَعَمْ فَقَتَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ حَجَرَيْنِ .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک یہودی نے ایک لڑکی کو اُس کے زیورات (چھین کر) قتل کر دیا' اُس یہودی نے اُس لڑکی کو پتھر مار کر قتل کیا' جب اُس لڑکی کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا تو اُس میں زندگی کی رمق موجود تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے دریافت کیا: کیا تمہیں فلاں نے قتل کیا ہے؟ اُس نے جواب میں سر کے اشارے کے ذریعہ کہا: نہیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر اُس سے دریافت کیا: کیا تمہیں فلاں نے قتل کیا ہے؟ اُس نے جواب میں سر کے اشارے کے ذریعہ کہا: نہیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر تیسری مرتبہ اُس سے دریافت کیا: کیا تمہیں فلاں نے قتل کیا ہے؟ تو اُس نے سر کے اشارے کے ذریعہ جواب دیا: جی ہاں! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس (یہودی کا سر) دو پتھروں کے درمیان (رکھوا کر یعنی کچل کر) اُسے قتل کروا دیا۔

3303- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ اَخْبَرَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ اِلَّا اَنَّ قَتَادَةَ قَالَ فِیْ حَدِيْثِهِ وَاعْتَرَفَ الْيَهُوْدِیُّ

۳۳۰۲-اخرجه احمد (۳/ ۱۷۱' ۲۰۳) و البخاري في الديات (۶۸۷۷) باب: اذا قتل بحجر او عصا' و (۶۸۷۹) باب: من اقاد بحجر او عصا' و مسلم في القسامة (۱۶۷۲) باب: ثبوت القصاص في القتل بالحجر وغيره' و ابو داود في الديات (۴۵۲۹) باب: يقاد من القاتل' و ابن ماجه في الديات (۲۶۶۶) باب: يقتاد من القاتل كما قتل' و البيهقي في الكبرى (۸/ ۴۲) من طريق عن شعبة' به-

۳۳۰۳-اخرجه احمد (۳/ ۱۸۳' ۲۶۹) و الدارمي (۲/ ۱۹۰) و البخاري في الخصومات (۲۴۱۳) باب: ما يذكر في الاشخاص و الخصومة بين المسلم و اليهودي' و في الوصايا (۲۷۴۶) و في الديات (۶۸۷۶) و (۶۸۸۴) و مسلم في القسامة (۱۶۷۲) باب: ثبوت القصاص في القتل بالحجر وغيره' و ابو داود في الديات (۴۵۲۷) باب: يقاد من القاتل' و (۴۵۳۵) باب: القود بغير حديد' و الترمذي في الديات (۱۳۹۴) باب: ما جاء فيمن رضخ راسه بصخرة' و النسائي في القسامة (۸/ ۲۲) باب: القود من الرجل للمراة' و بن ماجه في الديات (۲۶۶۵) باب: ما يقتاد من القاتل كما قتل' و ابن الجارود (۸۳۸) و البيهقي (۸/ ۴۲) و الطحاوي في المعاني (۳/ ۱۹۰) من طرق عن همام بن يحيى' به- وقال الترمذي: (هذا حديث حسن صحيح' و العمل على هذا عند بعض اهل العلم' و هو قول احمد و اسحاق- وقال بعض اهل العلم: لا قود الا بالسيف)- اه-

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے تاہم قتادہ نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: اُس یہودی نے (اپنے جرم کا) اعتراف کیا تھا۔

3304- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْيَهُودِ قَتَلَ جَارِيَةً مِنَ الْأَنْصَارِ عَلَى تَمَائِمَ لَهَا وَرَمَى بِهَا فِي قَلِيبٍ فَرَضَخَ رَأْسَهَا بِالْحِجَارَةِ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُرْجَمَ حَتَّى يَمُوتَ فَرُجِمَ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک یہودی نے ایک انصاری لڑکی کو اُس کے ہار (چھین کر زخمی کر کے) ایک گڑھے میں پھینک دیا اور اُس لڑکی کا سر پتھر کے ذریعہ کچل دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا: اس (یہودی) کو سنگسار کر کے مارا جائے! تو اُسے سنگسار کر دیا گیا۔

3305- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ جُرَيْجٍ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَجُلًا زَنَا فَأَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجُلِدَ الْحَدَّ ثُمَّ أُخْبِرَ أَنَّهُ قَدْ كَانَ أُحْصِنَ فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے زنا کا ارتکاب کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُسے حد کے طور پر کوڑے لگائے گئے' پھر بعد میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا وہ شخص ''محصن'' ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُسے سنگسار کیا گیا۔

3306- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ كَثِيرِ بْنِ عُفَيْرٍ أَخْبَرَنَا أَبُو صَالِحٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ رَجُلًا زَنَا بِامْرَأَةٍ فَأَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجُلِدَ الْحَدَّ ثُمَّ أُخْبِرَ أَنَّهُ أُحْصِنَ فَأَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَ.

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے ایک عورت کے ساتھ زنا کا ارتکاب کیا تو

۳۳۰۴- اخرجه عبد الرزاق (۱۰۱۷۱) (۱۸۳۳۲) (۱۸۵۲۵) و احمد (۱۶۳/۳) و مسلم في القسامة (۱۶/۱۶۷۲) باب: ثبوت القصاص في القتل بالحجر وغيره' و ابو داود في الديات (۴۵۲۸) باب: يقاد من القاتل' و الطحاوي في المعاني (۱۸۱/۳) من طريق معمر' به-

۳۳۰۵- اخرجه ابو داود في الحدود (۱۴۹/۴) باب: رجم ماعز بن مالك (۴۴۳۸) و النسائي في الكبرى' كما في التحفة (۲۳۲/۲) عن قتيبة عن ابن وهب به مرفوعاً- وقال النسائي: (لا اعلم ان احدًا رفع هذا الحديث غير ابن وهب)- و اخرجه ابو داود في الحدود (۱۴۹/۴) باب: رجم ماعز بن مالك' و النسائي في الكبرى كما في التحفة (۲۳۲/۲) من طريق ابي عاصم عن ابن جريج' باسناده موقوفاً- وقال النسائي: (هذا هو الصواب' و الذي قبله خطا)- اه-

۳۳۰۶- راجع ما قبله' و راجع: نصب الراية للزيلعي (۲۲۹/۳- ۲۳۰)-

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُسے حد کے طور پر کوڑے لگائے گئے' پھر بعد میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا وہ شخص "محصن" ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُسے سنگسار کیا گیا۔

3307- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنِى الْقَاسِمُ بْنُ فَيَّاضِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جَنْدَةَ حَدَّثَنِىْ خَلَّادُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ بَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِذْ اَتَاهُ رَجُلٌ مِنْ بَنِىْ لَيْثِ بْنِ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ مَنَاةَ بْنِ كِنَانَةَ فَتَخَطَّى النَّاسَ حَتّٰى اقْتَرَبَ اِلَيْهِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَقِمْ عَلَىَّ الْحَدَّ .قَالَ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْلِسْ . فَانْتَهَرَهُ فَجَلَسَ ثُمَّ قَامَ الثَّانِيَةَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَقِمْ عَلَىَّ الْحَدَّ .فَقَالَ اجْلِسْ . فَجَلَسَ ثُمَّ قَامَ الثَّالِثَةَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَقِمْ عَلَىَّ الْحَدَّ .قَالَ وَمَا حَدُّكَ . قَالَ اَتَيْتُ امْرَاَةً حَرَامًا . فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرِجَالٍ مِنْ اَصْحَابِهِ فِيْهِمْ عَلِىٌّ وَّعَبَّاسٌ وَّزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ انْطَلِقُوْا بِهِ فَاجْلِدُوْهُ . وَلَمْ يَكُنِ اللَّيْثِىُّ تَزَوَّجَ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا تَجْلِدُ الَّتِىْ خَبَثَ بِهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ائْتُوْنِىْ بِهِ مَجْلُوْدًا . فَلَمَّا اُتِىَ بِهِ قَالَ لَهُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَاحِبَتُكَ . قَالَ فُلَانَةُ- لِامْرَاَةٍ مِّنْ بَنِىْ بَكْرٍ- فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهَا فَدَعَاهَا فَسَاَلَهَا عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَتْ كَذَبَ وَاللّٰهِ مَا اَعْرِفُهُ وَاِنِّىْ مِمَّا قَالَ لَبَرِيْئَةٌ اللّٰهُ عَلٰى مَا اَقُوْلُ مِنَ الشَّاهِدِيْنَ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ شُهَدَاؤُكَ عَلٰى اَنَّكَ خَبَثْتَ بِهَا فَاِنَّهَا تُنْكِرُ اَنْ تَكُوْنَ خَابَثْتَهَا فَاِنْ كَانَ لَكَ شُهَدَاءُ جَلَدْتُهَا وَاِلَّا جَلَدْتُكَ حَدَّ الْفِرْيَةِ . فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا لِىْ شُهَدَاءُ . فَاَمَرَ بِهِ فَجُلِدَ حَدَّ الْفِرْيَةِ ثَمَانِيْنَ جَلْدَةً .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے' بنولیث بن بکر سے تعلق رکھنے والا ایک شخص وہاں آیا اور لوگوں کی گردنیں پھلانگتا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب پہنچ گیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھ پر حد جاری کریں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا: تم بیٹھ جاؤ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے ڈانٹا تو وہ بیٹھ گیا' وہ پھر کھڑا ہوا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھ پر حد جاری کریں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم بیٹھ جاؤ! وہ بیٹھ گیا' وہ پھر تیسری مرتبہ کھڑا ہوا اور عرض کی: یارسول اللہ! مجھ پر حد جاری کریں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے کون سے قابلِ حد (جرم کا ارتکاب کیا ہے)؟ اُس نے عرض کی: میں نے ایک عورت کے ساتھ حرام صحبت کی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھیوں سے' جن میں حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت عباس رضی اللہ عنہ' حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بھی تھے' فرمایا: اسے لے جا کر کوڑے لگاؤ! بنولیث سے تعلق رکھنے والا وہ شخص شادی شدہ نہیں تھا' عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُس عورت کو کوڑے کیوں نہیں لگواتے جس

۳۳۰۷- اخرجه ابو داؤد في الحدود (۴/۱۵۸) باب: اذا اقر الرجل بالزنا' ولم تقر المراة (۴۴۶۷) والنسائي في الكبرى' كما في اتحفة الاشراف (۴/۴۶۴) من طريق موسى بن هارون البردي' ثنا هشام بن يوسف' به مختصرًا- وقال النسائي: (هو منكر)- اه-

کے ساتھ اس شخص نے گناہ کیا ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے کوڑے لگا کر پھر میرے پاس لے کر آ ؤ! جب اُسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے دریافت کیا: تمہاری ساتھی عورت کون ہے؟ اُس نے جواب دیا: فلاں عورت' اُس نے بنوبکر سے تعلق رکھنے والی ایک عورت کا نام لیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس عورت کو بُلوایا اور اُس سے اس بارے میں دریافت کیا تو وہ بولی: اس نے جھوٹ کہا ہے' اللہ کی قسم! میں تو اسے نہیں جانتی اور اس نے جو الزام لگایا ہے میں اُس سے بَری ہوں' اور میں جو کہہ رہی ہوں اس پر اللہ تعالیٰ گواہ ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (اُس شخص سے) دریافت کیا: اس بارے میں تمہارے پاس کیا ثبوت ہے کہ تم نے اس عورت کے ساتھ گناہ کیا ہے؟ کیونکہ یہ عورت تو اس بات کا انکار کر رہی ہے کہ تم نے اس کے ساتھ کوئی گناہ کیا ہے' اگر تمہارے پاس کوئی ثبوت ہے' تو میں اس عورت کو کوڑے لگواؤں گا اور اگر تمہارے پاس کوئی ثبوت نہیں ہے' تو میں زنا کا جھوٹا الزام لگانے (کی سزا کے طور پر) تمہیں کوڑے لگواؤں گا۔ اُس شخص نے کہا: یارسول اللہ! میرے پاس کوئی ثبوت نہیں ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُسے زنا کا جھوٹا الزام لگانے کی حد (کی سزا کے طور پر) اسّی کوڑے لگائے گئے۔

3308- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْلَى عَنْ عُمَرَ بْنِ صُبْحٍ عَنْ مُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّهٗ قَالَ لَمَّا حَجَّ عُمَرُ حَجَّتَهُ الْاَخِيرَةَ الَّتِى لَمْ يَحُجَّ غَيْرَهَا غُودِرَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ قَتِيلاً فِى بَنِى وَادِعَةَ فَبَعَثَ اِلَيْهِمْ عُمَرُ وَذٰلِكَ بَعْدَ مَا قَضَى النُّسُكَ وَقَالَ لَهُمْ هَلْ عَلِمْتُمْ لِهٰذَا الْقَتِيلِ قَاتِلاً مِنْكُمْ قَالَ الْقَوْمُ لَا فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُمْ خَمْسِينَ شَيْخًا فَاَدْخَلَهُمُ الْحَطِيمَ فَاسْتَحْلَفَهُمْ بِاللّٰهِ رَبِّ هٰذَا الْبَيْتِ الْحَرَامِ وَرَبِّ هٰذَا الْبَلَدِ الْحَرَامِ وَرَبِّ هٰذَا الشَّهْرِ الْحَرَامِ اَنَّكُمْ لَمْ تَقْتُلُوهُ وَلَا عَلِمْتُمْ لَهٗ قَاتِلاً فَحَلَفُوا بِذٰلِكَ فَلَمَّا حَلَفُوا قَالَ اَدُّوا دِيَةً مُغَلَّظَةً فِى اَسْنَانِ الْاِبِلِ اَوْ مِنَ الدَّنَانِيرِ وَالدَّرَاهِمِ دِيَةً وَّثُلُثًا فَقَالَ رَجُلٌ مِنْهُمْ يُقَالُ لَهٗ سِنَانٌ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اَمَا تُجْزِئُنِى يَمِينِى مِنْ مَالِى قَالَ لَا اِنَّمَا قَضَيْتُ عَلَيْكُمْ بِقَضَاءِ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَاَخَذُوا دِيَتَهٗ دَنَانِيرَ دِيَةً وَّثُلُثَ دِيَةٍ . عُمَرُ بْنُ صُبْحٍ مَتْرُوكُ الْحَدِيثِ .

۳۳۰۸-اخرجه البيهقي في السنن الكبرى (۱۲۵/۸) في اول كتاب القسامة، قال: (رفعه الى النبي صلى الله عليه وسلم منكر، هو مع انقطاعه، في رواته من اجمعوا على تركه)- اه-قال الزيلعي في نصب الراية (۳۹۵/٤)؛ وقال البيهقي في (المعرفة)؛ اجمع اهل الحديث على ترك الاحتجاج بعمر بن صبح، و قد خالفت روايته هذه رواية الثقات الاثبات، انتهى- واخرجه البيهقي في (المعرفة) عن الشافعي، ثنا سفيان عن منصور عن الشعبي ان عمر بن الخطاب كتب في قتيل وجد بين (خيوان) و (وادعة)؛ ان يقاس ما بين القريتين، فالى ايهما كان اقرب اخرجه اليه منهم خمسين رجلاً، حتى يوافوه مكة، فادخلهم الحجر، فاحلفهم، ثم قضى عليهم بالدية، فقالوا: ما دفعت اموالنا عن ايماننا، و لا ايماننا عن اموالنا! فقال عمر: كذلك الامر- قال البيهقي: قال الشافعي: وقال غير سفيان عن عاصم الاحول عن الشعبي، فقال عمر: حقنتم دمائكم بايمانكم، ولا يطل دم امرى مسلم- انتهى- و اخرجه البيهقي عن ابن عبد الحكم، قال سمعت الشافعي يقول: سافرت (خيوان) و (وادعة) اربعة عشر سفرة، و انا اسالهم عن حكم عمر بن الخطاب في القتيل، و انا احكي لهم ما روي عنه فيه، فقالوا: هذا شيء ما كان ببلدنا قط- قال الشافعي: و نحن نروي بالاسناد الثبت عن رسول الله صلى الله عليه وسلم انه بدا بالمدعين، فلما لم يحلفوا، قال: فتبرئكم يهود بخمسين يميناً، و اذ قال: تبرئكم، فلا تكون عليهم غرامة، فلما لم يقبل الانصار ايمانهم، وداه النبي صلى الله عليه وسلم، ولم يجعل على يهود- و القتيل بين اظهرهم- شيئًا- انتهى-

☆☆ سعید بن میتب بیان کرتے ہیں: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آخری مرتبہ حج کیا' جس کے بعد انہیں حج کرنے کا موقع نہیں ملا تو اس (حج کے دوران) بنوداعہ کے رہائشی علاقے میں ایک مسلمان شخص مقتول پایا گیا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف پیغام بھیجا' یہ حج ادا کر لینے کے بعد ہوا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُن سے دریافت کیا: کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ تمہارے درمیان میں سے کس نے اسے قتل کیا ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: نہیں! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُن میں سے پچاس بزرگ افراد کو لیا اور انہیں ''حطیم'' میں کھڑا کر دیا اور اُن سے یہ قسم لی: (کہ وہ یہ قسم اُٹھائیں:) اللہ تعالیٰ کے نام کی قسم! جو اس حرمت والے گھر کا پروردگار ہے' اس حرمت والے شہر کا پروردگار ہے' اس حرمت والے مہینے کا پروردگار ہے' تم لوگوں نے اسے قتل نہیں کیا اور تمہیں اس کے قاتل کے بارے میں بھی علم نہیں ہے' اُن لوگوں نے یہ قسم اُٹھائی' جب اُن لوگوں نے یہ قسم اُٹھائی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم یا تو اونٹوں کے حساب سے اس شخص کی دیتِ مغلظہ ادا کرو' یا درہم و دینار کے حساب سے ایک مکمل دیت اور ایک تہائی دیت (کی رقم) ادا کرو' تو اُن میں سے ایک شخص' جس کا نام سنان تھا' اُس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: جب ہم نے قسم اُٹھائی ہے' تو کیا یہ اُس ادائیگی کی جگہ کافی نہیں ہے؟ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں! میں نے تمہارے بارے میں' تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ کے مطابق' فیصلہ دیا ہے۔ تو اُن لوگوں نے دیناروں کے حساب سے ایک مکمل دیت اور ایک تہائی دیت (کی رقم) ادا کرنے کو اختیار کیا۔

اس روایت کا راوی عمر بن صبح متروک الحدیث ہے۔

3309- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَلَّامٍ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا زَائِدَةُ حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ عَنْ ثَابِتٍ يُكْنَى أَبَا الْمِقْدَامِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ عُمَرَ جَعَلَ دِيَةَ الْيَهُودِيِّ وَالنَّصْرَانِيِّ أَرْبَعَةَ الآفٍ وَالْمَجُوسِيِّ ثَمَانِمِائَةٍ.

☆☆ سعید بن میتب بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہودی اور عیسائی شخص کی دیت چار ہزار (درہم) اور مجوسی کی دیت آٹھ سو (درہم) مقرر کی ہے۔

3310- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ صَفْوَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ حَدَّثَنِي أَبُو مُحَمَّدٍ زَحْمَوَيْهِ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ ثَابِتٍ أَبِي الْمِقْدَامِ وَيَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ كَانَ عُمَرُ يَجْعَلُ دِيَةَ الْيَهُودِيِّ وَالنَّصْرَانِيِّ أَرْبَعَةَ الآفٍ وَدِيَةَ الْمَجُوسِيِّ ثَمَانِمِائَةٍ .

☆☆ سعید بن میتب بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہودی اور عیسائی شخص کی دیت چار' چار ہزار (درہم) اور مجوسی کی دیت آٹھ سو (درہم) مقرر کی ہے۔

3311- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّنْدَلِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ دَاوَرَ عَنْ خَالِدِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِرَجُلٍ قَدْ سَكِرَ مِنْ نَبِيذٍ

۳۳۰۹- تقدم- ۳۳۱۰- تقدم-

تَمْرٍ فَجَلَدَهُ.

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص کو لایا گیا جو کھجور کی نبیذ پینے کی وجہ سے مدہوش ہوگیا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے کوڑے لگوائے۔

3312- حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ أَبِي سَعْدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيَةَ الْعَامِرِيَّيْنِ دِيَةَ الْمُسْلِمِ .قَالَ أَبُو بَكْرٍ كَانَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا دِيَةَ مُسْلِمٍ كَانَ لَهُمَا عَهْدٌ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عامر قبیلہ کے دو افراد کی دیت' مسلمان کی دیت جتنی قرار دی۔

شیخ ابوبکر فرماتے ہیں: یعنی اُن میں سے ہر ایک کی دیت مسلمان جتنی تھی' جبکہ وہ دونوں افراد ''ذمی'' تھے۔

3313- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ دِينَارٍ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ كَامِلٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ دِيَةَ أَهْلِ الْكِتَابِ نِصْفَ دِيَةِ الْمُسْلِمِ .وَقَالَ ابْنُ وَهْبٍ دِيَةَ الْكَافِرِ مِثْلَ نِصْفِ دِيَةِ الْمُسْلِمِ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ کتاب کی دیت' مسلمان کی دیت کا نصف مقرر کی ہے۔

۳۳۱۱- نقله الزيلعي (۳۵۰/۳) عن المصنف' ثم قال: و عمران بن داور- بفتح الدال والواو- فيه مقال- و اخرجه في الاشربة عن ابي العوام القطان: حدثني عمرو بن دينار عن ابن عمرو' به- و اخرجه اسحاق بن راهويه في مسنده' اخبرنا و كيع' ثنا سفيان عن ابي اسحاق عن النجراني عن ابن عمر' قال: اتي النبي صلى الله عليه وسلم بسكران فضربه الحد' وقال له: ما شرابك؟ قال: تمر و زبيب' فقال: لا تخلطوهما جميعًا' يكفي احدهما من صاحبه)- اه- واخرجه البيهقي في السنن (۳۱۷/۸) من طريق شعبة عن ابي اسحاق' قال: سمعت رجلاً من اهل نجران عن ابن عمران النبي صلى الله عليه وسلم اتي برجل سكران' فقال: يا رسول الله' اني لم اشرب الخمر' انما شربت خليط بسر و تمر' فامر به فجلد' ثم نهى عنهما ان يخلطا-

۳۳۱۲- اخرجه الترمذي في الديات (۱۲/۴) بعد باب: ما جاء فيمن يقتل نفسًا معاهدة (۱۴۰۴) من طريق يحيى بن آدم عن ابي بكر بن عياش' به- و قال الترمذي: (هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه' و ابو سعد البقال اسمه: سعيد بن المرزبان)- اه- قال الزيلعي في نصب الراية (۳۶۶/۴): (وسعيد بن المرزبان' فيه لين- قال الترمذي في علله الكبير: قال البخاري: هو مقارب الحديث- وقال ابن عدي: هو من جملة الضعفاء الذين يكتب حديثهم)- اه-

۳۳۱۳- اخرجه الطيالسي (۲۲۶۸)' و احمد (۱۸۰/۲' ۱۸۳' ۲۰۵' ۲۲۴)' و ابو داود في الديات (۷۰۷/۴) باب: دية الذمي (۴۵۸۳)' و النسائي في القسامة (۴۵/۸) باب: كم دية الكافر؟ و الترمذي في الديات (۱۸/۴) باب: دية الكافر (۱۴۱۳)' و ابن ماجه في الديات (۸۸۳/۲) باب: دية الكافر (۲۶۴۴)' و ابن الجارود (۱۰۵۲)' و البيهقي في الكبرى (۱۰۱/۸) باب: دية اهل الذمة' من طرق عن عمرو بن شعيب' به- وقال الترمذي: (حديث حسن- و اختلف اهل العلم في دية اليهودي و النصراني: فذهب بعض اهل العلم في دية اليهودي و النصراني الى ما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم - و قال عمر بن عبد العزيز: دية اليهودي و النصراني دية المسلم' و بهذا يقول احمد بن حنبل- وروي عن عمر بن الخطاب انه قال: دية اليهودي و النصراني اربعة آلاف درهم' و دية المجوسي ثمانمائة درهم' و بهذا يقول مالك ابن انس و الشافعي و اسحاق- وقال بعض اهل العلم: دية اليهودي و النصراني مثل دية المسلم' و هو قول سفيان الثوري و اهل الكوفة)- اه-

ابن وہب نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: کافر کی دیت مسلمان کی دیت کے نصف جتنی مقرر کی ہے۔

3314- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى أَنَّ عَقْلَ أَهْلِ الْكِتَابَيْنِ نِصْفُ عَقْلِ الْمُسْلِمِينَ وَهُمُ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى .

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ دیا ہے: دونوں قسم کے اہلِ کتاب (یعنی یہودیوں اور عیسائیوں) کی دیت مسلمانوں کی دیت جتنی ہوگی۔ (راوی کہتے ہیں:) اس سے مراد یہودی اور عیسائی ہیں۔

3315- حَدَّثَنَا أَبُو حَفْصٍ عُمَرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْجَوْهَرِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَسْعُودٍ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ أَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ لَاحِقِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ أَنَّهُ قَالَ دِيَةُ الْخَطَإِ أَخْمَاسًا عِشْرُونَ جَذَعَةً وَعِشْرُونَ حِقَّةً وَعِشْرُونَ بَنَاتُ لَبُونٍ وَعِشْرُونَ بَنُو لَبُونٍ ذُكُورٌ وَعِشْرُونَ بَنَاتُ مَخَاضٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قتلِ خطاء کی دیت میں (اونٹوں کی) پانچ قسمیں ہوں گی، بیس "جذعہ" ہوں گے، بیس "حقہ" ہوں گے، بیس "بنات لبون" ہوں گی، بیس "بنولبون" ہوں گے اور بیس "بنات مخاض" ہوں گی۔

3316- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيدَ أَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ ح

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

وَأَخْبَرَنَا دَعْلَجُ بْنُ أَحْمَدَ حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ جَعْفَرٍ الشِّيرَازِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ قَالَ دِيَةُ الْخَطَإِ خَمْسَةُ أَخْمَاسٍ عِشْرُونَ حِقَّةً وَعِشْرُونَ جَذَعَةً وَعِشْرُونَ بَنَاتُ مَخَاضٍ وَعِشْرُونَ بَنَاتُ لَبُونٍ وَعِشْرُونَ بَنُو لَبُونٍ ذُكُورٌ . لَفْظُ دَعْلَجٍ وَهَذَا إِسْنَادٌ حَسَنٌ وَرُوَاتُهُ ثِقَاتٌ.

وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ نَحْوُ هَذَا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قتلِ خطاء کی دیت میں (اونٹوں کی) پانچ قسمیں ہوں گی، بیس "جذعہ" ہوں گے، بیس "حقہ" ہوں گے، بیس "بنات لبون" ہوں گی، بیس "بنات مخاض" ہوں گی اور بیس "بنولبون" نر ہوں گے۔

۳۳۱۴-راجع ما قبله-

۳۳۱۵-كذا ساقه الدارقطني هنا موقوفاً ويأتي عن ابن مسعود مرفوعاً-

۳۳۱٦-اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۹/۲۸۵) باب: شبه العمد (۱۷۲۲٤) عن الثوري عن ابن التيمي عن ابيه عن ابي مجلز' به- و اخرجه البيهقي (۸/۷۹) من طريق يزيد بن هارون عن سليمان التيمي' به-

اس کی سند حسن ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔

3317- حَدَّثَنَا بِهِ الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ نَحْوَهُ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3318- وَأَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا الْمُحَارِبِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ خِشْفِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الدِّيَةِ فِي الْخَطَإِ مِائَةً مِنَ الْإِبِلِ مِنْهَا عِشْرُونَ حِقَّةً وَعِشْرُونَ جَذَعَةً وَعِشْرُونَ بَنَاتِ لَبُونٍ وَعِشْرُونَ بَنَاتِ مَخَاضٍ وَعِشْرُونَ بَنِي مَخَاضٍ . هَذَا حَدِيثٌ ضَعِيفٌ غَيْرُ ثَابِتٍ عِنْدَ أَهْلِ الْمَعْرِفَةِ بِالْحَدِيثِ مِنْ وُجُوهٍ عِدَّةٍ أَحَدُهَا أَنَّهُ مُخَالِفٌ لِمَا رَوَاهُ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ بِالسَّنَدِ الصَّحِيحِ عَنْهُ الَّذِي لَا مَطْعَنَ فِيهِ وَلَا تَأْوِيلَ عَلَيْهِ وَأَبُو عُبَيْدَةَ أَعْلَمُ بِحَدِيثِ أَبِيهِ وَبِمَذْهَبِهِ وَفُتْيَاهُ مِنْ خِشْفِ بْنِ مَالِكٍ وَنُظَرَائِهِ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ أَتْقَى لِرَبِّهِ وَأَشَحُّ عَلَى دِينِهِ مِنْ أَنْ يَرْوِيَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَضَى بِقَضَاءٍ وَيُفْتِيَ هُوَ بِخِلَافِهِ . هَذَا لَا يُتَوَهَّمُ مِثْلُهُ عَلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ وَهُوَ الْقَائِلُ فِي مَسْأَلَةٍ وَرَدَتْ عَلَيْهِ لَمْ أَسْمَعْ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا شَيْئًا وَلَمْ يَبْلُغْنِي عَنْهُ فِيهَا قَوْلٌ أَقُولُ فِيهَا بِرَأْيِي فَإِنْ يَكُنْ صَوَابًا فَمِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَإِنْ يَكُنْ خَطَأً فَمِنِّي ثُمَّ يَبْلُغُهُ بَعْدَ ذَلِكَ أَنَّ فُتْيَاهُ فِيهَا وَافَقَ قَضَاءَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مِثْلِهَا فَرَآهُ أَصْحَابُهُ فَرِحَ عِنْدَ ذَلِكَ فَرَحًا لَمْ يَرَوْهُ فَرِحَ مِثْلَهُ مِنْ مُوَافَقَةِ فُتْيَاهُ قَضَاءَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنْ كَانَتْ هَذِهِ صِفَتُهُ وَهَذِهِ حَالُهُ كَيْفَ يَصِحُّ عَنْهُ أَنْ يَرْوِيَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا وَيُخَالِفَهُ .

وَيَشْهَدُ أَيْضًا لِرِوَايَةِ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ عَنْ أَبِيهِ مَا رَوَاهُ وَكِيعٌ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ وَغَيْرُهُمَا عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ أَنَّهُ قَالَ دِيَةُ الْخَطَإِ أَخْمَاسًا .

۳۳۱۷- اخرجه البيهقي في الكبرى (۸/۷٤) و المعرفة (۱۲/۱۰۳) باب: اسنان الابل في الخطا' من طريق اسرائيل عن ابي اسحاق' به- و كذلك من طريق الثوري عن ابي اسحاق' و من طريق ابي عبيدة عن ابن مسعود السابق قبل هذه الرواية ' وقال: (وعلل حديث ابن مسعود بانه منقطع: و ذلك لان ابا اسحاق راى علقمة' و لم يسمع منه شيئًا) و ساق ما يويد ذلك من قول ابي اسحاق' ثم قال: (واما ابو عبيدة: فانه لم يسمع من ابيه شيئًا) و ساق ما يويد ذلك من قول ابي عبيدة' ثم قال: (و اما ابراهيم عن عبد الله' فهو منقطع لا شك فيه)- اه- و اخرجه ابن ابي ' كما في نصب الراية (٤/۲۵۷-۲۵۸)- عن وكيع' به موقوفاً-

۳۳۱۸- اخرجه ابو داود في الحدود (٤/۱۸۳) باب: الدية كم هي؟ (٤٥٤٥) و النسائي في القسامة (۸/٤٤) باب: ذكر اسنان دية الخطا (٤۸۱٦) و الترمذي في الديات (٤/٥) باب: ما جاء في الدية كم هي من الابل؟ (۱۳۸٦) و ابن ماجه في الديات (۲/۸۷۹) باب: دية الخطا (۲٦۳۱) من طرق عن حجاج بن ارطاة' به- وقال الترمذي: (حديث ابن مسعود لا نعرفه مرفوعًا الا من هذا الوجه' و قد روي عن عبد الله موقوفاً)- اه- وقال البيهقي في المعرفة (۱۲/۱۰٤) باب: اسنان الابل في الخطا (۱٦۰٤۱): (وخشف بن مالك مجهول' و قد اختلف فيه على الحجاج بن ارطاة' و الحجاج غير محتج به- و الله اعلم)- اه- و انظر نصب الراية (٤/۲۵۸-۳٦۰)-

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قتلِ خطاء کی دیت میں ایک سو اونٹوں کی ادائیگی کا فیصلہ دیا تھا' جن میں سے بیس ''حقہ'' ہوں گے' بیس ''جذعہ'' ہوں گے' بیس ''بنات لبون'' ہوں گی' بیس ''بنات مخاض'' ہوں گی اور بیس ''بنو مخاض'' ہوں گے۔

یہ حدیث ضعیف ہے اور علمِ حدیث کے ماہرین کے نزدیک یہ کئی اعتبار سے ثابت نہیں ہے۔

اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ یہ روایت اُس روایت کی مخالف ہے' جسے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ابوعبیدہ نے صحیح سند کے ساتھ نقل کیا ہے' جس سند پر طعن نہیں کیا جا سکتا اور اُس روایت کی تاویل نہیں کی جا سکتی۔ ابوعبیدہ اپنے والد کی نقل کردہ حدیث اور اُن کے مذہب اور اُن کے فتویٰ کے بارے میں' خشف بن مالک اور اُس جیسے دیگر افراد سے زیادہ واقفیت رکھتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے پروردگار سے بہت ڈرنے والے تھے اور اپنے دین میں نہایت پختہ تھے' اُن کے بارے میں یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی روایت نقل کریں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ دیا ہے اور پھر اُس کے خلاف فتویٰ دیں' یہ بات حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جیسی شخصیت کے بارے میں گمان نہیں کی جا سکتی' حالانکہ جب اُن کے سامنے ایک مسئلہ آیا تو اُنہوں نے اُس کا جواب دیتے ہوئے یہ بات ارشاد فرمائی تھی: میں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی بات نہیں سنی ہے اور مجھے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کسی روایت کا بھی علم نہیں ہے' اس لیے میں اس مسئلہ میں اپنی رائے پیش کروں گا' اگر وہ ٹھیک ہوئی تو یہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف سے ہوگی' اور اگر اس میں کوئی غلطی ہوئی تو وہ میری طرف سے ہوگی' پھر اُس کے بعد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو اس بات کا پتہ چلا کہ اُس مسئلہ کے بارے میں اُن کا دیا ہوا فتویٰ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ کے مطابق ہے' تو اُن کے ساتھیوں نے دیکھا کہ وہ اس بات سے اتنے خوش ہوئے کہ اُن کا دیا ہوا فتویٰ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ کے مطابق ہے' کہ اُن کے ساتھیوں نے اُنہیں اتنا خوش کبھی نہیں دیکھا' تو جن کی یہ صفت ہو اور یہ حالت ہو' اُن کے بارے میں یہ بات کس طرح درست ہو سکتی ہے کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی روایت نقل کریں اور پھر اُس کے خلاف (فتویٰ دیں)۔

اس بات کی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے' جسے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ابوعبیدہ نے نقل کیا ہے' اور یہ روایت وکیع' عبداللہ بن وہب اور دیگر محدثین نے سفیان ثوری' منصور' ابراہیم نخعی کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کی ہے' وہ فرماتے ہیں: قتلِ خطاء کی دیت کی ادائیگی پانچ قسموں کے اونٹوں (کی شکل میں ہوگی)۔

3319- حَدَّثَنَا بِهِ الْحُسَيْنُ بْنُ الْمَحَامِلِيِّ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ دِيَةُ الْخَطَإِ أَخْمَاسًا ثُمَّ فَسَّرَهَا كَمَا فَسَّرَهَا أَبُوْ عُبَيْدَةَ وَعَلْقَمَةُ عَنْهُ سَوَاءً فَهٰذِهِ

الرِّوَايَةُ

وَاِنْ كَانَ فِيهَا اِرْسَالٌ فَاِبْرَاهِيْمُ النَّخَعِيُّ هُوَ مِنْ اَعْلَمِ النَّاسِ بِعَبْدِ اللّٰهِ وَبِرَاْيِهِ وَبِفُتْيَاهُ قَدْ اَخَذَ ذٰلِكَ عَنْ اَخْوَالِهِ عَلْقَمَةَ وَالاَسْوَدِ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنَیْ يَزِيْدَ وَغَيْرِهِمْ مِنْ كُبَرَاءِ اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ

وَهُوَ الْقَائِلُ اِذَا قُلْتُ لَكُمْ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ فَهُوَ عَنْ جَمَاعَةٍ مِّنْ اَصْحَابِهِ عَنْهُ وَاِذَا سَمِعْتُهُ مِنْ رَجُلٍ وَّاحِدٍ سَمَّيْتُهُ لَكُمْ

وَوَجْهٌ اٰخَرُ وَهُوَ اَنَّ الْخَبَرَ الْمَرْفُوْعَ الَّذِیْ فِيْهِ ذِكْرُ بَنِی الْمَخَاضِ لَا نَعْلَمُهُ رَوَاهُ اِلَّا خِشْفُ بْنُ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَهُوَ رَجُلٌ مَجْهُوْلٌ لَمْ يَرْوِ عَنْهُ اِلَّا زَيْدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ حَرْمَلٍ الْجُشَمِیُّ وَاَهْلُ الْعِلْمِ بِالْحَدِيْثِ لَا يَحْتَجُّوْنَ بِخَبَرٍ يَنْفَرِدُ بِرِوَايَتِهِ رَجُلٌ غَيْرُ مَعْرُوْفٍ وَّاِنَّمَا يَثْبُتُ الْعَمَلُ عِنْدَهُمْ بِالْخَبَرِ اِذَا كَانَ رَاوِيهِ عَدْلاً مَشْهُوْرًا اَوْ رَجُلٌ قَدِ ارْتَفَعَ عَنْهُ اسْمُ الْجَهَالَةِ وَارْتِفَاعُ اسْمِ الْجَهَالَةِ عَنْهُ اَنْ يَّرْوِیَ عَنْهُ رَجُلَانِ فَصَاعِدًا فَاِذَا كَانَتْ هٰذِهِ صِفَتَهُ ارْتَفَعَ عَنْهُ اسْمُ الْجَهَالَةِ وَصَارَ حِيْنَئِذٍ مَعْرُوْفًا فَاَمَّا مَنْ لَمْ يَرْوِ عَنْهُ اِلَّا رَجُلٌ وَّاحِدٌ انْفَرَدَ بِخَبَرٍ وَّجَبَ التَّوَقُّفُ عَنْ خَبَرِهِ ذٰلِكَ حَتّٰى يُوَافِقَهُ عَلَيْهِ غَيْرُهُ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ .

وَوَجْهٌ اٰخَرُ وَهُوَ اَنَّ خَبَرَ خِشْفِ بْنِ مَالِكٍ لَا نَعْلَمُ اَحَدًا رَوَاهُ عَنْ زَيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْهُ اِلَّا حَجَّاجَ بْنَ اَرْطَاةَ وَالْحَجَّاجُ فَرَجُلٌ مَشْهُوْرٌ بِالتَّدْلِيْسِ وَبِاَنَّهُ يُحَدِّثُ عَنْ مَّنْ لَمْ يَلْقَهُ وَلَمْ يَسْمَعْ مِنْهُ .

قَالَ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرُ قَالَ لِیْ حَجَّاجٌ لَا يَسْاَلُنِیْ اَحَدٌ عَنِ الْخَبَرِ - يَعْنِیْ اِذَا حَدَّثْتُكُمْ بِشَیْءٍ فَلَا تَسْاَلُوْنِیْ مَنْ اَخْبَرَكَ بِهِ - وَقَالَ يَحْيٰى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِیْ زَائِدَةَ كُنْتُ عِنْدَ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ يَوْمًا فَاَمَرَ بِغَلْقِ الْبَابِ ثُمَّ قَالَ لَمْ اَسْمَعْ مِنَ الزُّهْرِیِّ شَيْئًا وَلَمْ اَسْمَعْ مِنْ اِبْرَاهِيْمَ وَلَا مِنَ الشَّعْبِیِّ اِلَّا حَدِيْثًا وَاحِدًا وَلَا مِنْ فُلَانٍ وَلَا مِنْ فُلَانٍ حَتّٰى عَدَّ سَبْعَةَ عَشَرَ اَوْ بِضْعَةَ عَشَرَ كُلُّهُمْ قَدْ رَوٰى عَنْهُ الْحَجَّاجُ ثُمَّ زَعَمَ بَعْدَ رِوَايَتِهِ عَنْهُمْ اَنَّهُ لَمْ يَلْقَهُمْ وَلَمْ يَسْمَعْ مِنْهُمْ

وَتَرَكَ الرِّوَايَةَ عَنْهُ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ وَيَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ وَعِيْسٰى بْنُ يُوْنُسَ بَعْدَ اَنْ جَالَسُوْهُ وَخَبَرُوْهُ وَكَفَاكَ بِهِمْ عِلْمًا بِالرِّجَالِ وَنُبْلاً

قَالَ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ دَخَلْتُ عَلَى الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ وَسَمِعْتُ كَلَامَهُ فَذَكَرَ شَيْئًا اَنْكَرْتُهُ فَلَمْ اَحْمِلْ عَنْهُ شَيْئًا .وَقَالَ يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ رَاَيْتُ حَجَّاجَ بْنَ اَرْطَاةَ بِمَكَّةَ فَلَمْ اَحْمِلْ عَنْهُ شَيْئًا وَلَمْ اَحْمِلْ اَيْضًا عَنْ رَجُلٍ عَنْهُ كَانَ عِنْدَهُ مُضْطَرِبًا .

وَقَالَ يَحْيٰى بْنُ مَعِيْنٍ حَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ لَا يُحْتَجُّ بِحَدِيْثِهِ .

وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ سَمِعْتُ الْحَجَّاجَ يَقُوْلُ لَا يَنْبُلُ الرَّجُلُ حَتّٰى يَدَعَ الصَّلَاةَ فِی الْجَمَاعَةِ .وَقَالَ

۳۲۱۹-قال البيهقي في المعرفة (۱۲/۱۰۴) (۱۶۰۳۹): (واما ابراهيم عن عبد الله، فهو منقطع لا شك فيه)- اه- واخرجه عبد الرزاق في المصنف (۹/۲۸۴-۲۸۵) باب: شبه العمد (۱۷۲۳۳) عن الثوري به-

عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ سَمِعْتُ الْحَجَّاجَ يَقُوْلُ اَخْرُجُ اِلَى الصَّلَاةِ يُزَاحِمُنِى الْحَمَّالُوْنَ وَالْبَقَّالُوْنَ وَقَالَ جَرِيْرٌ سَمِعْتُ الْحَجَّاجَ يَقُوْلُ اَهْلَكَنِى حُبُّ الْمَالِ وَالشَّرَفِ .

وَوَجْهٌ اٰخَرُ وَهُوَ اَنَّ جَمَاعَةً مِنَ الثِّقَاتِ رَوَوْا هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ فَاخْتَلَفُوْا عَلَيْهِ فِيْهِ فَرَوَاهُ عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ حَجَّاجٍ عَلَى اللَّفْظِ الَّذِىْ ذَكَرْنَا عَنْهُ . وَوَافَقَهُ عَلٰى ذٰلِكَ عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ .

وَخَالَفَهُمَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْاُمَوِىُّ وَهُوَ مِنَ الثِّقَاتِ فَرَوَاهُ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ زَيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ خِشْفِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْخَطَاِ اَخْمَاسًا عِشْرُوْنَ جِذَاعًا وَعِشْرُوْنَ بَنَاتِ لَبُوْنٍ وَّعِشْرُوْنَ بَنِىْ لَبُوْنٍ وَّعِشْرُوْنَ بَنَاتِ مَخَاضٍ وَّعِشْرُوْنَ بَنِىْ مَخَاضٍ ذُكُوْرٍ فَجَعَلَ مَكَانَ الْحِقَاقِ بَنِىْ لَبُوْنٍ .

☆☆ ابراہیم نخعی نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے: وہ فرماتے ہیں: قتلِ خطاء کی دیت کی ادائیگی پانچ قسموں کے اونٹوں (کی شکل میں ہوگی)۔

پھر اس کے بعد ابراہیم نے اس کی وضاحت میں وہی الفاظ نقل کیے ہیں جیسے ابوعبیدہ اور علقمہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیے ہیں۔

اگر اس روایت میں ''ارسال'' کو تسلیم کرلیا جائے' تو بھی ابراہیم نخعی' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' اُن کی آراء اور اُن کے فتاویٰ کے بارے میں سب سے زیادہ علم رکھتے ہیں' کیونکہ اُنہوں نے اس چیز کا علم اپنے ماموں علقمہ' اسود اور عبدالرحمٰن سے حاصل کیا ہے اور ان کے علاوہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے اکابر شاگردوں سے حاصل کیا ہے۔

ابراہیم نخعی یہ فرماتے ہیں: جب میں آپ کے سامنے یہ کہوں: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے' تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ میں نے وہ بات حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے کئی شاگردوں سے سنی ہے۔ لیکن اگر میں نے کوئی بات کسی ایک شخص سے سنی ہو' تو میں اُس کا نام آپ کے سامنے بیان کردوں گا۔

اس مسئلہ کا دوسرا پہلو یہ ہے: وہ ''مرفوع'' روایت جس میں ''بنومخاض'' کا ذکر ہے' ہمارے علم کے مطابق اُسے صرف خشف بن مالک نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے اور یہ ایک مجہول شخص ہے' اس کے حوالے سے صرف زید بن جبیر جشمی نے احادیث روایت کی ہیں اور علمِ حدیث کے ماہرین ایسی روایت کو دلیل کے طور پر پیش نہیں کرتے جسے نقل کرنے میں کوئی ایک مجہول راوی منفرد ہو' ان حضرات کے نزدیک کسی بھی روایت پر عمل کرنا اُس وقت ثابت ہوگا جب اُسے روایت کرنے والا شخص عادل اور مشہور ہو' یا کوئی ایسا شخص ہو جسے مجہول قرار نہ دیا جاسکے اور پھر اُس کے حوالے سے دو یا دو سے زیادہ افراد اُس روایت کو نقل کریں' کیونکہ اس صورت میں اُس راوی کو مجہول قرار نہیں دیا جاسکے گا اور وہ معروف شمار ہوگا' لیکن اگر اُس شخص کے حوالے سے صرف ایک فرد نے روایت کو نقل کیا ہو اور وہ بھی اُس روایت کو نقل کرنے میں منفرد ہو' تو ایسی روایت کے

بارے میں توقف کیا جائے گا' یہاں تک کہ دوسری روایت اُس کے موافق (سامنے) آ جائے' باقی اللہ بہتر جانتا ہے!

اس کا ایک پہلو یہ ہے: حتف بن مالک کی روایت کو' ہمارے علم کے مطابق' زید بن جبیر کے حوالے سے صرف حجاج بن ارطاۃ نے نقل کیا ہے اور حجاج ایک ایسا شخص ہے' جو ''تدلیس'' کے حوالے سے مشہور ہے' اور وہ اُن حضرات کے حوالے سے بھی روایت نقل کر دیتا ہے جن سے اُس کی ملاقات نہ ہوئی ہو اور جن سے اُس نے احادیث کا سماع نہ کیا ہو۔

شیخ ابومعاویہ ضریر فرماتے ہیں: حجاج نے مجھ سے یہ کہا تھا: کوئی شخص مجھ سے روایت کے بارے میں سوال نہ کرے' یعنی میں جب تمہارے سامنے کوئی روایت بیان کروں تو مجھ سے یہ نہ پوچھو: آپ کو اس بارے میں کس نے بتایا ہے؟

یحییٰ بن زکریا بیان کرتے ہیں: ایک دن میں حجاج بن ارطاۃ کے پاس موجود تھا' اُس نے دروازہ بند کرنے کا حکم دیا' پھر بولا: میں نے زہری سے کوئی روایت نہیں سنی۔ ابراہیم نخعی اور شعبی سے صرف ایک' ایک روایت سنی ہے' میں نے فلاں سے بھی کوئی روایت نہیں سنی' فلاں سے بھی کوئی روایت نہیں سنی' اس طرح اُس نے سترہ کے لگ بھگ افراد کا نام لیا' یہ سب حضرات وہ تھے جن کے حوالے سے حجاج روایات نقل کرتا ہے اور پھر اُن کے حوالے سے روایات نقل کرنے کے بعد اُس نے یہ کہا کہ اُس نے ان حضرات سے ملاقات نہیں کی اور ان حضرات سے کوئی روایت نہیں سنی۔

سفیان بن عیینہ' یحییٰ بن سعید القطان اور عیسیٰ بن یونس نے اس کے ساتھ بیٹھ کر اس کے بارے میں جان کر اس کی روایات کو متروک قرار دیا۔ اور آپ کیلئے ان حضرات کا ''علم رجال'' میں ماہر ہونا کافی ہے۔

سفیان بن عیینہ فرماتے ہیں: ایک مرتبہ میں حجاج بن ارطاۃ کے پاس گیا' میں اُس کا کلام سن رہا تھا' اُس نے ایک ایسی بات کا ذکر کیا جو میرے نزدیک غلط تھی' تو میں نے اُس کے حوالے سے کوئی روایت نقل نہیں کی۔

یحییٰ بن سعید القطان فرماتے ہیں: میں نے مکہ میں حجاج بن ارطاۃ کو دیکھا' لیکن میں نے اُس سے کوئی حدیث نوٹ نہیں کی' میں نے کسی شخص کے حوالے سے بھی اُس سے کوئی حدیث نوٹ نہیں کی۔ اس کی وجہ یہ ہے: یحییٰ بن سعید کے نزدیک حجاج روایات میں ''اضطراب'' نقل کرتا ہے۔

یحییٰ بن معین فرماتے ہیں: حجاج بن ارطاۃ کی نقل کردہ روایت کو استدلال کے طور پر پیش نہیں کیا جا سکتا۔

عبداللہ بن ادریس فرماتے ہیں: میں نے حجاج کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے: آدمی اُس وقت تک سمجھدار نہیں ہوتا جب تک باجماعت نماز پڑھنا نہ چھوڑ دے۔

عیسیٰ بن یونس کہتے ہیں: میں نے حجاج کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے: میں نماز پڑھنے کے لیے نکلتا ہوں تو راستے میں مزدور اور سبزی فروش رکاوٹ ڈال دیتے ہیں۔

جریر بیان کرتے ہیں: میں نے حجاج کو یہ کہتے ہوئے سنا: مال اور مرتبہ کی محبت نے مجھے ہلاکت کا شکار کر دیا۔

اس مسئلہ کا ایک پہلو یہ ہے: کئی ثقہ راویوں نے اس حدیث کو حجاج بن ارطاۃ کے حوالے سے نقل کیا ہے اور اُس کے حوالے سے نقل کرنے میں اس روایت میں اختلاف کیا ہے۔ عبدالرحیم بن سلیمان نے حجاج کے حوالے سے اسے اُن الفاظ میں

نقل کیا ہے جو ہم اُن کے حوالے سے ذکر کر چکے ہیں اس بارے میں عبدالواحد بن زیاد نے اُن کی موافقت کی ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قتلِ خطاء کی دیت کے بارے میں یہ فیصلہ دیا تھا: اس میں پانچ طرح کے اونٹ ادا کیے جائیں گے بیس ''جذعہ'' ہوں گے بیس ''بنات لبون'' ہوں گی بیس ''بنولبون'' ہوں گے بیس ''بنات مخاض'' ہوں گی بیس نر ''بنومخاض'' ہوں گے۔

انہوں نے ''حقہ'' کی بجائے ''بنولبون'' ذکر کیا ہے۔

3320- حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَكِيلُ اَبِیْ صَخْرَةَ حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ خَالِدٍ التَّمَّارُ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيدٍ الْاُمَوِیُّ.

وَرَوَاهُ اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ زَيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ خِشْفِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ اَيْضًا قَضٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ دِيَةِ الْخَطَاِ اَخْمَاسًا خُمُسًا جِذَاعًا وَخُمُسًا حِقَاقًا وَخُمُسًا بَنَاتِ لَبُونٍ وَخُمُسًا بَنَاتِ مَخَاضٍ وَخُمُسًا بَنِیْ لَبُونٍ ذُكُورٍ .فَجَعَلَ مَكَانَ بَنِی الْمَخَاضِ بَنِی اللَّبُونِ .وَوَافَقَ رِوَايَةَ اَبِیْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قتلِ خطاء کی دیت کے بارے میں یہ فیصلہ دیا تھا: وہ پانچ قسم (کے اونٹوں) پر مشتمل ہوگی ایک قسم ''جذعہ'' ایک قسم ''حقہ'' ایک قسم ''بنات لبون'' ایک قسم ''بنات مخاض'' اور ایک قسم نر ''بنولبون'' ہوگی۔

انہوں نے ''بنومخاض'' کی جگہ ''بنولبون'' کا ذکر کیا ہے۔

یہ روایت ابوعبیدہ کی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے نقل کردہ روایت کے موافق ہے۔

3321- حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رُمَيْحٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْعَنَزِیُّ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ وَرَوَاهُ اَبُو مُعَاوِيَةَ الضَّرِيرُ وَحَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ وَعَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ اَبُو مَالِكٍ الْجَنْبِیُّ وَاَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ كُلُّهُمْ عَنْ حَجَّاجٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنْ زَيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ خِشْفِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ جَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيَةَ الْخَطَاِ اَخْمَاسًا لَمْ يَزِيدُوا عَلٰى هٰذَا وَلَمْ يَذْكُرُوا فِيهِ تَفْسِيرَ الْاَخْمَاسِ.

☆☆ اس روایت کو احمد بن محمد اور دیگر راویوں نے اپنی سند کے ہمراہ خشف بن مالک کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے اس بیان کو نقل کیا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قتلِ خطاء کی دیت میں پانچ اقسام (کے اونٹوں کی ادائیگی) کو مقرر کیا۔

ان حضرات نے اس کے علاوہ لفظ نقل نہیں کیا اور اُن پانچ اقسام کی وضاحت والا جملہ نقل نہیں کیا۔

۳۳۲۰- تقدم۔

۳۳۲۱- تقدم۔

3322- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ جَمِيْعًا عَنْ حَجَّاجٍ ح وَحَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ طَيْفُوْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ ح وَاَخْبَرَنَا الْهَرَوِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَجْدَةَ حَدَّثَنَا الْحِمَّانِيُّ حَدَّثَنَا حَفْصٌ وَّاَبُوْ مُعَاوِيَةَ مِثْلَهُ .وَرَوَاهُ يَحْيٰى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ حَجَّاجٍ فَاخْتُلِفَ عَنْهُ فَرَوَاهُ عَنْهُ سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ بِمُوَافَقَةِ عَبْدِ الرَّحِيْمِ وَعَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ زِيَادٍ .وَخَالَفَهُ اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ فَرَوَاهُ عَنْهُ بِمُوَافَقَةِ اَبِيْ مُعَاوِيَةَ الضَّرِيْرِ وَمَنْ تَابَعَهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ دِيَةَ الْخَطَإِ اَخْمَاسًا لَمْ يُفَسِّرْهُ فَقَدِ اخْتَلَفَتِ الرِّوَايَةُ عَنِ الْحَجَّاجِ كَمَا تَرٰى فَيُشْبِهُ اَنْ يَّكُوْنَ الصَّحِيْحُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ دِيَةَ الْخَطَإِ اَخْمَاسًا كَمَا رَوَاهُ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ وَحَفْصٌ وَّاَبُوْ مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ وَاَبُوْ خَالِدٍ وَّابْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ فِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ هِشَامٍ عَنْهُ لَيْسَ فِيْهِ تَفْسِيْرُ الْاَخْمَاسِ لِاتِّفَاقِهِمْ عَلٰى ذٰلِكَ وَكَثْرَةِ عَدَدِهِمْ وَكُلُّهُمْ ثِقَاتٌ وَّيُشْبِهُ اَنْ يَّكُوْنَ الْحَجَّاجُ رُبَّمَا كَانَ يُفَسِّرُ الْاَخْمَاسَ بِرَاْيِهِ بَعْدَ فَرَاغِهِ مِنْ حَدِيْثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَتَوَهَّمُ السَّامِعُ اَنَّ ذٰلِكَ فِيْ حَدِيْثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ ذٰلِكَ فِيْهِ وَاِنَّمَا هُوَ مِنْ كَلَامِ الْحَجَّاجِ وَيُقَوِّيْ هٰذَا اَيْضًا اخْتِلَافُ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ زِيَادٍ وَّعَبْدِ الرَّحِيْمِ وَيَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ الْاُمَوِيِّ عَنْهُ فِيْمَا ذَكَرْنَا مِنْ اَحَادِيْثِهِمْ اَنَّ يَحْيٰى بْنَ سَعِيْدٍ الْاُمَوِيَّ حَفِظَ عَنْهُ عِشْرِيْنَ بَنِيْ لَبُوْنٍ مَكَانَ الْحِقَاقِ وَاَنَّ عَبْدَ الْوَاحِدِ وَعَبْدَ الرَّحِيْمِ حَفِظَا عَنْهُ عِشْرِيْنَ حِقَّةً مَكَانَ بَنِيْ لَبُوْنٍ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ .وَوَجْهٌ اٰخَرُ وَهُوَ اَنَّهُ قَدْ رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَنْ جَمَاعَةٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ فِيْ دِيَةِ الْخَطَإِ اَقَاوِيْلُ مُخْتَلِفَةٌ لَا نَعْلَمُ رُوِيَ عَنْ اَحَدٍ مِّنْهُمْ فِيْ ذٰلِكَ ذِكْرُ بَنِيْ مَخَاضٍ اِلَّا فِيْ حَدِيْثِ خِشْفِ بْنِ مَالِكٍ هٰذَا .فَاَمَّا مَا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَوٰى اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُبَادَةَ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ دِيَةِ الْخَطَإِ ثَلَاثِيْنَ حِقَّةً وَّثَلَاثِيْنَ جَذَعَةً وَّعِشْرِيْنَ بَنَاتِ لَبُوْنٍ وَّعِشْرِيْنَ بَنِيْ لَبُوْنٍ ذُكُوْرٍ .وَهٰذَا حَدِيْثٌ مُرْسَلٌ .اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيٰى لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ .

وَرَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قُتِلَ خَطَاً فَدِيَتُهُ مِائَةٌ مِّنَ الْاِبِلِ ثَلَاثُوْنَ بَنَاتُ مَخَاضٍ وَّثَلَاثُوْنَ بَنَاتُ لَبُوْنٍ وَّثَلَاثُوْنَ حِقَّةً وَّعَشْرٌ بَنُوْ لَبُوْنٍ ذُكُوْرٌ .

☆☆ محمد بن قاسم بن زکریا نے 'ہشام بن یونس کے حوالے سے' ابومالک جنبی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے۔

محمد بن قاسم بن زکریا نے 'ابوسعید اشج کے حوالے سے' ابوخالد احمر کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے۔

۳۳۲۲- راجع الذی قبله۔

ان سب حضرات نے حجاج کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے۔

اسماعیل بن محمد صفار نے سعدان بن نصر کے حوالے سے ابومعاویہ کے حوالے سے حجاج سے اس روایت کو نقل کیا ہے۔

ابوبکر نیشاپوری نے محمد بن یزید بن طیفور کے حوالے سے ابومعاویہ کے حوالے سے اسے نقل کیا ہے۔

احمد بن نجدہ نے حمانی کے حوالے سے حفص اور ابومعاویہ کے حوالے سے اس کی مانند روایت نقل کی ہے۔

اس روایت کو یحییٰ بن زکریا بن ابوزائدہ نے حجاج کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

پھر اُن سے نقل کرنے کے حوالے سے اختلاف کیا گیا ہے۔

سریج بن یونس نے عبدالرحیم اور عبدالواحد بن زیاد کی موافقت کی ہے۔

ابوہشام رفاعی نے اس سے مختلف روایت نقل کی ہے اُنہوں نے اسے ابومعاویہ ضریر اور اُن کی متابعت کرنے والوں کی موافقت میں نقل کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قتلِ خطاء کی دیت (میں اونٹوں کی ادائیگی) پانچ حصوں میں مقرر کی ہے۔ ان حضرات نے اپنی روایت میں اس کی وضاحت نقل نہیں کی۔

تو حجاج کے حوالے سے نقل کرنے میں اس روایت میں اختلاف ہوا ہے جیسا کہ آپ نے ملاحظہ کیا ہے لہٰذا یہاں یہ امکان ہوسکتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مستند طور پر یہ بات ثابت ہو کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قتلِ خطاء کی دیت (میں اونٹوں کی ادائیگی) پانچ اقسام میں مقرر کی ہے جیسا کہ ابومعاویہ حفص ابومالک جنبی ابوخالد ابن ابی زائدہ نے ابوہشام کی اُن کے حوالے سے نقل کردہ روایت میں اُن پانچ اقسام کی وضاحت نقل نہیں کی ہے۔ ان سب حضرات پر اس پر اتفاق ہے ان کی تعداد بھی زیادہ ہے اور یہ سب ثقہ بھی ہیں۔

یہاں یہ امکان بھی ہوسکتا ہے: حجاج نامی راوی بعض اوقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان کرنے کے بعد اپنی رائے کے طور پر اُن پانچ اقسام کی وضاحت کرتے ہوں جس کے نتیجہ میں سننے والے کو یہ وہم ہوا کہ شاید یہ بھی حدیثِ نبوی کا حصہ ہے حالانکہ وہ الفاظ حدیث کا حصہ نہ ہوں بلکہ وہ حجاج کا کلام ہوں۔

اس احتمال کو اس بات سے تقویت حاصل ہوتی ہے: عبدالواحد بن زیاد عبدالرحیم اور یحییٰ بن سعید اموی نے ان کے حوالے سے روایت نقل کرنے میں اختلاف کیا ہے جیسا کہ ان حضرات کی روایات کو ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں کہ یحییٰ بن سعید اموی نے ان کے حوالے سے بیس ''حقہ'' کی جگہ بیس ''بنولبون'' کو ذکر کیا ہے۔ جبکہ عبدالواحد اور عبدالرحیم نے ''بنولبون'' کی جگہ بیس ''حقہ'' کے الفاظ نقل کیے ہیں باقی اللہ بہتر جانتا ہے!

اس کا ایک پہلو یہ بھی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مہاجرین وانصار سے تعلق رکھنے والی صحابہ کرام کی ایک جماعت کے بارے میں قتلِ خطاء کی دیت کے مسئلے میں مختلف اقوال نقل کیے گئے ہیں اور ہمارے علم کے مطابق ان میں سے کسی ایک کے حوالے سے بھی اُس میں ''بنومخاض'' کا تذکرہ نہیں ہے ان کا تذکرہ خشف بن مالک کی اس روایت میں ہے۔

جہاں تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول روایت کا تعلق ہے تو اسے اسحاق بن یحییٰ بن ولید بن عبادہ نے حضرت

عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے' قتل خطاء کی دیت میں تیس ''حقے'' ہوں گے' تیس ''جذعہ'' ہوں گے' بیس ''بنات لبون'' ہوں گی اور بیس نر ''بنولبون'' ہوں گے۔

یہ حدیث ''مرسل'' ہے' اسحاق بن یحییٰ نے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے احادیث کا سماع نہیں کیا ہے۔

عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جس شخص کو قتلِ خطاء کے طور پر قتل کیا جائے اُس کی دیت ایک سو اونٹ ہوگی' جن میں تیس ''بنات مخاض'' ہوں گی' تیس ''بنات لبون'' ہوں گی' تیس ''حقے'' ہوں گے اور دس نر ''بنولبون'' ہوں گے۔

3323- حَدَّثَنَا بِهِ الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ وَّهٰذَا اَيْضًا فِيْهِ مَقَالٌ مِنْ وَجْهَيْنِ اَحَدُهُمَا اَنَّ عَمْرَو بْنَ شُعَيْبٍ لَمْ يُخْبِرْ فِيْهِ بِسَمَاعِ اَبِيْهِ مِنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَالْوَجْهُ الثَّانِى اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ رَاشِدٍ ضَعِيْفٌ عِنْدَ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَرُوِىَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ عَلٰى مِثْلِ مَا رَوَى اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيٰى عَنْ عُبَادَةَ .

وَرُوِىَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَا فِىْ دِيَةِ الْخَطَاِ ثَلَاثُوْنَ حِقَّةً وَّثَلَاثُوْنَ بَنَاتُ لَبُوْنٍ وَّعِشْرُوْنَ بَنَاتُ مَخَاضٍ وَّعِشْرُوْنَ بَنُو لَبُوْنٍ ذُكُوْرٌ .

☆☆ اس حدیث میں بھی دو احتمال سے کلام کیا جا سکتا ہے' ایک پہلو یہ ہے: عمرو بن شعیب نے اس میں اس بات کا تذکرہ نہیں کیا کہ اُن کے والد نے اُن کے دادا حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے حدیث کا سماع کیا ہے (یا نہیں)؟

دوسرا پہلو یہ ہے: محمد بن راشد نامی راوی محدثین کے نزدیک ضعیف ہے۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں بھی اسی طرح کی روایت نقل کی گئی ہے' جو اسحاق بن یحییٰ نے حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کی ہے۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قتلِ خطاء کی دیت میں تیس ''حقے'' ہوں گے' تیس ''بنات لبون'' ہوں گی' بیس ''بنات مخاض'' ہوں گی اور بیس نر ''بنولبون'' ہوں گے۔

3324- حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَرْوَزِىُّ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَنَا النَّضْرُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَعَنْ عَبْدِ رَبِّهٖ عَنْ اَبِىْ عِيَاضٍ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ وَزَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَا ذٰلِكَ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ' حضرت عثمان اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول

۳۳۲۳- اخرجه ابو داود في الديات (۱۸۲/٤) باب: الدية كم هي؟ (٤٥٤١) و النسائي في القسامة (٨/٤٢-٤٣) باب: كم دية شبه العمد؟ و ابن ماجه في الديات (٨٧٨/٢) باب: دية الخطا (٢٦٣٠) من طريق محمد بن راشد' به- و قال الترمذي: (حسن غريب)- و قال البيهقي في المعرفة (١٠٥/١٢): (و محمد بن راشد غير محتج به)- اه-

۳۳۲٤- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (٢٨٥/٩) باب: شبه العمد (١٧٢٢٥) عن عثمان ابن مطر عن سعيد عن قتادة عن ابن المسيب ان عثمان و زيدا' قالا فذكره- و اخرجه البيهقي في الكبرى (٧٩/٨) من وجه آخر عن سعيد' به-

ہے۔

3325- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ بِذٰلِكَ.

وَرُوِيَ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّهُ قَالَ دِيَةُ الْخَطَاِ اَرْبَاعٌ خَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ جَذَعَةً وَّخَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ حِقَّةً وَّخَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ بَنَاتِ لَبُوْنٍ وَّخَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ بَنَاتِ مَخَاضٍ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ منقول ہے: وہ فرماتے ہیں: قتلِ خطاء کی دیت میں چار قسم کے اونٹ (ادا کیے جائیں گے)، پچیس "جذعہ" ہوں گے، پچیس "حقہ" ہوں گے، پچیس "بنات لبون" ہوں گی اور پچیس "بنات مخاض" ہوں گی۔

3326- حَدَّثَنَا بِهٖ دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ بِذٰلِكَ.

وَعَنِ الْحَجَّاجِ عَنِ الشَّعْبِيِّ وَاِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ مِثْلَهٗ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے۔

امام شعبی اور ابراہیم نخعی کے حوالے سے اسی کی مانند منقول ہے۔

3327- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ الدِّيَةُ فِي الْخَطَاِ اَرْبَاعًا خَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ حِقَّةً وَّخَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ جَذَعَةً وَّخَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ بِنْتَ لَبُوْنٍ وَّخَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ بِنْتَ مَخَاضٍ .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قتلِ خطاء کی دیت چار قسم کے (اونٹوں کی شکل میں) ادا کی جائے گی، پچیس "حقہ" ہوں گے، پچیس "جذعہ" ہوں گے، پچیس "بنات لبون" ہوں گی اور پچیس "بنات مخاض" ہوں گی۔

3328- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَتَلَ مُتَعَمِّدًا دُفِعَ اِلٰى وَلِيِّ الْمَقْتُوْلِ فَاِنْ شَاءُ وا قَتَلُوْا وَاِنْ شَاءُ وا اَخَذُوا الدِّيَةَ وَهِيَ ثَلَاثُوْنَ حِقَّةً وَّثَلَاثُوْنَ جَذَعَةً وَّاَرْبَعُوْنَ خَلِفَةً وَّمَا صَالَحُوا عَلَيْهِ فَهُوَ لَهُمْ وَذٰلِكَ تَشْدِيْدُ الْعَقْلِ .

۳۳۲۵-اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۹/ ۲۸٤) باب: شبه العمد (۱۷۲۲۰) من وجه آخر عن الشعبي' به- و كذلك اخرجه البيهقي في الكبرى (۷۹/۸) من طريق الشعبي' به-

۳۳۲٦-راجع الذي قبله-

۳۳۲۷-اخرجه الشافعي في الام (۱۷۷/۷)؛ و من طريقه البيهقي في المعرفة (۱۰۲/۱۲) باب: اسنان الابل في الخطا (۱٦۰۳٦)؛ و اخرجه البيهقي في الكبرى ايضاً (۸/ ۷٤) من طريق سفيان الثوري' به-

۳۳۲۸-تقدم-

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص قتل عمد کے طور پر کسی کو قتل کردے اُسے مقتول کے ولی کے سپرد کر دیا جائے گا' اگر وہ چاہیں تو اُسے قتل کر دیں' اور اگر چاہیں تو دیت وصول کرلیں' جو تیس ''حقہ'' تیس ''جذعہ'' چالیس ''خلفہ'' ہوں گے اور اس کے علاوہ وہ جس چیز کی ادائیگی پر مصالحت کریں گے وہ اُنہیں ملے گی' یہ اُن کی شدید دیت گی۔

3329- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ حُسَيْنٍ اَبِىْ مَالِكٍ النَّخَعِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِى السَّفَرِ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عُمَرَ قَالَ الْعَمْدُ وَالْعَبْدُ وَالصُّلْحُ وَالاِعْتِرَافُ لَا تَعْقِلُهُ الْعَاقِلَةُ .

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قتل عمد' غلام (کے قتل کرنے)' صلح اور اعتراف کی صورتوں میں' خاندان دیت ادا نہیں کرے گا۔

3330- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا سَلْمٌ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ لَا تَعْقِلُ الْعَاقِلَةُ عَبْدًا وَلَا عَمْدًا وَلَا صُلْحًا وَلَا اعْتِرَافًا .

☆☆ شعبی فرماتے ہیں: خاندان کسی غلام' قتل عمد (کے قاتل)' صلح (کے طور پر طے پائی جانے والی ادائیگی) اور (اپنے ذمہ کسی ادائیگی کے) اعتراف کو ادا کرنے کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

3331- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ نَبْهَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ عَنْ جُنَادَةَ بْنِ اَبِى اُمَيَّةَ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَجْعَلُوْا عَلَى الْعَاقِلَةِ مِنْ دِيَةِ الْمُعْتَرِفِ شَيْئًا .

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اعتراف کرنے والے شخص کی دیت کے کسی حصہ (کی ادائیگی) خاندان پر عائد نہ کرو۔

3332- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ الثَّوْرِيِّ عَنْ اَبِىْ قَيْسٍ عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَّالْبِئْرُ جُبَارٌ

۳۳۲۹-اخرجه البيهقي في الكبرى (۸/۱۰٤) عن الشعبي عن عمر- و قال البيهقي: (وهذا منقطع' و المحفوظ انه من قول الشعبي)- اه- ثم اخرجه عن الشعبي من قوله' و هو الآتي- و راجع: نصب الراية (٤/۲۸۰)-

۳۳۳۰-اخرجه البيهقي في الكبرى (۸/۱۰٤) و ابو عبيد القاسم بن سلام في آخر كتابه: (غريب الحديث)- كما في نصب الراية (٤/۳۷۹)- من قول الشعبي-

۳۳۳۱-اخرجه الطبراني في (مسند الشاميين)؛ كما في نصب الراية (٤/۲۸۰) عن ابن وهب' به- و قال الزيلعي: (والحارث بن نبهان: قال ابن القطان: متروك الحديث ' قال عبد الحق في احكامه: و محمد بن سعيد هذا اظنه المصلوب- قال ابن القطان: و اصاب في شكه)- اه-

۳۳۳۲-تقدم-

وَالسَّائِمَةُ جُبَارٌ وَّفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ وَالرِّجْلُ جُبَارٌ. يَعْنِي رِجْلَ الدَّابَّةِ يَقُولُ هَدَرٌ.

☆☆ حضرت ہزیل بن شرحبیل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: معدنیات (کی کان) میں گر کر مرنے والے کا خون رائیگاں جائے گا' کنوئیں میں گر کر مرنے والے کا خون رائیگاں جائے گا' جانور کے مارنے سے مرنے والے کا خون رائیگاں جائے گا' ''رکاز'' میں خمس کی ادائیگی لازم ہوگی اور جانور کے پاؤں مارنے سے مرنے والے کا خون رائیگاں جائے گا۔

حدیث میں استعمال ہونے والے لفظ پاؤں سے مراد جانور کا پاؤں مارنا ہے۔ وہ فرماتے ہیں: یہ خون رائیگاں جائے گا۔

3333- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَحْمَدَ الزَّيَّاتُ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3382 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ الْحَرْبِيُّ أَبُو جَعْفَرٍ - هُوَ أَبُو نَشِيطٍ - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3383 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمُقْرِءُ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الطَّبَرِيُّ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ وَأَبُو مُطِيعٍ عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ لَا يُقْطَعُ السَّارِقُ فِي أَقَلَّ مِنْ عَشَرَةِ الدَّرَاهِمِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دس درہم سے کم قیمت والی چیز پر ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

شرح:

علماء کے درمیان اس مسئلے کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ کیا چوری کی حد جاری کرنے کے لیے چوری شدہ مال کا نصاب ہونا شرط ہے یا نہیں ہے؟ اکثر علماء اس بات کے قائل ہیں کہ یہ شرط ہے اس لیے نصاب سے کم قیمت کی چیز کی چوری پر ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

حسن بصری سے یہ بات منقول ہے کہ ان کے نزدیک نصاب کا ہونا شرط نہیں ہے بلکہ تھوڑی یا زیادہ (یعنی کم قیمت والی یا

۳۳۸۰- راجع الذي قبله-

۳۳۸۱- تقدم-

۳۳۸۲- انظر السابق-

۳۳۸۳- اخرجه الطبراني في الاوسط (۷۱٤۲) من طريق ابي مطيع البلخي عن ابي حنيفة، به- و قال: (لم يرو هذا الحديث عن ابي حنيفة الا ابو مطيع: الحكم بن عبد الله)- اه -قلت: بل تابعه محمد بن الحسن؛ كما في رواية الدارقطني هنا- و الحديث ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (٦/۲۷٤) وقال: (اسناده ضعيف)- اه- و ابو حنيفة ضعف بعضهم روايته مع امامته في الفقه- و راجع نصب الراية (۳/۳٦۰)-

زیادہ قیمت والی) چیز کی چوری پر ہاتھ کاٹا جائے گا۔خوارج بھی اسی بات کے قائل ہیں۔ان حضرات کی دلیل اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کا ظاہری مفہوم ہے۔

''چوری کرنے والے مرد اور چوری کرنے والی عورت کے ہاتھ کاٹ دو''

یہ حضرات یہ کہتے ہیں کہ اس میں نصاب کی شرط عائد نہیں ہوئی ہے جن حضرات کے نزدیک چوری کی حد جاری کرنے کے لیے چوری شدہ مال کا نصاب ہونا یا اس سے زیادہ ہونا شرط ہے ان کے درمیان نصاب کی مقدار کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔بعض حضرات کے نزدیک یہ مقدار ایک چوتھائی دینار ہے۔بعض حضرات کے نزدیک ایک چوتھائی دینار یا تین درہم ہے۔بعض کے نزدیک یہ مقدار دس درہم ہے جب کہ بعض حضرات نے اس کی مقدار مختلف بیان کی ہے۔

بہر حال جمہور اس بات کے قائل ہیں کہ ہاتھ صرف اس صورت میں کاٹا جاسکتا ہے جب اس نے کوئی ایسی شے چوری کی ہو جو حد نصاب جتنی قیمتی ہو جبکہ اہل ظاہر خوارج اور متکلمین کا ایک گروہ اس بات کا قائل ہے کہ چوری شدہ چیز کی قیمت کم ہو یا زیادہ ہو اسے چوری کرنے پر چور کا ہاتھ کاٹ دیا جائے

3384- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيسَ عَنِ الْمَسْعُودِيِّ عَنِ الْقَاسِمِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ مِثْلَهُ .اَرْسَلَهُ الْمَسْعُودِيُّ .وَقَالَ الشَّعْبِيُّ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطَعَ فِي خَمْسَةِ دَرَاهِمَ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

ایک سند کے حوالے سے یہ منقول ہے: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانچ درہم (قیمت والی چیز کی) چوری پر ہاتھ کٹوا دیا تھا۔

3385- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَخْتَرِيِّ حَدَّثَنَا سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَيْمَنَ مَوْلَى ابْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ سُبَيْعٍ اَوْ تُبَيْعٍ عَنْ كَعْبٍ قَالَ مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ وَصَلَّى الْعِشَاءَ الْاٰخِرَةَ وَصَلَّى بَعْدَهَا اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ فَاَتَمَّ رُكُوعَهُنَّ وَسُجُودَهُنَّ وَيَعْلَمُ مَا يَقْتَرِءُ فِيهِنَّ كُنَّ لَهُ بِمَنْزِلَةِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ .اَسْنَدَهُ عَطَاءٌ عَنْ اَيْمَنَ مَوْلَى ابْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ سُبَيْعٍ اَوْ تُبَيْعٍ .وَاَيْمَنُ هٰذَا هُوَ الَّذِي رَوَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ ثَمَنَ الْمِجَنِّ دِينَارٌ .وَهُوَ مِنَ التَّابِعِينَ وَلَمْ يُدْرِكْ زَمَانَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا الْخُلَفَاءِ بَعْدَهُ.

☆☆ حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جو شخص اچھی طرح وضو کرنے کے بعد عشاء کی نماز ادا کرے اور اس کے بعد چار رکعت (نوافل) ادا کرے جن میں رکوع اور سجدے مکمل ادا کرے اور وہ یہ جانتا ہو کہ وہ ان میں کیا پڑھ رہا ہے تو

۳۳۸۴-اخرجه ابو داود في المراسيل: كما في التحفة (۶۳/۷) و النسائي في القطع (۸۲/۸) من طريق عبد الرحمن بن مهدي عن سفيان عن عيسى عن الشعبي عن عبد الله مرفوعاً-

۳۳۸۵-حديث ايمن في القتل سبق قريباً-

اُس شخص کو شبِ قدر میں یہ رکعات ادا کرنے کا ثواب ملے گا۔

اس روایت کو عطاء نے ایمن کے حوالے سے تبیع یا تبیع کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

ایمن نامی راوی وہی ہیں جنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے: (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں) ڈھال کی قیمت ایک دینار تھی۔ یہ تابعین کے طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد آنے والے خلفاء (راشدین) کا زمانہ نہیں پایا۔

3386- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الْوَاحِدِ بْنَ أَيْمَنَ يَذْكُرُ عَنْ أَبِيهِ قَالَ وَكَانَ عَطَاءٌ وَمُجَاهِدٌ قَدْ رَوَيَا عَنْ أَبِيهِ.

★★ عبدالواحد بن ایمن نے اپنے والد کے حوالے سے اسے ذکر کیا ہے۔

عطاء اور مجاہد دونوں نے اُن کے والد کے حوالے سے احادیث روایت کی ہیں۔

كَتَبَ إِلَيْنَا أَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ يُوسُفَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَعْلَبَكِّيُّ حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ الْوَاسِطِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ تُوجَدُ فِي الْأَرْضِ الْمَسْكُونَةِ وَالسَّبِيلِ الْمِيتَاءِ فَقَالَ عَرِّفْهَا سَنَةً فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا وَإِلَّا فَهِيَ لَكَ. وَسُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ تُوجَدُ فِي أَرْضِ الْعَدُوِّ فَقَالَ فِيهَا وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ.

قَالَ وَسُئِلَ عَنْ ضَالَّةِ الْغَنَمِ فَقَالَ خُذْهَا فَإِنَّمَا هِيَ لَكَ أَوْ لِأَخِيكَ أَوْ لِلذِّئْبِ. قَالَ وَسُئِلَ عَنْ ضَالَّةِ الْإِبِلِ فَقَالَ دَعْهَا فَإِنَّ مَعَهَا حِذَاءَهَا وَسِقَاءَهَا تَرِدُ الْمَاءَ وَتَأْكُلُ مِنَ الشَّجَرِ.

قَالَ وَسُئِلَ عَنْ حَرِيسَةِ الْجَبَلِ قَالَ يُضْرَبُ ضَرَبَاتٍ وَيُضَعَّفُ عَلَيْهِ الْغُرْمُ. وَقَالَ إِذَا كَانَ مِنَ الْمُرَاحِ فَبَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ- وَهُوَ الدِّينَارُ- فَفِيهِ الْقَطْعُ وَإِنْ كَانَ دُونَ ذَلِكَ ضُرِبَ ضَرَبَاتٍ وَأُضْعِفَ عَلَيْهِ الْغُرْمُ. وَسُئِلَ عَنِ الثَّمَرِ فِي أَكْمَامِهَا قَالَ يُضْرَبُ ضَرَبَاتٍ وَيُضَعَّفُ عَلَيْهِ الْغُرْمُ. قَالَ وَإِنْ كَانَ مِنَ الْجَرِينِ فَبَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ- وَهُوَ دِينَارٌ- فَفِيهِ الْقَطْعُ وَإِذَا كَانَ دُونَ ذَلِكَ ضُرِبَ ضَرَبَاتٍ وَضُعِّفَ عَلَيْهِ الْغُرْمُ.

★★ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی چیز کے بارے میں دریافت کیا گیا جو کسی رہائشی جگہ یا عام گزرگاہ سے ملتی ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ایک سال تک اُس کا اعلان کرتے رہو اگر اُس کا مالک آ جائے تو ٹھیک ہے ورنہ وہ تمہاری ہوگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اُس چیز کے بارے میں دریافت کیا گیا جو دشمن کی سرزمین سے ملتی ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اُس میں اور "رکاز" میں سے پانچویں حصے کی (بیت المال کو) ادائیگی لازم ہے۔

★★ (راوی بیان کرتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے گمشدہ بکری کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ صلی

۳۳۸۶- یاتی تخریجہ ان شاء اللہ تعالی۔

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اُسے پکڑ لو کیونکہ وہ یا تمہیں ملیں گی یا تمہارے کسی بھائی کو مل جائے گی یا پھر بھیڑیے کو ملے گی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے گمشدہ اونٹ کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اُسے چھوڑ دو! اُس کے پاؤں اور اس کا پیٹ اُس کے ساتھ ہیں وہ خود ہی پانی تک پہنچ جائے گا اور درخت (کے پتے) کھالے گا۔

(راوی کہتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہاڑ سے چوری کرنے والے کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ نے فرمایا: اس کی اچھی طرح پٹائی کی جائے اور اس سے دُگنا تاوان لیا جائے۔ اگر مویشیوں کی حفاظت کی جگہ سے جانور چرایا گیا ہو اور اس کی قیمت ڈھال کی قیمت جتنی یعنی ایک دینار ہو تو اس میں ہاتھ کاٹا جائے گا۔ آپ سے شگوفے میں سے پھل چوری کر لینے کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ نے فرمایا: اس (چور) کی پٹائی کی جائے گی اور اس سے دُگنا تاوان وصول کیا جائے گا' آپ نے فرمایا: اگر کھجوریں خشک کرنے کی جگہ سے چوری کی جائے' (اور چوری شدہ سامان) کی قیمت ڈھال جتنی ہو تو اس میں ہاتھ کاٹا جائے گا اور اگر اس سے کم ہو تو (چور کی) پٹائی کی جائے گی اور اس سے دُگنا تاوان وصول کیا جائے گا۔

3387 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدِ الْمُقْرِءُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِشْكَابَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَتَّابٍ الدَّلَّالُ حَدَّثَنَا مُخْتَارُ بْنُ نَافِعٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَيَّانَ التَّيْمِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطَعَ فِيْ بَيْضَةٍ مِّنْ حَدِيْدٍ قِيْمَتُهَا اَحَدٌ وَّعِشْرُوْنَ دِرْهَمًا.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوہے کے ایک خود (کی چوری) پر ہاتھ کٹوا دیا تھا' جس کی قیمت اکیس درہم تھی۔

3388 - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ اَبِيْ عِمْرَانَ الرَّمْلِيُّ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَطَبَّبَ وَلَمْ يُعْلَمْ مِنْهُ الطِّبُّ قَبْلَ ذٰلِكَ فَهُوَ ضَامِنٌ .

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص کسی کا علاج کرے اور وہ معالج نہ ہو (اور اُس کے علاج کی وجہ سے مریض کو نقصان ہو) تو وہ شخص تاوان ادا کرے گا۔

3389 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَطَرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ

۳۳۸۷- في اسناده مختار بن نافع التيمي' قال الحافظ في التقريب (ت ٦٥٦٩): ضعيف-قال البخاري: منكر الحديث- و انظر ميزان الاعتدال (٣٨٦/٦)- و الحديث اخرجه عبد الرزاق في المصنف (٢٣٧/١٠) رقم (١٨٩٧٥) عن ابن جريج قال: اخبرني جعفر بن محمد عن ابيه: ان عليا قطع في بيضة من حديد- و اخرجه البيهقي (٢٦٠/٨) من طريق سليمان بن بلال عن جعفر بن محمد عن ابيه ان عليا- رضي الله عنه- قطع يد سارق في بيضة من حديد ثمن ربع دينار-

۳۳۸۸- اخرجه ابو داود في الديات (٧١٠/٤) باب: فيمن تطبب بغير علم (٤٥٨٦) و النسائي في القسامة (٥٢/٨-٥٣) باب: صفة سبه العمد' و ابن ماجه في الطب (١١٤٨/٢) باب: من تطبب' و لم يعلم منه طب (٣٤٦٦) و ابن عدي في الكامل (١١٥/٥) و الحاكم في المستدرك (٢١٢/٤) و البيهقي في القسامة (١٤١/٨) من طريق الوليد بن مسلم' به- و قال ابو داود: (لم يروه الا الوليد' لا ندري صحيح ام لا ؟)- و صححه الحاكم-

الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَطَبَّبَ وَلَمْ يَكُنْ بِالطِّبِّ مَعْرُوْفًا فَاَصَابَ نَفْسًا فَمَا دُوْنَهَا فَهُوَ ضَامِنٌ ۔ لَمْ يُسْنِدْهُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ غَيْرُ الْوَلِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ ۔وَغَيْرُهٗ يَرْوِيْهِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ مُرْسَلاً عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

★★ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص کسی کا علاج کرے اور وہ معالج نہ ہو (اور اُس کے علاج کی وجہ سے مریض کو) جانی یا اس سے کم نقصان ہو تو وہ شخص تاوان ادا کرے گا۔

یہی روایت ایک اور سند کے حوالے سے ''مرسل'' روایت کے طور پر منقول ہے۔

3390- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ الْقَطِيْعِيُّ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ وَّحَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ اَشْعَثَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ لَقِيْتُ خَالِيْ فَقُلْتُ اَيْنَ تُرِيْدُ فَقَالَ بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةَ اَبِيْهِ فَاَمَرَنِيْ اَنْ اَضْرِبَ عُنُقَهٗ ۔ زَادَ حَفْصٌ وَّآتِيَهٗ بِرَاْسِهٖ.

★★ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میری اپنے ماموں سے ملاقات ہوئی' میں نے دریافت کیا: آپ کہاں جا رہے ہیں؟ اُنہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک ایسے شخص کی طرف بھیجا ہے جس نے اپنے باپ کی بیوی کے ساتھ شادی کر لی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ ہدایت کی ہے کہ میں اُس کی گردن اُڑا دوں۔

حفص نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: میں اُس کا سر لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آؤں۔

3391- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عُمَرَ عَنْ مُّطَرِّفٍ عَنْ اَبِي الْجَهْمِ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةَ اَبِيْهِ اَنْ يُّضْرَبَ عُنُقُهٗ.

★★ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (ایک شخص کو) ایک ایسے فرد کی طرف بھیجا' جس نے اپنے باپ کی بیوی کے ساتھ شادی کر لی تھی' تاکہ اُس شخص کی گردن اُڑا دی جائے۔

3392- حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي الرَّبِيْعِ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ

۳۳۸۹-راجع الذي قبله-

۳۳۹۰-اخرجه الترمذي (۲/۶۲۴) كتاب: الاحكام' باب: فيمن تزوج امراة ابيه' الحديث (۱۳۶۲)' و ابن ماجه (۲/۸۶۹) كتاب: الحدود' باب من تزوج امراة ابيه من بعده الحديث (۲۶۰۷)' و البيهقي (۸/۲۳۷) من طريق اشعث بن سوار عن عدي بن ثابت عن البراء' قال: مر خالي ابوبردة بن نيار و معه لواء...... الحديث-الا ان البيهقي خالف في سنده و متنه' فقال: (عن اشعث بن سوار عن عدي بن ثابت عن يزيد بن البراء عن البراء عن خاله: ان رجلاً تزوج امراة ابيه او ابنه- كذا قال ابو خالد-فارسل اليه النبي صلى الله عليه وسلم ' فقتله)- اه-و اشعث بن سوار ضعيف: كما في التقريب- قال الترمذي: (حديث غريب ' و قد روى محمد ابن اسحاق هذا الحديث عن عدي بن ثابت عن عبد الله بن يزيد عن البراء- وقد روي هذا الحديث عن اشعث عن عدي عن يزيد بن البراء عن ابيه' وروي عن اشعث عن عدي عن يزيد ابن البراء عن خالد عن النبي صلى الله عليه وسلم)- اه-

۳۳۹۱-اخرجه احمد (۴/۲۹۵' ۲۹۷)' و ابو داود (۴/۱۵۷) كتاب : الحدود ' باب: في الرجل يزني بحريمه' الحديث (۴۴۵۶)' و الطحاوي (۳/۱۴۹) من طرق عن مطرف عن ابي الجهم عن البراء' به- و راجع الذي قبله-

۳۳۹۲-تقدم-

جُرَيْجٍ اَخْبَرَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الصَّامِتِ ابْنَ عَمِّ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ جَاءَ الْاَسْلَمِيُّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَهِدَ عَلٰى نَفْسِهِ اَنَّهُ اَصَابَ امْرَاَةً حَرَامًا اَرْبَعَ مَرَّاتٍ كُلَّ ذٰلِكَ يُعْرِضُ عَنْهُ فَاَقْبَلَ فِي الْخَامِسَةِ فَقَالَ كَلِمَةً اَنِكْتَهَا ـ قَالَ نَعَمْ قَالَ حَتّٰى غَابَ فِيْ ذٰلِكَ مِنْهَا كَمَا يَغِيْبُ الْمِرْوَدُ فِي الْمُكْحُلَةِ وَالرِّشَاءُ فِي الْبِئْرِ ـ قَالَ نَعَمْ ـ قَالَ هَلْ تَدْرِي مَا الزِّنَا قَالَ نَعَمْ اَتَيْتُ مِنْهَا حَرَامًا مَا يَاْتِي الرَّجُلُ مِنِ امْرَاَتِهِ حَلَالًا ـ قَالَ فَمَا تُرِيْدُ بِهٰذَا الْقَوْلِ ـ قَالَ اُرِيْدُ اَنْ تُطَهِّرَنِيْ فَاَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَ فَسَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَيْنِ مِنْ اَصْحَابِهِ يَقُوْلُ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ انْظُرْ اِلٰى هٰذَا الَّذِيْ سَتَرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَلَمْ تَدَعْهُ نَفْسُهُ حَتّٰى رُجِمَ رَجْمَ الْكَلْبِ فَسَكَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ سَارَ سَاعَةً حَتّٰى مَرَّ بِجِيْفَةِ حِمَارٍ شَائِلٍ بِرِجْلِهِ فَقَالَ اَيْنَ فُلَانٌ وَّفُلَانٌ ـ قَالَا نَحْنُ ذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ـ فَقَالَ انْزِلَا فَكُلَا مِنْ جِيْفَةِ هٰذَا الْحِمَارِ سَهْمًا ـ فَقَالَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَنْ يَّاْكُلُ مِنْ هٰذَا قَالَ فَمَا نِلْتُمَا مِنْ عِرْضِ اَخِيْكُمَا اٰنِفًا اَشَدُّ مِنْ اَكْلِ الْمَيْتَةِ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ اِنَّهُ الْاٰنَ لَفِيْ اَنْهَارِ الْجَنَّةِ يَنْغَمِسُ فِيْهَا ـ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ''اسلم'' قبیلے سے تعلق رکھنے والا شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' اُس نے چار مرتبہ اپنے بارے میں یہ گواہی دی کہ اُس نے ایک عورت کے ساتھ ناجائز طور پر تعلق قائم کیا ہے' ہر مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اُس سے منہ پھیر لیا' جب وہ پانچویں مرتبہ آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے اُس کے ساتھ صحبت کی ہے؟ اُس نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: (اس طرح سے کہ) تمہاری شرمگاہ اُس کی شرمگاہ میں یوں داخل ہوگئی' جیسے سلائی سرمہ دانی کے اندر چلی جاتی ہے' یا ڈول کنوئیں کے اندر چلا جاتا ہے' اُس نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم جانتے ہو زنا کسے کہتے ہیں؟ اُس نے جواب دیا: جی ہاں! میں نے اُس عورت کے ساتھ حرام طریقے سے وہ عمل کیا ہے' جو کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ حلال طور پر کرتا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم اس بات کے ذریعہ کیا چاہتے ہو؟ اُس نے جواب دیا: میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے پاک کر دیں! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُسے سنگسار کر دیا گیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب میں سے دو آدمیوں کو گفتگو کرتے ہوئے سنا' اُن میں سے ایک نے دوسرے سے یہ کہا: بھلا اس شخص کو دیکھو! اللہ تعالیٰ نے اس کا پردہ رکھا لیکن اس نے خود اُسے نہیں رہنے دیا اور اسے کتے کی طرح سنگسار کر دیا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے' کچھ دیر کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایک مردار گدھے کے پاس سے ہوا جس کی ایک ٹانگ اوپر کی طرف اُٹھی ہوئی تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: فلاں اور فلاں کہاں ہیں؟ اُن دونوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم یہاں ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دونوں یہاں اُترو! تم دونوں نے اس مردار گدھے میں سے اپنے حصے (کا گوشت) لینا ہے۔ اُن دونوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت کرے! اس کا گوشت کون کھائے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے ابھی تھوڑی دیر پہلے اپنے بھائی کی عزت پر جو حملہ کیا ہے

وہ مردار کھانے سے زیادہ شدید ہے' اُس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے' وہ شخص اس وقت جنت کی نہروں میں ڈبکیاں لگا رہا ہے۔

3393- حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُولٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُوَيْسٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُوَيْسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ عَنْ عَمِّهِ- وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا- أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا زَنَتِ الْأَمَةُ فَاجْلِدُوهَا ثُمَّ إِذَا زَنَتْ فَاجْلِدُوهَا ثُمَّ إِذَا زَنَتْ فَاجْلِدُوهَا ثُمَّ بِيعُوهَا وَلَوْ بِضَفِيرٍ .

☆☆ عباد بن تمیم اپنے چچا' جو غزوۂ بدر میں شریک ہوئے ہیں' کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی کنیز زنا کا ارتکاب کرے' تو اُسے کوڑے مارو' اگر وہ دوبارہ زنا کا ارتکاب کرے' تو اُسے کوڑے مارو' اگر وہ پھر اس کا ارتکاب کرے' تو اُسے کوڑے مارو اور پھر اُسے فروخت کر دو خواہ ایک رسّی (کے عوض میں فروخت کرو)۔

3394- حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ وَأَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ الْجُنَيْدِ قَالَا حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ نُضَيْلَةَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ ضَرَبَتِ امْرَأَةٌ ضَرَّتَهَا بِعَمُودِ الْفُسْطَاطِ وَهِيَ حُبْلَى فَقَتَلَتْهَا- قَالَ وَإِحْدَاهُمَا اللِّحْيَانِيَّةُ- قَالَ فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيَةَ الْمَقْتُولَةِ عَلَى عَصَبَةِ الْقَاتِلَةِ وَغُرَّةً لِمَا فِي بَطْنِهَا قَالَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ عَصَبَةِ الْقَاتِلَةِ أَنَغْرَمُ دِيَةَ مَنْ لَا أَكَلَ وَلَا شَرِبَ وَلَا اسْتَهَلَّ فَمِثْلُ ذٰلِكَ يُطَلُّ .فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسَجْعٌ كَسَجْعِ الْأَعْرَابِ .وَجَعَلَ عَلَيْهَا الدِّيَةَ .

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک عورت نے اپنی سوکن کو خیمہ کی لکڑی کے ذریعے ضرب لگائی' وہ دوسری عورت حاملہ تھی وہ مر گئی۔ راوی بیان کرتے ہیں: اُن دونوں میں سے ایک عورت کا تعلق بنولحیان سے تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقتول عورت کی دیت کی ادائیگی' قاتل عورت کے خاندان پر عائد کی اور اُس مقتول کے پیٹ میں موجود

۳۳۹۳- تقدم۔

۳۳۹۴- اخرجه مسلم (۱۶۸۲) (۳۸) في القسامة: باب: دية الجنين' و الطيالسي (۶۹۶)' و الدارمي (۲/۱۹۶)' و ابو داود (۴۵۶۸) في الديات: باب دية الجنين' و الترمذي (۱۴۱۱)' و النسائي (۸/۴۹-۵۱)' و الطحاوي (۲/۲۰۵-۲۰۶)' و ابن الجارود رقم (۷۷۸)' و ابن حبان في صحيحه رقم (۶۰۱۶) من طرق عن شعبة عن منصور' به- واخرجه ابن ماجه (۲۶۳۳) في الديات: باب الدية على العاقلة: حدثنا علي بن محمد' حدثنا وكيع' حدثنا ابي عن منصور عن ابراهيم عن عبيد بن نضلة عن المغيرة بن شعبة' قال: (قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم بالدية على العاقلة)- و اخرجه النسائي (۸/۵۱) عن محمد بن رافع قال: حدثنا مصعب' قال: حدثنا داود عن الاعمش عن ابراهيم...... مرسلاً- و اخرجه عبد الرزاق (۱۸۳۵۳)' و احمد (۴/۲۴۴)' و البخاري (۶۹۰۵)' (۶۹۰۶)' (۶۹۰۷)' (۶۹۰۸)' في الديات' باب: جنين المراة' و (۷۳۱۷)' (۷۳۱۸) في الاعتصام' باب: ما جاء في اجتهاد القضاء بما انزل الله' و ابو داود (۴۵۷۱)' والبيهقي (۸/۱۱۴) من طرق عن هشام بن عروة عن ابيه عن المغيرة بن شعبة قال: سال عمر بن الخطاب عن املاص المراة- و هي التي يضرب بطنها فتلقي جنينًا- فقال: ايكم سمع من النبي صلى الله عليه وسلم فيه شيئًا؟ فقلت: انا' فقال: ما هو؟ قلت: سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول: (فيه غرة: عبد او امة' فقال: لا تبرح حتى تجيئني بالمخرج' فوجدت محمد بن مسلمة فجئت به' فشهد معي انه سمع النبي صلى الله عليه وسلم يقول: (فيه غرة: عبد او امة)- اه-

بچے کے تاوان کی ادائیگی کا حکم دیا' تو قاتل عورت کے خاندان میں سے ایک شخص بولا: کیا ہم اُس (بچے) کا تاوان ادا کریں؟ جس نے کچھ کھایا نہیں' کچھ پیا نہیں' جو رویا نہیں (یعنی پیدا ہی نہیں ہوا)' اس طرح کا خون تو رائیگاں جاتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم دیہاتیوں کی طرح مقفع و مسجع گفتگو کر رہے ہو؟ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس پر دیت کی ادائیگی کو لازم قرار دیا۔

3395- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ نُضَيْلَةَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ أَنَّ امْرَأَتَيْنِ ضَرَبَتْ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى بِعَمُودِ فُسْطَاطٍ فَقَتَلَتْهَا فَقَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالدِّيَةِ عَلَى عَصَبَةِ الْقَاتِلَةِ وَفِيمَا فِي بَطْنِهَا غُرَّةً فَقَالَ الْأَعْرَابِيُّ أَنَدِي مَنْ لَا أَكَلَ وَلَا شَرِبَ وَلَا صَاحَ فَاسْتَهَلَّ فَمِثْلُ ذٰلِكَ يُطَلُّ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسَجْعٌ كَسَجْعِ الْأَعْرَابِ . وَقَضَى فِيمَا فِي بَطْنِهَا غُرَّةً.

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: دو عورتیں تھیں' اُن میں سے ایک نے دوسری کو خیمہ کی لکڑی مار کر اُسے قتل کر دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس مقتول عورت کی دیت کی ادائیگی' قاتل عورت کے خاندان پر عائد کی اور اُس مقتول عورت کے پیٹ میں موجود بچے کے تاوان کی ادائیگی کا حکم دیا' تو ایک دیہاتی بولا: کیا میں اُس کا تاوان ادا کروں؟ جس نے کچھ کھایا نہیں' کچھ پیا نہیں' وہ چیخ مار کر رویا نہیں' اس طرح کا خون تو رائیگاں جاتا ہے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم دیہاتیوں کی طرح مقفع و مسجع گفتگو کر رہے ہو؟ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس عورت کے پیٹ میں موجود بچے کے تاوان کی ادائیگی کو لازم قرار دیا۔

3396- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ نُضَيْلَةَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ كَانَتْ عِنْدَ رَجُلٍ مِنْ هُذَيْلٍ امْرَأَتَانِ فَغَارَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَى فَرَمَتْهَا بِفِهْرٍ أَوْ عَمُودِ فُسْطَاطٍ فَأَسْقَطَتْ فَرُفِعَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَضَى فِيهِ بِغُرَّةٍ فَقَالَ وَلِيُّهَا أَنَدِي مَنْ لَا صَاحَ فَاسْتَهَلَّ وَلَا شَرِبَ وَلَا أَكَلَ أَوْ نَحْوَ ذٰلِكَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسَجْعٌ كَسَجْعِ الْأَعْرَابِ . وَجَعَلَهَا عَلَى أَوْلِيَاءِ الْمَرْأَةِ.

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہذیل قبیلے سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کی دو بیویاں تھیں' اُن میں سے ایک نے دوسری کو پتھر یا شاید خیمہ کی لکڑی مار کر اُس کے پیٹ میں موجود بچے کو ضائع کر دیا' یہ مقدمہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں تاوان کی ادائیگی کا حکم دیا تو اُس (قاتل عورت) کے سرپرست نے کہا: کیا ہم اُس کا تاوان ادا کریں گے؟ جو چیخ مار کر رویا نہیں (یعنی پیدا ہی نہیں ہوا)' جس نے کچھ پیا نہیں' کچھ کھایا نہیں' یا اس کی مانند الفاظ نقل کیے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم دیہاتیوں کی طرح مقفع و مسجع گفتگو کر

۳۳۹۵-راجع الذي قبله- ۳۳۹۶-راجع الذي قبله-

رہے ہو؟ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس عورت کے رشتے داروں پر تاوان کی ادائیگی کو لازم قرار دیا۔

3397- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ دُحَيْمٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَازِمٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ صَالِحٍ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ قُرَيْظَةُ وَالنَّضِيرُ وَكَانَ النَّضِيرُ اَشْرَفَ مِنْ قُرَيْظَةَ فَكَانَ اِذَا قَتَلَ رَجُلٌ مِنَ النَّضِيرِ رَجُلاً مِنْ قُرَيْظَةَ اَدّٰى مِائَةَ وَسْقٍ مِّنْ تَمْرٍ وَّاِذَا قَتَلَ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْظَةَ رَجُلاً مِنَ النَّضِيرِ قُتِلَ فَلَمَّا بُعِثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتَلَ رَجُلٌ مِنَ النَّضِيرِ رَجُلاً مِنْ قُرَيْظَةَ فَقَالُوْا ادْفَعُوْهُ اِلَيْنَا نَقْتُلْهُ . قَالُوْا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَوْهُ فَنَزَلَتْ (وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ) (النَّفْسَ بِالنَّفْسِ) (اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ)

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: (مدینہ منورہ میں) بنوقریظہ اور بنونضیر دو قبیلے تھے بنونضیر بنوقریظہ سے زیادہ معزز سمجھے جاتے تھے جب بنونضیر کا کوئی شخص بنوقریظہ کے کسی شخص کو قتل کر دیتا تو وہ کھجور کے ایک سو وسق (دیت کے طور پر) ادا کرتے تھے اور جب بنوقریظہ کا کوئی شخص بنونضیر کے کسی شخص کو قتل کر دیتا تو (دیت وصول نہ کی جاتی بلکہ قصاص کے طور پر) اُسے قتل کر دیا جاتا' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا گیا (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے) تو بنونضیر کے ایک شخص نے بنوقریظہ کے ایک شخص کو قتل کر دیا' بنوقریظہ نے کہا: اسے ہمارے حوالے کرو تاکہ ہم اسے بھی (قصاص کے طور پر) قتل کر دیں! تو اُنہوں نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے اور تمہارے درمیان فیصلہ کریں گے۔ وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

''جب تم نے فیصلہ کرنا ہو' تو انصاف کے ساتھ اُن کے درمیان فیصلہ کرو''۔

''جان کا بدلہ جان ہے''۔

''کیا وہ لوگ زمانۂ جاہلیت (کے رواج کے مطابق) فیصلہ چاہتے ہیں''۔

3398- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ الْكُرْدِيِّ حَدَّثَنَا يَعْلٰى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ الصَّوَّافُ عَنْ يَحْيٰى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْمُكَاتَبِ يُوْدٰى بِمَا اَدّٰى مِنْ كِتَابَتِهٖ دِيَةَ الْحُرِّ وَمَا بَقِىَ دِيَةَ الْعَبْدِ.

۳۳۹۷-اخرجه ابو داود في الديات (۱۶۶/٤) باب: النفس بالنفس (٤٤٩٤) و النسائي في القسامة (۱۸/۸) باب: تاويل قول الله تعالى: (وان حكمت فاحكم بينهم بالقسط) (٤٧٤٦) من طريق عبيد الله بن موسى' به- واخرجه ابو داود في الاقضية (۳۰۱/۳) باب: الحكم بين اهل الذمة (۳۵۹۱) و النسائي في القسامة (۱۹/۸) في الباب السابق (٤٧٤٧) من طريق ابن اسحاق' اخبرني داود بن الحصين عن عكرمة عن ابن عباس' بنحوه- و اخرجه الطبراني في الصغير (۱۶۹) و الاوسط (۲۰۳۷) من طريق ابي موسى: اسحاق بن موسى الانصاري' حدثنا عاصم ابن عبد العزيز الاشجعي' حدثنا ابو سهيل بن مالك عن ابيه عن ابي هريرة' بنحوه- وقال الطبراني: (لم يروه عن ابي سهيل- نافع بن مالك' عم مالك بن انس- الا عاصم' تفرد به ابو موسى: اسحاق بن موسى الانصاري)- اه- و اخرجه ابو داود في الاقضية (۳۵۹۰) باب: الحكم بين اهل الذمة (۳۵۹۰) من وجه آخر عن عكرمة' بنحوه-

۳۳۹۸-اخرجه ابو داود في الديات (۱۹۲/٤) باب: في دية المكاتب (٤۵۸۱) والنسائي في القسامة (٤٦/٨) باب: دية المكاتب (٤٨٢٤) من طريق يعلى بن عبيد' به-

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکاتب کے بارے میں یہ فیصلہ دیا ہے: اُس نے کتابت کے معاہدے میں سے، جس شرح کے ساتھ ادائیگی کی ہوگی، اُسی حساب سے اُس کی دیت آزاد شخص کی دیت ہوگی، اور جتنی ادائیگی اُس کے ذمہ باقی ہوگی، اُسی حساب سے اُس کی دیت غلام کی دیت جتنی ہوگی۔

3399- حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُودَى الْمُكَاتَبُ بِقَدْرِ مَا عَتَقَ مِنْهُ دِيَةَ الْحُرِّ وَبِقَدْرِ مَا رَقَّ مِنْهُ دِيَةَ الْعَبْدِ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: مکاتب شخص کا جتنا حصہ آزاد ہوگا، اُس اعتبار سے اُس کی دیت آزاد شخص کی دیت ہوگی اور جتنا حصہ غلام ہوگا، اُس اعتبار سے اُس کی دیت غلام کی دیت ہو گی۔

3400- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْوَكِيلُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ فِي بَنِي اِسْرَائِيلَ الْقِصَاصُ وَلَمْ يَكُنْ فِيهِمُ الدِّيَةُ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالَى لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ (كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلَى الْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثَى بِالْاُنْثَى فَمَنْ عُفِيَ لَهُ مِنْ اَخِيهِ شَيْءٌ) قَالَ فَالْعَفْوُ اَنْ يَقْبَلَ الدِّيَةَ فِي الْعَمْدِ (ذٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِنْ رَبِّكُمْ) مِمَّا كُتِبَ عَلَى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَخَفَّفَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْكُمْ اَنْتُمْ فَ (ذٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِنْ رَبِّكُمْ) اَنْ تَقْبَلُوا الدِّيَةَ فِي الْعَمْدِ قَالَ (فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ) يَتَّبِعُ ذَا بِالْمَعْرُوفِ وَيُوَدِّي ذَا (بِاِحْسَانٍ)

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: بنی اسرائیل میں قصاص کا حکم تھا، اُن میں دیت کا حکم نہیں تھا، تو اللہ تعالیٰ نے اس اُمت سے یہ فرمایا:

''مقتولین کے بارے میں تم پر قصاص کا حکم مقرر کیا گیا ہے، آزاد کے بدلے میں آزاد کو، غلام کے بدلے میں غلام کو، عورت کے بدلے میں عورت کو (قتل کر دیا جائے گا) اور جس شخص کو اپنے بھائی کی طرف سے معاف کر دیا جائے''۔

یہاں معاف کرنے سے مراد یہ ہے کہ دوسرا شخص قتلِ عمد کے مقدمے میں دیت قبول کرنے پر تیار ہو جائے۔

۳۳۹۹-اخرجه ابو داود في الديات (۱۹۲/٤) باب: في دية المكاتب (٤٥٨١)، والنسائي في القسامة (٤٦/٨) باب: دية المكاتب، من طريق يحيى بن ابي كثير، به-واخرجه النسائي في الكبرى-كما في التحفة (۱۷٤/٥)- من طريق يحيى، به-

۳٤۰۰-اخرجه البخاري في التفسير (٤٤٩٨) باب: (يايها الذين آمنوا كتب عليكم القصاص......) الى قوله: (عذاب اليم)، وفي الديات (٦٨٨١) باب: من قتل له قتيل فهو بخير النظرين، و النسائي في القسامة (۳۷/۸) باب: تاويل قوله- عزوجل-: (فمن عفي له من اخيه شيء فاتباع بالمعروف و اداء اليه باحسان) (٤٧٩٥)، من طرق عن سفيان، به-ورواه ورقاء عن عمرو عن مجاهد، بنحوه، و لم يذكر فيه ابن عباس- اخرجه النسائي في القسامة (۳۷/۸) الباب السابق-ورواه حماد بن سلمة عن عمرو عن جابر بن زيد عن ابن عباس- اخرجه الطبري (٦٥/۲)-قال ابن حجر في النكت الظراف (۲۲۳/٥-بحاشية التحفة): (والاول هو المحفوظ)- اه-قلت: و قد اخرجه محمد بن مسلم عن عمرو بن دينار بمثل رواية ابن عيينة عنه، و كذا اخرجه ابن ابي نجيح عن مجاهد- راجع تفسير الطبري (٦٥/۲)، و النكت الظراف لابن حجر (۲۲۳/٥)-

(ارشادِ باری تعالیٰ ہے:) "یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے تخفیف ہے"۔

یعنی یہ اُس حکم کے مقابلے میں تخفیف ہے' جو تم سے پہلے لوگوں پر عائد کیا گیا تھا' تو اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس کے حوالے سے تخفیف عطاء کی۔ تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہیں یہ تخفیف ملی ہے کہ تم قتلِ عمد کے مقدمے میں دیت قبول کرلو۔ (اُس نے فرمایا:) "تو تم مناسب طریقہ سے پیروی کرو"' یعنی مناسب طریقہ سے اس کے پیچھے جاؤ اور احسان کے ساتھ اسے ادا کرو۔

3401- حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالاَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي اَبِيْ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اطَّلَعَ فِيْ بَيْتِ قَوْمٍ بِغَيْرِ اِذْنِهِمْ فَفَقَئُوا عَيْنَهُ فَلَا دِيَةَ وَلَا قِصَاصَ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص کسی سے اجازت لیے بغیر اُس کے گھر میں جھانک کر دیکھے اور وہ (گھر کا مالک) اُس (جھانکنے والے) شخص کی آنکھ میں کوئی چیز مار کر اُسے پھوڑ دے' تو اس کی کوئی دیت یا کوئی قصاص نہیں ہوگا۔

3402- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَرْوَانَ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْيَسَعِ عَنْ جُوَيْبِرٍ عَنِ الضَّحَّاكِ عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَا تُقْطَعُ الْيَدُ اِلَّا فِيْ عَشْرَةِ دَرَاهِمَ وَلَا يَكُوْنُ الْمَهْرُ اَقَلَّ مِنْ عَشْرَةِ دَرَاهِمَ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دس درہم (قیمت والی چیز کی چوری) پر ہاتھ کاٹا جائے گا اور دس درہم سے کم مہر نہیں ہوگا۔

3403- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَضَّاحِ اللُّؤْلُؤِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ السَّعْدِيُّ سَلَمَةُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِيْ كَرِيمَةَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ اِلٰى رَجُلٍ عَرَّسَ بِامْرَاَةِ اَبِيهِ اَنْ يَضْرِبَ عُنُقَهُ.

۳۴۰۱—اخرجه النسائي في القسامة (۸/۶۱) باب: من اقتص و اخذ حقه دون السلطان' و الطحاوي في المشكل (۱/۴۰۵) و ابن حبان (۶۰۰۴) و ابن الجارود (۷۹۰) و البيهقي في الكبرى (۸/۳۳۸) من طريق معاذ بن هشام' به- و اخرجه البخاري في الديات (۶۸۸۸) باب: من اخذ حقه او اقتص دون السلطان' و في الادب المفرد (۱۰۶۸) و مسلم في الآداب (۲۱۵۸) باب: تحريم النظر في بيت غيره' و ابو داود في الادب (۵۱۷۲) باب: في الاستئذان' و النسائي في القسامة (۸/۶۱) الموضع السابق' و عبد الرزاق (۱۹۴۳۲) و ابن ابي شيبة (۸/۷۵۸) و احمد (۲/۲۶۶' ۴۱۴' ۵۲۷) و ابن حبان (۶۰۰۳) و الطحاوي في المشكل (۱/۴۰۴) و البيهقي في الكبرى (۸/۳۳۸) كلهم - عدا البخاري و ابن حبان- من طرق عن سهيل بن ابي صالح عن ابيه عن ابي هريرة-ورواية البخاري و ابن حبان من طريق شعيب بن ابي حمزة عن ابي الزناد عن الاعرج عن ابي هريرة-

۳۴۰۲—اخرجه البيهقي في الكبرى (۸/۲۶۱) من طريق الدارقطني' به- و سياتي في باب المهر-

۳۴۰۳—اخرجه ابن ماجه (۲۶۰۸) و النسائي في كتاب: الرجم من الكبرى: كما في زوائد ابن ماجه (۲/۳۲۴) و البيهقي في السنن (۸/۲۰۸) والطحاوي (۳/۱۵۰) من طريق يوسف بن منازل' به- قال البوصيري: (له شاهد من حديث البراء بن عازب' اخرجه اصحاب السنن الاربعة)- اه- وقد تقدم تخريج حديث البراء قريباً-

☆☆ معاویہ بن قرہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو ایسے شخص کی طرف بھیجا' جس نے اپنے باپ کی بیوی کے ساتھ شادی کر لی تھی' تا کہ اُس کی گردن اُڑا دی جائے۔

3404- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الصَّاغَانِيُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ خِلَاسِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ الْمُرْتَدَّةُ تُسْتَأْنَى وَلَا تُقْتَلُ .

خِلَاسٌ عَنْ عَلِيٍّ لَا يُحْتَجُّ بِهِ لِضَعْفِهِ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مرتد ہونے والی عورت کو مہلت دی جائے گی' اُسے قتل نہیں کیا جائے گا۔

خلاس نامی راوی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے جو روایات نقل کی ہیں' اُنہیں دلیل کے طور پر پیش نہیں کیا جا سکتا کیونکہ وہ راوی ضعیف ہے۔

3405- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنْ سُفْيَانَ وَأَبِي حَنِيفَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي رَزِينٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ فِي الْمَرْأَةِ تَرْتَدُّ قَالَ تُسْتَحْيَا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما مرتد ہونے والی عورت کے بارے میں فرماتے ہیں: اُسے زندہ رکھا جائے گا۔

3406- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ مَعِينٍ يَقُولُ كَانَ الثَّوْرِيُّ يَعِيبُ عَلَى أَبِي حَنِيفَةَ حَدِيثًا كَانَ يَرْوِيهِ وَلَمْ يَرْوِهِ غَيْرُ أَبِي حَنِيفَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي رَزِينٍ .

☆☆ ابن ابی خیثمہ بیان کرتے ہیں: یحییٰ بن معین فرماتے ہیں: سفیان ثوری ایک حدیث کی وجہ سے امام ابوحنیفہ پر اعتراض کیا کرتے تھے' جسے امام ابوحنیفہ نے عاصم کے حوالے سے ابورزین سے نقل کیا ہے اور اُسے امام ابوحنیفہ کے علاوہ اور کسی نے بھی نقل نہیں کیا۔

3407- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْعَطَّارُ أَبُو يُوسُفَ الْفَقِيهُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي رَزِينٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي الْمَرْأَةِ تَرْتَدُّ قَالَ تُحْبَسُ وَلَا تُقْتَلُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما مرتد ہونے والی عورت کے بارے میں فرماتے ہیں: اُسے قید کیا جائے گا اور قتل نہیں کیا جائے گا۔

3408- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِشْكَابَ أَبُو جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا أَبُو قَطَنٍ حَدَّثَنَا أَبُو حَنِيفَةَ

٣٤٠٤- خلاس بن عمرو ثقة، لكنه كثير الارسال، و في سماعه من علي خلاف، و الراجح - و الله اعلم - انه لم يسمع منه- انظر: التهذيب لابن حجر (٣/ ١٧٧)، و قد تقدم عن علي خلاف ذلك، قال: (كل مرتد عن الاسلام مقتول، اذا لم يرجع ذكرًا او انثى)- اه-

٣٤٠٥- تقدم تخريجه-

٣٤٠٦- روى ابن عدي في الكامل في ترجمة ابي حنيفة (٨/ ٢٣٥- بتحقيقنا) عن يحيى بن سعيد قال: سالت سفيان، قلت: سمعت حديث المرتدة من عاصم؟ قال: قلت: سمعت من اخذ عنه، قال: اما من ثقة فلا- وروي ايضا عن ابن مهدي، سالت سفيان عن حديث عاصم في المرتدة؟ قال: اما من ثقة فلا-

٣٤٠٧- تقدم-

٣٤٠٨- تقدم-

عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِىْ رَزِيْنٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا تُقْتَلُ النِّسَاءُ اِذَا هُنَّ ارْتَدَدْنَ عَنِ الْاِسْلَامِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب خواتین مرتد ہو جائیں تو انہیں قتل نہیں کیا جائے گا۔

3409- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِىْ رَزِيْنٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِى الْمَرْاَةِ تَرْتَدُّ قَالَ تُسْتَحْيَا ثُمَّ قَالَ اَبُوْ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَنِيْفَةَ عَنْ عَاصِمٍ بِهٰذَا فَلَمْ اَكْتُبْهُ وَقُلْتُ قَدْ حُدِّثْنَا بِهِ عَنْ سُفْيَانَ يَكْفِيْنَا فَقَالَ اَبُوْ عَاصِمٍ نُرٰى اَنَّ سُفْيَانَ الثَّوْرِىَّ اِنَّمَا دَلَّسَهُ عَنْ اَبِىْ حَنِيْفَةَ فَكَتَبْتُهُمَا جَمِيْعًا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما مرتد ہونے والی عورت کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اُسے زندہ رکھا جائے گا۔

ابوعاصم فرماتے ہیں: امام ابوحنیفہ نے عاصم کے حوالے سے اس روایت کو نقل کیا' لیکن میں نے اُسے نوٹ نہیں کیا۔ میں نے کہا: یہ روایت سفیان کے حوالے سے ہمیں سنائی جا چکی ہے' وہی ہمارے لیے کافی ہے۔

ابوعاصم فرماتے ہیں: ہمارا یہ خیال ہے سفیان ثوری نے امام ابوحنیفہ سے اس کے منقول ہونے میں تدلیس کی ہے' اس لیے میں نے ان دونوں کے حوالے سے اسے نوٹ کر لیا ہے۔

3410- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِىُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فِى الدَّامِيَةِ بَعِيْرٌ وَّفِى الْبَاضِعَةِ بَعِيْرَانِ وَفِى الْمُتَلَاحِمَةِ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْاِبِلِ وَفِى السِّمْحَاقِ اَرْبَعٌ وَّفِى الْمُوْضِحَةِ خَمْسٌ وَّفِى الْهَاشِمَةِ عَشْرٌ وَّفِى الْمُنَقِّلَةِ خَمْسَ عَشْرَةَ وَفِى الْمَاْمُوْمَةِ ثُلُثُ الدِّيَةِ وَفِى الرَّجُلِ يُضْرَبُ حَتّٰى يَذْهَبَ عَقْلُهُ الدِّيَةُ كَامِلَةً اَوْ يُضْرَبَ حَتّٰى يَغُنَّ وَلَا يُفْهِمَ الدِّيَةُ كَامِلَةً اَوْ حَتّٰى يَنَحَّ فَلَا يُفْهِمَ الدِّيَةُ كَامِلَةً وَّفِىْ جَفْنِ الْعَيْنِ رُبُعُ الدِّيَةِ وَفِىْ حَلَمَةِ الثَّدْىِ رُبُعُ الدِّيَةِ.

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''دامیہ'' میں اونٹ کی ادائیگی لازم ہوگی۔

''باضعہ'' میں دو اونٹوں کی ادائیگی لازم ہوگی۔

''متلاحمہ'' میں تین اونٹوں کی ادائیگی لازم ہوگی۔

''سمحاق'' میں چار اونٹوں کی ادائیگی لازم ہوگی۔

''موضحہ'' میں پانچ اونٹوں کی ادائیگی لازم ہوگی۔

''ہاشمہ'' میں دس اونٹوں کی ادائیگی لازم ہوگی۔

۳۴۰۹- تقدم-

۳۴۱۰- اخرجه البيهقي في السنن (۸/ ۸۲، ۸۶) من طريق الدارقطني مختصرًا، و اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۹/ ۳۰۷) رقم (۱۷۳۳۱)، و في (۹/ ۳۱۲) رقم (۱۷۳۴۲)، و في (۹/ ۳۱۶) (۱۷۳۶۲)، و في اسناده محمد بن راشد و هو ضعيف- و انظر: نصب الراية (٤/ ۳۷۵)-

"منقلہ" میں پندرہ اونٹوں کی ادائیگی لازم ہوگی۔

"مامومہ" میں (جان کی دیت کے) تہائی حصے کی ادائیگی لازم ہوگی۔

جب کسی شخص کو مارنے کے نتیجہ میں اُس کی عقل رخصت ہو جائے' تو اس میں مکمل دیت کی ادائیگی لازم ہوگی۔

جب کسی شخص کو مارنے کے نتیجہ میں اُس کی یہ حالت ہو کہ وہ ناک سے آواز نکال کر یوں بولتا ہو کہ اس کی بات سمجھ نہ آتی ہو' تو اُس میں مکمل دیت کی ادائیگی لازم ہوگی۔

اگر (اس ضرب کے نتیجے میں) وہ کھانس کر (یا ہچکی لے کر) یوں بولتا ہو کہ اس کی بات سمجھ نہ آتی ہو۔ تو اس صورت میں مکمل دیت کی ادائیگی لازم ہوگی۔

آنکھ کا پپوٹا زخمی کرنے کی صورت میں ایک چوتھائی دیت کی ادائیگی لازم ہوگی۔

پستان کا سرا زخمی کرنے کی صورت میں ایک چوتھائی دیت کی ادائیگی لازم ہوگی۔

3411- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ اَنَّهُ سَمِعَ رَجُلاً مِنْ جُذَامٍ يُحَدِّثُ عَنْ رَجُلٍ مِنْهُمْ يُقَالُ لَهُ عَدِيٌّ اَنَّهُ رَمٰى امْرَاَةً لَهُ بِحَجَرٍ فَمَاتَتْ فَتَبِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَبُوْكَ فَقَصَّ عَلَيْهِ اَمْرَهُ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعْقِلُهَا وَلَا تَرِثُهَا.

☆☆ عبدالرحمٰن بن حرملہ بیان کرتے ہیں: اُنہوں نے جذام قبیلے کے ایک فرد کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا' اُس نے اپنے قبیلہ کے ایک فرد عدی کے حوالے سے یہ بات نقل کی: حضرت عدی رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی کو پتھر مارا جس کے نتیجہ میں وہ عورت فوت ہوگئی۔ حضرت عدی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے تبوک گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا: تم اُس عورت کی دیت ادا کرو گے اور تم اُس کے وارث نہیں بنو گے۔

3412- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيْدَ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ عُرْوَةَ حَدَّثَنِيْ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ اَنَّ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ اِذْ كَانَ عَامِلاً عَلَى الْمَدِيْنَةِ اُتِيَ بِرَجُلٍ يَسْرِقُ الصِّبْيَانَ ثُمَّ يَخْرُجُ بِهِمْ فَيَبِيْعُهُمْ فِيْ اَرْضٍ اُخْرٰى فَاسْتَشَارَ مَرْوَانُ فِيْ اَمْرِهِ فَحَدَّثَهُ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِرَجُلٍ يَسْرِقُ الصِّبْيَانَ ثُمَّ يَخْرُجُ بِهِمْ فَيَبِيْعُهُمْ فِيْ اَرْضٍ اُخْرٰى فَاَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُطِعَتْ

۳۴۱۱- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۴۰۷/۹) باب: ليس للقاتل ميراث (۱۷۸۰۲)- و عزاه ابن حجر في الاصابة (۴۷۳/۲) لسعيد بن منصور و الطبراني و غيرهما-

۳۴۱۲- اخرجه ابن عدي في الكامل (۱۸۴/۴) في ترجمة عبد الله بن محمد بن يحيى بن عروة بن الزبير- قال: حدثنا الحسين بن عبد الله القطان' ثنا اسحاق بن موسى' ثنا عبد الله بن محمد بن يحيى' به- و من طريقه اخرجه البيهقي في سننه (۲۶۸/۸)- قال البيهقي: قال ابو احمد: هذا غير محفوظ عن هشام الا من رواية عبد الله بن محمد بن يحيى عنه)- اه- و عبد الله هذا : قال ابن عدي: (احاديثه عامتها مما لا يتابعه الثقات عليها' و لم اجد من المتقدمين فيه كلاماً' و لم اجد بداً من ذكره لما رايت من احاديثه انها غير محفوظة)- اه-

يَدُهُ فَاَمَرَ مَرْوَانُ بِالَّذِیْ يَسْرِقُ الصِّبْيَانَ فَقُطِعَتْ يَدُهُ .تَفَرَّدَ بِهٖ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى عَنْ هِشَامٍ وَهُوَ كَثِيْرُ الْخَطَاِ عَلٰى هِشَامٍ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ.

☆☆ عروہ بیان کرتے ہیں: جب مروان بن حکم مدینہ منورہ کا گورنر تھا' تو اُس کے سامنے ایک ایسے شخص کو لایا گیا جو بچے اُٹھا کر لے جاتا تھا اور کسی دوسری جگہ پر اُنہیں فروخت کر دیتا تھا' اُس شخص کے بارے میں مروان نے لوگوں سے مشورہ کیا تو عروہ بن زبیر نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات بتائی: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک ایسے شخص کو لایا گیا جو بچے اُٹھا کر لے جاتا تھا اور اُنہیں دوسری جگہ فروخت کر دیتا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا۔

بچے چوری کرنے والے کے بارے میں مروان نے بھی یہی حکم دیا اور اُس شخص کا ہاتھ بھی کاٹ دیا گیا۔

عبداللہ بن محمد اس روایت کو ہشام سے نقل کرنے میں منفرد ہیں اور انہوں نے ہشام کے حوالے سے (روایات نقل کرنے میں) بہت غلطیاں کی ہیں' یہ "منکر الحدیث" ہیں۔

3413 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَّابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ اِنْسَانًا قُتِلَ بِصَنْعَاءَ وَاَنَّ عُمَرَ قَتَلَ بِهٖ سَبْعَةَ نَفَرٍ وَّقَالَ لَوْ تَمَالاَ عَلَيْهِ اَهْلُ صَنْعَاءَ لَقَتَلْتُهُمْ بِهٖ جَمِيعًا .

☆☆ سعید بن میسب فرماتے ہیں: ایک شخص کو (یمن کے شہر) صنعاء میں قتل کر دیا گیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُس کے بدلے میں (قتل میں شریک) سات افراد کو قتل کروا دیا اور فرمایا: اگر اس شخص کے قتل میں صنعاء کے رہنے والے تمام لوگ شریک ہوتے تو میں اس شخص کے بدلے میں اُن سب کو قتل کروا دیتا۔

3414 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ اَبُوْ سَهْلٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ حُمَيْدِ بْنِ الْوَازِعِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ عَطَاءٍ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ اَبِى الْمُهَاجِرِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَيْرَةَ مِنْ بَنِى قَيْسِ بْنِ ثَعْلَبَةَ قَالَ كَانَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ صَنْعَاءَ يَسْبِقُ النَّاسَ كُلَّ سَنَةٍ فَلَمَّا قَدِمَ وَجَدَ مَعَ وَلِيْدَتِهٖ سَبْعَةَ رِجَالٍ يَشْرَبُوْنَ الْخَمْرَ فَاَخَذُوْهُ فَقَتَلُوْهُ ثُمَّ اَلْقَوْهُ فِیْ بِئْرٍ فَجَآءَ الَّذِیْ مِنْ بَعْدِهٖ فَسُئِلَ عَنْهُ فَاَخْبَرَ اَنَّهٗ مَضٰى بَيْنَ يَدَيْهِ قَالَ فَذَهَبَ الرَّجُلُ اِلَى الْخَلَاءِ فَرَاٰى ذُبَابًا يَلِجُ فِیْ خَرْقِ الرَّحٰى ثُمَّ يَخْرُجُ مِنْهُ فَعَرَفَ اَنَّ فِيْهَا لَحْمًا فَرَفَعَ الرَّحٰى وَاَرْسَلَ

۳۴۱۳- اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (۵/۴۲۹) رقم (۲۷۶۹۳)، و من طريقه المصنف هنا- واخرجه مالك في الموطا (۲/۸۷۱) عن يحيى عن سعيد به- و من طريقه الشافعي في مسنده (۲/رقم ۳۳۳- ترتيب) و منطريقه البيهقي في السنن (۸/۴۰- ۴۱)- و اخرجه البخاري في صحيحه (۶۸۹۶) من طريق يحيى عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمر- رضي الله عنهما- ان غلاما قتل غيلة، فقال عمر: ......فذكر نحوه-

۳۴۱۴- اخرجه عبد الرزاق في مصنفه (۱۸۰۷۹) عن معمر، قال: اخبرني زياد بن جبل عمن شهد ذلك، قال: كانت امراة بصنعاء لها ربيب...... فذكر القصة مطولة- واخرجه البيهقي في سننه (۸/۴۱) من طريق جرير بن حازم ان المغيرة بن حكيم الصنعاني حدثه عن ابيه ان امراة بصنعاء غاب عنها زوجها...... فذكره نحو رواية عبد الرزاق-

إِلَى سُرِّيَّةِ الرَّجُلِ فَأَخْبَرَتْهُ بِالْقَوْمِ فَكَتَبَ إِلَيْهِ عُمَرُ أَنِ اضْرِبْ أَعْنَاقَهُمْ أَجْمَعِينَ وَاقْتُلْهَا مَعَهُمْ فَإِنَّهُ لَوْ كَانَ أَهْلُ صَنْعَاءَ اشْتَرَكُوا فِي دَمِهِ قَتَلْتُهُمْ.

☆☆ عبیداللہ بن عمیرہ بیان کرتے ہیں: ''صنعاء'' کا رہنے والا ایک شخص تھا جو ہر سال لوگوں سے پہلے (گھر واپس) آیا کرتا تھا' ایک دن وہ اپنے گھر واپس آیا تو اُس نے اپنی کنیز (یا بیوی) کے ساتھ سات آدمیوں کو شراب پیتے ہوئے پایا' اُن ساتوں نے اُسے پکڑ کر قتل کر کے ایک کنوئیں میں پھینک دیا' جب اُس کے بعد والا شخص آیا اور اُس نے پہلے والے شخص کے بارے میں دریافت کیا تو اُن لوگوں نے بتایا کہ وہ پہلے ہی جا چکا ہے' پھر وہ (بعد میں آنے والا) شخص قضائے حاجت کے لیے گیا تو اُس نے دیکھا کنوئیں کی چکی میں سے کچھ مکھیاں آ جا رہی ہیں' جس سے اُسے اندازہ ہوا کہ اس میں گوشت موجود ہے' اُس نے اُس چکی کو اٹھایا اور (مقتول) شخص کے خاندان والوں کو بلوایا اور اُنہیں اس بارے میں بتایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُسے خط لکھا (مقتول کو قتل کرنے والے) اُن سب افراد کی گردنیں اُڑا دو اور اُن کے ساتھ اُس عورت کو بھی قتل کر دو! اگر ''صنعاء'' کے رہنے والے سب لوگ اس کے قتل میں شریک ہوتے تو میں اُن سب کو قتل کروا دیتا۔

3415- أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ حَمَّادٍ ح وَأَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْحُنَيْنِيُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ حَمَّادِ بْنِ طَلْحَةَ حَدَّثَنَا أَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ حُمَيْدٍ ابْنِ أُخْتِ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ قَالَ كُنْتُ نَائِمًا فِي الْمَسْجِدِ عَلَى خَمِيصَةٍ لِي ثَمَنَ ثَلَاثِينَ دِرْهَمًا فَجَاءَ رَجُلٌ فَاخْتَلَسَهَا مِنِّي فَأُخِذَ الرَّجُلُ فَأُتِيَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ بِهِ لِيُقْطَعَ فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ أَتَقْطَعُهُ مِنْ أَجْلِ ثَلَاثِينَ دِرْهَمًا أَنَا أَبِيعُهُ وَأُنْسِئُهُ ثَمَنَهَا قَالَ أَلَا كَانَ هَذَا قَبْلَ أَنْ تَأْتِيَنِي بِهِ.

☆☆ حضرت صفوان بن اُمیہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں مسجد میں اپنی چادر پر سویا ہوا تھا' اُس چادر کی قیمت تیس درہم تھی' ایک شخص آیا اور اُس نے میرے نیچے سے اُسے نکال لیا (اور چوری کر کے لے جانے کی کوشش کی)' اُسے پکڑ لیا گیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کا ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا' میں آپ

۳۴۱۵-اخرجه ابو داود في الحدود (۱۳۶/٤) باب: من سرق من حرز (٤۳۹٤) و النسائي في القطع (۷۰/۸) باب: ما يكون حرزاً و ما لا يكون (٤۸۹۸) والحاكم في المستدرك (۳۸۰/٤) كلهم من طريق عمرو بن حماد بن طلحة' به- و اخرجه احمد في مسنده (٤۰۱/۳) من طريق سليمان يعني: ابن قوم عن سماك' به-وقال ابو داود :(واخرجه زائدة عن سماك عن جعيد بن حجير' قال: نام صفوان...... و اخرجه مجاهد و طاوس: (انه كان نائماً فجاء سارق فسرق خميصة من تحت راسه......) و اخرجه ابو سلمة بن عبد الرحمن' قال: (فاستله من تحت راسه فاستيقظ فصاح به فاخذ......) و اخرجه الزهري عن صفوان بن عبد الله قال: (فنام في المسجد و توسد رداء ه فجاء ه سارق فاخذ رداء ه فاخذ السارق فجيء به الى النبي صلى الله عليه وسلم ' الخ-واخرجه ابن ماجه في الحدود (۸٦٥/۲) باب: من سرق من الحرز (۲۵۹۵) من طريق مالك عن الزهري عن عبد الله بن صفوان عن ابيه انه نام في المسجد...... بنحوه-واخرجه احمد (٤۰۱/۳) من طريق محمد بن ابي حفصة عن الزهري عن صفوان عبد الله ابن صفوان عن ابيه ان صفوان بن امية بن خلف...... بنحوه- وله طرق اخرى ذكرها النسائي في الموضع السابق-وقد صححه صاحب التنقيح' و اعله عبد الحق في احكامه' و ابن القطان في كتابه- راجع: نصب الراية للزيلعي (۳٦۹/۳)-

صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: کیا آپ تیس درہم کی وجہ سے اس کا ہاتھ کاٹ دیں گے؟ میں یہ اسے فروخت کرتا ہوں اور اس کی قیمت کا ادھار کر لیتا ہوں (یعنی وہ بعد میں وصول کر لوں گا)۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اسے میرے پاس لانے سے پہلے ایسا کیوں نہیں کیا؟

3416- حَدَّثَنَا الْقَاضِي أَحْمَدُ بْنُ كَامِلٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ النَّرْسِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ النَّخَعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ الْعَرْزَمِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ كَانَ صَفْوَانُ بْنُ أُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ نَائِمًا فِي الْمَسْجِدِ ثِيَابُهُ تَحْتَ رَأْسِهِ فَجَاءَ سَارِقٌ فَأَخَذَهَا فَأُتِيَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَقَرَّ السَّارِقُ فَأَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُقْطَعَ فَقَالَ صَفْوَانُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَيُقْطَعُ رَجُلٌ مِنَ الْعَرَبِ فِي ثَوْبِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفَلَا كَانَ هَذَا قَبْلَ أَنْ تَجِيءَ بِهِ. ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْفَعُوا مَا لَمْ يَصِلْ إِلَى الْوَالِي فَإِذَا وَصَلَ إِلَى الْوَالِي فَعَفَا فَلَا عَفَا اللَّهُ عَنْهُ ثُمَّ أَمَرَ بِقَطْعِهِ مِنَ الْمِفْصَلِ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت صفوان بن اُمیہ رضی اللہ عنہ مسجد میں سوئے ہوئے تھے اُن کی چادر اُن کے سر کے نیچے تھی ایک چور آیا اور اُس نے وہ چادر نکال لی پھر اُس چور کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا' چور نے اپنے جرم کا اقرار کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کا ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا' حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میرے کپڑے کی وجہ سے ایک عربی کا ہاتھ کاٹ دیا جائے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ تم نے اسے میرے پاس لانے سے پہلے کیوں نہیں سوچا؟ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اُس وقت تک (مجرم کو معاف کرنے کی) سفارش کرو جب تک معاملہ حاکم (یا قاضی) تک نہیں پہنچتا' جب وہ حاکم تک پہنچ جائے اور حاکم اُسے معاف کر دے' تو اللہ تعالیٰ اُس حاکم کو معاف نہیں کرے گا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کا ہاتھ جوڑ کے پاس سے کاٹنے کا حکم دیا۔

3417- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ حَدَّثَنَا أَبُو غَزِيَّةَ الْأَنْصَارِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ شَفَعَ الزُّبَيْرُ فِي سَارِقٍ فَقِيلَ حَتَّى يَبْلُغَهُ الْإِمَامَ فَقَالَ إِذَا بَلَغَ الْإِمَامَ فَلَعَنَ اللَّهُ الشَّافِعَ وَالْمُشَفَّعَ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

☆☆ ہشام بن عروہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے ایک چور کے بارے میں سفارش کی' تو کسی نے کہا: پہلے یہ مقدمہ قاضی کے سامنے پیش ہونے دیں (پھر سفارش کر دیجئے گا)' تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب یہ قاضی تک پہنچ گیا تو پھر اللہ تعالیٰ سفارش کرنے والے پر بھی لعنت کرے گا اور جس سے سفارش کی جائے گی (یعنی

۳۴۱۶-العرزمي متروك' لكن ورد الحديث من غير هذا الوجه عن صفوان كما في الرواية السابقة' و اخرجه النسائي في القطع (۸/۶۸-۷۰) باب: الرجل يتجاوز للسارق عن سرقته بعد ان ياتي به الامام' و باب: ما يكون حرزًا و ما لا يكون' من طرق عن صفوان' بنحوه-

۳۴۱۷-اخرجه الطبراني في الاوسط (۲۲۸۴) من طريق عمر بن شبة' به- وقال الطبراني: (لم يرو هذا الحديث عن هشام بن عروة الا عبد الرحمن بن ابي الزناد)-

جو اُسے قبول کرے گا) اُس پر بھی لعنت کرے گا' جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔

3418- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ خُشَيْشٍ حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْوَةَ عَنِ الْفُرَافِصَةِ الْحَنَفِيِّ قَالَ مَرُّوا عَلَى الزُّبَيْرِ بِسَارِقٍ فَشَفَعَ لَهُ فَقَالُوْا يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ تَشْفَعُ لِلسَّارِقِ قَالَ نَعَمْ لَا بَاْسَ بِهِ مَا لَمْ يُؤْتَ بِهِ الْإِمَامَ فَإِذَا اُتِيَ بِهِ الْإِمَامُ فَلَا عَفَا اللّٰهُ عَنْهُ إِنْ عَفَا عَنْهُ.

☆☆ فرافصہ حنفی بیان کرتے ہیں: کچھ لوگ ایک چور کو ساتھ لے کر حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے اُسے چھوڑنے کیلئے کہا' تو اُن لوگوں نے کہا: اے ابوعبداللہ! آپ ایک چور کی سفارش کر رہے ہیں؟ اُنہوں نے فرمایا: ہاں! اس میں کوئی حرج نہیں ہے' جب تک معاملہ قاضی کے سامنے پیش نہیں ہوتا' جب یہ قاضی کے سامنے پیش ہو جائے گا' تو اللہ تعالیٰ اُسے معاف نہیں کرے گا' خواہ قاضی اُسے معاف کر بھی دے۔

3419- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ ثَوَابٍ الْحَضْرَمِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ صَفْوَانَ بْنَ اُمَيَّةَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ قَدْ سَرَقَ حُلَّةً لَهُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَبْهُ لِي .فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهَلَّا قَبْلَ اَنْ تَاْتِيَنَا بِهِ .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت صفوان بن اُمیہ رضی اللہ عنہ ایک شخص کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' جس نے اُن کا حلہ چوری کیا تھا' (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سزا کا فیصلہ سنایا) تو اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ (وہ حلہ میری طرف سے) اسے ہبہ شمار کریں (اور سزا نہ دیں)' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے اسے ہمارے پاس لانے سے پہلے ایسا کیوں نہیں کیا؟

3420- حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ فَيْرُوزَ حَدَّثَنِي حُضَيْنُ بْنُ الْمُنْذِرِ الرَّقَاشِيُّ قَالَ شَهِدْتُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاُتِيَ بِالْوَلِيدِ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ فَشَهِدَ عَلَيْهِ حُمْرَانُ وَرَجُلٌ اٰخَرُ فَشَهِدَ اَحَدُهُمَا اَنَّهُ رَاٰهُ يَشْرَبُ الْخَمْرَ وَشَهِدَ الْاٰخَرُ اَنَّهُ رَاٰهُ يَتَقَيَّؤُهَا فَقَالَ عُثْمَانُ اِنَّهُ لَمْ يَتَقَيَّاْهَا حَتّٰى شَرِبَهَا فَقَالَ لِعَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَقِمْ عَلَيْهِ الْحَدَّ فَقَالَ عَلِيٌّ لِلْحَسَنِ اَقِمْ

۳۴۱۸-اخرجه ابن ابي شيبة (۵/۴۷۳) كتاب الحدود' باب ما جاء في التشفع للسارق' الحديث (۲۸۰۷۵) قال: حدثنا وكيع عن هشام...... به- و اخرجه البيهقي في الكبرى (۸/۳۳۳) من طريق جعفر بن عون' انبانا هشام بن عروة' به-واخرجه عبد الرزاق (۱۸۹۲۸) عن معمر عن هشام بن عروة' و اخرجه ايضاً (۱۸۹۲۷) عن ابن جريج' قال: سمعت عبد الله بن عروة بن الزبير......به-

۳۴۱۹-واخرجه الحاكم في الحدود (۴/۳۸۰) من وجهين آخرين عن ابي عاصم' به- وقال الحاكم: (هذا حديث صحيح الاسناد' و لم يخرجاه)- اه-

۳۴۲۰-اخرجه مسلم في الحدود (۳/۱۳۳۱) باب: حد الخمر (۱۷۰۷) و ابو داود في الحدود (۴/۱۶۳) باب: في الحد في الخمر (۴۴۸۰) و النسائي في الكبرى: كما في النكت الظراف (۷/۳۶۸) بحاشية التحفة' و ابن ماجه في الحدود (۲/۸۵۸) باب: حد السكران (۲۵۷۱) من طريق عبد الله بن فيروز' به-واخرجه الدارمي في الحدود (۲/۱۷۵) باب: في حد الخمر' و الطحاوي في المعاني (۳/۱۵۲) و البيهقي في الكبرى (۸/۳۱۶-۳۱۷) من هذا الوجه-

عَلَيْهِ الْحَدَّ .فَقَالَ الْحَسَنُ وَلِّ حَارَّهَا مَنْ تَوَلَّى قَارَّهَا .قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ اَقِمْ عَلَيْهِ الْحَدَّ فَاَخَذَ السَّوْطَ فَجَلَدَهُ وَعَلِيٌّ يَعُدُّ فَلَمَّا بَلَغَ اَرْبَعِيْنَ جَلْدَةً قَالَ اَمْسِكْ جَلَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعِيْنَ .قَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ اَحْسَبُهُ قَالَ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَّجَلَدَ عُمَرُ ثَمَانِيْنَ وَكُلٌّ سُنَّةٌ .وَهٰذَا اَحَبُّ اِلَيَّ .

☆☆ حصین بن منذر بیان کرتے ہیں: میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا' اُن کے سامنے ولید بن عقبہ کولایا گیا۔ حمران نے اور ایک دوسرے شخص نے ولید کے خلاف گواہی دی' اُن میں سے ایک نے یہ کہا: اُس نے ولید کو شراب پیتے ہوئے دیکھا ہے اور دوسرے نے یہ کہا: اُس نے ولید کو (شراب پینے کے بعد) قے کرتے ہوئے دیکھا ہے' تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ قے اُسی وقت کرے گا جب اس نے شراب پی رکھی ہوگی' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ اس پر حد جاری کریں! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم اس پر حد جاری کرو! تو حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ کام وہ کرے جس کی یہ ذمہ داری ہے۔ اُنہوں نے عبداللہ بن جعفر سے کہا: تم اس پر حد جاری کرو! عبداللہ بن جعفر نے کوڑا پکڑا اور اُسے کوڑے مارنے لگے' حضرت علی رضی اللہ عنہ گنتی کرتے رہے' جب چالیس کوڑے ہوگئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اب رک جاؤ! کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (شراب پینے والے کو) چالیس کوڑے لگوائے تھے۔

عبدالعزیز نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ بھی نقل کیے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسّی کوڑے لگوائے تھے' ان میں سے ہر ایک سنت ہے (یعنی قابلِ عمل ہے)۔ البتہ میں اسے (چالیس کوڑوں کی سزا کو) پسند کرتا ہوں۔

3421- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ قَالَ اَبَقَ غُلَامٌ لِابْنِ عُمَرَ فَمَرَّ عَلٰى غِلْمَةٍ لِعَائِشَةَ فَسَرَقَ مِنْهُمْ جِرَابًا فِيْهِ تَمْرٌ وَّرَكِبَ حِمَارًا لَهُمْ فَاُتِيَ بِهِ ابْنُ عُمَرَ فَبَعَثَ بِهِ اِلٰى سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ وَهُوَ اَمِيْرٌ عَلَى الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ سَعِيْدٌ لَا نَقْطَعُ اٰبِقًا وَاَرْسَلَتْ اِلَيْهِ عَائِشَةُ اِنَّمَا غِلْمَتِيْ غِلْمَتُكَ وَاِنَّمَا جَاعَ وَرَكِبَ الْحِمَارَ يَتَبَلَّغُ عَلَيْهِ فَلَا تَقْطَعْهُ فَقَطَعَهُ ابْنُ عُمَرَ.

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا ایک غلام بھاگ گیا' اُس کا گزر سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے کچھ غلاموں کے پاس ہوا' اُس نے اُن غلاموں کی ایک تھیلی چرالی' جس میں کھجوریں موجود تھیں' پھر وہ اُن غلاموں کے گدھے پر سوار ہوا (اور بھاگ گیا)' پھر اُسے پکڑ کر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس لایا گیا تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اُسے سعید بن العاص کے پاس بھیج دیا' جو اُن دنوں مدینہ منورہ کے گورنر تھے۔ سعید نے کہا: میں مفرور غلام کا ہاتھ نہیں کاٹوں گا۔ پھر سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے (حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو) پیغام بھیجا: میرے غلام بھی آپ کے غلام ہیں' وہ غلام بھوکا تھا (اس لیے اُس نے کھجوروں کی تھیلی چوری کر لی)' وہ گدھے پر اس لیے سوار ہوا تاکہ وہاں سے فرار ہو جائے' اس لیے آپ

۳۴۲۱- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۱۰/۲۴۱-۲۴۲) رقم (۱۸۹۸۶) و من طريقه المصنف هنا- و اخرجه مالك في الموطا (۲/۸۳۳) عن نافع ان عبداً لعبد الله بن عمر سرق و هو آبق...... فذكره نحوه- و من طريقه اخرجه البيهقي في السنن (۸/۲۶۸) و اسناده صحيح-

اُس کا ہاتھ نہ کاٹیں' لیکن حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اُس کا ہاتھ کٹوا دیا۔

3422- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ صَفْوَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا فَتَحَ مَكَّةَ قَالَ فِىْ خُطْبَتِهٖ وَفِى الْمَوَاضِحِ خَمْسٌ خَمْسٌ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: فتح مکہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خطبہ میں یہ ارشاد فرمایا:

''موضحہ'' زخم کی دیت پانچ' پانچ (اونٹ) ہوگی''۔

3423- حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا رِزْقُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِىْ فُدَيْكٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ زَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقِيْلُوْا ذَوِى الْهَيْئَاتِ عَثَرَاتِهِمْ اِلَّا حَدًّا مِّنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ.

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (معاشرتی اعتبار سے) صاحب حیثیت لوگوں کی کوتاہیوں سے درگزر کیا کرو' البتہ حدود کا حکم مختلف ہے (ان پر حد جاری ہوگی)

3424- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهٗ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا بُرْدَةَ- يَعْنِىْ ابْنَ نِيَارٍ- يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يُجْلَدُ فَوْقَ عَشَرَةِ اَسْوَاطٍ اِلَّا فِىْ حَدٍّ مِّنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ.

٣٤٢٢-اخرجه ابو داود في الديات (٤/٦٩٥) باب: ديات الاعضاء (٤٥٦٦) و الترمذي في الديات (٤/٧) باب: ما جاء في الموضحة (١٣٩٠) و النسائي في القسامة (٨/٥٧) باب: المواضح' و ابن ماجه في الديات (٢/٨٨٦) باب: الموضحة (٢٦٥٥) و البيهقي في الكبرى (٨/٨١) من طريق عمرو بن شعيب' بنحوه-وقال الترمذي: (هذا حديث حسن' و العمل على هذا عند اهل العلم' و هو قول سفيان الثوري و الشافعي و احمد و اسحاق : ان في الموضحة خمساً من الابل)- اه-

٣٤٢٣-اخرجه احمد (٦/١٨١) و ابو نعيم في الحلية (٩/٤٣) و الطحاوي في المشكل (٣/١٢٩) و البيهقي في الكبرى (٨/٢٦٧، ٣٣٤) من طرق عن عبد الملك' به- و اخرجه ابو داود في الحدود (٤٣٧٥) باب: في الحد يشفع فيه' من طريق محمد بن اسماعيل بن ابي فديك عن عبد الملك بن زيد عن محمد بن ابي بكر عن عمرة' به- كذالم يقل فيه: (عن ابيه)- و هكذا اخرجه ابو بكر بن نافع العمري عن محمد بن ابي بكر عن عمرة' به- اخرجه البخاري في الادب المفرد (٤٦٥) و الطحاوي في المشكل (٣/١٢٦) و البيهقي في الكبرى (٨/٣٣٤) و ابن حبان في العلم (٩٤) من طرق عن ابي بكر بن نافع' به-وله شاهد من حديث ابن مسعود' بنحوه: عند الخطيب في تاريخ بغداد (١٠/٨٥-٨٦) و ابي نعيم في تاريخ اصبهان (٢/٣٢٤)-

٣٤٢٤-اخرجه البخاري في الحدود (٦٨٥٠) باب: كم التعزير و الادب! و مسلم في الحدود (١٧٠٨) باب: قدر اسواط التعزير' و ابو داود في الحدود (٤٤٩٢) باب: في التعزير' و الطحاوي في المشكل (٣/١٦٥) و الحاكم في المستدرك (٤/٣٦٩-٣٧٠) و البيهقي في الكبرى (٨/٣٢٧) و ابن حبان (٤٤٥٢) و كذلك احمد في مسنده (٤/٤٥) من طرق عن ابن وهب' به- و استدركه الحاكم على الشيخين' و صححه على شرطهما' و هو عندهما كما ترى!-واخرجه النسائي في الكبرى كما في التحفة (٩/٦٦) و الطحاوي في المشكل (٣/١٦٥) من غير هذا الوجه عن بكير بن الاشج' به-

★★ حضرت ابوبردہ بن نیار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ''دس سے زیادہ کوڑے صرف حدود میں مارے جائیں''۔

3425- حَدَّثَنَا يَزْدَادُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكَاتِبُ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى ح وَاَخْبَرَنَا اُسَامَةُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَّآخَرُوْنَ قَالُوْا حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو قَالَا حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنْ مَّكْحُوْلٍ عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيْزٍ قَالَ قُلْتُ لِفَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ اَرَاَيْتَ تَعْلِيْقَ الْيَدِ فِيْ عُنُقِ السَّارِقِ اَمِنَ السُّنَّةِ قَالَ نَعَمْ اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَارِقٍ فَاَمَرَ بِيَدِهٖ فَقُطِعَتْ ثُمَّ اَمَرَ بِهَا فَعُلِّقَتْ فِيْ عُنُقِهٖ.

★★ ابن محیریز بیان کرتے ہیں: میں نے فضالہ بن عبید سے دریافت کیا: آپ کا کیا خیال ہے کہ چور کے ہاتھ اُس کی گردن میں لٹکانا' کیا یہ سنت ہے؟ اُنہوں نے جواب دیا: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک چور کو لایا گیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اُس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت وہ ہاتھ اُس کی گردن میں لٹکا دیا گیا۔

3426- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيْلَ التِّرْمِذِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ حَدَّثَنَا الْهِقْلُ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنِي الْاَوْزَاعِيُّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَجْلِدُ فِي التَّعْرِيْضِ الْحَدَّ.

★★ حمزہ بن عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تعریض کے طور پر (زنا کا الزام لگانے) پر کوڑے مارا کرتے تھے۔

3427- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حَمْزَةَ وَسَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ عُمَرُ يَضْرِبُ فِي التَّعْرِيْضِ الْحَدَّ تَامًّا.

★★ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تعریض کے طور پر (زنا کا الزام لگانے) پر مکمل حد جاری کرتے تھے۔

۳۴۲۵- اخرجه ابو داود في الحدود (۴۴۱۱) باب: في تعليق يد السارق في عنقه' و الترمذي في الحدود (۴۱/۴) باب: ما جاء في تعليق يد السارق (۱۴۴۷)' و النسائي في القطع (۹۲/۸) باب: تعليق يد السارق في عنقه (۴۹۹۸)' و ابن ماجه في الحدود (۲۵۸۷) باب: تعليق اليد في العنق' من طرق عن عمر بن علي المقدمي' به- و اخرجه النسائي في القطع (۹۲/۸) باب: تعليق يد السارق في عنقه (۴۹۹۷) من طريق ابي بكر بن علي عن الحجاج' به- وقال النسائي- (الحجاج بن ارطاة ضعيف' ولا يحتج بحديثه)- اه- وقال الترمذي: (هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث عمر بن علي المقدمي عن الحجاج بن ارطاة' و عبد الرحمن بن محيريز هو اخو عبد الله بن محيريز شامي)- اه-

۳۴۲۶- اخرجه عبد الرزاق (۴۲۱/۷) رقم (۱۳۷۰۳) عن معمر عن الزهري عن سالم عن ابن عمر: ان عمر كان يحد في التعريض بالفاحشة- و اخرجه البيهقي (۲۵۲/۸) من طريق ابن ابي ذئب عن ابن شهاب...... به-

۳۴۲۷- راجع الذي قبله-

شرح:

اس بات پر فقہاء کے درمیان اتفاق پایا جاتا ہے کہ جب کوئی شخص صحیح لفظ کے ساتھ کسی پر قذف عائد کردے (یعنی زناء کا الزام لگائے) تو اس پر حد واجب ہوگی لیکن اگر کوئی شخص تعریض یعنی اشارے کنایئے کے ساتھ کسی پر زناء کا الزام لگائے تو اس کا حکم کیا ہوگا تو اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے اس کی مثال یوں دی جاتی ہے جیسے کوئی شخص جھگڑا کرتے ہوئے کسی سے کہے: لوگوں کو تمہارے زانی ہونے کا علم نہیں ہے۔

امام ابوحنیفہ اس بات کے قائل ہیں کہ تعریض کی صورت میں کس پر زناء کا الزام لگانے سے حد واجب نہیں ہوتی اگرچہ قائل نے قذف کی یعنی زناء کا الزام لگانے کی نیت کیونکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ عام محاورہ اور رواج میں تعریض میں خفیف درجے کی اذیت پائی جاتی ہے اور اس کی مثال کنایہ کی طرح ہے جس میں قذف کا احتمال ہوتا ہے اور اصول یہ ہے کہ جب احتمال موجود ہو تو پھر حد جاری نہیں کی جاسکتی کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''شبہ کی وجہ سے حد کو پرے کردو''۔

اس لیے ایسا کوئی بھی لفظ استعمال کرنے کی وجہ سے حد جاری نہیں کی جائے گی جو زناء اور کسی دوسرے معاملے میں مشترکہ ہو فقہاء مالکیہ اس بات کے قائل ہیں کہ تعریض کی صورت میں کسی پر زناء کا الزام لگانے پر حد واجب ہوجاتی ہے جب کہ قرائن کے ذریعے یہ بات سمجھ میں آرہی ہو کہ تعریض کے ان الفاظ کے ذریعے زناء کا الزام عائد کیا گیا ہے۔

تعریض کے طور پر زناء کا الزام عائد کرنے کے بارے میں امام احمد بن حنبل سے مختلف روایات منقول ہیں، ایک روایت کے مطابق ایسے شخص پر حد جاری نہیں ہوگی۔

3428- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنِ الْجَلْدِ بْنِ اَيُّوْبَ عَنْ مُّعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِرَجُلٍ يَا ابْنَ شَامَّةِ الْوَذْرِ فَاسْتَعْدَى عَلَيْهِ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ فَقَالَ اِنَّمَا عَنَيْتُ بِهٖ كَذَا وَكَذَا فَاَمَرَ بِهٖ عُثْمَانُ فَجُلِدَ الْحَدَّ.

☆☆ معاویہ بن قرہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے دوسرے شخص سے کہا: اے مرد کی شرمگاہ سونگھنے والی عورت (یعنی زنا کرنے والی عورت) کے بیٹے! تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اُسے پکڑ لیا' اُس نے کہا: میں نے اس کے ذریعہ یہ معنی مراد لیا ہے' تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے حکم کے تحت اُسے کوڑے لگائے گئے۔

3429- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ

۳۴۲۸-اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (٥/٥٠٠) كتاب: الحدود' باب: من كان يرى في التعريض عقوبة رقم (۲۸۳۷۷) و من طريقه المصنف هنا- و في اسناده الجلد بن ايوب ضعيف- انظر: الميزان (۲/۱۵۲- بتحقيقنا)-

۳۴۲۹-اخرجه ابن ابي شيبة (٥/٥٠٠) رقم (۲۸۳۷٦) و من طريقه المصنف هنا-واخرجه مالك في الموطا (۸۲۹/۲) عن ابي الرجال...... به- و من طريقه اخرجه البيهقي (۸/۲٥۲)- و اخرجه عبد الرزاق (۱۳۷۲٥) عن ابن جريج قال: اخبرني يحيى بن سعيد قال: ان رجلا في زمن عمر بن الخطاب قال لرجل: ما امي بزانية ولا ابي بزان...... فذكره نحوه-

يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي الرِّجَالِ عَنْ أُمِّهِ عَمْرَةَ قَالَتِ اسْتَبَّ رَجُلاَنِ فَقَالَ أَحَدُهُمَا مَا أُمِّي بِزَانِيَةٍ وَلاَ أَبِي بِزَانٍ .فَشَاوَرَ عُمَرُ الْقَوْمَ فَقَالُوا مَدَحَ أَبَاهُ وَأُمَّهُ .فَقَالَ لَقَدْ كَانَ لَهُمَا مِنَ الْمَدْحِ غَيْرُ هَذَا .فَضَرَبَهُ.

☆☆ عمرہ بیان کرتی ہیں: دو آدمیوں کے درمیان گالی گلوچ ہوگئی تو اُن میں سے ایک نے کہا: میری ماں زانیہ نہیں تھی، میرا باپ بھی زانی نہیں تھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں لوگوں سے مشورہ کیا تو اُنہوں نے کہا: اس شخص نے اپنے والد اور والدہ کی تعریف کی ہے (کہ وہ زانی نہیں تھے)' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تعریف کرنے کیلئے ان دونوں میں اور بھی خوبیاں تھیں' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُس شخص کو (کوڑے) لگوائے۔

3430- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَارَةَ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ قَالَ كَانَ فِي كِتَابِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ حِينَ بَعَثَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى نَجْرَانَ فِي كُلِّ سِنٍّ خَمْسٌ مِنَ الإِبِلِ وَفِي الأَصَابِعِ فِي كُلِّ مَا هُنَالِكَ عَشْرٌ عَشْرٌ مِنَ الإِبِلِ وَفِي الأُذُنِ خَمْسُونَ وَفِي الْعَيْنِ خَمْسُونَ وَفِي الرِّجْلِ خَمْسُونَ وَفِي الأَنْفِ إِذَا اسْتُؤْصِلَ الْمَارِنُ الدِّيَةُ كَامِلَةً وَفِي الْمَأْمُومَةِ ثُلُثُ النَّفْسِ وَفِي الْجَائِفَةِ ثُلُثُ النَّفْسِ.

☆☆ ابوبکر بن محمد بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو بن حزم کو "نجران" بھیجا تو آپ کے مکتوب میں یہ بھی تحریر تھا:

"ہر دانت کی دیت پانچ اونٹ ہوگی' سب انگلیوں کی دیت دس' دس اونٹ ہوگی' کان کی دیت پچاس اونٹ ہوگی' آنکھ کی دیت پچاس اونٹ ہوگی' پاؤں کی دیت پچاس اونٹ ہوگی' اگر ناک کو بانسے سے (یعنی پوری ناک کو) کاٹ دیا جائے' تو اس میں مکمل دیت ہوگی۔ "مامومہ" زخم میں جان کی دیت کا تہائی حصہ دینا ہوگا اور "جائفہ" کی دیت میں جان کی دیت کا تہائی حصہ دینا ہوگا"۔

3431- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ صَفْوَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا أَبُو صَالِحٍ الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ لَهُ إِذْ وَجَّهَهُ إِلَى الْيَمَنِ إِنَّ فِي الأَنْفِ إِذَا اسْتُوعِيَ جَذْعُهُ الدِّيَةَ كَامِلَةً وَالْعَيْنِ نِصْفُ الدِّيَةِ وَالرِّجْلِ نِصْفُ الدِّيَةِ وَالْجَائِفَةِ ثُلُثُ الدِّيَةِ وَالْمَأْمُومَةِ ثُلُثُ الدِّيَةِ وَالْمُنَقِّلَةِ خَمْسَ عَشْرَةَ مِنَ الإِبِلِ وَالْمُوضِحَةِ خَمْسٌ مِنَ الإِبِلِ وَفِي كُلِّ إِصْبَعٍ مِمَّا هُنَالِكَ عَشْرٌ مِنَ الإِبِلِ .

☆☆ ابوبکر بن محمد اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اُنہیں یمن بھیجا تھا تو اُنہیں مکتوب میں یہ لکھا تھا:

"جب ناک کو بانسے سے کاٹ دیا جائے' تو اس میں مکمل دیت کی ادائیگی لازم ہوگی' آنکھ (ضائع کرنے پر) نصف

۳۴۳۰- تقدم تخریج کتاب عمرو بن حزم مطولاً۔

۳۴۳۱- راجع الذی قبله۔

دیت کی ادائیگی لازم ہوگی' پاؤں میں نصف دیت کی ادائیگی لازم ہوگی' ''جائفہ'' زخم میں ایک تہائی دیت کی ادائیگی لازم ہوگی' ''مامومہ'' زخم میں ایک تہائی دیت کی ادائیگی لازم ہوگی' ''منقلہ'' زخم میں پندرہ اونٹوں کی ادائیگی لازم ہوگی' ''موضحہ'' زخم میں پندرہ اونٹوں کی ادائیگی لازم ہوگی' یہاں سے لے کر وہاں تک (تمام انگلیوں میں سے ہر ایک) کی دیت دس اونٹ ہوگی''۔

3432- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ قَطَنٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ لَهُمْ كِتَابًا فِى الْمُوضِحَةِ خَمْسٌ مِنَ الْاِبِلِ وَفِى الْمَامُوْمَةِ ثُلُثُ الدِّيَةِ وَفِى الْمُنَقِّلَةِ خَمْسَ عَشْرَةَ وَفِى الْعَيْنِ خَمْسُوْنَ مِنَ الْاِبِلِ وَفِى الْاَنْفِ اِذَا اُوعِىَ جَدْعُهُ الدِّيَةُ كَامِلَةً وَفِى السِّنِّ خَمْسٌ مِنَ الْاِبِلِ وَفِى الرِّجْلِ خَمْسُوْنَ وَفِى كُلِّ اِصْبَعٍ مِمَّا هُنَالِكَ مِنْ اَصَابِعِ الْيَدَيْنِ وَالرِّجْلَيْنِ عَشْرٌ عَشْرٌ.

☆☆ عبداللہ بن ابوبکر اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں (خط لکھایا تحریر کروا کر دیا):

''موضحہ'' زخم میں پانچ اونٹوں کی ادائیگی لازم ہوگی' ''مامومہ'' میں ایک تہائی دیت لازم ہوگی' ''منقلہ'' میں پندرہ اونٹوں کی ادائیگی لازم ہوگی' آنکھ میں پچاس اونٹوں کی ادائیگی لازم ہوگی' جب ناک کو بانسے سے کاٹ دیا جائے' تو اس میں مکمل دیت کی ادائیگی لازم ہوگی' دانت کی دیت پانچ اونٹ ہوگی' پاؤں کی پچاس اونٹ ہوگی' ہاتھ اور پاؤں کی تمام انگلیوں میں سے ہر ایک کی دیت دس' دس اونٹ ہوگی۔

3433- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَنَّاطُ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ مَطَرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِى الْمَوَاضِحِ خَمْسٌ خَمْسٌ مِنَ الْاِبِلِ وَفِى الْاَسْنَانِ خَمْسٌ خَمْسٌ مِنَ الْاِبِلِ وَفِى الْاَصَابِعِ عَشْرٌ عَشْرٌ مِنَ الْاِبِلِ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ''موضحہ'' زخموں میں پانچ' پانچ اونٹوں کی ادائیگی کا فیصلہ دیا تھا' جبکہ دانتوں (کی دیت میں) پانچ' پانچ اونٹوں کی ادائیگی' اور انگلیوں میں (سے ہر ایک انگلی کی دیت) دس' دس اونٹ کی ادائیگی کا فیصلہ دیا تھا۔

3434- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَيْضًا

۳۴۳۲—انظر السابق-

۳۴۳۳—تقدم قریباً-

۳۴۳۴—اخرجه البیهقي في الكبرى (۹۲/۸) و ابن ابي شيبة (۱۹۲/۹) من طريق محمد بن بشر' عن سعيد بن ابي عروبة' به- و اخرجه ابن ماجه في الديات (۲۶۵۴) باب: دية الاصابع' من طريق النضر بن شميل' به-واخرجه ابو داود في الديات (۴۵۵۶) باب: ديات الاعضاء' من طريق عبدة بن سليمان' و النسائي في القسامة (۵۶/۸) باب: عقل الاصابع' من طريق حفص بن عبد الرحمن البلخي (۵۶/۸) و ابن ابي شيبة (۱۹۲/۹) من طريق ابي اسامة' جميعًا عن سعيد بن ابي عروبة' باسناده-

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرِ بْنِ رَاشِدٍ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ قَالَا حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ عَرُوْبَةَ عَنْ غَالِبٍ التَّمَّارِ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ مَّسْرُوْقِ بْنِ اَوْسٍ عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْاَصَابِعِ بِعَشْرٍ عَشْرٍ .وَقَالَ النَّضْرُ اِنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِى الْاَصَابِعِ عَشْرًا عَشْرًا مِّنَ الْاِبِلِ .كَذَا رَوَاهُ سَعِيْدٌ عَنْ غَالِبٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ .وَخَالَفَهُ شُعْبَةُ وَاِسْمَاعِيْلُ ابْنُ عُلَيَّةَ وَعَلِىُّ بْنُ عَاصِمٍ وَّخَالِدُ بْنُ يَحْيٰى فَرَوَوْهُ عَنْ غَالِبٍ عَنْ مَّسْرُوْقِ بْنِ اَوْسٍ عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَذْكُرُوْا حُمَيْدًا وَذَكَرَ شُعْبَةُ فِيْهِ سَمَاعَ غَالِبٍ مِّنْ مَّسْرُوْقٍ .

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انگلیوں (کی دیت میں) دس دس کی ادائیگی کا فیصلہ دیا تھا۔

نضر نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انگلیوں میں دس دس اونٹوں کی ادائیگی کا فیصلہ دیا تھا۔

سعید نے غالب کے حوالے سے حمید سے اسی طرح نقل کیا ہے۔

شعبہ اسماعیل علی اور خالد نے اس سے مختلف نقل کیا ہے انہوں نے غالب کے حوالے سے مسروق کے حوالے سے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث نقل کی ہے انہوں نے حمید نامی راوی کا ذکر نہیں کیا۔

شعبہ نے اس میں یہ ذکر کیا ہے: غالب نے مسروق سے احادیث کا سماع کیا ہے۔

3435- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ النَّبِيْلُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ غَالِبٍ التَّمَّارِ حَدَّثَنَا شَيْخٌ مِّنَّا يُقَالُ لَهُ مَسْرُوْقُ بْنُ اَوْسٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَصَابِعُ سَوَاءٌ . قَالَ شُعْبَةُ قُلْتُ عَشْرٌ عَشْرٌ قَالَ نَعَمْ .وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ اَبُوْ نُعَيْمٍ وَّعَفَّانُ وَمُسْلِمٌ وَّغَيْرُهُمْ .وَرَوَاهُ وَكِيْعٌ وَّوَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ وَّاَبُو النَّضْرِ عَنْ شُعْبَةَ اَنَّهُ شَكَّ فِىْ مَسْرُوْقِ بْنِ اَوْسٍ اَوْ اَوْسِ بْنِ مَسْرُوْقٍ.

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمام انگلیاں برابر کی حیثیت رکھتی ہیں۔

شعبہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں نے دریافت کیا: (ان میں سے ہر ایک کی دیت) دس دس اونٹ ہو گی؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

۳۴۳۵-اخرجه ابن الجعد (۱۵۲۵) و من طريقه ابن حبان (۶۰۱۳): اخبرنا شعبة به-واخرجه الدارمي (۲/۱۹۴) و ابو داود في الديات (۴۵۵۷) باب: ديات الاعضاء عن ابي الوليد الطيالسي عن شعبة به- واخرجه ابو داود الطيالسي (۵۱۱) و من طريقه البيهقي في الكبرى (۸/۹۲) عن شعبة به-واخرجه احمد (۴/۳۹۷) عن هاشم بن القاسم و (۴/۳۹۸) عن حسين بن محمد عن شعبة به-

ابونعیم' عفان' مسلم اور دیگر راویوں نے اسے اسی طرح نقل کیا ہے۔
وکیع' وہب بن جریر' ابونضر نے شعبہ کے حوالے سے نقل کیا ہے' اُنہیں ایک راوی کے نام کے بارے میں شک ہے' اُس کا نام مسروق بن اوس ہے' یا اوس بن مسروق ہے۔

3436- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا غَالِبٌ التَّمَّارُ ح وَأَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ حَدَّثَنِي أَبِي حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ غَالِبٍ التَّمَّارِ عَنْ مَسْرُوقِ بْنِ أَوْسٍ عَنْ أَبِي مُوسَى الأَشْعَرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الأَصَابِعُ عَشْرٌ عَشْرٌ . لَفْظُ الْمَحَامِلِيِّ.

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمام انگلیاں (برابر کی حیثیت رکھتی ہیں' ان میں سے ہر ایک کی دیت) دس' دس اونٹ ہوگی۔

3437- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ عَنْ غَالِبٍ التَّمَّارِ عَنْ مَسْرُوقِ بْنِ أَوْسٍ عَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَصَابِعَ الْيَدَيْنِ وَالرِّجْلَيْنِ سَوَاءٌ عَشْرٌ عَشْرٌ مِنَ الإِبِلِ.

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہاتھ اور پاؤں کی انگلیاں برابر کی حیثیت رکھتی ہیں' (ان میں سے ہر ایک کی دیت) دس' دس اونٹ ہوگی۔

3438- قُرِئَ عَلَى أَبِي وَهْبٍ يَحْيَى بْنِ مُوسَى بْنِ إِسْحَاقَ بِالأُبُلَّةِ حَدَّثَكُمْ أَبُو مَحْذُورَةَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا غَالِبٌ عَنْ أَوْسٍ عَنْ أَبِي مُوسَى أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى فِي الأَصَابِعِ عَشْرًا عَشْرًا.

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انگلیوں کے بارے میں یہ فیصلہ دیا تھا (اُن کی دیت) دس' دس اونٹ ہوگی۔

3439- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالاَ حَدَّثَنَا أَبُو الأَشْعَثِ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مَسْرُوقِ بْنِ أَوْسٍ عَنْ أَبِي مُوسَى الأَشْعَرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى فِي الأَصَابِعِ عَشْرًا عَشْرًا . تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو الأَشْعَثِ وَلَيْسَ هُوَ عِنْدِي بِمَحْفُوظٍ عَنْ قَتَادَةَ وَاللَّهُ أَعْلَمُ .

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انگلیوں کے بارے میں یہ فیصلہ دیا تھا (اُن کی دیت) دس' دس اونٹ ہوگی۔

۳۴۳۶—اخرجه ابن ابي شيبة (۹/۱۹۲) و البيهقي في الكبرى (۸/۹۲) من طريق اسماعيل ابن علية' به-

۳۴۳۷—راجع الروايات الثلاثة السابقة-

۳۴۳۸—انظر السابق-

۳۴۳۹—اخرجه النسائي في القسامة (۸/۵۶) باب: عقل الاصابع (۴۸۵۸): اخبرنا ابو الاشعث' به-

اسے نقل کرنے میں ابواشعث نامی راوی منفرد ہیں' اور میرے نزدیک یہ قتادہ سے نقل کرنے میں محفوظ نہیں ہے' باقی اللہ بہتر جانتا ہے!

3440- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ عُبَيْدَةَ بْنِ حَسَّانَ عَنْ يَزِيدَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ دِيَةُ الْأَصَابِعِ سَوَاءٌ الْيَدَيْنِ وَالرِّجْلَيْنِ عَشْرٌ عَشْرٌ مِنَ الْإِبِلِ أَوْ عَدْلُهَا مِنَ الذَّهَبِ وَالْوَرِقِ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: تمام انگلیوں کی دیت برابر ہوگی' خواہ وہ ہاتھوں کی (انگلیاں ہوں) یا پاؤں کی (انگلیاں ہوں' ان میں سے ہر ایک کی دیت) دس' دس اونٹ یا سونے یا چاندی کے حساب سے (دس اونٹوں کی) قیمت ہوگی۔

3441- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ خُشَيْشٍ حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبْجَرَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ حُجَيَّةَ بْنِ عَدِيٍّ أَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَطَعَ أَيْدِيَهُمْ مِنَ الْمِفْصَلِ وَحَسَمَهَا فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى أَيْدِيهِمْ كَأَنَّهَا أُيُورُ الْحُمُرِ.

قَالَ وَأَخْبَرَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا قَيْسٌ عَنْ مُغِيرَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ أَنَّ عَلِيًّا كَانَ يَقْطَعُ الرِّجْلَ وَيَدَعُ الْعَقِبَ يَعْتَمِدُ عَلَيْهَا.

قَالَ وَأَخْبَرَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَشْهَدُ عَلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّهُ قَطَعَ الْيَدَ وَالرِّجْلَ.

وَأَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَرَادَ أَنْ يَقْطَعَ رِجْلًا بَعْدَ الْيَدِ وَالرِّجْلِ فَقَالَ عُمَرُ السُّنَّةُ الْيَدُ.

☆☆ حجیہ بن عدی بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُن لوگوں کے ہاتھ جوڑوں سے کٹوا دیئے تھے اور (خون کا بہاؤ روکنے کے لیے) ان پر داغ لگوائے تھے' ان لوگوں کے ہاتھوں کا منظر گویا آج بھی میری نگاہ میں ہے وہ گویا گدھوں کے عضو مخصوص کی طرح تھے۔

شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ پاؤں کٹوا دیتے تھے لیکن ایڑی چھوڑ دیتے تھے' تاکہ آدمی اُس کا سہارا لے

۳۴۴۰- اخرجه ابو داود في الديات (۴۵۶۰) باب: ديات الاعضاء' و احمد (۱/۲۸۹)' و ابن حبان (۶۰۱۴) من طريق ابي حمزة عن يزيد' به- و اخرجه البخاري في الديات (۶۸۹۵) باب: دية الاصابع' و احمد (۱/۲۲۷)' و ابن ابي شيبة (۹/۱۹۰)' و الدارمي (۲/۱۹۴)' و ابن الجعد (۹۹۲)' و ابو داود في الديات (۴۵۵۸) باب: في ديات الاعضاء' و الترمذي في الديات (۱۳۹۲) باب: في دية الاصابع' و النسائي في القسامة (۸/۵۶-۵۷) باب: عقل الاصابع' و ابن ماجه في الديات (۲۶۵۲) باب: دية الاصابع' و البيهقي في الكبرى (۸/۹۱-۹۲)' و ابن حبان (۶۰۱۵)' و ابن الجارود (۷۸۴) من طرق عن شعبة عن قتادة عن عكرمة عن ابن عباس مرفوعًا' بنحوه-

۳۴۴۱- اخرجه البيهقي في الكبرى (۸/۲۷۱) من طريق الدارقطني' به- و علقه البخاري في صحيحه (۱۴/۵۰) كتاب: الحدود' باب: (۱۳) قال: (وقطع علي من الكف)-واخرجه ابن ابي شيبة في مصنفه (۵/۵۲۲) رقم (۲۸۶۰۶) قال: حدثنا عبد الرحيم بن سليمان عن عبد الملك بن ابجر' به نحوه- و حجية بن عدي و ان كان ثقة الا انه يخطيء: كما في التقريب (۱۱۵۹)-

سکے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ اُنہوں نے (چور کے) ہاتھ اور پاؤں کٹوا دیئے تھے۔

عبدالرحمٰن بن قاسم اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے (چور کا دوسرا) پاؤں کاٹنے کا ارادہ کیا' (اُس چور کا) ایک ہاتھ اور ایک پاؤں پہلے کاٹا جا چکا تھا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: سنت یہ ہے (کہ اب تیسری مرتبہ میں) اس کا (دوسرا) ہاتھ کاٹا جائے۔

3443- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ اَبَانَ الْكَرَابِيسِيُّ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ضَرَبَ الرَّجُلُ اَبَاهُ فَاقْتُلُوْهُ.

★★ سعید بن مسیب روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص اپنے باپ کو قتل کر دے' تو تم (قصاص کے طور پر) اُسے قتل کر دو۔

3443- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ الْحَرْبِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ وَزَادَ فِيهِ قَالَ فَذَكَرْتُهٗ لِسُفْيَانَ فَقَالَ سَمِعْتُهٗ مِنْ اَبِیْ حَازِمٍ. وَكَذٰلِكَ ذَكَرَهٗ اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ- وَلَمْ اَسْمَعْهُ مِنْهُ- عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُخَرِّمِيِّ وَذَكَرَ سُفْيَانَ فِیْ اٰخِرِهٖ كَمَا ذَكَرَهٗ اِبْرَاهِيمُ.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ زائد ہیں: میں نے اس روایت کا تذکرہ سفیان ثوری سے کیا' تو وہ بولے: میں نے ابوحازم کی زبانی یہ حدیث سن رکھی ہے' ابومحمد بن صاعد نے بھی اسے اسی طرح ذکر کیا ہے' جیسے میں نے یہ اُن سے نہیں سُنی' کہ یہ روایت محمد بن عبداللہ مخرمی سے منقول ہے۔

سفیان نے اس کے آخر میں اُسی طرح ذکر کیا ہے' جیسے ابراہیم نے اسے ذکر کیا ہے۔

3444- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِیُّ مِنْ اَصْلِهٖ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمَّادٍ الْقَلَانِسِیُّ حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّابَّةُ جَرْحُهَا جُبَارٌ وَّالْبِئْرُ جُبَارٌ وَّالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَّالرِّجْلُ جُبَارٌ وَّفِی الرِّكَازِ الْخُمُسُ. كَذَا قَالَ وَالرِّجْلُ. وَهُوَ وَهَمٌ وَّلَمْ يُتَابِعْهُ عَلَيْهِ اَحَدٌ عَنْ شُعْبَةَ.

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جانور کا زخمی

۳۴۴۲-اخرجه ابو داود في المراسيل ص (۳۳۵) رقم (۴۸۵) قال: حدثنا محمد بن عبد الله المخرمي' حدثنا زكريا بن عدي......به- و الحديث رجاله ثقات رجال الصحيح: فابو حازم: هو سلمة بن دينار التمار-

۳۴۴۳-راجع النبي قبله-

۳۴۴۴-تقدم-

کرنا رائیگاں جائے گا' کنوئیں میں گر کر مرنے والے کا خون رائیگاں جائے گا' معدنیات کی کان میں دب کر مرنے والے کا خون رائیگاں جائے گا' (جانور کے) پاؤں مارنے سے مرنے والے کا خون رائیگاں جائے گا' "رکاز" میں پانچویں حصے کی ادائیگی لازم ہوگی۔

راوی نے اسی طرح (جانور کے) پاؤں مارنے کا ذکر کیا ہے' لیکن یہ وہم ہے۔ شعبہ سے اس لفظ کے منقول ہونے میں کسی نے اس کی متابعت نہیں کی ہے۔

3445- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِی الثَّلْجِ حَدَّثَنَا جَدِّی حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَصَابَتِ الْاِبِلُ بِاللَّيْلِ ضَمِنَ اَهْلُهَا وَمَا اَصَابَتْ بِالنَّهَارِ فَلَا شَیْءَ فِيهِ وَمَا اَصَابَتِ الْغَنَمُ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ غَرِمَهُ اَهْلُهَا وَالضَّوَارِی يُتَقَدَّمُ اِلَی اَهْلِهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ تُعْقَرُ بَعْدَ ذٰلِكَ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اونٹ رات کے وقت جو نقصان پہنچائے گا' تو اُس کا مالک اس کا تاوان ادا کرے گا' لیکن وہ دن کے وقت جو نقصان پہنچائے گا اُس کا تاوان (اونٹ کا مالک) ادا نہیں کرے گا' بکریاں رات کے وقت یا دن کے وقت جو نقصان پہنچائیں گی اُن کا مالک اُس کا تاوان ادا کرے گا' اور پالتو جانوروں کو تین مرتبہ اُن کے مالکان کے سپرد کیا جائے گا (اگر پھر وہ کوئی نقصان پہنچاتے ہیں) تو اُن کے پاؤں کاٹ دیئے جائیں گے۔

3446- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ يَحْيَی بْنِ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِی نُعْمٍ حَدَّثَنِی اَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ نَبِیَّ التَّوْبَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ قَذَفَ مَمْلُوكَهُ وَهُوَ بَرِیءٌ مِمَّا قَالَ جَلَدَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْحَدَّ اِلَّا اَنْ يَكُونَ كَمَا قَالَ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوالقاسم "نبی التوبہ" صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص اپنے زیر ملکیت (غلام یا کنیز) پر زنا کا جھوٹا الزام لگائے اور وہ (غلام یا کنیز) اُس سے بری ہو' جو اُس شخص نے الزام لگایا ہے' تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اُس الزام لگانے والے شخص کو حد جتنے کوڑے لگوائے گا' البتہ اگر وہ (غلام یا کنیز) واقعی مجرم ہوں (تو حکم مختلف ہے)۔

3447- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ عَنِ ابْنِ اَبِی نُعْمٍ عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ عَنْ اَبِی الْقَاسِمِ نَبِیِّ التَّوْبَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَذَفَ عَبْدَهُ وَهُوَ بَرِیءٌ مِمَّا قَالَ اَقَامَ عَلَيْهِ الْحَدَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَمَانِينَ.

۳۴۴۵- تقدم- ۳۴۴۶- تقدم- ۳۴۴۷- تقدم-

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضرت ابوالقاسم ''نبی التوبہ'' صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو شخص اپنے زیرِ ملکیت (غلام یا کنیز) پر زنا کا جھوٹا الزام لگائے اور وہ (غلام یا کنیز) اُس سے بَری ہو' جو اُس شخص نے الزام لگایا ہے' تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اُس الزام لگانے والے شخص کو حد کے طور پر اسّی کوڑے لگوائے گا۔

3448- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ صَفْوَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنِى اَبِى حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اَبِى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ قَالَ ذَكَرَ عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْاَنْفِ اِذَا جُدِعَ كُلُّهُ بِالْعَقْلِ كَامِلاً وَّاِذَا جُدِعَتْ اَرْنَبَتُهُ فَنِصْفُ الْعَقْلِ.

★★ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ناک کے بارے میں یہ فیصلہ دیا ہے کہ جب اُسے مکمل طور پر کاٹ دیا جائے' تو اس کی دیت مکمل (پوری جان کی دیت جتنی) ہوگی' اور اگر اس کے آگے کے حصے کو کاٹا جائے' تو اس کی نصف دیت ہوگی۔

3449- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ صَفْوَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِلَالٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ قَالَ فِى الْيَدِ الشَّلَّاءِ ثُلُثُ الدِّيَةِ وَفِى الْعَيْنِ الْقَائِمَةِ اِذَا خَسَفَتْ ثُلُثُ الدِّيَةِ.

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: شل ہاتھ کو (کاٹنے کی سزا) ایک تہائی دیت ہوگی' جو آنکھ بے نور ہو چکی ہو لیکن اپنی جگہ پر موجود ہو' تو اس میں ایک تہائی دیت کی ادائیگی لازم ہوگی۔

3450- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ الْحَضْرَمِيُّ اِمْلَاءً حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ الزِّيَادِيُّ حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنِ ابْنٍ لِخُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَصَابَ حَدًّا اُقِيْمَ عَلَيْهِ ذٰلِكَ الْحَدُّ فَهُوَ كَفَّارَةُ ذَنْبِهٖ.

★★ حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری کے صاحبزادے اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص کسی قابلِ حد جرم کا ارتکاب کرے اور اُس پر حد جاری ہو جائے' تو یہ اُس کے گناہ کا کفارہ بن جائے گی۔

3451- حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيْعٍ حَدَّثَنَا جَدِّىْ وَزِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ وَعَلِىُّ بْنُ مُسْلِمٍ وَّالْقَاسِمُ بْنُ هَاشِمٍ وَّعَلِىُّ بْنُ

۳۴۴۸- تقدم-

۳۴۴۹- اخرجه ابن ابي شيبة (۵/۳۷۴) رقم (۲۷۰۶۲)، (۵/۳۷۸) رقم (۲۷۱۰۷): حدثنا وكيع عن ابي هلال ...... به- و اخرجه عبد الرزاق (۹/۳۳۴) رقم (۱۷۴۴۲) من طريق قتادة عن عبد الله بن بريدة ...... به- واخرجه ابن ابي شيبة (۲۷۰۶۴)، و عبد الرزاق (۱۷۴۴۱)، و البيهقي (۸/۹۸) من طريق قتادة عن ابن بريدة عن يحيى بن يعمر عن ابن عباس عن عمر، به-

۳۴۵۰- اخرجه احمد (۵/۲۱۴، ۲۱۵) عن روح، ثنا اسامة بن زيد، به- و اخرجه الحاكم (۴/۳۸۸) من طريق ابن وهب عن اسامة، به- وذكر الهيثمي في مجمع الزوائد (۶/۲۶۸)، وقال: (اخرجه الطبراني و احمد، بنحوه- و فيه راو لم يسم؛ و هو ابن خزيمة، و بقية رجاله ثقات، و اخرجه موقوفاً ايضاً)- اه-

۳۴۵۱- راجع الذي قبله-

شُعَيْبٍ وَّعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالُوْا حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ ح وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسَى بْنِ عَلِيِّ الْخَوَّاصُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْهَاشِمِىُّ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنِ ابْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَصَابَ ذَنْبًا فَاُقِيْمَ عَلَيْهِ حَدُّ ذٰلِكَ الذَّنْبِ فَهُوَ كَفَّارَتُهُ.

☆☆ حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری کے صاحبزادے اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص کسی جرم کا ارتکاب کرے اور پھر اُس پر اُس جرم کی حد جاری کی جائے تو یہ اُس کے لیے کفارہ بن جائے گی۔

3452- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ خَلَّادٍ اَبُوْ خَلَّادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَيْفٍ حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا عَبْدٍ اَصَابَ شَيْئًا مِمَّا نَهَى اللّٰهُ عَنْهُ ثُمَّ اُقِيْمَ عَلَيْهِ حَدُّهُ كُفِّرَ ذٰلِكَ الذَّنْبُ عَنْهُ . وَتَابَعَهُمَا الْوَاقِدِىُّ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ.

☆☆ اسی سند کے ہمراہ یہ منقول ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی ایسے عمل کا ارتکاب کرے جس سے اللہ تعالیٰ نے منع کیا ہوا اور پھر اُس شخص پر اُس کی حد جاری کر دی جائے تو یہ اُس کے گناہ کا کفارہ بن جائے گی۔

اُسامہ بن زید نامی راوی سے نقل کرنے میں واقدی نے ان دونوں کی متابعت کی ہے۔

3453- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ اَبِىْ اِدْرِيْسَ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَايِعُوْنِىْ عَلٰى اَنْ لَّا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَا تَسْرِقُوْا وَلَا تَزْنُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ وَلَا تَاْتُوْا بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُوْنَهُ بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَاَرْجُلِكُمْ وَلَا تَعْصُوْنِىْ فِىْ مَعْرُوْفٍ فَمَنْ وَفٰى مِنْكُمْ فَاَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ وَمَنْ اَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَعُوْقِبَ بِهِ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَهُ وَمَنْ اَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ فَاَمْرُهُ اِلَى اللّٰهِ اِنْ شَاءَ عَاقَبَهُ وَاِنْ شَاءَ عَفَا عَنْهُ .

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا: تم اس بات پر میری بیعت کرو تم کسی کو اللہ کا شریک قرار نہیں دو گے تم چوری نہیں کرو گے تم زنا نہیں کرو گے تم اپنی اولاد کو قتل نہیں کرو گے تم کسی پر زنا کا جھوٹا الزام نہیں لگاؤ گے تم بھلائی کے کام میں میری نافرمانی نہیں کرو گے۔

تم میں سے جو شخص اس (عہد کو) پورا کرے گا' اُس کا اجر اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہوگا اور جو شخص ان میں سے کسی جرم کا ارتکاب کر لے اور اُسے سزا دے دی جائے' تو یہ اُس کے لیے کفارہ ہوگی' اور اگر کوئی شخص کسی جرم کا ارتکاب کرے اور اللہ تعالیٰ اُس کا پردہ رکھ لے تو اب اُس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد ہوگا' اگر وہ چاہے گا' تو (آخرت میں) اُسے سزا دے گا اور اگر چاہے گا' تو

۳۴۵۲- راجع الذي قبله-

۳۴۵۳- اخرجه البخاري في الاحكام (۷۲۱۳) باب: بيعة النساء' و الدارمي (۲/۲۲۰) باب: في بيعة النبي صلى الله عليه وسلم' من طريق يونس به-

اُسے معاف کر دے گا۔

3454- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي الثَّلْجِ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيَّ أَنَّهُ سَمِعَ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ يَقُولُ بَايَعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَهْطٍ فَقَالَ أُبَايِعُكُمْ عَلَى أَنْ لَا تُشْرِكُوا بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا تَسْرِقُوا وَلَا تَزْنُوا وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُمْ وَلَا تَأْتُوا بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُونَهُ بَيْنَ أَيْدِيكُمْ وَأَرْجُلِكُمْ وَلَا تَعْصُوا فِي مَعْرُوفٍ فَمَنْ وَفَى مِنْكُمْ فَأَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ تَعَالَى وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا - يَعْنِي - فَأُقِيمَ عَلَيْهِ الْحَدُّ فَهُوَ لَهُ طُهُورٌ وَمَنْ سَتَرَهُ اللَّهُ تَعَالَى فَذَلِكَ إِلَى اللَّهِ إِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُ.

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے چند ساتھیوں سمیت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس بات پر تم سے بیعت لیتا ہوں تم کسی کو اللہ کا شریک قرار نہیں دو گے تم چوری نہیں کرو گے تم زنا نہیں کرو گے تم اپنی اولاد کو قتل نہیں کرو گے تم کسی پر زنا کا جھوٹا الزام نہیں لگاؤ گے تم بھلائی کے کام میں نافرمانی نہیں کرو گے تم میں سے جو شخص (اس عہد کو) پورا کرے گا اُس کا اجر اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہو گا اور جو شخص ان میں سے کسی ایک جرم کا ارتکاب کرلے یعنی اُس پر اس کی حد بھی جاری ہو جائے تو یہ اُس کے لیے پاکی کا باعث بنے گی اور جس شخص کی اللہ تعالیٰ پردہ پوشی کرلے تو اُس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد ہو گا اگر وہ چاہے گا تو (آخرت میں) اُسے عذاب دے گا اور اگر چاہے گا تو اُس کی مغفرت کر دے گا۔

3455- حَدَّثَنَا أَبُو سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَنَا أَبُو إِدْرِيسَ عَائِذُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ - وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا وَهُوَ أَحَدُ النُّقَبَاءِ لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ - أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَحْوَهُ وَقَالَ فِيهِ وَمَنْ أَصَابَ شَيْئًا مِنْ ذَلِكَ فَعُوقِبَ بِهِ فِي الدُّنْيَا فَهُوَ لَهُ كَفَّارَةٌ.

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ جو غزوۂ بدر میں شریک ہوئے ہیں اور ”شبِ عقبہ“ کے نقباء میں سے ایک ہیں وہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (اُس کے بعد اُنہوں نے حسبِ سابق حدیث ذکر کی ہے)۔

۳۴۵۴- اخرجه احمد (۵/۳۲۰) و البخاري في التفسير (۴۸۹۴) باب: (اذا جاءك المومنات يبايعنك) و في الحدود (۶۷۸۴) باب: الحدود كفارة و في التوحيد (۷۴۶۸) باب: في المشيئة و الارادة و مسلم في الحدود (۱۷۰۹) باب: الحد كفارة و النسائي في البيعة (۷/۱۴۸) باب: البيعة على فراق المشرك من طريق معمر به-

۳۴۵۵- اخرجه البخاري في المغازي و في الاحكام (۷۲۱۳) باب: بيعة النساء عن ابي اليمان به- و اخرجه البخاري في الايمان (۱۸) و في مناقب الانصار (۳۸۹۲) و مسلم في الحدود (۱۷۰۹) و الترمذي في الحدود (۱۴۳۹) باب: ما جاء ان الحدود كفارة لا هلها و النسائي في البيعة (۷/۱۴۱-۱۴۲) باب: البيعة علي الجهاد و (۷/۱۶۱-۱۶۲) باب: ثواب من وفي بما بايع عليه و في الايمان (۸/۱۰۸-۱۰۹) باب: البيعة علي الاسلام و ابن الجارود (۸۰۳) والبيهقي في الكبرى (۸/۳۲۸) من طرق عن الزهري به-واخرجه احمد (۵/۳۲۰) و مسلم (۱۷۰۹) و ابن ماجه في الحدود (۲۶۰۳) باب: الحد كفارة و ابن حبان (۴۴۰۵) منطريق خالد الحذاء عن ابي قلابة عن ابي اسماء عن عبادة به-

تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: جو شخص ان میں سے کسی ایک جرم کا ارتکاب کرلے اور اُسے دنیا میں اُس کی سزا دے دی جائے تو یہ اُس کے لیے کفارہ بن جائے گی۔

3456 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ اَبِى السَّفَرِ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِىْ جُحَيْفَةَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَذْنَبَ فِىْ هٰذِهِ الدُّنْيَا ذَنْبًا فَعُوقِبَ بِهٖ فَاللّٰهُ اَكْرَمُ مِنْ اَنْ يُّثَنِّىَ عُقُوْبَتَهُ عَلٰى عَبْدِهٖ وَمَنْ اَذْنَبَ فِىْ هٰذِهِ الدُّنْيَا ذَنْبًا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَفَا عَنْهُ فَاللّٰهُ اَكْرَمُ مِنْ اَنْ يَّعُوْدَ فِىْ شَىْءٍ عَفَا عَنْهُ .

★★ حضرت علی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص دنیا میں کسی گناہ کا ارتکاب کرے اور اُسے سزا دے دی جائے' تو اللہ تعالیٰ کی شان اس سے بلند تر ہے کہ وہ اُس بندے کو دوبارہ اُس کی سزا دے اور جو شخص دنیا میں کسی گناہ کا ارتکاب کرے اور اللہ تعالیٰ اُس کی پردہ پوشی کرلے اور اُسے معاف کردے' تو اللہ تعالیٰ کی شان اس سے بلند ہے کہ وہ اُسے دوبارہ اُس چیز کی سزا دے' جسے وہ پہلے معاف کرچکا ہے۔

٣٤٥٦- اخرجه الترمذي في الايمان (١٧/٥) باب: ما جاء لا يزني الزاني وهو مومن (٢٦٢٦): حدثنا ابو عبيدة بن ابي السفر' واسمه: احمد بن عبد الله الهمداني الكوفي......به- واخرجه ابن ماجه في الحدود (٨٦٨/٢) باب: الحد كفارة (٢٦٠٤) عن هارون بن عبد الله الحمال' ثنا حجاج بن محمد' به- وقال الترمذي: (حديث حسن غريب صحيح)-

15- کِتَابُ النِّکَاحِ

نکاح کا بیان

1 نکاح کا لغوی معنیٰ:

نکاح کا لغوی مطلب ''ضم کر دینا'' اور ''ایک چیز کو دوسرے میں داخل کر دینا ہے''۔

جیسے عربی کا مقولہ ہے: ''نکحت البر فی الارض'' (گندم زمین میں داخل ہوگئی)۔

یعنی وہ اُس کے اندر داخل ہو گیا' یہ جملہ اُس وقت استعمال ہوتا ہے جب آپ اُسے زمین میں بو دیں'

اسی طرح عربی کا مقولہ ہے: ''نکح المطر الارض'' (بارش نے زمین سے نکاح کرلیا)۔

یہ جملہ اُس وقت استعمال ہوتا ہے جب بارش زمین میں جذب ہو جائے۔

اسی طرح عربی میں یہ جملہ استعمال ہوتا ہے: ''نکحت الحصی اخفاف الابل'' (سنگریزے اونٹ کے کُھروں میں داخل ہو گئے)۔

ان تمام صورتوں میں ایک چیز محسوس طور پر دوسری چیز میں داخل ہوگئی ہے۔

بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ کوئی چیز معنوی اعتبار سے دوسری چیز میں داخل ہو جاتی ہے' جیسے عربی کا مقولہ ہے:

''نکح النعاس العین'' (اونگھ نے آنکھ کے ساتھ نکاح کرلیا)۔

یعنی آنکھوں میں نیند داخل ہوگئی۔

لغوی اعتبار سے لفظ نکاح' حقیقت میں' وطی (یعنی صحبت کرنے) کیلئے استعمال ہوتا ہے اور مجازی طور پر ''عقد'' پر بھی اس کا اطلاق کیا جاتا ہے۔

جیسے مشہور عرب شاعر فرزدق کا یہ شعر ہے:

التارکین علی طھر نساء ھم　　　والناکحین بشطی دجلة البقرا

''وہ لوگ اپنی عورتوں کے طہر (شرمگاہیں) چھوڑ کر دریائے دجلہ کے کنارے گائے کے ساتھ نکاح کرتے ہیں''۔

لفظ نکاح' مجازی طور پر ''عقد'' کے معنی میں استعمال ہوتا ہے' کیونکہ عقد میں ''ضم کرنے'' کا مفہوم پایا جاتا ہے' اور نکاح کا حقیقی معنی ''ضم کرنا'' ہے۔

لفظ نکاح کے "ضم کرنے" کے مفہوم پر دلالت کرنے کی دلیل شاعر کا یہ شعر ہے:

ضممت الی صدری معطر صدرها ‏ ‏ ‏ ‏ كما نكحت ام الغلام حبيبها

"میں نے اُس کے معطر سینہ کو اپنے سینہ کے ساتھ یوں ضم کر لیا' جیسے بچے کی ماں اپنے محبوب (بچے) کو اپنے ساتھ رکھتی ہے"۔

یہاں دوسرے مصرعے میں نکاح "ضم کرنے" کے مفہوم میں استعمال ہوا ہے۔

بعض اہلِ علم اس بات کے قائل ہیں: لفظ نکاح' حقیقت کے اعتبار سے "عقد" کا مفہوم واضح کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے' جبکہ وطی کا مفہوم واضح کرنے کیلئے اس کا استعمال مجازی اعتبار سے ہوتا ہے۔

بعض اہلِ علم اس بات کے قائل ہیں: لفظ نکاح' وطی اور عقد دونوں مفاہیم کیلئے مشترک کی حیثیت رکھتا ہے' اس لیے قرائن کے ذریعے اس بات کا تعین کیا جائے گا کہ کسی عبارت میں اس سے مراد وطی ہے' یا عقد ہے۔ کیونکہ یہ ان دونوں مفاہیم کیلئے حقیقی طور پر استعمال ہوتا ہے۔

فقہاء کے درمیان بھی اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ کیا لفظ نکاح' وطی اور عقد دونوں کیلئے حقیقی اعتبار سے استعمال ہوتا ہے' یا یہ ان دونوں میں سے کسی ایک مفہوم کیلئے حقیقی طور پر استعمال ہوتا ہے اور دوسرے مفہوم کیلئے مجازی طور پر استعمال ہوتا ہے۔

فقہاء کا ایک گروہ اس بات کا قائل ہے: لفظ نکاح' عقد اور وطی دونوں کیلئے حقیقی طور پر استعمال ہوتا ہے۔

یہ حضرات اپنے مؤقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کرتے ہیں: کتاب وسنت کی نصوص میں یہ لفظ کسی قرینہ کی وضاحت کے بغیر کبھی عقد کے مفہوم کیلئے استعمال ہوا اور کبھی وطی کے مفہوم کیلئے استعمال ہوا ہے۔

بعض حنابلہ نے یہ بات بیان کی ہے: زیادہ مناسب یہی ہے کہ لفظ نکاح کو وطی اور عقد دونوں کیلئے حقیقی طور پر استعمال کیا جائے۔

- فقہاء کے اس اختلاف کا ثمرہ اس وقت سامنے آتا ہے' جب ہم قرآن مجید کی اس آیت کا مطالعہ کرتے ہیں:

"وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ"۔

(اور تم اُن عورتوں کے ساتھ نکاح نہ کرو' جن کے ساتھ تمہارے باپ' دادا نے نکاح کیا ہو)۔

جن فقہاء کے نزدیک لفظ نکاح' عقد اور وطی دونوں مفاہیم کیلئے حقیقی طور پر استعمال ہوتا ہے' اُن کے نزدیک آدمی کیلئے ایسی کسی عورت کے ساتھ نکاح کرنا' جائز نہیں ہوگا جس کے ساتھ اُس کے باپ' دادا میں سے کسی نے "عقدِ نکاح" کیا ہو' اور اسی طرح ایسی کسی عورت کے ساتھ بھی نکاح کرنا جائز نہیں ہوگا جس عورت کے ساتھ اُس کے باپ' دادا میں سے کسی ایک نے وطی کی ہو' کیونکہ لفظ نکاح' عقد اور وطی دونوں کیلئے حقیقی طور پر استعمال ہوتا ہے۔

اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر کسی عورت کے ساتھ کسی شخص کے باپ' دادا میں سے کسی ایک نے حرام طور پر وطی کی ہو' تو ایسی

عورت کے ساتھ نکاح کرنا بھی اُس شخص کیلئے جائز نہیں ہوگا۔
شافعیہ مالکیہ کے نزدیک نکاح کا حقیقی معنی عقد ہے اور وطی کیلئے یہ مجازی طور پر استعمال ہوتا ہے۔
فقہاء احناف کے نزدیک نکاح کا حقیقی معنی وطی ہے جبکہ عقد کیلئے یہ مجازی طور پر استعمال ہوتا ہے۔
اس بارے میں فقہاء کے درمیان بڑی تفصیلی بحث پائی جاتی ہے اور اس بحث کے نتیجے میں بہت سی جزئیات میں فقہاء کے درمیان اختلاف ہو جاتا ہے جیسا کہ ہم نے سابقہ سطور میں ایک مسئلہ کے بارے میں اختلاف کی طرف اشارہ کیا ہے۔

نکاح کا حکم

نکاح کے حکم کے بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔
جمہور اس بات کے قائل ہیں: نکاح کرنا مستحب ہے۔
اصحاب ظواہر کے نزدیک نکاح کرنا واجب ہے۔
مالکی مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے متاخرین فقہاء نے یہ رائے پیش کی ہے:
بعض لوگوں کے حق میں نکاح کرنا واجب ہے بعض لوگوں کے حق میں نکاح کرنا مستحب ہے بعض لوگوں کے حق میں نکاح کرنا مباح ہے۔
اس کی وجہ یہ ہے کہ جس شخص کو زنا میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو اُس کیلئے نکاح کو واجب قرار دیا جائے گا لیکن اگر کسی شخص کو اپنے حوالے سے ایسے کسی گناہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہو تو اُس کیلئے نکاح کو واجب قرار نہیں دیا جائے گا۔
فقہاء کے درمیان اختلاف کا بنیادی سبب یہ ہے کہ قرآن نے نکاح کے بارے میں ''فعلِ امر'' کا صیغہ استعمال کیا ہے۔
ارشادِ باری تعالیٰ ہے:
''فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ'' (النساء:۳)
(تمہیں جو عورتیں پسند ہوں تم اُن کے ساتھ نکاح کرلو)۔
اس آیت میں لفظ ''فَانْكِحُوْا'' عربی گرائمر کے اعتبار سے فعلِ امر کا صیغہ ہے یعنی ایک ایسا لفظ جس کے ذریعہ مخاطب کو کوئی کام کرنے کا حکم دیا گیا ہو۔
اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث میں بھی ''فعلِ امر'' کا صیغہ استعمال ہوا ہے۔
حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''انکحوا فانی مکاثر بکم'' (تم نکاح کرو کیونکہ میں تمہاری کثرت کی وجہ سے فخر کروں گا)۔
اس طرح دیگر تمام احادیث و آثار جن میں صیغہ امر کے ذریعہ نکاح کا حکم دیا گیا ہے وہاں ''امر'' سے مراد ''وجوب'' لیا جائے گا یا استحباب مراد لیا جائے گا یا پھر اُسے اباحت پر محمول کیا جائے گا؟
جن فقہاء نے صیغہ ''امر'' کو وجوب کے معنی میں مراد لیا اُنہوں نے نکاح کو واجب قرار دے دیا۔ جنہوں نے استحباب یا

اباحت پر محمول کیا' اُنہوں نے نکاح کرنے کو مستحب یا مباح قرار دے دیا۔

اُصولِ فقہاء کے ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ ''امر'' کا صیغہ بعض اوقات وجوب کیلئے استعمال ہوتا ہے اور بعض اوقات اسے استحباب یا اباحت پر محمول کیا جاتا ہے۔

جیسا کہ ہم نے سابقہ سطور میں اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ بعض فقہاء نے نکاح کے حکم کے بارے میں قیاس کو دلیل بنایا ہے' یعنی اُنہوں نے اپنے قیاس کے ذریعہ یہ حکم بیان کیا ہے کہ ہر شخص کی کیفیت اور حالت کے اعتبار سے اُس کیلئے نکاح کا حکم مقرر کیا جائے گا۔

کیونکہ اس قیاس کے ذریعہ لوگوں کی مصلحت کا خیال رکھا گیا ہے' اس لیے بعض فقہاء کی اصطلاح میں اسے ''قیاسِ مرسل'' کہا جاتا ہے۔

بہت سے علماء نے قیاس کی اس قسم کا انکار کیا ہے' تاہم فقہاء مالکیہ نے اس مسئلہ میں اس کے مطابق فتویٰ دیا ہے۔

نکاح کا پیغام دینا

فقہاء کے درمیان اس بارے میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے کہ نکاح کا پیغام بھیجنا واجب ہے' یا نہیں ہے؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جن خواتین کے ساتھ نکاح کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن خواتین کو نکاح کا پیغام بھیجا تھا۔ اصحابِ ظواہر نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو وجوب پر محمول کرتے ہوئے' یہ بات بیان کی: نکاح کا پیغام بھیجنا واجب ہے۔

تاہم جمہور اس بات کے قائل ہیں کہ نکاح کا پیغام بھیجنا واجب نہیں ہے۔

دوسرے کے پیغام کی موجودگی میں نکاح کا پیغام دینا

اگر کوئی شخص کسی عورت کو نکاح کا پیغام دیتا ہے اور عورت کے سرپرست اُس رشتہ کے بارے میں غور و فکر کر رہے ہوتے ہیں' تو کیا اس دوران کوئی دوسرا شخص اپنا رشتہ پیش کر سکتا ہے' یا نہیں؟

اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات ثابت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے' اس کا مفہوم یہ ہے:

''کوئی شخص کسی دوسرے کے پیغامِ نکاح کی موجودگی میں اپنے نکاح کا پیغام نہ بھیجے''۔

بعض فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے کہ جب کوئی شخص نکاح کا پیغام بھیجے اور لڑکی کے سرپرست اُس رشتہ کے بارے میں

کسی فیصلہ پر نہ پہنچے ہوں اس دوران کوئی دوسرا شخص اپنا رشتہ بھیج سکتا ہے۔

ان فقہاء نے اپنے اس مؤقف کی تائید میں یہ حدیث پیش کی ہے:

سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا کہ ابوجہم بن حذیفہ اور معاویہ بن ابوسفیان ان دونوں حضرات نے اُسے نکاح کا پیغام بھیجا ہے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اما ابو جهم، فرجل لا یرفع عصاه عن النساء، واما معاوية فصعلوك لا مال له، ولكن انكحی اسامة۔

(جہاں تک ابوجہم کا تعلق ہے تو وہ شخص بیویوں کو مارتا ہے اور جہاں تک معاویہ کا تعلق ہے تو وہ کنگال ہے اُس کے پاس مال نہیں ہے تم اُسامہ کے ساتھ شادی کرلو)۔

اس حدیث سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ حضرت ابوجہم بن حذیفہ اور حضرت معاویہ بن ابوسفیان دونوں نے ایک ہی وقت میں اُس خاتون کو نکاح کا پیغام بھیجا تھا اگر یہ یک وقت دو آدمیوں کا نکاح کا پیغام بھیجنا مطلق طور پر ممنوع ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرما دیتے کہ ان دونوں میں سے جس شخص نے پہلے نکاح کا پیغام بھیجا تھا وہ درست شمار ہوگا اور بعد والے شخص کا نکاح کا پیغام کالعدم قرار دیا جائے گا۔

سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کے ساتھ نکاح کرنے کا مشورہ دیا بالواسطہ طور پر یہ بھی رشتہ پیش کرنے کے مترادف ہے۔

اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ جن احادیث میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کے پیغام پر پیغام بھیجنے سے منع کیا ہے اُن سے مراد وہ صورتِ حال ہے جب لڑکی والے کسی ایک رشتے کی طرف مائل ہو چکے ہوں۔

ایک ذیلی اختلاف

سابقہ سطور میں یہ مسئلہ بیان کیا گیا ہے کہ جب لڑکی والے کسی ایک رشتہ کی طرف مائل ہو چکے ہوں تو اب کسی شخص کیلئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ اپنا رشتہ بھیج دے۔ لیکن یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص ایسا کر لیتا ہے اور لڑکی والے اپنی بیٹی کی شادی اُس دوسرے شخص کے ساتھ کر دیتے ہیں تو دوسرے شخص کا عمل حدیث کے حکم کے خلاف ہے تو پھر اُس کے نکاح کا حکم کیا ہوگا؟

داؤد ظاہری اس بات کے قائل ہیں کہ ایسی صورت میں اُس دوسرے شخص کے ساتھ کیا ہوا نکاح فسخ ہو جائے گا۔

امام شافعی اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک ایسی صورت میں نکاح فسخ نہیں ہوگا۔

امام مالک سے اس بارے میں دونوں طرح کی روایات منقول ہیں ایک روایت کے مطابق اُن کے نزدیک ایسی صورت میں نکاح فسخ ہو جائے گا اور دوسری روایت کے مطابق اُن کے نزدیک ایسی صورت میں نکاح فسخ نہیں ہوگا۔

پیغام نکاح کے وقت عورت کو دیکھنا

جب کوئی شخص کسی عورت کے ساتھ شادی کرنا چاہتا ہو تو کیا اُس کیلئے یہ بات جائز ہوگی کہ وہ عورت کو ایک نظر دیکھ لے؟ اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

نکاح کے پیغام کے وقت مطلق طور پر عورت کو دیکھنے کے بارے میں احادیث منقول ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''كنت عند النبى صلى الله عليه وسلم فاتاه رجل فاخبره انه تزوج امرأة من الانصار' فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم انظرت اليها؟ قال لا' قال فاذهب فانظر اليها فان فى اعين الانصار شيئا''۔

''ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا' ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' اُس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا کہ اُس نے ایک انصاری خاتون کے ساتھ شادی کر لی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے (شادی کرنے سے پہلے) اُسے دیکھ لیا تھا؟ اُس شخص نے جواب دیا: جی نہیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جاؤ اور اُسے دیکھ لو' کیونکہ انصار کی آنکھوں میں کچھ ہوتا ہے''۔

اسی طرح حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث نقل کی ہے' وہ بیان کرتے ہیں:

''سمعت النبى صلى الله عليه وسلم يقول اذا خطب احدكم المرأة فقدر ان يرى منها بعض ما يدعوه الى نكاحها فليفعل''۔

''میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جب کوئی شخص کسی عورت کو نکاح کا پیغام دے تو اگر اُس کیلئے ممکن ہو کہ وہ عورت کا وہ حصہ (یعنی چہرہ) دیکھ سکے' جس کے نتیجہ میں وہ نکاح کا فیصلہ کر سکے تو اُس شخص کو ایسا کر لینا چاہیے''۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

''ان المغيره بن شعبة خطب امرأة فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم اذهب فانظر اليها فانه احرى ان يؤدم بينكما قال فذهب فنظر اليها فذكر من موافقتها''۔

''حضرت مغیرہ بن شعبہ نے ایک خاتون کو نکاح کا پیغام بھیجا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم جا کر اُسے دیکھ لو! کیونکہ اس کے نتیجہ میں تمہارے درمیان محبت پیدا ہوگی۔ راوی بیان کرتے ہیں: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے جا کر اُس عورت کو دیکھا۔

پھر راوی نے اُس کی موافقت کا ذکر کیا ہے''۔

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

"خطبت امراة فذكرتها لرسول الله صلى الله عليه وسلم فقال لى هل نظرت اليها؟ فقلت لا .
قال فانظر اليها فانه احرى ان يؤدم بينكما".

"میں نے ایک عورت کو نکاح کا پیغام بھیجا' میں نے اس کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: کیا تم نے اُسے دیکھا ہے؟ میں نے عرض کی: جی نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اُسے دیکھ لو' کیونکہ یہ اس بات کے لائق ہے کہ اس کے نتیجے میں تم دونوں کے درمیان محبت پیدا ہو"۔

حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

"خطبت امراة فجعلت اتخبا لها حتى نظرت اليها فى نخل لها' فقيل له اتفعل هذا وانت صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ فقال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اذا القى الله فى قلب امرى خطبة امراة فلا باس ان ينظر اليها".

"میں نے ایک خاتون کو نکاح کا پیغام بھیجا' میں اُسے دیکھنا چاہتا تھا' یہاں تک کہ میں نے اُسے (چھپ کر) اُس کے باغ میں دیکھ لیا' تو حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: آپ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہو کر یہ کام کر رہے ہیں (یعنی عورت کو چھپ کر دیکھ رہے ہیں)؟ تو اُنہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جب اللہ تعالیٰ کسی شخص کے ذہن میں یہ بات ڈال دے کہ وہ کسی عورت کو نکاح کا پیغام بھیجے تو اُس شخص کے اُس عورت کو دیکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے"۔

یہ تمام روایات اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ کوئی شخص اگر کسی عورت کو نکاح کا پیغام بھیجتا ہے' تو اُس کیلئے یہ بات جائز ہے کہ وہ اُس عورت کو دیکھ لے۔

ایسا شخص اُس عورت کے جسم کے کس حصہ کو دیکھ سکتا ہے؟ اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام مالک کے نزدیک ایسی عورت کے چہرہ اور دونوں ہاتھوں کو دیکھا جا سکتا ہے۔

امام ابوحنیفہ کے نزدیک ایسی عورت کے چہرہ اور پاؤں دیکھے جا سکتے ہیں۔

فقہاء کے درمیان اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ احادیث میں مطلق طور پر یہ بات ذکر کی گئی ہے کہ آدمی جس عورت کو نکاح کا پیغام بھیجتا ہے' وہ اُسے دیکھ سکتا ہے' جبکہ عورت کو دیکھنے کی ممانعت کا حکم بھی مطلق ہے۔

چہرہ اور دونوں ہاتھوں یا پاؤں کے استثناء کی وجہ قرآن کی اس آیت کے مدلول میں اختلاف ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا" (النور:۳۱)۔

(اور وہ عورتیں اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں ماسوائے اُس کے جو اُس سے ظاہر ہو)۔

یہاں "ماسوائے اُس کے جو اُس سے ظاہر ہو" سے مراد فقہاء کے نزدیک چہرہ اور دونوں ہاتھ ہیں۔

قیاسی طور پر اس کی تائید اس بات سے ہوتی ہے کہ حالتِ احرام میں عورت کیلئے چہرہ اور دونوں ہاتھ کھلے رکھنا جائز ہے۔

اذنِ نکاح کا حکم

یہاں اذنِ نکاح سے مراد نکاح کے فریقین کا اپنے نکاح کے بارے میں رضامندی کا اظہار ہے۔

مردوں کیلئے یہ بات ضروری ہے کہ وہ زبانی طور پر نکاح سے راضی ہونے کا اظہار کریں۔

یہاں مردوں کا حکم اس لیے بیان کیا گیا ہے' کیونکہ عرب معاشرہ میں یہ رواج تھا کہ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا کہ کسی مرد کا کوئی ولی' کسی عورت کے ساتھ اُس مرد کا ''عقدِ نکاح'' کر دیتا۔

ہمارے زمانہ میں اس کی صورت یوں ہو سکتی ہے کہ جیسے کوئی شخص بیرونِ ملک مقیم ہو اور ملک میں اُس کا کوئی سرپرست کسی عورت کے ساتھ اُس کا نکاح کر دے۔

ایسی صورت میں جب مرد کو اُس نکاح کی اطلاع ملے' تو اُس کیلئے زبانی طور پر اس کا اعتراف کرنا' یا اس کی اجازت دینا ضروری ہوگا۔

ثیبہ عورت' یعنی وہ عورت جس کی پہلے شادی ہو چکی ہو اور پھر وہ مطلقہ یا بیوہ ہو جائے' نکاح کے اِذن میں اُس کا حکم بھی مردوں کا سا ہے' یعنی ثیبہ عورت کی طرف سے زبانی اجازت ضروری ہوگی۔

کنواری لڑکی کے اذن کا طریقہ کیا ہوگا؟

اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

اکثر فقہاء اس بات کے قائل ہیں کہ جب کسی کنواری لڑکی سے نکاح کے بارے میں دریافت کیا جائے اور وہ خاموش رہے' تو اُس کی یہ خاموشی' رضامندی شمار ہوگی' جیسا کہ بعض احادیث سے بھی یہ بات ثابت ہے۔

لیکن اگر کنواری لڑکی نکاح کو مسترد کرنا چاہے' تو اُسے لفظی طور پر' یعنی کلام کے ذریعہ اسے مسترد کرنا ہوگا۔

بعض متاخرین شوافع نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ اگر کنواری لڑکی کا نکاح' باپ یا دادا کے علاوہ کسی اور شخص نے کروایا ہو' تو اب اس صورت میں اُس کی لفظی رضامندی کا حصول ضروری ہوگا۔

ثیبہ کیلئے لفظی رضامندی ضروری ہونا اور کنواری کی خاموشی اُس کی رضامندی شمار ہونا' یہ حکم درج ذیل حدیث سے ثابت ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''الایم احق بنفسها من ولیها' والبکر تستامر فی نفسها واذنها صماتها''۔

''ثیبہ (مطلقہ یا بیوہ) عورت اپنے ولی کی بہ نسبت' اپنے بارے میں زیادہ حق رکھتی ہے' اور باکرہ (کنواری) لڑکی سے اُس کی ذات کے بارے میں مرضی معلوم کی جائے گی' اُس کی خاموشی اُس کی اجازت شمار ہوگی''۔

کن الفاظ کے ذریعہ نکاح منعقد ہو جاتا ہے؟ اور کن الفاظ کے ذریعہ نکاح منعقد نہیں ہوتا ہے؟

کن الفاظ کے ذریعہ نکاح منعقد ہو جاتا ہے؟ اور کن الفاظ کے ذریعہ نکاح منعقد نہیں ہوتا ہے؟
اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔ مشہور حنفیہ فقیہہ امام ابوالحسن علی بن ابوبکر فرغانی اپنی مشہور تصنیف "الہدایہ" میں تحریر کرتے ہیں:

"یہ (نکاح) لفظ نکاح' تزویج' ہبہ' تملیک اور صدقہ کے ذریعے بھی منعقد ہو جاتا ہے۔
امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ صرف لفظ نکاح اور تزویج کے ذریعے ہی منعقد ہوتا ہے' کیونکہ لفظ تملیک اس کے بارے میں حقیقی مفہوم نہیں رکھتا اور اسے مجازی طور پر بھی استعمال نہیں کیا جا سکتا۔
اس کی وجہ یہ ہے کہ (لفظ) تزویج' تلفیق (ملانے) کے لئے استعمال ہوتا ہے اور لفظ نکاح' ضم (ملانے) کے لئے استعمال ہوتا ہے' لیکن مالک اور مملوک کے درمیان اصل کے اعتبار سے زوج ہونے کا مفہوم نہیں پایا جاتا۔
ہماری دلیل یہ ہے: جب تملیک' ملک رقبہ کے واسطے سے' ملک متعہ کے' اس کے محل میں ہونے کا' سبب ہے اور یہ بات نکاح میں بھی ثابت ہوتی ہے اور یہ سببیت' مجاز کے اعتبار سے ہوگی"۔

(حوالہ: الہدایہ (مع ترجمہ وتشریح) مطبوعہ: شبیر برادرز' اُردو بازار لاہور)

کیا غلام کو نکاح پر مجبور کیا جا سکتا ہے؟

کیا غلام کو نکاح پر مجبور کیا جا سکتا ہے؟ اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔
امام مالک اس بات کے قائل ہیں کہ آقا اپنے غلام کو نکاح کرنے پر مجبور کر سکتا ہے' یعنی زبردستی اُس کا نکاح کر سکتا ہے' امام ابوحنیفہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔
امام شافعی نے یہ رائے پیش کی ہے کہ آقا اپنے غلام کا نکاح زبردستی نہیں کر سکتا۔
ان فقہاء کے درمیان اختلاف کا سبب یہ ہے کہ آیا غلام کا نکاح' آقا کے حقوق سے تعلق رکھتا ہے' یا یہ آقا کے حقوق سے تعلق نہیں رکھتا؟

نکاح میں کن خواتین کی رضامندی کا اعتبار ہوگا؟

نکاح میں کن خواتین کی رضامندی کا اعتبار ہوگا؟ اور کن خواتین کی رضامندی کا اعتبار نہیں کیا جائے گا؟ اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔
تمام فقہاء اس بات پر متفق ہیں کہ "ثیبہ بالغہ" یعنی وہ عورت جو بالغ ہو اور اُس کی ایک مرتبہ شادی ہو چکی ہو' جس کے بعد وہ

بیوہ یا مطلقہ ہو چکی ہو اُس کی رضامندی کا اعتبار کیا جائے گا' اس کی دلیل یہ حدیث ہے:

عدی بن عدی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"والثیب تعرب عن نفسھا"۔

"ثیبہ عورت اپنی رضامندی (کا لفظی طور پر) اظہار کرے گی"۔

جو لڑکی بالغ ہو اور کنواری ہو یا جو لڑکی ثیبہ ہو لیکن نابالغ ہو اُس کی رضامندی کا حکم کیا ہوگا؟

امام مالک' امام شافعی اور شیخ ابن ابی لیلیٰ اس بات کے قائل ہیں کہ ایسی لڑکی کا صرف باپ' اُس کی زبردستی شادی کر سکتا ہے' دوسرے کسی بھی سرپرست کو اُس کی زبردستی شادی کرنے کا حق حاصل نہیں ہوگا۔

امام ابوحنیفہ' سفیان ثوری' امام ابوعبدالرحمٰن الاوزاعی اور فقہاء کے ایک گروہ کے نزدیک بالغ لڑکی کی رضامندی ضروری ہے' اُس کی رضامندی کے بغیر اُس کا باپ بھی اُس کی شادی زبردستی نہیں کر سکتا۔

امام مالک سے ایک روایت یہ بھی منقول ہے کہ جس کنواری لڑکی کی عمر زیادہ ہو چکی ہو' شادی میں اُس کی رضامندی ضروری ہوگی۔

فقہاء کے درمیان اس مسئلہ میں اختلاف کا سبب یہ ہے کہ:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"لا تنکح المرأۃ الیتیمۃ الا باذنھا"۔

"کنواری لڑکی کی شادی اُس کی اجازت کے بغیر نہ کی جائے"۔

اسی طرح حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"تستامر الیتیمۃ فی نفسھا"۔

"کنواری لڑکی سے اُس کی ذات کے بارے میں اجازت لی جائے گی"۔

اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ کنواری لڑکی کی اجازت کے بغیر اُس کی شادی نہیں کی جا سکتی اور اس میں ایسا کوئی استثناء ذکر نہیں ہے کہ باپ یا کوئی اور ولی' کنواری لڑکی کی شادی زبردستی کر سکتا ہے۔

نابالغ ثیبہ کا حکم

جو لڑکی نابالغ ہو' لیکن ثیبہ ہو' کیا اُس کی زبردستی شادی کی جا سکتی ہے؟

امام مالک اور امام ابوحنیفہ اس بات کے قائل ہیں کہ نابالغ ثیبہ کا والد' اُس کی شادی' زبردستی کر سکتا ہے۔

امام شافعی کے نزدیک اُس لڑکی کا باپ بھی اُس کی زبردستی شادی نہیں کر سکتا۔

فقہاء مالکیہ کے نزدیک اس بارے میں تین آراء ہیں:

(i) شیخ اشہب مالکی اس بات کے قائل ہیں کہ نابالغ ثیبہ لڑکی جب تک بالغ نہیں ہو جاتی' اُس کا باپ اُس کی شادی زبردستی کر سکتا ہے۔

(ii) شیخ سحون مالکی اس بات کے قائل ہیں کہ نابالغ ثیبہ لڑکی' بالغ ہو بھی جائے' تو بھی اُس کا باپ اُس کی شادی زبردستی کر سکتا ہے۔

(iii) شیخ ابوتمام مالکی اس بات کے قائل ہیں کہ نابالغ ثیبہ لڑکی' بالغ نہ بھی ہو' تو بھی اُس کا باپ اُس کی شادی زبردستی نہیں کر سکتا ہے۔

زبردستی کی علت کیا ہے؟

جن فقہاء کے نزدیک لڑکی کا باپ اُس کی شادی زبردستی کر سکتا ہے' اُن فقہاء کے درمیان اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ زبردستی کی اس اجازت کی علت کیا ہے؟ لڑکی کا نابالغ ہونا' یا کنواری ہونا؟

جن فقہاء کے نزدیک لڑکی کا نابالغ ہونا' اس حکم کی علت ہے' اُن کے نزدیک اگر بالغ لڑکی کنواری ہو' تو بھی اُس کا باپ اُس کی زبردستی' شادی نہیں کر سکتا۔

جن فقہاء کے نزدیک لڑکی کا کنواری ہونا' اس حکم کی علت ہے' اُن کے نزدیک اگر کوئی ثیبہ لڑکی' نابالغ ہو' تو بھی اُس کا باپ اُس کی شادی زبردستی نہیں کر سکتا۔

جبکہ بعض فقہاء اس بات کے قائل ہیں کہ یہ دونوں چیزیں اس حکم کی علت قرار دی جا سکتی ہیں اور ان دونوں میں سے کوئی ایک بھی اگر انفرادی طور پر پائی جائے' تو وہ زبردستی کے حکم کی علت بن سکتی ہے۔ اس اعتبار سے اگر کوئی لڑکی کنواری ہو' یا نابالغ ہو' تو اُس کا باپ اُس کی شادی زبردستی کر سکتا ہے' خواہ وہ کنواری لڑکی بالغ ہو' یا وہ نابالغ لڑکی' ثیبہ ہو۔

ثیبہ ہونے کا معیار کیا ہے؟

وہ ثیبہ ہونا' جس کی موجودگی میں لڑکی کا سرپرست اُس کی شادی' زبردستی نہیں کر سکتا' اس سے مراد کیا ہے؟

اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام ابوحنیفہ اور امام مالک اس بات کے قائل ہیں کہ جو عورت صحیح نکاح' شبہ نکاح' یا ملکیت کی وجہ سے ثیبہ ہو' اُس کا سرپرست اُس کی شادی' زبردستی نہیں کر سکتا اور اُس کیلئے لفظی طور پر رضامندی کا اظہار ضروری ہوگا۔

اگر کسی عورت کے ساتھ زنا کر لیا جائے' یا کسی کی کنیز کو غصب کر کے اُس کنیز کے ساتھ صحبت کر لی جائے' تو اس وجہ سے وہ عورت ثیبہ شمار نہیں ہوگی۔

یہ حکم امام ابوحنیفہ اور امام مالک کے نزدیک ہے۔

امام شافعی یہ فرماتے ہیں: عورت خواہ کسی بھی وجہ سے ثیبہ ہو جب وہ ثیبہ ہو جائے گی تو اب اُس کی زبردستی شادی نہیں کی جاسکتی۔

ان فقہاء کے درمیان اختلاف کا سبب یہ ہے کہ جن احادیث میں لفظ ''ثیبہ'' استعمال ہوا ہے وہاں اس سے مراد اس کا شرعی مفہوم ہے یا لغوی مفہوم ہے؟

امام ابوحنیفہ کے نزدیک اس سے مراد شرعی مفہوم ہوگا اور زنا اور غصب کیونکہ اس شرعی مفہوم میں شامل نہیں ہوتے اس لیے ان کے ذریعہ ثیبہ ہونا ثابت نہیں ہوگا۔ جبکہ امام شافعی لغوی حکم کا اعتبار کرتے ہیں اس لیے زنا اور غصب کے نتیجہ میں اُن کے نزدیک ثیبہ ہونے کا حکم ثابت ہو جائے گا۔

نابالغ لڑکی کے نکاح کا حکم

تمام فقہاء کا اس بات پر اتفاق پایا جاتا ہے کہ باپ اپنے نابالغ بیٹے کی شادی زبردستی کرسکتا ہے۔

اسی طرح باپ اپنی نابالغ بیٹی کی شادی زبردستی کرسکتا ہے یعنی اُسے اس بارے میں اپنے نابالغ بیٹے یا نابالغ بیٹی سے اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہے اور باپ کا کیا ہوا یہ نکاح ثابت شمار ہوگا جس پر نکاح سے متعلق تمام احکام جاری ہوں گے۔

فقہاء کے درمیان اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ باپ کے علاوہ کوئی اور سرپرست نابالغ لڑکے یا نابالغ لڑکی کی شادی اُس کی اجازت کے بغیر کرسکتا ہے یا نہیں؟

یہ دو مسئلے ہیں باپ کے علاوہ کوئی اور سرپرست نابالغ لڑکے کی شادی زبردستی کرسکتا ہے؟

امام مالک کے نزدیک نابالغ لڑکے کے باپ نے جس شخص کو اپنا وصی مقرر کیا ہو وہ اُس نابالغ لڑکے کی شادی اُس کی اجازت کے بغیر کرسکتا ہے۔

امام ابوحنیفہ اس بات کے قائل ہیں کہ نابالغ لڑکے کا کوئی بھی سرپرست اُس کی شادی کرسکتا ہے لیکن اس صورت میں حکم یہ ہوگا کہ جب وہ لڑکا بالغ ہو جائے گا تو اُسے اپنے سرپرست کی کروائی ہوئی اُس شادی کو برقرار رکھنے یا کالعدم قرار دینے کا اختیار ہوگا۔

امام شافعی اس بات کے قائل ہیں کہ باپ کے علاوہ اور کوئی بھی سرپرست نابالغ لڑکے کی شادی نہیں کرواسکتا۔

یہاں دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ کیا باپ کے علاوہ کوئی اور سرپرست نابالغ لڑکی کی شادی کرواسکتا ہے یا نہیں؟

امام مالک اس بات کے قائل ہیں کہ نابالغ لڑکی کا صرف باپ اُس کی شادی کرواسکتا ہے اور کوئی بھی سرپرست اُس کی شادی نہیں کرواسکتا۔

امام شافعی اس بات کے قائل ہیں کہ نابالغ لڑکی کا باپ اور دادا اُس کی شادی کرواسکتے ہیں ان دونوں کے علاوہ کوئی دوسرا

رشتہ دار اُس کی شادی نہیں کروا سکتا۔

امام ابوحنیفہ اس بات کے قائل ہیں کہ نابالغ لڑکی کا کوئی بھی سرپرست' اُس کی شادی کروا سکتا ہے' البتہ جب وہ لڑکی بالغ ہو جائے گی تو اُسے اُس نکاح کو برقرار رکھنے یا کالعدم قرار دینے کا اختیار ہوگا۔

سرپرستوں کے احکام

نکاح کی درستگی کیلئے ولی کا ہونا شرط ہے

فقہاء کے درمیان اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ ولی کی موجودگی' نکاح کے صحیح ہونے کیلئے شرط ہے' یا نہیں ہے؟

امام مالک اس بات کے قائل ہیں کہ (عورت کے) ولی کی موجودگی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا' اور ولی کی موجودگی نکاح میں شرط ہے۔

امام شافعی بھی اسی کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

امام ابن شہاب زہری' امام شعبی' امام ابوحنیفہ اور امام زفر کے نزدیک جب کوئی عورت ولی کے بغیر اپنی شادی خود کر لے اور مرد اُس کا کفو ہو' تو یہ نکاح درست ہوگا۔

داؤد ظاہری کے نزدیک کنواری لڑکی کی شادی میں اُس کے ولی کی موجودگی ضروری ہے' جبکہ ثیبہ کی شادی میں ولی کی موجودگی ضروری نہیں ہے۔

جن فقہاء نے ولی کی موجودگی کو شرط قرار دیا ہے' اُنہوں نے اپنے مؤقف کی تائید میں قرآن مجید کی یہ آیت پیش کی ہے:

''وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ'' (البقرہ:۲۳۲)۔

''اور جب تم عورتوں کو طلاق دیدو اور اُن کی عدت پوری ہو جائے' تو تم اُن عورتوں کو اس بات سے نہ روکو کہ وہ اپنے سابقہ شوہروں کے ساتھ (دوبارہ) شادی کر لیں''۔

اس آیت میں لڑکی کے اولیاء کو مخاطب کیا گیا ہے' اگر لڑکی کے سرپرست کا نکاح میں کوئی اثر نہ ہوتا' تو اُن لوگوں کو اُن خواتین کو روکنے سے منع نہ کیا جاتا' بلکہ براہِ راست خواتین کو یہ حکم دیا جاتا۔

اسی طرح دوسرے مقام پر ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا'' (البقرہ:۲۲۱)۔

''تم (اپنی خواتین کا) مشرکین کے ساتھ نکاح نہ کرو' جب تک وہ مؤمن نہ ہو جائیں''۔

اس آیت میں بھی لڑکی کے اولیاء کو مخاطب کیا گیا ہے۔

اس مؤقف کی قائلین کی تیسری بنیادی دلیل وہ حدیث ہے' جسے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نقل کیا ہے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ایما امرأة نکحت بغیر اذن ولیہ فنکاحھا باطل ثلاث مرات وان دخل بھا فالمھر لھا بما اصاب منھا فان اشتجروا' فالسلطان ولی من لا ولی لہ''۔

''جس عورت کا نکاح اُس کے ولی کی اجازت کے بغیر کر دیا جائے' تو اُس کا نکاح باطل شمار ہوگا' یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔ (پھر فرمایا:) اگر مرد نے (ایسے نکاح کے بعد) اُس عورت کے ساتھ صحبت کر لی' تو اُس صحبت کی وجہ سے اُس عورت کو مہر ملے گا اور اگر (لڑکی کے سرپرستوں کے درمیان) اختلاف ہو جائے' تو جس (عورت) کا کوئی ولی نہ ہو' حاکمِ وقت اُس کا ولی ہوتا ہے''۔

شیخ ابن جریج نے یہ بات بیان کی ہے کہ اُنہوں نے امام ابن شہاب زہری سے اس روایت کے بارے میں دریافت کیا' تو ابن شہاب اس سے واقف نہیں تھے۔

علماء نے یہ بات بیان کی ہے کہ امام ابن شہاب زہری' جنہوں نے عروہ کے حوالے سے' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس حدیث کو نقل کیا ہے' خود اُن کے نزدیک بھی عورت کے نکاح میں ولی کی موجودگی شرط نہیں ہے۔

اسی طرح خود سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے نزدیک بھی عورت کے نکاح میں ولی کی موجودگی شرط نہیں ہے۔

بعض حضرات ولی کی موجودگی شرط ہونے کی دلیل کے طور پر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول یہ حدیث پیش کرتے ہیں:

''لا نکاح الا بولی' وشاھدی عدل''۔

''ولی اور دو گواہوں کے بغیر نکاح نہیں ہوتا''۔

لیکن اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ یہ روایت ''مرفوع'' ہے' یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے طور پر منقول ہے؟ یا یہ ''موقوف'' ہے' یعنی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے قول کے طور پر منقول ہے؟

جن حضرات کے نزدیک لڑکی کے نکاح میں ولی کی موجودگی شرط نہیں ہے' اُنہوں نے اپنے مؤقف کی تائید میں قرآن کی یہ آیت دلیل کے طور پر پیش کی ہے:

''فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا فَعَلْنَ فِيْ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ'' (البقرہ: ۲۴۰)۔

''اور تم پر اُس حوالے سے کوئی گناہ نہیں ہوگا' جو وہ عورتیں اپنی ذات کے بارے میں مناسب طور پر کرتی ہیں''۔

اس میں اس بات کی صراحت موجود ہے کہ عورت اپنا عقدِ نکاح خود کر سکتی ہے۔

اسی طرح دوسری آیات میں نکاح کرنے کے فعل کی نسبت' خواتین کی طرف کی گئی ہے' جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ''۔

''وہ عورتیں اپنے (سابقہ) شوہروں کے ساتھ نکاح کر لیں''۔

دوسرے مقام پر ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''حَتّٰی تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ'' (البقرہ:۲۳۰)۔

''یہاں تک کہ وہ عورت دوسرے شخص کے ساتھ شادی کر لے''۔

جن حضرات نے عورت کے نکاح میں اُس کے ولی کی موجودگی کو شرط قرار نہیں دیا' اُنہوں نے اپنے اس مؤقف کی تائید میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول یہ حدیث پیش کی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''الایم احق بنفسها من ولیها' والبکر تستامر فی نفسها' واذنها صماتها''۔

''ثیبہ عورت اپنی ذات کے بارے میں' اپنے ولی سے زیادہ حق رکھتی ہے' جبکہ کنواری لڑکی سے اجازت لی جائے گی اور اُس کی خاموشی اُس کی اجازت ہوگی''۔

(اس حدیث کی تخریج پہلے گزر چکی ہے)

شیخ داؤد ظاہری نے اسی حدیث کی بنیاد پر ولی کے مسئلہ میں ثیبہ اور باکرہ کے درمیان فرق بیان کیا ہے۔

جن حضرات نے نکاح میں ولی کی موجودگی کو شرط قرار نہیں دیا' وہ اپنے اس مؤقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ اگر شارع کے نزدیک نکاح میں ولی کی موجودگی شرط ہوتی تو شارع ولی کی اجناس' اصناف اور مراتب کے احکام بیان کر دیتے' کیونکہ نکاح ایک ایسا عقد ہے' جو اسلامی معاشرہ کا ایک اہم جز ہے' اس لیے اس سے متعلق ضروری احکام کی وضاحت کو ترک کرنا ممکن نہیں ہے' اگر ولی کی موجودگی شرط ہوتی تو یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تواتر کے ساتھ منقول ہونی چاہیے تھی' حالانکہ درحقیقت ایسا نہیں ہے۔

ولی کی بحث

کتب فقہ میں ولی کے حوالے سے کچھ مباحث مذکور ہیں۔

تمام فقہاء اس بات پر متفق ہیں کہ ولی کیلئے مسلمان ہونا' بالغ ہونا' آزاد ہونا اور مرد ہونا شرط ہے۔

کوئی غیر مسلم' نابالغ یا کوئی خاتون ولی نہیں بن سکتے۔

غلام' فاسق شخص اور سفیہہ (یعنی ایسا شخص جس کا ذہنی توازن ٹھیک نہ ہو) ولی بن سکتے ہیں یا نہیں؟ اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

اکثر فقہاء نے یہ بات بیان کی ہے کہ کوئی غلام ولی نہیں بن سکتا' جبکہ امام ابوحنیفہ نے اسے درست قرار دیا ہے۔

اسی طرح فقہاء میں اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ ولی کیلئے سمجھدار ہونا ضروری ہے؟

امام شافعی کے نزدیک یہ ضروری ہے' جبکہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک ضروری نہیں ہے۔

امام مالک' ایک روایت کے مطابق' امام شافعی کا سا موقف رکھتے ہیں۔
فقہاء کے درمیان اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ اس ولایت کو' مال میں تصرف کی ولایت پر قیاس کیا جائے گا؟

ولی کی اصناف

جو حضرات ولایت کو شرط قرار دیتے ہیں' اُن کے نزدیک ولی کی چار بنیادی قسمیں ہیں۔
نسب' حاکمِ وقت' مولیٰ اعلیٰ' مولیٰ اسفل۔
جو لڑکی کسی بڑے خاندان کی نہ ہو' امام مالک کے نزدیک کوئی بھی مسلمان اُس کا ولی بن سکتا ہے۔
اگر لڑکی کے والد نے کسی شخص کو وصی مقرر کیا ہو' تو کیا وہ شخص بھی اُس لڑکی کا ولی شمار ہوگا' یا نہیں؟
امام مالک کے نزدیک وصی' ولی بن سکتا ہے' جبکہ امام شافعی نے اسے ممنوع قرار دیا ہے۔

نسب میں ولایت کی ترتیب

جو لوگ نسب کے اعتبار سے ولی بن سکتے ہوں' اُن میں ولایت کی ترتیب کیا ہوگی؟
امام مالک اس بات کے قائل ہیں کہ ولایت میں ''عصبہ'' ہونے کا اعتبار کیا جائے گا' البتہ بیٹے کا حکم مختلف ہوگا۔
جو شخص ''عصبہ'' ہونے میں قریبی رشتہ دار ہوگا' وہ اس ولایت کا زیادہ حق دار ہوگا۔
امام مالک کے نزدیک ''عصبہ'' رشتہ دار کے مقابلے میں عورت کا بیٹا' ولی بننے کا زیادہ حق دار ہوگا' خواہ وہ لڑکا' عورت کی اولاد ہو' یا اولاد کی اولاد ہو۔

اُس کے بعد عورت کے آباء و اجداد' پھر سگے بھائی' پھر صرف باپ کی طرف سے شریک بھائی' پھر سگے بھائی کے بیٹے' پھر باپ کی طرف سے شریک بھائی کے بیٹے' پھر باپ کے' باپ دادا' خواہ وہ اوپر کے مرتبہ کے ہوں' وغیرہ ولی بنیں گے۔
امام شافعی اس بات کے قائل ہیں کہ بیٹا' ولی نہیں بن سکتا۔
اس مسئلہ میں' یعنی اولیاء کی ترتیب میں فقہاء کے درمیان بہت سے جزوی اختلافات پائے جاتے ہیں۔
امام مالک نے بیٹے کے ولی بننے کے جواز کی دلیل میں' یہ حدیث پیش کی ہے:

''عن ثابت البنانی عن ابن عمر بن ابی سلمة عن ابیه عن ام سلمة قالت لما خطبها النبی صلی الله علیه وسلم قالت لیس احد من اولیائی شاهدا' فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس احد من اولیائك شاهد ولا غائب یکره ذلك . فقالت لابنها عمر قم فزوج رسول الله صلی الله علیه وسلم ''۔

''ثابت بنانی' حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے کے حوالے سے' اُن کے والد کے حوالے سے' سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں نکاح کا پیغام بھیجا تو

سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میرے سرپرستوں میں سے کوئی بھی یہاں موجود نہیں ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارا کوئی بھی سرپرست خواہ وہ موجود ہو یا نہ ہو اس رشتہ کو ناپسند نہیں کرے گا' تو سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے صاحبزادے حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ (میرا نکاح) کروادو'۔

یہاں فقہاء کے درمیان ایک ذیلی مسئلہ یہ مختلف فیہ ہے' قریبی ولی کی موجودگی میں دور کا ولی اگر لڑکی کا نکاح کر دیتا ہے' تو اس کا حکم کیا ہوگا؟

اس بارے میں امام مالک سے مختلف اقوال منقول ہیں' ایک قول کے مطابق امام مالک کے مطابق وہ نکاح فسخ شمار ہوگا' ایک قول کے مطابق اُن کے نزدیک یہ نکاح درست ہوگا' اور ایک قول کے مطابق قریبی ولی کو اس بات کا حق حاصل ہوگا کہ اگر وہ چاہے' تو اس نکاح کو برقرار رہے' اور اگر چاہے' تو اسے کالعدم قرار دے۔

امام شافعی اس بات کے قائل ہیں کہ اگر لڑکی کا باپ موجود ہو تو لڑکی کا کوئی بھی دوسرا عزیز اُس کا نکاح نہیں کرواسکتا۔

یہاں فقہاء کے درمیان ایک ذیلی مسئلہ کے بارے میں یہ اختلاف بھی ہے' اگر لڑکی کا قریبی ولی موجود نہ ہو' تو حکم کیا ہوگا؟

امام مالک یہ فرماتے ہیں: اگر لڑکی کا قریبی ولی موجود نہ ہو' تو یہ ولایت دور کے ولی تک منتقل ہو جائے گی۔

جبکہ امام شافعی اس بات کے قائل ہیں کہ یہ ولایت حاکمِ وقت کی طرف منتقل ہو جائے گی۔

کفو کے احکام

کفو کا لغوی معنیٰ' ہم پلہ ہونا ہے۔

تمام فقہاء اس بارے میں متفق ہیں کہ نکاح میں دین کے حوالے سے کفو کا اعتبار کیا جائے گا' یہاں دین سے مراد نیک ہونا ہے' اگر کسی لڑکی کا باپ اُس کی شادی کسی شرابی یا کسی فاسق شخص کے ساتھ کر دیتا ہے' تو عورت کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ اس نکاح سے انکار کر دے' اور قاضی اس معاملہ کا جائزہ لے کر اُس نکاح کو کالعدم قرار دے گا۔

اسی طرح اگر لڑکی کا باپ اُس کی شادی کسی ایسے شخص کے ساتھ کر دیتا ہے' جس کا ذریعۂ آمدن حرام ہو' یا جو بکثرت طلاقیں دیتا ہو' تو اس کا بھی یہی حکم ہوگا۔

کیا کفو میں نسب کا اعتبار کیا جائے گا؟ اس بارے میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام مالک اس بات کے قائل ہیں کہ کسی غیر عرب شخص کی شادی' کسی عرب عورت سے ہو سکتی ہے۔

امام مالک اپنے مؤقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کرتے ہیں:

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

''اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقَاکُمْ'' (الحجرات:۱۳)۔

''اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں' تم میں زیادہ معزز وہ شخص ہے' جو زیادہ پرہیزگار ہے''۔

امام ابوحنیفہ اور اُن کے اصحاب کے نزدیک کفو میں نسب کا اعتبار کیا جائے گا۔

فقہاء احناف نے اپنے مؤقف کی تائید میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے:

''خواتین کی شادی صرف اُن کے سرپرست کریں اور اُن کی شادی صرف ہم پلہ لوگوں میں کی جائے''۔

(سنن دار قطنی' سنن بیہقی)

فقہاء احناف اس بات کے قائل ہیں کہ قریش کے مختلف قبائل' ایک دوسرے کے کفو شمار ہوں گے' لیکن عربوں کے جو قبائل قریش کے ہم پلہ نہیں سمجھے جاتے' وہ نسبی طور پر اُن کا کفو قرار نہیں دیئے جائیں گے۔ اسی طرح (قریش کے علاوہ) دیگر عرب' ایک دوسرے کا کفو ہوں گے' لیکن کوئی غیر عربی' کسی عرب کا کفو نہیں ہوگا۔

غیر عرب' ایک دوسرے کا کفو شمار ہوں گے۔

اسی طرح احناف کے نزدیک مال کے اعتبار سے کفو ہونے کا اعتبار کیا جائے گا۔ اس سے مراد یہ ہے کہ عورت کی شادی ایسے شخص کے ساتھ کی جائے گی' جو مہر کی رقم بھی ادا کر سکتا ہو اور عورت کا خرچ بھی ادا کر سکتا ہو۔

تاہم فقہاء کے درمیان اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ خوشحالی کا اعتبار کیا جائے گا' یا نہیں؟

امام ابوحنیفہ اور امام محمد کے نزدیک اس بات کا اعتبار کیا جائے گا' یعنی جو شخص صرف عورت کو مہر اور خرچ فراہم کر سکتا ہے' وہ کسی خوشحالی گھرانے سے تعلق رکھنے والی عورت کا کفو شمار نہیں ہوگا۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ لوگ خوشحالی کے اعتبار سے ایک دوسرے پر فخر کرتے ہیں اور تنگدستی کے حوالے سے عار محسوس کرتے ہیں' تاہم امام ابویوسف کے نزدیک اس بات کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔

اسی مسئلہ کی ایک ذیلی شق یہ ہے کہ آیا کفو میں پیشے کا اعتبار کیا جائے گا؟ اس اختلاف کی وجہ بھی یہی ہے کہ بعض پیشے ایسے ہیں جنہیں معاشرے میں کمتر حیثیت دی جاتی ہے۔

نکاح میں گواہی کا حکم

نکاح کیلئے گواہی شرط ہے' اس بارے میں فقہاء کے درمیان اتفاق پایا جاتا ہے۔ لیکن فقہاء کے درمیان اس حوالے سے اختلاف یہ ہے کہ گواہی' نکاح کی درستگی کیلئے شرط ہے' یا یہ نکاح کی تکمیل کیلئے شرط ہے؟

اس بارے میں تمام فقہاء کا اتفاق ہے کہ خفیہ نکاح کرنا جائز نہیں ہے۔

احناف اس بات کے قائل ہیں کہ جب میاں بیوی دونوں مسلمان ہوں' تو اُن کا نکاح دو آزاد' عاقل' بالغ' مسلمان گواہوں کی موجودگی میں ہوسکتا ہے' خواہ وہ دونوں مرد ہوں' یا اُن دونوں میں سے ایک مرد ہو اور دوسرے مرد کی جگہ دو خواتین ہوں۔

احناف کے نزدیک نکاح کے گواہوں کا عادل ہونا شرط نہیں ہے۔ جبکہ امام شافعی کی رائے اس بارے میں مختلف ہے' وہ یہ فرماتے ہیں: گواہ بنانا' عزت افزائی کا باعث ہے اور فاسق شخص' اہانت کا مستحق ہوتا ہے۔

امام شافعی کے نزدیک دونوں گواہوں کا مرد ہونا ضروری ہے۔

احناف کے نزدیک کوئی غلام نکاح میں گواہ نہیں ہوسکتا' اسی طرح کوئی پاگل یا نابالغ شخص بھی نکاح میں گواہ نہیں بن سکتا' کیونکہ انہیں تصرف کرنے کا حق حاصل نہیں ہوتا۔

امام مالک کے نزدیک عقدِ نکاح کے وقت گواہوں کی موجودگی شرط نہیں ہے' وہ یہ فرماتے ہیں:

عقدِ نکاح کے ایجاب وقبول کے بعد اگر میاں بیوی نکاح کا اعلان کردیں تو یہ گواہوں کی جگہ کافی ہوگا۔

امام مالک کے نزدیک نکاح کا اعلان کرنا شرط ہے' انہوں نے اپنے اس مؤقف کی تائید میں یہ حدیث پیش کی ہے:

''اعلنوا ھذا النکاح' واضربوا علیہ بالدفوف''۔

''نکاح کا اعلان کرو اور اُس پر دف بجاؤ''۔

(اخرجہ الترمذی (۳/ ۳۹۸) کتاب النکاح' باب اعلان النکاح' حدیث (۱۰۸۹)۔ البیہقی (۷/ ۲۹۰) کتاب الصداق' باب اظہار النکاح واباحۃ الضرب بالدف۔ ابونعیم فی تاریخ اصبہان (۱/ ۱۷۴)۔ ابن الجوزی فی العلل المتناھیہ (۲/ ۶۲۷)

3457- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَمِّي حَدَّثَنِي يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ النِّكَاحَ كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ عَلٰى اَرْبَعَةِ اَنْحَاءٍ فَنِكَاحُ النَّاسِ الْيَوْمَ يَخْطُبُ الرَّجُلُ اِلَى الرَّجُلِ ابْنَتَهُ فَيُصْدِقُهَا ثُمَّ يَنْكِحُهَا قَالَتْ وَنِكَاحٌ اٰخَرُ كَانَ الرَّجُلُ يَقُوْلُ لِامْرَاَتِهِ اِذَا طَهُرَتْ مِنْ طَمْثِهَا اَرْسِلِيْ اِلٰى فُلَانٍ فَاسْتَبْضِعِيْ مِنْهُ وَاعْتَزَلَهَا زَوْجُهَا لَا يَمَسُّهَا اَبَدًا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ حَمْلُهَا مِنْ ذٰلِكَ الرَّجُلِ الَّذِيْ تَسْتَبْضِعُ مِنْهُ فَاِذَا تَبَيَّنَ حَمْلُهَا اَصَابَهَا زَوْجُهَا اِذَا اَحَبَّ وَاِنَّمَا يَصْنَعُ ذٰلِكَ رَغْبَةً فِيْ نَجَابَةِ الْوَلَدِ فَكَانَ هٰذَا النِّكَاحُ يُسَمّٰى نِكَاحَ الْاِسْتِبْضَاعِ قَالَتْ وَنِكَاحٌ اٰخَرُ يَجْتَمِعُ الرَّهْطُ دُوْنَ الْعَشَرَةِ فَيَدْخُلُوْنَ عَلَى الْمَرْاَةِ كُلُّهُمْ يُصِيْبُهَا فَاِذَا حَمَلَتْ وَوَضَعَتْ وَمَرَّتْ لَيَالِيْ بَعْدَ اَنْ تَضَعَ حَمْلَهَا اَرْسَلَتْ اِلَيْهِمْ فَلَمْ يَسْتَطِعْ رَجُلٌ مِنْهُمْ اَنْ يَمْتَنِعَ حَتّٰى يَجْتَمِعُوْا عِنْدَهَا فَتَقُوْلُ لَهُمْ قَدْ عَرَفْتُمُ الَّذِيْ كَانَ مِنْ اَمْرِكُمْ وَقَدْ وَلَدَتُهُ وَهُوَ ابْنُكَ يَا فُلَانُ فَتُسَمِّيْ مَنْ اَحَبَّتْ مِنْهُمْ بِاسْمِهِ فَيَلْحَقُ بِهِ وَلَدُهَا لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يَمْتَنِعَ مِنْهُ الرَّجُلُ وَنِكَاحٌ رَابِعٌ يَجْتَمِعُ النَّاسُ الْكَثِيْرُ فَيَدْخُلُوْنَ عَلَى الْمَرْاَةِ لَا تَمْتَنِعُ مِمَّنْ جَاءَهَا وَهُنَّ الْبَغَايَا وَكُنَّ يَنْصِبْنَ عَلٰى اَبْوَابِهِنَّ رَايَاتٍ تَكُنَّ عَلَمًا فَمَنْ اَرَادَهُنَّ دَخَلَ عَلَيْهِنَّ فَاِذَا حَمَلَتْ اِحْدَاهُنَّ فَوَضَعَتْ حَمْلَهَا جُمِعُوْا لَهَا وَدَعَوُا الْقَافَةَ لَهُمْ ثُمَّ اَلْحَقُوْا وَلَدَهَا بِالَّذِيْ يَرَوْنَ فَالْتَاطَهُ وَدَعَاهُ ابْنَهُ لَا يَمْتَنِعُ مِنْ ذٰلِكَ فَلَمَّا بَعَثَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ هَدَمَ نِكَاحَ اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ كُلَّهُ اِلَّا نِكَاحَ اَهْلِ الْاِسْلَامِ الْيَوْمَ .

۳۴۵۷- اخرجه البخاري في النكاح (۹/ ۸۸-۸۹) باب: من قال: لا نكاح الا بولي (۵۱۲۷) حدثنا يحيى بن سليمان' حدثنا ابن وهب' به- واخرجه البخاري في هذا الموضع ايضاً: حدثنا احمد بن صالح' حدثنا عنبسة' حدثنا يونس' به- واخرجه ابو داود في الطلاق (۴/ ۲۹۰) باب: في وجوه النكاح التي كان يتناكح بها اهل الجاهلية (۲۲۷۲): حدثنا احمد بن صالح' ثنا عنبسة بن خالد' حدثني يونس' به-

★★ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: زمانۂ جاہلیت میں نکاح چار طرح کے ہوتے تھے' ایک نکاح کا طریقہ وہ تھا جو آج کل لوگوں میں رائج ہے' آدمی کسی دوسرے شخص کو اُس کی بیٹی کیلئے نکاح کا پیغام بھیجتا ہے' اور اُس کو مہر دیتا ہے اور اُس کے ساتھ نکاح کر لیتا ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نکاح کا دوسرا طریقہ یہ تھا کوئی شخص اپنی بیوی سے' جب وہ اُس شخص سے طلاق لینے کے بعد پاک ہو جاتی تھی' یہ کہتا تھا: تم فلاں شخص کو پیغام بھیجو اور اُس کے ساتھ صحبت کر لو وہ شخص اس دوران اپنی بیوی سے الگ رہتا تھا اور اُس بیوی کے ساتھ اُس وقت تک صحبت نہیں کرتا تھا جب تک اُس دوسرے شخص سے اُس عورت کا حمل ظاہر نہیں ہو جاتا تھا' جس کے ساتھ اُس عورت نے صحبت کی تھی' جب عورت کا حمل ظاہر ہو جاتا تو اُس کا اصل شوہر اُس کے ساتھ صحبت کر لیتا' اگر اُسے اس کی خواہش ہوتی' وہ شخص ایسا اس لیے کرتا تھا تا کہ اُس کی اولاد کسی بڑے خاندان کے فرد کا نطفہ ہو۔ اس نکاح کو ''نکاح استبضاع'' کا نام دیا جاتا تھا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نکاح کا تیسرا طریقہ یہ تھا کہ کچھ لوگ اکٹھے ہوتے' اُن کی تعداد دس سے کم ہوتی' وہ سب کسی عورت کے پاس جاتے اور وہ سب اُس کے ساتھ صحبت کرتے' پھر وہ حاملہ ہو جاتی اور آخر کار بچے کو جنم دیتی' بچے کو جنم دینے کے کچھ دن بعد وہ اُن سب لوگوں کو بلواتی' اُن سب میں سے کوئی بھی شخص آنے سے انکار نہیں کر سکتا تھا' جب وہ لوگ اُس عورت کے پاس اکٹھے ہوتے تو وہ عورت اُن سے کہتی: تم لوگ جانتے ہو! کہ تم نے کیا کیا تھا؟ میں نے ایک بچے کو جنم دیا ہے' اے فلاں! یہ تمہارا بیٹا ہے' وہ عورت اُن افراد میں سے جس کا چاہتی اُس شخص کا نام لیتی' تو اُس کے بچے کا نسب اُس شخص کے ساتھ لاحق کر دیا جاتا' وہ شخص اب اُس بچے کا انکار نہیں کر سکتا تھا۔

چوتھا طریقہ یہ تھا: بہت سے لوگ اکٹھے ہو کر کسی عورت کے پاس جاتے' وہ عورت اپنے ہاں آنے والے کسی شخص کو روک نہیں سکتی تھی' یہ جسم فروش عورتیں ہوا کرتی تھیں' انہوں نے اپنے دروازوں پر مخصوص جھنڈے لگائے ہوئے ہوتے تھے جو ان (کے پیشے) کا علامتی نشان ہوتا تھا' جو شخص ان کے ہاں جانا چاہتا وہ چلا جاتا' جب ان میں سے کوئی ایک عورت حاملہ ہوتی اور بچے کو جنم دیتی تو سب لوگوں کو اُس کے پاس اکٹھا کیا جاتا' پھر کسی قیافہ شناس کو بلایا جاتا وہ اُس عورت کے بچے کو اُس شخص کے ساتھ لاحق کر دیتا جس کے ساتھ وہ بچہ مشابہت رکھتا' پھر لوگ اُس بچے کو اُس شخص کے بیٹے کے طور پر بلاتے اور وہ شخص اس سے انکار نہیں کر سکتا تھا۔

جب اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا تو زمانۂ جاہلیت کے تمام اقسام کے نکاح کا حکم ختم کر دیا' صرف وہ نکاح باقی رہ گیا جو آج کل مسلمانوں میں رائج ہے۔

3458- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ اَخْبَرَنِیْ ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ اَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَهُ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ النِّكَاحَ كَانَ فِی الْجَاهِلِيَّةِ عَلٰی اَرْبَعَةِ اَنْحَاءٍ وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ نَحْوَهُ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ لَمْ يَرْوِهِ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ . زَعَمُوْا اَنَّ يَحْيٰی بْنَ

۳۴۵۸- راجع الذی قبله-

مَعِينٍ حِينَ حَدَّثَهُ بِهِ اَصْبَغُ بَوْكَ مِنَ الْفَرَحِ وَقَالَ اَصْبَغُ فِي حَدِيثِهِ اَرْسِلِي اِلَى فُلَانٍ فَاسْتَبْضِعِي مِنْهُ وَيَعْتَزِلُهَا زَوْجُهَا وَلَا يَمَسُّهَا اَبَدًا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ حَمْلُهَا مِنْ ذٰلِكَ الرَّجُلِ الَّذِي تَسْتَبْضِعُ مِنْهُ فَاِذَا تَبَيَّنَ حَمْلُهَا اَصَابَهَا زَوْجُهَا اِذَا اَحَبَّ وَاِنَّمَا يَصْنَعُ ذٰلِكَ رَغْبَةً فِي نَجَابَةِ الْوَلَدِ فَكَانَ هٰذَا النِّكَاحُ يُسَمّٰى نِكَاحَ الْاِسْتِبْضَاعِ.

قَالَ الصَّاغَانِيُّ وَقَدْ رَوَاهُ غَيْرُ اَصْبَغَ حَدَّثَنَاهُ عُثْمَانُ بْنُ صَالِحٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ اَرْسِلِي اِلَى فُلَانٍ فَاسْتَرْضِعِي مِنْهُ وَاعْتَزَلَهَا زَوْجُهَا لَا يَمَسُّهَا اَبَدًا حَتّٰى يَسْتَبِينَ حَمْلُهَا مِنْ ذٰلِكَ الرَّجُلِ الَّذِي تَسْتَرْضِعُ مِنْهُ وَكَانَ هٰذَا يُسَمّٰى نِكَاحَ الْاِسْتِرْضَاعِ- قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ وَهٰذَا الصَّوَابُ- وَقَالَ فَلَمَّا بَعَثَ اللّٰهُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ هَدَمَ نِكَاحَ الْجَاهِلِيَّةِ.

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: زمانۂ جاہلیت میں چار طرح کے نکاح ہوتے تھے (اُس کے بعد اُنہوں نے حسبِ سابق حدیث ذکر کی ہے)۔

ایک روایت میں یہ الفاظ زائد ہیں: (شوہر اپنی بیوی سے یہ کہتا:) تم فلاں شخص کو پیغام بھیجو' پھر تم اُس کے ساتھ صحبت کرلو' اس دوران اُس عورت کا شوہر اُس سے الگ رہتا' اور عورت کے ساتھ اُس وقت تک صحبت نہ کرتا جب تک اُس شخص سے حمل ظاہر نہ ہوجاتا جس کے ساتھ عورت نے صحبت کی تھی' جب عورت کا حمل ظاہر ہوجاتا تو شوہر اُس کے ساتھ صحبت کرلیتا' اگر اُسے اس کی خواہش ہوتی' وہ ایسا اس لیے کرتا تھا تاکہ اُس کی اولاد نجیب ہو' اس نکاح کو ''نکاح استبضاع'' کا نام دیا گیا تھا۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: (شوہر بیوی سے کہتا:) تم فلاں شخص کو پیغام بھیجو اور اُس سے حاملہ ہوجاؤ' عورت کا شوہر عورت سے الگ رہتا اور اُس وقت تک اُس کے ساتھ صحبت نہیں کرتا جب تک دوسرے شخص سے عورت کا حمل ظاہر نہیں ہوجاتا' اس نکاح کو ''نکاح استرضاع'' کا نام دیا گیا۔

محمد بن اسحاق بیان کرتے ہیں: یہ درست ہے۔

(اس میں یہ الفاظ بھی ہیں:) جب اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا تو زمانۂ جاہلیت کے نکاح (کے مختلف طریقوں) کو ختم کردیا۔

3459- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي فَرْوَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ الْبَدَلُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اَنْ يَقُولَ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ تَنْزِلُ لِي عَنِ امْرَاَتِكَ وَاَنْزِلُ لَكَ عَنِ امْرَاَتِي وَاَزِيدُكَ قَالَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى (وَلَا اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ) قَالَ فَدَخَلَ عُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنٍ الْفَزَارِيُّ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ عَائِشَةُ فَدَخَلَ بِغَيْرِ اِذْنٍ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عُيَيْنَةُ فَاَيْنَ الْاِسْتِئْذَانُ. فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اسْتَاْذَنْتُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْ مُّضَرَ مُنْذُ

۳۴۵۹- عزاه ابن حجر في (الفتح)(۹/۹۰) للدارقطني وقال: (ولكن اسناده ضعيف جدا)- اه- قلت: و اسحاق بن عبد الله بن ابي فروة متروك الحديث- و عزاه السيوطي في الدر المنثور (۵/۴۰۰) للبزار و ابن مردويه-

اَدْرَكْتُ قَالَ مَنْ هٰذِهِ الْحُمَيْرَاءُ الَّتِيْ اِلٰى جَنْبِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ عَائِشَةُ اُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ . قَالَ اَفَلَا اَنْزِلُ لَكَ عَنْ اَحْسَنِ الْخَلْقِ قَالَ يَا عُيَيْنَةُ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَرَّمَ ذٰلِكَ . قَالَ فَلَمَّا اَنْ خَرَجَ قَالَتْ عَائِشَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ هٰذَا قَالَ هٰذَا اَحْمَقُ مُطَاعٌ وَّاِنَّهٗ عَلٰى مَا تَرَيْنَ لَسَيِّدُ قَوْمِهٖ .

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: زمانۂ جاہلیت میں بدل یہ ہوتا تھا کہ کوئی شخص دوسرے سے یہ کہتا: تم مجھے اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرنے دو میں تمہیں اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرنے دیتا ہوں میں تمہیں مزید (فائدہ) دوں گا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

(وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ)

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عیینہ بن حصن فزاری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُس وقت سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاں موجود تھے عیینہ اجازت لیے بغیر اندر آ گئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا: اے عیینہ! تم نے اجازت کیوں نہیں لی؟ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! جب سے میں بالغ ہوا ہوں میں نے مضر قبیلے کے کسی فرد کے ہاں اندر داخل ہونے کی اجازت طلب نہیں کی۔ اُس نے یہ بھی کہا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں موجود یہ خوبصورت خاتون کون ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ عائشہ ہے جو تمام اہلِ ایمان کی ماں ہے اُس نے کہا: کیا میں اس کی جگہ تبدیل کر کے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو زیادہ خوبصورت عورت نہ دوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عیینہ! اللہ تعالیٰ نے اس عمل کو حرام قرار دیا ہے۔

(راوی کہتے ہیں:) جب وہ شخص وہاں سے چلا گیا تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے دریافت کیا: یارسول اللہ! یہ کون تھا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ایک احمق رہنما تھا تم نے اس کی (جو ذہنی حالت) دیکھی ہے اُس کے باوجود یہ اپنی قوم کا سردار ہے۔

3460- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ .

★★ ابوبردہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا۔

•••———•••———•••

نکاح میں ولی کا حکم

صاحب ہدایہ تحریر کرتے ہیں: آزاد عاقل اور بالغ لڑکی کا نکاح اس کی رضامندی کے ساتھ منعقد ہو جاتا ہے اگرچہ ولی نے

۳۴۶۰- اخرجه احمد (۴/۳۹۴) و الترمذي في النكاح (۱۱۰۱) باب: ما جاء لا نكاح الا بولي، وابن حبان في النكاح (۴۰۸۳) من طريق عبد الرحمن بن مهدي به۔ واخرجه ابن ابي شيبة (۴/۱۳۱) و احمد (۴/۳۹۴، ۴۱۳) والدارمي (۲/۱۳۷) و ابو داود في النكاح (۲۰۸۵) باب: في الولي، و الطحاوي (۳/۹۰۸) و الحاكم (۲/۱۷۰) و البيهقي (۷/۱۰۷) من طرق عن اسرائيل به۔

اسے منعقد نہ کروایا ہو خواہ وہ لڑکی باکرہ ہو یا ثیبہ ہو

یہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہے اور ظاہر الروایت کے مطابق امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے یہ روایت بھی منقول ہے: نکاح صرف ولی کی موجودگی میں منعقد ہوگا۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وہ منعقد ہو جائے گا (لیکن ولی کے اجازت دینے پر) موقوف ہوگا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: خواتین کی عبارت کے ذریعے نکاح سرے سے منعقد ہی نہیں ہوگا' کیونکہ نکاح سے مراد اس کے مخصوص مقاصد ہوتے ہیں اور یہ معاملہ ان خواتین کے سپرد کرنے کے نتیجے میں' ان مقاصد میں خلل لازم آتا ہے۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: وہ خلل' ولی کے اجازت دینے سے ختم ہو جاتا ہے۔

(ایسے نکاح کو) جائز قرار دینے کی وجہ یہ ہے: اس عورت نے خالص اپنے حق میں تصرف کیا ہے اور وہ اس کی اہل بھی ہے' کیونکہ وہ عاقل ہے اور سمجھدار ہے' یہی وجہ ہے: اسے اپنے مال میں بھی تصرف کرنے کا اختیار حاصل ہے اور اسے شوہر منتخب کرنے کا بھی اختیار حاصل ہے۔

ولی کے ذریعے شادی کرنے کا مطالبہ اس لیے کیا جاتا ہے کہ اسے بے شرمی کی طرف منسوب نہ کیا جائے۔

پھر ظاہر الروایت میں یہ بھی منقول ہے: اس بارے میں کفو اور غیر کفو کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے' تاہم غیر کفو کے بارے میں اعتراض کرنے کا حق' ولی کو حاصل ہوگا۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ سے یہ روایت بھی منقول ہے: غیر کفو میں ایسا کرنا جائز نہیں ہوگا' کیونکہ کتنے ہی ایسے واقعات ہیں جو مشہور نہیں ہو پاتے (یا جو عدالت تک نہیں پہنچ پاتے)۔

یہ بھی روایت کیا گیا ہے: امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے ان دونوں حضرات کے قول کی طرف رجوع کر لیا تھا۔ (الھدایہ: کتاب النکاح)

3461- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ عَنِ ابْنِ خُزَيْمَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا مُوْسٰى يَقُوْلُ كَانَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ يُثْبِتُ حَدِيْثَ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ وَقَالَ اِنَّمَا فَاتَنِىْ مَا فَاتَنِىْ مِنْ حَدِيْثِ سُفْيَانَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ مَا فَاتَنِىْ اتِّكَالاً مِنِّىْ عَلٰى حَدِيْثِ اِسْرَائِيْلَ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

3462- حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَسَنِ الْهَمَذَانِىُّ الْقَاضِىْ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَاهَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ السَّعْدِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ اِسْرَائِيْلَ مِثْلَ قَوْلِ ابْنِ سِنَانٍ .قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ

۳۴۶۱- قال صاحب التعليق المغني (۳/ ۲۲۰): (روى الترمذي من طريق ابن مهدي قال: ما فاتني الذي فاتني من حديث الثوري عن ابي اسحاق الا لما اتكلت به على اسرائيل' الا انه ياتي به اتم)- الا- وانظر ترجمة ابي اسحاق السبيعي: عمرو بن عبد الله في تهذيب الكمال (۲۲/ ۱۰۲- وما بعدها) طبقات ابن سعد (٦/ ۳۱۳) و تاريخ البخاري (ت ۲۵۹٤) و الجرح و التعديل الترجمة رقم (۱۳٤۷) و ثقات ابن حبان (۵/ ۱۷۷) و تهذيب التهذيب (۸/ ٦۳- ٦۷) و التقريب (۲/ ۷۳)- و قد تقدمت ترجمته مختصرًا مرارًا-

۳۴۶۲- راجع ترجمة ابي اسحاق-

مَخْلَدٍ فَقِيلَ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِنَّ شُعْبَةَ وَسُفْيَانَ يُوقِفَانِهٖ عَلٰى اَبِىْ بُرْدَةَ .فَقَالَ اِسْرَائِيْلُ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ اَحَبُّ اِلَىَّ مِنْ سُفْيَانَ وَشُعْبَةَ .

☆☆ عبدالرحمٰن ہمدانی نے اپنی سند کے حوالے سے اسے اسرائیل سے اُسی طرح نقل کیا ہے جیسے ابن سنان نے نقل کیا ہے۔

محمد بن مخلد کہتے ہیں: عبدالرحمٰن ہمدانی سے کہا گیا: شعبہ اور سفیان دونوں نے اسے ابو بردہ تک ''موقوف'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔

تو اُنہوں نے فرمایا: اسرائیل نے ابواسحاق کے حوالے سے جو روایت نقل کی ہے' وہ میرے نزدیک سفیان اور شعبہ سے منقول روایت سے زیادہ پسندیدہ ہے۔

3463- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَهْدِيٍّ اَبُوْ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا صَالِحٌ جَزَرَةُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَدِيْنِيُّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ مَهْدِيٍّ يَقُوْلُ كَانَ اِسْرَائِيْلُ يَحْفَظُ حَدِيْثَ اَبِىْ اِسْحَاقَ كَمَا يَحْفَظُ سُوْرَةَ الْحَمْدِ .قَالَ صَالِحٌ اِسْرَائِيْلُ اَتْقَنُ فِىْ اَبِىْ اِسْحَاقَ خَاصَّةً.

☆☆ دعلج بن احمد نے اپنی سند کے ہمراہ عبدالرحمٰن بن مہدی کا یہ فرمان نقل کیا ہے: اسرائیل کو ابواسحاق کی روایات اُسی طرح یاد تھیں جس طرح اُنہیں سورۂ فاتحہ یاد تھی۔

صالح فرماتے ہیں: اسرائیل بطور خاص ابواسحاق کی روایات کو زیادہ محفوظ طور پر (نقل کرتے ہیں)۔

3464- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمَالِكِيُّ بِالْبَصْرَةِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى الْحَرَشِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِىْ مُوْسٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ .

☆☆ ابو بردہ اپنے والد (حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل

٣٤٦٣- راجع مصادر ترجمة ابي اسحاق-

٣٤٦٤- كذا ساقه المصنف من طريق شعبة موصولاً' و اخرجه الطحاوي في المعاني (٩/٣) من طريق شعبة عن ابي اسحاق عن ابي بردة مرسلاً- و ذكر الترمذي شعبة فيمن اخرجه مرسلاً؛ كما سياتي- و اخرجه شريك عن ابي اسحاق عن ابي بردة عن ابي موسى' به موصولاً' اخرجه الترمذي في النكاح (١١٠١) باب: ما جاء لا نكاح الا بولي' و البيهقي في الكبرى (٧/١٠٧-١٠٨)- و اخرجه زهير بن معاوية عن ابي اسحاق موصولاً: اخرجه ابن حبان (٤٠٧٧) و ابن الجارود (٧٠٣) و الحاكم (٢/١٧١) و البيهقي (٧/١٠٧)- و تابعهم على وصله عن ابي اسحاق: ابو عوانة: عند الترمذي في النكاح (١١٠١) باب: ما جاء : لا نكاح الا بولي' و ابن ماجه في النكاح (١٨٨١) باب: لا نكاح الا بولي' و الحاكم (٢/١٧١) و البيهقي (٧/١٠٧) و الطحاوي في المعاني (٩/٣)- و يونس عند: ابي داود في النكاح (٢٠٨٥) باب: في الولي' و الترمذي في النكاح (١١٠١) باب: ما جاء لا نكاح الا بولي' و الحاكم (٢/١٧١) و البيهقي (٧/١٠٩)- و اخرجه شعبة و الثوري و اختلف عليهما' و سبق بيان ذلك بالنسبة لشعبة' و اما الثوري فاخرجه عن ابي اسحاق مرسلاً عند عبد الرزاق (١٠٤٧٥) و الطحاوي (٩/٣) و البيهقي (٧/١٠٨)- و اخرجه عن ابي اسحاق موصولاً: عند ابن الجارود (٧٠٤) و الطحاوي (٩/٣) و الحاكم (٢/١٦٩) و البيهقي (٧/١٠٩)- و قال ابن حبان (٩/٣٩٥): (سمع هذا الخبر ابو بردة عن ابي موسى مرفوعاً: فمرة كان يحدث به عن ابيه مسنداً' و مرة يرسله' و سمعه ابو اسحاق من ابي بردة مرسلاً و مسنداً معاً: فمرة كان يحدث به مرفوعاً' و تارة مرسلاً: فالخبر صحيح مرسلاً و مسنداً معاً لا شك' و لا ارتياب في صحته)- اه- قال الترمذي (٣/٤٠٨):

کرتے ہیں: ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا۔

3465- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ دَاوُدَ حَدَّثَنِیْ عَمِّیْ حَدَّثَنَا ابْنُ الْاَصْبَهَانِیِّ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِیْ هَارُوْنَ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ قَالَ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ وَشُهُوْدٍ وَّمَهْرٍ اِلَّا مَا كَانَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

ابوسعید فرماتے ہیں: ولی' گواہوں اور مہر کے بغیر نکاح درست نہیں ہوتا' البتہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (کا نکاح ان کے بغیر بھی ہوسکتا ہے)۔

شرح: مہر کا ذکر کیے بغیر نکاح درست ہوتا ہے

صاحب ہدایہ لکھتے ہیں: نکاح درست ہوتا ہے' اگرچہ اس میں مہر طے نہ کیا گیا ہو'اس کی وجہ یہ ہے: لغت کے اعتبار سے لفظ نکاح کا مطلب انضمام (ملنے) یا ازدواج (شادی ہونے) کے عقد کا نام ہے اور وہ زوجین (میاں بیوی) سے مکمل ہوجاتا ہے۔

پھر شریعت کے اعتبار سے مہر واجب ہے' یہ اس محل کی عزت واحترام کو ظاہر کرنے کے لئے ہے اس لیے نکاح کے درست ہونے میں اس کا ذکر کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

اسی طرح اگر کوئی شخص عورت کے ساتھ اس شرط پر شادی کرتا ہے کہ اس (عورت) کو مہر نہیں ملے گا (تو وہ نکاح درست ہوگا) اس کی وجہ ہم بیان کرچکے ہیں' اس بارے میں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی رائے مختلف ہے۔(الہدایہ: کتاب النکاح)

3466- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُوْسٰى اَنَّ ابْنَ شِهَابٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ عُرْوَةَ اَخْبَرَهُ اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ نَكَحَتْ بِغَيْرِ اِذْنِ وَلِيِّهَا فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ فَاِنْ دَخَلَ بِهَا فَالْمَهْرُ لَهَا بِمَا اَصَابَ مِنْهَا فَاِنْ تَشَاجَرُوْا فَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَا وَلِيَّ لَهُ .

۳۴۶۵- اخرجه البيهقي في السنن (۵٦/۷) كتاب: النكاح: باب: ما ابيح له من النكاح بغير ولي و بغير شاهدين: اخبرنا ابو طاهر الفقيه و ابو سعيد بن ابي عمرو' قالا: ثنا ابو العباس محمد ابن يعقوب' ثنا محمد بن اسحاق' انبا ابن الاصبهاني' ثنا شريك عن ابي هارون عن ابي سعيد' به- و نقله الزيلعي في نصب الراية (۹۳/٤) عن الدارقطني قال: (عن ابي هارون العبدي عن ابي سعيد...... فذكره) قال: (و ابو هارون فيه مقال)- الا- و الذي هنا في سنن الدارقطني (شريك عن الزهري عن ابي سعيد)-

۳۴۶٦- اخرجه عبد الرزاق في النكاح (۱۹۵/۵) باب: النكاح بغير ولي (۱۰٤۷۲)' و من طريقه البيهقي في الكبرى (۱۰۵/۷)- و اخرجه ابن ابي شيبة (۱۲۸/٤)' و الطيالسي (۱٤٦۳)' و احمد (٤۷/٦' ۱٦۵- ۱٦٦)' و ابو داود في النكاح (۲۰۸۳) باب: في الولي' و الترمذي في النكاح (۱۱۰۲) باب: ما جاء: لا نكاح الا بولي' و النسائي في الكبرى: كما في التحفة (٤۲/۱۲)' و ابن ماجه في النكاح (۱۸۷۹) باب: لا نكاح الا بولي' و الطحاوي في المعاني (۷/۳' ۸)' و ابن حبان (٤۰۷٤' ٤۰۷۵)' و الحاكم (۱٦۸/۲)' و البيهقي في الكبرى (۱۰۵/۷' ۱۱۳' ۱۲٤' ۱۲۵' ۱۳۸) من طرق عن ابن جريج' به- و صححه الحاكم على شرطهما- و في رواية لاحمد (۲۷/٦) و سنن البيهقي (۱۰۷/۷)' و تلخيص الحبير (۱۵۷/۳)- و قد توبع سليمان بن موسى على روايته عن الزهري' فاخرجه الترمذي في العلل الكبير (٤۳۰/۱) من طريق زمعة بن صالح' و احمد (٦٦/٦)' و ابو داود (۲۰۸٤)' و الطحاوي (۷/۳)' و البيهقي (۱۰٦/۷) عن جعفر بن ربيعة' و احمد (۲۵۰/۱) (۲٦۰/٦)' و ابن ابي شيبة (۱۳۰/٤)' و ابن ماجه (۱۸۸۰)' و الطحاوي (۷/۳)' و البيهقي (۱۰٦/۷' ۱۰۷) عن حجاج بن ارطاة' و الطحاوي (۷/۳) عن عبيد الله بن ابي جعفر' جميعاً عن الزهري' به- و سياتي عند الدارقطني قريباً من طريق محمد بن يزيد بن سنان عن ابيه عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة-

★★ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: جو عورت ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرلے اُس کا نکاح باطل ہوگا' اُس کا نکاح باطل ہوگا' اُس کا نکاح باطل ہوگا' اگر مرد اُس کے ساتھ صحبت کرلے تو مرد کے اس عمل کی وجہ سے اُس عورت کو مہر ملے گا' اگر اُن کے درمیان آپس میں اختلاف ہوجائے' تو جس کا کوئی ولی نہ ہو' حاکم وقت اُس کا ولی ہوتا ہے۔

3467- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْهَيْثَمِ الْبَزَّارُ وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَطِيرِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ اَبِي حَرْبٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ وَشَاهِدَىْ عَدْلٍ وَاَيُّمَا امْرَاَةٍ اَنْكَحَهَا وَلِيٌّ مَسْخُوطٌ عَلَيْهِ فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ . رَفَعَهُ عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ وَلَمْ يَرْفَعْهُ غَيْرُهُ .

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ولی اور دو عادل گواہوں کے بغیر نکاح نہیں ہوتا' جس عورت کا نکاح ایسا ولی کروائے' جس سے ناراضگی ہو' تو اُس عورت کا نکاح باطل ہوگا۔

عدی بن فضل نامی راوی نے اسے ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کیا ہے' جبکہ دیگر راویوں نے اسے ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل نہیں کیا۔

3468- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عِيسَى بْنِ اَبِي حَيَّةَ اِمْلَاءً حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِي اِسْرَائِيلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَةَ كَمْ كَانَ اِصْدَاقُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَزْوَاجَهُ فَقَالَتْ كَانَ صَدَاقُهُ اثْنَتَىْ عَشْرَةَ اُوقِيَّةً وَنَشًّا . قَالَتْ هَلْ تَدْرِى مَا النَّشُّ هُوَ نِصْفُ الْاُوقِيَّةِ فَتِلْكَ خَمْسُمِائَةِ دِرْهَمٍ .

★★ ابوسلمہ بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج کو کتنا مہر ادا کرتے تھے؟ تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: بارہ اوقیہ اور ''نش''۔

۳۴۶۷- اخرجه الطبراني في الاوسط (۵۲۱) من طريق عبيد الله بن عمر القواريري عن عبد الله بن داود' و بشر بن المفضل' و عبد الرحمن بن مهدي عن سفيان - وهو الثوري - عن عبد الله بن عثمان بن خثيم' باسناده بلفظ: (لانكاح الا باذن ولي مرشد او سلطان)- اه- وقال: (لم يرو هذا الحديث مسندًا عن سفيان الا ابن داود' و بشر' و ابن مهدي' تفرد به القواريري)- اه- و اخرجه الطبراني في الاوسط ايضاً (۴۲۶۸) (۶۱۶۹) من طريق الربيع بن بدر' و عبد الرحمن بن قيس الضبي - فرقهما - عن النهاس بن قهم عن عطاء بن ابي رباح عن ابن عباس مرفوعاً - و لفظ الربيع: (لا يجوز نكاح الا بولي و شاهدين' و مهر ما كان: قل ام كثر)- اه- وقال: لم يرو هذا الحديث عن عطاء عن ابن عباس الا النهاس بن قهم' ولا عن النهاس الا الربيع و عبد الرحمن بن قيس الضبي' اه- و اخرجه الطبراني في الاوسط ايضاً (۲۴۷۵) مختصرًا من طريق سهل بن عثمان' نا ابن المبارك عن خالد الحذاء عن الحجاج بن ارطاة عن عكرمة عن ابن عباس مرفوعًا - وقال: (لم يرو عن ابن المبارك عن خالد الحذاء الا سهل بن عثمان عن الحجاج بن ارطاة عن عكرمة - و اخرجه النساس عن ابن المبارك عن الحجاج بن ارطاة)- اه- وفي الباب عن جماعة من الصحابة منهم: جابر و ابو هريرة رضي الله عنهما-

۳۴۶۸- اخرجه مسلم في النكاح (۱۰۴۲/۲) باب: الصداق و جواز كونه تعليم قرآن و خاتم حديد' و غير ذلك من قليل و كثير- و استحباب كونه خمسمائة درهم لمن لايجحف به (۱۴۲۶) و ابو داود في النكاح (۲۱۰۵) باب: الصداق' و النسائي في النكاح (۱۱۶/۶) باب: القسط في الاصدقة (۳۳۴۷) و ابن ماجه في النكاح (۱۸۸۶) باب: صداق النساء' من طرق عن عبد العزيز ابن محمد الدراوردي' به-

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے دریافت کیا: کیا تم جانتے ہو "نش" سے مراد کیا ہے؟ اس سے مراد نصف اوقیہ ہے اور (مہر کی مجموعی رقم) پانچ سو درہم بنتی ہے۔

امام دارقطنی نے آگے چل کر وہ روایات نقل کی ہیں' جن میں یہ مذکور ہے کہ دس درہم سے کم مہر نہیں ہو سکتا۔

شرح: مہر کی کم از کم مقدار دس درہم ہے

صاحب ہدایہ لکھتے ہیں: مہر کی کم از کم مقدار دس درہم ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ہر وہ چیز جو سودے میں قیمت بن سکتی ہے وہ عورت کا مہر بھی بن سکتی ہے' کیونکہ مہر عورت کا حق ہے' لہٰذا اس کا تعین بھی عورت کے سپرد ہوگا۔

ہماری دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

"دس درہم سے کم مہر نہیں ہوگا"۔

اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے: یہ شریعت کا حق ہے' جو واجب کیا گیا ہے تاکہ اس محل کے عزت و احترام کو واضح کیا جا سکے۔ لہٰذا اس کا اندازہ اس چیز کے مطابق ہوگا جو صاحب حیثیت ہو اور وہ کم از کم دس (درہم) ہے اور اس کا استدلال (یا قیاس) چوری کے نصاب پر کیا جائے گا۔

اگر دس درہم سے کم مہر مقرر کیا گیا ہو' تو ہمارے نزدیک اس عورت کو دس درہم ملیں گے۔

امام زفر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس عورت کو مہر مثل ملے گا اس کی وجہ یہ ہے: جو چیز مہر ہونے کی صلاحیت نہ رکھتی ہو اگر اسے طے کر لیا جائے تو گویا وہ معدوم ہے۔

ہماری دلیل یہ ہے: یہ طے شدہ مقدار شریعت کے حق کے اعتبار سے فاسد ہے' لہٰذا دس کے عدد کے ساتھ یہ درست ہو جائے گی۔ رہی وہ بات جو عورت کے حق کی طرف لوٹتی ہے' تو وہ عورت دس درہم پر راضی ہو جائے گی' کیونکہ وہ اس سے کم پر بھی راضی ہو چکی تھی۔

اس بارے میں طے شدہ مقدار نہ ہونے کا اعتبار نہیں کیا جائے گا' کیونکہ بعض اوقات عورت عزت و احترام کے پیش نظر کسی عوض کے بغیر بھی ملکیت بننے (یعنی بیوی بننے) پر راضی ہو جاتی ہے۔ اور وہ اس بارے میں تھوڑے عوض پر راضی نہیں ہوگی۔ (الہدایہ: کتاب النکاح)

3469 - حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْحَنَّاطُ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْيَمَانِ عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ صَدَاقُنَا اِذْ كَانَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَ اَوَاقٍ وَّيَضْرِبُ بِيَدِهٖ عَلَى الْاُخْرٰى فَذٰلِكَ اَرْبَعُمِائَةِ دِرْهَمٍ.

۳۴۶۹- اخرجه النسائي في النكاح (۱۱۷/۶) باب: القسط في الاصدقة (۳۳۴۸) من طريق عبد الرحمن بن مهدي' حدثنا داود بن قيس' به- و اخرجه احمد في المسند (۳۶۷/۲): حدثنا اسماعيل بن عمر عن داود بن قيس' به-

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان موجود تھے تو ہم دس اوقیہ مہر ادا کرتے تھے پھر اُنہوں نے ایک ہاتھ دوسرے پر مارتے ہوئے فرمایا: یہ چار سو درہم ہوتے ہیں۔

3470 - حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْمَالِكِيُّ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّ مَعْقِلَ بْنَ يَسَارٍ زَوَّجَ اُخْتًا لَهٗ فَطَلَّقَهَا الرَّجُلُ ثُمَّ اَنْشَاَ يَخْطُبُهَا فَقَالَ زَوَّجْتُكَ كَرِيمَتِي فَطَلَّقْتَهَا ثُمَّ اَنْشَاْتَ تَخْطُبُهَا فَاَبٰى اَنْ يُّزَوِّجَهٗ وَهَوِيَتْهُ الْمَرْاَةُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى هٰذِهِ الْاٰيَةَ (وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ) .هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ اَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ عَنْ يُوْنُسَ .وَعَنْ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ طَهْمَانَ عَنْ يُوْنُسَ .

☆☆ حضرت حسن بصری فرماتے ہیں: حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ نے اپنی بہن کی شادی کی اُن کے شوہر نے اُنہیں طلاق دے دی اُس کے بعد اُس شخص نے دوبارہ اُس خاتون کے ساتھ شادی کرنے کیلئے نکاح کا پیغام بھیجا تو حضرت معقل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے اپنی معزز (بہن) کے ساتھ تمہاری شادی کی اور تم نے اُسے طلاق دے دی اب پھر تم نے نکاح کا پیغام بھیج دیا ہے حضرت معقل رضی اللہ عنہ نے (اپنی بہن کی شادی) اُس کے ساتھ کرنے سے انکار کر دیا۔ لیکن وہ خاتون اُس شخص کے ساتھ شادی کرنا چاہتی تھی تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''جب تم عورتوں کو طلاق دے دو اور اُن کی عدت پوری ہو جائے تو تم اُنہیں اس بات سے منع نہ کرو کہ وہ (اپنے سابقہ) شوہروں کے ساتھ شادی کر لیں''۔

یہ حدیث ''صحیح'' ہے۔ امام بخاری نے اسے ابومعمر کے حوالے سے عبدالوارث کے حوالے سے یونس سے نقل کیا ہے۔

اس کے علاوہ احمد بن ابوعمرو کے حوالے سے اُن کے والد کے حوالے سے ابراہیم بن طہمان کے حوالے سے یونس سے نقل کیا ہے۔

3471 - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّهٗ قَالَ فِيْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ (فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ) قَالَ حَدَّثَنِيْ مَعْقِلُ بْنُ يَسَارٍ الْمُزَنِيُّ اَنَّهَا نَزَلَتْ فِيْهِ .قَالَ كُنْتُ زَوَّجْتُ اُخْتًا لِيْ مِنْ رَجُلٍ فَطَلَّقَهَا حَتّٰى انْقَضَتْ عِدَّتُهَا ثُمَّ جَاءَ يَخْطُبُهَا فَقُلْتُ لَهٗ زَوَّجْتُكَ وَفَرَشْتُكَ وَاَكْرَمْتُكَ فَطَلَّقْتَهَا ثُمَّ جِئْتَ تَخْطُبُهَا لَا وَاللّٰهِ لَا تَعُوْدُ اِلَيْهَا اَبَدًا قَالَ وَكَانَ الرَّجُلُ لَا بَاْسَ بِهٖ وَكَانَتِ الْمَرْاَةُ تُرِيْدُ اَنْ تَرْجِعَ اِلَيْهِ قَالَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى

٣٤٧٠- اخرجه البخاري في التفسير (٤٥٢٩) باب: (اذا طلقتم النساء......) الى قوله: (ينكحن ازواجهن) و في النكاح (٥١٣٠) باب: من قال: لا نكاح الا بولي و في الطلاق (٥٣٣٠) باب: (و بعولتهن احق بردهن) و ابو داود في النكاح (٢٠٧٨) باب: في العضل و الترمذي في التفسير (٢٩٨١) باب: و من سورة البقرة و الطبري (٢/ ٢٩٧) و الطيالسي (٩٣٠) و الطبراني (٢٠/رقم ٤٦٧، ٤٧٥، ٤٧٧) و الحاكم (٢/ ١٧٤، ٢٨٠) و البيهقي (٧/ ١٣٨) و الواحدي في اسباب النزول ص (٥٦-٥٨) و البغوي في تفسيره (١/ ٢١٠) من طرق عن الحسن عن معقل به- و صححه الحاكم وقال الترمذي: (حسن صحيح)- وقد صرح الحسن بالتحديث في طرق الحديث.

٣٤٧١- رواية ابراهيم بن طهمان عن البخاري في الموضع السابق ذكره في النكاح-

هٰذِهِ الْآيَةَ فَقُلْتُ الْآنَ اَفْعَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَزَوَّجْتُهَا اِيَّاهُ .وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ عَبَّادُ بْنُ رَاشِدٍ عَنِ الْحَسَنِ .وَسَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ مَّعْقِلٍ .

★★ حسن بصری' اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں بیان کرتے ہیں:

''تو تم اُن عورتوں کو اس بات سے منع نہ کرو کہ وہ (اپنے سابقہ) شوہروں کے ساتھ شادی کرلیں' اگر وہ مناسب طور پر آپس میں (دوبارہ شادی کرنے پر) راضی ہوں''۔

حسن بصری نے فرمایا: حضرت معقل بن یسار مزنی رضی اللہ عنہ نے مجھے بتایا: یہ آیت اُن کے بارے میں نازل ہوئی تھی۔ اُنہوں نے اپنی بہن کی شادی ایک شخص کے ساتھ کی' اُس شخص نے اُس خاتون کو طلاق دے دی' یہاں تک کہ اُس عورت کی عدت گزر گئی' پھر اُسی شخص نے دوبارہ اُس خاتون کے ساتھ شادی کرنے کا پیغام بھیجا' تو میں نے اُس سے کہا: میں نے تمہارے ساتھ (اپنی بہن کی) شادی کی' اُسے تمہاری بیوی بنایا' تمہاری عزت افزائی کی اور تم نے اُسے طلاق دے دی! اور اب پھر تم نکاح کا پیغام لے کر آ گئے ہو' نہیں! اللہ کی قسم! تم اُسے دوبارہ کبھی بھی حاصل نہیں کرسکو گے' حضرت معقل فرماتے ہیں: اُس شخص میں اور کوئی خرابی نہیں تھی اور وہ عورت بھی اُس کے ساتھ دوبارہ شادی کرنا چاہتی تھی' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

(حضرت معقل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:) میں نے کہا: یارسول اللہ! اب میں ایسا ہی کروں گا' پھر میں نے عورت کی شادی اُس شخص کے ساتھ کردی۔

عباد بن راشد نے حسن بصری کے حوالے سے اسی طرح نقل کیا ہے۔

سعید نے قتادہ کے حوالے سے' حسن بصری کے حوالے سے' حضرت معقل رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔

3472- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَخْتَرِيِّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ رَاشِدٍ عَنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنِي مَعْقِلُ بْنُ يَسَارٍ قَالَ كَانَتْ لِيْ اُخْتٌ فَخُطِبَتْ اِلَيَّ وَكُنْتُ اَمْنَعُهَا النَّاسَ فَاَتَانِيَ ابْنُ عَمٍّ لِيْ فَخَطَبَهَا فَاَنْكَحْتُهَا اِيَّاهُ فَاصْطَحَبَا مَا شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى ثُمَّ طَلَّقَهَا طَلَاقًا لَهُ رَجْعَةٌ ثُمَّ تَرَكَهَا حَتّٰى انْقَضَتْ عِدَّتُهَا فَخَطَبَهَا مَعَ الْخُطَّابِ فَقُلْتُ مَنَعْتُهَا النَّاسَ وَزَوَّجْتُكَ اِيَّاهَا ثُمَّ طَلَّقْتَهَا طَلَاقًا لَهُ رَجْعَةٌ ثُمَّ تَرَكْتَهَا حَتّٰى انْقَضَتْ عِدَّتُهَا فَلَمَّا خُطِبَتْ اِلَيَّ اَتَيْتَنِيْ تَخْطُبُهَا مَعَ الْخُطَّابِ لَا اُزَوِّجُكَ اَبَدًا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَوْ قَالَ اُنْزِلَتْ (وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ) فَكَفَّرْتُ عَنْ يَّمِيْنِيْ وَاَنْكَحْتُهَا اِيَّاهُ . اَلْمَعْنٰى قَرِيْبٌ.

★★ حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میری ایک بہن تھی' اُس کے ساتھ شادی کیلئے کچھ لوگوں کے رشتے آئے' لیکن میں نے اُنہیں منع کر دیا' پھر میرا چچازاد بھائی میرے پاس آیا' اُس نے اُس لڑکی کے ساتھ شادی کیلئے نکاح کا پیغام دیا' تو میں نے لڑکی کی شادی اُس کے ساتھ کردی' جب تک اللہ کو منظور تھا وہ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ رہے'

۳۴۷۲- روایة عباد بن راشد هذه عند البخاري في التفسير عن ابي عامر العقدي عن عبادة- و رواها النسائي في التفسير من طريق ابي داود الطيالسي عن عباد بن راشد' به- و تقدم ذكر هذه المواضع كلها-

پھر اُس شخص نے اس لڑکی کو طلاق دے دی' جس میں اُسے رجوع کرنے کی گنجائش تھی' لیکن اُس شخص نے رجوع نہیں کیا' یہاں تک کہ لڑکی کی عدت گزر گئی' اُس کے بعد دوسرے لوگوں کے ساتھ اُس نے بھی نکاح کا پیغام بھیجا' تو میں نے کہا: میں نے دوسرے لوگوں میں سے کسی کے ساتھ اس لڑکی کی شادی نہیں کی اور تمہارے ساتھ اس کی شادی کر دی' لیکن تم نے اسے طلاق دے دی' جس میں رجوع کی گنجائش تھی' لیکن تم نے رجوع بھی نہیں کیا' یہاں تک کہ اس کی عدت گزر گئی' اب جب اس کے رشتے آ رہے ہیں تو تم نے بھی رشتہ بھیج دیا ہے' میں تمہارے ساتھ اس کی شادی کبھی نہیں کروں گا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔ (راوی کو شک ہے' شاید یہ الفاظ ہیں:) یہ آیت نازل ہوئی:

''جب تم عورتوں کو طلاق دو اور اُن کی عدت پوری ہو جائے' تو اُنہیں اس بات سے منع نہ کرو کہ وہ (اپنے سابقہ) شوہروں کے ساتھ دوبارہ شادی کر لیں''۔

(حضرت معقل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:) میں نے اپنی قسم کا کفارہ دیا اور اُس لڑکی کی شادی اُس شخص کے ساتھ کر دی۔

اس روایت کا مفہوم (ایک دوسرے کے) قریب ہے۔

3473- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ مَّعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ كَانَتْ لِىْ اُخْتٌ تَحْتَ رَجُلٍ فَطَلَّقَهَا ثُمَّ خَلَا عَنْهَا حَتّٰى اِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهَا ثُمَّ جَاءَ يَخْطُبُهَا فَحَمِىَ مَعْقِلٌ مِنْ ذٰلِكَ وَقَالَ خَلَا عَنْهَا وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَيْهَا فَحَالَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى (وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ) الْاٰيَةَ.

☆☆ حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میری بہن ایک شخص کی بیوی تھی' اُس شخص نے اُسے طلاق دے کر چھوڑ دیا' یہاں تک کہ اُس کی عدت گزر گئی' پھر اُس شخص نے نکاح کا پیغام بھیجا تو حضرت معقل رضی اللہ عنہ کو اس بات پر غصہ آ گیا' اُنہوں نے فرمایا: اس نے اُس لڑکی کو چھوڑ دیا تھا حالانکہ یہ اُس سے رجوع کر سکتا تھا۔ حضرت معقل رضی اللہ عنہ اُس لڑکی اور اُس کے سابقہ شوہر کے درمیان رکاوٹ بن گئے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''جب تم عورتوں کو طلاق دو اور اُن کی عدت پوری ہو جائے' تو اُنہیں اس بات سے منع نہ کرو کہ وہ دوبارہ شادی کر لیں''۔

3474- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْغَسِيلِ عَنْ عَمَّتِهٖ سُكَيْنَةَ بِنْتِ حَنْظَلَةَ قَالَتِ اسْتَاْذَنَ عَلَىَّ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِىٍّ وَلَمْ تَنْقَضِ عِدَّتِىْ مِنْ

۳۴۷۳- رواية سعيد بن ابي عروبة هذه عند البخاري في الطلاق، و رواها غيره ايضاً- راجع مصادر التخريج السابق-

۳۴۷۴- اخرجه البيهقي (۱۷۸/۷) كتاب: النكاح، باب: جماع ابواب الخطبة، باب: التعريض بالخطبة- من طريق ابي الوليد الطيالسي، ثنا عبد الرحمن بن حنظلة الغسيل...... به نحوه- و عبد الرحمن بن سليمان بن عبد الله بن حنظلة و ان كان صدوقاً الا ان فيه ليناً كما في التقريب (ت ۳۹۱۲) و ايضاً محمد بن علي لم يدرك النبي صلى الله عليه وسلم : فخبره مرسل-

مَّهْلِكِ زَوْجِى فَقَالَ قَدْ عَرَفْتِ قَرَابَتِى مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَرَابَتِى مِنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَمَوْضِعِى فِى الْعَرَبِ. قُلْتُ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ يَا اَبَا جَعْفَرٍ اِنَّكَ رَجُلٌ يُؤْخَذُ عَنْكَ تَخْطُبُنِى فِى عِدَّتِى قَالَ اِنَّمَا اَخْبَرْتُكِ بِقَرَابَتِى مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ عَلِيٍّ وَقَدْ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ وَهِىَ مُتَاَيِّمَةٌ مِنْ اَبِى سَلَمَةَ فَقَالَ لَقَدْ عَلِمْتِ اَنِّى رَسُوْلُ اللّٰهِ وَخِيَرَتُهُ وَمَوْضِعِى فِى قَوْمِى. كَانَتْ تِلْكَ خِطْبَتَهُ

★★ عبدالرحمٰن بن سلیمان اپنے پھوپھی سکینہ بنت حنظلہ کا بیان نقل کرتے ہیں: امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ نے میرے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی' اُس وقت میری' شوہر کے انتقال کی' عدت نہیں گزری تھی' اُنہوں نے فرمایا: تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میرے رشتے سے' اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ میرے رشتے سے اور عربوں کے درمیان میری حیثیت سے واقف ہو' (میں تمہارے ساتھ شادی کرنا چاہتا ہوں)' میں نے کہا: اے ابوجعفر! اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت کرے! آپ سے استفادہ کیا جاتا ہے اور آپ میری عدت کے دوران مجھے نکاح کا پیغام دے رہے ہیں' تو امام باقر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ اپنے رشتے کے بارے میں تمہیں بتایا ہے' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' سیّدہ اُم سلمہ (کو نکاح کا پیغام دینے کیلئے) اُن کے پاس تشریف لے گئے تھے' وہ اُس وقت حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ (کے انتقال کے بعد بیوگی کی) عدت گزار رہی تھیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا تھا: (اے اُم سلمہ!) تم جانتی ہو' میں اللہ کا رسول اور اُس کا برگزیدہ بندہ ہوں' میری قوم میں میری جو حیثیت ہے (تم اُس سے بھی واقف ہو)۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغامِ نکاح کے الفاظ یہ تھے (اور میں نے بھی یہی الفاظ استعمال کیے ہیں)۔

3475- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ وَائِلَةَ الْمَرْوَزِيُّ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحُسَيْنِ مِنْ وَلَدِ بِشْرِ بْنِ الْمُحْتَفِزِ حَدَّثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْوَضَّاحِ عَنْ اَبِى الْخَصِيبِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا بُدَّ فِى النِّكَاحِ مِنْ اَرْبَعَةٍ الْوَلِيِّ وَالزَّوْجِ وَالشَّاهِدَيْنِ. اَبُو الْخَصِيبِ نَافِعُ بْنُ مَيْسَرَةَ مَجْهُوْلٌ.

★★ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: نکاح میں چار چیزیں ضروری ہیں: ولی' شوہر (یا بیوی) اور دو گواہ۔

ابوالخصیب نافع بن میسرہ نامی راوی مجہول ہیں۔

3476- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِى

۳۴۷۵- اخرجه ابن الجوزي في التحقيق (۲/۲۵۷) من طريق الدارقطني' به- و علقه البيهقي في الكبرى (۷/۱۴۲) بعد ان روى الحديث من طريق هشام عن محمد بن سيرين عن ابي هريرة- و سياتي هذا الطريق قريباً- قال: (وروي ذلك- ايضاً- من وجه آخر ضعيف عن ابي سلمة عن ابي هريرة مرفوعاً' و من وجه آخر ضعيف عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة- رضي الله عنها- مرفوعاً)- اه- قال الزيلعي في نصب الراية (۳/۱۸۷): (وهذا حديث منكر' و الاشبه انيكون موضوعاً- و ابو الخصيب اسمه: نافع بن ميسرة و هو مجهول)- اه-

عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ شَيْبَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ قَالَ جَمَعَتِ الطَّرِيقُ رَكْبًا فَجَعَلَتِ امْرَاَةٌ مِنْهُمْ ثَيِّبٌ اَمْرَهَا بِيَدِ رَجُلٍ غَيْرِ وَلِيٍّ فَاَنْكَحَهَا فَبَلَغَ ذٰلِكَ عُمَرَ فَجَلَدَ النَّاكِحَ وَالْمُنْكِحَ وَرَدَّ نِكَاحَهُمَا.

☆☆ عکرمہ بن خالد بیان کرتے ہیں: راستے میں میری ملاقات کچھ سواروں سے ہوئی اُن میں سے ایک ثیبہ عورت نے اپنے نکاح کا معاملہ ایسے شخص کو سونپا جو اُس کا ولی نہیں تھا (کہ وہ اُس عورت کا نکاح کروادے) تو اُس شخص نے اُس عورت کا نکاح کروادیا' جب اس بات کی اطلاع حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ملی تو اُنہوں نے نکاح کرنے والے مرد اور نکاح کروانے والے مرد کو کوڑے لگوائے اور اُن دونوں (میاں بیوی) کے نکاح کو کالعدم قرار دیا۔

3477- حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ وَاِسْمَاعِيلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْوَرَّاقُ قَالاَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَرَّرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ نِكَاحَ اِلاَّ بِوَلِيٍّ وَشَاهِدَىْ عَدْلٍ.

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ولی اور دو عادل گواہوں کے بغیر نکاح نہیں ہوتا۔

3478- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خُرَاسَانَ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّكَنِ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحُسَيْنِ الْعَلاَّفُ وَعُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ السَّمَّاكُ قَالُوْا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ سَعْدٍ قَالاَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ هِشَامٍ التَّمَّارُ حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ زُهَيْرٍ حَدَّثَنَا نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ نِكَاحَ اِلاَّ بِوَلِيٍّ وَشَاهِدَىْ عَدْلٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ولی اور دو عادل گواہوں کے بغیر نکاح نہیں ہوتا۔

3479- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ الْحَضْرَمِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عُمَرَ بْنِ خَالِدٍ الرَّقِّيُّ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ

۳۴۷٦- اخرجه البيهقي في السنن (۷/ ۱۱۱) من طريق الدارقطني' به- و اخرجه عبد الرزاق في المصنف (٦/ ۱۹۸- ۱۹۹) رقم (۱۰۴۸٦) عن ابن جريج' به- و اخرجه الشافعي في المسند (۲/ رقم ۲۱- ترتيب): اخبرنا ابن عيينة عن عمرو بن دينار عن عبد الرحمن بن معبد ان عمر- رضي الله عنه- رد نكاح امراة نكحت بغير ولي' و من طريقه اخرجه البيهقي في السنن (۷/ ۱۱۱)- و عمرو بن دينار عن عبد الرحمن بن معبد منقطع؛ كما في الجرح و التعديل (۵/ ۲۸۵)-

۳۴۷۷- كذا اخرجه المصنف من طريق عبد الله بن محرر' فقال فيه: (عمران بن حصين عن عبد الله بن مسعود)- و لم اجده هكذا' و انما وجدته من طريق عبد الله بن محرر' باسناده لم يذكر فيه: (ابن مسعود)- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (٦/ ۱۹٦) باب: النكاح بغير ولي (۱۰۴۷۳) و الطبراني في الكبير (۱۸/ ۱۴۲) (۲۹۹) و البيهقي في الكبرى (۷/ ۱۲۵)- و عزاه الهيثمي في المجمع (۴/ ۲۸۹) للطبراني' و قال: (و فيه عبد الله بن محرر) و هو متروك)- اه-

۳۴۷۸- ذكره الزيلعي في نصب الراية (۳/ ۱۸۹) و قال: (ثابت بن زهير: قال البخاري فيه: منكر الحديث؛ قاله ابن عدي)- اه-

۳۴۷۹- تقدم قريباً-

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ وَشَاهِدَىْ عَدْلٍ فَإِنْ تَشَاجَرُوْا فَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَّا وَلِيَّ لَهُ . تَابَعَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يُوْنُسَ عَنْ عِيْسَى بْنِ يُوْنُسَ مِثْلَهُ سَوَاءً . وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ سَعِيْدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ وَيَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ وَّنُوْحُ بْنُ دَرَّاجٍ وَّعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَكِيْمٍ اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ وَقَالُوْا فِيْهِ وَشَاهِدَىْ عَدْلٍ . وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ ابْنُ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا . قَالُوْا فِيْهِ وَشَاهِدَىْ عَدْلٍ .

★★ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ولی اور دو عادل گواہوں کے بغیر نکاح نہیں ہوتا' اگر وہ ولی آپس میں اختلاف کریں تو جس کا کوئی ولی نہ ہوگا' حاکمِ وقت اُس کا ولی ہوتا ہے۔

یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس میں کچھ لفظی اختلاف پایا جاتا ہے۔

3480 - حَدَّثَنَا اَبُوْ ذَرٍّ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَبَّادٍ النَّسَائِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ سِنَانٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نِكَاحَ إِلَّا بِوَلِيٍّ وَشَاهِدَىْ عَدْلٍ .

★★ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ولی اور دو عادل گواہوں کے بغیر نکاح نہیں ہوتا۔

3481 - حَدَّثَنَا اَبُوْ طَلْحَةَ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْفَزَارِيُّ مِنْ كِتَابِهِ حَدَّثَنَا جَمِيْلُ بْنُ الْحَسَنِ اَبُو الْحَسَنِ الْجَهْضَمِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ الْعُقَيْلِيُّ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُزَوِّجُ الْمَرْاَةُ الْمَرْاَةَ وَلَا تُزَوِّجُ الْمَرْاَةُ نَفْسَهَا فَإِنَّ الزَّانِيَةَ هِىَ الَّتِىْ تُزَوِّجُ نَفْسَهَا .

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی عورت کسی دوسری عورت کا نکاح نہ کروائے' کوئی عورت خود نکاح نہیں کرسکتی' زنا کرنے والی عورت ہی اپنا نکاح خود کرتی ہے۔

3482 - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الطَّلْحِيُّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيٰى بِالْكُوْفَةِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَسْرُوْقِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيْشَ ح وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيْمِ بْنُ الْهَيْثَمِ

۳۴۸۰- اخرجه ابن الجوزي في التحقيق (۲/۲۵۶) من طريق الدارقطني' به- و قد تقدم حديث عائشة-

۳۴۸۱- اخرجه ابن ماجه في النكاح (۱/۶۰۵-۶۰۶) باب: لا نكاح الا بولي (۱۸۸۲): حدثنا جميل ابن الحسن العتكي' به- و في الزوائد: (في اسناده جميل بن الحسن العتكي: قال فيه عبدان: انه فاسق يكذب' يعني: في كلامه- وقال ابن عدي: لم اسمع احدًا تكلم فيه غير عبدان' انه لا باس به' و لا اعلم له حديثاً منكرًا- و ذكره ابن حبان في الثقات- وقال: يغرب- و اخرجه له في صحيحه هو و ابن خزيمة و الحاكم- و قال مسلمة الاندلسي: ثقة- و باقي رجال الاسناد ثقات)- اه- واخرجه البيهقي (۷/۱۱۰) من هذا الوجه- و راجع النقل الآتي عن نصب الراية للزيلعي (۳/۱۸۸)-

۳۴۸۲- اخرجه البيهقي في السنن (۷/۱۱۰) كتاب: النكاح' باب: لا نكاح الا بولي من طريق يحيى بن موسى ثنا عبد الرحمن بن محمد' به- قال البيهقي: وكذا اخرجه هناد بن السري و عبيد بن يعيش عن المحاربي- و راجع الذي قبله-

قَالاَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ عَنْ عَبْدِ السَّلاَمِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لاَ تُزَوِّجُ الْمَرْاَةُ الْمَرْاَةَ وَلاَتُزَوِّجُ الْمَرْاَةُ نَفْسَهَا ۔ وَكُنَّا نَقُولُ اِنَّ الَّتِى تُزَوِّجُ نَفْسَهَا هِىَ الْفَاجِرَةُ.

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی عورت کسی دوسری عورت کا نکاح نہ کروائے' کوئی عورت اپنا نکاح خود نہیں کر سکتی۔

(راوی کہتے ہیں:) ہم یہ کہا کرتے تھے: جو عورت اپنا نکاح خود کر لیتی ہے' وہ فاجرہ (زانیہ' بدکردار) ہوتی ہے۔

3483- حَدَّثَنَا اَبُو وَهْبٍ يَحْيَى بْنُ مُوسَى بْنِ اِسْحَاقَ بِالاُبُلَّةِ حَدَّثَنَا جَمِيلُ بْنُ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ الْعُقَيْلِيُّ بِاِسْنَادِهِ الاَوَّلِ مِثْلَهُ سَوَاءً.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3484- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ الاَدَمِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الدُّولاَبِيُّ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ كُنَّا نَتَحَدَّثُ اَنَّ الَّتِى تَنْكِحُ نَفْسَهَا هِىَ الزَّانِيَةُ.

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ یہ گفتگو کیا کرتے تھے کہ جو عورت اپنا نکاح خود کروالیتی ہے وہ زانیہ ہوتی ہے۔

3485- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ زَاجٌ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ لاَ تُزَوِّجُ الْمَرْاَةُ الْمَرْاَةَ وَلاَتُزَوِّجُ الْمَرْاَةُ نَفْسَهَا وَالزَّانِيَةُ الَّتِى تُنْكِحُ نَفْسَهَا بِغَيْرِ اِذْنِ وَلِيِّهَا .

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کوئی عورت کسی دوسری عورت کا نکاح نہیں کرواسکتی' کوئی عورت اپنا نکاح خود نہیں کرواسکتی' زانیہ عورت ہی اپنا نکاح' اپنے ولی کی اجازت کے بغیر' خود کرتی ہے۔

3486- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ وَاَحْمَدُ بْنُ اَبِى عَوْفٍ قَالاَ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اَبِى مُسْلِمٍ الْجَرْمِيُّ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ عَنْ هِشَامٍ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ تُنْكِحُ الْمَرْاَةُ الْمَرْاَةَ وَلاَتُنْكِحُ الْمَرْاَةُ نَفْسَهَا اِنَّ الَّتِى تُنْكِحُ نَفْسَهَا هِىَ الْبَغِىُّ ۔ قَالَ ابْنُ سِيرِينَ وَرُبَّمَا قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ هِىَ الزَّانِيَةُ .

۳۴۸۳- تقدم في الرواية قبل السابقة-

۳۴۸۴- اخرجه البيهقي في السنن (۷/۱۱۲) كتاب : النكاح' باب: لا نكاح الا بولي من طريق عباد بن العوام عن هشام؛ وهو ابن حسان' به- و هذا اسناد صحيح ؛ عباد بن العوام ثقة؛ كما في التقريب (۳۱۵۵)- و هشام بن حسان: قال الحافظ في التقريب (۷۳۲۹): (ثقة من اثبت الناس في ابن سيرين' و في روايته عن الحسن و عطاء مقال؛ لانه قيل: كان يرسل عنهما)- اه-

۳۴۸۵- راجع الذي قبله-

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی عورت کسی دوسری عورت کا نکاح نہیں کرواسکتی' کوئی عورت اپنا نکاح خود نہیں کرواسکتی' فاحشہ عورت ہی اپنا نکاح خود کرتی ہے۔

ابن سیرین نامی راوی بیان کرتے ہیں: بعض اوقات حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اس کے لیے لفظ ''زانیہ'' استعمال کرتے تھے۔

3487- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ وَّعَلِيُّ بْنُ سَهْلٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ عَنْ هِشَامٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَفَعَهُ قَالَ لَا تُنْكِحُ الْمَرْاَةُ الْمَرْاَةَ وَلَا تُنْكِحُ الْمَرْاَةُ نَفْسَهَا . وَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ كَانَ يُقَالُ الزَّانِيَةُ تُنْكِحُ نَفْسَهَا.

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: کوئی عورت کسی دوسری عورت کا نکاح نہیں کرواسکتی' کوئی عورت اپنا نکاح خود نہیں کرواسکتی۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ کہا جاتا تھا: زانیہ اپنا نکاح خود کروالیتی ہے۔

3488- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ اَنَّهُ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ لَا تُنْكَحُ الْمَرْاَةُ اِلَّا بِاِذْنِ وَلِيِّهَا اَوْ ذِى الرَّاْىِ مِنْ اَهْلِهَا اَوِ السُّلْطَانِ .

★★ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عورت اپنے ولی کی اجازت کے ساتھ ہی نکاح کرسکتی ہے (اگر ولی نہ ہو) تو اپنے خاندان کے کسی سمجھدار شخص یا حاکمِ وقت (کی اجازت سے نکاح کرسکتی ہے)۔

3489- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ مَا كَانَ اَحَدٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشَدَّ فِى النِّكَاحِ بِغَيْرِ

۳۴۸۶-عزاه الزيلعي (۳/۱۸۸) للدارقطني' و قال: (قال ابن الجوزي: و جميل' و مسلم هذان لا يعرفان- قال في التنقيح: اما جميل: فهو ابن الحسن الازدي العتكي الاهوازي مشهور' وروى عنه ابن خزيمة و ابن ابي داود و خلف- وروى عنه ابن ماجه و ابن خزيمة هذا الحديث- ووثقه ابن حبان- و تكلم فيه غيره- و مسلم الجرمي: هو ابن عبد الرحمن' قال ابن ابي حاتم: هو من الثقات' روى عن مخلد بن حسين' وروى عنه الحسن بن سفيان ايضاً هذا الحديث' وقال: سالت يحيى بن معين عن رواية مخلد بن حسين عن هشام بن حسان؟ فقال: ثقة- قلت: تذكرت له هذا الحديث؟ فقال: نعم؛ كان عندنا شيخ يرفعه عن مخلد' و اخرجه بحر بن نصر عن بشر بن بكر عن الاوزاعي عن ابن سيرين عن ابي هريرة موقوفاً' و هو اشبه- و كذلك قال ابن عيينة: عن هشام بن حسان عن ابن سيرين؛ و ذكر ابن الجوزي احاديث و اهية ضعيفة اضربنا عن ذكرها- و الله اعلم)- اه-

۳۴۸۷-تقدم قريباً من رواية عبيد بن يعيش عن عبد الرحمن بن محمد المحاربي......به مرفوعاً ايضاً-

۳۴۸۸-اخرجه البيهقي في السنن الكبير (۷/۱۱۱) من طريق الدارقطني' به- و سعيد بن المسيب ولد في خلافة عمر- وقال ابو حاتم: لا يصح له سماع الا رؤية: راه على المنبر ينعي النعمان بن مقرن- قال العلائي في جامع التحصيل ص (۱۸۴-۱۸۵): (حديثه عن عمر- رضي الله عنه- في السنن الاربعة)- اه-قلت: و سعيد- رحمه الله- كان لا يرسل الا عن ثقة؛ فمراسيله صحاح- والله اعلم-

۳۴۸۹-اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (۳/۴۵۴) رقم (۱۵۹۲۲): حدثنا ابو خالد الاحمر عن مجالد' به- و من طريقه اخرجه البيهقي في السنن (۷/۱۱۱)- و مجالد: هو ابن سعيد' قال الحافظ في التقريب (۶۵۲۰): (ليس بالقوي' وقد تغير في آخر عمره)- اه-

وَلِيٍّ مِنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَضْرِبُ فِيْهِ.

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: ولی کے بغیر (عورت کے) نکاح کرنے کے معاملہ میں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے سب سے زیادہ سخت حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ تھے' وہ اس (حرکت کے ارتکاب پر) سزا دیا کرتے تھے۔

3490- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِیْ حَكِيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ جُوَيْبِرٍ عَنِ الضَّحَّاكِ عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِاِذْنِ وَلِيٍّ فَمَنْ نَكَحَ اَوْ اَنْكَحَ بِغَيْرِ وَلِيٍّ فَنِكَاحُهُ بَاطِلٌ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ولی کی اجازت کے بغیر نکاح نہیں ہوتا' جو شخص ولی کے بغیر نکاح کرے یا کروائے تو اُس کا نکاح باطل ہوگا۔

3491- اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ الْمِصْرِيُّ وَاَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ بْنِ سُلَيْمَانَ اَبُوْ عُتْبَةَ الْحِمْصِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِیْ فُدَيْكٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّهُ تَزَوَّجَ بِنْتَ خَالِهِ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُوْنٍ قَالَ فَذَهَبَتْ اُمُّهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنَّ ابْنَتِیْ تَكْرَهُ ذَاكَ . فَاَمَرَهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّفَارِقَهَا فَفَارَقَهَا . وَقَالَ لَا تَنْكِحُوا الْيَتَامٰى حَتّٰى تَسْتَاْمِرُوْهُنَّ فَاِذَا سَكَتْنَ فَهُوَ اِذْنُهَا . فَتَزَوَّجَهَا بَعْدَ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ . رَوَاهُ الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ وَّصَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ نَافِعٍ مُخْتَصَرًا مُّرْسَلًا . وَابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ لَمْ يَسْمَعْهُ مِنْ نَافِعٍ وَّاِنَّمَا رَوَاهُ عَنْ عُمَرَ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْهُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے: اُنہوں نے اپنے ماموں حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی کے ساتھ شادی کر لی' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: اُس لڑکی کی والدہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی: میری بیٹی اس رشتے کو ناپسند کرتی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابن

۳۴۹۰- اخرجه البيهقي (۱۱۱/۷) من طريق الدارقطني' به- و جويبر ضعيف تقدمت ترجمته مرارًا' و للآثر طرق اخرى عن علي- انظر: سنن البيهقي (۱۱۱/۷)' و مصنف عبد الرزاق (۱۹۶/۶)-

۳۴۹۱- اخرجه الحاكم في النكاح (۱۶۷/۲) من طريق محمد بن اسماعيل بن ابي فديك' به-واخرجه البيهقي في الكبرى(۱۲۱/۷) باب: ما جاء في انكاح اليتيمة' من هذا الوجه- وصححه الحاكم على شرطهما- وقال الزيلعي في نصب الراية (۱۹۱/۳): (قال ابن الجوزي: لم يسمعه ابن ابي ذئب من نافع' انما سمعه من عمر بن حسين' و سئل احمد عن هذا الحديث! فقال: باطل- انتهى- و قال في التنقيح: سئل الدارقطني عن هذا الحديث! فقال: يرويه صدقة بن عبد الله' و الوليد بن مسلم عن ابن ابي ذئب عن عمر بن حسين عن نافع عن ابن عمر بلفظ آخر- و بين فيه ان ابن ابي ذئب سمعه من نافع' واتى به بطوله على الصواب- و كذلك اخرجه محمد بن اسحاق' و عبد العزيز بن المطلب عن عمر- و من قال فيه: عمر بن علي بن حسين' فقد و هم- وقد اخرجه يونس بن بكير عن ابن اسحاق عن نافع- و الصحيح: عن ابن اسحاق عن عمر بن حسين عن نافع -و في هذه الاحاديث بيان ان التزويج كان من قدامة بن مظعون: اخي عثمان بن مظعون لا بيه' و هو عمها' و هو اصح ممن قال: زوجها ابوها! لان ابن عمر كان انما تزوجها بعد وفاة ابيها: عثمان بن مظعون' و هو خال ابن عمر- انتهى كلامه)-

عمر رضی اللہ عنہما کو یہ ہدایت کی کہ وہ اُس عورت سے علیحدگی اختیار کر لیں (یعنی اُسے طلاق دے دیں)۔ تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اُس سے علیحدگی اختیار کر لی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا: لڑکیوں کی شادی اُس وقت تک نہ کرو جب تک اُن کی رائے معلوم نہ کر لو' اگر وہ (جواب میں) خاموش رہیں تو یہ اُن کی اجازت (شمار) ہوگی۔

راوی بیان کرتے ہیں: بعد میں حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے اُس لڑکی کے ساتھ شادی کر لی۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ' مختصر طور پر اور ''مرسل'' روایت کے طور پر' نافع سے منقول ہے۔

ابن ابی ذئب نامی راوی نے نافع سے اس کا سماع نہیں کیا ہے' اُنہوں نے عمر بن حسین کے حوالے سے' اسے نافع سے روایت کیا ہے۔

3492- حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ زَوَّجَنِي خَالِي قُدَامَةُ بْنُ مَظْعُونٍ بِنْتَ اَخِيهِ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ فَدَخَلَ الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ عَلَى اُمِّهَا فَاَرْغَبَهَا فِي الْمَالِ وَخَطَبَهَا اِلَيْهَا فَرُفِعَ شَاْنُهَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قُدَامَةُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ابْنَةُ اَخِي وَاَنَا وَصِيُّ اَبِيهَا وَلَمْ اُقَصِّرْ بِهَا زَوَّجْتُهَا مَنْ قَدْ عَلِمْتَ فَضْلَهُ وَقَرَابَتَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهَا يَتِيمَةٌ وَالْيَتِيمَةُ اَوْلَى بِاَمْرِهَا . فَنُزِعَتْ مِنِّي وَزَوَّجَهَا الْمُغِيرَةَ بْنَ شُعْبَةَ . قَالَ الشَّيْخُ لَمْ يَسْمَعْهُ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ مِنْ نَافِعٍ وَاِنَّمَا سَمِعَهُ مِنْ عُمَرَ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْهُ.

كَذٰلِكَ رَوَاهُ اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْهُ وَتَابَعَهُ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ عُمَرَ بْنِ حُسَيْنٍ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میرے ماموں حضرت قدامہ بن مظعون رضی اللہ عنہ نے اپنے بھائی حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی کی شادی میرے ساتھ کر دی' حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ اُس لڑکی کی والدہ کے پاس تشریف لے گئے اور اُسے زیادہ مال کی پیشکش کر کے اُس لڑکی کیلئے نکاح کا پیغام دیا' یہ معاملہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا تو حضرت قدامہ بن مظعون رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ میری بھتیجی ہے' میں اس کے والد کا وصی ہوں' میں نے اس لڑکی کے ساتھ کوئی زیادتی نہیں کی' میں نے اس کی شادی اُس شخص کے ساتھ کی ہے' جس کی فضیلت' اور (ہمارے ساتھ) رشتہ داری سے آپ بھی واقف ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ لڑکی یتیم ہے اور لڑکی اپنے معاملہ کی زیادہ حق دار ہوتی ہے۔ (حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:) پھر اُس کا مجھ سے رشتہ توڑ دیا گیا اور حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے اُس کے ساتھ شادی کر لی۔

شیخ فرماتے ہیں: محمد بن اسحاق نے اس روایت کو نافع سے نہیں سنا ہے' اُنہوں نے اسے عمر بن حسین سے سنا ہے۔

ابراہیم بن سعد نے ان کے حوالے سے یہ روایت اسی طرح نقل کی ہے' جبکہ محمد بن سلمہ نے محمد بن اسحاق کے حوالے سے

۳۴۹۲- لم يسمعه محمد بن اسحاق من نافع' بل سمعه من عمر بن حسين؛ كما ذكر ذلك المصنف هنا- و هذا شاهد قوي على تدليس محمد بن اسحاق' و هو مشهور بذلك' و قد تقدمت ترجمته مرارًا- و انظر الحديث التالي-

عمر بن حسین سے منقول ہونے کے طور پر اس کی متابعت کی ہے۔

3493- قُرِءَ عَلٰی اَبِیْ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ الزُّهْرِیُّ حَدَّثَنَا عَمِّیْ حَدَّثَنَا اَبِیْ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِیْ عُمَرُ بْنُ حُسَیْنٍ مَوْلٰی اٰلِ حَاطِبٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ تُوُفِّیَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ وَّتَرَكَ بِنْتًا لَهٗ مِنْ خَوْلَةَ بِنْتِ حَكِیْمِ بْنِ اُمَیَّةَ وَاَوْصٰی اِلٰی اَخِیْهِ قُدَامَةَ بْنِ مَظْعُوْنٍ وَّهُمَا خَالَایَ فَخَطَبْتُ اِلٰی قُدَامَةَ بِنْتَ عُثْمَانَ فَزَوَّجَنِیْهَا وَدَخَلَ الْمُغِیْرَةُ اِلٰی اُمِّهَا فَاَرْغَبَهَا فِی الْمَالِ فَحَطَّتْ اِلَیْهِ وَحَطَّتِ الْجَارِیَةُ اِلٰی هَوٰی اُمِّهَا حَتّٰی ارْتَفَعَ اَمْرُهُمْ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قُدَامَةُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ابْنَةُ اَخِیْ وَاَوْصٰی بِهَا اِلَیَّ فَزَوَّجْتُهَا ابْنَ عُمَرَ وَلَمْ اُقَصِّرْ بِالصَّلَاحِ وَالْكَفَاءَةِ وَلٰكِنَّهَا امْرَاَةٌ وَّاِنَّمَا حَطَّتْ اِلٰی هَوٰی اُمِّهَا. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هِیَ یَتِیْمَةٌ لَا تُنْكَحُ اِلَّا بِاِذْنِهَا. فَانْتُزِعَتْ مِنِّیْ وَاللّٰهِ بَعْدَ اَنْ مَلَكْتُهَا فَزَوَّجُوْهَا الْمُغِیْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا' اُنہوں نے (پسماندگان میں) ایک بیٹی چھوڑی' جس کی والدہ سیّدہ خولہ بنت حکیم رضی اللہ عنہا تھیں' حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے اپنے بھائی حضرت قدامہ بن مظعون کو وصیت کی' یہ دونوں حضرات (یعنی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت قدامہ رضی اللہ عنہ) میرے ماموں تھے' میں نے حضرت قدامہ بن مظعون رضی اللہ عنہ کو حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی کیلئے نکاح کا پیغام دیا' تو اُنہوں نے اُس لڑکی کے ساتھ میری شادی (طے) کر دی۔ پھر حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ اُس لڑکی کی ماں کے پاس گئے اور اُسے زیادہ مال کی پیشکش کی تو وہ عورت اُن کی طرف مائل ہو گئی' لڑکی نے بھی اپنی والدہ کی خواہش کو ترجیح دی' ان لوگوں کا معاملہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کیا گیا تو حضرت قدامہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ میری بھتیجی ہے' میرے بھائی نے اس کے بارے میں مجھے وصیت کی تھی' میں نے اس کی شادی ابن عمر کے ساتھ کی ہے' میں نے اس کی بہتری (اور رشتہ کے) ہم پلہ ہونے میں کوئی کمی نہیں کی' لیکن یہ اپنی ماں (کی خواہش کو) ترجیح دے رہی ہے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ لڑکی ہے' اس کی مرضی کے بغیر اس کی شادی نہیں کی جا سکتی۔ (حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:) اللہ کی قسم! میں اُس کا مالک ہو چکا تھا (یعنی نکاح ہو چکا تھا' لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کی وجہ سے) اُسے مجھ سے الگ کر دیا گیا اور اُس (کے گھر والوں) نے اُس کی شادی حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ کر دی۔

3494- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدِ بْنِ حَفْصٍ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُعَاوِیَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ الصَّائِغُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ مَوْلٰی ابْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَمَّا هَلَكَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُوْنٍ تَرَكَ ابْنَتَهٗ قَالَ ابْنُ عُمَرَ زَوَّجَنِیْهَا خَالِیْ قُدَامَةُ بْنُ مَظْعُوْنٍ وَّلَمْ یُشَاوِرْهَا فِیْ ذٰلِكَ وَهُوَ عَمُّهَا وَكَلَّمَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ

۳۴۹۳- اخرجه البيهقي في سننه (۱۲۰/۷) كتاب: النكاح' باب: ما جاء في انكاح اليتيمة من طريق الدارقطني' به- و اخرجه احمد في المسند (۱۳۰/۱)' و البيهقي في السنن (۱۱۳/۷) كتاب النكاح: باب: لا ولاية لوصي في نكاح من طريق يعقوب بن ابراهيم' به-

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذٰلِكَ فَرَدَّ نِكَاحَهُ فَاَحَبَّتْ اَنْ يَّتَزَوَّجَهَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ فَزَوَّجَهَا اِيَّاهُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے (پسماندگان میں) ایک لڑکی چھوڑی، میرے ماموں حضرت قدامہ بن مظعون رضی اللہ عنہ نے اُس کے ساتھ میری شادی کر دی، اُنہوں نے اس بارے میں لڑکی کی مرضی معلوم نہیں کی، وہ اُس لڑکی کے چچا تھے، اُس لڑکی نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بات کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے نکاح کو کالعدم قرار دے دیا۔ وہ لڑکی یہ چاہتی تھی کہ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ اُس کے ساتھ شادی کریں، تو (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یا شاید حضرت قدامہ بن مظعون رضی اللہ عنہ نے) اُس لڑکی کی شادی اُن (یعنی حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ) کے ساتھ کر دی۔

3495- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنَا عَمِّي حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْمُطَّلِبِ عَنْ عُمَرَ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ نَافِعٍ اَنَّهُ قَالَ تَزَوَّجَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ زَيْنَبَ بِنْتَ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُوْنٍ بَعْدَ وَفَاةِ اَبِيْهَا زَوَّجَهُ اِيَّاهَا عَمُّهَا قُدَامَةُ بْنُ مَظْعُوْنٍ فَاَرْغَبَهُمُ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ فِي الصَّدَاقِ فَقَالَتْ اُمُّ الْجَارِيَةِ لِلْجَارِيَةِ لَا تُجِيْزِي فَكَرِهَتِ الْجَارِيَةُ النِّكَاحَ وَاَعْلَمَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ هِيَ وَاُمُّهَا فَرَدَّ نِكَاحَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَكَحَهَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ.

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے انتقال کے بعد، اُن کی صاحبزادی زینب بنت عثمان کے ساتھ شادی کر لی، یہ نکاح اُس لڑکی کے چچا حضرت قدامہ بن مظعون رضی اللہ عنہ نے کروایا، حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے اُنہیں زیادہ مہر کی پیشکش کی، تو اُس لڑکی کی والدہ نے اُس لڑکی سے کہا: تم (اپنے چچا کے کیے ہوئے نکاح کو) برقرار نہ رکھو، اُس لڑکی نے (حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ) نکاح کو پسند نہیں کیا، پھر اُس لڑکی اور اُس کی والدہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس نکاح کو کالعدم قرار دیا، بعد میں حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے اُس لڑکی کے ساتھ شادی کر لی۔

3496- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ قَرِيْنٍ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ الْاَبْرَشُ حَدَّثَنَا ابْنُ اِسْحَاقَ عَنْ عُمَرَ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُنْكَحُ الْيَتِيْمَةُ اِلَّا بِاِذْنِهَا . عُمَرُ بْنُ حُسَيْنٍ مَوْلٰى اٰلِ حَاطِبٍ.

۳۴۹۴-اخرجه ابن ماجه في سننه (۱/۶۰۴) كتاب: النكاح، باب: نكاح الصغار يزوجهن غير الآباء، الحديث (۱۸۷۸): حدثنا عبد الرحمن بن ابراهيم الدمشقي، ثنا عبد الله بن نافع الصائغ......به- قال البوصيري (۲/۸۱): (هذا اسناد ضعيف موقوف: عبد الله بن نافع مولى ابن عمر متفق على تضعيفه، لكن لم ينفرد به عبد الله بن نافع عن ابيه؛ فقد اخرجه الدارقطني في سننه، و الحاكم في المستدرك، و البيهقي في سننه من طريق عمر بن حسين عن نافع عن ابن عمر، و سياقهم اتم)- اه-

۳۴۹۵-اسناده حسن- و قد تقدمت القصة مرارًا-

۳۴۹۶-تقدم تخريجه من طريق ابن اسحاق به- و في اسناده هذا (علي بن قرين) قال العقيلي في الضعفاء الكبير (۳/۲۴۹): كان يضع الحديث، وروي عن ابن معين انه قال لعثمان ابن سعيد: لا تكتب عن علي بن قرين شيخ ببغداد: فانه كذاب خبيث- و قال ابن عدي في الكامل (۶/۳۶۷): (و علي بن قرين هذا رسمه يسرق الحديث عن الثقات)- اه-

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: لڑکی کی شادی اس کی اجازت سے کی جائے۔ اس روایت کا راوی عمر بن حسین' آل حاطب کا آزاد کردہ غلام ہے۔

3497- حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّعْمَانِيُّ الْبَاهِلِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بُدَيْلٍ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَمُجَمِّعِ ابْنَيْ يَزِيْدَ قَالَا اَنْكَحَ خِذَامٌ ابْنَتَهُ خَنْسَاءَ وَهِيَ كَارِهَةٌ رَجُلًا وَّهِيَ ثَيِّبٌ فَاَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَرَدَّ نِكَاحَهَا.

☆☆ حضرت عبدالرحمٰن بن یزید رضی اللہ عنہ اور حضرت مجمع بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت خذام رضی اللہ عنہ نے اپنی صاحبزادی ''خنساء'' کی شادی کر دی' وہ خاتون اُس شخص کو پسند نہیں کرتی تھیں' وہ خاتون ثیبہ (بیوہ یا مطلقہ) تھیں' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کے نکاح کو کالعدم قرار دیا۔

3498- حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ بْنُ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْكُوفِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدَّتِهِ خَنْسَاءَ بِنْتِ خِذَامِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ كَانَتْ اَيِّمًا مِنْ رَجُلٍ فَزَوَّجَهَا اَبُوهَا رَجُلًا مِنْ بَنِي عَوْفٍ فَحَنَّتْ اِلٰى اَبِي لُبَابَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُنْذِرِ فَارْتَفَعَ شَاْنُهَا اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَاهَا اَنْ يُلْحِقَهَا بِهَوَاهَا فَتَزَوَّجَتْ اَبَا لُبَابَةَ.

☆☆ سیّدہ خنساء بنت خذام رضی اللہ عنہا کے بارے میں منقول ہے: وہ بیوہ تھیں' اُن کے والد نے بنوعوف سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کے ساتھ اُن کی شادی کر دی' وہ خاتون' ابولبابہ بن عبدالمنذر کے ساتھ شادی کرنا چاہتی تھیں' اُس کا معاملہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے والد کو یہ ہدایت کی کہ وہ اُس کی شادی اُس کی خواہش کے مطابق کریں' تو اُس خاتون نے حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ شادی کر لی۔

3499- حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ بْنُ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا شُجَاعُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ

۳۴۹۷- اخرجه احمد (۶/۳۲۸) و البخاري في النكاح (۵۱۳۸، ۵۱۳۹) باب: اذا زوج الرجل ابنته و هي كارهة فنكاحه مردود، و في الاكراه (۶۹۴۵) باب: لا يجوز نكاح المكره، و في الحيل (۶۹۶۹) باب: في النكاح، و ابو داود في النكاح (۲۱۰۱) باب: في الثيب، و النسائي في النكاح (۶/۸۶) باب: الثيب يزوجها ابوها و هي كارهة (۳۲۶۸) و في الكبرى: كما في التحفة (۱۱/۲۹۶) و ابن ماجه في النكاح (۱۸۷۳) باب: من زوج ابنته و هي كارهة، من طريق القاسم بن محمد عن عبد الرحمن و مجمع ابني يزيد عن خنساء بنت خدام: ان اباها زوجها و هي ثيب، فكرهت ذلك...... الحديث بنحوه-

۳۴۹۸- اخرجه احمد (۶/۳۲۸) من طريق ابن اسحاق، حدثني حجاج بن السائب بن ابي لبابة بن عبد المنذر الانصاري: ان جدته ام السائب خناس بنت خدام...... بنحوه- و هو عند البيهقي في السنن (۷/۱۱۹) من طريق الدارقطني، به-

۳۴۹۹- قال الحافظ ابن حجر في الاصابة (۸/۱۰۸): (اخرج ابن مندة من طريق اسحاق بن يونس المستملي عن هشيم عن عمرو بن ابي سلمة عن ابي هريرة ان خنساء بنت خدام انكحها ابوها...... قال ابن مندة، و اخرجه غيره عن هشيم عن عمرو بن ابي سلمة مرسلاً، و كذا قال ابو عوانة عن عمر- و اخرجه ابن سعد عن وكيع عن الثوري عن ابي الحويرث عن نافع بن جبير قال: تايمت خنساء بنت خدام من زوجها، فزوجها ابوها، فاتت النبي صلى الله عليه وسلم فقالت: يا رسول الله ان ابي تفوت علي فزوجني و لم يشعر بي- قال: (لا نكاح له انكحي من شئت فنكحت ابا لبابة ......)- اه-

حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ اَنَّ امْرَاَةً مِنَ الْاَنْصَارِ مِنْ بَنِیْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ يُقَالُ لَهَا خَنْسَاءُ بِنْتُ خِذَامٍ زَوَّجَهَا اَبُوْهَا وَهِیَ ثَيِّبٌ فَاَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ الْاَمْرُ اِلَيْكِ . قَالَتْ فَلَا حَاجَةَ لِیْ فِيْهِ فَرَدَّ نِكَاحَهَا فَتَزَوَّجَتْ بَعْدَ ذٰلِكَ اَبَا لُبَابَةَ بْنَ عَبْدِ الْمُنْذِرِ فَجَاءَ تْ بِالسَّائِبِ بْنِ اَبِیْ لُبَابَةَ .

☆☆ ابوسلمہ بیان کرتے ہیں: انصار کے خاندان بنوعمرو بن عوف سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون جن کا نام خنساء بنت خذام تھا' اُن کے والد نے اُن کی شادی کر دی' وہ خاتون ثیبہ (بیوہ یا مطلقہ) تھیں' اُنہوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کا حق تمہیں حاصل ہے' اُس نے عرض کی: میں یہ شادی نہیں کرنا چاہتی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے نکاح کو کالعدم قرار دیا۔ اُس کے بعد اُس خاتون نے حضرت ابولبابہ بن عبدالمنذر کے ساتھ شادی کی اور اُس کے ہاں حضرت ابولبابہ کے صاحبزادے "سائب" پیدا ہوئے۔

3500- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ يَحْيٰی كُرَيْبٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ يَعْقُوْبَ الْاَفْطَسُ اَخُوْ اَبِیْ مُسْلِمٍ الْمُسْتَمْلِیِّ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ خَنْسَاءَ بِنْتَ خِذَامٍ اَنْكَحَهَا اَبُوْهَا وَهِیَ كَارِهَةٌ فَاَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَرَدَّ نِكَاحَهَا فَتَزَوَّجَهَا اَبُوْ لُبَابَةَ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ فَجَاءَ تْ بِالسَّائِبِ بْنِ اَبِیْ لُبَابَةَ وَكَانَتْ ثَيِّبًا.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیدہ خنساء بنت خذام رضی اللہ عنہا کے والد نے اُس کی شادی کر دی' (اُس شوہر کو) وہ خاتون پسند نہیں کرتی تھی' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے نکاح کو کالعدم قرار دیا۔ پھر حضرت ابولبابہ بن عبدالمنذر نے اُس کے ساتھ شادی کی' اور اُس کے ہاں حضرت ابولبابہ کے صاحبزادے "سائب" پیدا ہوئے۔ وہ خاتون ثیبہ (بیوہ یا مطلقہ) تھی۔

3501- حَدَّثَنَا الْقَاضِیْ اَبُوْ عُمَرَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ بْنِ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ الضَّبِّیُّ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ كَهْمَسِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَ تْ فَتَاةٌ اِلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبِیْ - وَنِعْمَ الْاَبُ هُوَ - زَوَّجَنِیْ ابْنَ اَخِيْهِ لِيَرْفَعَ بِیْ مِنْ خَسِيْسَتِهِ قَالَ فَجَعَلَ الْاَمْرَ اِلَيْهَا فَقَالَتْ فَاِنِّیْ قَدْ اَجَزْتُ مَا صَنَعَ اَبِیْ وَلٰكِنْ اَرَدْتُ اَنْ تَعْلَمَ النِّسَاءُ اَنْ لَيْسَ اِلَى الْاٰبَاءِ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ.

۳۵۰۰- قال صاحب التعليق المغني (۳/۲۳۲): (اخرجه الطبراني ايضاً من طريق هشيم عن عمر بن ابي سلمة عن ابيه عن ابي هريرة' نحوه ولم يقل فيه: (بكرًا) ولا (ثيباً)- و راجع الذي قبله-

۳۵۰۱- اخرجه النسائي (۶/۸۶-۸۷) كتاب: النكاح' باب: البكر يزوجها ابوها وهي كارهة' و ابن ماجه (۱/۶۰۲) كتاب: النكاح' باب: من زوج ابنته وهي كارهة' الحديث (۱۸۷۴)' و احمد (۶/۱۳۶)' و ابن ابي شيبة (۴/۱۳۷-۱۳۸) كتاب: النكاح' باب: الرجل يزوج ابنته من طريق كهمس بن الحسن عن ابن بريدة' به- و اخرجه ايضاً البيهقي في السنن (۷/۱۱۸) من نفس الطريق' وقال: (وهذا مرسل؛ ابن بريدة لم يسمع من عائشة رضي الله عنها)- اه- قال الزيلعي في نصب الراية (۳/۱۹۳): (قال ابن الجوزي: و جمهور الاحاديث في ذلك محمول على انه زوج من غير كفء)- اه-

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک لڑکی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے والد' جو ایک بہترین باپ ہیں' اُنہوں نے میری شادی اپنے بھتیجے کے ساتھ کر دی ہے تاکہ میری وجہ سے اُس کی کم حیثیت' بہتر ہو جائے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس لڑکی کو اختیار دیا (کہ وہ نکاح کو کالعدم کر سکتی ہے)۔ اُس نے عرض کی: میرے والد نے جو کیا ہے میں اُسے برقرار رکھتی ہوں' میں یہ چاہتی تھی کہ خواتین کو اس بات کا پتہ چل جائے کہ اس بارے میں باپ کو اختیار نہیں ہوتا۔

3502- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ الْجُنَيْدِ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوبَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ غُرَابٍ حَدَّثَنَا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ فَتَاةً دَخَلَتْ عَلَيْهَا ح

وَاَخْبَرَنَا اَبُو عُمَرَ الْقَاضِي حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا عَوْنٌ - يَعْنِي ابْنَ كَهْمَسٍ - حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ قَالَ جَاءَتْ فَتَاةٌ اِلٰى عَائِشَةَ فَقَالَتْ اِنَّ اَبِي زَوَّجَنِي ابْنَ اَخِيهِ يَرْفَعُ بِي خَسِيسَتَهُ وَاِنِّي كَرِهْتُ ذٰلِكَ . قَالَتِ اقْعُدِي حَتّٰى يَجِيءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَذْكُرَ ذٰلِكَ لَهُ . فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَاَرْسَلَ اِلٰى اَبِيهَا فَجَاءَ اَبُوهَا وَجَعَلَ الْاَمْرَ اِلَيْهَا فَلَمَّا رَاَتْ اَنَّ الْاَمْرَ جُعِلَ اِلَيْهَا قَالَتْ فَاِنِّي قَدْ اَجَزْتُ مَا صَنَعَ اَبِي اِنَّمَا اَرَدْتُ اَنْ اَعْلَمَ هَلْ لِلنِّسَاءِ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ . قَالَ ابْنُ الْجُنَيْدِ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَدْ اَجَزْتُ مَا صَنَعَ وَلٰكِنْ اَرَدْتُ اَنْ اَعْلَمَ لِلنِّسَاءِ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَمْ لَا .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک لڑکی اُن کے پاس آئی' (اُس کے بعد روایت اگلی حدیث میں ہے)۔

عبداللہ بن بریدہ بیان کرتے ہیں: ایک لڑکی سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی اور بولی: میرے والد نے میری شادی اپنے بھتیجے کے ساتھ کر دی ہے تاکہ میری وجہ سے اُس کی کمتر حیثیت' بہتر ہو جائے' مجھے یہ پسند نہیں ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تشریف لانے تک تم بیٹھی رہو' میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یہ معاملہ پیش کروں گی' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یہ معاملہ پیش کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس لڑکی کے والد کو بلایا' اُس کا والد آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (نکاح برقرار رکھنے یا کالعدم کرنے) کا اختیار لڑکی کو دیا۔ جب اُس لڑکی نے یہ دیکھا کہ اُسے اختیار دیا گیا ہے' تو وہ بولی: میرے والد نے جو کیا ہے میں اُسے برقرار رکھتی ہوں' میں یہ چاہتی تھی کہ مجھے اس بات کا پتہ چل جائے کہ کیا خواتین کو اس بارے میں اختیار ہوتا ہے۔

ابن جنید نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! انہوں نے جو کیا ہے میں اُسے برقرار رکھتی ہوں' میں یہ چاہتی تھی کہ مجھے یہ پتہ چل جائے کہ خواتین کو اس بارے میں اختیار ہوتا ہے' یا نہیں ہوتا؟

۳۵۰۲- اخرجه النسائي (۸۶/۶-۸۷): اخبرنا زياد بن ايوب' به- وراجع الذي قبله-

3503- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو ظَفَرٍ عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ مُطَهَّرٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ كَهْمَسٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتِ امْرَأَةٌ تُرِيدُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ تَلْقَهُ فَجَلَسَتْ تَنْتَظِرُهُ حَتَّى جَاءَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ لِهَذِهِ الْمَرْأَةِ إِلَيْكَ حَاجَةً .فَقَالَ لَهَا حَاجَتُكِ .قَالَتْ إِنَّ أَبِي زَوَّجَنِي ابْنَ أَخٍ لَهُ لِيَرْفَعَ بِي خَسِيسَتَهُ وَلَمْ يَسْتَأْمِرْنِي فَهَلْ لِي فِي نَفْسِي أَمْرٌ قَالَ نَعَمْ .قَالَتْ مَا كُنْتُ لأَرُدَّ عَلَى أَبِي شَيْئًا صَنَعَهُ وَلَكِنِّي أَحْبَبْتُ أَنْ تَعْلَمَ النِّسَاءُ أَلَهُنَّ فِي أَنْفُسِهِنَّ أَمْرٌ أَمْ لاَ قَالَ الشَّيْخُ هَذِهِ كُلُّهَا مَرَاسِيلُ .ابْنُ بُرَيْدَةَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عَائِشَةَ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک عورت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملنے کیلئے آئی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم موجود نہیں تھے' وہ عورت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتظار میں بیٹھ گئی' جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس عورت کو آپ سے کوئی کام ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے دریافت کیا: تمہیں کیا کام ہے؟ اُس نے بتایا: میرے والد نے میری شادی اپنے بھتیجے کے ساتھ کردی' تاکہ میری وجہ سے اُس کی کمتر حیثیت کو بہتر کردے' میرے والد نے اس بارے میں میری مرضی معلوم نہیں کی' تو کیا مجھے اپنی ذات کے بارے میں کوئی اختیار ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہاں! اُس عورت نے عرض کی: میرے والد نے جو کیا ہے میں اُسے مسترد نہیں کرنا چاہوں گی' البتہ میں یہ چاہتی تھی کہ خواتین کو اس بات کا پتہ چل جائے کہ اُنہیں اپنی ذات کے بارے میں اختیار ہوتا ہے' یا نہیں ہوتا؟

شیخ فرماتے ہیں: یہ تمام روایات ''مراسیل'' ہیں' کیونکہ ابن بریدہ نامی راوی نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے احادیث کا سماع نہیں کیا۔

3504- حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَالْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَأَبُو إِبْرَاهِيمَ الزُّهْرِيُّ .وَأَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ الصُّوفِيُّ وَغَيْرُهُمَا قَالُوا حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ عَنِ الأَوْزَاعِيِّ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَجُلاً زَوَّجَ ابْنَتَهُ بِكْرًا وَلَمْ يَسْتَأْذِنْهَا فَأَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ نِكَاحَهَا .لَفْظُ أَبِي بَكْرٍ .وَقَالَ ابْنُ صَاعِدٍ وَهِيَ بِكْرٌ مِنْ غَيْرِ أَمْرِهَا فَأَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا .

۳۵۰۳-راجع الذي قبله-

۳۵۰٤-اخرجه البيهقي في الكبرى (۱۱۷/۷) من طريق محمد بن اسحاق' انبا الحكم بن موسى' به- و عزاه الزيلعي (۱۹۱/۳) للدارقطني' و قال: (وقال في التنقيح: وقال ابو علي الحافظ: لم يسمعه الاوزاعي من عطاء- و الحديث في الاصل مرسل لفظا' انما اخرجه الثقات عن الاوزاعي عن ابراهيم بن مرة عن عطاء عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا- وقد روي من اوجه اخرجه ضعيفة عن ابي الزبير عن جابر)- اه- و الحديث اخرجه النسائي في الكبرى-كما في التحفة (۲۳۷/۲)- من طريق الحكم بن موسى' به- و اخرجه النسائي ايضاً من طريق ابي حفص: عمرو بن ابي سلمة التنيسي' سمعت الاوزاعي' حدثني ابراهيم بن مرة عن عطاء بن ابي رباح' قال: (زوج رجل ابنته و هي بكر......) فساق الحديث مرسلاً-

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے اپنی کنواری بیٹی کی شادی کر دی اُس نے اُس لڑکی سے اجازت نہیں لی' وہ لڑکی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے نکاح کو کالعدم قرار دیا۔

ابوبکر نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: وہ لڑکی کنواری تھی (اور اُس کی شادی) اُس کی اجازت کے بغیر ہوئی تو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن دونوں (میاں بیوی کے درمیان) علیحدگی کروادی۔

3505- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ اَنَّ رَجُلاً زَوَّجَ ابْنَتَهُ .فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ نَحْوَهُ.

☆☆ عطاء بن ابی رباح بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے اپنی بیٹی کی شادی کی (اُس کے بعد حسب سابق حدیث منقول ہے)۔

3506- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلًّى - يَعْنِىْ ابْنَ مَنْصُوْرٍ - حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمُسْتَمْلِىْ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَاسَرْجِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ اَنَّ رَجُلاً زَوَّجَ ابْنَةً لَهُ بِكْرًا وَهِىَ كَارِهَةٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ نِكَاحَهَا .قَالَ الشَّيْخُ الصَّحِيْحُ مُرْسَلٌ وَّقَوْلُ شُعَيْبٍ وَّهَمٌ.

☆☆ عطاء بن ابی رباح بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ایک شخص نے اپنی کنواری بیٹی کی شادی کر دی' وہ لڑکی اس رشتے کو پسند نہیں کرتی تھی' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے نکاح کو کالعدم قرار دیا۔

شیخ فرماتے ہیں: صحیح یہ ہے کہ یہ روایت "مرسل" ہے اور شعیب نامی راوی کا قول وہم ہے۔

3507- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا الْخَضِرُ بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا الْاَثْرَمُ قَالَ ذَكَرْتُ لِاَبِىْ عَبْدِ اللّٰهِ حَدِيْثَ شُعَيْبِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْمُغِيْرَةِ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ عَطَاءٍ مُرْسَلاً .مِثْلُ هٰذَا عَنْ جَابِرٍ كَالْمُنْكَرِ اَنْ يَكُوْنَ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے نقل کرتے ہیں (اُس کے بعد حسب سابق

۳۵۰۵- راجع الذي قبله-

۳۵۰۶- راجع الذي قبله-

۳۵۰۷- علقه البيهقي في السنن (۷/ ۱۱۷- ۱۱۸) قال: و ذكره الاثرم لاحمد بن حنبل' وانكره' و قد روي من وجه آخر ضعيف عن ابي الزبير عن جابر وليس بمشهور- و ان صح ذلك: فكانه كان وضعها في غير كفاء فخيرها النبي صلى الله عليه وسلم)- اه- وراجع الذي قبله-

حدیث ہے)۔

راوی نے یہ روایت عطاء کے حوالے سے "مرسل" حدیث کے طور پر نقل کی ہے' بالکل اُسی طرح جیسے یہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

3508- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَافِرِ بْنُ سَلَامَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ شُرَحْبِيلَ عِيسَى بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ قَالَ فَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ امْرَاَةٍ وَّزَوْجِهَا وَهِىَ بِكْرٌ اَنْكَحَهَا اَبُوهَا وَهِىَ كَارِهَةٌ.

★★ عطاء بن ابی رباح بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت اور اُس کے شوہر کے درمیان علیحدگی کروادی' وہ عورت کنواری تھی' اُس کے والد نے اُس کی شادی کی تھی' اُس عورت کو (یہ رشتہ) پسند نہیں تھا۔

شرح: بالغ باکرہ لڑکی کو نکاح پر مجبور نہیں کیا جاسکتا

صاحب ہدایہ لکھتے ہیں: ولی کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ باکرہ بالغہ کو نکاح پر مجبور کرے۔

اس بارے میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی رائے مختلف ہے۔

ان کی دلیل نابالغہ پر قیاس کرنا ہے اور اس کی وجہ یہ ہے: وہ نکاح کے معاملات سے ناواقف ہوتی ہے چونکہ اسے تجربہ نہیں ہوتا' اسی لیے اس کا باپ اس کا مہر اس کی اجازت کے بغیر قبضے میں لے سکتا ہے۔

ہماری دلیل یہ ہے: وہ آزاد ہے' تو کسی دوسرے شخص کو اس کے ساتھ زبردستی کرنے کا حق حاصل نہیں ہوگا۔

نابالغہ پر تصرف کا حق اس کی عقل میں کمی کی وجہ سے ہوتا ہے اور وہ (کمی) بلوغت کے ہمراہ مکمل (یعنی ختم) ہو جاتی ہے' اس کی دلیل یہ ہے: خطاب اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے (یعنی وہ شرعی احکام کی پابند ہو جاتی ہے) تو اس کی مثال نابالغ لڑکے کی طرح ہوگی اور مال میں تصرف کرنے کے حکم کی طرح ہوگی۔

باپ اس کی رضامندی کے ساتھ اس کا مہر قبضے میں لے سکتا ہے یہی وجہ ہے: اگر وہ اس سے منع کر دے' تو باپ اس (مہر) کا مالک نہیں ہوگا۔ (ہدایہ کتاب النکاح)

3509- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اِسْمَاعِيلَ الْاُبُلِّيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ الصَّنْعَانِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جُوتِيٍّ وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ

۳۵۰۸- راجع الذي قبله-

۳۵۰۹- اخرجه ابن الجوزي في التحقيق (۲/۲۶۲) من طريق الدارقطني' به- و اخرجه البيهقي في السنن (۱۱۷/۷) من طريق ابي سلمة مسلم بن محمد بن عمار الصنعاني' ثنا عبد الملك بن عبد الرحمن الذماري...... به- وقد نقل البيهقي قول الدارقطني عقبه' ثم قال: (هو في (جامع الثوري) عن الثوري؛ كما ذكره ابو الحسن الدارقطني - رحمه الله - مرسلاً' و كذلك اخرجه عامة اصحابه عنه' و كذلك اخرجه غير الثوري عن هشام- ويروي من غير وجه اخطا فيه الراوي)- اه- قال الزيلعي في نصب الراية (۳/۱۹۲): (قال في التنقيح: اسحاق بن ابراهيم هذا: هو ابن جوتي الطبري' و هو ضعيف' لكنه لم يتفرد به عن الذماري؛ فقد اخرجه البيهقي من حديث ابي سلمة: مسلم بن محمد بن عمار الصنعاني عن الذماري)- اه-

إِبْرَاهِيمَ بْنِ جُوتِيٍّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ الذِّمَارِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ هِشَامٍ صَاحِبِ الدَّسْتَوَائِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّ نِكَاحَ بِكْرٍ وَثَيِّبٍ أَنْكَحَهُمَا أَبُوهُمَا وَهُمَا كَارِهَانِ فَرَدَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِكَاحَهُمَا.

قَالَ الشَّيْخُ هَذَا وَهَمٌ مِنَ الذِّمَارِيِّ وَتَفَرَّدَ بِهِ بِهَذَا الإِسْنَادِ وَالصَّوَابُ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ عِكْرِمَةَ مُرْسَلٌ وَهِمَ فِيهِ الذِّمَارِيُّ عَنِ الثَّوْرِيِّ وَلَيْسَ بِقَوِيٍّ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کنواری لڑکی اور ایک ثیبہ (بیوہ یا مطلقہ) عورت' دونوں کے نکاح کو کالعدم قرار دیا تھا۔ اُن کے والد نے اُن دونوں کی شادی کی تھی' اُن دونوں کو (یہ رشتے) پسند نہیں تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کے نکاح کو کالعدم قرار دیا۔

شیخ فرماتے ہیں: اسے نقل کرنے میں ذماری نامی راوی کو وہم ہوا ہے' وہ اس سند کے ساتھ اسے نقل کرنے میں منفرد ہیں۔ صحیح یہ ہے' یہ روایت یحییٰ بن ابوکثیر کے حوالے سے' مہاجر بن عکرمہ کے حوالے سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے "مرسل" روایت کے طور پر منقول ہے۔

3510- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَوْتِيٍّ' حَدَّثَنَا أَبِي بِإِسْنَادِهِ' مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

3511- حَدَّثَنَاهُ إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ الْقُومَسِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ عِكْرِمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ سَوَاءً.

☆☆ مہاجر بن عکرمہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اسی کی مانند روایت نقل کی ہے۔

3512- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا

۳۵۱۰- راجع الذي قبله-

۳۵۱۱- راجع الذي قبله-

۳۵۱۲- اخرجه احمد (۱/۲۷۳) و ابو داود رقم (۲۰۹۶) و ابن ماجه رقم (۱۸۷۵) و النسائي في الكبرى (۶۰۰۱- تحفة) و البيهقي في السنن (۱۱۷/۷) من طريق عن حسين بن محمد......به- من طريق معمر بن سليمان الرقي عن زيد بن حبان عن ايوب......به- و اخرجه ابو داود (۲۰۹۷) و من طريق البيهقي في السنن (۱۱۷/۷) من طريق حماد بن زيد عن ايوب عن عكرمة مرسلاً- قال ابو داود: لم يذكر ابن عباس و كذلك اخرجه الناس مرسلاً- معروف- قال الشيخ احمد شاكر في تعليقه على المسند: (يريد ابو داود تعليل الموصول بالمرسل' و تبعه على ذلك البيهقي' و هو تعليل غير مقبول' و قد رد ابن القيم هذا التعليل فقال: (وعلى طريقه البيهقي واكثر الفقهاء و جميع اهل الاصول- هذا حديث صحيح: لان جرير بن حازم ثقة ثبت' و قد وصله' و هم يقولون: (زيادة الثقة مقبولة) فما بالها تقبل في موضع' بل في اكثر المواضع التي توافق مذهب المقلد' و ترد في موضع يخالف مذهبه!؟ وقد قبلوا زيادة الثقة في اكثر من مائتي حديث: رفعاً ووصلاً' و زيادة لفظ' و نحوه- هذا لو انفرد به جرير' فكيف وقد تابعه على رفعه عن ايوب زيد بن حبان! ؟ ذكره ابن ماجه في سننه)- اهـ-

اَبُو خُرَاسَانَ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ السَّكَنِ قَالَا حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ جَارِيَةً بِكْرًا اَنْكَحَهَا اَبُوهَا وَهِيَ كَارِهَةٌ فَخَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .وَقَالَ اَبُو خُرَاسَانَ اَنَّ جَارِيَةً بِكْرًا اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ اَنَّ اَبَاهَا زَوَّجَهَا بِغَيْرِ اِذْنِهَا فَفَرَّقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا .وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ زَيْدُ بْنُ حِبَّانَ الرَّقِّيُّ عَنْ اَيُّوْبَ وَتَابَعَهُ اَيُّوْبُ بْنُ سُوَيْدٍ عَنِ الثَّوْرِيِّ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَغَيْرُهُ يُرْسِلُهُ عَنِ الثَّوْرِيِّ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .وَالصَّحِيْحُ مُرْسَلٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک لڑکی کے والد نے اُس کی شادی کر دی' اُس لڑکی کو (یہ رشتہ) پسند نہیں تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس لڑکی کو (نکاح برقرار کرنے یا کالعدم قرار دینے کا) اختیار دیا۔

ابوخراسان نامی راوی نے یہ بات نقل کی ہے: ایک لڑکی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اس بات کا تذکرہ کیا: اُس کے والد نے اُس کی اجازت کے بغیر اُس کی شادی کر دی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن دونوں (میاں بیوی) کے درمیان علیحدگی کروادی۔

یہی روایت ایک اور سند کے حوالے سے' عکرمہ کے حوالے سے' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے' جبکہ دیگر راویوں نے اسے عکرمہ کے حوالے سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ''مرسل'' روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔ اور درست یہی ہے کہ یہ ''مرسل'' ہے۔

3513- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْقَاضِي حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ الرَّقِّيُّ حَدَّثَنَا مُعَمَّرٌ يَعْنِي ابْنَ سُلَيْمَانَ الرَّقِّيَّ عَنْ زَيْدِ بْنِ حِبَّانَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيْرٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ قَالَ اَنْكَحَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي الْمُنْذِرِ ابْنَتَهُ وَهِيَ كَارِهَةٌ فَاَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ نِكَاحَهَا .

وَعَنْ زَيْدِ بْنِ حِبَّانَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

☆☆ ابوسلمہ بیان کرتے ہیں: بنومنذر سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب نے اپنی صاحبزادی کی شادی کر دی' اُس لڑکی کو (وہ رشتہ) پسند نہیں تھا' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے نکاح کو کالعدم قرار دیا۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3514- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ الرَّمْلِيُّ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ سُوَيْدٍ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا زَوَّجَ ابْنَتَهُ وَهِيَ كَارِهَةٌ

۳۵۱۳- اسناد رواية ابي سلمة: فقد تقدمت قريباً- و رواية زيد بن حبان عن ايوب عن عكرمة عن ابن عباس: راجع تخريجها في الحديث السابق-

۳۵۱۴- راجع الحديث قبل السابق-

فَفَرَّقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے اپنی بیٹی کی شادی کر دی' اُس لڑکی کو رشتہ پسند نہیں تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن دونوں (میاں بیوی) کے درمیان علیحدگی کروادی۔

3515- حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْقَاسِمِ الْاَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ رَاشِدٍ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ- يَعْنِي ابْنَ مُسْلِمٍ- قَالَ قَالَ ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ اَخْبَرَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَجُلاً زَوَّجَ ابْنَتَهُ بِكْرًا فَكَرِهَتْ ذٰلِكَ فَاَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ نِكَاحَهَا. لَا يَثْبُتُ هٰذَا عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ عَنْ نَافِعٍ وَّالصَّوَابُ حَدِيثُ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ حُسَيْنٍ وَّقَدْ تَقَدَّمَ.

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے اپنی کنواری بیٹی کی شادی کی' اُس لڑکی کو رشتہ پسند نہیں تھا' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے نکاح کو کالعدم قرار دیا۔

یہ روایت ابن ابی ذئب کے حوالے سے' نافع سے منقول ہونے کے اعتبار سے ثابت نہیں ہے۔ درست یہ ہے کہ یہ ابن ابی ذئب کے حوالے سے' عمر بن حسین سے منقول ہے' جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے۔

3516- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ وَاِسْمَاعِيلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْوَرَّاقُ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجَوَيْهِ اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا رَبِيعَةُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ نَهَارٍ الْعَبْدِيِّ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَجُلاً جَاءَ بِابْنَتِهِ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هٰذِهِ ابْنَتِي اَبَتْ اَنْ تَزَوَّجَ. فَقَالَ اَطِيعِي اَبَاكِ اَتَدْرِينَ مَا حَقُّ الزَّوْجِ عَلَى الزَّوْجَةِ لَوْ كَانَ بِاَنْفِهِ قُرْحَةٌ تَسِيلُ قَيْحًا وَصَدِيدًا لَحَسَتْهُ مَا اَدَّتْ حَقَّهُ. فَقَالَتْ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا نَكَحْتُ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُنْكِحُوهُنَّ اِلَّا بِاِذْنِهِنَّ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص اپنی بیٹی کو ساتھ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: یہ میری بیٹی شادی کرنے سے انکار کر رہی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے باپ کا حکم مان لو' کیا تم جانتی ہو؟ شوہر کا بیوی پر حق کیا ہے؟ اگر شوہر کی ناک میں پھوڑا نکلا ہو' جس میں سے پیپ اور مواد خارج ہوتا ہو اور وہ عورت زبان کے ذریعے اُسے چاٹ لے' تو بھی وہ شوہر کا حق ادا نہیں کرے گی۔ تو اُس خاتون نے عرض کی: اُس ذات کی قسم! جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے! میں تو شادی نہیں کروں گی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان (لڑکیوں) کی شادی ان کی مرضی کے ساتھ کیا کرو۔

۳۵۱۵- تقدم قریباً-

۳۵۱۶- اخرجه ابن ابي شيبة (۳۰۲/٤) والنسائي في الكبرى؛ كما في التحفة (۴۷۵/۳) و الحاكم (۱۸۸/۲) و البزار (۱٤٦٥) و ابن حبان (٤١٦٤) و البيهقي في الكبرى (۲۹۱/۷) من طرق عن جعفر بن عون' به- و ربيعة بن عثمان ضعيف' بل قال ابو حاتم: منكر الحديث' يكتب حديثه-

3517- حَدَّثَنَا الْقَاضِي أَبُو الطَّاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بِمِصْرَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سُلَيْمَانَ أَخْبَرَنَا أَبُو طَالِبٍ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَقَّابٍ وَأَبِي حَنِيفَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ امْرَأَةٌ أَنَا وَلِيُّهَا تَزَوَّجَتْ بِغَيْرِ إِذْنِي . فَقَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ نَنْظُرُ فِيمَا صَنَعَتْ إِنْ كَانَتْ تَزَوَّجَتْ كُفْؤًا أَجَزْنَا ذَلِكَ لَهَا وَإِنْ كَانَتْ تَزَوَّجَتْ مَنْ لَيْسَ لَهَا بِكُفْؤٍ جَعَلْنَا ذَلِكَ إِلَيْكَ .

☆☆ سماک بن حرب بیان کرتے ہیں: ایک شخص حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور بولا: ایک لڑکی ہے' میں اُس کا ولی ہوں' اُس نے میری اجازت کے بغیر شادی کر لی ہے' تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اُس لڑکی نے جو حرکت کی ہے' اُس کے بارے میں ہماری رائے یہ ہے کہ اگر اُس نے "کفو" میں شادی کی ہے' تو ہم اسے برقرار رکھیں گے اور اگر اُس نے کسی ایسے شخص کے ساتھ شادی کی ہے' جو اُس کا کفو نہیں ہے' تو ہم (اُسے برقرار رکھنے یا کالعدم قرار دینے کا اختیار) تمہیں دیں گے۔

3518- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْقُوهُسْتَانِيُّ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُرَّةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُنْكَحُ الْبِكْرُ حَتَّى تُسْتَأْذَنَ وَلِلثَّيِّبِ نَصِيبٌ مِنْ أَمْرِهَا مَا لَمْ تَدْعُ إِلَى سَخْطَةٍ فَإِنْ دَعَتْ إِلَى سَخْطَةٍ وَكَانَ أَوْلِيَاؤُهَا يَدْعُونَ إِلَى الرِّضَا رُفِعَ ذَلِكَ إِلَى السُّلْطَانِ . قَالَ إِسْحَاقُ قُلْتُ لِعِيسَى آخِرُ الْحَدِيثِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هَكَذَا الْحَدِيثُ فَلَا أَدْرِي .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: کنواری لڑکی کی شادی اُس وقت تک نہ کی جائے جب تک اُس سے اجازت نہ لی جائے' اور ثیبہ کو اپنی ذات کے بارے میں اختیار ہوتا ہے' جب تک وہ ناراضگی کی طرف دعوت نہ دے' اگر وہ ناراضگی کی طرف بلاتی ہے اور اس کے سرپرست رضامندی کی طرف بلاتے ہیں تو یہ مقدمہ حاکم وقت کے سامنے پیش ہوگا۔

اسحاق کہتے ہیں: میں نے عیسیٰ سے دریافت کیا: روایت کا آخری حصہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے؟ انہوں نے جواب دیا: مجھے نہیں ویسے روایت اسی طرح ہے۔

3519- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ أَنَّ يَحْيَى بْنَ أَبِي كَثِيرٍ حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ حَدَّثَهُ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ فَقَالَ

۳۵۱۷- لم اجده عن علي' لكن روى سعيد بن منصور في سننه (۱/۱۷٦) رقم (۵۲۵): نا هشيم' انا اسماعيل بن سالم' قال الشعبي: و سئل عن امرأة تزوجت و وليها غائب؛ فقال الشعبي ان كانت تزوجت في غير كفاءة و صحة' فنكاحها باطل- و ان كانت تزوجت في كفاءة' فان الامر الى الولي' ان شاء اجاز' و ان شاء رد-

۳۵۱۸- تقدم قريباً-

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُنْكَحُ الثَّيِّبُ حَتّٰى تُسْتَأْمَرَ وَلَا تُنْكَحُ الْبِكْرُ حَتّٰى تُسْتَأْذَنَ وَاِذْنُهَا الصُّمُوْتُ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ثیبہ (بیوہ یا مطلقہ) کا نکاح اُس وقت تک نہ کیا جائے جب تک اُس کی مرضی نہ معلوم کر لی جائے اور کنواری کا نکاح اُس وقت تک نہ کیا جائے جب تک اُس سے اذن نہ لیا جائے اور اُس کا اذن' خاموشی ہے۔

3520- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ اَخْبَرَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِىْ صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاَيِّمُ اَوْلٰى بِاَمْرِهَا وَالْيَتِيْمَةُ تُسْتَاْمَرُ فِىْ نَفْسِهَا وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا . تَابَعَهُ سَعِيْدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ وَخَالَفَهُمَا مَعْمَرٌ فِىْ اِسْنَادِهٖ فَاَسْقَطَ مِنْهُ رَجُلًا وَّخَالَفَهُمَا اَيْضًا فِىْ مَتْنِهٖ فَاَتٰى بِلَفْظٍ اٰخَرَ وَوَهِمَ فِيْهِ لِاَنَّ كُلَّ مَنْ رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ وَكُلَّ مَنْ رَوَاهُ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ خَالَفُوْا مَعْمَرًا وَاتِّفَاقُهُمْ عَلٰى خِلَافِهٖ دَلِيْلٌ عَلٰى وَهْمِهٖ . وَاللّٰهُ اَعْلَمُ .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ثیبہ (بیوہ یا مطلقہ) اپنے معاملہ کی زیادہ حق دار ہے' اور کنواری لڑکی سے اجازت لی جائے گی' اُس کا اذن' اُس کی خاموشی ہے۔

سعید بن سلمہ نے صالح بن کیسان کے حوالے سے اس کی متابعت کی ہے۔

معمر نے اس کی سند میں ان دونوں سے مختلف بات بیان کی ہے' اُنہوں نے سند میں سے ایک شخص کا ذکر ساقط کر دیا ہے۔
اسی طرح معمر نے اس روایت کے متن میں بھی ان دونوں سے مختلف بات نقل کی ہے اور روایت کو دوسرے الفاظ میں نقل کیا ہے' تاہم اس میں اُنہیں وہم ہوا ہے' کیونکہ ہر وہ راوی جس نے اسے عبداللہ بن فضل کے حوالے سے نقل کیا ہے اور ہر وہ راوی جس نے اسے عبداللہ بن فضل کے ساتھ نافع بن جبیر سے نقل کیا ہے' اُن سب نے معمر سے مختلف روایت نقل کی ہے اور ان سب راویوں کا معمر سے مختلف روایت کرنے پر اتفاق کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ معمر کو اس بارے میں وہم ہوا ہے' باقی اللہ بہتر جانتا ہے!

3521- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ ح وَاَخْبَرَنَا

۳۵۱۹- اخرجه مسلم في النكاح (۱۴۱۹) باب: استئذان الثيب في النكاح' و الترمذي في النكاح (۱۱۰۷) باب: ما جاء في استئمار البكر و الثيب' و ابن ماجه في النكاح (۱۸۷۱) باب: استئمار البكر و الثيب و ابو يعلى في مسنده رقم (۶۰۱۳) من طرق عن الاوزاعي' بهذا الاسناد- و اخرجه البخاري في النكاح (۵۱۳۶) باب: لا ينكح الاب وغيره البكر و الثيب الا برضاهما' و في الحيل (۶۹۶۸) باب: في النكاح' و مسلم في النكاح (۱۴۱۹) باب: استئذان الثيب في النكاح' والنسائي (۸۶/۶) في النكاح' باب: اذن البكر' و البيهقي (۱۱۹/۷) كتاب: النكاح' باب: ما جاء في انكاح الثيب من طريق هشام تنا يحيى' به- و اخرجه البخاري (۶۹۷۰)' و مسلم (۱۴۱۹) من طريق شيبان عن يحيى بن ابي كثير' به- واخرجه مسلم (۱۴۱۹)' و احمد (۲/ ۲۵۰' ۴۲۵) من طريق الحجاج بن ابي عثمان عن يحيى' به- و ابو داود في النكاح (۲۰۹۲) باب: في الاستئمار من طريق ابان عن يحيى' به- و النسائي (۸۵/۶) من طريق ابي اسماعيل عن يحيى به-
۳۵۲۰- تقدم قريباً-

الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْقَاضِى الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوبَ الصَّرِيفِينِيُّ وَاَحْمَدُ بْنُ الْهَيْثَمِ بْنِ اَبِى دَاوُدَ الْبَصْرِىُّ ح وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدَانَ اَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوبَ قَالُوْا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ اَبِى الْحُسَامِ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَيِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْيَتِيمَةُ تُسْتَاْذَنُ فِىْ نَفْسِهَا وَاِذْنُهَا السُّكُوتُ .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ثیبہ (بیوہ یا مطلقہ) عورت اپنی ذات کے بارے میں' اپنے ولی سے زیادہ حق رکھتی ہے اور کنواری لڑکی سے اُس کی ذات کے بارے میں اجازت لی جائے گی' اُس کی اجازت' خاموشی ہوگی۔

3522- حَدَّثَنَا الْمَحَامِلِيُّ وَاَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ قَالَا اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لِلْوَلِيِّ مَعَ الثَّيِّبِ اَمْرٌ وَّالْيَتِيمَةُ تُسْتَاْمَرُ وَصَمْتُهَا اِقْرَارُهَا .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ولی کو ثیبہ (بیوہ یا مطلقہ) کے بارے میں کوئی اختیار نہیں ہوتا اور کنواری سے اُس کی مرضی معلوم کی جائے گی' اُس کی خاموشی اُس کا اقرار ہوگی۔

3523- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعْدٍ الْهَرَوِيُّ يَحْيَى بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَّعْمَرٍ حَدَّثَنِى صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ لِلْوَلِيِّ مَعَ الثَّيِّبِ اَمْرٌ وَّالْيَتِيمَةُ تُسْتَاْمَرُ وَصَمْتُهَا رِضَاهَا . كَذَا رَوَاهُ مَعْمَرٌ وَّالَّذِى قَبْلَهُ اَصَحُّ فِى الْاِسْنَادِ وَالْمَتْنِ لِاَنَّ صَالِحًا لَمْ يَسْمَعْهُ مِنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ وَّاِنَّمَا سَمِعَهُ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْهُ اتَّفَقَ عَلٰى ذٰلِكَ ابْنُ اِسْحَاقَ وَسَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ صَالِحٍ . سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىَّ يَقُوْلُ الَّذِى عِنْدِى اَنَّ مَعْمَرًا اَخْطَاَ فِيْهِ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ولی کو ثیبہ (بیوہ یا مطلقہ) کے بارے میں کوئی اختیار نہیں ہوتا اور کنواری سے اُس کی مرضی معلوم کی جائے گی' اُس کی خاموشی اُس کی رضا ہوگی۔

۳۵۲۱-اخرجه مسلم في صحيحه (۱۰۳۷/۲) كتاب : النكاح' باب: استئذان الثيب في النكاح بالنطق و البكر بالسكوت' الحديث (۱۴۲۱)- و ابو داؤد (۲۳۲/۲) كتاب: النكاح ' باب: في الثيب الحديث (۲۰۹۸' ۲۰۹۹) و الترمذي (۴۰۷/۳) كتاب : النكاح' باب: ما جاء في استئمار البكر و الثيب' الحديث (۱۱۰۸) و النسائي (۸۴/۶' ۸۵) و ابن ماجه (۶۰۱/۱) كتاب: النكاح' باب: استئمار البكر و الثيب' الحديث (۱۸۷۰) و الدارمي رقم (۲۱۹۵-ط- هاشمي) و الحميدي رقم (۵۱۷) و احمد (۲۱۹/۱' ۲۱۹' ۲۴۱' ۲۶۱' ۳۶۲) من طرق عن عبد الله بن الفضل بن ربيعة' به-

۳۵۲۲-اخرجه البيهقي في السنن (۱۱۸/۷) من طريق الدارقطني' به- و اخرجه عبد الرزاق (۱۴۵/۶) رقم (۱۰۲۹۹) و من طريقه ابو داؤد (۲۳۳/۲) كتاب: النكاح' باب: في الثيب' الحديث (۲۱۰۰) و النسائي (۸۵/۶) و احمد في المسند (۳۳۴/۱)- و راجع الذي قبله-

۳۵۲۳-راجع الذي قبله-

معمر نے اسے اسی طرح نقل کیا ہے' اس سے پہلے جو روایت گزر چکی ہے وہ سند اور متن کے اعتبار سے زیادہ درست ہے' کیونکہ صالح نامی راوی نے اسے نافع بن جبیر سے نہیں سنا ہے' اُنہوں نے اسے عبداللہ بن فضل سے سنا ہے۔

اس بارے میں صالح سے نقل کرنے میں ابن اسحاق اور سعید بن سلمہ متفق ہیں۔

میں نے شیخ ابوبکر نیشاپوری کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: میرے نزدیک اس بارے میں معمر نے غلطی کی ہے۔

3524- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدَانَ الصَّيْدَلَانِيُّ بِوَاسِطٍ مِّنْ اَصْلِهِ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوبَ اَخْبَرَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْيَتِيمَةُ تُسْتَاْمَرُ فِىْ نَفْسِهَا وَصُمُوتُهَا رِضَاهَا .

وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مَّالِكٍ نَحْوَ هٰذَا اللَّفْظِ .

★★ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کنواری لڑکی سے اُس کی ذات کے بارے میں مرضی معلوم کی جائے گی اور اُس کی خاموشی اُس کی رضامندی شمار ہوگی۔

ابوداؤد طیالسی نے اپنی سند کے ساتھ اسے اسی طرح نقل کیا ہے۔

3525- حَدَّثَنَاهُ اَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا النَّيْسَابُوْرِيُّ بِمِصْرَ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيُّ بِمِصْرَ حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَّالِكِ بْنِ اَنَسٍ قَالَ سَمِعْتُهُ مِنْهُ بَعْدَ مَوْتِ نَافِعٍ بِسَنَةٍ وَّلَهُ يَوْمَئِذٍ حَلْقَةٌ قَالَ حَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْفَضْلِ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاَيِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَّلِيِّهَا وَالْيَتِيمَةُ تُسْتَاْمَرُ وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا .

★★ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ثیبہ عورت اپنی ذات کے بارے میں اپنے ولی سے زیادہ حق رکھتی ہے اور کنواری لڑکی سے مرضی معلوم کی جائے گی' اُس کی اجازت' اُس کی خاموشی ہوگی۔

3526- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ اَبُوْ حَامِدٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ يَبْلُغُ بِهِ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ يُوْسُفُ فِىْ حَدِيْثِهِ سَمِعَ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرٍ يَذْكُرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الثَّيِّبُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَّلِيِّهَا وَالْبِكْرُ يَسْتَاْمِرُهَا اَبُوهَا فِىْ نَفْسِهَا . زَادَ عَمْرٌو وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا .

وَرَوَاهُ جَمَاعَةٌ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

٣٥٢٤- اخرجه مالك في الموطا (٢/ ٥٢٤) كتاب: النكاح' باب: استئذان البكر و الايم في انفسهما' الحديث (٤) عن عبد الله بن الفضل' به- و من طريقه اخرجه مسلم وغيره- انظر التخريج قبل السابق-

٣٥٢٥- تقدم تخريجه- ٣٥٢٦- تقدم-

الثَّيِّبُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا . مِنْهُمْ شُعْبَةُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ الْخُرَيْبِيُّ وَسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ وَيَحْيٰى بْنُ اَيُّوْبَ الْمِصْرِيُّ وَغَيْرُهُمْ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ثیبہ عورت اپنی ذات کے بارے میں اپنے ولی سے زیادہ حق رکھتی ہے اور کنواری لڑکی سے اُس کا والد (اُس کے بارے میں) اُس کی مرضی معلوم کرے گا۔

عمرو نامی راوی نے یہ الفاظ زائد نقل کیے ہیں: اُس کی اجازت' اُس کی خاموشی ہوگی۔

یہ روایت بعض دیگر اسناد کے ساتھ بھی منقول ہے۔

3527- حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا ابْنُ زَنْجَوَيْهِ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالاَ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَالِكٍ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ مَالِكٍ ح وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ بْنِ خَلَّادٍ وَاَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ قَالاَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ عَنْ مَالِكٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ الْقَاضِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِيْ زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ وَمَالِكُ بْنُ اَنَسٍ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ جَدِّيْ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَحْيٰى بْنُ اَيُّوْبَ عَنْ مَالِكٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ وَكُلُّهُمْ قَالَ الثَّيِّبُ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس کے تمام راویوں نے لفظ ''الثیب'' نقل کیا ہے۔

3528- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ الْحَضْرَمِيُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْفَضْلِ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَيِّمُ اَوْلٰى بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَاْمَرُ فَاِنْ صَمَتَتْ فَهُوَ رِضَاهَا .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ثیبہ عورت اپنی ذات کے بارے میں اپنے ولی سے زیادہ حق رکھتی ہے' اور کنواری لڑکی سے اُس کی مرضی معلوم کی جائے گی' اگر وہ خاموش رہے تو یہ اُس کی رضامندی شمار ہوگی۔

3529- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَطَّانُ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالاَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاَيِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَاْمَرُ فِيْ نَفْسِهَا

۳۵۲۷- تقدم-

۳۵۲۸- تقدم-

۳۵۲۹- تقدم-

وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا ۔ لَفْظُ ابْنِ سِنَانٍ وَّهٰذَانِ خِلَافُ لَفْظِ الْفَضْلِ بْنِ مُوْسٰى عَنِ ابْنِ مَهْدِيٍّ ۔ قَالَ الشَّيْخُ وَيُشْبِهُ اَنْ يَّكُوْنَ قَوْلُهُ فِي هٰذَا الْحَدِيْثِ وَالْبِكْرُ تُسْتَأْمَرُ ۔ اِنَّمَا يُرَادُ بِهِ الْبِكْرُ الْيَتِيْمَةُ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ لِاَنَّا قَدْ ذَكَرْنَا فِي رِوَايَةِ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ وَمَنْ تَابَعَهُ مِمَّنْ رَوٰى اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالْيَتِيْمَةُ تُسْتَأْمَرُ ۔ وَاَمَّا قَوْلُ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ وَالْبِكْرُ يَسْتَأْمِرُهَا اَبُوْهَا ۔ فَاِنَّا لَا نَعْلَمُ اَحَدًا وَافَقَ ابْنَ عُيَيْنَةَ عَلٰى هٰذَا اللَّفْظِ وَلَعَلَّهُ ذَكَرَهُ مِنْ حِفْظِهِ فَسَبَقَهُ لِسَانُهُ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ ۔ وَكَذٰلِكَ رُوِيَ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى اَنَّ الْيَتِيْمَةَ تُسْتَأْمَرُ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ثیبہ عورت اپنی ذات کے بارے میں اپنے ولی سے زیادہ حق رکھتی ہے اور کنواری لڑکی سے اُس کی مرضی معلوم کی جائے گی اُس کا اذن اُس کی خاموشی ہوگی۔

یہ الفاظ ابن سنان نامی راوی کے ہیں اور یہ دونوں اُس روایت سے مختلف ہیں جسے فضل بن موسیٰ نے ابن مہدی کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

شیخ فرماتے ہیں: یہاں اس بات کا احتمال موجود ہے کہ اس حدیث میں استعمال ہونے والے لفظ ''کنواری لڑکی'' سے مراد کنواری یتیم لڑکی ہو۔ ویسے اللہ بہتر جانتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم صالح بن کیسان اور اُس کی متابعت میں منقول دیگر روایات میں یہ ذکر کر چکے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے: یتیم لڑکی سے اُس کی مرضی معلوم کی جائے گی۔

ابن عیینہ نے زیاد بن سعد کے حوالے سے جو یہ الفاظ نقل کیے ہیں: کنواری لڑکی سے اُس کا والد اجازت لے گا' تو ہمارے علم کے مطابق کسی بھی راوی نے ان الفاظ کے بارے میں ابن عیینہ کی موافقت نہیں کی ہے' ہوسکتا ہے کہ اُنہوں نے اپنی یادداشت کے حوالے سے یہ روایت ذکر کی ہو اور اُن کی زبان غلطی کر گئی ہو' باقی اللہ بہتر جانتا ہے!

ابوبردہ کے حوالے سے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے یہی روایت نقل کی گئی ہے: یتیم لڑکی سے اُس کی مرضی معلوم کی جائے گی۔

3530- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا اَبُوْ قَطَنٍ عَمْرُو بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِيْ اِسْحَاقَ قَالَ قَالَ اَبُوْ بُرْدَةَ قَالَ اَبُوْ مُوْسٰى قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُسْتَأْمَرُ الْيَتِيْمَةُ فِيْ نَفْسِهَا فَاِنْ سَكَتَتْ فَقَدْ اَذِنَتْ وَاِنْ اَنْكَرَتْ لَمْ تُكْرَهْ ۔ قَالَ اَبُوْ قَطَنٍ فَقُلْتُ لِيُوْنُسَ سَمِعْتَهُ مِنْهُ اَوْ مِنْ اَبِيْ بُرْدَةَ قَالَ نَعَمْ.

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یتیم لڑکی سے

۳۵۳۰- اخرجه احمد (٤/٣٩٤، ٤١١) من طريق وكيع و ابي قطن' ثنا يونس بن ابي اسحاق' به-واخرجه الدارمي (٢/١٢٨) كتاب: النكاح' باب: في اليتيمة تزوج نفسها' و البيهقي (٧/١٢٠) كتاب : النكاح' باب: ما جاء في انكاح اليتيمة من طريق ابي نعيم عن يونس' به-واخرجه ابو يعلى رقم (٧٣٢٧)' و من طريقه ابن حبان؛ كما في الموارد رقم (١٢٣٨) من طريق يحيى بن زكريا بن ابي زائدة عن يونس؛ به- و اخرجه البزار (٢/١٦٠) رقم (١٤٢٣- كشف) من طريق اسرائيل عن ابي اسحاق' حدثني ابو بردة' به- و ذكره الهيثمي في امجمع الزوائد (٤/٢٨٠)' وقال: (اخرجه احمد و ابو يعلى و البزار و الطبراني' و رجال احمد رجال الصحيح)- اه-

اُس کی ذات کے بارے میں مرضی معلوم کی جائے گی اگر وہ خاموش رہی تو اُس نے اجازت دے دی لیکن اگر وہ انکار کر دے تو اُسے مجبور نہیں کیا جائے گا۔

ابوقطن نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں نے یونس سے دریافت کیا: کیا آپ نے یہ روایت اُن سے سنی ہے؟ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) ابوبردہ سے سنی ہے؟ اُنہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

3531- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَالِحٍ الْاِصْطَخْرِيُّ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ قَالَ اَخْبَرَنِىْ اَبِىْ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا بُرْدَةَ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تُسْتَاْمَرُ الْيَتِيْمَةُ فَاِنْ سَكَتَتْ فَهُوَ اِذْنٌ وَّاِنْ اَنْكَرَتْ لَمْ تُكْرَهْ . وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ ابْنُ فُضَيْلٍ وَّوَكِيْعٌ وَّيَحْيَى بْنُ اٰدَمَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ وَاَبُوْ قُتَيْبَةَ وَغَيْرُهُمْ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ اَبِىْ اِسْحَاقَ .

☆☆ ابوبردہ اپنے والد (حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: یتیم لڑکی سے اُس کی مرضی معلوم کی جائے گی اگر وہ خاموش رہے تو یہ اجازت شمار ہوگی اور اگر وہ انکار کر دے تو اُسے مجبور نہیں کیا جائے گا۔

ابن فضیل وکیع یحییٰ بن آدم عبداللہ بن داؤد ابوقتیبہ اور دیگر راویوں نے اسے یونس بن ابواسحاق کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

3532- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُسْتَاْمَرُ الْيَتِيْمَةُ فِىْ نَفْسِهَا وَاِذْنُهَا سُكُوْتُهَا .

☆☆ ابوبردہ اپنے والد (حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: یتیم لڑکی سے اُس کی ذات کے بارے میں مرضی معلوم کی جائے گی اور اُس کا اذن اُس کی خاموشی ہو گی۔

3533- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شِيْرَوَيْهِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ اَخْبَرَنَا النَّضْرُ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تُسْتَاْمَرُ الْيَتِيْمَةُ فِىْ نَفْسِهَا فَاِنْ رَضِيَتْ زُوِّجَتْ وَاِنْ لَمْ تَرْضَ لَمْ تُزَوَّجْ .

☆☆ ابوبردہ اپنے والد (حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: یتیم لڑکی سے اُس کی ذات کے بارے میں مرضی معلوم کی جائے گی اگر وہ راضی ہو تو اُس کی شادی کر

۳۵۳۱- راجع الذي قبله-

۳۵۳۲- راجع الذي قبله-

۳۵۳۳- انظر السابق و ما قبله-

دی جائے گی اور اگر وہ راضی نہ ہو تو اُس کی شادی نہیں کی جائے گی۔

3534- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَوْهَبٍ حَدَّثَنِيْ نَافِعُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاَيِّمُ اَمْلَكُ بِاَمْرِهَا مِنْ وَلِيِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَاْمَرُ فِيْ نَفْسِهَا وَصَمْتُهَا اِقْرَارُهَا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ثیبہ (بیوہ یا مطلقہ) اپنے معاملہ کی اپنے ولی سے زیادہ مالک (حق دار) ہوتی ہے اور کنواری لڑکی سے اُس کی ذات کے بارے میں اجازت لی جائے گی اُس کی خاموشی اُس کا اقرار ہو گی۔

۳۵۳٤- تقدم قریباً-

2- باب الْمَهْرِ.

باب: مہر کے احکام

3535- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَاقِدٍ اَبُوْ قَتَادَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُؤَمَّلِ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اِنْ كُنَّا لَنَنْكِحُ الْمَرْاَةَ عَلَى الْحَفْنَةِ وَالْحَفْنَتَيْنِ مِنَ الدَّقِيقِ.

★★ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ آٹے کے ایک یا دولپ کے عوض میں کسی عورت کے ساتھ شادی کر لیتے تھے۔

3536- حَدَّثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ هَارُوْنَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ قَالَ سَاَلْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَدَاقِ النِّسَاءِ فَقَالَ هُوَ مَا اصْطَلَحَ عَلَيْهِ اَهْلُوْهُمْ.

★★ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے خواتین کے مہر کے بارے میں دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی مقدار وہی ہوگی جو وہ لوگ آپس میں طے کر لیں۔

۳۵۳۵- كذا ساقه المصنف هنا موقوفاً على جابر، و سياتي قريباً من وجه آخر عن جابر مرفوعاً نحوه- وعبد الله بن واقد و ابن المومل؛ ضعيفان، و الاول اشد ضعفاً من الثاني-

۳۵۳۶- قال الزيلعي في نصب الراية (۲۰۱/۳) : قال ابن الجوزي: و ابو هارون العبدي اسمه: عمارة بن جوين: قال حماد بن زيد: كان كذاباً- وقال السعدي: كذاب مفتر- انتهى)-

مہر کے احکام

مہر اُس معاوضے کو کہتے ہیں جو نکاح (یا شبہ نکاح کی صورت میں) وطی کے نتیجہ میں ادا کرنا لازم ہوتا ہے۔
عربی زبان میں مہر کیلئے مختلف الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔
صداق، نحلہ، فریضہ، اجر، عقر، علیقہ، وجباء، طول، خرس۔
یہ الفاظ کتاب وسنت کی مختلف نصوص میں استعمال ہوئے ہیں۔

ایک قول کے مطابق جب عقد کے وقت ادائیگی کو مقرر کیا جائے، تو اُسے اصطلاح کے اعتبار سے "صداق" کہا جائے گا، اور اگر عقد کے وقت ادائیگی کو مقرر نہ کیا جائے، لیکن عقدِ نکاح کی وجہ سے جو ادائیگی لازم ہوتی ہے، اُسے "مہر" کا نام دیا جائے گا۔

تمام فقہاء اس بات پر متفق ہیں کہ نکاح کے صحیح ہونے کیلئے مہر شرط ہے، یہاں تک کہ اگر میاں بیوی چاہیں کہ مہر کے بغیر نکاح کرلیں، تو ایسا درست نہیں ہوگا۔

کیونکہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:
"وَآتُوا النِّسَاءَ صَدُقَاتِهِنَّ نِحْلَةً" (النساء:۴)۔
"اور تم خواتین کو اُن کے مہر خوشدلی کے ساتھ ادا کرو"۔
دوسرے مقام پر ارشادِ باری تعالیٰ ہے:
"فَانْكِحُوهُنَّ بِإِذْنِ أَهْلِهِنَّ وَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ" (النساء:۲۵)۔
"اُن (عورتوں) کے سرپرستوں کی اجازت سے اُن کے ساتھ نکاح کرواور اُنہیں اُن کے مہر ادا کردو"۔

البتہ اس حکم کا مطلب یہ ہے کہ میاں بیوی مل کر یہ طے نہیں کر سکتے کہ ہمارے نکاح میں مہر سرے سے ہوگا ہی نہیں۔ ایسا ہوسکتا ہے کہ عقدِ نکاح کے وقت مہر مقرر نہ کیا جائے، اس کی وجہ یہ ہے کہ احناف کے نزدیک مہر کا ذکر کرنا، نکاح کی شرائط میں شامل نہیں ہے۔ اگر عقدِ نکاح کے وقت مہر کا ذکر نہ کیا گیا ہو، تو بعد میں مہر مثل کی ادائیگی لازم ہوگی۔

مہر کی مقدار

اس بارے میں تمام فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے کہ مہر کی زیادہ سے زیادہ مقدار کی کوئی حد نہیں ہے۔
البتہ فقہاء اس بارے میں مختلف فیہ ہیں کہ مہر کی کم از کم مقدار ہوگی، یا نہیں؟ اور اگر ہوگی تو کتنی ہوگی؟

امام شافعی' امام احمد' امام اسحاق بن راہویہ اس بات کے قائل ہیں کہ مہر کی کم از کم مقدار کی' کوئی حد نہیں ہے' ہر وہ چیز جو کسی چیز کی قیمت یا معاوضہ بن سکتی ہو' اُس چیز کو مہر کے طور پر ادا کیا جاسکتا ہے۔

احادیث و آثار سے اس مؤقف کی تائید ہوتی ہے' جیسا کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ حدیث منقول ہے:

''ان رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم جاء تہ امراۃ فقالت یا رسول اللّٰہ' انی قد وھبت نفسی لك' فقامت قیاما طویلا' فقام رجل فقال یا رسول اللّٰہ زوجنیھا ان لم یکن لك بھا حاجۃ' فقال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم ھل معك من شی تصدقھا ایاہ؟ فقال ما عندی الا ازاری فقال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اعطیتھا ایاہ جلست لا ازار لك' فالتمس شیئا' فقال لا اجد شیئا فقال علیہ الصلوٰۃ والسلام التمس ولو خاتما من حدید فالتمس فلم یجد شیئا' فقال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم ھل معك شیء من القران؟ قال نعم سورۃ کذا' وسورۃ کذا لسور سماھا فقال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم قد انکحتکھا بما معك من القران''۔

''ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی: یارسول اللہ! میں اپنے آپ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے ہبہ کرتی ہوں (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ساتھ شادی کر لیں)' وہ خاتون کافی دیر کھڑی رہی (لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے کوئی جواب نہیں دیا)۔ ایک شخص کھڑا ہوا' اُس نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ میرے ساتھ اس کی شادی کر دیں' اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی حاجت نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس کوئی ایسی چیز ہے' جسے تم مہر کے طور پر اسے ادا کر دو؟ اُس نے جواب دیا: میرے پاس صرف میرا یہ تہبند ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر یہ تم نے اسے دیدیا تو تم خود تہبند کے بغیر رہ جاؤ گے' تم کوئی چیز تلاش کرو۔ اُس نے عرض کی: میرے پاس کوئی چیز نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم تلاش کرو خواہ لوہے کی ایک انگوٹھی ہو۔ اُس نے تلاش کیا' لیکن اُسے کوئی چیز نہیں ملی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہیں قرآن کا کچھ حصہ یاد ہے؟ اُس نے جواب دیا: جی ہاں! فلاں' فلاں

اخرجہ البخاری (۱۹۰/۹) کتاب النکاح' باب السلطان ولی' حدیث (۵۱۳۵)۔ مسلم (۱۰۴۱/۲) کتاب النکاح' باب الصداق' حدیث (۱۴۲۵/۷۶)۔ مالک (۵۲۶/۲) کتاب النکاح' باب فی الصداق والحباء' الحدیث (۸)۔ احمد (۳۳۰/۵۔۳۳۶)۔ الدارمی (۱۴۲/۲) کتاب النکاح' باب ما یجوز ان یکون مہرا۔ ابن ابی شیبۃ (۱۸۷/۴)۔ الحمیدی (۴۱۴/۲) رقم (۹۲۸)۔ ابوداؤد (۵۸۶/۲) کتاب النکاح' باب التزویج علی العمل یعمل' الحدیث (۲۱۱۱)۔ الترمذی (۴۲۱/۳) کتاب النکاح' باب فی مھور النساء' الحدیث (۱۱۱۴)۔ النسائی (۱۲۳/۶) کتاب النکاح' باب ھبۃ المرأۃ نفسھا لرجل بغیر صداق۔ ابن ماجہ (۶۰۸/۱) کتاب النکاح' باب صداق النساء' حدیث (۱۸۸۹)۔ ابن الجارود' ص (۲۴۰) کتاب النکاح' حدیث (۷۱۶)۔ ابویعلیٰ (۵۱۴/۱۳۔۵۱۵) رقم (۷۵۲۱)۔ الطحاوی فی شرح معانی الآثار (۱۶/۳) کتاب النکاح' باب التزویج علی سورۃ من القرآن۔ الدارقطنی (۲۴۷/۳) کتاب النکاح' باب المھر' حدیث (۳۱)۔ البیھقی (۲۳۶/۷) کتاب الصداق' باب ما یجوز ان یکون مھرا۔ البغوی فی شرح السنۃ (۹۰/۸)

سورتیں یاد ہیں' اُس نے اُن سورتوں کے نام گنوائے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہیں جو قرآن آتا ہے' میں نے اُس کے عوض میں اس عورت کی شادی تمہارے ساتھ کر دی ہے''۔

اس حدیث میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ الفاظ ''تم تلاش کرو خواہ لوہے کی انگوٹھی ہو'' اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ مہر کی کم از کم کوئی شرعی مقدار مقرر نہیں ہے' کیونکہ لوہے کی انگوٹھی ایک بالکل بے حیثیت چیز ہوتی ہے۔ اگر مہر کی کم از کم مقدار ضروری ہوتی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُس موقعہ پر یہ فرما دیتے کہ تم کوئی ایسی چیز تلاش کرو' جس کی کم از کم اتنی قیمت ہو۔

اس حدیث سے بالواسطہ طور پر یہ بات بھی ثابت ہو جاتی ہے کہ کوئی عورت' ولی کے بغیر' اپنا نکاح خود کر سکتی ہے' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے والی اُس عورت نے خود اپنے آپ کو نکاح کیلئے پیش کیا تھا۔

احناف اور مالکیہ کے نزدیک مہر کی کم از کم مقدار ہوگی' جس سے کم قیمت والی چیز کو مہر مقرر نہیں کیا جا سکتا۔

ان حضرات نے اپنے مؤقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کی ہے:

نکاح میں عورت کے ایک عضو' سے نفع حاصل کیا جاتا ہے' تو اسے اس بات پر قیاس کیا جائے کہ شرعی طور پر کسی عضو کے معاوضہ کی مقدار کیا ہے؟ اس کے لئے ہمیں چوری کے نصاب کا جائزہ لینا ہوگا' کیونکہ چوری کا مخصوص نصاب ہے' اگر اُس سے کم قیمت کی چیز چُرائی جائے' تو چوری کی حد جاری نہیں ہوگی' ورنہ چوری کی حد جاری ہوگی اور انسان کے ایک عضو کو کاٹ دیا جائے گا۔

پھر چوری کے نصاب کے بارے میں فقہاء احناف اور فقہاء مالکیہ کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

فقہاء مالکیہ کے نزدیک چوری کا نصاب ایک چوتھائی دینار' یا تین درہم ہیں۔

احناف کے نزدیک چوری کا نصاب دس درہم ہے۔

احناف نے اپنے مؤقف کی تائید میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے منقول نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث پیش کرتے ہیں' جسے امام دارقطنی نے بھی نقل کیا ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''لا تنكحوا النساء الا الاكفاء' ولا يزوجهن الا اولياء' ولا مهر دون عشرة دراهم''۔

''عورتوں کی شادی صرف کفو میں کی جائے' اُن کی شادی اُن کے سرپرست ہی کریں اور (اُن کا) مہر دس درہم سے کم نہیں ہونا چاہیے''۔

کیونکہ احناف کے نزدیک مہر کی کم از کم مقدار دس درہم ہے' تو یہاں یہ سوال سامنے آئے گا کہ اگر کسی عورت کے ساتھ دس

(اخرجہ الدارقطنی (۳/۲۴۴) کتاب النکاح' باب المہر حدیث (۱۱)۔ العقیلی فی الضعفاء الکبیر (۴/۲۳۵)۔ ابن عدی فی الکامل (۶/۲۱۸)۔ البیہقی (۷/۲۴۰) کتاب الصداق' باب مایجوز ان یکون مہرا)۔

درہم سے کم مہر مقرر کر کے شادی کر لی جاتی ہے' تو عورت کو کتنا مہر ملے گا؟

امام زفر یہ فرماتے ہیں: ایسی صورت میں عورت کو مہر مثل دیا جائے گا۔ اُنہوں نے اپنے مؤقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کی ہے: اس مسئلہ میں مہر کی جس مقدار کا ذکر کیا گیا ہے' وہ شرعی طور پر مہر بننے کی اہل نہیں ہے اور جب کسی ایسی چیز کو مہر مقرر کیا جائے' جو شرعی طور پر مہر بننے کی اہل نہ ہو' تو ایسی صورت میں مہر مثل کی ادائیگی لازم ہوتی ہے۔

احناف یہ کہتے ہیں: مذکورہ بالا صورت میں مہر کی مقدار کم از کم دس درہم ہونا شریعت کا حق ہے اور جو مقدار طے کی گئی ہے' اُس کے نتیجہ میں شریعت کا حق فاسد ہو رہا ہے' تو اسے اُس مقدار پر لایا جائے گا جس کے ذریعہ شریعت کا حق باقی رہے۔ جہاں تک عورت کے حق کا تعلق ہے' تو وہ دس درہم سے کم پر بھی پہلے ہی راضی ہے۔

3537- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ رُوْمَانَ الْمَكِّيُّ ح وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ اَبُوْ بَكْرٍ الْاٰدَمِيُّ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ رُوْمَانَ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ اَنَّ رَجُلًا تَزَوَّجَ امْرَاَةً عَلٰى مِلْءِ كَفٍّ مِنْ طَعَامٍ كَانَ ذٰلِكَ صَدَاقًا ـ قَالَ النَّيْسَابُوْرِيُّ فِىْ حَدِيْثِهٖ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ اَنَّ رَجُلًا اَعْطٰى امْرَاَةً مِلْءَ يَدَيْهِ طَعَامًا كَانَتْ بِهٖ حَلَالًا۔

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اگر کوئی شخص کسی عورت کے ساتھ مٹھی بھر اناج (مہر ہونے کی شرط) پر نکاح کر لیتا ہے' تو یہ مہر (تسلیم) ہوگا۔

نیشاپوری نے اپنی حدیث میں محمد بن مسلم کے حوالے سے' حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اگر کوئی شخص دونوں مٹھیاں بھر کے اناج (مہر کے طور پر) عورت کو دے دیتا ہے' تو وہ عورت اُس شخص کے لیے حلال ہو جائے گی (یعنی وہ اناج نکاح میں مہر تسلیم کیا جائے گا)۔

3538- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا

۳۵۳۷-اخرجه ابو داود في النكاح (۲۴۲/۲) باب: قلة المهر (۲۱۱۰) عن اسحاق بن جبريل البغدادي' اخبرنا يزيد' اخبرنا موسى بن مسلم بن رومان عن ابي الزبير عن جابر' بنحوه-وقال ابو داود: (اخرجه عبد الرحمن بن مهدي عن صالح بن رومان عن ابي الزبير عن جابر موقوفاً- واخرجه ابو عاصم عن صالح بن رومان عن ابي الزبير عن جابر' قال: كنا على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم نستمتع بالقبضة من الطعام' على معنى المتعة- قال ابو داود: اخرجه ابن جريج عن ابي الزبير عن جابر على معنى ابي عاصم)- اه- وقال الزيلعي (۲۰۰/۳): (وقال عبد الحق: لا يعول على من اسنده- قال الذهبي في الميزان: اسحاق هذا لا يعرف' و ضعفه الازدي' و مسلم بن رومان: يقال: ان اسمه: صالح' و هو مجهول' فروى عن ابي الزبير' و عنه يزيد بن هارون فقط- انتهى)-قلت: و رواية ابن جريج التي اشار اليها ابو داود: رواها مسلم في النكاح (۱۰۲۳/۲) باب: نكاح المتعة' و بيان انه ابيح ثم نسخ' ثم ابيح ثم نسخ' و استقر تحريمه الى يوم القيامة (۱۴۰۵/۱۶) عن محمد بن رافع' حدثنا عبد الرزاق' اخبرنا ابن جريج' اخبرني ابو الزبير' قال: سمعت جابر بن عبد الله يقول: كنا نستمتع بالقبضة من التمر و الدقيق الايام' على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم' و ابي بكر' حتى نهى عنه عمر في شان عمرو بن حريث-

يَعْقُوبُ بْنُ عَطَاءٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنَّا نَنْكِحُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْقَبْضَةِ مِنَ الطَّعَامِ۔

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں مٹھی بھر اناج (مہر ہونے) کے عوض میں شادی کر لیتے تھے۔

3539- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مُوْسَى بْنُ مُسْلِمِ بْنِ رُوْمَانَ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَعْطٰى فِىْ نِكَاحٍ مِلْءَ كَفَّيْهِ فَقَدِ اسْتَحَلَّ- قَالَ- مِنْ دَقِيْقٍ اَوْ طَعَامٍ اَوْ سَوِيْقٍ ـ قَالَ ابْنُ سِنَانٍ مَنْ اَعْطٰى فِىْ صَدَاقٍ- وَقَالَ- تَمْرًا اَوْ سَوِيْقًا اَوْ دَقِيْقًا فَقَدِ اسْتَحَلَّ۔

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص نکاح میں دونوں مٹھیاں بھر کر دے' تو اُس نے (نکاح کو) حلال کر لیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: یہاں شاید آٹے' اناج یا ستو کے الفاظ ہیں۔

ابن سنان نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: جو شخص مہر میں دے۔

راوی بیان کرتے ہیں: یہاں شاید کھجور' ستو یا آٹے کے الفاظ ہیں۔

(روایت کے آخر میں یہ الفاظ ہیں:) تو اُس نے حلال کر لیا۔

3540- حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ اَبِى هَارُوْنَ الْعَبْدِيِّ عَنْ اَبِى سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ لَا يَضُرُّ اَحَدَكُمْ بِقَلِيْلٍ مِّنْ مَّالِهٖ تَزَوَّجَ اَمْ بِكَثِيْرٍ بَعْدَ اَنْ يُّشْهِدَ ـ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص گواہ بنا لے' تو اُسے کوئی نقصان نہیں ہوگا' خواہ وہ تھوڑے مال (کے بطور مہر) ہونے کے عوض میں نکاح کرے یا زیادہ مال کے

۳۵۳۸-اخرجه ابن عدي في الكامل (۷/۱۴۳) في ترجمة يعقوب بن عطاء' من طرق عن ابي سعيد الاشج' به- و من طريق ابن عدي اخرجه البيهقي في السنن (۷/۲۳۸) -قال ابن عدي: (لا اعلم يروي هذا عن يعقوب الا اسحاق بن سليمان)- و قال البيهقي: (ويعقوب بن عطاء غير محتج به)- اه-

۳۵۳۹-اخرجه ابو داود في النكاح (۲/۲۴۲) باب: قلة المهر (۲۱۱۰) عن اسحاق بن جبريل البغدادي' اخبرنا يزيد' به- و راجع: تخريج الرواية قبل السابقة-

۳۵۴۰-اخرجه الطبراني في الاوسط (۷۱۹) من طريق بشر بن الوليد الكندي' نا اسماعيل ابن عياش' به- و قال الطبراني: (لم يرو هذا الحديث عن برد الا اسماعيل بن عياش)- اه- وذكر ايضاً المتقي الهندي في كنز العمال (۴۴۷۳۲) و عزاه ايضاً لابن عساكر- و عزاه الزيلعي (۳/۲۰۰-۲۰۱) للدارقطني' وقال: (قال ابن الجوزي: و ابو هارون العبدي اسمه: عمارة بن جوين: قال حماد بن زيد كان كذاباً- وقال السعدي: كذاب مفتر- انتهى)-

عوض میں کرے۔

3541- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ يَحْيَى الْاَدَمِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَمَّالُ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِىْ هَارُوْنَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ عَلَى الرَّجُلِ جُنَاحٌ اَنْ يَّتَزَوَّجَ بِمَالِهِ بِقَلِيْلٍ اَوْ كَثِيْرٍ اِذَا اَشْهَدَ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: آدمی جب گواہ بنالے تو اُسے کوئی گناہ نہیں ہوگا کہ وہ اپنے تھوڑے مال (کے بطور مہر ہونے) کے عوض میں شادی کرتا ہے یا زیادہ (مال کے مہر ہونے کے عوض میں شادی کرتا ہے)۔

3542- حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ هِشَامٍ الْكِرْمَانِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ بُكَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِىْ هَارُوْنَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ عَلَى الْمَرْءِ جُنَاحٌ اَنْ يَّتَزَوَّجَ مِنْ مَّالِهِ بِقَلِيْلٍ اَوْ كَثِيْرٍ اِذَا اَشْهَدَ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: آدمی جب گواہ بنالے تو اُسے کوئی گناہ نہیں ہوگا کہ وہ اپنے تھوڑے مال (کے بطور مہر ہونے) کے عوض میں شادی کرتا ہے یا زیادہ (مال کے مہر ہونے کے عوض میں شادی کرتا ہے)۔

3543- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو عُثْمَانُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ الْاَحْوَلُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَبُو الْفَضْلِ النَّيْرَةُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ جَعْفَرٍ الطَّالِبِيُّ الْجَعْفَرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ اَسْلَمَ قَالَ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ صَعْصَعَةَ الْمَازِنِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَضُرُّ اَحَدَكُمْ اَبِقَلِيْلٍ مِّنْ مَّالِهِ تَزَوَّجَ اَمْ بِكَثِيْرٍ بَعْدَ اَنْ يُّشْهِدَ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: آدمی جب گواہ بنالے تو اُسے کوئی نقصان نہیں ہوگا کہ وہ اپنے تھوڑے مال (کے بطور مہر ہونے) کے عوض میں شادی کرتا ہے یا زیادہ (مال کے مہر ہونے کے عوض میں شادی کرتا ہے)۔

3544- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْبَيْلَمَانِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

۳۵٤۱-اخرجه البيهقي في السنن (۸/۲۳۹) من طريق يحيى بن آدم عن شريك' به- و اخرجه ايضاً من طريق حسن بن صالح عن ابي هارون موقوفاً- قال البيهقي: (ابو هارون العبدي غير محتج به' وقد روي من وجه آخر ضعيف عن ابي سعيد مرفوعاً)- اه-

۳۵٤۲-راجع الذي قبله-

۳۵٤۳-في اسناده عبد بن سلمة بن اسلم: قال الذهبي في الميزان (۱۱۱/٤- بتحقيقنا): ضعفه الدارقطني وغيره- وقال ابو نعيم: متروك)- اه-

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْکِحُوا الْاَیَامٰی ثَلَاثًا قِیْلَ مَا الْعَلَائِقُ بَیْنَہُمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ مَا تَرَاضٰی عَلَیْہِ الْاَہْلُوْنَ وَلَوْ قَضِیْبٌ مِنْ اَرَاکٍ۔

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ثیبہ (بیوہ یا مطلقہ) کی شادی کردو' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ یہ فرمایا' لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اُن کا مہر کیا ہونا چاہیے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس پر گھر والے راضی ہوں' خواہ وہ پیلو کی ایک شاخ ہی ہو۔

3545- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِیْسَی بْنِ السُّکَیْنِ الْبَلَدِیُّ حَدَّثَنَا زَکَرِیَّا بْنُ الْحَکَمِ الرَّسْعَنِیُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِیْرَۃِ عَبْدُ الْقُدُّوْسِ بْنُ الْحَجَّاجِ حَدَّثَنَا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَیْدٍ حَدَّثَنِی الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاۃَ عَنْ عَطَاءٍ وَّعَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُنْکِحُوا النِّسَاءَ اِلَّا الْاَکْفَاءَ وَلَا یُزَوِّجُہُنَّ اِلَّا الْاَوْلِیَاءُ وَلَا مَہْرَ دُوْنَ عَشَرَۃِ دَرَاہِمَ ۔ مُبَشِّرُ بْنُ عُبَیْدٍ مَتْرُوْکُ الْحَدِیْثِ اَحَادِیْثُہٗ لَا یُتَابَعُ عَلَیْہَا ۔

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خواتین کا نکاح صرف کفو میں کرو' اور اُن کی شادی صرف اولیاء کریں اور دس درہم سے کم مہر نہیں ہونا چاہیے۔

اس روایت کا راوی مبشر بن عبید متروک الحدیث ہے' اُس کی نقل کردہ احادیث کی متابعت نہیں کی گئی ہے۔

3546- حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِیْدٍ الْمَطْبِقِیُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ جَحْدَرٌ حَدَّثَنَا بَقِیَّۃُ عَنْ مُبَشِّرِ بْنِ عُبَیْدٍ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ وَّعَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا صَدَاقَ دُوْنَ عَشَرَۃِ دَرَاہِمَ ۔

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: دس درہم سے کم مہر نہیں ہونا چاہیے۔

3547- حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ یَحْیٰی بْنِ عَیَّاشٍ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ اِشْکَابَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِیْعَۃَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ

۲۵٤٤-كذا اخرجه المصنف، و البيهقي في الكبرى (۷/۲۳۹) و عزاه الزيلعي في نصب الراية (۳/۲۰۰) للدارقطني و الطبراني عن محمد بن عبد الرحمن البيلماني عن ابيه عن ابن عمر مرفوعاً نحوه كذا- وقال: (وهو معلول بمحمد بن عبد الرحمن البيلماني - قال ابن القطان: قال البخاري: منكر الحديث، و اخرجه ابو داود في المراسيل عن عبد الرحمن البيلماني عن النبي صلى الله عليه وسلم، نحوه- قال ابن القطان: و مع ارساله، فيه عبد الرحمن ابو محمد لم تثبت عدالته، و هو ظاهر الضعف- انتهى)- و هو عند ابي داود في المراسيل- كما في التحفة (۱۳/۲۷۰)- عن هناد عن وكيع عن سفيان عن عمير الخثعمي عن عبد الملك بن المغيرة الطائفي، عن عبد الرحمن بن البيلماني مرسلاً-وعزاه ابن حجر في (التلخيص) (۳/۲۱۵) للدارقطني و البيهقي من طريق محمد بن عبد الرحمن البيلماني عن ابيه عن ابن عباس، وقال: (واسناده ضعيف جدا: فانه من رواية محمد ابن عبد الرحمن البيلماني عن ابيه عنه-واختلف فيه: فقيل: عنه عن ابن عمر، اخرجه الدارقطني ايضاً و الطبراني- واخرجه ابو داود في المراسيل من طريق عبد الملك بن المغيرة الطائفي عن عبد الرحمن بن البيلماني مرسلاً، و حكى عبد الحق ان المرسل اصح - و اخرجه الدارقطني من حديث ابي سعيد الخدري، و اسناده ضعيف ايضاً، و اخرجه البيهقي من حديث عمر باسناد ضعيف ايضاً)- اه-

۲۵٤۵-تقدم- ۲۵٤٦-راجع الذي قبله-

الْاَوْدِيُّ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ لَا يَكُونُ مَهْرًا اَقَلَّ مِنْ عَشْرَةِ دَرَاهِمَ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دس درہم سے کم مہر نہیں ہونا چاہیے۔

3548- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي الْعَنْبَسِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰى عَنْ دَاوُدَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ لَا صَدَاقَ اَقَلُّ مِنْ عَشْرَةِ دَرَاهِمَ.

☆☆ شعبی فرماتے ہیں: دس درہم سے کم مہر نہیں ہونا چاہیے۔

3549- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ طَاهِرٍ الْبَلْخِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ الْبَلْخِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَنْجُورِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ دِينَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الدَّانَاجِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَا مَهْرَ اَقَلُّ مِنْ خَمْسَةِ دَرَاهِمَ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پانچ درہم سے کم مہر نہیں ہونا چاہیے۔

3550-حَدَّثَنِي دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْكِنَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا سَيَّارٍ الْبَغْدَادِيَّ قَالَ سَمِعْتُ اَحْمَدَ بْنَ حَنْبَلٍ يَقُولُ لَقَّنَ غِيَاثُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ دَاوُدَ الْاَوْدِيَّ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَلِيٍّ لَا مَهْرَ اَقَلُّ مِنْ عَشْرَةِ دَرَاهِمَ .فَصَارَ حَدِيثًا .

☆☆ (ایک اور سند کے ہمراہ یہ منقول ہے:) حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دس درہم سے کم مہر نہیں ہونا چاہیے۔

3551- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَبُو شَيْبَةَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ الصَّدَاقُ مَا تَرَاضٰى بِهِ الزَّوْجَانِ.

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد الباقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: حضرت علی

۳۵۴۷-قال الزيلعي في نصب الراية (۱۹۹/۳): (قال ابن الجوزي في التحقيق: قال ابن حبان: داود الاودي ضعيف' كان يقول بالرجعة' ثم ان الشعبي لم يسمع من علي - انتهى - واخرجه الدارقطني ايضاً في الحدود عن جويبر عن الضحاك عن النزال بن سبرة عن علي...... فذكره- و جويبر ايضاً ضعيف-واخرجه ايضاً من طريق آخر عن الضحاك بسنده' و فيه محمد بن مروان ابو جعفر- قال الذهبي: لا يكاد يعرف- انتهى كلامه)- الا-و سياتي عند الدارقطني قريباً عن عبيد الله الاشجعي قال: قلت لسفيان: حديث داود الاودي عن الشعبي عن علي: (لا مهر اقل من عشرة دراهم)! فقال سفيان: داود ما زال هذا ينكر عليه- فقلت: ان شعبة روى عنه! فضرب جبهته' وقال: داود ! داود!-وروى البيهقي في السنن (۲۴۰/۷-۲۴۱) عن ابي سيار قال: سمعت احمد بن حنبل' يقول: لقن غياث بن ابراهيم داود الاودي عن الشعبي عن علي -رضي الله عنه- قال: (لا يكون مهر اقل من عشرة دراهم)! فصار حديثاً-

۳۵۴۸-فيه عبيد الله بن موسى الربذي و هو متروك' تقدم مراراً- و راجع الذي قبله-

۳۵۴۹-تقدم-

۳۵۵۰-اخرجه البيهقي (۲۴۰/۷-۲۴۱) كتاب : الصداق' باب: ما يجوز ان يكون مهراً- من طريق ابي العباس محمد بن اسحاق قال: سمعت ابا سيار...... فذكره- و انظر تخريج اثر علي قبل روايتين-

۳۵۵۱-اخرجه البيهقي في السنن (۲۴۱/۷) كتاب: الصداق' باب: ما يجوز ان يكون مهراً من طريق الدارقطني' به-

رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مہر وہی ہوگا جس پر میاں بیوی راضی ہوں گے۔

3552 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ اُمِّ حَبِيْبَةَ اَنَّهَا كَانَتْ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ فَهَلَكَ عَنْهَا وَكَانَتْ مِمَّنْ هَاجَرَ اِلٰى اَرْضِ الْحَبَشَةِ فَزَوَّجَهَا النَّجَاشِيُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ عِنْدَهُمْ بِاَرْضِ الْحَبَشَةِ. قَالَ الرَّمَادِيُّ كَذَا قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَاِنَّمَا هُوَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ جَحْشٍ الَّذِيْ مَاتَ عَلَى النَّصْرَانِيَّةِ.

☆☆ عروہ سیّدہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں: وہ پہلے عبداللہ بن جحش کی اہلیہ تھیں اُن کا انتقال ہوگیا' سیّدہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہ کی حبشہ کی سرزمین کی طرف ہجرت کی تھی' تو نجاشی نے اُن کی شادی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کردی' وہ اُس وقت اُن لوگوں کے پاس حبشہ میں مقیم تھیں۔

عبدالرزاق نامی راوی نے یہ بات نقل کی ہے: سیّدہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہ کا پہلا شوہر عبیداللہ بن جحش تھا جو عیسائی ہوکر مرا تھا۔

3553 - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ اُمِّ حَبِيْبَةَ اَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ فَمَاتَ بِاَرْضِ الْحَبَشَةِ فَزَوَّجَهَا النَّجَاشِيُّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَمْهَرَهَا عَنْهُ اَرْبَعَةَ الْاٰفٍ وَبَعَثَ بِهَا اِلَيْهِ مَعَ شُرَحْبِيْلَ ابْنِ حَسَنَةَ.

☆☆ عروہ سیّدہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں: وہ عبیداللہ بن جحش کی اہلیہ تھیں' عبیداللہ کا انتقال حبشہ میں ہوگیا تو نجاشی نے سیّدہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہ کی شادی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کردی' اور اپنی طرف سے چار ہزار درہم مہر کے طور پر اُنہیں ادا کیے' اور پھر حضرت شرحبیل بن حسنہ رضی اللہ عنہ کے ہمراہ اُنہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں (مدینہ منورہ) بھجوایا۔

3554 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنِي ابْنُ الْبَصِيْرِ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ قُلْتُ لِسُفْيَانَ حَدِيْثُ دَاوُدَ الْاَوْدِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَلِيٍّ لَا مَهْرَ اَقَلُّ مِنْ عَشَرَةِ دَرَاهِمَ. فَقَالَ سُفْيَانُ دَاوُدُ دَاوُدُ مَا زَالَ هٰذَا يُنْكَرُ عَلَيْهِ. فَقُلْتُ اِنَّ شُعْبَةَ رَوٰى

۳۵۵۲–اخرجه ابو داود في النكاح (۲/۲۳٦) باب: في الولي (۲۰۸٦) عن محمد بن يحيى ابن فارس' ثنا عبد الرزاق' به-

۳۵۵۳–اخرجه ابو داود في النكاح (۲/۲٤۱) باب: الصداق (۲۱۰۷) عن حجاج بن ابي يعقوب الثقفي' ثنا معلى بن منصور' به- و اخرجه النسائي في النكاح (٦/۱۱۹) باب: القسط في الاصدقة (۳۳۵۰) عن العباس بن محمد الدوري عن علي بن الحسن بن شقيق عن ابن المبارك' به- و اخرجه ابو داود في النكاح (۲/۲٤۲) باب: الصداق (۲۱۰۸) عن محمد بن حاتم بن بزيع' ثنا علي بن الحسن بن شقيق عن ابن المبارك عن يونس عن الزهري: ان النجاشي زوج ام حبيبة...... مرسلاً بنحوه- قلت: كذا قال محمد بن حاتم عن علي بن الحسن بن شقيق في اسناده و متنه' و خالفه العباس الدوري عن علي بن الحسن' فاخرجه عن ابن شقيق عن ابن المبارك عن معمر عن الزهري عن عروة عن ام حبيبة موصولاً' كما سبق عند ابي داود- و راجع ايضاً: طبقات ابن سعد (۸/۷۸–۷۹)-

۳۵۵٤–اخرجه البيهقي (۷/۲٤۰) من طريق الدارقطني' به-

عَنْهُ .فَضَرَبَ جَبْهَتَهُ وَقَالَ دَاوُدُ دَاوُدُ .

☆☆ عبیداللہ اشجعی بیان کرتے ہیں: میں نے سفیان سے کہا: داؤد نے شعبی کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان نقل کیا ہے: دس درہم سے کم مہر نہیں ہوگا' تو سفیان بار بار داؤد' داؤد کہتے رہے' گویا وہ اُن کا انکار کر رہے تھے۔ میں نے کہا: شعبہ نے اُن کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں' تو اُنہوں نے اپنی پیشانی پر ہاتھ مارا اور داؤد' داؤد کہتے رہے۔

3555- اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ وَّالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ قَالاَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَآءَتْهُ امْرَاَةٌ تَعْرِضُ نَفْسَهَا عَلَيْهِ فَخَفَضَ فِيْهَا الْبَصَرَ وَرَفَعَهُ فَلَمْ يُرِدْهَا فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ اَصْحَابِهٖ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ زَوِّجْنِيْهَا .قَالَ هَلْ عِنْدَكَ مِنْ شَيْءٍ قَالَ مَا عِنْدِيْ مِنْ شَيْءٍ .قَالَ وَلَا خَاتَمٌ مِنْ حَدِيْدٍ .قَالَ وَلَا الْخَاتَمُ مِنَ الْحَدِيْدِ وَلٰكِنْ اَشُقُّ بُرْدَتِيْ هٰذِهٖ فَاُعْطِيْهَا النِّصْفَ وَآخُذُ النِّصْفَ .قَالَ لَا .قَالَ هَلْ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْءٌ .قَالَ نَعَمْ قَالَ اذْهَبْ فَقَدْ زَوَّجْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ .

☆☆ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے' ایک خاتون آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور خود کو نکاح کے لیے پیش کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نظر جھکائی' پھر اُٹھائی لیکن مثبت ردِعمل نہیں دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ! میری شادی اس کے ساتھ کر دیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس (مہر کے طور پر ادا کرنے کیلئے) کوئی چیز ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: میرے پاس کوئی چیز نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: لوہے کی کوئی انگوٹھی بھی نہیں ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: لوہے کی کوئی انگوٹھی بھی نہیں ہے' البتہ میں اپنی اس چادر کو دو حصوں میں تقسیم کر کے آدھی اسے دے دیتا ہوں اور آدھی اپنے پاس رکھ لوں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہیں قرآن (زبانی) آتا ہے؟ اُس نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جاؤ! تمہیں جو قرآن آتا ہے اُس (کی تعلیم دینے کے مہر ہونے) کے عوض میں' میں نے تمہاری شادی اس کے ساتھ کی۔

شرح: شوہر کی خدمت یا قرآن کی تعلیم کو مہر مقرر کرنا

صاحب ہدایہ لکھتے ہیں: جب کوئی آزاد مرد کسی عورت کے ساتھ اس شرط پر شادی کرے' وہ مرد ایک برس تک اس عورت کی خدمت کرتا رہے گا یا قرآن پاک کی تعلیم دینے کی شرط پر شادی کر لے تو عورت کو مہر مثل ملے گا۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس عورت کو اس مرد کی خدمت کے معاوضے جتنا مہر ملے گا۔

۳۵۵۵- اخرجه عبد الرزاق (۷۵۹۲)' و الحميدي (۹۲۸)' و احمد (۵/ ۳۳۰)' و البخاري في فضائل القرآن (۵۰۲۹) باب: خير كم من تعلم القرآن و علمه' و (۵۰۳۰) باب: القراءة عن ظهر قلب' و في النكاح (۵۰۸۷)' (۵۱۲۱)' (۵۱۳۲)' و مسلم في النكاح (۱۴۲۵) باب: الصداق' و النسائي في النكاح (۶/ ۱۱۳) باب: التزويج على سور من القرآن' و ابن ماجه في النكاح (۱۸۸۹) باب: صداق النساء' و البيهقي في الكبرى (۷/ ۱۴۴) من طرق عن ابي حازم' به-

اگر کوئی غلام کسی عورت کے ساتھ اس کے آقا کی اجازت کے تحت اس شرط پر شادی کرے کہ وہ ایک سال تک اس عورت کی خدمت کرتا رہے گا تو یہ درست ہوگا اور عورت کو یہ حق حاصل ہوگا' وہ مرد اس کی خدمت کرتا رہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: دونوں صورتوں میں اس عورت کو قرآن پاک کی تعلیم دینے اور خدمت کروانے کا حق حاصل ہوگا۔

اس کی وجہ یہ ہے: شرط کے ذریعے' جس چیز کو بطور معاوضہ لینا درست ہو' امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس چیز کو مہر بنانا بھی درست ہوتا ہے کیونکہ اس طرح معاوضہ لینا متحقق ہو جاتا ہے اور یہ اس طرح ہو جائے گا: جب شوہر نے اس کی رضامندی کے ساتھ کسی دوسرے شخص کے خدمت کرنے پر' اس عورت سے نکاح کر لیا ہو' یا اس عورت کی بکریاں چرانے کی شرط پر اس عورت کے ساتھ نکاح کر لیا ہو۔

ہماری دلیل یہ ہے: شرعی طور پر حکم یہ ہے: مال کو حاصل کیا جائے اور تعلیم دینا' مال نہیں ہے' اسی طرح ہمارے اصول کے مطابق' دیگر طرح کا نفع حاصل کرنا بھی مال نہیں ہے۔

البتہ غلام کا خدمت کرنا مال کے حصول کے مترادف ہے' کیونکہ اس ضمن میں اس کا اپنی غلامی کو سپرد کرنے کا مفہوم پایا جا رہا ہے'

لیکن آزاد شخص میں ایسی صورت حال نہیں ہوتی ہے نیز عقد نکاح کی وجہ سے آزاد شخص کی خدمت کا استحقاق جائز نہیں ہوگا' کیونکہ اس میں ''قلب موضوع'' پایا جاتا ہے'

جبکہ دوسرے آزاد شخص کا اپنی رضامندی کے ساتھ خدمت کرنے کا حکم اس سے مختلف ہے' کیونکہ یہاں مناقضہ نہیں پایا جا رہا۔

غلام کی خدمت کرنے کا حکم بھی اس کے برخلاف ہے' کیونکہ وہ معنوی طور پر اپنے آقا کی خدمت کر رہا ہے' کیونکہ وہ اس عورت کی خدمت اپنے آقا کی اجازت اور اس کے حکم کے تحت کر رہا ہے۔

اسی طرح بکریاں چرانے کا حکم بھی اس سے مختلف ہے' کیونکہ اس کا تعلق امور زوجیت کی ادائیگی کے ساتھ ہے' لہٰذا یہاں مناقضہ نہیں پایا جائے گا' تاہم ایک روایت کے مطابق یہ بھی ممنوع ہے۔

تو امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق خدمت کی قیمت (یعنی معاوضے) کی ادائیگی واجب ہوگی' کیونکہ جو چیز طے کی گئی ہے' وہ مال ہے' تاہم وہ شخص اس کی ادائیگی سے قاصر ہے' کیونکہ مناقضہ پایا جا رہا ہے' لہٰذا یہ اس شخص کی مانند ہوگا جو کسی دوسرے کے غلام کو (مہر مقرر کر دیتا ہے)

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق' مہر مثل کی ادائیگی واجب ہوگی' کیونکہ خدمت مال نہیں ہے' کیونکہ نکاح میں کسی بھی حالت میں اس کا استحقاق نہیں ہو سکتا' تو یہ خنزیر اور شراب کو مقرر کرنے کی مانند ہوگی۔

اور یہ حکم اس وجہ سے ہے: عقد کی وجہ سے اس کا قیمت والا ہونا ضرورت کے پیش نظر ہے' تو جب عقد میں اس کی ادائیگی

واجب نہیں ہوگی، تو اس کا قیمت والا ہونا بھی ظاہر نہیں ہوگا، تو حکم اپنی اصل کے اعتبار سے باقی رہے گا، اور وہ مہر مثل ہے۔ (ہدایہ کتاب النکاح)

3556- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شُعَيْبٍ وَّالْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ قَالاَ حَدَّثَنَا اَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ جَمِيعًا عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ .وَقَالَ الثَّوْرِيُّ قَدْ اَنْكَحْتُكَهَا عَلٰى مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ .

☆☆ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے حوالے سے منقول ہے۔

اس میں ثوری نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: تمہیں جو قرآن آتا ہے، اُس (کی تعلیم دینے کے مہر ہونے) پر میں اس کے ساتھ تمہارا نکاح کرتا ہوں۔

3557- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ هَاشِمٍ السِّمْسَارُ حَدَّثَنَا عُتْبَةُ بْنُ السَّكَنِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ اَخْبَرَنِىْ زِيَادُ بْنُ اَبِىْ زِيَادٍ حَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَخْبَرَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ امْرَاَةً اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَأْفِيَّ رَاْيَكَ .فَقَالَ مَنْ يَّنْكِحُ هٰذِهِ .فَقَامَ رَجُلٌ عَلَيْهِ بُرْدَةٌ عَاقِدُهَا فِىْ عُنُقِهِ فَقَالَ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ .فَقَالَ لَكَ مَالٌ . قَالَ لاَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ .قَالَ لَهُ اجْلِسْ .ثُمَّ جَاءَتْ مَرَّةً اُخْرٰى فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَأْفِيَّ رَاْيَكَ .فَقَالَ مَنْ يَّنْكِحُ هٰذِهِ .فَقَامَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ فَقَالَ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ .فَقَالَ اَلَكَ مَالٌ .قَالَ لاَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ .قَالَ اجْلِسْ .ثُمَّ جَاءَتِ الثَّالِثَةَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَأْفِيَّ رَاْيَكَ .فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّنْكِحُ هٰذِهِ .فَقَامَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ فَقَالَ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ .فَقَالَ اَلَكَ مَالٌ .فَقَالَ لاَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ .قَالَ هَلْ تَقْرَاُ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْئًا .قَالَ نَعَمْ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ وَسُوْرَةَ الْمُفَصَّلِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَنْكَحْتُكَهَا عَلٰى اَنْ تُقْرِئَهَا وَتُعَلِّمَهَا وَاِذَا رَزَقَكَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَوَّضْتَهَا .فَزَوَّجَهَا الرَّجُلَ عَلٰى ذٰلِكَ .تَفَرَّدَ بِهٖ عُتْبَةُ بْنُ السَّكَنِ وَهُوَ مَتْرُوْكُ الْحَدِيْثِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی، اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے بارے میں اپنی رائے (بیان کریں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت

۳۵۵۶- اخرجه مالك في النكاح (۲/۵۲٦) باب: ما جاء في الصداق و الحباء، عن ابي حازم به- و من طريق مالك اخرجه الشافعي (۲/۸۷)، و احمد (۵/۳۳٦)، و البخاري في الوكالة (۲۳۱۰)، و في النكاح (۵۱۳۵) باب: السلطان ولي، و ابو داود في النكاح (۲۱۱۱) باب: في التزويج على العمل يعمل، و الترمذي في النكاح (۱۱۱٤)، و ابن حبان (٤۰۹۳)، و البيهقي (۷/۱٤٤) من طرق عن مالك به-

۳۵۵۷- اخرجه البيهقي في السنن (۷/۲٤۲) كتاب: الصداق، باب: النكاح على تعليم القرآن من طريق الدارقطني، به- و نقل عقبه قول الدارقطني: تفرد به عتبة و هو متروك الحديث، ثم قال- اي: البيهقي-: (عتبة بن السكن منسوب الى الوضع، و هذا باطل لا اصل له- و الله اعلم)- اه-

کیا: اس کے ساتھ کون شادی کرے گا؟ ایک صاحب کھڑے ہوئے جنہوں نے ایک چادر اوڑھی ہوئی تھی جو اُنہوں نے اپنی گردن میں باندھی ہوئی تھی' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں (اس کے ساتھ شادی کروں گا)' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس مال ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا: تم بیٹھ جاؤ! پھر وہ خاتون دوبارہ آئی' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے بارے میں اپنی رائے (بیان کریں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اس کے ساتھ کون شادی کرے گا؟ وہی صاحب کھڑے ہوئے اور اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں (اس کے ساتھ شادی کروں گا)' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس مال ہے؟ اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا: تم بیٹھ جاؤ! پھر وہ خاتون دوبارہ آئی' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے بارے میں اپنی رائے (بیان کریں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اس کے ساتھ کون شادی کرے گا؟ وہی صاحب کھڑے ہوئے اور اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں (اس کے ساتھ شادی کروں گا)' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس مال ہے؟ اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہیں قرآن (زبانی) آتا ہے؟ اُس نے عرض کی: جی ہاں! سورۂ بقرہ اور مفصل سورتیں (زبانی یاد ہیں)' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس شرط پر تمہاری شادی اس کے ساتھ کرتا ہوں کہ تم اسے قرآن پڑھنا سکھاؤ گے' اسے تعلیم دو گے اور جب اللہ تعالیٰ تمہیں رزق عطاء کرے گا' تو تم اس کا مہر اسے دے دو گے' تو اُن صاحب نے اس شرط پر اُس خاتون کے ساتھ شادی کر لی۔

اس روایت کونقل کرنے میں عتبہ بن سکن نامی راوی منفرد ہیں' اور یہ ''متروک الحدیث'' ہیں۔

3558- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ تَزَوَّجْهَا وَلَوْ بِخَاتَمٍ مِّنْ حَدِيْدٍ.

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے فرمایا: تم اس عورت کے ساتھ شادی کرلو خواہ لوہے کی انگوٹھی (مہر ہونے) کے عوض میں کرو۔

3559- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زُرَارَةَ الرَّقِّىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَدَائِنِىُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِى الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغَفَّلِ قَالَ تَزَوَّجَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ امْرَاَةً فِىْ مَرَضِهِ فَقَالُوْا لَا يَجُوْزُ وَهٰذِهِ مِنَ الثُّلُثِ فَرُفِعَ ذٰلِكَ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النِّكَاحُ جَائِزٌ وَّلَايَكُوْنُ مِنَ الثُّلُثِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک انصاری نے بیماری کے دوران ایک عورت کے

۳۵۵۸- تقدم-

۳۵۵۹- اخرجه الخطيب في تاريخ بغداد (۱۱/ ۱۸٤) من طرق عن اسماعيل بن زرارة...... به- و الحديث ذكره المتقي الهندي في الكنز (٤٤٧٧٠) و عزاه الى (ابي نعيم و الخطيب)-

ساتھ شادی کر لی لوگوں نے کہا: یہ جائز نہیں ہے اور یہ (وراثت) تہائی حصہ میں شمار ہوگی یہ معاملہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ نکاح جائز ہے اور یہ تہائی حصے میں شمار نہیں ہوگا۔

شرح

اس حدیث میں جو مسئلہ بیان کیا گیا ہے اُس کی صورت یہ ہے کہ ایک شخص ایسی بیماری میں مبتلا ہو جائے' جس کے نتیجہ میں اُس کے مر جانے کا امکان زیادہ ہو' تو اب وہ اپنے مال کے صرف ایک تہائی حصے میں تصرف کر سکتا ہے' اس سے زیادہ میں تصرف نہیں کر سکتا' اگر وہ چاہے' تو اُس تہائی حصے کو صدقہ کر سکتا ہے یا ہبہ کر سکتا ہے' وغیرہ۔

انصار میں یہ صورت پیش آئی کہ ایک صاحب نے ایسی حالت میں ایک خاتون کے ساتھ شادی کر لی' لازمی بات ہے کہ اُس شادی کے نتیجہ میں اُس پر مہر کی ادائیگی لازم ہو گئی تھی' لوگوں نے یہ کہا: کیونکہ یہ شخص اتنا بیمار ہے کہ اس کے مرنے کا امکان زیادہ ہے' اور ایسی حالت میں شریعت کا حکم یہ ہے کہ وہ شخص صرف ایک تہائی حصے میں تصرف کر سکتا ہے' لہٰذا اُس کی بیوی کو اُس کے مال کے ایک تہائی حصے میں سے مہر ادا کیا جائے گا۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یہ مقدمہ پیش کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا: یہ نکاح درست ہے اور مہر کی ادائیگی ایک تہائی حصے میں سے نہیں ہوگی' بلکہ اُس شخص کے اصل مال میں سے ہوگی' اور اُس ادائیگی کے بعد جو مال بچے گا' ایک تہائی حصے میں تصرف کا حکم اُس میں داخل ہوگا۔

لوگوں کا یہ کہنا کہ ایسا کرنا جائز نہیں ہے' اس میں اس بات کا احتمال ہو سکتا ہے کہ لوگوں نے یہ سمجھا' اس صورت میں اُس شخص نے یہ شادی صرف اس لیے کی ہے' تاکہ اُس کے ورثاء زیادہ ہو جائیں اور اس طرح وہ اپنے ورثاء میں سے کسی ایک کو اس حوالے سے نقصان نہ پہنچا سکے۔

3560- حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يُوْنُسَ بْنِ يَاسِيْنَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِىْ اِسْرَائِيْلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ قَالَ تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً بِكْرًا فِىْ سِتْرِهَا فَدَخَلْتُ عَلَيْهَا فَاِذَا هِىَ حُبْلٰى فَاَتَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهَا الصَّدَاقُ بِمَا اسْتُحِلَّ مِنْ فَرْجِهَا وَالْوَلَدُ عَبْدٌ لَكَ فَاِذَا وَلَدَتْ فَاجْلِدُوْهَا . قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدِيْثُ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ صَفْوَانَ هُوَ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَبِىْ يَحْيٰى عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ .

☆☆ سعید بن میتب ایک انصاری صحابی کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے ایک کنواری لڑکی کے ساتھ اُسے دیکھے بغیر' شادی کر لی' (رخصتی کے بعد) جب میں اُس کے پاس آیا تو وہ حاملہ تھی' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر

۳۵۶۰- اخرجه عبد الرزاق (۶/ ۲۴۹-۲۵۰) في النكاح' باب: ما رد من النكاح' الحديث (۱۰۷۰۵) عن ابن جريج قال: حديث عن صفوان بن سليم...... به- و من طريقه الدارقطني هٰهنا' و ابو داود في سننه (۲/ ۲۴۱-۲۴۲) كتاب: النكاح' باب: ما يقال للمتزوج' الحديث (۲۱۳۱)' و البيهقي (۷/ ۱۵۷) قال ابو داود: (روى هٰذا الحديث قتادة عن سعيد بن يزيد عن ابن المسيب- و اخرجه يحيى بن ابي كثير عن يزيد بن نعيم عن سعيد بن المسيب وعطاء الخراساني عن سعيد بن المسيب' ارسلوه كلهم- و في حديث يحيى ابن ابي كثير ان بصرة بن اكثم نكح امراة- و كلهم قال في حديثه: جعل الولد عبدًا له)- اه-

ہوا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی شرمگاہ کو جو حلال کیا گیا ہے اس کی وجہ سے اُس کو مہر ملے گا' اس کا بچہ تمہارا غلام ہو گا اور جب یہ بچے کو جنم دے' تو تم لوگ اسے سنگسار کر دینا۔

یہی روایت ایک اور سند کے حوالے سے صفوان بن سلیم سے منقول ہے۔

شرح

اس حدیث میں یہ مسئلہ بیان کیا گیا ہے کہ اگر کوئی شخص کسی عورت کے ساتھ شادی کرتا ہے' اور بعد میں وہ عورت حاملہ ثابت ہوتی ہے' تو اس کا حکم کیا ہو گا؟

احناف اس بات کے قائل ہیں کہ اگر کوئی عورت زنا کے نتیجہ میں حاملہ ہو' اور پھر کوئی شخص اُس کے ساتھ شادی کر لے' تو یہ نکاح درست ہو گا۔ تاہم شوہر' اُس عورت کے ساتھ اُس وقت تک صحبت نہیں کر سکے گا' جب تک وہ عورت' بچے کو جنم نہ دے۔ یہ حکم امام ابوحنیفہ اور امام محمد کے نزدیک ہے۔

امام ابو یوسف اس بات کے قائل ہیں کہ یہ نکاح' فاسد ہو گا۔

یہاں ایک ذیلی صورت یہ ہو گی کہ ایک شخص نے کسی عورت کے ساتھ شادی کی' جو پہلے بیوہ یا مطلقہ ہو چکی تھی' اور شادی ہونے کے بعد یہ بات سامنے آئی کہ وہ عورت اپنے سابقہ شوہر سے حاملہ ہے' تو اب اُس عورت کا حمل' ثابت النسب ہو گا۔ اور اس بات پر تمام فقہاء کا اتفاق ہے کہ جس دوسرے شخص نے اُس کے ساتھ نکاح کیا تھا' وہ نکاح باطل قرار پائے گا۔

مذکورہ بالا حدیث سے بھی یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اُس شخص نے حاملہ عورت کے ساتھ جو نکاح کیا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے درست قرار دیا' اور عورت کیلئے مہر کی ادائیگی کو لازم قرار دیا۔

3561 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الزَّيَّاتُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِدْرِيْسَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الْاَسْلَمِيُّ حَدَّثَنِيْ صَفْوَانُ بْنُ سُلَيْمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ بَصْرَةَ بْنِ اَبِیْ بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ اَنَّهٗ تَزَوَّجَ امْرَاَةً بِكْرًا فِیْ سِتْرِهَا فَوَجَدَهَا حَامِلاً فَفَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا وَاَعْطَاهَا الصَّدَاقَ بِمَا اسْتُحِلَّ مِنْ فَرْجِهَا وَقَالَ اِذَا وَضَعَتْ فَاَقِيْمُوْا عَلَيْهَا الْحَدَّ.

☆☆ حضرت بصرہ بن ابوبصرہ غفاری بیان کرتے ہیں: اُنہوں نے ایک کنواری لڑکی کے ساتھ' اُسے دیکھے بغیر' شادی کر لی' بعد میں اُنہوں نے اُس لڑکی کو حاملہ پایا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن دونوں میاں بیوی کے درمیان علیحدگی کروا دی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس لڑکی کو مہر دلوایا' کیونکہ اُس کی شرمگاہ کو حلال کیا گیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

۳۵٦۱- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۱۰۷۰٤): اخبرنا ابراهيم بن محمد عن صفوان' به- و اخرجه البيهقي (۷/۱۵۷) من طريق بسطام بن جعفر بن المختار' ثنا ابراهيم بن محمد' به-قلت: و ابراهيم بن محمد: هو ابو اسحاق الاسلمي: قال البيهقي: (وقد روي هذا من وجه آخر عن ابن المسيب عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلاً)- اه-قلت: هذا المرسل اخرجه ابو داود في سننه (۲/۲٤۲) كتاب: النكاح ' باب في القسم بين النساء' الحديث (۲۱۳۲): حدثنا محمد بن المثنى' ثنا عثمان بن عمر- يعني: ابن المبارك-عن يحيى عن يزيد بن نعيم عن سعيد بن المسيب ان رجلاً يقال له: بصرة بن اكثم نكح امراة...... فذكر معناه' اي: معنى حديث ابن المسيب السابق- و راجع الذي قبله-

جب یہ بچے کو جنم دے تو اس پر حد جاری کر دینا۔

3562- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ كَاتِبُ اللَّيْثِ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ عَنْ مِشْرَحِ بْنِ هَاعَانَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِالتَّيْسِ الْمُسْتَعَارِ . قَالُوْا بَلٰى . قَالَ هُوَ الْمُحِلُّ . ثُمَّ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْمُحِلَّ وَالْمُحَلَّلَ لَهُ .

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں ''کرائے کے سانڈ'' کے بارے میں نہ بتاؤں؟ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ حلالہ کرنے والا شخص ہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص حلالہ کرے اور جس کیلئے حلالہ کیا گیا ہو' اُس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو!

شرح

یہاں حدیث میں لفظ ''محلل'' استعمال ہوا ہے' یعنی کسی چیز کو حلال کرنے والا شخص۔

مسئلہ کی صورت یہ ہے کہ جب کوئی شخص اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیدے' تو اب وہ عورت اُس شخص کیلئے اُس وقت تک حلال نہیں ہوگی جب تک وہ کسی دوسرے شخص کے ساتھ شادی کر لینے کے بعد بیوہ یا مطلقہ نہیں ہو جاتی۔

ایک شخص اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیدیتا ہے اور وہ دوبارہ اُسی عورت کے ساتھ شادی کرنا چاہتا ہے' تو وہ عورت کسی دوسرے شخص کے ساتھ یہ طے کرتی ہے کہ تم میرے ساتھ اس شرط پر شادی کرو کہ ایک مرتبہ صحبت کرنے کے بعد تم مجھے طلاق دیدو گے' تاکہ میں پہلے شوہر کیلئے حلال ہو جاؤں۔

سوال یہ ہے کہ طلاق دینے کی شرط کے ساتھ شادی کرنے کا حکم کیا ہوگا؟

امام ابوحنیفہ اور امام محمد اس بات کے قائل ہیں کہ یہ نکاح درست ہوگا۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ ان حضرات کے نزدیک نکاح میں فاسد شرط مقرر کرنے سے شرط' کالعدم تصور ہوتی ہے' اور نکاح' درست شمار ہوتا ہے۔ مذکورہ بالا صورت میں بھی طلاق دینے کی شرط فاسد ہے' اس لیے اُسے کالعدم قرار دیا جائے گا اور نکاح اپنی جگہ درست ہوگا۔

۳۵۶۲–اخرجه ابن ماجه في النكاح (۶۲۳/۱) باب: المحلل و المحلل له (۱۹۳۶)' و الحاكم (۱۹۹/۲)' و البيهقي في الكبرى (۲۰۸/۷)' و ابن الجوزي في العلل المتناهية (۶۴۶/۲) من طريق الليث' به- و سال الترمذي البخاري عن هذا الحديث ' فقال البخاري: (عبد الله بن صالح لم يكن اخرجه في ايامنا' ما ارى الليث سمعه من مشرح بن هاعان؛ لان حيوة روى عن بكر بن عمرو عن مشرح)- اه- من (العلل الكبير) للترمذي (۲۷۴)- و انكر يحيى ابن عبد الله بن بكير رواية ابي صالح هذه انكارًا شديدًا' وقال : (لم يسمع الليث من مشرح شيئًا' ولا روى عنه شيئًا' و انما حدثني الليث بهذا الحديث عن سليمان بن عبد الرحمن ان رسول الله صلى الله عليه وسلم ......) فذكره- و قال ابو زرعة: (الصواب عندي حديث يحيى' يعني: ابن عبد الله بن بكير)- اه- من علل ابن ابي حاتم (۴۱۱/۱) (۱۲۳۳)-وهذا يقضي بخطا التصريح بسماع الليث من مشرح الواقع في روايات الحديث عند المصنف وغيره- و مشرح بن هاعان: مقبول: كما قال ابن حجر في (التقريب) (۲۵۰/۲)' و لم يتابع؛ و لذلك قال البوصيري في مصباح الزجاجة (۱۰۲/۲): (هذا اسناد مختلف فيه؛ من اجل ابي مصعب)- اه- وابو مصعب: هو مشرح بن هاعان-

امام شافعی کے نزدیک بھی یہ نکاح درست ہوگا' البتہ امام مالک کے نزدیک اسے فسخ قرار دیا جائے گا۔

ان فقہاء کے درمیان اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حلالہ کرنے والے شخص پر لعنت کی ہے۔

جن فقہاء کے نزدیک اس لعنت سے مراد اُس شخص کا گناہگار ہونا ہے' اُنہوں نے یہ فتویٰ دیا کہ نکاح درست ہوگا اور وہ شخص گناہگار ہوگا۔ اور جن فقہاء کے نزدیک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان الفاظ سے مراد یہ ہے کہ جس چیز سے منع کیا گیا ہے' وہ فاسد ہو جائے گی' اُن کے نزدیک ایسا نکاح' فاسد شمار ہوگا۔

3563- حَدَّثَنَا هُبَيْرَةُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الشَّيْبَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَيْسَرَةَ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَيْسَرَةَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ الْفَزَارِيُّ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ الْمَلِكِ الْعَمِّيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعُسَيْلَةُ هِيَ الْجِمَاعُ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ''عسیلہ'' سے مراد صحبت کرنا ہے۔

3564- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْحَذَّاءُ حَدَّثَنَا شَبَابُ بْنُ خَيَّاطٍ حَدَّثَنَا حَشْرَجُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَشْرَجٍ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ جَدِّىْ عَنْ عَائِذِ بْنِ عَمْرٍو الْمُزَنِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ الْاِسْلَامُ يَعْلُو وَلَا يُعْلٰى .

☆☆ حضرت عائذ بن عمرو مزنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اسلام سربلند ہوتا ہے' اُسے مغلوب نہیں کیا جا سکتا۔

3565- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ عَنْ عَاصِمٍ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ بَكْرٍ الْمُزَنِيِّ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ خَطَبْتُ امْرَاَةً فَقَالَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظَرْتَ اِلَيْهَا . قُلْتُ لَا . قَالَ فَانْظُرْ اِلَيْهَا فَاِنَّهُ اَحْرٰى اَنْ يُّؤْدَمَ بَيْنَكُمَا . وَقَالَ اَبُوْ شِهَابٍ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ خَطَبْتُ امْرَاَةً . وَالْبَاقِىْ مِثْلَهُ .

۳۵٦۳- اخرجه احمد (٦/٦٢): ثنا مروان' به- قال الزيلعي (٣/٢٢٨): (والمكي: مجهول)- اه- و راجع: حلية الاولياء (٩/٢٣٦) و مجمع الزوائد (٤/٢٤١)-

۳۵٦٤- اخرجه البيهقي في سننه (٦/٢٠٥) كتاب: اللقطة' باب: ذكر بعض من صار مسلماً باسلام ابويه او احدهما...... من طريق ابي العباس السراج' ثنا شباب بن خياط...... به- و عزاه الحافظ في الفتح (٣/٢٢٠) للروياني' و اخرجه باسناده اليه في تغليق التعليق (٢/٤٨٩) عن محمد بن اسحاق' ثنا شباب العصفري-: هو خليفة بن خياط- ثنا حشرج بن عبد الله' به- وعزاه ايضاً الى الخليلي في (فوائده) عن يحيى بن محمد العربي بخربته بنيسابور عن محمد ابن اسحاق السراج' ثنا شباب بن خياط' به- و انظر: نصب الراية (٣/٢١٣)-

۳۵٦۵- اخرجه احمد (٤/٢٤٤-٢٤٥' ٢٤٦) و الدارمي (٢/١٣٤) و ابن ابي شيبة (٤/٢٥٥) و سعيد بن منصور (٥١٦- ٥١٨) و الترمذي في النكاح (١٠٨٧) باب: ما جاء في النظر الى المخطوبة' و النسائي في النكاح (٦/٦٩-٧٠) باب: اباحة النظر قبل التزويج' و ابن ماجه في النكاح (١٨٦٦) باب: النظر الى المراة اذا اراد ان يتزوجها' و ابن الجارود (٦٧٥) و البيهقي في الكبرى (٧/٨٤' ٨٥) و الطحاوي في المعاني (٣/١٤) من طريق ثابت و عاصم الاحول عن بكر بن عبد الله المزني' به-

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے ایک خاتون کو نکاح کا پیغام بھیجا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے دریافت کیا: کیا تم نے اُسے دیکھا ہے؟ میں نے عرض کی: نہیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اُسے دیکھ لو' کیونکہ اس طرح تم دونوں کے درمیان محبت پیدا ہو جائے گی۔

ابوشہاب نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے ایک خاتون کو نکاح کا پیغام بھیجا ہے' اس کے بعد کے الفاظ حسب سابق ہیں۔

3566- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ زَنْجَوَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اَرَادَ الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ اَنْ يَتَزَوَّجَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَيْهَا فَاِنَّهُ اَحْرٰى اَنْ يُؤْدَمَ بَيْنَكُمَا . قَالَ فَفَعَلَ فَتَزَوَّجَهَا فَذَكَرَ مُوَافَقَتَهَا . الصَّوَابُ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ بَكْرٍ الْمُزَنِيِّ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے شادی کرنے کا ارادہ کیا' اُنہوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم جا کر اُس عورت کو دیکھ لو' کیونکہ اس کے نتیجہ میں تم دونوں کے درمیان محبت پیدا ہوگی۔

راوی بیان کرتے ہیں: اُنہوں نے ایسا ہی کیا' پھر اُس خاتون کے ساتھ شادی کر لی' اُس کے بعد راوی نے اُن کی موافقت کا ذکر کیا ہے۔

صحیح یہ ہے: یہ روایت ثابت کے حوالے سے بکر مزنی سے منقول ہے۔

3567- حَدَّثَنَاهُ ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْجُرْجَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ اَنَّ الْمُغِيرَةَ بْنَ شُعْبَةَ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا (اُس کے بعد حسب سابق حدیث ہے)۔

3568- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُونٍ الْخَيَّاطُ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمِسْوَرِ - وَاللَّفْظُ لِمُحَمَّدٍ - قَالاَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ كَيْسَانَ عَنْ اَبِي حَازِمٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلاً اَرَادَ اَنْ يَتَزَوَّجَ امْرَاَةً مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْظُرْ اِلَيْهَا فَاِنَّ فِي اَعْيُنِ نِسَاءِ الْاَنْصَارِ

۳۵۶۶-اخرجه ابن ماجه في النكاح (۱۸۶۵) باب: النظر الى المراة اذا اراد ان يتزوجها' و ابن الجارود (۶۷۶)' و ابن حبان (۴۰۴۲)' و الحاكم (۲/۱۶۵)' و صححه على شرطهما' و البيهقي في الكبرى (۷/۸۴) من طرق عن عبد الرزاق' به-

۳۵۶۷-اخرجه ابن ماجه في النكاح (۱/۶۰۰) باب: النظر الى المراة اذا اراد ان يتزوجها (۱۸۶۶) عن الحسن بن ابي الربيع' انبانا عبد الرزاق' به- وقال في الزوائد: (اسناده صحيح' وقد روى الترمذي وغيره بعضه) اه- وراجع: مصادر تخريج الرواية قبل السابقة-

۳۵۶۸-اخرجه سعيد بن منصور (۵۲۳)' و الحميدي (۱۱۷۲)' و احمد (۲/۲۹۹)' و مسلم في النكاح (۱۴۲۴) باب: ندب النظر الى وجه المراة و كفيها لمن يريد تزوجها' و النسائي في النكاح (۶/۷۷) باب: اذا استشار رجل رجلاً في المراة هل يخبره بما يعلم' و الطحاوي في المعاني (۳/۱۴)' و ابن حبان (۴۰۴۱)' و البيهقي في الكبرى (۷/۸۴) من طرق عن سفيان' به- و هو عند مسلم و النسائي من غير هذا الوجه عن يزيد بن كيسان' به-

شَيْئًا .

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے ایک انصاری خاتون کے ساتھ شادی کرنے کا ارادہ کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اُسے دیکھ لو کیونکہ انصار کی خواتین کی آنکھوں میں کچھ ہوتا ہے۔

3569 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ ح وَاَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَنَّاطُ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ ح وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ النَّحَّاسُ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ حَسَّانَ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّ زَيْنَبَ ابْنَتَهٗ عَلٰى اَبِى الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيْعِ بِنِكَاحٍ جَدِيْدٍ . هٰذَا لَا يَثْبُتُ . وَحَجَّاجٌ لَا يُحْتَجُّ بِهٖ وَالصَّوَابُ حَدِيْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّهَا بِالنِّكَاحِ الْاَوَّلِ . وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ مَالِكٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ فِىْ قِصَّةِ صَفْوَانَ بْنِ اُمَيَّةَ .

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی سیّدہ زینب رضی اللہ عنہ کا حضرت ابوالعاص بن ربیع رضی اللہ عنہ کے ساتھ دوبارہ نکاح پڑھوایا تھا۔

یہ روایت ثابت نہیں ہے' حجاج نامی راوی (کی نقل کردہ روایت کو) دلیل کے طور پر پیش نہیں کیا جا سکتا۔

درست روایت وہ ہے' جسے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے نقل کیا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سابقہ نکاح کی بنیاد پر ہی سیّدہ زینب رضی اللہ عنہ کو (اُن کے شوہر کے پاس) بھیج دیا تھا۔

امام مالک نے زہری کے حوالے سے' صفوان بن اُمیہ کے واقعہ میں اسے نقل کیا ہے۔

3570 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْقَاضِىْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْاَنْمَاطِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

۳۵٦۹—اخرجه الترمذي في النكاح (۳/٤٤۷—٤٤۸) باب: ما جاء في الزوجين المشركين يسلم احدهما (۱۱٤۲)؛ و ابن ماجه في النكاح (۱/٦٤۷) باب: الزوجين يسلم احدهما قبل الآخر (۲۰۱۰) من طريق ابي معاوية؛ به- و قال الترمذي: (هذا حديث في اسناده مقال- و في الحديث الآخر- ايضاً- مقال- و العمل على هذا الحديث عند اهل العلم: ان المراة اذا اسلمت قبل زوجها؛ ثم اسلم زوجها و هي في العدة: ان زوجها احق بها ما كانت في العدة- و هو قول مالك بن انس و الاوزاعي و الشافعي و احمد و اسحاق)- اه- و قال الترمذي ايضاً (۳/٤٤۹) (۱۱٤٤): (قال يزيد بن هارون: حديث ابن عباس اجود اسنادًا- و العمل على حديث عمرو بن شعيب)- اه-

۳۵۷۰—اخرجه ابو داود في الطلاق (۲/۲۷۹) باب: الى متى ترد عليه امراته اذا اسلم بعدها (۲۲٤۰) من طريق محمد بن سلمة؛ به- و اخرجه ابو داود في نفس الموضع؛ و الترمذي في النكاح (۳/٤٤۸) باب: ما جاء في الزوجين المشركين يسلم احدهما (۱۱٤۳)؛ و ابن ماجه في النكاح (۱/٦٤۷) باب: الزوجين يسلم احدهما قبل الآخر (۲۰۰۹) من طرق عن ابن اسحاق؛ به- و قد صرح ابن اسحاق بالتحديث عند الترمذي- و قال الترمذي: (هذا حديث ليس باسناده باس؛ و لكن لا نعرف وجه هذا الحديث؛ و لعله قد جاء هذا من قبل داود بن حصين؛ من قبل حفظه)- اه- و روى الترمذي (۱۱٤٤) عن اسرائيل؛ و ابن ماجه (۲۰۰۸) عن حفص بن جميع؛ كلاهما عن سماك بن حرب عن عكرمة عن ابن عباس: ان رجلاً جاء مسلماً على عهد النبي صلى الله عليه وسلم؛ ثم جاءت امراته مسلمة؛ فقال: يا رسول الله؛ انها كانت اسلمت معي فردها علي- فردها عليه) و السياق للترمذي- و قال الترمذي: (هذا حديث صحيح؛ سمعت عبد بن حميد يقول: سمعت يزيد بن هارون يذكر عن محمد بن اسحاق هذا الحديث)- اه-

سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ رَدَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَتَهُ زَيْنَبَ عَلَى أَبِي الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيعِ بِالنِّكَاحِ الْأَوَّلِ لَمْ يُحْدِثْ بَيْنَهُمَا شَيْئًا.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی سیّدہ زینب رضی اللہ عنہ کو پہلے نکاح کی بنیاد پر ہی حضرت ابوالعاص بن ربیع رضی اللہ عنہ کے پاس بھجوا دیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کا دوبارہ نکاح نہیں پڑھوایا تھا۔

3571- قُرِءَ عَلَى أَبِي الْقَاسِمِ بْنِ مَنِيعٍ وَّأَنَا أَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ عُمَرُ بْنُ زُرَارَةَ أَبُو حَفْصٍ الْحَدَثِيُّ حَدَّثَنَا مَسْرُوحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّهُ قَالَ كَانَتْ أُخْتِي تَحْتَ رَجُلٍ مِّنَ الْأَنْصَارِ تَزَوَّجَهَا عَلَى حَدِيقَةٍ فَكَانَ بَيْنَهُمَا كَلَامٌ فَارْتَفَعَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَرُدِّينَ عَلَيْهِ حَدِيقَتَهُ وَيُطَلِّقُكِ. قَالَتْ نَعَمْ وَأَزِيدُهُ. قَالَ رُدِّي عَلَيْهِ حَدِيقَتَهُ وَزِيدِيهِ.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میری بہن ایک انصاری کی اہلیہ تھی' اُس انصاری نے ایک باغ (کی بطورِ مہر) ادائیگی کی شرط پر اُس کے ساتھ شادی کی تھی' اُن دونوں کے درمیان ناچاقی ہوئی' اُنہوں نے اپنا مقدمہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے اس کا باغ واپس کر دو' یہ تمہیں طلاق دے دیتا ہے۔ تو وہ عورت بولی: ٹھیک ہے' میں اسے مزید بھی دے سکتی ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کا باغ واپس کرو اور اسے مزید ادائیگی بھی کر دو۔

3572- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ الْحَضْرَمِيُّ حَدَّثَنَا أَزْهَرُ بْنُ جَمِيلٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَتِ امْرَأَةُ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا أَعْتِبُ عَلَيْهِ فِي خُلُقٍ وَّلَا دِينٍ وَّلٰكِنْ أَكْرَهُ الْكُفْرَ فِي الْإِسْلَامِ. فَقَالَ أَتَرُدِّينَ عَلَيْهِ حَدِيقَتَهُ. قَالَتْ نَعَمْ. قَالَ يَا ثَابِتُ اقْبَلِ الْحَدِيقَةَ وَطَلِّقْهَا تَطْلِيقَةً.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ان کے اخلاق یا دین کے حوالے سے ان سے ناراض نہیں ہوں' لیکن میں مسلمان ہونے کے بعد (شوہر کی) ناشکری کو پسند نہیں کرتی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم اس کا

۳۵۷۱- اخرجه البيهقي في السنن (۷/ ۳۱٤) كتاب: الخلع و الطلاق' باب: الوجه الذي تحل به الفدية: اخبرنا ابو عبد الله الحافظ' انا ابو الحسين محمد بن احمد بن تميم الاصم القنطري ببغداد ' انا ابو جعفر محمد بن سعد بنمحمد بن الحسن بن عطية بن سعد العوفي' قال: حدثني ابي' قال: نا الحسين بن الحسن بن عطية عن ابيه عن جده عن ابي سعيد قال: ارادت اختي تختلع من زوجها' فاتت النبي صلى الله عليه وسلم مع زوجها' فذكرت له ذلك' فقال لها رسول الله صلى الله عليه وسلم : (تردين عليه حديقته و يطلقك!) قالت : نعم' و ازيده...... الحديث- قال البيهقي: (و كذلك اخرجه الحسين بن عمارة عن عطية و الحديث المرسل صحيح)- اه-

۳۵۷۲- اخرجه البخاري في الطلاق (۵۲۷۳' ۵۲۷٤) باب: الخلع' و كيف الطلاق فيه! و النسائي في الطلاق (٦/۱٦۹) باب: ما جاء في الخلع (۳٤٦۳) عن ازهر بن جميل' به- و راجع: تحفة الاشراف للمزي (۵/۱۳٦-۱۳۷)-

باغ اسے واپس کرنے کیلئے تیار ہو؟ اُس نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ثابت! تم اپنا باغ لے لو اور اسے ایک طلاق دے دو!

3573- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّ ثَابِتَ بْنَ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ كَانَتْ عِنْدَهُ زَيْنَبُ بِنْتُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَيِّ ابْنِ سَلُوْلٍ وَّكَانَ اَصْدَقَهَا حَدِيقَةً فَكَرِهَتْهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَرُدِّيْنَ حَدِيقَتَهُ الَّتِىْ اَعْطَاكِ . قَالَتْ نَعَمْ وَزِيَادَةً . فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا الزِّيَادَةُ فَلَا وَلٰكِنْ حَدِيقَتَهُ . قَالَتْ نَعَمْ . فَاَخَذَهَا لَهُ وَخَلّٰى سَبِيلَهَا فَلَمَّا بَلَغَ ذٰلِكَ ثَابِتَ بْنَ قَيْسٍ قَالَ قَدْ قَبِلْتُ قَضَاءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . سَمِعَهُ اَبُو الزُّبَيْرِ مِنْ غَيْرِ وَاحِدٍ.

☆☆ ابوزبیر بیان کرتے ہیں: حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کی شادی زینب بنت عبداللہ سے ہوئی' حضرت ثابت نے اُس خاتون کومہر کے طور پر ایک باغ دیا تھا' وہ خاتون اُنہیں پسند نہیں کرتی تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اس نے جو باغ تمہیں دیا تھا' کیا تم اُسے واپس کرنے کیلئے تیار ہو؟ اُس خاتون نے عرض کی: جی ہاں! (میں اُس کے ساتھ) مزید بھی دے سکتی ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مزید ادائیگی کی ضرورت نہیں ہے' صرف اُس کا باغ واپس کر دو۔ اُس خاتون نے عرض کی: ٹھیک ہے! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ثابت رضی اللہ عنہ کو باغ واپس ملنے اور عورت کو طلاق ہونے کا فیصلہ دیا۔ جب اس کی اطلاع حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کو ملی تو اُنہوں نے کہا: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے کو تسلیم کرتا ہوں۔

ابوزبیر نے یہ روایت کئی راویوں سے سنی ہے۔

شرح: جب میاں بیوی ایک ساتھ نہ رہ سکتے ہوں تو خلع جائز ہے

صاحب ہدایہ لکھتے ہیں: جب میاں بیوی کے درمیان جھگڑا ہو جائے' اور ان دونوں کو یہ خوف ہو کہ وہ اللہ تعالیٰ کی حدود کو قائم نہیں رکھ سکتے تو اس بارے میں کوئی حرج نہیں ہے کہ عورت' اپنی ذات کے فدیہ کے طور پر' کچھ مال دے کے' اس کے عوض میں خلع حاصل کرے اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

''تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں ہوگا اس کے بارے میں جو وہ عورت فدیہ دیتی ہے''۔

جب وہ دونوں ایسا کریں گے' تو اس خلع کے نتیجے میں' ایک بائنہ طلاق واقع ہو جائے گی۔ عورت کے ذمے مال کی ادائیگی لازم ہوگی اس کی دلیل نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے:

''خلع بائنہ طلاق ہے''۔

۳۵۷۳-اخرجه البيهقي في الكبرى (۷/ ۳۱۳) و قال ابن حجر - كما في التعليق المغني (و سنده قوي مع ارساله' و حجاج - فيه -: حجاج بن محمد' لا حجاج بن ارطاة)- اه - وراجع: تلخيص الحبير لابن حجر (۳/ ۲۳۱)- وله شاهد من حديث عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده' بنحوه عند ابن ماجه في الطلاق (۱/ ۶۶۳) باب: المختلعة تاخذ ما اعطاها (۲۰۵۷) من طريق حجاج عن عمرو بن شعيب' به- وقال في الزوائد: (في اسناده حجاج بن ارطاة' مدلس' وقد عنعنه)- اه-

دوسری بات یہ ہے: خلع میں طلاق کا احتمال موجود ہوتا ہے' یہاں تک کہ لفظ خلع کے ذریعے کنایہ مراد لیا جا سکتا ہے اور کنایہ کے ذریعے ہمیشہ بائنہ طلاق واقع ہوتی ہے' البتہ خلع میں جب مال کا ذکر کر دیا جائے' تو پھر (طلاق کی) نیت کی ضرورت نہیں رہتی۔

تیسری بات یہ ہے: عورت صرف اسی وجہ سے اپنے ذمے مال کی ادائیگی کو لازم کرتی ہے کہ اس کی ذات اس کے قبضے میں آ جائے (یعنی اسے طلاق بائنہ مل جائے) اور یہ اسی وقت ہو سکتا ہے جب وہ بائنہ ہو جائے۔

اگر یہ ناپسندیدگی مرد کی طرف سے ہو' تو مرد کے لئے یہ بات مکروہ ہے کہ عورت سے عوض وصول کرے' اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

"اگر تم ایک بیوی کی بجائے دوسری بیوی لانا چاہتے ہو' تو اگرچہ تم پہلی بیوی کو ایک ڈھیر کے برابر (مال) دے چکے ہو' تو پھر بھی اس سے کچھ (واپس) نہ لو"۔

اس کی وجہ یہ بھی ہے: شوہر اس عورت کو چھوڑ کر دوسری بیوی لانے کے ذریعے اسے پریشانی کا شکار کر سکتا ہے' تو اب وہ اس سے مال لے کر اسے مزید پریشان نہ کرے۔

لیکن اگر ناپسندیدگی عورت کی طرف سے ہو' تو ہمارے نزدیک یہ بات مکروہ ہے کہ مرد عورت سے اس سے زیادہ وصول کرے جو (اس نے مہر کے طور پر) دیا تھا۔

"الجامع الصغیر" کی ایک روایت میں یہ بات ہے: اضافی ادائیگی لینا بھی جائز ہوگا' اس کی دلیل وہ روایت ہے' ہم نے جو روایت آغاز میں نقل کی ہے' وہ مطلق ہے۔

دوسری وجہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے: جو حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کی اہلیہ کے بارے میں ہے۔

"جہاں تک اضافی ادائیگی کا تعلق ہے' تو وہ نہیں"۔

اس مسئلے میں ناپسندیدگی' خاتون کی طرف سے تھی۔

اگر مرد زیادہ وصولی کر لیتا ہے' تو قضا کے اعتبار سے یہ جائز ہوگا' اسی طرح اگر وہ عوض وصول کر لیتا ہے اور ناپسندیدگی بھی اس کی طرف سے ہو' تو (یہ بھی جائز) ہوگا' کیونکہ ہم نے جو آیت تلاوت کی ہے' اس کا مقتضیٰ دو چیزیں ہیں۔ حکم کے اعتبار سے جائز ہونا اور مباح ہونا اس لئے اباحت کے حق میں عمل ترک کر دیا جائے گا' کیونکہ اس کے مقابلے میں چیز موجود ہے' تو باقی پر عمل کرنا باقی رہ جائے گا۔

اگر شوہر نے مال کے عوض طلاق دی اور عورت نے اسے قبول کر لیا تو طلاق ہو جائے گی' اور عورت کے ذمے مال کی ادائیگی لازم ہو جائے گی۔

اس کی وجہ یہ ہے: شوہر کو اس وقت فوری طور پر' یا بعد میں معلق طور پر طلاق دینے کا اختیار حاصل ہے اور مذکورہ صورت میں اس نے طلاق کو عورت کی قبولیت کے ساتھ معلق کر دیا ہے۔

اس طرح عورت چونکہ اپنی ذات کے بارے میں اختیار رکھتی ہے' تو اسے اپنے ذمے مال کی ادائیگی لازم کرنے کا بھی

اختیار ہونا چاہئے اور ملک نکاح ایک ایسی چیز ہے جس میں عوض لینا جائز ہے اگر چہ وہ مال نہیں ہے جیسا کہ قصاص کا یہی حکم ہے اور طلاق بائنہ ہو جائے گی اس کی وجہ ہم بیان کر چکے ہیں۔

اس کی وجہ یہ ہے: یہ جان کے بدلے میں مال کا معاوضہ ہے' تو جب مرد ایک بدل کا مالک بن جائے گا' تو دوسرے بدل یعنی نفس کی مالک عورت ہو جائے گی' تا کہ برابری کا حکم ہو سکے۔

فرماتے اگر خلع میں عوض باطل ہو' جیسے کوئی مسلمان شراب' خنزیر یا مردار کے عوض خلع کرے' تو شوہر کو کچھ نہیں ملے گا' اور علیحدگی بائنہ طور پر ہوگی' لیکن اگر طلاق میں عوض باطل ہو' تو رجعی طلاق ہوتی ہے۔

البتہ دونوں صورتوں میں طلاق کا وقوع قبول کرنے پر ہوگا اور حکم میں دونوں ایک دوسرے سے مختلف ہوں گے اس کی وجہ یہ ہے: عوض باطل ہوگا' تو پہلی صورت میں عمل کرنے والا لفظ خلع ہوگا جو کہ ''کنایہ'' ہے اور دوسری صورت میں لفظ ''صریح'' ہوگا جو رجعت لے کر آتا ہے البتہ عورت کے ذمے کسی بھی چیز کی ادائیگی لازم نہیں ہوگی جو شوہر کو ادا کی جائے اس کی وجہ یہ ہے: اس نے ایسی کسی چیز کو مقرر نہیں کیا جو قیمت رکھتی ہو' اسے مرد کے ساتھ دھوکے کرنے والی قرار دیا جائے۔

اس کی وجہ یہ بھی ہے: اس نے جس چیز کو معاوضہ مقرر کیا ہے' وہ اسلام کی وجہ سے قابل قبول نہیں ہے اور اس چیز کے علاوہ' کسی دوسری چیز کی ادائیگی بھی عورت کے ذمے لازم نہیں کی گئی۔ اس کی وجہ یہ ہے: عورت نے کسی اور چیز کی ادائیگی کو اپنے ذمے نہیں لیا۔

البتہ جب شوہر نے کسی متعین سرکے کے عوض خلع کیا ہو' اور بعد میں وہ شراب نکل آئے (تو حکم مختلف ہوگا) اس کی وجہ یہ ہے: عورت نے مال متعین کر لیا تھا اور اس طرح شوہر کے ساتھ دھوکا ہوا ہے۔

اس کے برخلاف جب کوئی شخص اپنے غلام کو شراب کے عوض میں آزاد کر دے یا مکاتب بنا لے تو اس صورت میں مالک غلام کی قیمت کو وصول کرے گا' کیونکہ آقا جس چیز کا مالک ہے وہ ایک قیمت والی چیز ہے اور وہ اپنی ملکیت کو کسی معاوضہ کے بغیر زائل کرنے پر رضامند نہیں ہوگا۔

جہاں تک ملک بضع کا تعلق ہے' تو وہ طلاق کی وجہ سے باقیمت مال نہیں رہتا' اس کی تفصیل ہم عنقریب بیان کریں گے۔

جبکہ شراب کے عوض نکاح کرنے کا حکم اس سے مختلف ہے' کیونکہ عورت سے تمتع کا حق رکھنا ایک باقیمت چیز شمار ہوگا۔

اس میں مفہوم یہ ہے: عورت سے تمتع قابل احترام ہے اور شریعت نے اس چیز کو درست قرار نہیں دیا کہ عوض کے بغیر اس کا مالک بنا جائے اس کی وجہ یہ ہے' اس کے شرف واحترام کو نمایاں کیا جا سکے' لیکن اگر شوہر عورت سے اس کے حق کو زائل کر دے' تو وہ از خود قابل احترام ہے اس لئے مال کو واجب کرنے کی کوئی صورت نہیں ہوگی۔

فرماتے ہیں: جو بھی چیز مہر بننے کی صلاحیت رکھتی ہے' اسے خلع میں معاوضے کے طور پر قبول کیا جا سکتا ہے' کیونکہ ہر وہ باقیمت چیز تمتع کے حق کا عوض بن سکتی ہے' وہ اس چیز کا عوض بدرجہ اولیٰ بن سکتی ہے' جو باقیمت نہ ہو۔

(ہدایہ' کتاب الطلاق' خلع کا بیان)

3574- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسَى حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَاْخُذُ مِنَ الْمُخْتَلِعَةِ اَكْثَرَ مِمَّا اَعْطَاهَا .

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: آدمی خلع حاصل کرنے والی عورت سے اُس سے زیادہ وصول نہ کرے٬ جو اُس نے (مہر کے طور پر) اُس عورت کو دیا تھا۔

3575- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا حَمْدُوْنُ بْنُ عُمَارَةَ الْبَزَّازُ اَبُوْ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبُخَارِيُّ الْمُسْنَدِيُّ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ امْرَاَةَ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ اخْتَلَعَتْ مِنْ زَوْجِهَا فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِدَّتَهَا حَيْضَةً وَّنِصْفًا .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نے اپنے شوہر سے خلع حاصل کرلیا٬ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کی عدت ڈیڑھ حیض مقرر کی۔

3576- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عِكْرِمَةَ اَنَّ امْرَاَةَ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ اخْتَلَعَتْ مِنْ زَوْجِهَا فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِدَّتَهَا حَيْضَةً.

☆☆ عکرمہ بیان کرتے ہیں: حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نے اپنے شوہر سے خلع حاصل کرلیا٬ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کی عدت ایک حیض مقرر کی۔

3577- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْبَاقِي بْنُ قَانِعٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مَرْوَانَ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَازِمٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ يَزِيْدَ الْبَصْرِيُّ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ امْرَاَةَ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ اخْتَلَعَتْ مِنْهُ فَاَمَرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَعْتَدَّ حَيْضَةً.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نے اُن سے خلع حاصل کرلیا٬ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس خاتون کو یہ ہدایت کی٬ وہ ایک حیض تک٬ عدت بسر کرے۔

3578- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ حَدَّثَنِيْ اَبُو الْاَسْوَدِ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ رُبَيِّعَ بِنْتِ مُعَوِّذٍ قَالَتْ سَمِعْتُ

٣٥٧٤-اخرجه ابو داود في المراسيل-كما في التحفة (١٣/ ٣٠٢)- من طريق سفيان٬ بنحوه-وقال ابو داود: (قال وكيع: سالت ابن جريج عنه! فانكره و لم يعرفه)- اه-

٣٥٧٥-اخرجه ابو داود في الطلاق (٢/ ٢٧٦) باب: في الخلع (٢٢٢٩)٬ و الترمذي في الطلاق (٣/ ٤٩١) باب: ما جاء في الخلع (١١٨٥م)٬ من طريق علي بن بحر٬ وانبانا هشام بن يوسف٬ به- وقال ابو داود: (و هذا الحديث اخرجه عبد الرزاق عن معمر عن عمرو بن مسلم عن عكرمة عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلاً)- اه- وقال الترمذي: (هذا حديث حسن غريب)- اه-

٣٥٧٦-اشار ابو داود الى هذا الرواية؛ كما سبق في كلامه على الرواية السابقة؛ فراجعه-

٣٥٧٧-تقدم قريباً-

٣٥٧٨-اخرجه النسائي في الطلاق (٦/ ١٨٦) باب: عدة المختلعة (٣٤٩٧) من طريق محمد بن عبد الرحمن عن الربيع٬ بنحوه- و اخرجه النسائي (٣٤٩٨)٬ و ابن ماجه في الطلاق (١/ ٦٦٣-٦٦٤) باب: عدة المختلعة (٢٠٥٨) من طريق عبادة بن الصامت عن الربيع٬ بنحوه-

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ امْرَاَةَ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ حِيْنَ اخْتَلَعَتْ مِنْهُ اَنْ تَعْتَدَّ حَيْضَةً.

★★ سیّدہ ربیع بنت معوذ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: آپ نے حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کی اہلیہ کو یہ ہدایت کی تھی کہ وہ ایک حیض تک عدت گزاریں' جب اُس خاتون نے (اپنے شوہر) سے خلع حاصل کرلیا تھا۔

3579- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَرْدَكَ سَمِعَ عَطَاءً يَقُوْلُ اَخْبَرَنِىْ يُوْسُفُ بْنُ مَاهَكَ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ وَّهَزْلُهُنَّ جِدٌّ النِّكَاحُ وَالطَّلَاقُ وَالرَّجْعَةُ.

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: تین چیزیں ایسی ہیں جن میں سنجیدگی بھی سنجیدگی شمار ہوگی اور مذاق بھی سنجیدگی شمار ہوگا' نکاح' طلاق اور رجوع کرنا۔

3580- حَدَّثَنَاهُ الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِىْ اُوَيْسٍ حَدَّثَنِىْ سُلَيْمَانُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَبِيْبِ بْنِ اَرْدَكَ اَنَّهُ سَمِعَ عَطَاءَ بْنَ اَبِىْ رَبَاحٍ يَقُوْلُ اَخْبَرَنِىْ يُوْسُفُ بْنُ مَاهَكَ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ سَوَاءً.

★★ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3581- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُوْرٍ الْمَكِّيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَرْدَكَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ وَّهَزْلُهُنَّ جِدٌّ الطَّلَاقُ وَالنِّكَاحُ وَالرَّجْعَةُ.

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: تین چیزیں ایسی ہیں جن میں سنجیدگی بھی سنجیدگی شمار ہوگی اور مذاق بھی سنجیدگی شمار ہوگا' طلاق' نکاح اور رجوع کرنا۔

3582- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ مَرْيَمَ حَدَّثَنَا

۳۵۷۹-اخرجه الترمذي في الطلاق (۴۹۰/۳) باب: ماجاء في الجد و الهزل في الطلاق (۱۱۸۴) و ابن ماجه في الطلاق (۶۵۷/۱-۶۵۸) باب: من طلق او نكح او رجع لا عباً (۲۰۳۹) من طريق حاتم بن اسماعيل عن عبد الرحمن بن اردك' به- و قال الترمذي: (هذا حديث حسن غريب' و العمل على هذا عند اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم- و عبد الرحمن: هو ابن حبيب بن اردك المدني- و ابن ماهك: هو -عندي- يوسف بن ماهك)- اهـ-

۳۵۸۰-اخرجه الحاكم في الطلاق (۱۹۷/۲-۱۹۸) من طريق الربيع بن سليمان' ثنا عبد الله بن وهب' اخبرني سليمان بن بلال' به- وقال الحاكم: (هذا حديث صحيح الاسناد' و عبد الرحمن بن حبيب: هو ابن اردك من ثقات المدنيين' و لم يخرجاه)- اهـ- و تعقبه الذهبي' فقال: (قلت: فيه لين)- اهـ- يعني: ابن اردك-

۳۵۸۱-راجع الذي قبله-

۳۵۸۲-اخرجه ابو داود في الطلاق (۲۶۵/۲-۲۶۶) باب: في الطلاق على الهزل (۲۱۹۴) حدثنا القعنبي' ثنا عبد العزيز- يعني: ابن محمد الدراوردي- به- وراجع: نصب الراية للزيلعي (۲۹۳/۳-۲۹۴)-

عَمْرُو بْنُ اَبِىْ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا الدَّرَاوَرْدِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَبِيْبِ بْنِ اَرْدَكَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ وَّهَزْلُهُنَّ جِدٌّ الطَّلَاقُ وَالنِّكَاحُ وَالرَّجْعَةُ.

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: تین چیزیں ایسی ہیں جن میں سنجیدگی بھی سنجیدگی شمار ہوگی اور مذاق بھی سنجیدگی شمار ہوگا' طلاق' نکاح اور رجوع کرنا۔

3583- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْوَرَّاقُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَزَّازُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمْرَانَ حَدَّثَنَا عَوْفٌ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ اَنْ يُرٰى رِعَاءُ الشَّاءِ رُءُوْسَ النَّاسِ وَاَنْ يُّرَى الْحُفَاةُ الْعُرَاةُ الْجُوَّعُ يَتَبَارَوْنَ فِى الْبُنْيَانِ وَاَنْ تَلِدَ الْاَمَةُ رَبَّهَا.

★★ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کی نشانیوں میں یہ بات شامل ہے: بکریوں کے چرواہے لوگوں کے حکمران بن جائیں گے اور برہنہ پاؤں' برہنہ جسم (یعنی کم لباس والے) بھوکے لوگ ایک دوسرے کے مقابلے میں بلند عمارات تعمیر کریں گے' اور کنیز اپنے آقا کو جنم دے گی۔

3584- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ الْعَابِدِىُّ بِمَكَّةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ الْجَنَدِىِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُوطَاَ حَامِلٌ حَتّٰى تَضَعَ اَوْ حَائِلٌ حَتّٰى تَحِيْضَ .

قَالَ لَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ وَّمَا قَالَ لَنَا فِىْ هٰذَا الْاِسْنَادِ اَحَدٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا الْعَابِدِىُّ.

★★ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کہ کسی حاملہ عورت کے ساتھ صحبت کی جائے' جب تک وہ بچے کو جنم نہ دے' یا کسی کم سن لڑکی کے ساتھ صحبت کی جائے جب تک اُسے حیض نہ آ جائے (یعنی وہ بالغ نہ ہو جائے)۔

شرح: زنا کے نتیجے میں حاملہ ہونے والی عورت سے شادی کا حکم

صاحب ہدایہ لکھتے ہیں: اگر کوئی شخص زناء کے نتیجے میں حاملہ ہونے والی عورت کے ساتھ شادی کر لے تو وہ نکاح درست ہوگا' تاہم مرد اس عورت کے ساتھ اس وقت تک وطی نہیں کرے گا جب تک وہ عورت بچے کو جنم نہ دے۔

یہ حکم بھی امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہے۔

امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ نکاح فاسد شمار ہوگا۔

۳۵۸۳-جزء من حدیث طویل تقدم تخریجه-

۳۵۸٤-روی احمد فی مسنده (٤/ ۱۰۸): ثنا یحیی بن اسحاق' انا ابن لهیعة عن الحارث ابن یزید عن حنش الصنعانی عن رویفع بن ثابت' قال: (نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم ان توطا الامة حتی تحیض' و عن الحبالی حتی یضعن ما فی بطونهن)-

اگر وہ حمل ''ثابت النسب'' ہو تو یہ نکاح بالاجماع باطل شمار ہوگا۔

امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کی دلیل یہ ہے: اصل میں منع کرنے کی وجہ ''حمل'' کی حرمت ہے اور یہ ''حمل'' قابل احترام ہے' کیونکہ اس سے کوئی جرم سرزد نہیں ہوا۔ یہی وجہ ہے: اسے ساقط کرنا جائز نہیں ہے۔

ان دونوں حضرات کی دلیل یہ ہے: ایسی عورت ان عورتوں میں شامل ہے' جو نص کے ذریعے حلال ثابت ہوتی ہیں۔

وطی کو حرام اس لیے قرار دیا گیا ہے تا کہ وہ اپنے پانی کے ذریعے دوسرے کے کھیت کو سیراب نہ کرے۔

ثابت النسب میں ممانعت' پانے والے شخص (یعنی جس سے وہ حمل ہے) کے ساتھ لاحق ہوگی' اس حرمت کا زناء کرنے والے کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔

اگر کوئی شخص (جنگ کے بعد) قیدی عورتوں میں سے' کسی حاملہ عورت کے ساتھ' شادی کر لیتا ہے' تو یہ نکاح فاسد شمار ہوگا' کیونکہ وہ (حمل) ثابت النسب ہے۔

اگر کوئی شخص اپنی ''ام ولد'' کی کسی دوسرے شخص کے ساتھ شادی کر دے' اور وہ عورت اس شخص سے حاملہ ہو' تو یہ نکاح بھی باطل ہوگا' کیونکہ وہ عورت اپنے آقا کی ہم بستر تھی۔ یہاں تک کہ اس عورت کے بچے کا نسب اس آقا سے ثابت ہوگا' کسی بھی دعوے کے بغیر' اور اگر اس نکاح کو درست قرار دے دیا جائے تو اس صورت میں دو بستروں کو اکٹھا کرنا لازم آئے گا۔

تاہم اس میں تاکید نہیں ہے' یہاں تک کہ وہ شخص لعان کے بغیر بچے کے نسب کی نفی کر سکتا ہے۔ لہٰذا یہ اس وقت تک معتبر نہیں ہوگا جب تک حمل اس کے ساتھ شامل نہ ہو۔ (ہدایہ کتاب النکاح)

3585- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَيُّوبَ الصَّرِيفِينِيُّ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ نَصْرٍ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَّعَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِمَا اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ لِابْنِ عَبَّاسٍ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ وَعَنِ الْمُتْعَةِ.

☆☆ حسن بن محمد اور عبداللہ بن محمد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے فرمایا تھا: کیا تم یہ بات نہیں جانتے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پالتو گدھوں کے گوشت (کو کھانے) اور متعہ کرنے سے منع کر دیا تھا۔

3586- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ اَبِي دَاوُدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنِي اَبُو عُمَيْسٍ عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي مُتْعَةِ النِّسَاءِ عَامَ اَوْطَاسٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ ثُمَّ نَهَى عَنْهَا.

☆☆ ایاس بن سلمہ اپنے والد (حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جنگ اوطاس کے موقع

۳۵۸۶—تقدم۔

۳۵۸۵—تقدم۔

پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دن کیلئے خواتین کے ساتھ متعہ کرنے کی اجازت دی تھی پھر اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع کردیا۔

شرح: نکاحِ متعہ کا حکم

صاحب ہدایہ لکھتے ہیں: نکاح "متعہ" باطل ہے۔

اس سے مراد یہ ہے: مرد عورت سے یہ کہے: میں اتنے مال کے عوض میں اتنے عرصے تک تم سے تمتع کرتا رہوں گا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ جائز ہے۔

اس کی دلیل یہ ہے: یہ پہلے مباح تھا' تو اس کی یہ صورت حال باقی رہے گی یہاں تک کہ اس کو منسوخ کرنے والی چیز ظاہر ہوجائے۔

ہم یہ کہتے ہیں: اس کا منسوخ ہونا صحابہ کرام کے اجماع کے ذریعے ثابت ہے۔

جہاں تک حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا تعلق ہے' تو ان کا بھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم' موقف کی طرف رجوع کرنا ثابت ہے' لہٰذا اجماع پختہ ہوجائے گا۔ (ہدایہ' کتاب النکاح)

یہاں صاحب ہدایہ نے نکاح متعہ کے بارے میں یہ حکم بیان کیا ہے: ایسا نکاح باطل قرار دیا جائے گا' اور مصنف نے اس کی مثال یہ دی ہے: مرد عورت سے یہ کہے:

"میں اتنی مدت تک اتنی مال کے میں تم سے تمتع (صحبت) کرتا رہوں گا"۔

مصنف نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی طرف جو یہ بات منسوب کی ہے کہ ان کے نزدیک متعہ کرنا جائز ہے' تو یہ روایت درست نہیں ہے' کیونکہ دیگر تمام فقہاء کی طرح امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بھی متعہ کو ناجائز قرار دیتے ہیں۔

مصنف نے یہ بات بیان کی ہے: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اس بات پر اجماع ہے کہ نکاح متعہ باطل ہوتا ہے۔

اس پر یہ اعتراض کیا جاسکتا ہے: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ روایت منقول ہے کہ وہ اس کو جائز قرار دیتے تھے

تو اس کا جواب مصنف نے یہ دیا ہے: ان کا رجوع' یعنی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا رجوع' ان حضرات کے قول کی طرف' یعنی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے قول کی طرف رجوع کرنا مستند طور پر ثابت ہے' لہٰذا جب ان کا بھی رجوع ثابت ہوگیا' تو اب اجماع پختہ ہوجائے گا' اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اجماع کے نتیجے میں اس کو باطل قرار دیا جائے گا۔

3587- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ اَخْبَرَنَا الْبَرَاءُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ نَضْرَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ عُمَرَ نَهٰى عَنِ الْمُتْعَةِ الَّتِىْ فِى النِّسَاءِ وَقَالَ اِنَّمَا اَحَلَّ اللّٰهُ ذٰلِكَ لِلنَّاسِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنِّسَاءُ يَوْمَئِذٍ قَلِيْلٌ ثُمَّ حُرِّمَ عَلَيْهِمْ بَعْدُ وَلَا اَقْدِرُ عَلٰى اَحَدٍ يَفْعَلُ مِنْ

۳۵۸۷- تقدم۔

ذٰلِكَ شَيْئًا فَتَحِلَّ بِهِ الْعُقُوْبَةُ .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خواتین کے ساتھ متعہ کرنے سے منع کر دیا' اُنہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں اسے لوگوں کیلئے حلال قرار دیا تھا' اُس وقت خواتین کی تعداد کم تھی' پھر اسے لوگوں کیلئے حرام قرار دے دیا گیا' اب اگر کوئی شخص اس فعل کا ارتکاب کرے گا' تو اُسے سزا ملے گی۔

3588- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ اَحْمَدُ بْنُ الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَرَّمَ- اَوْ هَدَمَ- الْمُتْعَةَ النِّكَاحُ وَالطَّلَاقُ وَالْعِدَّةُ وَالْمِيْرَاثُ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: نکاح' طلاق' عدت' وراثت کے احکام نے متعہ کو حرام قرار دیا ہے۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) کالعدم قرار دیا ہے۔

3589- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا ابْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ مُوْسَى بْنِ اَيُّوْبَ عَنْ اِيَاسِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُتْعَةِ .قَالَ وَاِنَّمَا كَانَتْ لِمَنْ لَمْ يَجِدْ فَلَمَّا اُنْزِلَ النِّكَاحُ وَالطَّلَاقُ وَالْعِدَّةُ وَالْمِيْرَاثُ بَيْنَ الزَّوْجِ وَالْمَرْاَةِ نُسِخَتْ .

☆☆ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعہ سے منع کیا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: یہ اجازت اُن لوگوں کے لیے تھی' جو نکاح نہیں کر سکتے تھے' جب میاں بیوی کے درمیان نکاح' طلاق' عدت اور وراثت کے احکام نازل ہو گئے (تو متعہ کی اجازت) منسوخ ہو گئی۔

3590- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّفَّارِ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ اَبِىْ غَطَفَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُمَرَ اَنَّهُ فَرَّقَ بَيْنَهُمَا .يَعْنِىْ رَجُلًا تَزَوَّجَ وَهُوَ مُحْرِمٌ .

قَالَ وَاَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ قُدَامَةَ قَالَ سَاَلْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ عَنْ مُحْرِمٍ تَزَوَّجَ قَالَ يُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا.

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے: اُنہوں نے میاں بیوی کے درمیان علیحدگی کروادی تھی۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس سے مراد وہ شخص ہے جس نے حالتِ احرام میں شادی کر لی تھی۔

قدامہ کہتے ہیں: میں نے سعید بن میتب سے حالتِ احرام والے شخص کے شادی کرنے کے بارے میں دریافت کیا' تو

۳۵۸۸-تقدم- ۳۵۸۹-تقدم-

۳۵۹۰-اخرجه مالك (۱/ ۳٤۹) كتاب: الحج' باب: نكاح المحرم' الحديث (۷۱) عن داود بن الحصين' به- و من طريقه اخرجه الشافعي في مسنده ص (۲٥٤-ط الريان)' و البيهقي في السنن (۷/ ۲۱۳) كتاب: النكاح' باب: من عقد النكاح مطلقاً لا يشرط فيه.......

اُنہوں نے فرمایا: اُن دونوں میاں بیوی کے درمیان علیحدگی کروادی جائے گی۔

3591- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا عَمِّي اَخْبَرَنِي مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ نُبَيْهَ بْنَ وَهْبٍ يَقُوْلُ قَالَ اَبَانُ بْنُ عُثْمَانَ سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ وَلَا يُنْكِحُ.

☆☆ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حالتِ احرام والا شخص نہ خود نکاح کرسکتا ہے' نہ کسی کا نکاح کرواسکتا ہے۔

شرح: حالتِ احرام میں شادی کرنے کا حکم

صاحب ہدایہ لکھتے ہیں: حالت احرام والے مرد اور حالت احرام والی عورت کے لئے یہ بات جائز ہے کہ وہ حالت احرام میں شادی کرلیں۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ جائز نہیں ہے۔

حالت احرام والا ''ولی'' اپنی ''ولیہ'' کی شادی کرسکتا ہے (یا نہیں کرسکتا) اور اس کی بنیاد بھی سابقہ اختلاف ہے

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''حالت احرام والا شخص نہ نکاح کرے اور نہ ہی کسی دوسرے کا نکاح کروائے''۔

ہماری دلیل وہ روایت ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی' تو آپ حالت احرام میں تھے۔

وہ روایت جسے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے' وہ وطی کرنے پر محمول ہوگی۔

3592- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ الطَّرَسُوْسِیُّ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ عُتْبَةَ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ سَاَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ عَنِ امْرَاَةٍ اَرَادَ اَنْ يَّتَزَوَّجَهَا رَجُلٌ وَّهُوَ خَارِجٌ مِنْ مَّكَّةَ وَاَرَادَ اَنْ يَّعْتَمِرَ اَوْ يَحُجَّ فَقَالَ لَا تَزَوَّجْهَا وَاَنْتَ مُحْرِمٌ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ.

☆☆ عکرمہ بن خالد بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ایسی خاتون کے بارے میں دریافت کیا: جس کے ساتھ کوئی ایسا شخص شادی کرنا چاہتا ہے' جو مکہ سے باہر ہے اور وہ عمرہ یا حج کرنے کیلئے جارہا ہے' تو اُنہوں نے فرمایا: جب تم حالتِ احرام میں ہو' تو شادی نہ کرو' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع کیا ہے۔

3593- حَدَّثَنَا اَبُوْ طَالِبٍ اَحْمَدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ طَالِبٍ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِیُّ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اُمَيَّةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُحْرِمُ

۳۵۹۱- تقدم- ۳۵۹۲- تقدم-

لَا يَنْكِحُ وَلَا يُنْكِحُ وَلَا يَخْطُبُ.

★★ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: حالتِ احرام والا شخص نہ خود نکاح کرسکتا ہے نہ کسی کا نکاح کرواسکتا ہے اور نہ ہی نکاح کا پیغام دے سکتا ہے۔

3594- حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْقُوهُسْتَانِيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ كَاسِبٍ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَا اَعْلَمُهُ اِلَّا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ وَلَا يُنْكِحُ وَلَا يَخْطُبُ وَلَا يَخْطُبُ عَلٰى غَيْرِهِ.

★★ نافع، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: اُنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے طور پر یہ بات نقل کی ہوگی۔ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے) فرمایا ہے: حالتِ احرام والا شخص نہ خود نکاح کرسکتا ہے نہ کسی کا نکاح کرواسکتا ہے نہ کسی کو (اپنی) شادی کا پیغام دے سکتا ہے نہ کسی کی طرف سے شادی کا پیغام دے سکتا ہے۔

3595- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حُبَيْشٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ الطَّاحِيُّ عَنْ اَبَانَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَزَوَّجُ الْمُحْرِمُ وَلَا يُزَوِّجُ.

★★ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حالتِ احرام والا شخص نہ خود شادی کرسکتا ہے نہ کسی کی شادی کرواسکتا ہے۔

3596- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ نِيخَابَ الطِّيبِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زِيَادٍ السُّرِّيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ جَعْفَرٍ اللِّهْبِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي بَعْضُ اَصْحَابِنَا عَنْ اَبِي وَهْبٍ الْبَصْرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ حَفْصٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ وَهُوَ حَلَالٌ.

★★ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُس وقت حالتِ احرام میں نہیں تھے۔

3597- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِشْكَابَ وَالْحَسَنُ بْنُ يَحْيٰى وَالْحَسَنُ بْنُ اَبِي يَحْيٰى قَالُوا حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ حَدَّثَنَا اَبِي قَالَ سَمِعْتُ اَبَا فَزَارَةَ يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ عَنْ مَيْمُونَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا حَلَالًا وَبَنٰى بِهَا حَلَالًا.

★★ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ان کے ساتھ شادی کی تھی، آپ

٣٥٩٣-فيه مسلم بنخالد الزنجي، و هو مختلف فيه- وقد اخرجه مالك في الموطا (٣٤٩/١) كتاب: الحج، باب: نكاح المحرم عن نافع: ان عبد الله بن عمر كان يقول: (لا ينكح المحرم ولا يخطب على نفسه ولا على غيره)- ومن طريقه اخرجه الشافعي في مسنده (١/رقم ٨٢٣-ترتيب)- و اسناده صحيح-

٣٥٩٤-راجع الذي قبله-

٣٥٩٥-تقدم-

٣٥٩٦-تقدم-

٣٥٩٧-تقدم-

صلی اللہ علیہ وسلم اُس وقت حالتِ احرام میں نہیں تھے اور جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی رخصتی ہوئی اُس وقت بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حالتِ احرام میں نہیں تھے۔

3598- حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَبِي فَزَارَةَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْأَصَمِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ حَلَالًا وَبَنَى بِهَا حَلَالًا وَمَاتَتْ بِسَرِفَ.

☆☆ یزید بن اصم بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُس وقت حالتِ احرام میں نہیں تھے اور جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی رخصتی ہوئی اُس وقت بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حالتِ احرام میں نہیں تھے' سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ''سرف'' کے مقام پر ہوا۔

3599- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا حَبِيبُ بْنُ الشَّهِيدِ عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْأَصَمِّ عَنْ مَيْمُونَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ قَالَتْ تَزَوَّجَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَرِفَ وَنَحْنُ حَلَالَانِ.

☆☆ سیّدہ میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ''سرف'' کے مقام پر میرے ساتھ شادی کی' ہم دونوں اُس وقت حالتِ احرام میں نہیں تھے۔

3600- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا حَبَّانُ يَعْنِي ابْنَ هِلَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْأَصَمِّ عَنْ مَيْمُونَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا وَهُمَا حَلَالَانِ.

☆☆ سیّدہ میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کے ساتھ شادی کی تو وہ دونوں اُس وقت حالتِ احرام میں نہیں تھے۔

3601- حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي رَافِعٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ حَلَالًا وَبَنَى بِهَا حَلَالًا وَكُنْتُ الرَّسُولَ بَيْنَهُمَا.

☆☆ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے

۳۵۹۸- راجع الذي قبله-

۳۵۹۹- اخرجه ابو داود (۱۸۴۳) في المناسك' باب: المحرم يتزوج' و الدارمي (۲/ ۳۸) و ابن حبان صحيحه (۴۱۳۷)' (۴۱۳۸)' و الطحاوي (۲/ ۲۷۰)' و الطبراني في الكبير (۲۳/رقم ۱۰۵۸)' (۲۴/رقم ۴۴)' و البيهقي في السنن (۷/ ۲۱۰-۲۱۱) من طريق حماد بن سلمة' به-

۳۶۰۰- راجع الذي قبله-

۳۶۰۱- اخرجه احمد (۶/ ۳۹۲-۳۹۳)' و الترمذي (۸۴۱) كتاب: الحج' باب: ما جاء في كراهية تزوج المحرم' و الدارمي (۲/ ۳۸)' و ابن حبان في صحيحه رقم (۴۱۳۰)' (۴۱۳۵)' و البيهقي في السنن (۵/ ۶۶)' (۷/ ۲۱۱)' و الطحاوي في شرح المعاني (۲/ ۲۷۰)' و الطبراني (۹۱۵)' و البغوي في شرح السنة (۱۹۸۲)' كلهم منطريق حماد بن زيد' حدثنا مطر الوراق......به-

ساتھ شادی کی تھی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُس وقت حالتِ احرام میں نہیں تھے اور جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی رخصتی ہوئی اُس وقت بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حالتِ احرام میں نہیں تھے' میں نے اُن دونوں کے درمیان قاصد کا فریضہ سرانجام دیا تھا۔

3602- حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ بَسَّامٍ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْمِهْرِقَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ عَنْ دَاوُدَ اَبِیْ عَمْرٍو عَنْ مَّطَرٍ الْوَرَّاقِ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ قَالَ تَزَوَّجَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُوْنَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ وَهُوَ حَلَالٌ وَّبَنٰى بِهَا وَهُوَ حَلَالٌ وَّكُنْتُ الرَّسُوْلَ بَيْنَهُمَا .دَاوُدُ اَبُوْ عَمْرٍو وَهُوَ دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ .

☆☆ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی تھی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُس وقت حالتِ احرام میں نہیں تھے اور جب سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی رخصتی ہوئی اُس وقت بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حالتِ احرام میں نہیں تھے' میں نے اُن دونوں کے درمیان قاصد کا فریضہ سرانجام دیا تھا۔

داؤد ابوعمرو نامی راوی داؤد بن زبرقان ہے۔

3603- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ الْمُهْتَدِیْ بِاللّٰهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ .قَالَ وَحَدَّثَنِیْ بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مَحْمِيَةَ بْنَ جَزْءٍ وَّرَجُلَيْنِ اٰخَرَيْنِ اِلٰی مَيْمُوْنَةَ يَخْطُبُهَا وَهِیَ بِمَكَّةَ فَرَدَّتْ اَمْرَهَا اِلٰی اُخْتِهَا اُمِّ الْفَضْلِ فَرَدَّتْ اُمُّ الْفَضْلِ اِلَی الْعَبَّاسِ فَاَنْكَحَهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے محمیہ بن جزء اور دو افراد کو سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا تاکہ اُنہیں (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے) نکاح کا پیغام دیں' سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا اُس وقت مکہ میں مقیم تھیں' اُنہوں نے یہ ذمہ داری اپنی بہن سیّدہ اُم فضل رضی اللہ عنہ کو سونپی' سیّدہ اُم فضل رضی اللہ عنہ نے یہ ذمہ داری (اپنے شوہر اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا) حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو سونپی' تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کا نکاح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کر دیا۔

3604- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْبَاقِیْ بْنُ قَانِعٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الْخَالِقِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ

٣٦٠٢-داود ابو عمر او اداود بن الزبرقان' و هو متروك؛ كما قال الحافظ في التقريب (٢٣٢/١) ولكن توبع عليه- راجع الذي قبله-

٣٦٠٣-اخرجه ابن سعد في الطبقات (٩٥/٨) من طريق داود بن الحصين عن عكرمة عن ابن عباس- و اخرجه احمد في مسنده (٢٧٠/١-٢٧١) من طريق مقسم عن ابن عباس: ان النبي صلى الله عليه وسلم خطب ميمونة بنت الحارث' فجعلت امرها الى العباس' فزوجها النبي صلى الله عليه وسلم - و صحح الشيخ احمد شاكر اسناد هذا الحديث-

٣٦٠٤-اخرجه الطبراني في الكبير- كما في نصب الراية (١٧٣/٣)-: حدثنا احمد بن عمرو البزار' ثنا محمد بن عثمان' به- قلت: (احمد بن عمرو البزار): هو (احمد بن عمرو بن عبد الخالق)- و الصواب: عن ابن عباس الذي اخرجه عكرمة وغيره: ان النبي صلى الله عليه وسلم تزوج ميمونة و هو محرم)- و مطر الوراق ضعيف؛ كماتقدم مرارًا-

مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ عَنْ سَلَّامٍ اَبِی الْمُنْذِرِ عَنْ مَّطَرٍ الْوَرَّاقِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ حَلَالٌ . قَالَ الشَّيْخُ كَذَا قَالَ . تَفَرَّدَ بِهٖ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَلَّامٍ اَبِی الْمُنْذِرِ وَهُوَ غَرِيْبٌ عَنْ مَّطَرٍ وَّعِنْدَ مَطَرٍ عَنْ رَبِيْعَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ هٰذَا الْقَوْلُ اَيْضًا . وَرَوَاهُ اَبُو الْاَسْوَدِ يَتِيْمُ عُرْوَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَ رِوَايَةِ مَطَرٍ عَنْهُ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُس وقت حالتِ احرام میں نہیں تھے۔

یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3605 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْجُنَيْدِ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ بِمَكَّةَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا كَامِلٌ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ تَزَوَّجَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُس وقت حالتِ احرام میں نہیں تھے۔

3606 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ النَّرْسِیُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُمَا مُحْرِمَانِ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی' وہ دونوں اُس وقت حالتِ احرام میں نہیں تھے۔

3607 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ النَّرْسِیُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُس وقت حالتِ احرام میں نہیں تھے۔

3608 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ ح وَاَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَا حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ سَوَاءً.

٣٦٠٥-تقدم-

٣٦٠٦-اخرجه النسائي (١٩١/٥)' و احمد (٢٤٥/١)' و الطحاوي في (شرح معاني الآثار) (٢٦٩/٢) من طريق حماد بن سلمة عن حميد' به- و الحديث اخرجه البخاري وغيره من طرق عن عكرمة' به-

٣٦٠٧-اخرجه ابو داود رقم (١٨٤٤)' و الترمذي (٨٤٣) من طريق حماد بن زيد عن ايوب' به- و اخرجه احمد في المسند (٢٨٣/١) من طريق معمر عن ايوب' به- و راجع الذي قبله-

٣٦٠٨-راجع الذي قبله-

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3609- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ دِينَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ اَبِى الشَّعْثَاءِ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ تَزَوَّجَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ) شادی کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُس وقت حالتِ احرام میں نہیں تھے۔

3610- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورِ بْنِ سَيَّارٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا اَبِى عَنْ صَالِحٍ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ اَخْبَرَنِى عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى (وَاِنْ خِفْتُمْ اَنْ لَّا تُقْسِطُوا فِى الْيَتَامٰى فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنٰى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ) قَالَتْ يَا ابْنَ اُخْتِى هِىَ الْيَتِيمَةُ تَكُونُ فِى حَجْرِ وَلِيِّهَا تَشْرَكُهُ فِى مَالِهِ وَيُعْجِبُهُ مَالُهَا وَجَمَالُهَا فَيُرِيدُ وَلِيُّهَا اَنْ يَتَزَوَّجَهَا بِغَيْرِ اَنْ يُقْسِطَ فِى صَدَاقِهَا وَيُعْطِيَهَا غَيْرُهُ فَنُهُوا عَنْ اَنْ يَنْكِحُوهُنَّ اَوْ يَبْلُغُوا لَهُنَّ اَعْلٰى سُنَّتِهِنَّ فِى الصَّدَاقِ وَاُمِرُوا اَنْ يَنْكِحُوا مَا طَابَ لَهُمْ مِنَ النِّسَاءِ سِوَاهُنَّ . قَالَ عُرْوَةُ قَالَتْ عَائِشَةُ ثُمَّ اِنَّ النَّاسَ اسْتَفْتَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ هٰذِهِ الْاٰيَةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى (وَيَسْتَفْتُونَكَ فِى النِّسَاءِ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيكُمْ فِيهِنَّ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِى الْكِتَابِ فِى يَتَامَى النِّسَاءِ اللَّاتِى لَا تُؤْتُونَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُونَ اَنْ تَنْكِحُوهُنَّ) وَذَكَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنَّهُ يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِى الْكِتَابِ الْاٰيَةَ الْاُولٰى قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى (وَاِنْ خِفْتُمْ اَنْ لَّا تُقْسِطُوا فِى الْيَتَامٰى فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ) قَالَتْ عَائِشَةُ وَقَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى فِى الْاٰيَةِ الْاُخْرٰى (وَتَرْغَبُونَ اَنْ تَنْكِحُوهُنَّ) قَالَتْ فَنُهُوا اَنْ يَنْكِحُوا مَنْ رَغِبُوا فِى مَالِهِ وَجَمَالِهِ مِنْ يَتَامَى النِّسَاءِ اِلَّا بِالْقِسْطِ مِنْ اَجْلِ رَغْبَتِهِمْ عَنْهُنَّ اِذَا كُنَّ قَلِيلَاتِ الْمَالِ وَالْجَمَالِ . تَابَعَهُ يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ الْاَيْلِىُّ وَشُعَيْبُ بْنُ اَبِى حَمْزَةَ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِى زِيَادٍ وَاِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى الْكَلْبِىُّ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ عُرْوَةَ .

☆☆ عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں: اُنہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں دریافت کیا:

''اور اگر تمہیں اس بات کا اندیشہ ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف سے کام نہیں لے سکو گے تو تمہیں جو خواتین پسند ہوں' دو یا تین یا چار' اُن کے ساتھ شادی کر لو''۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے میرے بھتیجے! اس سے مراد وہ یتیم لڑکی ہے' جو کسی شخص کی زیر پرورش ہوتی تھی' وہ

۳۶۰۹- اخرجه احمد (۱/ ۲۲۱، ۲۲۸، ۲۷۰، ۲۸۵، ۳۲٤، ۳۳۷، ۳٦۲)، و البخاري (۱۸۳۷)، و مسلم (۱٤۱۰)، و الترمذي (۸٤٤)، و النسائي (٥/ ۱۹۱)، و ابن ماجه (۱۹٦٥)، و الدارمي رقم (۱۸۲۹- هاشمي)من طرق عن عمرو بن دينار' به-

۳٦۱۰- تقدم-

لڑکی اُس شخص کے مال میں اُس کی شریک ہوتی تھی' تو اُس شخص کو اُس لڑکی کے مال اور خوبصورتی میں دلچسپی ہوتی تو وہ ولی اُس لڑکی کے ساتھ شادی کرنا چاہتا تھا تا کہ اُسے مہر کے طور پر انصاف کے مطابق ادائیگی نہ کرنی پڑے' وہ (انصاف کے مطابق یعنی عام رواج سے کم) مہر ادا کرتا۔ تو لوگوں کو اس بات سے منع کر دیا گیا کہ وہ اس طرح ان لڑکیوں کے ساتھ شادی کریں' یا پھر یہ ہے کہ وہ انصاف (یعنی عام رواج کے مطابق) اُنہیں مہر ادا کریں' اُن لوگوں کو یہ حکم دیا گیا کہ وہ دوسری خواتین کے ساتھ شادی کرلیں' جو اُنہیں پسند آتی ہیں۔

عروہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بتایا: اس آیت کے بعد لوگوں نے اس بارے میں مختلف سوالات کیے' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''لوگ تم سے خواتین کے بارے میں دریافت کرتے ہیں' تم فرمادو: اُن کے بارے میں اللہ تعالیٰ تمہیں یہ حکم دیتا ہے' اور یتیم لڑکیوں کے بارے میں کتاب کے جو احکام تلاوت کیے گئے ہیں' جن یتیم لڑکیوں کو تم وہ چیز ادا نہیں کرتے جو اُن کے لیے مقرر کی گئی ہے اور تم اُن کے ساتھ نکاح کرنے میں دلچسپی رکھتے ہو''۔

اللہ تعالیٰ نے یہاں جو یہ بات ذکر کی ہے کہ کتاب اللہ کی جو آیات تمہارے سامنے تلاوت کی گئی ہیں' اس سے مراد پہلے والی آیت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

''اور اگر تمہیں اس بات کا اندیشہ ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف سے کام نہیں لے سکو گے تو جو خواتین تمہیں اچھی لگتی ہیں''۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: دوسری آیت میں اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان: ''وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ''۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: لوگوں کو اس بات سے منع کر دیا گیا کہ اُنہیں جن یتیم لڑکیوں کے مال اور خوبصورتی میں دلچسپی ہوتی ہے' وہ اُن کے ساتھ اُسی وقت شادی کر سکتے ہیں جب وہ انصاف کے مطابق اُنہیں ادائیگی کریں' اس کی وجہ یہ تھی کہ اگر ایسی لڑکیاں تھوڑے مال یا کم خوبصورتی کی مالک ہوتیں تو ان سرپرستوں نے اُن میں دلچسپی نہیں لینی تھی۔

3611- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّهٗ سَاَلَ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى (وَاِنْ خِفْتُمْ اَنْ لَّا تُقْسِطُوْا فِى الْيَتَامٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ) قَالَتْ يَا ابْنَ اُخْتِىْ هِىَ الْيَتِيْمَةُ تَكُوْنُ فِىْ حَجْرِ وَلِيِّهَا تُشَارِكُهٗ فِىْ مَالِهٖ وَيُعْجِبُهٗ مَالُهَا وَجَمَالُهَا فَيُرِيْدُ وَلِيُّهَا اَنْ يَّتَزَوَّجَهَا بِغَيْرِ اَنْ يُّقْسِطَ فِىْ صَدَاقِهَا فَيُعْطِيَهَا مِثْلَ مَا يُعْطِىْ غَيْرُهٗ فَنُهُوْا اَنْ يَّنْكِحُوْهُنَّ اِلَّا اَنْ يُّقْسِطُوْا لَهُنَّ وَيَبْلُغُوْا بِهِنَّ اَعْلٰى سُنَّتِهِنَّ مِنَ الصَّدَاقِ وَاُمِرُوْا اَنْ يَّنْكِحُوْا مَا طَابَ لَهُمْ مِنَ النِّسَاءِ فَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا وَقَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فِى الْاٰيَةِ الْاُخْرٰى (وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ) رَغْبَةَ اَحَدِكُمْ عَنْ يَّتِيْمَتِهِ الَّتِىْ تَكُوْنُ فِىْ حَجْرِهٖ تَكُوْنُ قَلِيْلَةَ الْمَالِ وَالْجَمَالِ فَنُهُوْا

۳۶۱۱- راجع الذي قبله-

اَنْ يَّنْكِحُوا مَا رَغِبُوْا فِىْ مَالِهَا وَجَمَالِهَا مِنْ يَتَامَى النِّسَاءِ اِلَّا بِالْقِسْطِ مِنْ اَجْلِ رَغْبَتِهِمْ عَنْهُنَّ.

☆☆ عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں: اُنہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں دریافت کیا:

''اور اگر تمہیں اس بات کا اندیشہ ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف سے کام نہیں لے سکو گے تو تمہیں جو خواتین پسند ہوں‘ دو یا تین یا چار‘ اُن کے ساتھ شادی کر لو''۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے میرے بھتیجے! اس سے مراد وہ یتیم لڑکی ہے‘ جو کسی شخص کی زیر پرورش ہوتی تھی‘ وہ لڑکی اُس شخص کے مال میں اُس کی شریک ہوتی تھی‘ تو اُس شخص کو اُس لڑکی کے مال اور خوبصورتی میں دلچسپی ہوتی تو وہ ولی اُس لڑکی کے ساتھ شادی کرنا چاہتا تھا تا کہ اُسے مہر کے طور پر انصاف کے مطابق ادائیگی نہ کرنی پڑے‘ وہ (انصاف کے مطابق یعنی عام رواج سے کم) مہر ادا کرتا۔ تو لوگوں کو اس بات سے منع کر دیا گیا کہ وہ اس طرح ان لڑکیوں کے ساتھ شادی کریں‘ یا پھر یہ ہے کہ وہ انصاف (یعنی عام رواج کے مطابق) اُنہیں مہر ادا کریں‘ اُن لوگوں کو یہ حکم دیا گیا کہ وہ دوسری خواتین کے ساتھ شادی کر لیں۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: دوسری آیت میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

''اور تم اُن کے ساتھ شادی کرنے میں دلچسپی نہیں لیتے''۔

یعنی کوئی شخص ایسی یتیم لڑکی کے ساتھ شادی کرنے میں دلچسپی نہیں لیتا جو اُس کے زیر پرورش ہوتی ہے‘ جس کا مال اور خوبصورتی کم ہوتے ہیں‘ تو لوگوں کو اُن یتیم لڑکیوں کے ساتھ شادی کرنے سے منع کر دیا گیا جن کے مال اور خوبصورتی میں لوگوں کو دلچسپی ہوتی ہے (کیونکہ دوسری صورت میں) اُن کی دلچسپی ختم ہو جاتی ہے‘ البتہ اگر وہ انصاف کے مطابق اُنہیں مہر ادا کریں تو (حکم مختلف ہوگا)۔

3612- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ الْحَلَبِيُّ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ اَبِىْ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا جَدِّىْ عَنِ الزُّهْرِيِّ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ طَالِبٍ الْحَافِظُ اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ كَانَ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ يُحَدِّثُ اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا فَقَالَ لَهَا اَرَاَيْتِ قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالٰى (وَاِنْ خِفْتُمْ اَنْ لَّا تُقْسِطُوا فِى الْيَتَامٰى فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنٰى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ فَاِنْ خِفْتُمْ اَنْ لَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ) قَالَتْ اَىِ ابْنَ اُخْتِىْ هِىَ الْيَتِيمَةُ تَكُوْنُ فِىْ حَجْرِ وَلِيِّهَا فَيَرْغَبُ فِىْ جَمَالِهَا وَمَالِهَا وَيُرِيدُ اَنْ يَّتَزَوَّجَهَا بِاَدْنٰى مِنْ سُنَّةِ صَدَاقِهَا فَنُهُوا عَنْ نِكَاحِهِنَّ اِلَّا اَنْ يُّقْسِطُوا لَهُنَّ فِىْ اِكْمَالِ الصَّدَاقِ وَاُمِرُوا بِنِكَاحِ مَنْ سِوَاهُنَّ مِنَ النِّسَاءِ. قَالَتْ عَائِشَةُ ثُمَّ

۳۶۱۲- راجع الذي قبله-

اسْتَفْتَى النَّاسُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذَلِكَ فَأَنْزَلَ اللَّهُ (وَيَسْتَفْتُونَكَ فِي النِّسَاءِ قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِيهِنَّ وَمَا يُتْلَى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ فِي يَتَامَى النِّسَاءِ اللَّاتِي لَا تُؤْتُونَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُونَ أَنْ تَنْكِحُوهُنَّ) قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا بَيَّنَ اللَّهُ لَهُمْ فِي هَذِهِ الْآيَةِ أَنَّ الْيَتِيمَةَ إِذَا كَانَتْ ذَاتَ جَمَالٍ وَمَالٍ رَغِبُوا فِي نِكَاحِهَا وَلَمْ يُلْحِقُوهَا سُنَّتَهَا فِي إِكْمَالِ الصَّدَاقِ فَإِذَا كَانَتْ مَرْغُوبًا عَنْهَا فِي قِلَّةِ الْجَمَالِ وَالْمَالِ تَرَكُوهَا وَالْتَمَسُوا غَيْرَهَا مِنَ النِّسَاءِ قَالَتْ فَكَمَا يَتْرُكُونَهَا حِينَ يَرْغَبُونَ عَنْهَا فَلَيْسَ لَهُمْ أَنْ يَنْكِحُوهَا إِذَا رَغِبُوا فِيهَا إِلَّا أَنْ يُقْسِطُوا لَهَا وَيُعْطُوهَا حَقَّهَا الْأَوْفَى مِنَ الصَّدَاقِ .مَعْنَاهُمْ مُتَقَارِبٌ.

☆☆ عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں: اُنہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں دریافت کیا:

''اور اگر تمہیں اس بات کا اندیشہ ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف سے کام نہیں لے سکو گے تو تمہیں جو خواتین پسند ہوں' دو یا تین یا چار' اُن کے ساتھ شادی کر لو''۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے میرے بھتیجے! اس سے مراد وہ یتیم لڑکی ہے' جو کسی شخص کی زیرِ پرورش ہوتی تھی' وہ لڑکی اُس شخص کے مال میں اُس کی شریک ہوتی تھی' تو اُس شخص کو اُس لڑکی کے مال اور خوبصورتی میں دلچسپی ہوتی تو وہ ولی اُس لڑکی کے ساتھ شادی کرنا چاہتا تھا تا کہ اُسے مہر کے طور پر انصاف کے مطابق ادائیگی نہ کرنی پڑے' وہ (انصاف کے مطابق یعنی عام رواج سے کم) مہر ادا کرتا۔ تو لوگوں کو اس بات سے منع کر دیا گیا کہ وہ اس طرح ان لڑکیوں کے ساتھ شادی کریں' یا پھر یہ ہے کہ وہ انصاف (یعنی عام رواج کے مطابق) اُنہیں مہر ادا کریں' اُن لوگوں کو یہ حکم دیا گیا کہ وہ دوسری خواتین کے ساتھ شادی کر لیں۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: پھر لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوالات کیے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''لوگ تم سے خواتین کے بارے میں دریافت کرتے ہیں' تم فرما دو: اُن کے بارے میں اللہ تعالیٰ تمہیں یہ حکم دیتا ہے' اور یتیم لڑکیوں کے بارے میں کتاب کے جو احکام تلاوت کیے گئے ہیں' جن یتیم لڑکیوں کو تم وہ چیز ادا نہیں کرتے جو اُن کے لیے مقرر کی گئی ہے اور تم اُن کے ساتھ نکاح کرنے میں دلچسپی رکھتے ہو''۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے لوگوں کیلئے یہ حکم بیان کیا ہے: اگر کوئی لڑکی خوبصورت ہو اور مالدار ہو' تو یہ لوگ اُس کے ساتھ نکاح میں دلچسپی لیتے ہیں' لیکن عام رواج کے مطابق اُسے مکمل مہر ادا نہیں کرتے ہیں' لیکن اگر خوبصورتی اور مال کے اعتبار سے لڑکی میں کمی ہو' تو یہ اُس کے ساتھ شادی نہیں کرتے' بلکہ دوسری خواتین تلاش کرتے ہیں۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب اُن لوگوں کو ایسی لڑکیوں میں دلچسپی محسوس نہیں ہوتی اور وہ اُنہیں ترک کر دیتے ہیں تو اب اُنہیں اس بات کا بھی حق نہیں ہوگا کہ جب اُنہیں اس طرح کی لڑکیوں میں دلچسپی محسوس ہو' تو وہ اُن کے ساتھ شادی

کرلیں' البتہ اگر مہر کے حوالے سے وہ ان کے ساتھ انصاف سے کام لیں اور پوری ادائیگی کریں (تو حکم مختلف ہوگا)۔
ان کا مضمون باہمی طور پر قریب ہے۔

3613- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا الْمُحَارِبِيُّ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ (وَإِنْ خِفْتُمْ أَنْ لَا تُقْسِطُوا فِي الْيَتَامٰى فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ) الآيَةَ قَالَتْ هِيَ الْيَتِيمَةُ تَكُوْنُ عِنْدَ الرَّجُلِ وَهُوَ وَلِيُّهَا فَيَتَزَوَّجُهَا عَلَى مَالِهَا وَيُسِيْءُ صُحْبَتَهَا وَلَا يَعْدِلُ فِي مَالِهَا فَلْيَتَزَوَّجْ مَا طَابَ لَهُ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنٰى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ .

☆☆ ہشام بن عروہ اپنے والد (عروہ بن زبیر) کے حوالے سے' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں ہے:

''اور اگر تمہیں یہ اندیشہ ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف سے کام نہیں لے سکو گے تو تم اُن خواتین کے ساتھ شادی کرلو جو تمہیں پسند آتی ہیں''۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اس سے مراد وہ یتیم لڑکی ہے' جو کسی شخص کی زیرِ پرورش ہوتی تھی' وہ شخص اُس لڑکی کا سرپرست ہوتا تھا اور پھر اُس کے مال کی وجہ سے اُس کے ساتھ شادی کر لیتا تھا' لیکن وہ اُسے اپنے ساتھ نہیں رکھنا چاہتا تھا اور مال میں بھی اُس کے ساتھ انصاف سے کام نہیں لیتا تھا۔ ایسے شخص کو چاہیے کہ وہ دوسری کسی خاتون کے ساتھ شادی کرے' خواہ دو شادیاں کرے یا تین کرے یا چار کرے۔

3614- حَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ الْحُسَيْنُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ جَعْفَرٍ الْكَوْكَبِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ أَبُو الْخَصِيبِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَارَةَ حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ الْمَنْصُوْرُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْتَنِبُوْا مِنَ النِّكَاحِ أَرْبَعَةً الْجُنُوْنَ وَالْجُذَامَ وَالْبَرَصَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چار طرح کے لوگوں سے شادی کرنے سے بچو' جنون (پاگل پن)' جذام (کوڑھ)' برص (پھلبہری)۔

3615- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الصَّيْرَفِيُّ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَيُّوْبَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَرْمِيُّ حَدَّثَنَا مَحْبُوْبُ بْنُ مُحْرِزٍ التَّمِيْمِيُّ عَنْ أَبِي مَالِكٍ النَّخَعِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا أَنْ تَعْتَدَّ فِي غَيْرِ بَيْتِهَا إِنْ شَاءَتْ .لَمْ يُسْنِدْهُ غَيْرُ أَبِي مَالِكٍ النَّخَعِيِّ وَهُوَ ضَعِيْفٌ وَمَحْبُوْبٌ هٰذَا ضَعِيْفٌ أَيْضًا.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیوہ عورت کو یہ ہدایت کی ہے کہ اگر وہ

۳۶۱۳- راجع الذی قبلہ۔
۳۶۱۴- الحسن بن عمارۃ متروک' و قد تقدم مرارًا- و الحدیث اخرجہ البیہقی (۲۱۵/۸) موقوفاً علی ابن عباس-
۳۶۱۵- اسنادہ ضعیف: محبوب بن محرز لین؛ کما فی التقریب (۲۳۱/۲)- و ابو مالک النخعی ضعیف ایضاً- تقدمت ترجمتہ-

چاہے' تو اپنے گھر کے علاوہ کسی دوسری جگہ عدت بسر کر سکتی ہے۔

اس روایت کو ابو مالک نخعی کے علاوہ اور کسی نے سند کے ساتھ نقل نہیں کیا' اور یہ راوی ضعیف ہے۔

اس روایت کا دوسرا راوی محبوب (بن محرز تیمی) بھی ضعیف ہے۔

3616- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ غَرَّ بِهَا رَجُلٌ بِهَا جُنُوْنٌ اَوْ جُذَامٌ اَوْ بَرَصٌ فَلَهَا مَهْرُهَا بِمَا اَصَابَ مِنْهَا وَصَدَاقُ الرَّجُلِ عَلٰى وَلِيِّهَا الَّذِىْ غَرَّهُ .

★★ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس عورت کی شادی کسی شخص کے ساتھ دھوکے کے ساتھ کر دی جائے اور اُس عورت کو جنون' جذام یا برص ہو' تو عورت کو مہر ملے گا کیونکہ اُس مرد نے اُس کے ساتھ صحبت کی ہے اور مرد مہر کی وہ رقم عورت کے ولی سے وصول کرے گا جس نے دھوکے کے ساتھ اُس کی شادی کروائی۔

3617- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ اَبِىْ حَرْبٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اَبِىْ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ قَضٰى عُمَرُ فِى الْبَرْصَاءِ وَالْجَذْمَاءِ وَالْمَجْنُوْنَةِ اِذَا دَخَلَ بِهَا فُرِّقَ بَيْنَهُمَا وَالصَّدَاقُ لَهَا بِمَسِيْسِهِ اِيَّاهَا وَهُوَ لَهُ عَلٰى وَلِيِّهَا . قَالَ قُلْتُ لَهُ اَنْتَ سَمِعْتَهُ قَالَ نَعَمْ .

★★ سعید بن میتب بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے برص' جذام' جنون کا شکار خاتون کے بارے میں یہ فیصلہ دیا تھا: اگر اُس کا شوہر اُس کے ساتھ صحبت کر لیتا ہے' تو اُن دونوں میاں بیوی کے درمیان علیحدگی کروادی جائے گی' عورت کو مرد کے صحبت کرنے کی وجہ سے' مہر ملے گا اور مرد وہ مہر عورت کے سرپرست سے وصول کرے گا۔

3618- حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِىُّ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ اَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ وَشُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ قَالَ اَرْبَعٌ لَا يَجُوْزُ فِى بَيْعٍ وَّلَا نِكَاحٍ الْمَجْنُوْنَةُ وَالْمَجْذُوْمَةُ وَالْبَرْصَاءُ وَالْعَفْلَاءُ.

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: چار طرح کی خواتین (کنیز ہوں) تو اُن کو فروخت کرنا' (اور آزاد یا کنیز ہوں) اُن کی شادی کرنا جائز نہیں ہے' مجنون عورت' جذام کا شکار عورت' برص کا شکار عورت اور شرمگاہ پھولی ہونے کی بیماری میں مبتلا عورت۔

3619- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْمَحَامِلِىُّ حَدَّثَنَا اَبُو السَّائِبِ سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنِ ابْنِ اَبِىْ خَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ قَالَ قَالَ عَلِىٌّ اَيُّمَا رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةً مَجْنُوْنَةً اَوْ جَذْمَاءَ اَوْ بِهَا بَرَصٌ اَوْ بِهَا قَرْنٌ

۳۶۱۶- اخرجه البيهقي في السنن (۷/۲۱۴)- و في سماع سعيد بن المسيب من عمر خلاف: فقد ولد لسنتين من خلافته-

۳۶۱۷- اخرجه البيهقي (۷/۲۱۴) من طريق يحيى بن سعيد' به-

۳۶۱۸- اخرجه البيهقي (۷/۲۱۵) من طريق عبد الوهاب بن عطاء' به- وجابر بن يزيد ضعيف-

۳۶۱۹- اخرجه البيهقي في سننه (۷/۲۱۵) عن الشعبي' به-

فَهِيَ امْرَاَتُهُ اِنْ شَاءَ اَمْسَكَ وَاِنْ شَاءَ طَلَّقَ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص کسی پاگل' جذام کا شکار' پھلبہری کا شکار یا شرمگاہ میں رکاوٹ والی عورت کے ساتھ شادی کر لے' تو وہ عورت اُس کی بیوی شمار ہوگی' اگر وہ مرد چاہے' تو اُس عورت کو اپنے ساتھ رہنے دے' ورنہ اُسے طلاق دیدے۔

3620- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ كَتَبَ اِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فِيْ مُسَلْسَلٍ يُخَافُ عَلٰى امْرَاَتِهِ مِنْهُ فَكَتَبَ اِلَيْهِ اَنْ يُّؤَجَّلَ سَنَةً فَاِنْ بَرَاَ وَاِلَّا فَرِّقْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ امْرَاَتِهِ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو مسلسل کے بارے میں خط لکھا تھا' جس کی وجہ سے اُس کی بیوی کو نقصان ہونے کا اندیشہ تھا' تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اُنہیں جواب میں لکھا: اُسے ایک سال کی مہلت دی جائے' اگر وہ ٹھیک ہو جائے' تو ٹھیک ہے' ورنہ اُس کے اور اُس کی بیوی کے درمیان علیحدگی کروادی جائے۔

3621- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ يَمَانٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَلَالُ لَا يُفْسِدُهُ الْحَرَامُ.

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی حلال چیز کسی حرام کی وجہ سے فاسد نہیں ہوتی۔

3622- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُوْلٍ حَدَّثَنَا جَدِّيْ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ مَوْلٰى بَنِيْ مَخْزُوْمٍ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَيُّوْبَ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الرَّجُلِ يَتْبَعُ الْمَرْاَةَ حَرَامًا ثُمَّ يَنْكِحُ ابْنَتَهَا اَوْ يَتْبَعُ الْبِنْتَ ثُمَّ يَنْكِحُ اُمَّهَا قَالَ لَا يُحَرِّمُ الْحَرَامُ الْحَلَالَ.

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو کسی عورت کے ساتھ حرام فعل کرتا ہے اور پھر بعد میں اُس کی بیٹی کے ساتھ شادی کر لیتا ہے' یا کسی عورت کے ساتھ حرام فعل کرنے کے بعد' اُس کی ماں کے ساتھ بعد میں شادی کر لیتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی حرام چیز کسی

۳۶۲۰- في اسناده الحجاج بن ارطاة و هو ضعيف' وقد تقدم مرارًا-

۳۶۲۱- اخرجه البيهقي (۱۶۹/۷) من طريق جعفر بن محمد ' به- و عثمان بن عبد الرحمن: هو الوقاصي متروك' تقدمت ترجمته مرارًا-

۳۶۲۲- اخرجه ابن عدي في الكامل (۲۷۱/۶) و ابن حبان في المجروحين (۹۸/۲-۹۹) و الطبراني في الاوسط (۴۸۰۲) (۷۲۲۴) و البيهقي في الكبرى (۱۶۹/۷) من طريق اسحاق بن بهلول' به- وقال الطبراني: (لم يرو هذا الحديث عن الزهري الا عثمان' تفرد به- عبد الله بن نافع)- اه- قلت: و عثمان بن عبد الرحمن متروك الحديث' وقد ساق له ابن عدي و ابن حبان هذا الحديث في مناكيره-

حلال کو حرام نہیں کرتی ہے۔

شرح: زنا کے ذریعے حرمتِ مصاہرت کا ثبوت

صاحب ہدایہ لکھتے ہیں: جو شخص کسی عورت کے ساتھ زناء کر لے تو اس عورت کی ماں اور اس کی بیٹی اس مرد پر حرام ہو جائیں گی۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: زناء کے ذریعے حرمت مصاہرت ثابت نہیں ہوتی کیونکہ یہ ایک نعمت ہے تو کسی ممنوعہ کام کے ذریعے یہ حاصل نہیں ہوگی۔

ہماری دلیل یہ ہے: وطی کرنا ''جزء'' ہونے کا سبب ہے اولاد کے واسطے کے ساتھ یہاں تک کہ اس کی نسبت کی جائے گی ان دونوں میں سے ہر ایک کی طرف مکمل طور پر تو عورت کے اصول اور فروع اس مرد کے اصول اور فروع کی طرح ہوں گے اسی طرح اس کے برخلاف ہوگا اور ''جز'' سے نفع حاصل کرنا حرام ہے ماسوائے اس صورت کے جب ضرورت لاحق ہو۔

اور وہ موطوء ہ ہے۔ وطی حرمت کو ثابت کرتی ہے اس اعتبار سے کہ وہ اولاد کا سبب ہے نہ کہ اس اعتبار سے کہ وہ زنا ہے۔ (ہدایہ کتاب النکاح)

یہاں صاحب ہدایت ایک اہم مسئلے پر بحث کا آغاز کر رہے ہیں وہ یہ ہے کہ نکاح کے نتیجے میں حرمت مصاہرت ثابت ہو جاتی ہے لیکن کیا زنا کے نتیجے میں حرمت مصاہرت ثابت ہوتی ہے؟

جیسے کوئی شخص کوئی عورت کے ساتھ زنا کر لیتا ہے تو کیا بعد میں وہ اس کی بیٹی کے ساتھ شادی کر سکتا ہے یا اس عورت کی ماں کے ساتھ شادی کر سکتا ہے؟

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں: زنا کے نتیجے میں حرمت مصاہرت ثابت نہیں ہوتی ہے کیونکہ نکاح کے نتیجے میں پیدا ہونے والی حرمت ایک نعمت ہے اس لئے کسی گناہ کے نتیجے میں یہ ثابت نہیں ہوگی۔

احناف نے یہ بات بیان کی ہے: وطی جزء ہونے کا سبب بنتی ہے۔ اولاد کے واسطے کی وجہ سے یہاں تک کہ وطی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے کو میاں بیوی میں سے ہر ایک کی طرف مکمل طور پر منسوب کیا جا سکتا ہے اور اس اصول کے نتیجے میں جس عورت کے ساتھ زنا کیا گیا ہے اس کے اصول وفروع پر زنا کرنے والے مرد کے اصول وفروع کی مانند ہو جائیں گے اور اس کے برخلاف بھی اسی طرح ہوگا اور کسی جزء سے تمتع کرنا حرام ہے۔

یہاں یہ اعتراض کیا جا سکتا ہے: جس طرح جزء ہونے تمتع کی وجہ سے زنا کرنے والے مرد اور زنا کرنے والی عورت کے اصول وفروع ایک دوسرے پر حرام ہو جاتے ہیں۔ اس طرح اس زنا کرنے والے مرد پر وہ عورت بھی حرام ہونی چاہئے جس کے ساتھ زنا کیا گیا ہو کیونکہ بنیادی طور پر توجہ کرنے کا تعلق تو اس کے ساتھ ہے۔ جبکہ آپ کے نزدیک اس عورت کے ساتھ نکاح کرنا جائز ہے؟

مصنف اس کے جواب میں یہ بات بیان کی ہے: ضرورت کے پیش نظر اس سے تمتع کو جائز قرار دیا گیا ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے حرمت مصاہرت ثابت نہ ہونے کی دلیل یہ پیش کی ہے: یہ ایک نعمت ہے اور وہ زنا کے نتیجے میں ثابت نہیں کی جاسکتی۔

مصنف نے اس کا جواب دیتے ہوئے یہ بات ارشاد فرمائی: یہاں جس وطی کے نتیجے میں حرمت ثابت کی جارہی ہے تو اس میں جزئیت کا خیال رکھا گیا ہے کہ اس کے نتیجے میں بچہ ہوسکتا ہے۔ اس پہلو کو سامنے نہیں رکھا گیا کہ یہ زنا ہے۔

3623- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ أَحْمَدَ الْجَوَارِبِيُّ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ ح وَأَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ سَامٍ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرْوِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُحَرِّمُ الْحَرَامُ الْحَلَالَ.

★★ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کوئی حرام چیز کسی حلال کو حرام نہیں کرتی ہے۔

3624- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نَافِعٍ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَخْزُومِيُّ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَجُلٍ زَنَا بِامْرَأَةٍ فَأَرَادَ أَنْ يَتَزَوَّجَهَا أَوِ ابْنَتَهَا فَقَالَ لَا يُحَرِّمُ الْحَرَامُ الْحَلَالَ إِنَّمَا يُحَرِّمُ مَا كَانَ بِنِكَاحٍ.

★★ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جس نے کسی عورت کے ساتھ پہلے زنا کیا تھا اور پھر بعد میں وہ اُسی عورت کے ساتھ یا شاید اُس کی بیٹی کے ساتھ شادی کرنا چاہتا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی حرام چیز کسی حلال چیز کو حرام نہیں کرتی' حرمت تب ثابت ہوتی ہے جب پہلے نکاح ہوا ہو۔

3625- حَدَّثَنَا أَبُو حَامِدٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ عَنْ أَبِي هَاشِمٍ الرُّمَّانِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنِ الرَّجُلِ وَالْمَرْأَةِ يُصِيبُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِنَ

۳۶۲۳-اخرجه ابن ماجه في النكاح (۱/۶۴۹) باب؛لا يحرم الحرام الحلال (۲۰۱۵) عن يحيى بن معلى بن منصور' ثنا اسحاق بن محمد الفروي' به- و اخرجه البيهقي (۷/۱۶۸) و الخطيب (۷/۱۸۲) من طريق عبد الله بن عمر عن نافع' به-وفي الزوائد: (في اسناده: عبد الله بن عمر؛ و هو ضعيف)- اه- و راجع: العلل المتناهية لابن الجوزي (۲/۶۲۵)- وروى عبد الرزاق نحوه من قول ابن المسيب وعروة بن الزبير: كما في مصنف عبد الرزاق (۷/۱۹۸) (۱۲۷۶۶)-

۳۶۲۴-كذا ساقه الدارقطني هنا' وفي اسناده (المغيره بن عبد الرحمن المخزومي) و سبق في الحديث قبل السابق' وفيه: (المغيره بن اسماعيل بن ايوب بن سلمة)-

۳۶۲۵-اخرجه سعيد بن منصور في سننه (۱/۲۵۹) كتاب: النكاح' باب: الرجل يفجر بالمراة ثم يتزوجها رقم (۸۸۹) قال: نا خلف بن خليفة' به-واخرجه رقم (۸۹۰'۸۹۱) من طريقين عن سعيد بن جبير عن ابن عباس' مثله-واخرجه سعيد بن منصور رقم (۸۹۲) و البيهقي (۷/۱۵۵) كتاب النكاح' باب: ما يستدل به على قصر الآية على ما نزلت فيه...... كلاهما من طريق داود بن ابي هند عن عكرمة عن ابن عباس' مثله-

الْاٰخَرِ حَرَامًا ثُمَّ يَبْدُو لَهُمَا فَيَتَزَوَّجَانِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَانَ اَوَّلُهُ سِفَاحًا وَآخِرُهُ نِكَاحٌ.

☆☆ سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ایسے مرد و عورت کے بارے میں دریافت کیا گیا جو حرام فعل کا ارتکاب کرتے ہیں' پھر بعد میں وہ شادی کرنا چاہتے ہیں' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اُن کا پہلا فعل زنا تھا لیکن دوسرا عمل نکاح (قرار دیا جائے گا)۔

3626- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ لَيْثٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلٰى رَجُلٍ نَظَرَ فِي فَرْجِ امْرَاَةٍ وَّابْنَتِهَا .مَوْقُوفٌ . لَيْثُ بْنُ اَبِي سُلَيْمٍ وَّحَمَّادُ بْنُ اَبِي سُلَيْمَانَ ضَعِيفَانِ .

☆☆ حضرت عبداللہ (بن مسعود رضی اللہ عنہ) بیان کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ ایسے کسی شخص کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا' جس نے کسی عورت اور اُس کی بیٹی کی شرمگاہ کو دیکھا ہو۔

(یہ روایت) ''موقوف'' ہے۔ لیث بن ابوسلیم اور حماد بن ابوسلیمان نامی راوی کو ضعیف قرار دیا گیا ہے۔

3627- حَدَّثَنَا اَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَخْتَرِيِّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْخَلِيلِ حَدَّثَنَا الْوَاقِدِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الزُّهْرِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ عَنْ اَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَسْلَمَ غَيْلَانُ بْنُ سَلَمَةَ وَتَحْتَهُ عَشْرُ نِسْوَةٍ فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُمْسِكَ اَرْبَعًا وَيُفَارِقَ سَائِرَهُنَّ قَالَ وَاَسْلَمَ صَفْوَانُ بْنُ اُمَيَّةَ وَعِنْدَهُ ثَمَانِ نِسْوَةٍ فَاَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُمْسِكَ اَرْبَعًا وَيُفَارِقَ سَائِرَهُنَّ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت غیلان بن سلمہ نے اسلام قبول کیا' اُن کی دس بیویاں تھیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں یہ ہدایت کی: وہ اُن میں سے چار کو اپنے ساتھ رکھیں اور بقیہ سے علیحدگی اختیار کر لیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت صفوان بن اُمیہ رضی اللہ عنہ نے جب اسلام قبول کیا' اُس وقت اُن کی آٹھ بیویاں تھیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں یہ ہدایت کی کہ وہ اُن میں سے چار کو اپنے ساتھ رکھیں اور بقیہ سے علیحدگی اختیار کر لیں۔

3628- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ وَّمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَا حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ عَنْ مَعْمَرِ بْنِ رَاشِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَسْلَمَ غَيْلَانُ بْنُ سَلَمَةَ الثَّقَفِيُّ وَعِنْدَهُ عَشْرُ نِسْوَةٍ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذْ مِنْهُنَّ اَرْبَعًا .

۳٦۲٦-اخرجه ابن ابي شيبة (۵/۱٦۵) كتاب: النكاح' باب: الرجل يقع على ام امراته' ما حال امراته؟ عن حفص بن غياث......به- و علقه البيهقي في السنن (۷/۱۷۰) قال: وسوى ليث بن ابي سليم......فذكره' و نقل قول الدارقطني عقبه-

۳٦۲۷-اخرجه البيهقي في سننه (۷/۱۸۳): اخبرنا ابو الحسين بن بشران ببغداد' انبا ابو جعفر محمد بن عمرو الرزاز' ثنا احمد بن الخليل......به- و في اسناده الواقدي' و هو متروك؛ كما تقدم مرارًا-

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت غیلان بن سلمہ رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا' اُن کی دس بیویاں تھیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں یہ ہدایت کی: تم اُن میں سے چار کو اختیار کر لو۔

3629- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعِيدٍ ح وَأَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا سَعِيدٌ ح وَأَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الصَّغَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَكْرٍ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ أَسْلَمَ غَيْلَانُ بْنُ سَلَمَةَ وَتَحْتَهُ عَشْرُ نِسْوَةٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَأَسْلَمْنَ مَعَهُ فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَتَخَيَّرَ مِنْهُنَّ أَرْبَعًا .قَالَ الرَّمَادِيُّ هٰكَذَا يَقُولُ أَهْلُ الْبَصْرَةِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت غیلان بن سلمہ رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا' اُن کی زمانۂ جاہلیت میں دس بیویاں تھیں' اُن خواتین نے بھی اُن کے ساتھ اسلام قبول کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں یہ ہدایت کی: وہ اُن میں سے چار کو اختیار کر لیں۔

رمادی نامی راوی بیان کرتے ہیں: اہلِ بصرہ نے اسی طرح بیان کیا ہے۔

3630- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي سُوَيْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِغَيْلَانَ بْنِ سَلَمَةَ حِينَ أَسْلَمَ وَعِنْدَهُ عَشْرُ نِسْوَةٍ خُذْ مِنْهُنَّ أَرْبَعًا وَفَارِقْ سَائِرَهُنَّ .

☆☆ عثمان بن محمد بن ابوسوید بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت غیلان بن سلمہ سے یہ فرمایا' جب اُنہوں نے اسلام قبول کیا اور اُن کی اُس وقت دس بیویاں تھی' (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) تم ان میں سے چار کو اپنے ساتھ رکھو اور بقیہ سے علیحدگی اختیار کر لو۔

٣٦٢٨-اخرجه ابن ابي شيبة (٣١٧/٤) و احمد (١٤/٢) و الترمذي في النكاح (١١٢٨) باب: ما جاء في الرجل يسلم وعنده عشر نسوة' و ابن ماجه في النكاح (١٩٥٣) باب: الرجل يسلم و عنده اكثر من اربع نسوة' و الحاكم (١٩٢/٢-١٩٣)' و ابن حبان (٤١٥٦) (٤١٥٧)' و البيهقي (١٤٩/٧'١٨١) من طرق عن معمر' به-قال الحافظ في التلخيص (١٦٨/٣): و حكى الحاكم عن مسلم ان هذا الحديث مما وهم فيه معمر بالبصرة قال: فان اخرجه عنه ثقة خارج البصرة حكمنا له بالصحة- و قد اخذ ابن حبان و الحاكم و البيهقي بظاهر هذا الحكم' فاخرجوه من طرق عن معمر من حديث اهل الكوفة و اهل خراسان و اهل اليمامة عنه- قلت: ولا يفيد ذلك شيئاً: فان هؤلاء كلهم انما سمعوا منه بالبصرة و ان كانوا من غير اهلها- و على تقدير تسليم انهم سمعوا منه بغيرها' فحديثه الذي حدث به في غير بلده مضطرب: لانه كان يحدث في بلده من كتبه على الصحة- و اما اذا رحل فحدث من حفظه باشياء' و هم فيها- اتفق على ذلك اهل العلم به: كابن المديني و البخاري و ابن ابي حاتم' و يعقوب بن شيبة وغيرهم......)- اه- و انظر: التعليق المغني (٢٧٠/٣-٢٧١)-

٣٦٢٩-راجع الذي قبله-

٣٦٣٠-اخرجه مالك في الموطا (٥٨٦/٢) كتاب: الطلاق' باب: جامع الطلاق رقم (٧٦) عن ابن شهاب انه قال بلغني ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لرجل من ثقيف اسلم و عنده عشر نسوة حين اسلم: (امسك منهن اربعاً و فارق سائرهن)' و من طريقه اخرجه البيهقي في السنن (١٨٢/٧)- قال البيهقي: واخرجه يونس بن يزيد عن الزهري عن محمد بن ابي سويد ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لغيلان...... فذكره' ثم اخرجه بسنده الى عثمان بن عمر' انبا يونس'به-قال: وكذلك اخرجه ابن وهب وغيره عن يونس عن الزهري عن عثمان بن محمد بن ابي سويد' به-

3631- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الصَّاغَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ بَلَغَنِيْ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِيْ سُوَيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3632- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الصَّغَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ شِهَابٍ يَقُوْلُ بَلَغَنَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ مِّنْ ثَقِيفٍ مِثْلَهُ.

☆☆ ابن شہاب زہری بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ثقیف قبیلہ سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب سے یہ فرمایا تھا (اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے)۔

3633- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَسْلَمَ غَيْلَانُ بْنُ سَلَمَةَ مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3634- حَدَّثَنَا ابْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ بَحْرٍ الْبَيْرُوْذِيُّ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ السَّائِبِ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا مُعَلًّى حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ وَاَخْبَرَنِي ابْنُ اَبِيْ لَيْلٰى كِلَاهُمَا عَنْ حُمَيْضَةَ بْنِ الشَّمَرْدَلِ عَنْ قَيْسِ بْنِ الْحَارِثِ وَفِيْ حَدِيْثِ هُشَيْمٍ الْحَارِثُ بْنُ قَيْسٍ اَنَّهُ اَسْلَمَ وَعِنْدَهُ ثَمَانُ نِسْوَةٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْتَرْ مِنْهُنَّ اَرْبَعًا .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: جب اُنہوں نے اسلام قبول کیا تو اُن کی آٹھ بیویاں تھیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ان میں سے چار کو اختیار کرلو۔

3635- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ حَمَّادٍ وَالْكَلْبِيِّ عَنْ قَيْسِ بْنِ الْحَارِثِ يَرْفَعُهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَجُلاً مِنْ بَنِيْ اَسَدٍ اَسْلَمَ وَعِنْدَهُ ثَمَانُ نِسْوَةٍ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْتَرْ مِنْهُنَّ اَرْبَعًا . فَجَعَلَ يَقُوْلُ اَقْبِلِيْ يَا فُلَانَةُ اَقْبِلِيْ يَا فُلَانَةُ اَدْبِرِيْ يَا فُلَانَةُ اَدْبِرِيْ يَا فُلَانَةُ.

☆☆ قیس بن حارث کلبی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں "مرفوع" حدیث نقل کرتے ہیں: بنواسد سے تعلق

۳۶۳۱-راجع الذي قبله-

۳۶۳۲-تقدم تخريجه قبل حديث-

۳۶۳۳-اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۱۲۶۲۱) عن معمر' به- ومن طريقه البيهقي في السنن (۷/ ۱۸۲)' و هو مرسل صحيح الاسناد-

۳۶۳۴-اخرجه ابو داود (۲۲٤۱): حدثنا مسدد قال: حدثنا هشيم- ح: و حدثنا وهب بن بقية قال: اخبرنا هشيم عن ابن ابي ليلى' به- و من طريقه اخرجه البيهقي في السنن (۷/ ۱٤۹)-واخرجه ابن ماجه (۱۹۵۲): حدثنا احمد بن ابراهيم الدورقي قال: حدثنا هشيم' به- واخرجه ابو داود ايضًا (۲۲٤۲) منطريق عيسى بن المختار عن محمد بن عبد الرحمن بن ابي ليلى' به-

۳۶۳۵-اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۱۲۶۲٤) عن معمر عن الكلبي عن رجل عن قيس ابن الحارث الاسدي' قال: اسلمت و تحتي ثمان نسوة: فقال النبي صلى الله عليه وسلم : (اختر منهن اربعًا)-

رکھنے والے ایک شخص نے اسلام قبول کیا' اُس کی آٹھ بیویاں تھیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا: تم ان میں سے چار کو اختیار کرلو۔ تو وہ صاحب کہنے لگے: اے فلاں عورت! تم آ جاؤ! اے فلاں عورت! تم آ جاؤ! اے فلاں عورت! تم چلی جاؤ! اے فلاں عورت! تم چلی جاؤ!

3636- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الصَّاغَانِيُّ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ أَخْبَرَنَا مُغِيرَةُ عَنْ رَجُلٍ مِنْ وَلَدِ الْحَارِثِ أَنَّ الْحَارِثَ بْنَ قَيْسٍ الأَسَدِيَّ أَسْلَمَ وَعِنْدَهُ ثَمَانِ نِسْوَةٍ فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَخْتَارَ مِنْهُنَّ أَرْبَعًا.

☆☆ مغیرہ نامی راوی' حضرت حارث بن قیس اسدی رضی اللہ عنہ کی اولاد سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: جب حضرت حارث بن قیس اسدی رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا' اُس وقت اُن کی آٹھ بیویاں تھیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں یہ ہدایت کی کہ وہ ان میں سے چار کو اختیار کرلیں۔

3637- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الصَّاغَانِيُّ حَدَّثَنَا مُعَلَّى حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ مُغِيرَةَ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ قَيْسٍ أَنَّ جَدَّهُ الْحَارِثَ بْنَ قَيْسٍ أَسْلَمَ وَعِنْدَهُ ثَمَانِ نِسْوَةٍ فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَخْتَارَ مِنْهُنَّ أَرْبَعًا.

☆☆ مغیرہ نامی راوی' ربیع بن قیس کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: اُن کے جدامجد حضرت حارث بن قیس اسدی رضی اللہ عنہ نے جب اسلام قبول کیا' اُس وقت اُن کی آٹھ بیویاں تھیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں یہ ہدایت کی کہ وہ ان میں سے چار کو اختیار کرلیں۔

3638- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ الْجُنْدَيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ مُحَمَّدٍ ح وَأَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ أَبُو بَكْرٍ قَالاَ حَدَّثَنَا سَيْفُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ الْجَرْمِيُّ حَدَّثَنَا سَرَّارُ بْنُ مُجَشِّرٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ وَسَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ غَيْلاَنَ بْنَ سَلَمَةَ الثَّقَفِيَّ أَسْلَمَ وَعِنْدَهُ عَشْرُ نِسْوَةٍ فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُمْسِكَ مِنْهُنَّ أَرْبَعًا فَلَمَّا كَانَ زَمَنُ عُمَرَ طَلَّقَهُنَّ فَأَمَرَهُ عُمَرُ أَنْ يُرَاجِعَهُنَّ وَقَالَ لَوْ مُتَّ لَوَرَّثْتُهُنَّ مِنْكَ وَلأَمَرْتُ بِقَبْرِكَ يُرْجَمُ كَمَا رُجِمَ قَبْرُ أَبِي رِغَالٍ .وَقَالَ ابْنُ نُوحٍ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ رَاجِعْهُنَّ وَإِلاَّ وَرَّثْتُهُنَّ مَالَكَ وَأَمَرْتُ بِقَبْرِكَ .زَادَ ابْنُ نُوحٍ فَأَسْلَمَ وَأَسْلَمْنَ مَعَهُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب حضرت غیلان بن سلمہ ثقفی نے اسلام قبول کیا' اُس وقت اُن کی دس بیویاں تھیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں یہ ہدایت کی: وہ اس میں سے چار کو اپنے ساتھ رکھیں!

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں حضرت غیلان بن سلمہ نے اُن خواتین کو طلاق دے دی' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ

۳۶۳۶-اخرجه البيهقي في سننه (۱۸۲/۷) من طريق سعيد بن منصور' ثنا هشيم' انا مغيرة...... به- قال: (واخرجه معلى بن منصور عن هشيم عن مغيرة عن الربيع بن قيس ان جده الحارث بن قيس اسلم...... الحديث-

۳۶۳۷-راجع الذي قبله-

۳۶۳۸-تقدم قريباً-

نے انہیں یہ ہدایت کی کہ وہ ان خواتین سے رجوع کر لیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر تم مر گئے تو میں ان خواتین کو تمہارا وارث قرار دوں گا اور میں تمہاری قبر کو سنگسار کرواؤں گا' بالکل اُسی طرح جیسے ابو رغال کی قبر کو سنگسار کیا گیا تھا۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُن سے فرمایا: تم ان سے رجوع کر لو ورنہ میں انہیں تمہارے مال کی وارث قرار دوں گا اور تمہاری قبر کے بارے میں حکم دوں گا۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: اُنہوں نے اسلام قبول کیا تو اُن کے ساتھ اُن خواتین نے بھی اسلام قبول کر لیا۔

3639- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ أَخُو كَرْخَوَيْهِ ح وَأَخْبَرَنَا أَبُو عَلِيٍّ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمَالِكِيُّ بِالْبَصْرَةِ حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى ح وَأَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرٍ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَزْهَرِ أَحْمَدُ بْنُ الْأَزْهَرِ قَالُوا حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ أَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ أَبِي وَهْبٍ الْجَيْشَانِيِّ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ فَيْرُوزَ الدَّيْلَمِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أَسْلَمْتُ وَتَحْتِي أُخْتَانِ . فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلِّقْ أَيَّتَهُمَا شِئْتَ .

★★ ضحاک بن فیروز دیلمی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے اسلام قبول کر لیا ہے اور میرے نکاح میں دو بہنیں ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اُن میں سے ایک کو جسے تم چاہو' طلاق دو۔

3640- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَرَّاقُ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ أَبِي وَهْبٍ الْجَيْشَانِيِّ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ فَيْرُوزَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَسْلَمْتُ وَعِنْدِي أُخْتَانِ فَأَمَرَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أُطَلِّقَ إِحْدَاهُمَا.

★★ ضحاک بن فیروز دیلمی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جب میں نے اسلام قبول کیا تو میرے نکاح میں دو بہنیں تھیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ہدایت کی: میں اُن دونوں میں سے ایک کو طلاق دے دوں۔

3641- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَكَ الْقَزَّازُ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ.

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3642- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ أَخْبَرَنَا الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي يَحْيَى عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِي وَهْبٍ الْجَيْشَانِيِّ عَنْ أَبِي خِرَاشٍ عَنِ الدَّيْلَمِيِّ - أَوِ ابْنِ الدَّيْلَمِيِّ - قَالَ أَسْلَمْتُ وَتَحْتِي أُخْتَانِ فَسَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَنِي أَنْ أُمْسِكَ أَيَّتَهُمَا شِئْتُ وَأُفَارِقَ الْأُخْرَى .

۳۶۳۹- اخرجه ابو داود في الطلاق (۲۲۴۳) باب: فيمن اسلم' و عنده نساء اكثر من اربع او اختان' و الترمذي في النكاح (۱۱۳۰) باب: ما جاء في الرجل يسلم و عنده اختان' و البيهقي في الكبرى (۷/ ۱۸۴)' و ابن حبان (۴۱۵۵)' من طرق عن وهب بن جرير' به-

۳۶۴۰- اخرجه احمد (۴/ ۲۳۲)' والترمذي في النكاح (۱۱۲۹) باب: ما جاء في الرجل يسلم و عنده اختان' و ابن ماجه في النكاح (۱۹۵۱) باب: الرجل يسلم و عنده اختان' و الطبراني في الكبير (۱۸/رقم (۸۴۳)' و البيهقي في الكبرى (۷/ ۱۸۴)' من طرق عن ابن لهيعة' به-

۳۶۴۱- اخرجه احمد في مسنده (۴/ ۲۳۲): ثنا موسى بن داود' به- و راجع الذي قبله-

☆☆ دیلمی (راوی کو شک ہے' یا شاید ابن دیلمی) بیان کرتے ہیں: میں نے اسلام قبول کیا' تو میرے نکاح میں دو بہنیں تھیں' میں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اُن میں سے جسے چاہوں اپنے ساتھ رکھ لوں' اور دوسری کو الگ کر دوں۔

3643- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا مُعَلًّى حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ حَدَّثَنَا أَبُو وَهْبٍ الْجَيْشَانِيُّ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ فَيْرُوزَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَسْلَمْتُ وَعِنْدِي أُخْتَانِ فَسَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَأَمَرَنِي أَنْ أُفَارِقَ إِحْدَاهُمَا.

☆☆ ضحاک بن فیروز دیلمی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جب میں نے اسلام قبول کیا' تو میرے نکاح میں دو بہنیں تھیں' میں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ہدایت کی: میں اُن دونوں میں سے ایک سے علیحدگی اختیار کرلوں۔

3644- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْخَشَّابُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي سَلَمَةَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْحَرْبِيِّ يُسْلِمُ وَتَحْتَهُ أُخْتَانِ قَالَ لَوْلَا الْحَدِيثُ الَّذِي جَاءَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيَّرَهُ لَقُلْتُ يُمْسِكُ الْأُولَى.

☆☆ اوزاعی سے ایسے حربی شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو دو بہنوں کا شوہر ہو' تو اُنہوں نے فرمایا: اگر اس بارے میں وہ حدیث نہ ہوتی جس میں یہ منقول ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی صورت میں شوہر کو (اُن دونوں بہنوں میں سے کسی ایک کو اختیار کرنے کا) اختیار دیا تھا' تو میں یہ فتویٰ دیتا: وہ شخص (اُس عورت کو ساتھ رکھے گا جس کے ساتھ) پہلے شادی ہوئی تھی۔

3645- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَأَبُو إِبْرَاهِيمَ الْمُزَنِيُّ عَنِ الشَّافِعِيِّ قَالَ إِذَا أَسْلَمَ وَتَحْتَهُ أُخْتَانِ خُيِّرَ أَيُّهُمَا شَاءَ فَإِنِ اخْتَارَ وَاحِدَةً ثَبَتَ نِكَاحُهَا وَانْفَسَخَ نِكَاحُ الْأُخْرَى وَسَوَاءٌ إِنْ كَانَ نَكَحَهُمَا فِي عُقْدَةٍ أَوْ فِي عُقَدٍ.

☆☆ امام شافعی فرماتے ہیں: جب کوئی شخص مسلمان ہو اور اُس کی بیویاں سگی بہنیں ہوں تو وہ شخص اُن دونوں میں سے کسی ایک کو' جسے وہ چاہے' اختیار کرلے گا' تو اُس عورت کے ساتھ اُس کا نکاح برقرار رہے گا اور دوسری عورت کے ساتھ اُس کا

۳٦٤٣- اخرجه الشافعي (۲/رقم ٤٥- ترتيب): اخبرنا ابن ابي يحيى' به- و من طريقه الدارقطني هنا- و اخرجه ابن ابي شيبة (٤/٣١٧)؛ و عبد الرزاق (١٢٦٢٧)؛ و ابن ماجه في النكاح (١٩٥٠) باب: الرجل يسلم و عنده اختان' و الطبراني في الكبير (١٨/رقم (٨٤٤)؛ و البيهقي في الكبرى (٧/١٨٤-١٨٥) من طرق عن اسحاق بن عبد الله بن ابي فروة' به- قال الحافظ في الاصابة (٨/١٠٦): (وفي اسناده مقال)- اه- و قال ابن القيم في تهذيب السنن (٣/١٥٨): وقال البخاري: في اسناده هذا الحديث نظر- ووجه قوله ان ابا وهب و الضحاك مجهول حالهما' و فيه يحيى بن ايوب ضعيف)- اه-

۳٦٤٣- تقدم قريبًا-

۳٦٤٤- اسناده صحيح-

۳٦٤٥- انظر: الام (٢/١٣٢)-

نکاح فسخ ہو جائے گا۔ اس میں اس حوالے سے فرق نہیں ہوگا (اسلام قبول کرنے سے پہلے) اُس نے ان دونوں کے ساتھ ایک ساتھ شادی کی تھی یا یکے بعد دیگرے کی تھی۔

3646- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مُسَلَّمٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ ابْنُ شِهَابٍ عَنِ الْمُلاَعَنَةِ وَعَنِ السُّنَّةِ فِيْهِمَا عَنْ حَدِيْثِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ اَنَّ رَجُلاً مِنَ الْاَنْصَارِ جَاءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ رَجُلاً وَّجَدَ مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلاً اَيَقْتُلُهَا فَتَقْتُلُوْنَهٗ اَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ بِهَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ فِىْ شَاْنِهِمَا مَا ذُكِرَ فِى الْقُرْاٰنِ مِنْ اَمْرِ الْمُتَلاَعِنَيْنِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ قَضَى اللّٰهُ فِيْكَ وَفِىْ امْرَاَتِكَ . قَالَ فَتَلاَعَنَا فِى الْمَسْجِدِ- وَاَنَا شَاهِدٌ- عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَتِ السُّنَّةُ بَعْدُ فِيْهِمَا اَنْ يُّفَرَّقَ بَيْنَ الْمُتَلاَعِنَيْنِ وَكَانَتْ حَامِلاً فَاَنْكَرَهٗ فَكَانَ ابْنُهَا يُدْعٰى اِلٰى اُمِّهٖ ثُمَّ جَرَتِ السُّنَّةُ فِىْ اَنَّهَا تَرِثُهٗ وَيَرِثُ مَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ مِنْهَا .

☆☆ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک انصاری شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' اور عرض کی: یارسول اللہ! ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے' جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی فرد کو پاتا ہے' اگر وہ اُس عورت کو قتل کر دیتا ہے' تو آپ لوگ اُسے قتل کر دیں گے' ایسے شخص کو اُس عورت کے ساتھ کیا کرنا چاہیے؟ تو اللہ تعالیٰ نے اُن کے بارے میں حکم نازل کیا' جو لعان کرنے والوں کے بارے میں قرآن میں مذکور ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہارے اور تمہاری بیوی کے بارے میں فیصلہ دے دیا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: اُن دونوں میاں بیوی نے مسجد میں لعان کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میں بھی وہاں موجود تھا۔

(راوی کہتے ہیں:) اُس کے بعد ایسے میاں بیوی کے بارے میں یہ طریقہ رائج ہوا کہ لعان کرنے والوں کے درمیان علیحدگی کروادی جاتی تھی۔

راوی کہتے ہیں: وہ عورت حاملہ تھی' مرد نے اُس کے حمل کا انکار کیا' تو اُس کے بعد اُس عورت کے بیٹے کو اُس کی ماں کی نسبت سے بلایا جاتا تھا۔

اُس کے بعد یہ طریقہ رائج ہو گیا کہ ایسی عورت اپنے اُس بچے کی وارث بنتی تھی اور وہ بچہ اُس عورت کا وارث بنتا تھا' جو اللہ تعالیٰ نے (بیٹے کی وراثت کے طور پر) مقرر کیا تھا۔

3647- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ دِيْنَارٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ مُحَمَّدُ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا

٣٦٤٦-اخرجه عبد الرزاق في المصنف (٧/ ١١٥) باب: لا يجتمع المتلاعنان ابدًا (١٢٤٤٦) (١٢٤٤٧): اخبرنا ابنجريج' به- و من طريق عبد الرزاق اخرجه البخاري في الصلاة (١/ ٦١٧) باب: القضاء و اللعان في المسجد بين الرجال و النساء (٤٢٣) و مسلم في اللعان (١٤٩٢) من طريق عبد الرزاق' به-

٣٦٤٧-اسناده حسن: ثور بن يزيد ثقة الا انه كان يرى القدر: كما في التقريب (٨٦٩)- و الهيثم بن حميد صدوق رمي بالقدر ايضاً- انظر: التقريب (ت ٧٤١٢)- والحديث لم اجده عند غيره- والله اعلم-

مُحَمَّدُ بْنُ عَائِذٍ .وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَيْدٍ الْحِنَّائِيُّ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَائِذٍ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ اَخْبَرَنِیْ ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ مِنْ بَنِیْ زُرَيْقٍ قَذَفَ امْرَاَتَهٗ فَاَتَى النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ اٰيَةَ الْمُلَاعَنَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْنَ السَّائِلُ قَدْ نَزَلَ مِنَ اللّٰهِ اَمْرٌ عَظِيْمٌ . فَاَبَى الرَّجُلُ اِلَّا اَنْ يُّلَاعِنَهَا وَاَبَتْ اِلَّا اَنْ تَدْرَاَ عَنْ نَفْسِهَا الْعَذَابَ قَالَ فَتَلَاعَنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِمَّا هِیَ تَجِیْءُ بِهٖ اُصَيْفِرَ اُخَيْنِسَ مَنْسُوْلَ الْعِظَامِ فَهُوَ لِلْمُلَاعِنِ وَاِمَّا تَجِیْءُ بِهٖ اَسْوَدَ كَالْجَمَلِ الْاَوْرَقِ فَهُوَ لِغَيْرِهٖ فَجَاءَتْ بِهٖ اَسْوَدَ كَالْجَمَلِ الْاَوْرَقِ فَدَعَا بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَهٗ لِعَصَبَةِ اُمِّهٖ وَقَالَ لَوْلَا الْاَيْمَانُ الَّتِیْ مَضَتْ لَكَانَ لِیْ فِيْهِ كَذَا وَكَذَا . لَفْظُهُمَا وَاحِدٌ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: بنوزریق سے تعلق رکھنے والے ایک انصاری نے اپنی بیوی پر زنا کا الزام لگایا' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار مرتبہ اُسے واپس کر دیا' پھر اللہ تعالیٰ نے لعان کے حکم سے متعلق آیت نازل کی۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سوال کرنے والا شخص کہاں ہے؟ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک عظیم حکم نازل ہوا ہے' پھر اُس شخص نے لعان کرنے پر اصرار کیا اور عورت نے بھی یہ طے کر لیا کہ اپنی ذات سے عذاب کو دور کر دے گی۔ راوی بیان کرتے ہیں: اُن دونوں نے لعان کیا' (بعد میں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر یہ عورت زرد رنگ' چوڑے ناک اور کمزور جسم کے مالک بچے کو جنم دے' تو یہ لعان کرنے والے شخص کی اولاد ہوگا' اور اگر یہ عورت خاکستری اونٹ جیسے (مضبوط جسم کے مالک) سیاہ رنگ کے بچے کو جنم دے' تو یہ دوسرے شخص کی اولاد ہوگا۔ (راوی بیان کرتے ہیں:) تو اُس عورت نے سیاہ فام بچے کو جنم دیا' جو خاکستری (یعنی گہرے رنگ) کے اونٹ جیسا تھا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس بچے کو بلوایا اور اُسے اُس کی ماں کے رشتہ داروں کے سپرد کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر اس بارے میں قسم (یعنی لعان) نہ ہو چکا ہوتا' تو میرا رویہ اس بارے میں مختلف ہوتا۔

ان دونوں کے الفاظ ایک جیسے ہیں۔

3648- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ عِيَاضُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَغَيْرُهٗ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِیِّ قَالَ حَضَرْتُ الْمُتَلَاعِنَيْنِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَلَّقَهَا ثَلَاثَ تَطْلِيْقَاتٍ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْفَذَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ مَا صُنِعَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَّةً فَمَضَتِ السُّنَّةُ بَعْدُ فِی

۳۶۴۸- اخرجه احمد (۵/ ۳۳۰- ۳۳۱، ۳۳۴، ۳۳۷)، و عبد الرزاق (۱۲۴۴۵)، و البخاري في الطلاق (۵۳۰۹) باب: التلاعن في المسجد، و في الاحكام (۷۱۶۵، ۷۱۶۶) باب: من قضى و لاعن في المسجد، و في الاعتصام (۷۳۰۴)، ومسلم في اللعان (۱۴۹۲)، و ابو داود في الطلاق (۲۲۴۷، ۲۲۴۸، ۲۲۵۱) باب: في اللعان، و ابن ماجه في الطلاق (۲۰۶۶) باب: اللعان، و البيهقي في الكبرى (۷/ ۳۹۹-۴۰۱) من طرق عن الزهري، بنحوه-

الْمُتَلَاعِنَيْنِ يُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا ثُمَّ لَا يَجْتَمِعَانِ اَبَدًا.

☆☆ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے لعان کرنے والے (میاں بیوی) کے واقعہ میں موجود تھا' اُس مرد نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں اُس عورت کو تین طلاقیں دے دیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں نافذ قرار دیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں جو کچھ بھی کیا جائے (اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُس کا انکار نہ کریں) تو وہ سنت ہوتا ہے۔

اُس کے بعد لعان کرنے والوں کے درمیان یہی سنت رائج ہوئی کہ میاں بیوی کے درمیان علیحدگی کر دی جاتی ہے اور پھر وہ دونوں کبھی اکٹھے نہیں ہو سکتے۔

3649- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِىْ حَسَّانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ وَعُمَرُ - يَعْنِىْ ابْنَ عَبْدِ الْوَاحِدِ - قَالَا حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِىُّ عَنِ الزُّبَيْدِىِّ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ عُوَيْمِرًا الْعَجْلَانِىَّ قَالَ لِرَجُلٍ مِّنْ قَوْمِهِ سَلْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَجُلٍ وَّجَدَ مَعَ امْرَاَتِهِ رَجُلًا فَذَكَرَ قِصَّةَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ وَقَالَ فِيْهِ فَتَلَاعَنَا فَفَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا وَقَالَ لَا يَجْتَمِعَانِ اَبَدًا .

☆☆ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: عویمر عجلانی نے اپنے قبیلے کے ایک فرد سے یہ کہا: تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کرو جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور فرد کو پاتا ہے۔

اُس کے بعد اُنہوں نے لعان کرنے والوں کا واقعہ بیان کیا ہے' جس میں یہ الفاظ ہیں:

"اُن دونوں نے لعان کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن دونوں میں علیحدگی کروا دی' اور ارشاد فرمایا: یہ دونوں کبھی اکٹھے نہیں ہو سکتے"۔

3650- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا فَرْوَةُ بْنُ اَبِى الْمَغْرَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

۳۶۴۹- اخرجه الدارمي (۲/۱۵۰)، و البخاري في التفسير (۴۷۴۵) باب: (و الذين يرمون ازواجهم و لم يكن لهم شهداء الا انفسهم......) و ابو داود في الطلاق (۲۲۴۹) باب: في اللعان، و ابن الجارود (۷۵۶)، و ابن حبان (۴۲۸۵)، و الطبراني (۵۶۷۷)، و البيهقي (۷/۴۰۰) من طرق عن محمد بن يوسف عن الاوزاعي عن الزهري، بنحوه- و اخرجه مالك عن الزهري بنحوه- اخرجه مالك في الطلاق (۲/۵۶۶-۵۶۷) باب: ما جاء في اللعان، و من طريقه الشافعي في المسند (۲/۴۴)، و احمد (۵/۳۳۶-۳۳۷)، و الدارمي (۲/۱۵۰)، و البخاري في الطلاق (۵۲۵۹) باب: من جوز الطلاق الثلاث، و (۵۳۰۸) باب: اللعان و من طلق بعد اللعان، و مسلم في اللعان (۱۴۹۲)، و ابو داود في الطلاق (۲۲۴۵) باب: في اللعان، و النسائي في الطلاق (۶/۱۴۳-۱۴۴) باب: الرخصة في ذلك- اي: في الثلاث مجموعة- و الطبراني (۵۶۷۶)، و ابن حبان (۴۲۸۴)، و البيهقي (۷/۳۹۸، ۳۹۹) من طرق عن مالك، به- و اخرجه فليح بن سليمان عن الزهري، بنحوه- اخرجه البخاري في التفسير (۴۷۴۶)، و ابو داود في الطلاق (۲۲۵۲) باب: في اللعان، و ابن حبان (۴۲۸۳)، و الطبراني (۵۶۸۳)، و البيهقي (۶/۲۵۸) (۷/۴۰۱) من طرقه عن ابي الربيع الزهراني، حدثنا فليح، به-

الْمُتَلَاعِنَانِ إِذَا تَفَرَّقَا لَا يَجْتَمِعَانِ أَبَدًا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: لعان کرنے والے (میاں بیوی) جب ایک دوسرے سے الگ ہو جائیں تو پھر وہ کبھی اکٹھے نہیں ہو سکتے۔

3651- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ مُسَلَّمٍ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ.

وَقَيْسٌ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَا مَضَتِ السُّنَّةُ فِي الْمُتَلَاعِنَيْنِ أَنْ لَا يَجْتَمِعَانِ أَبَدًا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: (اُنہوں نے جو فرمایا ہے وہ اگلی روایت میں ہے)۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ (اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ دونوں حضرات) فرماتے ہیں: لعان کرنے والوں کے بارے میں یہی سنت رائج ہے کہ وہ دونوں کبھی اکٹھے نہیں ہو سکتے۔

3652- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ هَانِءٍ حَدَّثَنَا أَبُو مَالِكٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَلِيٍّ وَعَبْدِ اللَّهِ قَالَا مَضَتِ السُّنَّةُ أَنْ لَا يَجْتَمِعَ الْمُتَلَاعِنَانِ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ دونوں حضرات فرماتے ہیں: یہی سنت رائج ہے کہ لعان کرنے والے (بعد میں کبھی) اکٹھے نہیں ہو سکتے۔

3653- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُوسَى بْنِ عِيسَى الْقَارِءُ حَدَّثَنَا قَعْنَبُ بْنُ الْمُحَرَّرِ أَبُو عَمْرٍو حَدَّثَنَا الْوَاقِدِيُّ حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي أَنَسٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ جَعْفَرٍ يَقُولُ حَضَرْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ لَاعَنَ بَيْنَ عُوَيْمِرٍ الْعَجْلَانِيِّ وَامْرَأَتِهِ فَرَجَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ تَبُوكَ وَأَنْكَرَ حَمْلَهَا الَّذِي فِي بَطْنِهَا وَقَالَ هُوَ مِنِ ابْنِ السَّحْمَاءِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَاتِ امْرَأَتَكَ فَقَدْ نَزَلَ الْقُرْآنُ فِيكُمَا. فَلَاعَنَ بَيْنَهُمَا بَعْدَ الْعَصْرِ عِنْدَ الْمِنْبَرِ عَلَى حَمْلٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عویمر عجلانی اور اُس کی اہلیہ کے درمیان لعان کروایا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب تبوک سے واپس تشریف

۳۶۵۰- روی نحو هذا المعنی من حدیث سعید بن جبیر عن ابن عمر مرفوعاً و فیه قصة- کل من: البخاري في الطلاق (۵۳۱۲) (۵۳۵۰) و مسلم في اول اللعان (۱۴۹۳) و ابو داود في الطلاق (۲۲۵۷) باب: في اللعان' و الترمذي في الطلاق (۱۲۰۲) باب: ما جاء في اللعان' و النسائي في الطلاق (۱۷۷/۶) باب: اجتماع المتلاعنين' و ابن الجارود (۷۵۲' ۷۵۳) و ابن حبان (۴۲۸۶- ۴۲۸۸) و البیهقي في الکبری (۴۰۴/۷' ۴۰۵' ۴۰۹) من طرق عن سعید بن جبیر' بنحو معناه-

۳۶۵۱- اخرجه البیهقي في السنن (۴۱۰/۷) ' و ابن الجوزي في التحقیق (۳۰۲/۲) من طریق الدارقطني' به- واخرجه ابن ابي شیبة في المصنف (۱۹/۴) رقم (۱۷۳۷۰): حدثنا وکیع عن قیس عن عاصم عن زر عن علي و عن ابي وائل عن عبد الله' قالا: لا یجتمعان المتلاعنان ابدًا-

۳۶۵۲- راجع الذي قبله-

۳۶۵۳- اخرجه البیهقي (۲۹۸/۷) کتاب: اللعان' باب: این یکون اللعان؛ من طریق الدارقطني' به- و في اسناده الواقدي و هو متروك؛ کما تقدم مرارًا-

لائے تو عویمر نے اُس عورت کے پیٹ میں موجود حمل (کا اپنی اولاد ہونے) سے انکار کر دیا' اور بولا: یہ ابن سحماء کی اولاد ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنی بیوی کو لے کر آؤ تم دونوں کے بارے میں (قرآن کا حکم) نازل ہو چکا ہے۔
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز کے بعد منبر کے قریب' اُس حمل کے بارے میں' اُن دونوں سے لعان کروایا۔

3654- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسٰى الْخَوَّاصُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ الْعَوْفِيُّ حَدَّثَنَا الْوَاقِدِيُّ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3655- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاعَنَ بِالْحَمْلِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حمل کے حوالے سے لعان کروایا تھا۔

3656- حَدَّثَنَا اَبُوْ عِيسٰى يَعْقُوْبُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ الدُّوْرِيُّ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ عَنْ هِشَامٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ هِلَالَ بْنَ اُمَيَّةَ قَذَفَ امْرَاَتَهُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَرِيْكِ ابْنِ السَّحْمَاءِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيِّنَةَ اَوْ حَدٌّ فِيْ ظَهْرِكَ . فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِذَا رَاٰى اَحَدُنَا الرَّجُلَ عَلٰى امْرَاَتِهِ يَنْطَلِقُ يَلْتَمِسُ الْبَيِّنَةَ . قَالَ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْبَيِّنَةَ وَاِلَّا فَحَدٌّ فِيْ ظَهْرِكَ . قَالَ فَقَالَ هِلَالُ بْنُ اُمَيَّةَ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ اِنِّيْ لَصَادِقٌ وَلَيُنْزِلَنَّ اللّٰهُ فِيْ اَمْرِيْ مَا يُبَرِّءُ بِهِ ظَهْرِيْ مِنَ الْحَدِّ قَالَ فَنَزَلَ جِبْرِيْلُ - قَالَ - فَاُنْزِلَتْ عَلَيْهِ (وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ) حَتّٰى بَلَغَ (وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا اِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ) قَالَ فَانْصَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَرْسَلَ اِلَيْهِمَا قَالَ فَجَاءَ فَقَامَ هِلَالُ بْنُ اُمَيَّةَ فَشَهِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ اَنَّ اَحَدَكُمَا كَاذِبٌ فَهَلْ مِنْكُمَا مِنْ تَائِبٍ . فَقَامَتْ فَشَهِدَتْ فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ الْخَامِسَةِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقِّفُوْهَا فَاِنَّهَا

٣٦٥٤-راجع الذي قبله-

٣٦٥٥-اخرجه البيهقي (٧/٤٠٥) كتاب: اللعان' باب: اللعان على الحمل من طريق الدارقطني به-و حديث ابن مسعود في الملاعنة مطولاً' و فيه قصة' اخرجه مسلم (٢/١١٣٣) كتاب: اللعان' الحديث (١٤٩٥)' و ابن ماجه (١/٦٦٩) كتاب: الطلاق' باب: اللعان' الحديث (٢٠٦٨) من طريق عبدة عن الاعمش' به- و اخرجه مسلم (١٤٩٥)' و ابو داود (٢٠٦٨)' و ابن حبان (٤٢٨١) من طريق جرير عن الاعمش' به- و اخرجه احمد ١٠/٤٢١) من طريق ابي عوانة عن الاعمش' به-واخرجه احمد (١/٢٥٥): حدثنا وكيع' حدثنا عباد بن منصور عن عكرمة عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم لاعن بالحمل-

٣٦٥٦-اخرجه البخاري في الشهادات (٢٦٧١) باب: اذا ادعى او قذف فله ان يلتمس البينة' و ينطلق البينة' و اطرافه في (٤٧٤٧)' و (٥٣٠٧)' و ابو داود (٢٢٥٤)' و الترمذي (٣١٧٩)' و ابن ماجه (٢٠٦٧)' كلهم قالوا: حدثنا محمد بن بشار' قال: حدثنا ابن ابي عدي......به- و اخرجه ابو داود (٢٢٥٦)' و احمد (١/٢٣٨' ٢٤٥) من طريق عباد بنمنصور عن عكرمة......به-واخرجه احمد (١/٢٧٣)' و النسائي في فضائل الصحابة رقم (١٢٢) من طريق ايواب عن عكرمة' به-

مُوجِبَةٌ . قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَتَلَكَّأَتْ وَنَكَصَتْ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهَا سَتَرْجِعُ ثُمَّ قَالَتْ لَا اَفْضَحُ قَوْمِي سَائِرَ الْيَوْمِ . قَالَ فَمَضَتْ فَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا قَالَ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْصِرُوْهَا فَاِنْ جَاءَ تْ بِهٖ . قَالَ هِشَامٌ اَحْسَبُهُ قَالَ مِثْلَ قَوْلِ مُحَمَّدٍ وَاِنْ جَاءَ تْ بِهٖ اَكْحَلَ الْعَيْنَيْنِ سَابِغَ الْاَلْيَتَيْنِ مُدَمْلَجَ السَّاقَيْنِ فَهُوَ لِشَرِيْكِ ابْنِ سَحْمَاءَ . فَجَاءَ تْ بِهٖ كَذٰلِكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا مَا مَضٰى مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ لَكَانَ لِيْ وَلَهَا شَاْنٌ .

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہلال بن اُمیہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اپنی بیوی پر یہ الزام لگایا کہ اُس کے شریک بن سحماء کے ساتھ ناجائز تعلقات ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ثبوت پیش کرو ورنہ تم پر (زنا کا جھوٹا الزام لگانے کی) حد جاری ہوگی۔ ہلال نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو دیکھتا ہے' تو کیا وہ ثبوت (گواہ) تلاش کرنے چل پڑے گا؟ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہی فرماتے رہے: تم ثبوت پیش کرو ورنہ تم پر (زنا کا جھوٹا الزام لگانے کی) حد جاری ہوگی۔

راوی بیان کرتے ہیں: ہلال بن اُمیہ نے عرض کی: اُس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے! میں سچ کہہ رہا ہوں اور اللہ تعالیٰ میرے بارے میں کوئی ایسا حکم ضرور نازل کرے گا' جس کی وجہ سے مجھ پر حد جاری نہیں ہوگی۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت جبریل علیہ السلام نازل ہوئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل ہوئی:

''وہ لوگ جو اپنی بیویوں پر الزام لگاتے ہیں''۔

یہ آیت یہاں تک ہے:

''پانچویں مرتبہ وہ یہ کہے گی: اُس پر اللہ کا غضب نازل ہو' اگر وہ مرد سچا ہو''۔

راوی بیان کرتے ہیں: اُس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن دونوں کو بلوایا۔ راوی بیان کرتے ہیں: ہلال بن اُمیہ آئے' اُنہوں نے کھڑے ہو کر گواہی دی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ یہ بات جانتا ہے کہ تم دونوں میں سے کوئی ایک جھوٹا ہے' تو کیا تم میں سے کوئی ایک توبہ کرے گا؟ پھر وہ عورت کھڑی ہوئی اور اُس نے بھی گواہی دے دی' جب وہ پانچواں جملہ استعمال کرنے لگی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے رکوا دو! کیونکہ یہ (پانچویں گواہی اس کے لیے آخرت میں عذاب کو) لازم کر دے گی۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: وہ عورت ہچکچائی' اُس نے اپنا سر جھکایا یہاں تک کہ ہم نے یہ گمان کیا کہ اب وہ رجوع کر لے گی' لیکن پھر اُس نے کہا: میں اپنے قبیلے کو کبھی رسوا نہیں کروں گی۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر اُس نے (گواہی کو) پورا کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن دونوں کے درمیان علیحدگی کروا دی۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس عورت کا دھیان رکھنا اگر یہ ایسے بچے کو جنم دے۔

ہشام نامی راوی بیان کرتے ہیں: میرا خیال ہے کہ میرے استاد نے یہاں محمد نامی راوی کی مانند لفظ نقل کیے ہیں:

اور اگر اس عورت نے سرگیں آنکھوں بھاری سرین اور مضبوط پنڈلی والے بچے کو جنم دیا تو وہ شریک بن سحماء کی اولاد ہوگا' تو اُس عورت نے ایسے ہی بچے کو جنم دیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر اس بارے میں اللہ تعالیٰ کی کتاب کا حکم پہلے نہ آچکا ہوتا تو میرا اس عورت کے ساتھ سلوک مختلف ہوتا۔

3657- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ عِيْسَى بْنِ عَاصِمٍ قَالَ سَمِعْتُ شُرَيْحًا يَقُوْلُ قَالَ لِیْ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ (الَّذِیْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ) قُلْتُ وَلِیُّ الْمَرْاَةِ . قَالَ لَا بَلْ هُوَ الزَّوْجُ.

☆☆ قاضی شریح بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)
"وہ شخص جس کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہے"۔

میں نے پوچھا تھا: اس سے مراد عورت کا ولی ہے' تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں! اس سے مراد شوہر ہے۔

3658- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ وَّاَبُوْ سَلَمَةَ اَنَّ جُبَيْرَ بْنَ مُطْعِمٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةً مِنْ بَنِیْ نَصْرٍ فَطَلَّقَهَا قَبْلَ اَنْ يَّدْخُلَ بِهَا فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا بِالصَّدَاقِ كَامِلاً وَّقَالَ اَنَا اَحَقُّ بِالْعَفْوِ مِنْهَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى (اِلَّا اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَ الَّذِیْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ) وَاَنَا اَحَقُّ بِالْعَفْوِ مِنْهَا .

☆☆ یحییٰ بن عبدالرحمٰن اور ابوسلمہ بیان کرتے ہیں: حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نے بنونصر سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون کے ساتھ شادی کرلی' اور پھر رخصتی سے پہلے اُسے طلاق دے دی۔ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نے اُس عورت کو پورا مہر بھجوایا اور فرمایا: میں معاف کرنے کا' اُس عورت سے زیادہ حق رکھتا ہوں' (کیونکہ) اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:
"ماسوائے اس صورت کے' کہ وہ عورتیں معاف کردیں یا وہ شخص معاف کردے جس کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہے"۔

(حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) میں معاف کرنے کا' اُس عورت سے زیادہ حق رکھتا ہوں۔

3659- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلّٰى حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ زَائِدَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ يَحْيٰى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ بِهٰذَا نَحْوَهٗ.

۳۶۵۷- اخرجه ابن جرير في تفسيره (۱۵۱/۵) رقم (۵۳۱۵، ۵۳۱۶ - شاكر) و البيهقي (۲۵۱/۷) كتاب: الصداق، باب: من قال: الذي بيده عقدة النكاح...... من طريق عبيد الله بن عبد المجيد، ثنا جرير بن حازم...... به-

۳۶۵۸- اخرجه البيهقي في سننه (۲۵۱/۷) كتاب: الصداق، باب: من قال: الذي بيده عقدة النكاح...... من طريق محمد بن عمرو عن ابي سلمة ان جبير بن مطعم تزوج امراة...... به- وذكره السيوطي في الدر المنثور (۵۲۲/۱) و زاد نسبته الى الشافعي و عبد الرزاق و عبد بن حميد و ابن جرير و ابن المنذر-

۳۶۵۹- راجع الذي قبله-

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3660- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيدٍ الْمُؤَدِّبُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ قَالَ تَزَوَّجَ جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ امْرَاَةً فَطَلَّقَهَا قَبْلَ اَنْ يَدْخُلَ بِهَا فَقَرَاَ (اِلَّا اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَ الَّذِىْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ) قَالَ اَنَا اَحَقُّ بِالْعَفْوِ مِنْهَا فَسَلَّمَ لَهَا الْمَهْرَ كَامِلاً فَاَعْطَاهَا اِيَّاهُ.

☆☆ ابوسلمہ بیان کرتے ہیں: حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نے ایک خاتون کے ساتھ شادی کر لی' اور پھر رخصتی سے پہلے اُسے طلاق دے دی' اُنہوں نے یہ آیت تلاوت کی:

''ماسوائے اس صورت کے' کہ وہ عورتیں معاف کر دیں یا وہ شخص معاف کر دے جس کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہے''۔

(حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) میں معاف کرنے کا' اُس عورت سے زیادہ حق رکھتا ہوں' حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نے اُس عورت کو پورا مہر بھجوایا اور اُسے ادا کر دیا۔

3661- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِىُّ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ عِيْسَى بْنِ عَاصِمٍ عَنْ زَاذَانَ قَالَ قَالَ عَلِىٌّ اَلَّذِىْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ الزَّوْجُ .قَالَ سُفْيَانُ وَكَانَ ابْنُ شُبْرُمَةَ يَقُوْلُ هُوَ الزَّوْجُ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''جس شخص کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہے'' اس سے مراد شوہر ہے۔

سفیان بیان کرتے ہیں: ابن شبرمہ فرماتے ہیں: اس سے مراد شوہر ہے۔

3662- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْجُرْجَانِىُّ مِنْ اَصْلِهٖ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِىُّ عُقْدَةِ النِّكَاحِ الزَّوْجُ .

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: نکاح کی گرہ کے ولی سے مراد شوہر ہے۔

3663- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الدَّقِيقِىُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا

۳٦٦۰-راجع الذي قبله- ۳٦٦۱-تقدم اثر علي قريباً-

۳٦٦۲-اخرجه الطبراني في الاوسط (٦۳۵۹) من طريق ابن لهيعة...... به- و علقه البيهقي في السنن الكبرى (۷/۲۵۱) كتاب: الصداق، باب: من قال: الذي بيده عقدة النكاح...... فقال: وعدي عنابن لهيعة عن عمرو بن شعيب...... فذكره، ثم قال: (وهذا غير محفوظ و ابن لهيعة غير محتج به)- اه- قال الهيثمي في مجمع الزوائد (۳۲۰/٦): (فيه ابن لهيعة، و فيه ضعيف- اه-وذكره السيوطي في الدرالمنثور (۵۲۱/۱)، و زاد نسبته الى ابن جرير و ابن ابي حاتم-

۳٦٦۳-اخرجه البيهقي (۷/۲۵۲) كتاب: الصداق، باب: من قال: الذي بيده عقدة النكاح الولي: من طريق الدارقطني، به-

وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِىْ قَوْلِهٖ (اِلَّا اَنْ يَّعْفُونَ) قَالَ اَنْ تَعْفُوَ الْمَرْاَةُ (اَوْ يَعْفُوَ الَّذِىْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ) الْوَلِىُّ .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں کہتے ہیں:

''ماسوائے اس صورت کے کہ وہ عورتیں معاف کر دیں''۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یعنی وہ عورت معاف کر دے۔

''یا وہ شخص معاف کر دے جس کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہے''۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اس سے مراد ولی ہے۔

3664- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِىٍّ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِىْ عَمَّارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ هُوَ الزَّوْجُ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اس سے مراد شوہر ہے۔

3665- حَدَّثَنَا ابْنُ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ خُصَيْفٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ هُوَ الزَّوْجُ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اس سے مراد شوہر ہے۔

3666- حَدَّثَنَا ابْنُ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِىٍّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ وَاصِلِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ اَبَاهُ تَزَوَّجَ امْرَاَةً ثُمَّ طَلَّقَهَا قَبْلَ اَنْ يَّدْخُلَ بِهَا فَاَرْسَلَ بِالصَّدَاقِ وَقَالَ اَنَا اَحَقُّ بِالْعَفْوِ .

☆☆ محمد بن جبیر بیان کرتے ہیں: اُن کے والد (حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ) نے ایک خاتون کے ساتھ شادی کی اور پھر رخصتی سے پہلے اُسے طلاق دے دی' اُنہوں نے (اُس عورت کو) مہر بھجوایا اور بولے: میں معاف کرنے کا زیادہ حق رکھتا ہوں۔

3667- حَدَّثَنَا ابْنُ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ الَّذِىْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ الزَّوْجُ.

☆☆ سعید بن مسیب فرماتے ہیں: جس شخص کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہے' اُس سے مراد شوہر ہے۔

3668- حَدَّثَنَا ابْنُ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ عَنِ الشَّعْبِىِّ عَنْ شُرَيْحٍ قَالَ

٣٦٦٤–اخرجه ابن جرير الطبري (٢/ ٥٦٠–٥٦١) رقم (٥٣٢٠): حدثنا ابو هشام الرفاعي' به- و ابو هشام الرفاعي ضعيف' تقدم قبل ذلك-

٣٦٦٥–اخرجه ابن جرير في تفسيره (٢/ ٥٦١) رقم (٥٣٢٣) قال: حدثنا ابو هشام' حدثنا عبيد الله...... به-

٣٦٦٦–تقدم تخريجه قريباً-

٣٦٦٧–اخرجه البيهقي (٧/ ٢٥١) من طريق عبد الوهاب' انبا سعيد عن قتادة' به-

٣٦٦٨–اخرجه البيهقي (٧/ ٢٥١) من طريق الدارقطني' به- و في اسناده ابو هشام الرفاعي (ضعيف)-

هُوَ الزَّوْجُ اِنْ شَاءَ اَتَمَّ لَهَا الصَّدَاقَ .قَالَ الشَّيْخُ وَكَذٰلِكَ قَالَ نَافِعُ بْنُ جُبَيْرٍ وَّمُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ وَّطَاوٗسٌ وَّمُجَاهِدٌ وَّالشَّعْبِيُّ وَسَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ .وَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ وَعَلْقَمَةُ وَالْحَسَنُ هُوَ الْوَلِيُّ.

☆☆ قاضی شریح فرماتے ہیں: اس سے مراد شوہر ہے یعنی اگر وہ چاہے تو عورت کو مکمل مہر ادا کرے۔

شیخ فرماتے ہیں: نافع بن جبیر محمد بن کعب طاؤس مجاہد شعبی اور سعید بن جبیر نے اسی کی مانند بیان کیا ہے۔

ابراہیم علقمہ اور حسن بصری فرماتے ہیں: اس سے مراد ولی ہے۔

3669- حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَرْشِدٍ الْبَزَّارُ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيْدَ الْبَحْرَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ سُئِلَ عَنِ الْاُخْتَيْنِ مِمَّا مَلَكَتِ الْيَمِيْنُ فَقَالَ لَا اٰمُرُكَ وَلَا اَنْهَاكَ اَحَلَّتْهُمَا اٰيَةٌ وَّحَرَّمَتْهُمَا اٰيَةٌ فَخَرَجَ السَّائِلُ فَلَقِيَ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَعْمَرٌ اَحْسَبُهُ قَالَ عَلِيٌّ فَقَالَ مَا سَاَلْتَ عَنْهُ عُثْمَانَ فَاَخْبَرَهُ بِمَا سَاَلَهُ وَبِمَا اَفْتَاهُ فَقَالَ لَهُ لٰكِنِّيْ اَنْهَاكَ وَلَوْ كَانَ لِيْ عَلَيْكَ سَبِيْلٌ ثُمَّ فَعَلْتَ لَجَعَلْتُكَ نَكَالًا.

☆☆ قبیصہ بن ذؤیب بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے ایسی دو بہنوں کے بارے میں دریافت کیا گیا جو کسی کی ملکیت میں ہوں تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں ہدایت بھی نہیں کروں گا اور تمہیں منع بھی نہیں کروں گا کیونکہ ایک آیت انہیں حلال قرار دیتی ہے اور ایک آیت انہیں حرام قرار دیتی ہے۔

وہ سائل وہاں سے باہر نکلا تو اُس کی ملاقات ایک صحابی سے ہوئی۔

معمر نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: میرا خیال ہے وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے۔ اُنہوں نے دریافت کیا: تم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کس چیز کے بارے میں سوال کیا تھا؟ اُس شخص نے اپنے سوال کے بارے میں بتایا اور اُن کے جواب کے بارے میں بھی بتایا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُس سے فرمایا: میں تمہیں منع کروں گا اگر میرا تم پر کوئی (سرکاری تسلط) ہو اور پھر تم اس کا ارتکاب کرو تو میں تمہیں سزا دوں گا۔

3670- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ مَالِكٌ وَّيُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْمَرْاَةِ وَابْنَتِهَا مِنْ مِلْكِ الْيَمِيْنِ هَلْ تُوْطَاُ اِحْدَاهُمَا بَعْدَ الْاُخْرٰى فَقَالَ عُمَرُ لَا اُحِبُّ اَنْ تُجِيْزَهُمَا جَمِيْعًا .وَنَهَاهُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے یہ مسئلہ دریافت کیا گیا: اگر کوئی ماں اور بیٹی کسی شخص کی ملکیت میں آ جاتی ہیں تو کیا اُن میں سے ایک کے بعد دوسری سے صحبت کی جا سکتی ہے؟ تو

۳۶۶۹-اخرجه مالك في الموطا (۲/۵۳۸) و من طريقه الشافعي في مسنده (۲/رقم ۴۶-ترتيب) و من طريقهما معاً اخرجه البيهقي في السنن (۷/۱۶۳-۱۶۴) عن الزهري به-والرجل المبهم في الحديث: قال مالك: قال ابن شهاب: اراه علي بن ابي طالب-

۳۶۷۰-اخرجه مالك في الموطا (۲/۵۳۸) كتاب: النكاح باب: ما جاء في كراهية اصابة الاختين بملك اليمين و المراة و ابنتها رقم (۳۳) و من طريقه الشافعي في المسند (۲/رقم ۴۷-ترتيب)- ومن طريقهما اخرجه البيهقي (۷/۱۶۴) و اسناده صحيح - وذكره السيوطي في الدر (۲/۲۴۵) و زاد نسبته الى عبد الرزاق و ابن ابي شيبة و عبد بن حميد-

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں یہ پسند نہیں کروں گا کہ تم اُن دونوں کے ساتھ صحبت کرو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (سائل کو ایسا کرنے سے) منع کر دیا۔

3671- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابِرٍ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ عَرِيْبٍ قَالَ قُلْتُ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِنَّ عِنْدِیْ جَارِيَةً وَّاُمَّهَا وَقَدْ وَلَدَتَا لِیْ كِلْتَاهُمَا فَمَا تَرٰى قَالَ اٰيَةٌ تُحِلُّ وَاٰيَةٌ تُحَرِّمُ وَلَمْ اَكُنْ اَفْعَلُهُ اَنَا وَلَا اَهْلُ بَيْتِي۔

☆☆ عریب بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: ایک کنیز اور اُس کی ماں میری ملکیت میں ہیں' اُن دونوں نے میری اولاد کو جنم دیا ہے' آپ کی اس بارے میں کیا رائے ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایک آیت اسے حلال قرار دیتی ہے اور ایک آیت اسے حرام قرار دیتی ہے' میں ایسا نہیں کروں گا اور نہ ہی میرے خاندان کا کوئی فرد ایسا کرے گا۔

شرح:

صاحب ہدایہ لکھتے ہیں: دو بہنوں کو نکاح میں یا ملک یمین میں' صحبت کرنے میں جمع نہیں کیا جا سکتا۔

☆ اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

''اور یہ کہ تم دو بہنوں کو جمع کرو''۔

☆ اس کی دلیل' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''جو شخص اللہ تعالیٰ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو' وہ اپنے نطفے کو دو بہنوں کے رحم میں جمع نہ کرے''۔

(ہدایہ' کتاب النکاح)

صاحب ہدایہ نے تو دو بہنوں کو نکاح یا ملک یمین میں جمع کرنے کو ممنوع قرار دیا ہے' تو ماں اور بیٹی تو بدرجہ اولیٰ ملک یمین میں جمع نہیں ہو سکیں گی۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا ہے: میں ایسا نہیں کروں گا اور نہ ہی میرے خاندان کا کوئی فرد ایسا کرے گا۔

3672- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى اَخْبَرَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ طَارِقٍ عَنْ قَيْسٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ اَيَقَعُ الرَّجُلُ عَلَى الْجَارِيَةِ وَابْنَتِهَا تَكُوْنَانِ مَمْلُوْكَيْنِ لَهٗ قَالَ حَرَّمَتْهُمَا اٰيَةٌ وَّاَحَلَّتْهُمَا اٰيَةٌ وَّلَمْ اَكُنْ لِاَفْعَلَهٗ ۔

☆☆ طارق بن قیس بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا: کیا کوئی شخص اپنی کنیز اور اُس کی بیٹی دونوں کے ساتھ صحبت کر سکتا ہے' جبکہ وہ دونوں اُس کی ملکیت ہوں؟ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا:

۳۶۷۱-اخرجه البيهقي في السنن (۷/ ۱۶۴) من طريق عكرمة عن ابن عباس' نحوه- وذكره السيوطي في الدر (۲/ ۲۴۵)' وزاد نسبته الى عبد الرزاق-

۳۶۷۲-ذكره السيوطي في الدر المنثور (۲/ ۲۴۵)' وعزاه الى ابن ابي شيبة بهذا اللفظ-

ایک آیت نے ان دونوں کو حرام قرار دیا ہے اور ایک آیت نے انہیں حلال قرار دیا ہے' لیکن میں ایسا نہیں کروں گا۔

3673- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا تَزَوَّجَ الثَّيِّبَ فَلَهَا ثَلَاثٌ ثُمَّ يَقْسِمُ

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص کسی ثیبہ عورت کے ساتھ شادی کرے' تو اُس عورت کے ساتھ تین دن رہے' اُس کے بعد (بیویوں کے درمیان) تقسیم شروع کرے۔

3674- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ قِرَاءَةً عَلَيْهِ حَدَّثَنَا حَاجِبُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِلْبِكْرِ سَبْعَةُ اَيَّامٍ وَّلِلثَّيِّبِ ثَلَاثٌ ثُمَّ يَعُوْدُ اِلٰى نِسَائِهٖ.

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: کنواری کو سات دن ملیں گے اور ثیبہ کو تین دن ملیں گے' پھر آدمی اپنی بیویوں (کے درمیان برابری کی سطح پر وقت کی) تقسیم کرے گا۔

شرح: بیویوں کے درمیان تقسیم میں انصاف

صاحب ہدایہ لکھتے ہیں: جب کسی شخص کی دو آزاد بیویاں ہوں تو تقسیم کے اعتبار سے ان میں برابری کرنا اس شخص پر لازم ہے' خواہ وہ دونوں باکرہ ہوں یا دونوں ثیبہ ہوں' یا ان دونوں میں سے ایک باکرہ ہو اور دوسری ثیبہ ہو' اس کی دلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''جس شخص کی دو بیویاں ہوں اور وہ تقسیم میں ان میں سے کسی ایک کی طرف داری کرے' تو جب وہ قیامت کے دن آئے گا تو اس کا ایک پہلو جھکا ہوا ہوگا''۔

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج کے درمیان تقسیم کے معاملے میں انصاف سے کام لیتے تھے اور آپ یہ دعا کرتے تھے:

''اے اللہ! یہ میری تقسیم ہے اس کے بارے میں' میں مالک ہوں' تو اس چیز کے بارے میں مجھ سے مواخذہ نہ کرنا' جس کا میں مالک نہیں ہوں''۔

(صاحب ہدایہ فرماتے ہیں) یعنی کسی ایک کے ساتھ زیادہ محبت ہو' ہم نے جو روایت بیان کی ہے اس میں کوئی فصل نہیں ہے۔

۳۶۷۳- اخرجه احمد في مسنده (۲/ ۱۷۸): حدثنا ابن نمير عن حجاج عن عمرو بن شعيب...... به- و ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (۴/ ۳۲۶) و قال: (اخرجه احمد' و فيه الحجاج بن ارطاة و هو مدلس: و بقية رجاله ثقات)- اه-

اس بارے میں پرانی اور نئی بیویوں کی حیثیت برابر ہوگی' کیونکہ ہم نے جو روایت نقل کی ہے وہ مطلق ہے۔

اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے: تقسیم نکاح کے حقوق سے تعلق رکھتی ہے اور اس بارے میں بیویوں کے درمیان کوئی تفاوت نہیں ہے۔

بیوی کے پاس آنے جانے کی مقدار کتنی ہوگی اس کا اختیار شوہر کو ہے' کیونکہ اصل لازم چیز ان کے درمیان برابری رکھنا ہے' اس کا کوئی مخصوص طریقہ لازم نہیں ہے' اور جو برابری لازم ہے وہ رات بسر کرنے کے اعتبار سے ہے۔ صحبت کرنے کے حوالے سے نہیں ہے' کیونکہ اس کا تعلق طبیعت کی آمادگی کا ساتھ ہوتا ہے۔

اگر (ان دو بیویوں میں سے) ایک آزاد ہو اور دوسری کنیز ہو' تو تقسیم میں آزاد عورت کا حصہ دو تہائی ہوگا اور کنیز کا ایک تہائی ہوگا اس بارے میں ایک روایت منقول ہے۔

اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے: کنیز کی حلت آزاد عورت کی حلت سے کم ہوتی ہے' لہٰذا اس کے حقوق میں کمی ظاہر ہوگی۔

مکاتب کنیز' مدبر کنیز اور ام ولد کنیز عام کنیز کی مانند ہوں گی' کیونکہ ملکیت کا پہلو ان میں موجود ہے۔ (ہدایہ کتاب النکاح)

اگر بیویوں میں سے کوئی ایک' اپنے مخصوص حصے کو اپنی سوکن کے لئے ترک کرنے پر راضی ہو جائے تو ایسا کرنا جائز ہے۔

اس کی دلیل یہ ہے: سیدہ سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ درخواست کی تھی کہ آپ ان سے رجوع کر لیں اور وہ اپنی باری کا مخصوص دن سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو دے دیتی ہیں۔

تاہم بیوی کو اس بات کا اختیار ہے: وہ اس بارے میں اپنے مؤقف سے رجوع کر لے' کیونکہ اس نے اپنے ایک ایسے حق کو ساقط کیا ہے' جو واجب نہیں ہے' لہٰذا وہ ساقط نہیں ہوگا' باقی اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

3675- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِى بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّهَا قَالَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَخَذَتْ بِثَوْبِهٖ كُنْ عِنْدِى الْيَوْمَ قَالَ اِنْ شِئْتِ كُنْتُ عِنْدَكِ الْيَوْمَ وَقَاصَصْتُكِ بِهٖ . ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلثَّيِّبِ ثَلَاثٌ وَّلِلْبِكْرِ سَبْعُ لَيَالٍ .

☆☆ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اُنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی' اُنہوں

۳۶۷۴- اخرجه الدارمي في النكاح (۲/ ۱۴۴) باب: الاقامة عند الثيب و البكر اذا بنى بها' و ابن ماجه في النكاح (۱/ ۶۱۷) باب: الاقامة على البكر و الثيب (۱۹۱۷)' و ابو نعيم في الحلية (۲/ ۲۸۸) (۲/ ۱۳) من طرق عن ابن اسحاق' به- واخرجه البخاري في النكاح (۹/ ۳۱۳-۳۱۴) باب: اذا تزوج البكر على الثيب (۵۲۱۳)' و (۵۲۱۴) باب: اذا تزوج الثيب على البكر' و مسلم في الرضاع (۲/ ۱۰۸۴) باب: قدر ما تستحقه البكر و الثيب من اقامة الزوج (۱۴۶۱)' و ابو داود في النكاح (۲/ ۵۹۵) باب: في المقام عند البكر (۲۱۲۲)' و الترمذي في النكاح (۲/ ۴۴۵) باب: ما جاء في القسمة للبكر و الثيب (۱۱۳۹)' و ابن ماجه في النكاح (۱/ ۶۱۷) باب: الاقامة على البكر و الثيب (۱۹۱۶)' و ابن الجارود (۷۲۴)' و الطحاوي في المعاني (۳/ ۲۷-۲۸)' و ابن حبان (۴۲۰۸)' و البيهقي في الكبرى (۷/ ۳۰۱-۳۰۲) من طرق عن ابي قلابة' بنحوه- واخرجه مالك في النكاح (۲/ ۵۳۰) باب: المقام عند البكر و الايم' و من طريقه الطحاوي في المعاني (۳/ ۲۸)' عن حميد عن انس موقوفاً- و اخرجه الطحاوي (۳/ ۲۸)' و البيهقي (۷/ ۳۰۲) من طرق عن حميد' به موقوفاً- و رفعه سفيان عن حميد عن انس - اخرجه ابن حبان (۴۲۰۹)- ووقفه قتادة عن انس: اخرجه البيهقي (۷/ ۳۰۲) من طريق سعيد بن ابي عروبة عن قتادة عن انس موقوفاً عليه-

نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دامن تھام کر (یہ کہا:) آپ صلی اللہ علیہ وسلم آج کا دن میرے ہاں رہیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم چاہو تو میں آج کا دن تمہارے پاس ٹھہر جاتا ہوں اور پھر تم سے اس کے بدلے میں (پھر کسی دن تقسیم میں سے تمہارا دن منہا کرلوں گا)۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ثیبہ کو تین دن ملیں گے اور کنواری کو سات دن ملیں گے۔

3676- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ بْنِ مَالِجٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ قَالَ تَزَوَّجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمَّ سَلَمَةَ فِي شَوَّالٍ وَّجَمَعَهَا فِي شَوَّالٍ وَّقَالَ إِنْ شِئْتِ أَنْ أُسَبِّعَ عِنْدَكِ وَأُسَبِّعَ عِنْدَ صَوَاحِبَاتِكِ وَإِلَّا فَثَلَاثَتُكِ ثُمَّ أَدُورُ عَلَيْكِ فِي لَيْلَتِكِ . قَالَتْ بَلْ ثَلَاثٌ لِّي يَا رَسُولَ اللَّهِ .

☆☆ عبدالملک بن ابوبکر بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شوال کے مہینے میں سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کی' شوال کے مہینے میں ہی اُن کی رخصتی ہوئی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم چاہو تو میں سات دن تمہارے ساتھ رہتا ہوں اور پھر سات' سات دن تمہاری ساتھی خواتین (سوکنوں) کے ساتھ رہوں گا' ورنہ (دوسری صورت یہ ہے:) میں تین دن تمہارے ساتھ رہتا ہوں اور پھر تمہاری باری کے دن تمہارے پاس آ جاؤں گا' سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! (ابھی) آپ صلی اللہ علیہ وسلم تین دن میرے ساتھ رہیں!

3677- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَخْتَرِيِّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْخَلِيلِ حَدَّثَنَا الْوَاقِدِيُّ ح وَأَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي الثَّلْجِ حَدَّثَنَا جَدِّي حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عَيَّاشٍ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ.

قَالَ وَأَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا حِينَ دَخَلَ

٣٦٧٥-راجع الحديث التالي و الذي بعده-

٣٦٧٦-اخرجه مالك في النكاح (٥٢٩/٢) باب: المقام عند البكر و الايم' عن عبد الله بن ابي بكر' به- و من طريق مالك رواه الشافعي في المسند (٣٦/٢)' و مسلم في الرضاع (١٤٦٠) (٤٢) باب: قدر ما تستحقه البكر و الثيب مناقامة الزوج عندها عقب الزفاف' و ابن سعد في الطبقات الكبرى (٩٢/٨)' و الطحاوي في المعاني (٢٩/٣)' و البيهقي في الكبرى (٣٠٠/٧)- قال ابن عبد البر في التمهيد (٢٤٣/١٧): (هذا حديث ظاهر الانقطاع' و هو متصل مسند صحيح' وقد سمعه ابو بكر من ام سلمة)- اه- ثم اخذ في سرد طرق الحديث-

٣٦٧٧-اخرجه عبد الرزاق (١٠٦٤٦)' من طريقه الطبراني (٢٣/رقم ٥٩١)' و ابن ابي شيبة (٢٧٧/٤)' و احمد (٢٩٢/٦)' و الدارمي (١٤٤/٢)' و مسلم في الرضاع (٤١/١٤٦٠) باب: قدر ما تستحقه البكر و الثيب من اقامة الزوج عندها عقب الزفاف' و ابو داود في النكاح (٢١٢٢) باب: في المقام عند البكر' و النسائي في عشرة النساء (٧٩)' و ابن ماجه في النكاح (١٩١٧) باب: الاقامة على البكر و الثيب' و ابن سعد (٩٤/٨)' و الطحاوي في المعاني (٢٩/٣)' و ابن حبان (٤٢١٠)' و الطبراني في الكبير (٢٣/رقم ٥٩٢)' و البيهقي في الكبرى (٣٠١/٧) من طريق ابي بكر بن عبد الرحمن بن الحارث بن هشام عن ام سلمة' به- و اخرجه عمر بن ابي سلمة عن ام سلمة' بنحوه- اخرجه احمد في مسند (٢٩٥/٦' ٣١٤)' و الطبراني في الكبير (٢٣/رقم ٥٠٦)' و الطحاوي في المعاني (٢٩/٣)' و ابن عبد البر في التمهيد (٢٤٤/١٧)-

بِهَا لَيْسَ بِكِ هَوَانٌ عَلٰى اَهْلِكِ اِنْ شِئْتِ اَقَمْتُ مَعَكِ ثَلَاثًا خَالِصَةً لَكِ وَاِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ لَكِ ثُمَّ سَبَّعْتُ لِنِسَائِي . فَقَالَتْ تُقِيْمُ مَعِي ثَلَاثًا خَالِصَةً . فَاَخَذَ مَالِكٌ وَّابْنُ اَبِىْ ذِئْبٍ بِسَبْعٍ لِلْبِكْرِ وَثَلَاثٍ لِلثَّيِّبِ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

عبدالملک بن ابوبکر اپنے والد کے حوالے سے سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جب اُن کی رخصتی ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا: تم اپنے شوہر کے نزدیک کم حیثیت کی مالک نہیں ہو، اگر تم چاہو تو میں تمہارے ساتھ تین دن قیام کرتا ہوں جو صرف تمہارے لیے ہوں گے (دیگر ازواج کو اپنی باری کے حساب سے ایک ایک دن ملے گا) اور اگر تم چاہو تو میں تمہارے ساتھ سات دن رہتا ہوں لیکن پھر اپنی تمام بیویوں (میں سے ہر ایک کے ساتھ) سات سات دن رہوں گا، تو سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ساتھ تین دن رہیں!

امام مالک اور ابن ابی ذئب نے اس سے یہ حکم اخذ کیا ہے: کنواری کے ساتھ سات دن رہا جائے گا اور ثیبہ کے ساتھ تین دن رہا جائے گا۔

3678 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَخْتَرِيِّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْخَلِيْلِ حَدَّثَنَا الْوَاقِدِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ضَمْرَةَ بْنِ سَعِيْدٍ الْمَازِنِيُّ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَلْمَانَ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ عَنْ رَيْطَةَ بِنْتِ هِشَامٍ وَّاُمِّ سُلَيْمٍ بِنْتِ نَافِعِ بْنِ عَبْدِ الْحَارِثِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح.

وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ حَدَّثَنَا الْوَاقِدِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَزِيْدَ الْمَكِّيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اُمِّ سُلَيْمٍ بِنْتِ نَافِعِ بْنِ عَبْدِ الْحَارِثِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبِكْرُ اِذَا نَكَحَهَا رَجُلٌ وَّلَهُ نِسَاءٌ لَهَا ثَلَاثُ لَيَالٍ وَّلِلثَّيِّبِ لَيْلَتَانِ.

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (حدیث کا متن اگلی سند کے بعد ہے)۔

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب آدمی کسی کنواری کے ساتھ شادی کرے اور آدمی کی پہلے سے بیویاں موجود ہوں، تو اُس کنواری کو تین دن ملیں گے اور اگر ثیبہ (کے ساتھ شادی کرے تو اُسے) دو دن ملیں گے۔

3679 - حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ زَنْجُوَيْهِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِىْ اُوَيْسٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى الزِّنَادِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَلَّمَا كَانَ يَوْمٌ - اَوْ قَالَتْ قَلَّ يَوْمٌ - اِلَّا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ عَلٰى نِسَائِهِ فَيَدْنُوْ مِنْ كُلِّ امْرَاَةٍ مِّنْهُنَّ فِىْ مَجْلِسِهٖ فَيُقَبِّلُ وَيَمَسُّ مِنْ

۳۶۷۸- مدار الحديث على (محمد بن عمر الواقدي) و هو متروك- و الحديث لم اجده عند غير الدارقطني-

۳۶۷۹- اخرجه ابو داود في النكاح (۲۴۹/۲) باب: في القسم بين النساء (۲۱۳۵) عن احمد بن يونس' ثنا عبد الرحمن' يعني: ابن ابي الزناد...... به- و اخرجه احمد (۱۰۷/۶): حدثنا ابن سريج عن عبد الرحمن بن ابي الزناد...... به-

غَيْرِ مَسِيسٍ وَلَامُبَاشَرَةٍ .قَالَتْ ثُمَّ يَبِيتُ عِنْدَ الَّتِي هُوَ يَوْمُهَا .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اکثر ایسا ہوتا تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی تمام ازواج کے پاس تشریف لے جایا کرتے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج کو اپنے پاس بٹھاتے تھے' اُن کا بوسہ لیتے تھے' اُنہیں چھو لیتے تھے' البتہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُن کے ساتھ صحبت یا مباشرت نہیں کرتے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُس اہلیہ کے ہاں رات بسر کرتے تھے جس کی باری کا دن ہوتا تھا۔

3680- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ اَخُو زُبَيْرٍ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ زَنْجَوَيْهِ بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ وَقَالَ فِي حَدِيثِهِ فَيُقَبِّلُ وَيَلْمَسُ مِنْ غَيْرِ مَسِيسٍ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم صحبت نہیں کرتے تھے' صرف چھو لیتے تھے۔

3681- اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ مِهْرَانَ الصَّوَّاقُ حَدَّثَنَا اَبُو يَحْيَى مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ غَالِبٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْاُمَوِيُّ عَنْ حَجَّاجٍ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ اِذَا تَزَوَّجَتِ الْحُرَّةُ عَلَى الْاَمَةِ قَسَمَ لَهَا يَوْمَيْنِ وَلِلْاَمَةِ يَوْمًا اِنَّ الْاَمَةَ لَا يَنْبَغِي لَهَا اَنْ تَزَوَّجَ عَلَى الْحُرَّةِ .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب تم کسی آزاد عورت کے ساتھ شادی کرو اور تمہاری پہلی بیوی کنیز ہو' تو تم آزاد عورت کو دو دن دو گے اور کنیز کو ایک دن دو گے' البتہ اگر پہلی بیوی آزاد عورت ہو' تو کسی کنیز کے ساتھ شادی کرنا مناسب نہیں ہے۔

3682- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِي لَيْلَى عَنِ الْمِنْهَالِ عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَسَدِيِّ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ كَانَ يَقُولُ اِذَا تَزَوَّجَ الْحُرَّةَ عَلَى الْاَمَةِ قَسَمَ لِلْاَمَةِ الثُّلُثَ وَلِلْحُرَّةِ الثُّلُثَيْنِ .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب پہلی بیوی کنیز ہو اور پھر کوئی آزاد عورت کے ساتھ شادی کر لے' تو تقسیم میں کنیز کا حصہ ایک تہائی ہوگا اور آزاد عورت کا حصہ دو تہائی ہوگا۔

۳۶۸۰-راجع الذي قبله-

۳۶۸۱-اخرجه البيهقي في الكبرى (۱۷۵/۷) من طريق الدارقطني' به- و في اسناده الحجاج بن ارطاة' و هو ضعيف؛ كما تقدم- واخرجه سعيد بن منصور في سننه (۲۳۶/۱) رقم (۷۲۵)من طريق ان ابي ليلى عن المنهال بن عمرو ند و عباد بن عبد الله الاسدي عن علي ابن ابي طالب- رضي الله عنه- انه كان يقول اذا تزوج الحرة على الامة فقسم بينهما؛ (للامة الثلث و للحرة الثلثان)- وطريق عباد سياتي في الذي بعده-

۳۶۸۲-هو عند سعيد بن منصور في السنن رقم (۷۲۵) كما تقدم في الذي قبله- و اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۷۸/۲) عن الثوري عن ابن ابي ليلى' به-

3683- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدِ بْنِ حَفْصٍ قَالَا حَدَّثَنَا حُبَيْشُ بْنُ مُبَشِّرٍ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الْفَقِيهُ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا.

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کر دیا اور اُن کی آزادی کو اُن کا مہر قرار دیا۔

3684- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَابْنُ مَخْلَدٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ الْمُبَارَكِ يُعْرَفُ بِأَعْرَابِيٍّ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ وَتَزَوَّجَهَا وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا.

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کر کے اُن کے ساتھ شادی کر لی اور اُن کی آزادی کو اُن کا مہر قرار دیا۔

3685- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ الدَّقِيقِيُّ إِمْلَاءً مِنْ كِتَابِهِ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ سَلَّامٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ ثُمَّ تَزَوَّجَهَا وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا کو آزاد کر کے اُن کے ساتھ شادی کر لی اور اُن کی آزادی کو اُن کا مہر قرار دیا۔

3686- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ زَاجٌ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ وَتَزَوَّجَهَا وَجَعَلَ مَهْرَهَا عِتْقَهَا.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کر کے اُن کے ساتھ شادی کر لی اور اُن کا مہر اُن کی آزادی کو قرار دیا۔

3687- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا قُرَادٌ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ غَزْوَانَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ تَزَوَّجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ .فَقَالَ لَهُ ثَابِتٌ مَا أَصْدَقَهَا قَالَ أَصْدَقَهَا نَفْسَهَا أَعْتَقَهَا ثُمَّ تَزَوَّجَهَا.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کے

۳۶۸۳- تقدم- ۳۶۸۴- تقدم-
۳۶۸۵- تقدم- ۳۶۸۶- انظر السابق-
۳۶۸۷- انظر السابق-

ساتھ شادی کرلی۔

ثابت بیان کرتے ہیں: میں نے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں کیا مہر ادا کیا تھا؟ تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں اُن کی ذات مہر کے طور پر ادا کی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں آزاد کر کے پھر اُن کے ساتھ شادی کی تھی۔

3688- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالاَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ السَّوَّاقُ حَدَّثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِىْ سُلَيْمَانَ عَنْ مَّطَرٍ الْوَرَّاقِ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سُئِلَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عَنِ الرَّجُلِ يُعْتِقُ جَارِيَتَهُ ثُمَّ يَتَزَوَّجُهَا فَقَالَ اَلَمْ يُعْتِقْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيِّ بْنِ اَخْطَبَ وَجُوَيْرِيَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ بْنِ اَبِىْ ضِرَارٍ وَّجَعَلَ عِتْقَهُمَا مَهْرَهُمَا وَتَزَوَّجَهُمَا.

☆☆ قتادہ بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو اپنی کنیز کو آزاد کر کے' اُس کے ساتھ شادی کر لیتا ہے' تو اُنہوں نے فرمایا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا اور سیّدہ جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہا کو آزاد نہیں کیا تھا' اور اُن کی آزادی کو اُن کا مہر قرار دے کر اُن کے ساتھ شادی کر لی تھی۔

3689- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ ثَابِتٍ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ يَّعْقُوْبَ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الَّذِىْ يَقَعُ عَلٰى امْرَاَتِهٖ وَهِىَ حَائِضٌ قَالَ يَتَصَدَّقُ بِدِيْنَارٍ اَوْ بِنِصْفِ دِيْنَارٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے شخص کے بارے میں' جو اپنی بیوی کے حیض کے دوران' اُس کے ساتھ صحبت کر لیتا ہے' اُس کے بارے میں یہ فرمایا ہے: وہ شخص ایک دینار (راوی کا شک ہے شاید) نصف دینار صدقہ کرے۔

3690- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْبَاهِلِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَنَانٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَرَّرٍ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ مَالِكٍ وَّخُصَيْفٍ وَّعَلِيِّ بْنِ بَذِيْمَةَ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَقَعَ عَلٰى امْرَاَتِهٖ وَهِىَ حَائِضٌ فَلْيَتَصَدَّقْ بِدِيْنَارٍ اَوْ نِصْفِ دِيْنَارٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنی بیوی کے حیض کے دوران' اُس کے ساتھ صحبت کر لیتا ہے' وہ ایک دینار (راوی کو شک ہے شاید) نصف دینار صدقہ کرے۔

3691- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ دَاوُدَ الْقَنْطَرِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الرَّمْلِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ الصَّلْتِ الشَّيْبَانِىُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ وَعَلِيِّ بْنِ بَذِيْمَةَ

٣٦٨٨- انظر السابق- ٣٦٨٩- تقدم-
٣٦٩٠- تقدم- ٣٦٩١- تقدم-

وَخُصَيْفٍ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَتٰى امْرَاَتَهُ فِى الدَّمِ فَعَلَيْهِ دِيْنَارٌ وَّفِى الصُّفْرَةِ نِصْفُ دِيْنَارٍ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنی بیوی کے ساتھ اُس وقت صحبت کرے' جب اُس کا (حیض کا) خون (خارج ہو رہا ہو) اُس پر ایک دینار (صدقہ کرنا) لازم ہوگا اور (اگر) زرد (مواد خارج ہو رہا ہو) تو نصف دینار (صدقہ کرنا) لازم ہوگا۔

3692- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْجُنَيْدِ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ الرَّازِىُّ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا كَانَ الدَّمُ عَبِيطًا فَلْيَتَصَدَّقْ بِدِيْنَارٍ وَّاِنْ كَانَ صُفْرَةً فَبِنِصْفِ دِيْنَارٍ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنی بیوی کے ساتھ اُس وقت صحبت کرے' جب اُس کا (حیض کا) عبیط (گہرے سرخ رنگ کا مواد خارج ہو رہا ہو) اُس پر ایک دینار (صدقہ کرنا) لازم ہوگا اور (اگر) زرد (مواد خارج ہو رہا ہو) تو نصف دینار (صدقہ کرنا) لازم ہوگا۔

3693- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ اَخْبَرَنِىْ عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ اَخْبَرَنِى ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ جُرَيْجٍ الْمَكِّىِّ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْبَصْرِىِّ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ اَنَّ مِقْسَمًا مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ الْوَاطِءَ فِى الْعِرَاكِ بِصَدَقَةِ دِيْنَارٍ وَّاِنْ وَطِئَهَا بَعْدَ اَنْ تَطْهُرَ وَلَمْ تَغْتَسِلْ فَصَدَقَتُهُ نِصْفُ دِيْنَارٍ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: (عورت کے) حیض کے دوران صحبت کرنے والے شخص (کیلئے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دینار صدقہ کرنے کی ہدایت کی ہے اور کوئی شخص عورت کے پاک ہو جانے کے بعد اور غسل کرنے سے پہلے' عورت کے ساتھ صحبت کرلے' تو اُسے نصف دینار صدقہ کرنا ہوگا۔

3694- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ وَيَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ قَالَا حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ الْعَبْدِىُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِىِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اسْتَحْيُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِىْ مِنَ الْحَقِّ لَا يَحِلُّ مَاْتَاكَ النِّسَاءَ فِىْ حُشُوْشِهِنَّ ۔

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: تم حیاء کرتے رہو! بے

۳٦۹۲-تقدم-

۳٦۹۳-تقدم-

۳٦۹٤-ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (۳۰۲/٤) وقال: رواه احمد من حديث علي بن ابي طالب، ورجاله ثقات، وقد اخرجه اصحاب السنن من طريق علي بن طلق الحنفي)- اه-قلت: حديث علي بن طلق اخرجه ابو داود (۲۰۵) و الترمذي (۱۱٦٤) و احمد (۸٦/۱)- و انظر: نصب الراية (٦۳/۲)-

شک اللہ تعالیٰ حق بات (بیان کرنے) سے حیاء نہیں کرتا' خواتین کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرنا جائز نہیں ہے۔

3695- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ عَنِ ابْنِ مَوْهَبٍ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهُ كَانَ لَهَا غُلَامٌ وَّجَارِيَةٌ فَاَرَادَتْ عِتْقَهُمَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْدَئِي بِالْغُلَامِ.

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں منقول ہے: اُن کا ایک غلام اور ایک کنیز تھے' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اُنہیں آزاد کرنے کا ارادہ کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد کیا: پہلے غلام کو آزاد کرو۔

3696- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْقَاضِيْ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْاَعْرَجُ . وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْقَاضِيْ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَا حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَوْهَبٍ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهُ كَانَ لَهَا غُلَامٌ وَّجَارِيَةٌ زَوْجٌ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ اَعْتِقَهُمَا . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ اَعْتَقْتِيهِمَا فَابْدَئِي بِالرَّجُلِ قَبْلَ الْمَرْاَةِ.

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں منقول ہے: اُن کا ایک غلام اور ایک کنیز تھے' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! میں انہیں آزاد کرنا چاہتی ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم ان دونوں کو آزاد کرنا چاہتی ہو' تو عورت سے پہلے مرد کو آزاد کرو۔

3697- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَا حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِبَرِيْرَةَ اِنْ شِئْتِ اَنْ تَسْتَقِرِّيْ تَحْتَ هٰذَا الْعَبْدِ وَاِنْ شِئْتِ فَارِقِيْهِ فَفَارَقَتْهُ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بریرہ سے فرمایا: اگر تم اس غلام کی بیوی رہنا چاہتی ہو' تو ٹھیک ہے اور اگر تم اس سے علیحدگی اختیار کرنا چاہتی ہو (تو بھی تمہاری مرضی ہے) تو بریرہ نے اُس سے علیحدگی اختیار کر لی۔

3698- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ بِاِسْنَادِهٖ قَالَ وَكَانَتْ تَحْتَ

٣٦٩٥-اخرجه النسائي في الطلاق (١٦١/١٦) باب: خيار المملوكين يعتقان (٣٤٤٦) و في الكبرى: كما في التحفة (٢٨٠/١٢) و ابن ماجه (٢٥٣٢) من طريق حماد بن مسعدة' به- و راجع الذي بعده-

٣٦٩٦-اخرجه ابو داود في سننه (٢٢٣٧) كتاب: الطلاق' باب: في المملوكين يعتقان معاً' هل تخير امراته؟ و ابن ماجه (٢٥٣٢) كلاهما من طريق عبيد الله بن عبد المجيد عن ابن موهب' به- و انظر الحديث السابق-

٣٦٩٧-اخرجه احمد (١٨٠/٦) قال: حدثنا عثمان بن عمر' حدثنا اسامة بن زيد' به- و من طريق عثمان بن عمر اخرجه البيهقي في السنن ايضاً (٢٢٠/٧) و اخرجه احمد (٢٠٧/٦' ٢٠٩) و ابنماجه في سننه (٦٧١/١) كتاب : الطلاق' باب: خيار الامة اذا اعتقت' الحديث (٢٠٧٦) من طريق وكيع عن اسامة بن زيد' به- و اخرجه ابن خزيمة في صحيحه (٢٤٤٩): حدثنا محمد بن العلاء بن كريب' حدثنا ابو اسامة عن هشام بن عروة عن عبد الرحمن بن القاسم' به-و قد تقدم تخريج حديث عائشة هنا من طرق-

عَبْدٍ فَلَمَّا اَعْتَقَتْهَا قَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ شِئْتِ اَنْ تَمْكُثِي تَحْتَ هٰذَا الْعَبْدِ وَاِنْ شِئْتِ اَنْ تُفَارِقِيهِ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: وہ (بریرہ) ایک غلام کی بیوی تھی' جب سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اُسے آزاد کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے فرمایا: اگر تم چاہو' تو اس غلام کی بیوی رہو اور اگر چاہو' تو اس سے علیحدگی اختیار کرلو۔

3699- حَدَّثَنَا اَخُو زُبَيْرٍ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى وَاَبُوْ اُسَامَةَ قَالاَ حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ نَحْوَهُ وَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْتَارِى اِنْ رَضِيتِ اَنْ تَكُوْنِىْ تَحْتَ هٰذَا الْعَبْدِ وَاِنْ شِئْتِ فَارِقِيهِ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: اگر تم اس غلام کی بیوی رہنے پر راضی ہو' تو اسے اختیار کرلو اور اگر تم چاہو' تو اس سے علیحدگی اختیار کرلو۔

3700- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ سَنْدَوَيْهِ حَبْشُوْنُ الْبُنْدَارُ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ وَخَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ زَوْجُهَا عَبْدًا وَلَوْ كَانَ زَوْجُهَا حُرًّا مَا خَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے (یعنی سیّدہ بریرہ رضی اللہ عنہا کو) اختیار دیا تھا' اُس کا شوہر غلام تھا' (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:) اگر اُس کا شوہر آزاد شخص ہوتا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُسے اختیار نہ دیتے۔

3701- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنَا عَمِّى حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِىْ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ وَالزُّهْرِىُّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَتْ بَرِيْرَةُ عِنْدَ عَبْدٍ فَاُعْتِقَتْ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْرَهَا بِيَدِهَا.

الْمُثَنَّى بْنِ الصَّبَّاحِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ إِنَّ ابْنِي هَذَا كَانَ بَطْنِي لَهُ وِعَاءً وَّحَجْرِي لَهُ حِوَاءً وَّثَدْيِي لَهُ سِقَاءً وَّإِنَّ أَبَاهُ يُرِيدُ أَنْ يَنْزِعَهُ مِنِّي قَالَ لَا أَنْتِ أَحَقُّ بِهِ مَا لَمْ تَزَوَّجِي.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور بولی: یہ میرا بیٹا ہے' میرا پیٹ اس کیلئے برتن تھا' میری گود اس کیلئے پناہ گاہ تھی' میری چھاتی اس کیلئے سیرابی کا ذریعہ تھی' اور اب اس کا باپ اسے مجھ سے جدا کرنا چاہتا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسا نہیں ہوسکتا' تم (اس کی پرورش) کی زیادہ حق دار ہو' جب تک تم (دوسری شادی) نہیں کر لیتی۔

3753- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنْ أَبِي الْعَوَّامِ عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ الصَّبَّاحِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ امْرَأَةً خَاصَمَتْ زَوْجَهَا فِي وَلَدِهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَرْأَةُ أَحَقُّ بِوَلَدِهَا مَا لَمْ تَزَوَّجْ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک خاتون کا اپنے بچے کے بارے میں اپنے (سابقہ) شوہر سے جھگڑا ہو گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورت اپنی اولاد (کی پرورش کرنے) کی زیادہ حق دار ہوتی ہے' جب تک وہ (دوسری) شادی نہ کرے۔

3754- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنِي يُوسُفُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ امْرَأَةً جَاءَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِابْنٍ لَهَا قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ بَطْنِي كَانَ لَهُ وِعَاءً وَّثَدْيِي كَانَ لَهُ سِقَاءً وَّحَجْرِي كَانَ لَهُ حِوَاءً وَّإِنَّ أَبَاهُ يُرِيدُ أَنْ يَنْتَزِعَهُ مِنِّي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْتِ أَحَقُّ بِهِ مَا لَمْ تَتَزَوَّجِي.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی: یارسول اللہ! میرا پیٹ اس کیلئے برتن تھا' میری چھاتی اس کیلئے سیرابی کا ذریعہ تھا اور میری گود اس کیلئے پناہ گاہ تھی' اب اس کا باپ اسے مجھ سے الگ کرنا چاہتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اس (کی پرورش) کی زیادہ حق دار ہو' جب تک تم (دوسری) شادی نہیں کر لیتی۔

3755- حَدَّثَنَا أَبُو طَلْحَةَ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْفَزَارِيُّ حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ

٣٧٥٢- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (٧/١٥٣) باب: اي الابوين احق بالولد (١٢٥٩٦): اخبرنا المثنى بن الصباح' به-

٣٧٥٣- اخرجه ابو داود في الطلاق (٢/٢٩٢) باب: من احق بالولد (٢٢٧٦)' و الحاكم في الطلاق (٢/٢٠٧) من طريق الاوزاعي' حدثني عمرو بن شعيب' به- وقال الحاكم: (حديث صحيح الاسناد' و لم يخرجاه)- اه-

٣٧٥٤- اخرجه عبد الرزاق (٧/١٥٣) باب: اي الابوين احق بالولد (١٢٥٩٧): اخبرنا ابن جريج' به- و اخرجه احمد (٢/١٨٢): ثنا روح' ثنا ابن جريج' به-

٣٧٥٥- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (٦/٢٥٣) باب: اجل العنين (١٠٧٢٠) عن معمر' به- واخرجه قتادة عن ابن المسيب' بنحوه- اخرجه ابن ابي شيبة (١٦٥٠٢)' و البيهقي (٧/٢٢٦)-

حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عُمَرَ قَالَ يُؤَجَّلُ الْعِنِّينُ سَنَةً.

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''عنین'' شخص کو ایک سال کی مہلت دی جائے گی۔

شرح: عنین کو دی جانے والے مہلت کا حکم

صاحب ہدایہ لکھتے ہیں: جب شوہر عنین (نامرد) ہو تو قاضی اسے ایک سال کی مہلت دے گا اگر وہ مرد اس عورت کے ساتھ صحبت کر لیتا ہے تو ٹھیک ہے ورنہ قاضی ان دونوں کے درمیان علیحدگی کروا دے گا۔ جب عورت اس کا مطالبہ کرے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اسی طرح روایت کیا گیا ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے: صحبت کرنے میں عورت کا حق ثابت ہے اور اس بات کا احتمال موجود ہے کہ یہ رکاوٹ کسی عارضی علت کی وجہ سے ہو اور اس بات کا بھی احتمال موجود ہے کہ یہ اصل آفت ہو اس لیے کوئی مدت ضروری ہوگی جس میں اس بات کا پتہ چل سکے تو وہ مدت ہم نے ایک سال مقرر کی ہے کیونکہ وہ چاروں موسموں پر مشتمل ہوتی ہے۔

جب یہ مدت گزر جائے گی اور پھر بھی مرد عورت کے ساتھ صحبت نہیں کر سکے گا تو یہ بات واضح ہو جائے گی کہ اس کا عاجز ہونا اصل آفت کے اعتبار سے ہے اس لیے امساک بالمعروف کا پہلو فوت ہو جائے گا اور تسریح بالاحسان اس پر لازم ہو جائے گا۔

اگر وہ اس سے انکار کرتا ہے تو قاضی اس کا قائم مقام بن جائے گا اور ان دونوں کے درمیان علیحدگی کروا دے گا لیکن اس کے لئے عورت کا مطالبہ کرنا ضروری ہے کیونکہ یہ عورت کا حق ہے۔

یہ علیحدگی ایک بائنہ طلاق شمار ہوگی اس کی وجہ یہ ہے: قاضی کے فعل کی نسبت شوہر کے فعل کی طرف کی جائے گی گویا کہ مرد نے بذات خود اسے طلاق دی ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ فسخ شمار ہوگا لیکن ہمارے نزدیک فسخ نہیں ہوگا۔

نیز قاضی کی تفریق اس لیے بھی بائنہ شمار ہوگی کیونکہ اصل مقصد عورت کے ساتھ ہونے والی زیادتی کو ختم کرنا ہے اور یہ بائنہ طلاق کے ذریعے ہی پورا ہو سکتا ہے کیونکہ اگر عورت بائنہ نہیں ہوگی تو شوہر اس سے پھر رجوع کر لے گا اور وہ پھر معلق ہو جائے گی۔

اگر عنین شخص عورت کے ساتھ خلوت کر چکا ہو تو عورت کو پورا مہر ملے گا کیونکہ عنین شخص کی خلوت خلوتِ صحیحہ شمار ہوگی اور (علیحدگی ہو جانے کے بعد) عورت پر عدت کی ادائیگی لازم ہوگی جیسا کہ ہم یہ مسئلہ مہر کے باب میں بیان کر چکے ہیں۔

یہ سب کچھ اس وقت ہوگا جب شوہر یہ اقرار کرے کہ میں نے بیوی کے ساتھ صحبت نہیں کی ہے۔

اگر صحبت کرنے کے بارے میں مرد اور عورت کے بیان کے درمیان اختلاف ہو جائے تو اگر عورت ثیبہ ہو تو مرد سے قسم لے کر اس کی بات کو تسلیم کر لیا جائے گا کیونکہ وہ علیحدگی کے حق کو ثابت کرنے سے انکار کر رہا ہے اور اس میں اصل یہی ہے: عضو سالم ہونا چاہئے۔

اگر شوہر نے قسم اٹھالی تو عورت کا حق باطل ہو جائے گا' اور اگر شوہر نے قسم اٹھانے سے انکار کر دیا تو اسے ایک سال کی مہلت دی جائے گی۔

اگر عورت باکرہ ہو' تو دوسری عورتیں اس کا جائزہ لیں گی اگر وہ عورتیں اس کے باکرہ ہونے کی تصدیق کر دیتی ہیں' تو مرد کو ایک سال کی مہلت دی جائے گی تا کہ اس کا جھوٹ ظاہر ہو جائے۔

اگر اس کا جائزہ لینے والی عورتیں کہیں: یہ ثیبہ ہے' تو اس کے شوہر سے قسم لی جائے گی' اگر وہ قسم اٹھالے تو عورت کا دعویٰ باطل ہو جائے گا' اگر وہ قسم اٹھانے سے انکار کر دے' تو پھر اسے ایک سال کی مہلت دی جائے گی۔

اگر شوہر کا عضو مخصوص کٹا ہوا ہو' تو اسی وقت ان کے درمیان تفریق کر دی جائے گی' لیکن اس کے لئے یہ بات شرط ہے عورت نے مطالبہ کیا ہو' کیونکہ ایسی صورت میں مہلت دینے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔

خصی مرد کو بھی نامرد کی طرح مہلت دی جائے گی' کیونکہ اس سے بھی یہ امید کی جاسکتی ہے: وہ صحبت کرنے کے قابل ہو جائے' نیز جب خصی مرد کو ایک سال کی مہلت دی جائے اور پھر وہ عدالت میں آ کر یہ کہہ دے: میں نے صحبت کر لی ہے' لیکن بیوی اس بات کا انکار کر دے' تو عورتیں اس کا معائنہ کریں گی اگر وہ یہ کہہ دیں: یہ باکرہ ہے' تو عورت کو اختیار حاصل ہوگا' کیونکہ بکارت کی وجہ سے عورتوں کی شہادت مکمل ہوگئی۔

لیکن اگر عورتیں یہ کہہ دیں: یہ ثیبہ ہے' تو اس صورت میں خاوند سے قسم لی جائے گی اگر وہ قسم اٹھانے سے انکار کر دے' تو اس عورت کو (علیحدگی کا) اختیار ہوگا' کیونکہ شوہر نے قسم سے انکار کر کے عورت کے دعوے کی تائید کر دی ہے۔

اگر شوہر قسم اٹھالیتا ہے' تو بیوی کو اختیار نہیں رہے گا' اگرچہ وہ پہلے ہی سے ثیبہ ہو' صرف مرد سے قسم لے کر اس کا قول قبول کیا جائے گا۔ اس بات کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں۔

اگر بیوی ایک مرتبہ شوہر کو اختیار کر لے' تو اس کے بعد اسے کبھی بھی اختیار نہیں ہوگا' کیونکہ اس نے اپنے حق کو ختم کرنے پر خود رضامندی ظاہر کی ہے۔ (ہدایہ' کتاب الطلاق' عنین کا بیان)

3756- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ مِثْلَهُ سَوَاءً.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3757- حَدَّثَنَا اَبُوْ طَلْحَةَ حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ فِي الَّذِيْ لَا يَسْتَطِيعُ اَنْ يَّاْتِيَ امْرَاَتَهُ قَالَ يُؤَجَّلُ سَنَةً.

۳۷۵٦- راجع الذي قبله-

۳۷۵۷- اخرجه مالك عن الزهري عن سعيد بن المسيب انه كان يقول: من تزوج امراة فلم يستطع ان يمسها: فانه يضرب له اجل سنة' فان مسها والا فرق بينهما- واخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (۳/۵۰۲) رقم (۱٦٤۹۸): حدثنا وكيع عن هشام عن قتادة عن ابن المسيب' قال: يوجل العنين' و الذي يوخذ عن امراته سنة-

☆☆ سعید بن میتب' ایسے شخص کے بارے میں' جو اپنی بیوی کے ساتھ صحبت نہ کر سکتا ہو' یہ فرماتے ہیں: اُسے ایک سال تک کی مہلت دی جائے گی۔

3758- حَدَّثَنَا اَبُوْ طَلْحَةَ حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيْعِ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ وَحُصَيْنَ بْنَ قَبِيصَةَ يُحَدِّثَانِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ يُؤَجَّلُ سَنَةً فَاِنْ اَتَاهَا وَاِلَّا فُرِّقَ بَيْنَهُمَا .

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایسے شخص کو ایک سال تک مہلت دی جائے گی' اگر وہ صحبت کرنے پر قادر ہو جائے' تو ٹھیک ہے' ورنہ میاں بیوی کے درمیان علیحدگی کروادی جائے گی۔

3759- حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيْعِ عَنْ اَبِى النُّعْمَانِ قَالَ اَتَيْنَا الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ فِى الْعِنِّيْنِ فَقَالَ يُؤَجَّلُ سَنَةً.

☆☆ ابونعمان بیان کرتے ہیں: ہم عنین شخص کے بارے میں دریافت کرنے کیلئے حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اُنہوں نے فرمایا: اُسے ایک سال کی مہلت دی جائے گی۔

3760- حَدَّثَنَا اَبُوْ طَلْحَةَ حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الرُّكَيْنِ عَنْ اَبِىْ طَلْقٍ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ الْعِنِّيْنُ يُؤَجَّلُ سَنَةً .

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عنین شخص کو ایک سال کی مہلت دی جائے گی۔

3761- حَدَّثَنَا اَبُوْ طَلْحَةَ حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيْعِ عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ نُعَيْمٍ اَنَّ الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ اَجَّلَهُ سَنَةً مِنْ يَوْمِ رَافَعَتْهُ .قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَكَذٰلِكَ قَالَ سُفْيَانُ وَمَالِكٌ مِنْ يَوْمِ تُرَافِعُهُ.

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عنین شخص کو ایک سال کی مہلت دی جائے گی اور یہ اُس دن کے حساب سے ہوگی جب عورت نے مقدمہ دائر کیا تھا۔

عبدالرحمٰن فرماتے ہیں: سفیان ثوری اور امام مالک نے یہی فتویٰ دیا ہے (اس مہلت کا حساب اُس دن سے شروع ہوگا جس دن) عورت نے مقدمہ دائر کیا تھا۔

3762- حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ

۳۷۵۸-اخرجه البيهقي (۷/۲۲٦) كتاب: النكاح' باب: اجل العنين من طريق الدارقطني' به- واخرجه ابن ابي شيبة (۳/۵۰۲) رقم (١٦٤٩٠): حدثنا وكيع عن سفيان عن الركين' به- و اخرجه عبد الرزاق (٦/۲۵۲) رقم (۱۰۷۲۲) عن الثوري عن الركين' به-

۳۷۵۹-اخرجه البيهقي (۷/۲۲٦) من طريق الدارقطني' به- و اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۱۰۷۲٤) عن الثوري عن ابي النعمان' به- ووقع في المصنف (ابن النعمان) بدلاً من (ابي النعمان)' و هو خطا-واخرجه ابن ابي شيبة (۳/۵۰۲) رقم (١٦٤٩١): حدثنا وكيع عن سفيان عن الركين عن ابي حنظلة التيمي عن المغيرة بن شعبة انه اجل العنين سنة-

۳۷٦۰-راجع الذي قبله-

۳۷٦۱-الحجاج بن ارطاة ضعيف- و راجع الذي قبله-

اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ قَالَ إِذَا أُجِيفَ الْبَابُ وَأُرْخِيَتِ السُّتُورُ فَقَدْ وَجَبَ الْمَهْرُ.

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب دروازہ بند کر دیا جائے اور پردہ گرا دیا جائے تو مہر کی ادائیگی لازم ہو جاتی ہے۔

3763- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ الْجَوْهَرِيُّ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا شَرِيكٌ عَنْ مَيْسَرَةَ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ إِذَا أَغْلَقَ بَابًا وَأَرْخَى سِتْرًا أَوْ رَأَى عَوْرَةً فَقَدْ وَجَبَ عَلَيْهِ الصَّدَاقُ .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب مرد دروازہ بند کر دے اور پردہ گرا دے یا عورت کے ستر کو دیکھ لے تو اُس پر مہر کی ادائیگی لازم ہو جاتی ہے۔

3764- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عُمَرَ قَالَ مَنْ أَغْلَقَ بَابًا وَأَرْخَى سِتْرًا فَقَدْ وَجَبَ الصَّدَاقُ.

قَالَ وَأَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ أَخْبَرَنِي أَشْعَثُ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عُمَرَ وَعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مِثْلَهُ.

وَأَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مِثْلَهُ.

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب مرد دروازہ بند کر دے اور پردہ گرا دے یا عورت کے ستر کو دیکھ لے تو اُس پر مہر کی ادائیگی لازم ہو جاتی ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں اسی کی مانند منقول ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں اسی کی مانند منقول ہے۔

3765- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ عَامِرٍ الْأَحْوَلِ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ إِذَا أَغْلَقَ بَابًا وَأَرْخَى سِتْرًا فَقَدْ وَجَبَ عَلَيْهِ الصَّدَاقُ وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ وَلَهَا الْمِيرَاثُ .

☆☆ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب مرد دروازہ بند کر دے اور پردہ گرا دے یا عورت کے ستر کو دیکھ لے تو اُس پر مہر کی ادائیگی لازم ہو جاتی ہے اور عورت پر عدت گزارنا لازم ہوتا ہے اور اُسے وراثت میں حصہ ملتا ہے۔

۳۷۶۲-اخرجه البيهقي في السنن (۲۵۵/۷) كتاب: الصداق' باب: من قال: من اغلق باباً او ارخى ستراً' فقد وجب الصداق...... من طريق الدارقطني' به-

۳۷۶۳-اخرجه البيهقي (۲۵۵/۷) من طريق سعيد بن سليمان' ثنا شريك عن ميسرة' به-من طريق سعيد بن ابي عروبة عن قتادة عن الحسن عن الاحنف بن قيس ان عمر و عليا- رضي الله عنهما- قال: اذا اغلق باباً و ارخى ستراً' فلها الصداق كاملاً و عليها العدة-

۳۷٦٤-اخرجه مالك في الموطا (۵۲۸/۲) كتاب: النكاح' باب: ارخاء الستور' الحديث (۱۲) عن يحيى بن سعيد' به- ومن طريقه اخرجه البيهقي في السنن (۲۵۵/۷)-

۳۷٦۵-تقدم تخريجه من طريق الحسن عن الاحنف عن عمر و علي-

3766- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا مُعَلَّى حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَشَفَ خِمَارَ امْرَاَةٍ وَّنَظَرَ اِلَيْهَا فَقَدْ وَجَبَ الصَّدَاقُ دَخَلَ بِهَا اَوْ لَمْ يَدْخُلْ.

☆☆ محمد بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص عورت کی چادر ہٹا کر اُسے دیکھ لے' اُس پر مہر کی ادائیگی لازم ہو جاتی ہے' خواہ اُس نے اُس عورت کے ساتھ صحبت کی ہو یا صحبت نہ کی ہو۔

3767- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا مُعَلَّى حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ قَالَ تَزَوَّجَ الْحَارِثُ بْنُ الْحَكَمِ امْرَاَةً وَّاَغْلَقَ عَلَيْهَا الْبَابَ ثُمَّ خَرَجَ فَطَلَّقَهَا وَقَالَ لَمْ اَطَاْهَا. وَقَالَتِ الْمَرْاَةُ قَدْ وَطِئَنِىْ. فَاخْتَصَمُوْا اِلٰى مَرْوَانَ فَدَعَا زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَقَالَ كَيْفَ تَرٰى فَاِنَّ الْحَارِثَ عِنْدَنَا مُصَدَّقٌ. قَالَ زَيْدٌ اَكُنْتَ رَاجِمَهَا لَوْ حَبَلَتْ قَالَ لَا. قَالَ فَكَذٰلِكَ تُصَدَّقُ الْمَرْاَةُ فِىْ مِثْلِ هٰذَا.

☆☆ سلیمان بن یسار بیان کرتے ہیں: حارث بن حکم نے ایک عورت کے ساتھ شادی کر لی' اُنہوں نے دروازہ بند کر لیا' پھر وہ کمرے سے باہر نکلے اور اُس عورت کو طلاق دے دی۔ اُنہوں نے یہ بیان دیا: میں نے اس عورت کے ساتھ صحبت نہیں کی' اُس عورت کا یہ کہنا تھا: انہوں نے میرے ساتھ صحبت کی ہے۔ وہ لوگ مقدمہ لے کر مروان کے پاس گئے' مروان نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو بلایا اور دریافت کیا: آپ کی اس بارے میں کیا رائے ہے؟ ہمارے نزدیک تو حارث کی تصدیق کی جانی چاہیے' حضرت زید رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اگر یہ عورت حاملہ ہو جاتی ہے' تو کیا تم اسے سنگسار کرو گے؟ مروان نے جواب دیا: جی نہیں! تو حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس طرح کی صورتِ حال میں عورت کی بات کی تصدیق کی جائے گی۔

3768- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّهٗ كَانَ لَا يَرٰى بَاْسًا اِذَا بَتَّ طَلَاقَ امْرَاَتِهٖ اَنْ يَّتَزَوَّجَ خَامِسَةً حَامِلًا كَانَتِ امْرَاَتُهٗ اَوْ غَيْرَ حَامِلٍ.

۳۷٦٦-اخرجه البيهقي (۲۵٦/۷) من طريق صفوان بن سليم عن عبد الله بن يزيد عن محمد بن ثوبان' به- قال البيهقي: و اخرجه ابن لهيعة عن ابي الاسود عن محمد بن عبد الرحمن ابن ثوبان عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلاً...... و هذا منقطع و بعض رواته غير محتج به' و الله اعلم)- اه- و اخرجه ابو داود في المراسيل(۲۱٤) من طريق صفوان بن سليم عن عبد الله بن يزيد عن محمد ابن ثوبان' به مرسلاً-

۳۷٦۷-اخرجه البيهقي في الكبرى (۲۵٦/۷) تعليقاً' و اخرجه موصولا من طريق سفيان الثوري عن ابي الزناد عن سليمان بن يسار' بمعناه-

۳۷٦۸-اخرجه عبد الرزاق (۱۰۵۷۲)' و سعيد بن منصور في سننه (۱۷٤۰)' كلاهما عن الثوري عن عبد الكريم الجزري عن ابن المسيب قال في الاربع: (اذا طلق منهن واحدة فلا يتزوج حتى تنقضي عدة الرابعة)- هذا لفظ عبد الرزاق' و لفظ سعيد: (عن عبد الكريم الجزري انه سال سعيد بن المسيب عن رجل له اربع نسوة فطلق واحدة؟ قال: لا ينكح حتى تنقضي عدة المطلقة- و بهذا اللفظ اخرجه عبد الرزاق ايضاً (۱۰۵۷۱) عن ابن جريج' حدثني عبد الكريم الجزري' به-

☆☆ سعید بن مسیب کے نزدیک اس بارے میں کوئی حرج نہیں ہے کہ کوئی شخص اپنی (چوتھی) بیوی کو طلاقِ بتہ دینے کے بعد پانچویں شادی کر لے خواہ وہ (مطلقہ عورت) حاملہ ہو یا حاملہ نہ ہو۔

3769- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ وَسُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالاَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ وَسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَخِلاَسِ بْنِ عَمْرٍو ح.

قَالَ وَاَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ عَنْ بَكْرٍ الْمُزَنِيِّ اَنَّهُمْ قَالُوْا اِذَا طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَامِلٌ اِنْ شَاءَ تَزَوَّجَ اُخْتَهَا فِيْ عِدَّتِهَا.

قَالَ وَاَخْبَرَنَا حَمَّادٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ مِثْلَهُ.

☆☆ حسن بصری' سعید بن مسیب اور خلاس بن عمرو فرماتے ہیں' (جو فرماتے ہیں وہ اگلی روایت میں ہے)۔

یہ حضرات یہ فرماتے ہیں: جب کوئی شخص اپنی بیوی کو طلاق دیدے' اور وہ عورت حاملہ بھی ہو' تو بھی اگر وہ شخص چاہے' تو اُس عورت کی عدت کے دوران اُس کی بہن کے ساتھ شادی کر سکتا ہے۔

ہشام بن عروہ نے اپنے والد کے حوالے سے اسی کی مانند نقل کیا ہے۔

3770- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ اَخْبَرَنَا الشَّافِعِيُّ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ رَبِيْعَةَ اَنَّ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ وَعُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ كَانَا يَقُوْلاَنِ فِي الرَّجُلِ يَكُوْنُ عِنْدَهُ اَرْبَعُ نِسْوَةٍ فَيُطَلِّقُ اِحْدَاهُنَّ الْبَتَّةَ يَتَزَوَّجُ اِذَا شَاءَ وَلاَيَنْتَظِرُ اَنْ تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا.

☆☆ قاسم بن محمد اور عروہ بن زبیر فرماتے ہیں: جس شخص کی چار بیویاں ہوں اور وہ اُن میں سے کسی ایک کو "طلاقِ بتہ" دیدے' وہ جب چاہے (چوتھی) شادی کر سکتا ہے' وہ اس بات کا انتظار نہیں کرے گا (کہ اُس کی سابقہ بیوی) کی عدت گزر جائے۔

3771- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَوْلٰى اٰلِ طَلْحَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ عُمَرَ قَالَ يَنْكِحُ الْعَبْدُ امْرَاَتَيْنِ وَيُطَلِّقُ تَطْلِيقَتَيْنِ وَتَعْتَدُّ الْاَمَةُ حَيْضَتَيْنِ فَاِنْ لَمْ تَحِضْ فَشَهْرَيْنِ اَوْ شَهْرًا وَنِصْفًا.

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں: غلام شخص (بیک وقت زیادہ سے زیادہ) دو شادیاں کر سکتا ہے اور وہ دو طلاقیں دے سکتا ہے' کنیز کی عدت دو حیض ہو گی اور اگر اُسے حیض نہ آتا ہو' تو دو ماہ ہو گی' (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) ڈیڑھ ماہ ہو گی۔

۳۷۶۹-لم اجده عند غير الدارقطني' و اسناده حسن-

۳۷۷۰-اخرجه مالك في الموطا (۲/ ۵۴۸) كتاب: النكاح' باب: جامع النكاح' الحديث (۵۴) و من طريقه المصنف هنا-

۳۷۷۱-اخرجه الشافعي في الام (۵/ ۴۱) و من طريقه البيهقي في الكبرى (۷/ ۴۲۵) كتاب: العدد' باب: العدة من الموت...... و في المعرفة (۱۰/ ۹۳) باب: نكاح العبد (۱۳۷۹۰): اخبرنا ابن عيينة' به- و سياتي عند المصنف في كتاب الطلاق من طريق الشافعي عن مالك-

3772- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ اَخْبَرَنَا عُقْبَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ اَخْبَرَنِي مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَقُوْلُ فِي الرَّجُلِ يَبْتَاعُ الْجَارِيَةَ فَيُصِيْبُهَا ثُمَّ يَظْهَرُ عَلٰى عَيْبٍ فِيْهَا لَمْ يَكُنْ رَآهُ اَنَّ الْجَارِيَةَ تَلْزَمُهُ وَيُوْضَعُ عَنْهُ قَدْرُ الْعَيْبِ وَقَالَ لَوْ كَانَ كَمَا يَقُوْلُ النَّاسُ يَرُدُّهَا وَيَرُدُّ الْعُقْرَ كَانَ ذٰلِكَ شِبْهَ الْاِجَارَةِ فَكَانَ الرَّجُلُ يُصِيْبُهَا وَهُوَ يَرَى الْعَيْبَ ثُمَّ يَرُدُّ الْعُقْرَ وَلٰكِنَّهُ اِذَا اَصَابَهَا لَزِمَتْهُ الْجَارِيَةُ وَوُضِعَ عَنْهُ قَدْرُ الْعَيْبِ.

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے' اپنے دادا (امام زین العابدین رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے امام حسین رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ ایسے شخص کے بارے میں' جس نے کوئی کنیز خریدی' اُس کے ساتھ صحبت کی' پھر اُسے کنیز میں موجود کسی عیب کا پتہ چلا' یہ فرماتے ہیں: وہ کنیز اُس شخص کے پاس رہے گی اور اُس کی قیمت میں سے' اُس عیب کے حساب سے' کمی کر دی جائے گی۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر حکم اُسی طرح ہو جیسے بعض لوگ کہتے ہیں تو وہ شخص اُس عورت کو واپس کرے گا اور اُس کے ساتھ عقر (شبہ کے طور پر وطی کرنے کی صورت میں ادا کیا جانے والا معاوضہ بھی ادا کرے گا' تو یہ اجارہ کے مشابہ ہو جائے گا' تو یہ اس طرح ہوگا جیسے اُس نے جب اُس کنیز کے ساتھ صحبت کی' اُس وقت وہ اُس عیب کو دیکھ چکا تھا اور پھر اُس نے (اُس کے معاوضے کے طور پر) عقر ادا کر دیا' لیکن (حکم یہی ہے) جب وہ اُس کنیز کے ساتھ صحبت کر لے گا' تو وہ کنیز اُس کی ہو جائے گی اور عیب کے حساب سے اُس کی قیمت کم کر دی جائے گی۔

3773- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ عَلِيًّا قَالَ اِذَا ابْتَاعَ الْاَمَةَ ثُمَّ اَصَابَهَا ثُمَّ وَجَدَ بِهَا عَيْبًا بَعْدَ اِصَابَتِهِ اُخِذَ قِيْمَةُ الْعَيْبِ. هٰذَا مُرْسَلٌ.

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام باقر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب کوئی شخص کوئی کنیز خریدے' پھر اُس کے ساتھ صحبت کرلے' اُس کے ساتھ صحبت کرنے کے بعد پھر اُس میں کوئی عیب پائے' تو عیب کے حساب سے قیمت (کا حصہ) واپس لے گا۔

یہ روایت ''مرسل'' ہے۔

3774- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَا يَرُدُّهَا وَلٰكِنَّهَا تُكْسَرُ فَيَرُدُّ

۳۷۷۲- في اسناده مسلم بن خالد الزنجي' و هو ضعيف' تقدمت ترجمته مرارًا-

۳۷۷۳- اسناده حسن: عبد العزيز بن محمد: هو الدراوردي صدوق' كان يحدث من كتب غيره فيخطئ- انظر التقريب (۴۱۱۹- عوامة)- وجعفر: هو ابن محمد' المعروف بجعفر الصادق امام ثقة- و محمد: هو ابو جعفر الصادق' و هو ابن علي بن حسين-

۳۷۷۴- اسناده صحيح: حفص بن غياث ثقة- و انظر اسناد الذي قبله-

عَلَيْهِ قِيمَةُ الْعَيْبِ .وَهٰذَا اَيْضًا مُرْسَلٌ .

☆☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: (خریدار عیب والی اُس کنیز) کو واپس نہیں کرے گا' بلکہ اُس عیب کے اعتبار سے قیمت میں جو کمی ہوگی وہ اُسے واپس کر دی جائے گی۔

یہ روایت بھی ''مرسل'' ہے۔

3775- حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ حَدَّثَنَا مُوسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عُمَرَ قَالَ اِنْ كَانَتْ ثَيِّبًا رَدَّ مَعَهَا نِصْفَ الْعُشْرِ وَاِنْ كَانَتْ بِكْرًا رَدَّ الْعُشْرَ .وَهٰذَا مُرْسَلٌ . عَامِرٌ لَمْ يُدْرِكْ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ.

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر وہ کنیز ثیبہ ہو' تو خریدار اُس کے ساتھ نصف عشر (یعنی اصل قیمت کا بیسواں حصہ) واپس کرے گا اور اگر وہ کنواری ہو' تو عشر (یعنی اصل قیمت کا دسواں حصہ) واپس کرے گا۔

عامر نامی راوی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا زمانہ نہیں پایا ہے۔

3776- حَدَّثَنَا دَعْلَجٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ جُوَيْبِرٍ عَنِ الضَّحَّاكِ اَنَّ عَلِيًّا قَالَ اِذَا وَطِئَهَا وَجَبَتْ عَلَيْهِ وَاِنْ رَاٰى عَيْبًا قَبْلَ اَنْ يَّطَاَهَا فَاِنْ شَاءَ اَمْسَكَ وَاِنْ شَاءَ رَدَّ .وَهٰذَا مُرْسَلٌ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب مرد (خریدار) کنیز کے ساتھ صحبت کر لے گا' تو اب یہ سودا طے ہو جائے گا' لیکن اگر اُس خریدار نے کنیز کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے اُس میں عیب پالیا تو اُسے اختیار ہوگا کہ اگر وہ چاہے' تو اُسے اپنے پاس رکھے اور اگر چاہے' تو واپس کر دے۔

یہ روایت ''مرسل'' ہے۔

3777- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْمَالِكِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ سَمِعْتُ رَجَاءَ بْنَ حَيْوَةَ قَالَ سُئِلَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ عَنْ عِدَّةِ اُمِّ الْوَلَدِ فَقَالَ لَا تَلْبِسُوا عَلَيْنَا دِيْنَنَا اِنْ تَكُنْ اَمَةً فَاِنَّ عِدَّتَهَا عِدَّةُ حُرَّةٍ .وَرَوَاهُ سُلَيْمَانُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ مَوْقُوْفًا اَيْضًا .وَرَفَعَهُ قَتَادَةُ وَمَطَرٌ الْوَرَّاقُ وَالْمَوْقُوْفُ اَصَحُّ .وَقَبِيصَةُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عَمْرٍو.

☆☆ رجاء بن حیوہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے اُم ولد کی عدت کے بارے میں دریافت

۳۷۷۵- مرسل ضعيف الاسناد: فيه جابر: و هو الجعفي ضعيف، تقدم مراراً- و عامر: هو الشعبي لم يدرك عمر بن الخطاب، وتقدمت ترجمته-

۳۷۷٦- مرسل ضعيف الاسناد: جويبر ضعيف: كما تقدم- و الضحاك لم يدرك علي بن ابي طالب: كما في تهذيب التهذيب (٤/٤٥٢)-

۳۷۷۷- هذه رواية مرسلة: رجاء بن حيوة لم يلق عمرو بن العاص- و رواية سليمان بن موسى التي اشار اليها الدارقطني، سوف يرويها باسناده قريباً-

کیا گیا' تو انہوں نے فرمایا: تم ہمارے سامنے دینی احکام خلط ملط نہ کرو' اگر یہ کنیز شمار ہوتی تو اس کی عدت تو آزاد عورت کی عدت جتنی ہوتی ہے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ تک "موقوف" روایت کے طور پر منقول ہے۔

قتادہ اور مطر نے اس روایت کو "مرفوع" حدیث کے طور پر نقل کیا ہے' لیکن اس کا "موقوف" ہونا درست ہے۔

قبیصہ نامی راوی نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے احادیث کا سماع نہیں کیا۔

3778- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ وَمَطَرٍ عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ اَنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ قَالَ لَا تَلْبِسُوا عَلَيْنَا سُنَّةَ نَبِيِّنَا عِدَّتُهَا عِدَّةُ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا.

☆☆ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمارے سامنے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت (کا حکم) خلط ملط نہ کرو' اُس (اُم ولد) کی عدت بیوہ عورت کی عدت جتنی' یعنی چار ماہ دس دن ہوگی۔

3779- حَدَّثَنَاهُ اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ فَذَكَرَ مِثْلَهُ سَوَاءً. قَبِيصَةُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عَمْرٍو وَالصَّوَابُ لَا تَلْبِسُوا عَلَيْنَا دِيْنَنَا مَوْقُوْفٌ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

قبیصہ نامی راوی نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے احادیث کا سماع نہیں کیا۔

اس میں صحیح لفظ یہ ہے: "تم ہمارے سامنے دین (کے احکام) کو خلط ملط نہ کرو"۔

یہ روایت "موقوف" ہے۔

3780- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ مَّطَرٍ عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّهُ قَالَ لَا تَلْبِسُوا عَلَيْنَا سُنَّةَ نَبِيِّنَا عِدَّتُهَا عِدَّةُ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا فِيْ عِدَّةِ اُمِّ الْوَلَدِ.

☆☆ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم ہمارے سامنے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت (کا حکم) خلط ملط نہ کرو' اُس کی عدت' بیوہ عورت کی عدت جتنی' یعنی اُم ولد کی عدت (چار ماہ دس دن ہوگی)۔

3781- حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ مُعَاذٍ التُّسْتَرِيُّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا سَلَّامُ

۳۷۷۸- اخرجه البيهقي (۷/۴۴۷) كتاب العدد' باب استبراء ام الولد من طريق يزيد بن زريع' نا سعيد بن ابي عروبة...... به- و اخرجه ابو داود (۲۳۰۸)' و ابن ماجه رقم (۲۰۸۳)' و البيهقي (۷/۴۴۷) من طرق عن سعيد عن مطر' به- و اخرجه احمد (۴/۲۰۳) من طريق سعيد عن قتادة...... به- كلهم قالوا: (سنة نبينا......) فذكروه مرفوعاً- و الصواب موقوف بلفظ: (لا تفسدوا علينا ديننا......) موقوفاً على ابن عمرو' و هو ما رجحه الدارقطني هنا- لكن الموقوف و المرفوع مرسل؛ لان قبيصة لم يسمع من ابن عمرو؛ كما تقدم في كلام الدارقطني-

۳۷۷۹- راجع الذي قبله- ۳۷۸۰- السابق- ۳۷۸۱- السابق-

بْنُ اَبِی خُبْزَةَ وَهُوَ سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ عَنْ قَبِيصَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ مِثْلَهُ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3782 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ الْيَقْطِينِيُّ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُو مُعَيْدٍ حَفْصُ بْنُ غَيْلَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى اَنَّ رَجَاءَ بْنَ حَيْوَةَ حَدَّثَهُ اَنَّ قَبِيصَةَ بْنَ ذُؤَيْبٍ حَدَّثَهُ اَنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ قَالَ عِدَّةُ اُمِّ الْوَلَدِ اِذَا تُوُفِّيَ عَنْهَا سَيِّدُهَا اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا وَاِذَا اُعْتِقَتْ فَعِدَّتُهَا ثَلَاثُ حِيَضٍ .مَوْقُوفٌ وَّهُوَ الصَّوَابُ وَهُوَ مُرْسَلٌ .لِاَنَّ قَبِيصَةَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عَمْرٍو .

☆☆ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب اُم ولد کا آقا انتقال کر جائے' تو اُس کی عدت چار ماہ دس دن ہوگی اور جب اُسے آزاد کر دیا جائے' تو اُس کی عدت تین حیض ہوگی۔

یہ روایت ''موقوف'' ہے اور یہی درست ہے۔ یہ روایت ''مرسل'' بھی ہے' کیونکہ قبیصہ نامی راوی نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے احادیث کا سماع نہیں کیا ہے۔

3783 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِی حَسَّانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ اِنَّا لَا نَتَلَاعَبُ بِدِيْنِنَا الْحُرَّةُ حُرَّةٌ وَّالْاَمَةُ اَمَةٌ .يَعْنِي فِي اُمِّ الْوَلَدِ تَكُونُ عِدَّتُهَا عِدَّةُ الْحُرَّةِ.

☆☆ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم اپنے دین کے احکام کے ساتھ کھیلیں گے نہیں (یعنی غلط احکام بیان نہیں کریں گے)' آزاد عورت آزاد ہوتی ہے اور کنیز' کنیز ہوتی ہے۔

اس سے مراد یہ ہے: اُم ولد کی عدت آزاد عورت کی عدت جتنی ہوتی ہے۔

3784 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنِی اَبِی حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ عِدَّةُ اُمِّ الْوَلَدِ عِدَّةُ الْحُرَّةِ قَالَ اَبِی هٰذَا حَدِيثٌ مُنْكَرٌ.

قَالَ وَاَخْبَرَنَا الْوَلِيدُ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ وَسَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ عِدَّةُ اُمِّ الْوَلَدِ عِدَّةُ الْحُرَّةِ.

۳۷۸۲-اخرجه البيهقي (۷/ ٤٤٨) من طريق الدارقطني' به- و راجع الذي قبله-

۳۷۸۳-راجع الذي قبله-

۳۷۸٤-اخرجه البيهقي في السنن (۷/ ٤٤٨) من طريق الدارقطني' به- و راجع الذي قبله-

☆☆ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اُم ولد کی عدت' آزاد عورت کی عدت جتنی ہوتی ہے۔

(عبداللہ بن احمد نامی راوی کہتے ہیں:) میرے والد نے یہ بات بیان کی ہے: یہ روایت ''منکر'' ہے۔

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اُم ولد کی عدت' آزاد عورت کی عدت جتنی ہوتی ہے۔

3785- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْمَالِكِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اَبِىْ كَثِيْرٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ مُعَتِّبٍ اَخْبَرَهُ اِنَّ اَبَا حَسَنٍ مَوْلٰى بَنِىْ نَوْفَلٍ اَخْبَرَهُ قَالَ اسْتَفْتَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فِىْ عَبْدٍ تَحْتَهُ مَمْلُوْكَةٌ فَطَلَّقَهَا تَطْلِيْقَتَيْنِ ثُمَّ عَتَقَا جَمِيْعًا قَالَ يَخْطُبُهَا اِنْ شَاءَ قَضٰى بِذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ ابوحسن بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ایسے غلام کے بارے میں دریافت کیا جس کی بیوی کنیز ہو اور پھر وہ اُسے دو طلاقیں دیدے' پھر وہ دونوں ایک ساتھ آزاد ہو جائیں۔ تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اب اگر وہ مرد چاہے' تو اُس عورت کو نکاح کا پیغام دے سکتا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ دیا ہے۔

3786- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَهْلِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ يَحْيٰى عَنْ عُمَرَ بْنِ مُعَتِّبٍ اَنَّ اَبَا حَسَنٍ مَوْلٰى بَنِىْ نَوْفَلٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ اسْتَفْتَى ابْنَ عَبَّاسٍ فِىْ مَمْلُوْكٍ كَانَ تَحْتَهُ مَمْلُوْكَةٌ فَطَلَّقَهَا تَطْلِيْقَتَيْنِ فَبَانَتْ مِنْهُ ثُمَّ اِنَّهُمَا عَتَقَا بَعْدَ ذٰلِكَ هَلْ يَصْلُحُ لِلرَّجُلِ اَنْ يَّخْطُبَهَا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ نَعَمْ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِذٰلِكَ.

☆☆ ابوحسن بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ایسے غلام کے بارے میں دریافت کیا جس کی بیوی کنیز ہو اور پھر وہ اُسے دو طلاقیں دیدے اور وہ عورت اُس سے بائنہ ہو جائے' پھر وہ دونوں ایک ساتھ آزاد ہو جائیں۔ تو کیا وہ مرد اُس عورت کو نکاح کا پیغام دے سکتا ہے؟ تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ دیا ہے۔

3787- حَدَّثَنَا الْقَاضِىْ اَبُوْ حَامِدٍ اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْهَمْدَانِىُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ

۳۷۸۵-اخرجه ابو داود (۲۱۸۷)' (۲۱۸۸)' و النسائي (٦/ ١٥٤) و ابن ماجه (۲۰۸۲)' و احمد (۱/ ۲۲۹)' (۱/ ۳۳٤) من طريق يحيى بن ابي كثير' به-قال ابو داود: سمعت احمد بن حنبل قال: قال عبد الرزاق' قال ابن المبارك لمعمر: من ابو الحسن هذا! لقد تحمل صخرة عظيمة- قال ابو داود: ابو الحسن هذا روى عنه الزهري- قال الزهري: وكان من الفقهاء- روى الزهري عن ابي الحسن احاديث- قال ابو داود: ابو الحسن معروف و ليس العمل على هذا الحديث)- اه-قال الشيخ احمد شاكر في تعليقه على المسند (۳/ ۳۳٤) رقم (۲۰۳۱): (اسناده حسن...... عمر بن معتب شبه المجهول' و ذكره ابن حبان في الثقات' و ترجمه ابن ابي حاتم في الجرح و التعديل (۳/ ۱/ ۱۳۲- ۱۳۳)- و روى باسناده عن احمد بن حنبل قال: (اما ابو الحسن فعندي معروف' و لكن لا اعرف عمر بن معتب)' ثم روى عن ابيه ابي حاتم قال: (عمر بن معتب لا نعرفه)- و ذكره النسائي في الضعفاء (٢٤)' و قال : (ليس بالقوي)- و في التهذيب عن ابن المديني قال: (منكر الحديث)' فهذا راو فيه خلاف و ذكره ابن حبان في الثقات' و لم يذكره البخاري في الضعفاء: فنرى ان حديثه حسن)- اه-

۳۷۸٦-راجع الذي قبله-

۳۷۸۷-ذكره الزيلعي في نصب الراية (۳/ ۲۲۷)' و قال : (قال الدارقطني: و سلم بن سالم كان ابن المبارك يكذبه- وقال يحيى بن معين: ليس حديثه بشيء: وقال السعدي: ليس بشيء- انتهى)-

الْمُنْكَدِرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَنِيفَةَ مُحَمَّدُ بْنُ رَبَاحِ بْنِ يُوسُفَ الْجَوْزَجَانِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ سَهْلٍ قَالَا حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التِّرْمِذِيُّ حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا كَانَتِ الْاَمَةُ تَحْتَ الرَّجُلِ فَطَلَّقَهَا تَطْلِيقَتَيْنِ ثُمَّ اشْتَرَاهَا لَمْ تَحِلَّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی کنیز کسی شخص کی بیوی ہو اور وہ شخص اُسے دو طلاقیں دیدے' پھر وہ اُس کنیز کو خرید لے' تو وہ کنیز اُس شخص کیلئے اُس وقت تک حلال نہ ہوگی جب تک وہ دوسری شادی کر کے (بیوہ یا مطلقہ نہ ہو جائے)۔

3788- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِشْكَابَ حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ قَالَ اَتَتِ امْرَاَةٌ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَالَتِ اسْتَهْوَتِ الْجِنُّ زَوْجَهَا فَاَمَرَهَا اَنْ تَرَبَّصَ اَرْبَعَ سِنِيْنَ ثُمَّ اَمَرَ وَلِيَّ الَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الْجِنُّ اَنْ يُّطَلِّقَهَا ثُمَّ اَمَرَهَا اَنْ تَعْتَدَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا .

☆☆ ابوعثمان بیان کرتے ہیں: ایک خاتون حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور بولی: اُس کے شوہر کو جنون لاحق ہو گیا ہے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُسے چار سال تک انتظار کرنے کا حکم دیا' اور پھر (چار سال گزرنے کے بعد) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُس جنون کا شکار شخص کے ولی کو حکم دیا کہ وہ اُس عورت کو طلاق دیدے' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُس عورت کو یہ ہدایت کی: وہ چار ماہ دس دن تک عدت گزارے۔

3789- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ جَابِرٍ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مَالِكٍ حَدَّثَنَا سَوَّارُ بْنُ مُصْعَبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُرَحْبِيلَ الْهَمْدَانِيُّ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَاَةُ الْمَفْقُودِ امْرَاَتُهُ حَتّٰى يَاْتِيَهَا الْخَبَرُ .

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مفقود شخص کی اہلیہ اُس کی بیوی رہے گی' جب تک اُس عورت کے پاس (مفقود کی موت کی) اطلاع نہیں آ جاتی۔

3790- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ وَاَبُوْ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْمَخْزُومِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ- وَاللَّفْظُ لِعَبْدِ الْجَبَّارِ- قَالُوْا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ

۳۷۸۸-اخرجه سعيد بن منصور (۱۷۵٤): نا سفيان عن عمرو بن دينار عن يحيى بن جعدة ان رجلاً انتسفته الجن على عهد عمر بن الخطاب- رضي الله عنه- فلبث ما شاء الله ان يلبث' ثم ان امراته اتت عمر بن الخطاب' فامرها ان تربص اربع سنين؛ فلما لم يجئ امر وليه ان يطلقها' ثم امرها ان تعتد' فاذا انقضت عدتها وجاء زوجها خير بينها و بين الصداق-واخرجه ايضاً رقم (۱۷۵۵): نا هشيم' انا داود بن ابي هند عن ابي نضرة عن عبد الرحمن ابن ابي ليلى ان رجلاً من الانصار خرج ليلاً فانتسفته الجن...... بمعناه و فيه قصة-

۳۷۸۹-قال الزيلعي في نصب الراية (۳/٤۷۲): (حديث ضعيف' قال ابن ابي حاتم في كتاب العلل (۱/٤۳۱-٤۳۲/۱۲۹۸): سالت ابي عن حديث اخرجه سوار بن مصعب عن محمد بن شرجيل عن المغيرة بن شعبة' قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في امراة المفقود: (هي امراته حتى ياتيها البيان) فقال ابي: هذا حديث منكر- و محمد بن شرجيل متروك الحديث' يروي عن المغيرة مناكير اباطيل- انتهى- و ذكر عبد الحق في احكامه من جهة الدارقطني' و اعله بمحمد بن شرجيل' وقال: انه متروك- قال ابن القطان في كتابه: و سوار بن مصعب اشهر في المتروكين منه' و دونه صالح بن مالك' ولا يعرف' و دونه محمد بن الفضل' و لا يعرف حاله- انتهى)- اهـ- وروي نحوه عن علي وغيره موقوفاً- راجع: نصب الراية (۳/٤۷۲)-

اخْتَصَمَ سَعْدٌ وَّعَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ ابْنِ اَمَةِ زَمْعَةَ فَقَالَ سَعْدٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوْصَانِیْ اَخِیْ عُتْبَةُ فَقَالَ اِذَا دَخَلْتَ مَكَّةَ فَانْظُرِ ابْنَ اَمَةِ زَمْعَةَ فَاقْبِضْهُ فَاِنَّهُ ابْنِیْ .وَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخِیْ ابْنُ اَمَةِ اَبِیْ وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِ اَبِیْ .فَرَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَبَهًا بَيِّنًا بِعُتْبَةَ فَقَالَ هُوَ لَكَ يَا عَبْدُ بْنَ زَمْعَةَ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَاحْتَجِبِیْ مِنْهُ يَا سَوْدَةُ . تَابَعَهُ مَالِكٌ وَّصَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ وَابْنُ اِسْحَاقَ وَشُعَيْبُ بْنُ اَبِیْ حَمْزَةَ وَابْنُ جُرَيْجٍ وَّعُقَيْلٌ وَّابْنُ اَخِی الزُّهْرِیِّ وَمَعْمَرُ بْنُ رَاشِدٍ وَّيُوْنُسُ وَاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ وَّسُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ وَّغَيْرُهُمْ وَفِیْ حَدِيْثِ مَالِكٍ وَّمَعْمَرٍ وَّلَيْثٍ وَّصَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ وَابْنِ اِسْحَاقَ وَغَيْرِهِمْ فَمَا رَاٰى سَوْدَةَ قَطُّ حَتّٰى لَحِقَ بِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ.

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور حضرت عبد بن زمعہ رضی اللہ عنہ نے زمعہ کی کنیز کے بیٹے کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مقدمہ پیش کیا' حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے بھائی عتبہ نے مجھے (اُس بچے کو اپنی سرپرستی میں لینے) کی ہدایت کی تھی' اُس نے کہا تھا: جب تم مکہ میں داخل ہو' تو زمعہ کی کنیز کے بیٹے کو حاصل کر لینا' کیونکہ وہ میری (ناجائز) اولاد ہے۔ عبد بن زمعہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! (وہ لڑکا) میرا بھائی ہے' جو میرے والد کی کنیز کا بیٹا ہے اور میرے باپ کے بستر پر پیدا ہوا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (اُس بچے کی) عتبہ کے ساتھ واضح مشابہت ملاحظہ کی' لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عبد بن زمعہ! یہ تمہیں ملے گا کیونکہ اولاد صاحب فراش کی شمار ہوتی ہے اور اے سودہ (بنت زمعہ)! تم اس سے پردہ کرو!

امام مالک' صالح بن کیسان' ابن اسحاق' شعیب بن ابوحمزہ' ابن جریج' عقیل' زہری کا بھتیجا' معمر بن راشد' یونس' لیث بن سعد' سفیان بن حسین اور دیگر راویوں نے اس کی متابعت کی ہے۔

مالک' معمر' لیث' صالح بن کیسان' ابن اسحاق اور دیگر راویوں کی روایت میں یہ الفاظ ہیں:

''اُس کے بعد اُس بچے نے زندگی بھر' کبھی بھی سیّدہ سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا کو نہیں دیکھا''۔

3791- حَدَّثَنَا اَبُوْ طَالِبِ الْحَافِظُ اَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسَى الصَّدَفِیُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِیْ هِلَالٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ فِیْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ (ذٰلِكَ اَدْنٰى اَنْ لَّا تَعُوْلُوْا) قَالَ ذٰلِكَ اَدْنٰى اَنْ لَّا يَكْثُرَ مَنْ تَعُوْلُوْنَهٗ .

۳۷۹۰-اخرجه البخاري في الخصومات (۵/ ۹۰) باب: دعوى الوصي للميت (۲۴۲۱) و مسلم في الرضاع (۱۴۵۷) باب: الولد للفراش و توقي الشبهات' و ابو داود في الطلاق (۲۲۷۳) باب: الولد للفراش' و النسائي في الطلاق (۶/ ۱۸۰) باب: الحاق الولد بالفراش اذا لم ينفه صاحب الفراش' و ابن ماجه في النكاح (۲۰۰۴) باب: الولد للفراش و للعاهر الحجر' من طريق سفيان بن عيينة' به- و اخرجه مالك في الاقضية (۲/ ۷۳۹) باب: القضاء بالحاق الولد بابيه' عن ابن شهاب' به-و من طريق مالك اخرجه احمد (۲/ ۲۴۶-۲۴۷) و البخاري في البيوع (۲۰۵۳) والوصايا (۲۷۴۵) و المغازي (۴۳۰۳) و الفرائض (۶۷۴۹) و الاحكام (۷۱۸۲) و ابن حبان (۴۱۰۵) و البيهقي (۷/ ۴۱۲)-

۳۷۹۱-اخرجه البيهقي في سننه (۷/ ۴۶۶) من طريق الدارقطني' به- و ذكره ايضاً السيوطي في الدر المنثور (۲/ ۱۳۳- ط الانوار المحمدية) و عزاه الى ابن ابي حاتم-

☆☆ زید بن اسلم' اللہ تعالیٰ کے اس فرمان ''ذٰلِكَ اَدْنٰى اَنْ لَّا تَعُوْلُوْا'' کے بارے میں فرماتے ہیں:

یہ اس سے بہتر ہے کہ وہ لوگ زیادہ نہ ہوں' جو تمہارے زیر کفالت ہیں۔

3792- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الصَّيْرَفِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَيُّوْبَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَرْمِيُّ حَدَّثَنَا مَحْبُوْبُ بْنُ مُحْرِزٍ التَّمِيْمِيُّ عَنْ اَبِىْ مَالِكٍ النَّخَعِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا اَنْ تَعْتَدَّ فِىْ غَيْرِ بَيْتِهَا اِنْ شَاءَتْ . لَمْ يُسْنِدْهُ غَيْرُ اَبِىْ مَالِكٍ النَّخَعِيِّ وَهُوَ ضَعِيْفٌ وَّمَحْبُوْبٌ هٰذَا ضَعِيْفٌ اَيْضًا .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بیوہ کو یہ ہدایت کی تھی: اگر وہ چاہے تو اپنی عدت اپنے گھر کے علاوہ (کسی دوسری جگہ) بسر کر سکتی ہے۔

اس روایت کو صرف ابو مالک نخعی نے سند کے ساتھ نقل کیا ہے' اور یہ راوی ضعیف ہے۔

محبوب نامی راوی بھی ضعیف ہے۔

3793- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْاَشْعَثِ بِدِمَشْقَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ بَشِيْرٍ اَنَّهُ سَاَلَ قَتَادَةَ عَنِ الظِّهَارِ قَالَ فَحَدَّثَنِىْ اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ اِنَّ اَوْسَ بْنَ الصَّامِتِ ظَاهَرَ مِنِ امْرَاَتِهِ خُوَيْلَةَ بِنْتِ ثَعْلَبَةَ فَشَكَتْ ذٰلِكَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ ظَاهَرَ مِنِّىْ حِيْنَ كَبِرَتْ سِنِّىْ وَرَقَّ عَظْمِىْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ اٰيَةَ الظِّهَارِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَوْسٍ اَعْتِقْ رَقَبَةً . قَالَ مَا لِىْ بِذٰلِكَ يَدَانِ .قَالَ فَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ .قَالَ اَمَا اِنِّىْ اِذَا اَخْطَاَنِىْ اَنْ اٰكُلَ فِى الْيَوْمِ يَكِلُّ بَصَرِىْ .قَالَ فَاَطْعِمْ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا .قَالَ لَا اَجِدُ اِلَّا اَنْ تُعِيْنَنِىْ مِنْكَ بِعَوْنٍ وَّصِلَةٍ .قَالَ فَاَعَانَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا حَتّٰى جَمَعَ اللّٰهُ لَهُ وَاللّٰهُ رَحِيْمٌ .قَالَ وَكَانُوْا يَرَوْنَ اَنَّ عِنْدَهُ مِثْلَهَا وَذٰلِكَ لِسِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا .

☆☆ سعید بن بشیر بیان کرتے ہیں: اُنہوں نے قتادہ سے ظہار کے بارے میں دریافت کیا' تو قتادہ نے بتایا: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ حدیث سنائی ہے: حضرت اوس بن صامت رضی اللہ عنہ نے اپنی اہلیہ خویلہ بنت ثعلبہ کے ساتھ ظہار کر لیا' اُس خاتون نے اس بات کی شکایت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کی اور بولی: انہوں نے اُس وقت میرے ساتھ ظہار کر لیا ہے' جب میری عمر زیادہ ہو گئی ہے' ہڈیاں کمزور ہو گئی ہیں' تو اللہ تعالیٰ نے ظہار کے حکم سے متعلق آیت نازل کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اوس رضی اللہ عنہ کو حکم دیا: تم ایک غلام آزاد کرو! اُنہوں نے عرض کی: میرے پاس اس کی گنجائش نہیں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لگاتار دو ماہ روزے رکھو! اُنہوں نے عرض کی: میری یہ حالت ہے کہ اگر میں ایک دن (کسی وقت) کھانا نہ کھا سکوں تو میری نظر متاثر ہوتی ہے (یعنی کمزوری بڑھ جاتی ہے)۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم

۳۷۹۲- في اسناده ابو مالك النخعي' وهو (ضعيف)- و محبوب ايضاً ضعيف؛ كما قال الدارقطني رحمه الله-

۳۷۹۳- اخرجه ابو داود في الطلاق (۲/۲۷۳-۲۷۴) من حديث خويلة بنت ثعلبة نفسها؛ فراجعه-

ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ! انہوں نے عرض کی: میری یہ حیثیت بھی نہیں ہے' البتہ اگر آپ میری مدد کریں اور صلہ رحمی سے کام لیں (تو میں ایسا کرسکتا ہوں)۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پندرہ صاع مدد کے طور پر انہیں دیئے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے جمع کر دیا' اور اللہ نہایت رحم کرنے والا ہے' راوی کہتے ہیں: لوگ یہ سمجھتے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک یہ مقدار ہے' کیونکہ یہ اناج ساٹھ مسکینوں کے لیے تھا۔

شرح: ظہار کے الفاظ اور ان کا حکم

صاحب ہدایہ لکھتے ہیں: جب کوئی شخص اپنی بیوی سے یہ کہے: تم میرے لئے میری والدہ کی پشت (کی طرح قابل احترام) ہو' تو وہ عورت اس مرد کے لئے حرام ہو جائے گی' اور اس مرد کے لئے اس عورت کے ساتھ صحبت کرنا جائز نہیں ہوگا' اسے چھونا' اس کا بوسہ لینا جائز نہیں ہوگا جب تک وہ اپنے ظہار کا کفارہ نہیں دیدیتا' اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

''جو لوگ اپنی بیویوں کے ساتھ ظہار کرتے ہیں''۔

یہ آیت یہاں تک ہے۔

''ایک غلام آزاد کرنا' اس سے پہلے کہ وہ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ ملاپ کریں''۔

زمانہ جاہلیت میں ظہار' طلاق شمار ہوتا تھا' تو شریعت نے اس کی اصل کو برقرار رکھا اور اس کے حکم کو وقتی حرمت کی طرف منتقل کر دیا' جو کفارے کے ذریعے (ختم ہو جاتی ہے) البتہ اس کے ذریعے نکاح ختم نہیں ہوتا۔

اس کی وجہ یہ ہے: ظہار کرنا اس اعتبار سے جرم ہے کہ مرد کا قول قابل انکار اور غلط ہے اس لیے مناسب یہی ہے: مرد کو اس بات کی سزا دی جائے اور عورت کو اس کے لئے (عارضی طور پر) حرام قرار دیدیا جائے البتہ جب وہ مرد کفارہ ادا کر دے' تو یہ حرمت ختم ہو جائے گی۔

پھر جب وطی کو حرام قرار دیا گیا تو اس کے محرکات (چھونے اور بوسہ دینے) کو بھی حرام قرار دیا جائے گا تا کہ وہ وطی کا ارتکاب نہ کرلے' جیسا کہ احرام کی حالت میں بھی (یہ ممنوع ہوتے ہیں)

جبکہ حیض والی عورت اور روزہ دار کا حکم اس سے مختلف ہے۔

اس کی وجہ یہ ہے: حیض اور روزہ دونوں کا وقوع بکثرت ہوتا ہے' اس لئے اگر ان محرکات کو بھی حرام قرار دیدیا جائے' تو اس کے نتیجے میں دقت پیدا ہوسکتی ہے البتہ ظہار اور احرام کی صورت مختلف ہے (کیونکہ یہ شاذ و نادر پیش آتے ہیں)۔

اگر شوہر کفارہ دینے سے پہلے عورت کے ساتھ صحبت کر لیتا ہے' تو وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں استغفار کرے گا' اور اس پر کفارے کی ادائیگی کے علاوہ اور کوئی مزید ادائیگی لازم نہیں ہوگی' اور وہ دوبارہ ایسا نہ کرے' جب تک کفارہ ادا نہیں کر دیتا۔

اس کی دلیل' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس شخص سے یہ فرمان ہے: جس نے ظہار کی حالت میں کفارہ دینے سے پہلے صحبت کر لی تھی۔

''تم اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرو اور دوبارہ یہ عمل اس وقت تک نہ کرنا جب تک کفارہ نہیں دیدیتے''۔

اگر کوئی دوسری چیز لازم ہوتی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس پر متنبہ کر دیتے۔
مصنف فرماتے ہیں: یہ الفاظ صرف ظہار شمار ہوں گے' کیونکہ یہ اس بارے میں صریح ہیں۔
اگر شوہر اس کے ذریعے طلاق کی نیت کر لیتا ہے' تو یہ درست نہیں ہوگی' کیونکہ یہ حکم منسوخ ہے اس لیے اس پر عمل کرنا ممکن نہیں ہوگا۔

جب شوہر یہ کہے: تم میرے لیے میری ماں کے پیٹ' یا اس کے زانوں' یا اس کی شرمگاہ کی طرح (قابل احترام) ہو' تو مرد ظہار کرنے والا شمار ہوگا' کیونکہ ظہار اسی چیز کا نام ہے کہ حلال کو حرام کے ساتھ تشبیہہ دی جائے اور یہ مفہوم اس عضو کے بارے میں متحقق ہوگا جس کی طرف (شہوت سے دیکھنا جائز نہ ہو)۔
اسی طرح جب مرد نے عورت کو ان خواتین کے ساتھ تشبیہہ دی جن کی طرف (شہوت کے ساتھ) دیکھنا ہمیشہ کے لئے جائز نہیں ہے (یعنی ان کے ساتھ نکاح کرنا جائز نہیں ہے) جیسے بہن یا پھوپھی یا رضاعی ماں (تو یہی حکم ہوگا) کیونکہ دائمی حرمت کے اعتبار سے یہ بھی ماں کی مانند ہیں۔
اسی طرح اگر اس مرد نے یہ کہا: تمہارا سر میرے لیے میری ماں کی پشت کی طرح ہے' یا تمہاری شرمگاہ' یا تمہارا چہرہ' یا تمہاری گردن' یا تمہارا نصف حصہ' یا تمہارا ایک تہائی حصہ' یا تمہارا جسم (میرے لئے میری ماں کی طرح قابل احترام ہے) تو یہی حکم ہوگا' کیونکہ ان الفاظ کے ذریعے پورا بدن مراد لیا جاتا ہے اور حکم ایسے جزء میں ثابت ہوتا ہے' جو پھیلا ہوا ہو' پھر وہ متعدی ہو جاتا ہے' جیسا کہ ہم طلاق میں یہ بات بیان کر چکے ہیں۔
اگر شوہر نے یہ کہا: تم میرے لیے میری ماں کی مثل ہو' یا میری ماں کی طرح ہو' تو مرد کی نیت کی طرف رجوع کیا جائے گا تا کہ اس کا حکم لگایا جاسکے۔
اگر مرد یہ کہتا ہے: میرا ارادہ قابل احترام ہونا تھا' تو یہ اس کے بیان کے مطابق ہوگا۔
اس کی وجہ یہ ہے: تشبیہہ کے ذریعے کسی کی عزت افزائی کا اظہار کرنا عام محاورے کا حصہ ہے۔
اگر مرد نے یہ کہا: میں نے ظہار کا ارادہ کیا تھا' تو وہ ظہار ہی شمار ہوگا' کیونکہ یہ پورے جسم کے ساتھ تشبیہہ دینے کی مانند ہے اور اس میں ایک عضو کے ساتھ بھی تشبیہہ پائی جاتی ہے' لیکن کیونکہ یہ صریح نہیں ہے اس لیے یہ نیت کا محتاج ہوگا۔
اگر مرد نے یہ کہا: میں نے طلاق کی نیت کی تھی' تو یہ بائنہ طلاق ہوگی' کیونکہ حرمت میں ماں کے ساتھ تشبیہہ دی ہے گویا اس شخص نے یہ کہا: تم میرے لیے حرام ہو اور اس نے اس کے ذریعے طلاق کی نیت کر لی۔
اگر مرد نے کوئی نیت نہ کی ہو' تو کچھ بھی نہیں ہوگا' یہ حکم امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابویوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہے' کیونکہ یہاں اس بات کا احتمال موجود ہے کہ ان الفاظ کو عزت افزائی پر محمول کیا جائے۔
امام محمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: وہ ظہار کرنے والا شمار ہوگا' کیونکہ ایک عضو کے ساتھ تشبیہہ دینا' جب ظہار شمار ہو سکتا ہے' تو

پورے وجود کے ساتھ تشبیہہ دینا تو بدرجہ اولیٰ ظہار شمار ہوگا۔

اگر اس نے اس کے ذریعے تحریم مراد لی ہو اور اس کے علاوہ اور کچھ نہ ہو تو امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس سے ایلاء ثابت ہوگا' کیونکہ اس کے ذریعے دو حرمتوں میں سے کمتر حیثیت کی حرمت ثابت ہوگی' جبکہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس سے ظہار ثابت ہوگا' کیونکہ یہاں "ک" تشبیہہ والا استعمال ہوا ہے' جو اسی کے ساتھ مخصوص ہے۔

ظہار صرف بیوی کے ساتھ ہوسکتا ہے' یہاں تک کہ اگر کوئی شخص اپنی کنیز کے ساتھ ظہار کرے' تو وہ ظہار کرنے والا شمار نہیں ہوگا اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

"اپنی بیویوں کے ساتھ"

اس کی ایک دلیل یہ بھی ہے: کنیز میں حلت کا مفہوم تابع کی حیثیت رکھتا ہے' اس لیے وہ منکوحہ کے ساتھ شامل نہیں ہوگی۔

نیز ظہار کو طلاق سے نقل کیا گیا ہے اور مملوکہ (کنیز) کو طلاق نہیں دی جاتی۔

اگر کوئی شخص کسی عورت کے ساتھ اس کی اجازت کے بغیر شادی کرلے اور پھر اس کے ساتھ ظہار کرلے۔ پھر وہ عورت اس نکاح کو برقرار رکھے تو ظہار باطل ہو جائے گا' کیونکہ اس وقت وہ بندہ تشبیہہ میں سچا ہے جب تصرف کر رہا تھا لہٰذا اس کی یہ بات جھوٹ نہیں ہوگی۔

ظہار' شوہر کا کوئی حق نہیں ہے کہ اسے موقوف قرار دیا جائے۔

اس کے برخلاف جب خریدار ایسے غلام کو آزاد کردے' جسے اس نے کسی غاصب سے خریدا ہو (تو حکم مختلف ہوگا) کیونکہ آزاد کرنا ملکیت کے حقوق سے تعلق رکھتا ہے۔

جو شخص اپنی بیویوں سے یہ کہے: تم سب میرے لیے میری ماں کی پشت کی طرح ہو' تو وہ ان سب کے ساتھ ظہار کرنے والا شمار ہوگا' کیونکہ اس نے ظہار کی نسبت ان سب کی طرف کردی ہے' تو یہ اسی طرح ہوگا' جس طرح اس نے طلاق کی نسبت (ان سب کی طرف) کی ہو۔

اس مرد پر یہ لازم ہوگا: وہ ہر ایک بیوی کی طرف سے کفارہ دے' اس کی وجہ یہ ہے: ان میں سے ہر ایک کے حق میں حرمت اور کفارہ ثابت ہوگئے ہیں' لہٰذا حرمتوں کے متعدد ہونے کی وجہ سے کفارہ بھی متعدد ہو جائے گا' جبکہ ایلاء کا حکم اس کے برخلاف ہے' کیونکہ اس میں کفارہ اسم (یعنی اللہ تعالیٰ کا وہ نام جس کی قسم اٹھائی جاتی ہے) کی حرمت محفوظ کرنے کے لئے ہوتا ہے اور اسم کا ذکر کرنا متعدد نہیں ہوتا۔ (ہدایہ' کتاب الطلاق' باب ظہار کا بیان)

3794- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شِيرَوَيْهِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ النَّحْوِيُّ عَنْ يَحْيٰى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ صَخْرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

۳۷۹٤- كذا وقع في هذا الاسناد عن يحيى بن ابي كثير عن سلمة بن صخر بلا واسطة؛ و اخرجه الترمذي في الطلاق (۳/۵۰۳-۵۰٤) باب: ما جاء في كفارة الظهار (۱۲۰۰) و حسنه' و الحاكم (۲/۲۰٤)' و البيهقي (۷/۳۹۰) من طريق يحيى بن ابي كثير' انبا ابو سلمة و محمد بن عبد الرحمن بن ثوبان ان سليمان بن صخر الانصاري...... بنحوه' و صححه الحاكم على شرطهما-

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَاهُ مِكْتَلاً فِيْهِ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا فَقَالَ اَطْعِمْهُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ـ وَذٰلِكَ لِكُلِّ مِسْكِيْنٍ مُدٌّ.

☆☆ حضرت سلمہ بن صخر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں ایک برتن دیا' جس میں پندرہ صاع (اناج) تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ ساٹھ مسکینوں کو کھلا دو۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) اس طرح ہر مسکین کو ایک ''مُد'' ملا تھا۔

3795- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا الْمُحَارِبِيُّ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْمُحَارِبِيُّ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلاً ظَاهَرَ مِنِ امْرَاَتِهِ رَاَى بَيَاضَ الْخَلْخَالِ فِي السَّاقِ فِي الْقَمَرِ فَوَقَعَ عَلَيْهَا فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ فَقَالَ اَمَا سَمِعْتَ اللّٰهَ يَقُوْلُ (مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَاسَّا) اَمْسِكْ عَلَيْكَ امْرَاَتَكَ حَتّٰى تُكَفِّرَ .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے اپنی اہلیہ کے ساتھ ظہار کیا' پھر اُنہوں نے چاندنی رات میں اُس عورت کی پنڈلی کی چمک دیکھی تو (خود پر قابو نہ پاسکے) اور اُس کے ساتھ صحبت کر لی' پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم نے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان نہیں سنا:

''اُن دونوں کے ایک دوسرے کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے (کفارہ ادا کرنا ہوگا)''۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) اب جب تک تم کفارہ ادا نہیں کرتے' اپنی بیوی کے ساتھ صحبت نہ کرنا۔

شرح: ظہار کا کفارہ

صاحب ہدایہ لکھتے ہیں: ظہار کا کفارہ غلام آزاد کرنا ہے اگر (آدمی) اسے نہ پائے' تو دو مہینے کے لگا تار روزے رکھنا ہے' اگر اس کی بھی استطاعت نہ ہو' تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے' اس کی دلیل وہ نص ہے' جو اس بارے میں وارد ہوئی ہے' کیونکہ وہ اسی ترتیب کے مطابق کفارے کا فائدہ دیتی ہے۔

فرماتے ہیں: یہ سب کچھ صحبت کرنے سے پہلے ہوگا' یہ حکم غلام آزاد کرنے اور روزہ رکھنے کے بارے میں تو ظاہر ہے' کیونکہ اس پر نص موجود ہے اور کھانا کھلانے میں بھی اسی طرح ہے' کیونکہ اس بارے میں کفارہ ہی حرمت کو ختم کرے گا' لہٰذا

۳۷۹۵- اخرجه الحاكم في الطلاق (۲/۲۰۴) من طريق اسماعيل بن مسلم' به- وقال: (ولم يحتج الشيخان باسماعيل' ولا بالحكم بن ابان' الا ان الحكم بن ابان صدوق)- اه- و تعقبه الذهبي بقوله: (اسماعيل واه)- اه- وله طريق آخر عن ابن عباس عند الحاكم (۲/۲۰۴) من طريق حفص بن عمر العدني' ثنا الحكم بن ابان عن عكرمة عن ابن عباس' بنحوه- وقال الذهبي: (العدني غير ثقة)- اه- قلت: لكنه متابع: فاخرجه الترمذي في الطلاق (۲/۵۰۳) باب: ما جاء في المظاهر يواقع قبل ان يكفر (۱۱۹۹) و ابن ماجه في الطلاق (۱/۶۶۶-۶۶۷) باب: المظاهر يجامع قبل ان يكفر (۲۰۶۵) من طريق معمر عن الحكم بن ابان' به- وقال الترمذي: (حسن صحيح غريب)- اه- وروى البزار (۲/۱۹۸-۱۹۹)' و الطبري في تفسيره (۲۸/۳-۴)' و البيهقي في الكبرى (۷/۳۹۲) من طريق عبيد الله بن موسى' ثنا ابو حمزة الثمالي عن عكرمة عن ابن عباس' بنحوه مطولا' و استنكره البزار' و اعله بضعف ابي حمزة و مخالفته للكتاب' و تناقض الراوي فيه و مخالفته للثقات في لفظه-

اسے صحبت سے پہلے ہونا چاہئے تا کہ وطی حلال ہو سکے۔

فرماتے ہیں: غلام آزاد کرنے میں' کافر غلام' یا مسلمان' یا مذکر' یا مؤنث' یا نابالغ' یا بالغ' (سب کو) آزاد کرنا جائز ہے' اس کی وجہ یہ ہے: لفظ ''رقبہ'' کا اطلاق ان سب پر ہوتا ہے' اس کی وجہ یہ ہے: اس سے مراد وہ ذات ہے جس میں رقیق ہونے اور غلامی کا مفہوم کسی بھی اعتبار سے پایا جاتا ہو۔

کافر غلام کے بارے میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی رائے ہم سے مختلف ہے۔

وہ یہ فرماتے ہیں: کفارہ اللہ تعالیٰ کا حق ہے' لہٰذا زکوٰۃ کی طرح اسے اللہ تعالیٰ کے دشمن کی طرف پھیرنا جائز نہیں ہوگا۔

ہم یہ کہتے ہیں: نص اس بارے میں یہ ہے: غلام آزاد کیا جائے اور وہ مفہوم یہاں پایا جا رہا ہے اور آدمی کا غلام آزاد کرنے سے ارادہ یہی ہے: حکم کی پیروی کرے' لیکن غلام کا معصیت (کفر) کو اختیار کرنا یہ اس غلام کے اپنے برے اختیار کی طرف منسوب ہوگا۔

(اس کفارے میں) اندھے' کٹے ہوئے ہاتھوں والے' کٹے ہوئے پاؤں والے غلام کو آزاد نہیں کیا جا سکتا کیونکہ اس نوعیت کے غلام میں منفعت کی جنس یعنی بینائی یا پکڑنے کی صلاحیت یا چلنے کی صلاحیت معدوم ہے اور یہ عیب اسے کفارے کے طور پر ادا کرنے میں رکاوٹ ہے۔

اگر اس کی منفعت میں تھوڑا سا خلل اور کمی پائی جاتی ہو تو اسے ادا کرنا منع نہیں ہوگا' جیسے وہ کانا ہو یا ایک پاؤں اور ایک ہاتھ مخالف سمت میں کٹے ہوئے ہوں اس کی وجہ یہ ہے: یہاں منفعت کی جنس فوت نہیں ہوئی ہے بلکہ اس میں خلل واقع ہو گیا ہے' لیکن اگر ایک ہاتھ اور ایک پاؤں' ایک ہی طرف سے کٹے ہوئے ہوں تو ایسا غلام کفارے میں آزاد کرنا جائز نہیں ہوگا کیونکہ یہاں منفعت کی جنس مکمل طور پر معدوم ہے اور وہ شخص چلنے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔

بہرے غلام کو کفارے میں آزاد کرنا جائز ہے قیاس کا تقاضا یہ تھا: اسے آزاد کرنا جائز نہ ہو' ''نوادر'' میں یہی مذکور ہے' کیونکہ اس میں منفعت کی جنس زائل ہو چکی ہے' لیکن استحسان کے پیش نظر ہم ایسے غلام کو آزاد کرنا جائز قرار دیں گے' کیونکہ اصل منفعت باقی ہے' کیونکہ جب بلند آواز میں بات کی جائے' تو وہ سن لیتا ہے۔

لیکن اگر غلام کی حالت ایسی ہو کہ اسے کچھ بھی سنائی نہ دیتا ہو' جیسا کہ وہ پیدائشی طور پر بہرہ ہو اور ساتھ میں گونگا بھی ہو' تو کفارے میں ایسے غلام کا آزاد کرنا درست نہیں ہوگا۔

جس غلام کے دونوں ہاتھوں کے انگوٹھے کٹے ہوئے ہوں اسے آزاد کرنا جائز نہیں ہوگا۔

اس کی وجہ یہ ہے: انسان انگوٹھوں کی مدد سے ہی کسی چیز کو گرفت میں لے سکتا ہے' تو جب یہ معدوم ہوں گے تو منفعت ختم ہو جائے گی۔

اسی طرح پاگل غلام کو کفارے میں آزاد کرنا بھی جائز نہیں ہے' یعنی جس میں عقل کا شائبہ بھی نہ ہو۔

اس کی وجہ یہ ہے: انسان عقل کی وجہ سے ہی اپنے اعضاء سے فائدہ اٹھا سکتا ہے اور پاگل پن کے عالم میں یہ منفعت

زائل ہو جاتی ہے۔

جس غلام پر کبھی دیوانگی کا دورہ پڑتا ہو اور کبھی وہ ٹھیک ہو جاتا ہو' اسے کفارے میں آزاد کرنا جائز ہوگا' کیونکہ اس کی منفعت میں خلل پایا جاتا ہے اور یہ اس امر سے مانع نہیں ہے۔

مدبر غلام' یا ام ولد کنیز کو کفارے میں آزاد کرنا درست نہیں ہے' کیونکہ یہ ایک اعتبار سے پہلے ہی آزاد ہو چکے ہیں اور ان کا مملوک ہونا کامل طور پر نہیں ہے بلکہ ناقص طور پر ہے۔

اسی طرح جو مکاتب غلام اپنی قیمت ادا کر چکا ہو' اسے بھی آزاد کرنا کافی نہیں ہوگا' کیونکہ اس کا آزاد کرنا تو مال کے معاوضے میں سے ہو جائے گا۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ بات بیان کی ہے: مکاتب غلام کو آزاد کرنا جائز ہوگا' کیونکہ ابھی وہ مملوک ہے' اس کی وجہ یہ ہے: کتابت کے معاہدے کو منسوخ کیا جا سکتا ہے' جبکہ ام ولد اور مدبر غلام کا حکم اس سے مختلف ہے۔

کیونکہ یہ دونوں فسخ کیے جانے کا احتمال نہیں رکھتے ہیں۔ (ہدایہ کتاب الطلاق' باب ظہار کا بیان)

3796- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ صَخْرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهُ اَنْ يَّاْتِيَ بَنِيْ فُلَانٍ فَيَاْخُذَ مِنْهُمْ وَسْقًا مِّنْ تَمْرٍ فَيُعْطِيَهُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا.

☆☆ حضرت سلمہ بن صخر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یہ ہدایت کی' وہ بنو فلاں کے پاس جا کر ان سے ایک وسق کھجوریں وصول کر لیں اور وہ (ایک وسق) ساٹھ مسکینوں کو دے دیں۔

3797- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى وَالْمَيْمُوْنِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ وَمَطَرٍ عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ عَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ فِى الْمُظَاهِرِ اِذَا وَطِءَ قَبْلَ اَنْ يُّكَفِّرَ عَلَيْهِ كَفَّارَتَانِ .

☆☆ ظہار کرنے والے شخص کے بارے میں حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں: اگر وہ کفارہ ادا کرنے

٣٧٩٦- اخرجه احمد (٤٣٦/٥)؛ و الدارمي في الطلاق (١٦٣/٢-١٦٤)؛ و ابو داود في الطلاق (٢٧٢/٢، ٢٧٣) باب: الظهار (٢٢١٣)؛ و الترمذي في الطلاق (٤٩٢/٢) باب: ما جاء في المظاهر يواقع قبل ان يكفر (١١٩٨)؛ و ابن ماجه في الطلاق (٦٦٥/١) باب: الظهار (٢٠٦٢)؛ و ابن الجارود (٧٤٤)؛ و الحاكم (٢٠٣/٢)؛ و البيهقي في الكبرى (٣٨٥/٧-٣٨٦) من طرق عن ابن اسحاق' به- وقال الترمذي: (حديث حسن غريب' و العمل على هذا عند اكثر اهل العلم' وهو قول سفيان ومالك و الشافعي واحمد واسحاق- و قال بعضهم: اذا واقعها قبل ان يكفر فعليه كفارتان' و هو قوله عبد الرحمن بن مهدي)- اه- و صححه الحاكم على شرط مسلم-

٣٧٩٧- لم اجده عند غير الدارقطني- و اسناده صحيح لو لا ان قبيصة لم يسمع من عمرو بن العاص- وروى سعيد بن منصور عن سعيد بن جبير في رجل ظاهر' ثم غشيها قبل ان يكفر قال: عليه كفارتان- و هذا يخالف ما جاء في حديث ابن عباس عند اصحاب السنن' و فيه: (فضحك رسول الله صلى الله عليه وسلم' و امره الا يقربها حتى يكفر)- و ما اخرجه الحاكم من حديث ابن عباس ايضاً و فيه: (اني ظاهرت من امراتي ثم و قعت عليها قبل ان اكفر' فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: (الم يقل الله: (من قبل ان يتماسا) (المجادلة: ٣) قال: اعجبتني قال: (امسك حتى تكفر)- قال الزيلعي في نصب الراية (٢٤٦/٣): (وفيه من الفقه انه لم يامره الا بكفارة واحدة)- اه-

سے پہلے صحبت کر لیتا ہے تو اُس پر دو کفاروں کی ادائیگی لازم ہوگی۔

3798- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ قَبِيصَةُ بْنُ ذُوَيْبٍ عَلَيْهِ كَفَّارَتَانِ.

☆☆ قبیصہ بن ذویب فرماتے ہیں: ایسے شخص پر دو کفاروں کی ادائیگی لازم ہوگی۔

3799- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ اَبِىْ فَرْوَةَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ صَخْرٍ اَنَّهُ ظَاهَرَ فِىْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ وَقَعَ بِامْرَاَتِهِ قَبْلَ اَنْ يُّكَفِّرَ فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَاَمَرَهٗ اَنْ يُّكَفِّرَ تَكْفِيْرًا وَّاحِدًا.

☆☆ حضرت سلمہ بن صخر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں اُنہوں نے اپنی اہلیہ کے ساتھ ظہار کر لیا' پھر کفارہ ادا کرنے سے پہلے اُنہوں نے اُس خاتون کے ساتھ صحبت بھی کر لی' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' اس بات کا تذکرہ آپ سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں یہ ہدایت کی: وہ ایک ہی کفارہ ادا کریں۔

3800- حَدَّثَنَا الْقَاضِىْ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ الْاَشَجُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ صَخْرٍ الْبَيَاضِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْمُظَاهِرِ يُوَاقِعُ قَبْلَ اَنْ يُّكَفِّرَ قَالَ كَفَّارَةٌ وَّاحِدَةٌ.

☆☆ حضرت سلمہ بن صخر رضی اللہ عنہ' ظہار کرنے والے شخص کے بارے میں' جو کفارہ ادا کرنے سے پہلے (عورت کے ساتھ) صحبت کر لیتا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اُس کا کفارہ ایک ہی ہوگا۔

3801- حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنِىْ جَدِّىْ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ حَدَّثَنَا اَبُوْ جُزَىٍّ عَنْ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَنْ شَاءَ بَاهَلْتُهٗ اَنَّهٗ لَيْسَ لِلْاَمَةِ ظِهَارٌ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جو شخص چاہے میں اُس کے ساتھ اس مسئلہ پر مباہلہ کرنے کیلئے تیار ہوں کہ کنیز کے ساتھ ظہار نہیں ہوتا۔

3802- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ

۳۷۹۸—اسنادہ حسن۔

۳۷۹۹—اخرجه ابو داود في الطلاق (۲/۲۷٤) باب: في الظهار (۲۲۱۷)' و ابن الجارود في (المنتقى) (۷٤٥) من طريق ابن وهب' اخبرني ابن لهيعة و عمرو بن الحارث عن بكير بن الاشج' به- و سليمان بن يسار لم يسمع من سلمة بن صخر؛ قاله البخاري- راجع (جامع التحصيل) للعلائي ص (۱۹۰-۱۹۱)-

۳۸۰۰—سبق قريباً من وجه آخر عن ابن اسحاق- و تقدم تخريجه من طرق عن ابن اسحاق' به-

۳۸۰۱—اخرجه البيهقي (۷/۳۸۳) من طريق الدارقطني' به-

۳۸۰۲—اخرجه البيهقي (۷/۳۸۳) من طريق الدارقطني' به- و في اسناده ابن لهيعة و هو ضعيف-

عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ لَا ظِهَارَ مِنَ الْاَمَةِ.

وَاَخْبَرَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَيْسَ مِنَ الْاَمَةِ ظِهَارٌ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: کنیز کے ساتھ ظہار نہیں ہوتا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: کنیز کے ساتھ ظہار نہیں ہوتا۔

3803- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ ظَاهَرَ مِنْ اَرْبَعِ نِسْوَةٍ قَالَ كَفَّارَةٌ وَّاحِدَةٌ.

☆☆ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو اپنی چار بیویوں کے ساتھ ظہار کر لیتا ہے' تو اُنہوں نے فرمایا: اُس کا کفارہ ایک ہی ہوگا۔

3804- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ جَابِرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ اِذَا كَانَ تَحْتَ الرَّجُلِ اَرْبَعُ نِسْوَةٍ فَظَاهَرَ مِنْهُنَّ تُجْزِيهِ كَفَّارَةٌ وَّاحِدَةٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب کسی شخص کی چار بیویاں ہوں اور وہ اُن سب کے ساتھ ظہار کر لے' تو اُسے ایک ہی کفارہ ادا کرنا پڑے گا۔

3805- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْجَوْهَرِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ- يَعْنِي الشَّيْبَانِيَّ- وَالْمُغِيْرَةُ وَحُصَيْنٌ قَالُوْا سَمِعْنَا الشَّعْبِيَّ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ بِنْتُ طَلْحَةَ اِنْ تَزَوَّجْتُ مُصْعَبَ بْنَ الزُّبَيْرِ فَهُوَ عَلَيَّ كَظَهْرِ اَبِي فَسَاَلَتْ عَنْ ذٰلِكَ فَاُمِرَتْ اَنْ تَعْتِقَ رَقَبَةً وَّتَزَوَّجَهُ.

☆☆ عائشہ بنت طلحہ بیان کرتی ہیں: میں نے کہا: اگر میں مصعب بن زبیر کے ساتھ شادی کر لوں' تو وہ میرے لیے میرے والد کی پشت (کی طرح قابلِ احترام) ہوں' پھر اُنہوں نے اس کا حکم دریافت کیا تو اُنہیں ایک غلام آزاد کرنے کی ہدایت کی گئی' پھر اُنہوں نے مصعب بن زبیر کے ساتھ شادی کر لی۔

3806- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا مُغِيْرَةُ حَدَّثَنِي قُثَمُ مَوْلَى عَبَّاسٍ قَالَ تَزَوَّجَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ بِنْتَ عَلِيٍّ وَامْرَاَةَ عَلِيٍّ النَّهْشَلِيَّةَ.

۳۸۰۳-اخرجه البيهقي في سننه (۷/ ۳۸٤) من طريق مطر الوراق و علي بن الحكم' سمعا عمرو بن شعيب به' لكن بلفظ: (ظاهر من ثلاث نسوة......)-و سعيد بن المسيب لم يسمع من عمر؛ مات عمر و هو ابن ثمان سنين؛ كما في تهذيب التهذيب (٤/ ٨٤)- لكن مراسيل سعيد صحيحه- و قد اخرجه مجاهد عن ابن عباس عن عمر؛ كما سياتي في الذي بعده-

۳۸۰٤-في اسناده جابر؛ و هو الجعفي ضعيف- لكن اخرجه البيهقي (۷/ ۳۸۳) من طريق منصور عن مجاهد...... به- و اسناده صحيح-

۳۸۰۵-اخرجه سعيد بن منصور (١٨٤٨) من طريق مغيره عن ابراهيم ان عائشة بنت طلحة......به- و اخرجه عبد الرزاق (٤/ ٩) عن الثوري عن مغيرة عن ابراهيم ايضاً- و اخرجه سعيد (١٨٤٩) من طريق حصين عن الشعبي' به-

☆☆ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ایک صاحبزادی کے ساتھ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ایک اہلیہ جونہشل قبیلہ سے تعلق رکھتی تھیں کے ساتھ شادی کر لی تھی (یعنی اُنہوں نے ایک لڑکی اور اُس کی سوتیلی ماں کے ساتھ شادی کی تھی)۔

3807- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا مُعَلًّى حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ اَنَّ رَجُلاً مِنْ اَهْلِ مِصْرَ كَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ يُقَالُ لَهُ جَبَلَةُ جَمَعَ بَيْنَ امْرَاَةِ رَجُلٍ وَّابْنَتِهِ مِنْ غَيْرِهَا .قَالَ اَيُّوبُ وَكَانَ الْحَسَنُ يَكْرَهُهُ.

☆☆ محمد نامی راوی بیان کرتے ہیں: مصر سے تعلق رکھنے والے ایک صحابی جن کا نام جبلہ تھا' اُنہوں نے ایک شخص کی بیوی اور اُس شخص کی' دوسری بیوی سے بیٹی' کے ساتھ شادی کر لی تھی۔

ایوب نامی راوی بیان کرتے ہیں: حضرت حسن بصری نے اسے مکروہ قرار دیا ہے۔

3808- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا اَبُو حُذَيْفَةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِى ثَابِتٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ الْخُلْعُ فُرْقَةٌ وَّلَيْسَ بِطَلَاقٍ.

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: خلع علیحدگی ہوتا ہے' یہ طلاق نہیں ہوتا۔

3809- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ جَمَعَ بَيْنَ رَجُلٍ وَّامْرَاَتِهِ بَعْدَ تَطْلِيقَتَيْنِ وَخُلْعٍ .

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے' اُنہوں نے دو ایسے میاں بیوی کو اکٹھا کروا دیا تھا' جن کے درمیان پہلے دو طلاقیں اور خلع ہو چکا تھا۔

۳۸۰٦-اخرجه سعيد بن منصور (۱۰۱۱) عن جرير بن عبد الحميد عن قثم مولى آل العباس' نحوه- و من طريقه اخرجه البيهقي في الكبرى (۱٦۷/۷)' و علقه البخاري في صحيحه (۹/ ۵۷) كتاب: النكاح' باب: ما يحل من النساء و ما يحرم-قال ابن حجر: (والاثر المذكور وصله البغوي في (الجعديات) من طريق عبد الرحمن بن مهران......)- اه-

۳۸۰۷-اخرجه سعيد بن منصور (۱۰۰٦): حدثنا اسماعيل من ابراهيم' انا ايوب' قال: سئل الحسن و محمد بن سيرين عن الرجل يتزوج امراة الرجل و ابنته من غيرها! فكره ذلك الحسن' ولم ير به باساً محمد بن سيرين' فقال: قد فعله جبلة: رجل من اهل مصر-وعلقه البخاري في صحيحه (۹/ ۵۷) في النكاح' باب: ما يحل من النساء و ما يحرم' فقال: (وقال بن سيرين: لا باس به' و كرهه الحسن مرة' ثم قال: لا باس به)- اه-قال الحافظ ابن حجر في الكلام على اثر ابن سيرين: و صله سعيد بن منصور عنه بسند صحيح' و اخرجه ابن ابي شيبة مطولاً من طريق ايوب عن عكرمة بن خالد (ان عبد الله بن صفوان تزوج امراة رجل من ثقيف و ابنته- اي: من غيرها-قال ايوب: فسئل عن ذلك ابن سيرين فلم ير به باساً' وقال: نبئت ان رجلا كان بمصر اسمه: جبلة جمع بين امراة رجل و ابنته من غيرها)- وقال في اثر الحسن: (وصله الدارقطني...... واخرجه ابو عبيد في كتاب النكاح......)- اه-

۳۸۰۸-روى البيهقي في سننه (۷/ ۳۱٦) عن عمرو عن طاوس قال: سال ابراهيم بن سعد ابن عباس عن امراة طلقها زوجها تطليقتين' ثم اختلعت منه' ايتزوجها؟ قال ابن عباس: ذكر الله-عزوجل- الطلاق في اول الآية و آخرها و الخلع بين ذلك: فليس الخلع بطلاق' ينكحها-قال البيهقي: اخرجه ايضاً حبيب بن ابي ثابت و ليث بن ابي سليم عن طاوس عن ابن عباس' بمعناه مختصراً- و انظر التالي-

۳۸۰۹-اخرجه سعيد بن منصور (۱٤۵۳): حدثنا ابو عوانة عن ليث' به- و ليث ضعيف لكن تابعه حبيب بن ابي ثابت و عمرو بن دينار' و راجع الذي قبله-

3810- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَشْكُو زَوْجَهَا .فَقَالَ رُدِّى عَلَيْهِ حَدِيقَتَهُ .قَالَتْ نَعَمْ وَزِيَادَةً .قَالَ أَمَّا الزِّيَادَةُ فَلاَ .خَالَفَهُ الْوَلِيدُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَسْنَدَهُ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ .وَالْمُرْسَلُ أَصَحُّ.

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں: ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی' اُس نے اپنے شوہر کی شکایت کی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اُس شخص کا باغ اُسے واپس کر دو (جو اُس نے تمہیں مہر کے طور پر دیا تھا اور خلع حاصل کرلو)۔ وہ عورت بولی: ٹھیک ہے! میں اس کے ساتھ مزید (ادائیگی کرنے کیلئے بھی تیار ہوں)۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مزید (ادائیگی) کی ضرورت نہیں ہے۔

ولید نے ابن جریج کے حوالے سے مختلف سند نقل کی ہے' اُنہوں نے اسے عطاء کے حوالے سے' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے۔ تاہم اس کا ''مرسل'' ہونا درست ہے۔

3811- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدِ اللهِ الْمَخْزُومِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جُمْهَانَ مَوْلَى الأَسْلَمِيِّينَ عَنْ أُمِّ بَكْرَةَ الأَسْلَمِيَّةِ أَنَّهَا اخْتَلَعَتْ مِنْ زَوْجِهَا فِي زَمَانِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ فَقَالَ عُثْمَانُ هِيَ تَطْلِيقَةٌ إِلاَّ أَنْ يَكُونَا سَمَّيَا شَيْئًا فَهُوَ عَلَى مَا سَمَّيَا.

☆☆ جمہان بیان کرتے ہیں' حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں' سیّدہ اُم بکرہ اسلمیہ رضی اللہ عنہا نے اپنے شوہر سے خلع حاصل کرلیا' تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ ایک طلاق شمار ہوگا' البتہ اگر اُن دونوں نے کچھ اور طے کیا ہو' تو وہ اُن کے طے کیے ہوئے کے مطابق (شمار ہوگا)۔

3812- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْبَغَوِيُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ هِلاَلٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ مَطَرٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ رَبَاحٍ أَنَّ عُمَرَ قَالَ فِي الْمُخْتَلِعَةِ تَخْتَلِعُ مَا دُونَ عِقَاصِ رَأْسِهَا.

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: خلع حاصل کرنے والی عورت' اپنے پراندے سے کم قیمت والی چیز کے عوض میں بھی خلع حاصل کرسکتی ہے۔

۳۸۱۰- اخرجه البیهقی (۷/۳۱۴) من طریق عبد الوهاب بن عطاء، انا ابن جریج ...... به- و اخرجه ابو داود فی مراسیله (۲۳۷، ۲۳۸) من طریق سفیان عن ابن جریج نحوه-

۳۸۱۱- اخرجه البیهقی فی الکبری (۷/۳۱۶) من طریق الشافعی، انا مالك عن هشام بن عروة عن ابیه عن جمهان مولی الاسلمیین...... به- و جمهان الاسلمی: قال فیه الحافظ فی التقریب (ت:۹۶۵): (مقبول)- قلت: عند المتابعة، و الا فلین؛ کما قال الحافظ فی مقدمة التقریب- واخرجه عبد الرزاق فی المصنف (۴/۱۶) عن ابن جریج عن هشام بن عروة عن ابیه عن جمهان- و اخرجه سعید بن منصور فی سننه (۱۴۴۶): حدثنا سفیان عن هشام بن عروة، به- واخرجه سعید (۱۴۴۷): حدثنا ابو معاویة، نا هشام بن عروة، قال: خلع جمهان الاسلمی امراته، ثم ندم و ندمت؛ فاتیا عثمان بن عفان، فذکرا ذلك له، فقال: هی تطلیقة الا ان تکون سمیت شیئا فهو علی ما سمیت-

۳۸۱۲- اخرجه البیهقی فی سننه (۷/۳۱۵) من طریق الدارقطنی، به- وروی سعید بن منصور (۱۴۳۲) عن الحکم بن عتیبة قال: جاءت امراة الی عمر بن الخطاب...... فذکر قصة، و فیها: فقال لزوجها: اخلعها بدون عقاص راسها؛ فلا خیر لك فیها)-

3813- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا دَاوُدُ الْعَطَّارُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ جَمِيلَةَ بِنْتِ سَعْدٍ قَالَتْ قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا مَا تَزِيدُ الْمَرْاَةُ فِي الْحَمْلِ عَلٰى سَنَتَيْنِ قَدْرَ مَا يَتَحَوَّلُ ظِلُّ عُودِ الْمِغْزَلِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: کسی عورت کا حمل دو سال سے زیادہ پیٹ میں نہیں رہ سکتا' خواہ وہ کاتنے کی لکڑی کے سائے جتنا تبدیل ہو جائے۔

3814- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ اَخْبَرَنَا حَبَّانُ اَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ جَمِيلَةَ بِنْتِ سَعْدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَا يَكُونُ الْحَمْلُ اَكْثَرَ مِنْ سَنَتَيْنِ قَدْرَ مَا يَتَحَوَّلُ ظِلُّ الْمِغْزَلِ .وَجَمِيلَةُ بِنْتُ سَعْدٍ اُخْتُ عُبَيْدِ بْنِ سَعْدٍ.

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: کسی عورت کا حمل دو سال سے زیادہ پیٹ میں نہیں رہ سکتا' خواہ وہ کاتنے کی لکڑی جتنا تبدیل ہو جائے۔

جمیلہ بنت سعد نامی خاتون' عبید بن سعد کی بہن ہیں۔

3815- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ الْجُنْدَيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِي سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنِي اَشْيَاخٌ مِنَّا قَالُوا جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اِنِّي غِبْتُ عَنِ امْرَاَتِي سَنَتَيْنِ فَجِئْتُ وَهِيَ حُبْلٰى فَشَاوَرَ عُمَرُ النَّاسَ فِي رَجْمِهَا قَالَ فَقَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اِنْ كَانَ لَكَ عَلَيْهَا سَبِيلٌ فَلَيْسَ لَكَ عَلٰى مَا فِي بَطْنِهَا سَبِيلٌ فَاتْرُكْهَا حَتّٰى تَضَعَ .فَتَرَكَهَا فَوَلَدَتْ غُلَامًا قَدْ خَرَجَتْ ثَنِيَّتَاهُ فَعَرَفَ الرَّجُلُ الشَّبَهَ فِيهِ فَقَالَ ابْنِي وَرَبِّ الْكَعْبَةِ .فَقَالَ عُمَرُ عَجَزَتِ النِّسَاءُ اَنْ يَلِدْنَ مِثْلَ مُعَاذٍ لَوْلَا مُعَاذٌ هَلَكَ عُمَرُ.

☆☆ ابوسفیان نامی راوی بیان کرتے ہیں: ہمارے کچھ بزرگوں نے یہ بات بیان کی ہے: ایک شخص حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور بولا: اے امیر المؤمنین! میں دو سال کے بعد اپنی بیوی کے پاس آیا' تو وہ حاملہ تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُس عورت کو سنگسار کرنے کے بارے میں لوگوں سے مشورہ کیا' تو حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے امیر المؤمنین! آپ اُس عورت کو تو سزا دے سکتے ہیں' لیکن اُس کے پیٹ میں موجود بچے کو سزا نہیں دے سکتے' اس لیے آپ اسے اُس وقت تک چھوڑ دیں' جب تک وہ بچے کو جنم نہ دے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُسے چھوڑ دیا' اُس

۳۸۱۳-اخرجه البيهقي في سننه (۷/۴۴۲) من طريق سعيد بن منصور عن داود بن عبد الرحمن عن ابن جريج ......به- و انظر: نصب الراية (۲۶۵/۳)-

۳۸۱۴-راجع الذي قبله-

۳۸۱۵-اخرجه البيهقي في سننه (۷/۴۴۲) من طريق الدارقطني' به- و الرواة له عن عمر مجاهيل- قال البيهقي: (وهذا ان ثبت ففيه دلالة على ان الحمل يبقى اكثر من سنتين' و قول عمر- رضي الله عنه- في امراة المفقود تربص اربع سنين' يشبه ان يكون انما قاله: لبقاء الحمل اربع سنين- و الله اعلم)- اه-

نے ایک لڑکے کو جنم دیا' جس کے سامنے کے دانت باہر کی طرف نکلے ہوئے تھے' جس کے نتیجے میں اُس شخص کو بچے کی اپنے ساتھ مشابہت کا پتہ چلا' وہ بولا: ربِ کعبہ کی قسم! یہ میرا بیٹا ہے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عورتیں اس بات سے عاجز آ گئی ہیں' وہ ''معاذ'' جیسے بچے کو جنم دیں' اگر ''معاذ'' نہ ہوتا' تو ''عمر'' ہلاکت کا شکار ہو جاتا۔

3816- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَكْرِ بْنِ خَالِدٍ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ الْوَلِيْدَ بْنَ مُسْلِمٍ يَقُوْلُ قُلْتُ لِمَالِكِ بْنِ اَنَسٍ اِنِّىْ حُدِّثْتُ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ لَا تَزِيْدُ الْمَرْاَةُ فِىْ حَمْلِهَا عَلٰى سَنَتَيْنِ قَدْرَ ظِلِّ الْمِغْزَلِ فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَنْ يَّقُوْلُ هٰذَا هٰذِهٖ جَارَتُنَا امْرَاَةُ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ امْرَاَةُ صِدْقٍ وَّزَوْجُهَا رَجُلُ صِدْقٍ حَمَلَتْ ثَلَاثَةَ اَبْطُنٍ فِىْ اثْنَىْ عَشَرَ سَنَةً تَحْمِلُ كُلَّ بَطْنٍ اَرْبَعَ سِنِيْنَ.

☆☆ ولید بن مسلم بیان کرتے ہیں: میں نے امام مالک سے کہا: مجھے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات بتائی گئی ہے' وہ یہ فرماتی ہیں: عورت کو زیادہ سے زیادہ دو سال تک حمل رہ سکتا ہے۔ جتنا چرخے کا سایہ ہوتا ہے۔

تو امام مالک نے فرمایا: سبحان اللہ! کوئی شخص یہ بات کیسے کہہ سکتا ہے؟ یہ ہماری لڑکی جو محمد بن عجلان کی بیوی ہے' یہ ایک نیک عورت ہے' اس کا شوہر بھی ایک نیک آدمی ہے' اس نے بارہ سال میں تین بچوں کو جنم دیا' جن میں سے ہر ایک بچہ چار سال تک ماں کے پیٹ میں رہا۔

3817- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ خَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ رِزْمَةَ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ شَدَّادِ بْنِ دَاوُدَ الْمَخْرَمِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِىْ رِزْمَةَ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا الْمُبَارَكُ بْنُ مُجَاهِدٍ قَالَ مَشْهُوْرٌ عِنْدَنَا امْرَاَةُ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ تَحْمِلُ وَتَضَعُ فِىْ اَرْبَعِ سِنِيْنَ وَكَانَتْ تُسَمّٰى حَامِلَةَ الْفِيْلِ.

☆☆ مبارک بن مجاہد بیان کرتے ہیں: ہمارے درمیان یہ بات مشہور ہے کہ محمد بن عجلان کی اہلیہ چار سال حاملہ رہنے کے بعد بچوں کو جنم دیتی تھیں' اُس عورت کا نام ''حاملة الفیل'' رکھا گیا تھا۔

3818- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ شُعَيْبٍ صَالِحُ بْنُ عِمْرَانَ الدَّعَّاءُ حَدَّثَنِىْ اَحْمَدُ بْنُ غَسَّانَ حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ يَحْيَى الْفَرَّاءُ الْمُجَاشِعِيُّ قَالَ بَيْنَمَا مَالِكُ بْنُ دِيْنَارٍ يَوْمًا جَالِسٌ اِذْ جَاءَهٗ رَجُلٌ فَقَالَ يَا اَبَا يَحْيٰى ادْعُ لِامْرَاَةٍ حُبْلٰى مُنْذُ اَرْبَعِ سِنِيْنَ قَدْ اَصْبَحَتْ فِىْ كَرْبٍ شَدِيْدٍ فَغَضِبَ مَالِكٌ وَّاَطْبَقَ الْمُصْحَفَ قَالَ مَا يَرٰى هٰؤُلَاءِ الْقَوْمُ اِلَّا اَنَّا اَنْبِيَاءُ ثُمَّ قَرَاَ ثُمَّ دَعَا ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ هٰذِهِ الْمَرْاَةُ اِنْ كَانَ فِىْ بَطْنِهَا رِيْحٌ فَاَخْرِجْهُ عَنْهَا السَّاعَةَ

۳۸۱۶- اخرجه البيهقي (۷/۴۴۳) من طريق الدارقطني' به- وروى عن الواقدي قال: سمعت مالك بن انس يقول: قد يكون الحمل سنين' و اعرف من حملت به امه اكثر من سنتين' يعني: نفسه- قلت: هذا ظن من الواقدي: انما قصد مالك امراة محمد بن عجلان-

۳۸۱۷- اخرجه البيهقي (۷/۴۴۳) من طريق الدارقطني' به- و راجع الذي قبله-

۳۸۱۸- اخرجه البيهقي في سننه (۷/۴۴۳) من طريق الدارقطني' به-

وَإِنْ كَانَ فِي بَطْنِهَا جَارِيَةٌ فَأَبْدِلْهَا بِهَا غُلَامًا فَإِنَّكَ تَمْحُو مَا تَشَاءُ وَتُثْبِتُ وَعِنْدَكَ أُمُّ الْكِتَابِ ثُمَّ رَفَعَ مَالِكٌ يَدَهُ وَرَفَعَ النَّاسُ أَيْدِيَهُمْ وَجَاءَ الرَّسُولُ إِلَى الرَّجُلِ فَقَالَ أَدْرِكِ امْرَأَتَكَ فَذَهَبَ الرَّجُلُ فَمَا حَطَّ مَالِكٌ يَدَهُ حَتَّى طَلَعَ الرَّجُلُ مِنْ بَابِ الْمَسْجِدِ عَلَى رَقَبَتِهِ غُلَامٌ جَعْدٌ قَطَطٌ ابْنُ أَرْبَعِ سِنِينَ قَدِ اسْتَوَتْ أَسْنَانُهُ مَا قُطِعَتْ سَرَارُهُ.

☆☆ ہاشم بن یحییٰ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ مالک بن دینار بیٹھے ہوئے تھے' ایک شخص اُن کے پاس آیا اور بولا: اے ابویحییٰ! اُس عورت کیلئے دعا کیجئے' جو چار سال سے حاملہ ہے اور شدید تکلیف میں مبتلا ہے۔ تو مالک بن دینار غصہ میں آ گئے' اُنہوں نے مصحف بند کیا اور بولے: یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ ہم انبیاء ہیں' پھر اُنہوں نے کچھ تلاوت کی' پھر دعا کی اور بولے: اے اللہ! اگر اس عورت کے پیٹ میں ہوا ہے' تو اسے ابھی نکال دے' اور اگر اس کے پیٹ میں لڑکی ہے' تو اُسے لڑکے میں تبدیل کر دے' کیونکہ تو جسے چاہے مٹا سکتا ہے اور جسے چاہے برقرار رکھ سکتا ہے' "اُم الکتاب" تیرے پاس ہے۔

پھر مالک بن دینار نے ہاتھ اُٹھائے' لوگوں نے بھی ہاتھ اُٹھا لیے' اسی دوران ایک پیغام رساں اُس شخص کے پاس آیا اور بولا: تم اپنی بیوی کے پاس پہنچو' وہ شخص چلا گیا' ابھی مالک بن دینار نے ہاتھ نیچے نہیں کیے تھے کہ وہ شخص مسجد کے دروازے سے اندر آیا' اُس نے ایک بچے کو گود میں اُٹھا رکھا تھا' جو گھنگھریالے بالوں کا مالک تھا۔ وہ تقریباً چار سال کا تھا' اُس کے دانت پورے تھے لیکن اُس کی نال نہیں کاٹی گئی تھی۔

3819- حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصْعَبٍ قَالَ سَمِعْتُ الْأَوْزَاعِيَّ يَقُولُ عِنْدَنَا هَا هُنَا امْرَأَةٌ تَحِيضُ غُدْوَةً وَتَطْهُرُ عَشِيَّةً.

☆☆ اوزاعی فرماتے ہیں: ہمارے ہاں ایک عورت ہے' جسے صبح حیض آتا ہے اور شام کے وقت وہ پاک ہو جاتی ہے۔

3820- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مَحْمُودٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنِي عُمَيْرُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ مُوسَى الضَّبِّيُّ حَدَّثَنِي عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِيُّ قَالَ أَدْرَكْتُ فِينَا - يَعْنِي الْمَهَالِبَةَ - امْرَأَةً صَارَتْ جَدَّةً وَهِيَ بِنْتُ ثَمَانِ عَشْرَةَ وَلَدَتْ لِتِسْعِ سِنِينَ ابْنَةً فَوَلَدَتِ ابْنَتُهَا لِتِسْعِ سِنِينَ فَصَارَتْ هِيَ جَدَّةً وَهِيَ بِنْتُ ثَمَانِ عَشْرَةَ.

☆☆ عباد بن عباد مہلبی بیان کرتے ہیں: ہمارے مہلب قبیلے میں ایک عورت ہے' جو اٹھارہ سال کی عمر میں نانی بن گئی' اُس نے نو برس کی عمر میں بچی کو جنم دیا' اُس کی بیٹی نے بھی نو برس کی عمر میں اپنی بیٹی کو جنم دیا تو وہ عورت اٹھارہ برس کی عمر میں نانی بن گئی۔

3821- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ بَحْرِيَّةَ بِنْتِ هَانِئِ بْنِ قَبِيصَةَ قَالَتْ زَوَّجْتُ نَفْسِي الْقَعْقَاعَ بْنَ سَوْرٍ وَبَاتَ عِنْدِي لَيْلَةً وَجَاءَ أَبِي

۳۸۱۹- تقدم في الحيض- ۳۸۲۰- اسناده حسن-

۳۸۲۱- اسناده ضعيف؛ بحرية بنت هانی مجهولة-

مِنَ الْاَعْرَابِ فَاسْتَعْدَى عَلِيًّا وَجَاءَتْ رُسُلُهُ فَانْطَلَقُوْا بِهِ اِلَيْهِ فَقَالَ اَدَخَلْتَ بِهَا قَالَ نَعَمْ ۔ فَاَجَازَ النِّكَاحَ.

☆☆ بحریہ بنت ہانی بن قبیصہ بیان کرتی ہیں: میں نے قعقاع بن سور کے ساتھ شادی کر لی' وہ ایک رات میرے ساتھ رہے' پھر میرے والد آئے جو دیہاتی آدمی تھے' اُنہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں مقدمہ پیش کر دیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قاصد آئے اور اُنہیں اپنے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس لے گئے' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کیا تم اُس عورت کے ساتھ صحبت کر چکے ہو' اُس نے جواب دیا: جی ہاں! تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُس نکاح کو برقرار رکھا۔

3822- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ بَحْرِيَّةَ بِنْتِ هَانِءٍ الْاَعْوَرِ اَنَّهُ سَمِعَهَا تَقُوْلُ زَوَّجَهَا اَبُوْهَا رَجُلًا وَّهُوَ نَصْرَانِيٌّ وَّزَوَّجَتْ نَفْسَهَا الْقَعْقَاعَ بْنَ سَوْرٍ فَجَآءَ اَبُوْهَا اِلٰى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا وَوَجَدَ الْقَعْقَاعَ قَدْ بَاتَ عِنْدَهَا وَقَدِ اغْتَسَلَ فَجِيءَ بِهِ اِلٰى عَلِيٍّ فَاِذَا عَلَيْهِ خَلُوْقٌ فَقَالَ اَبُوْهَا فَضَحْتَنِيْ وَاللّٰهِ مَا اَرَدْتُ هٰذَا ۔قَالَ اَتَرٰى بَنَائِيْ كَانَ يَكُوْنُ سِرًّا فَارْتَفَعُوْا اِلٰى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ دَخَلْتَ بِهَا قَالَ نَعَمْ ۔فَاَجَازَ نِكَاحَهَا نَفْسَهَا ۔بَحْرِيَّةُ مَجْهُوْلَةٌ ۔

☆☆ بحریہ بنت ہانی بن قبیصہ بیان کرتی ہیں: اُن کے والد نے اُن کی شادی ایک ایسے شخص کے ساتھ کر دی جو عیسائی تھا' تو اُس عورت نے خود قعقاع بن سور کے ساتھ شادی کر لی' اُس لڑکی کا والد حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قعقاع کو بلوایا' تو اُس وقت وہ اُس عورت کے ساتھ صحبت کرنے کے بعد غسل بھی کر چکے تھے' اُنہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں لایا گیا تو اُن پر زرد رنگ کا نشان موجود تھا' لڑکی کے باپ نے کہا: تم نے مجھے رسوائی کا شکار کیا ہے' میں یہ نہیں چاہتا تھا۔ تو قعقاع بولے: کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ میں نے چھپ کر شادی کی ہے؟ ان لوگوں نے اپنا مقدمہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کیا تم اُس عورت کے ساتھ صحبت کر چکے ہو؟ اُنہوں نے جواب دیا: جی ہاں! تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُس عورت کے اپنی شادی خود کر لینے کو درست قرار دیا۔

بحریہ نامی عورت مجہول ہے۔

3823- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ حَدَّثَنَا مُعَلَّى حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ جَعْفَرٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اِذَا كَانَ وَلِيُّ الْمَرْاَةِ مُضَارًّا فَوَلَّتْ رَجُلًا فَاَنْكَحَهَا فَنِكَاحُهُ جَائِزٌ.

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب کسی عورت کا ولی ضرر رساں ہو اور وہ عورت کسی دوسرے شخص کو اپنا ولی مقرر کر دے اور وہ اُس عورت کا نکاح کروا دے' تو اُس کا کروایا ہوا نکاح درست ہوگا۔

3824- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ قَالَ

۳۸۲۲—راجع الذي قبله-

۳۸۲۳—اسناده ضعيف' فيه ابن لهيعة' تقدمت ترجمته مرارًا-

۳۸۲٤—اسناده حسن: ابو داود هو الطيالسي الحافظ المشهور ثقة ثبت-

كَانَ فِينَا امْرَاَةٌ يُقَالُ لَهَا بَحْرِيَّةُ زَوَّجَتْهَا اُمُّهَا وَاَبُوهَا غَائِبٌ فَلَمَّا قَدِمَ اَبُوهَا اَنْكَرَ ذٰلِكَ فَرَفَعَ ذٰلِكَ اِلٰى عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ فَاَجَازَ النِّكَاحَ.

قَالَ وَاَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ اَبِىْ قَيْسٍ اَنَّ عَلِيًّا قَضٰى فِيهَا بِذٰلِكَ.

قَالَ وَاَخْبَرَنَا شُعْبَةُ وَاَخْبَرَنِىْ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ سَمِعَا اَبَا قَيْسٍ يُحَدِّثُ عَنِ الْهُزَيْلِ اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَضٰى بِذٰلِكَ.

☆☆ شیبانی بیان کرتے ہیں: ہمارے (محلہ یا قبیلہ میں) ایک عورت تھی٬ جس کا نام بحریہ تھا٬ اُس کی ماں نے اُس کی شادی کر دی٬ اُس کا باپ اُس وقت وہاں موجود نہ تھا٬ جب اُس کا باپ آیا تو اُس نے اس رشتے سے انکار کر دیا٬ اُس نے یہ معاملہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا٬ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُس نکاح کو برقرار رکھا۔

ابوقیس بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں یہ فیصلہ دیا تھا:

ہزیل بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کے مطابق فیصلہ دیا تھا۔

شرح:

کسی دوسرے پر کوئی چیز نافذ کرنے کا اختیار ''ولایت'' کہلاتا ہے۔

مسئلہ یہ ہے: ولایت کا حق کن لوگوں کو حاصل ہوتا ہے؟ اور کن پر حاصل ہوتا ہے؟

احناف اس بات کے قائل ہیں: ہر ولی کو ولایت کا حق حاصل ہوتا ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک باپ کے علاوہ اور کسی کو ولایت کا حق حاصل نہیں ہوتا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک باپ اور دادا کے علاوہ اور کسی کو ولایت کا حق حاصل نہیں ہوتا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مؤقف کی تائید میں یہ دلیل پیش کی ہے:

کسی بھی آزاد لڑکی پر ولایت کا حق صرف ضرورت کے تحت ہوتا ہے اور نابالغ لڑکے یا نابالغ لڑکی میں کیونکہ شہوت نہیں پائی جاتی٬ اس لئے ان پر ولایت کا حق استعمال کرنے کی ضرورت بھی نہیں ہے۔

اس پر یہ اعتراض کیا جا سکتا ہے: اگر مسئلے کی صورت وہی ہے٬ جو آپ نے بیان کی ہے٬ تو پھر باپ کو بھی ولایت حاصل نہیں ہونی چاہئے٬ جبکہ باپ کی ولایت قائم ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اس کا یہ جواب دیتے ہیں۔ باپ کی ولایت ''نص'' سے ثابت ہے٬ اس لئے قیاس کے مقابلے میں نص کے حکم پر عمل کیا جائے گا٬ اور باپ کو ولایت کا حق دیا جائے گا۔

اس پر یہ اعتراض کیا جا سکتا ہے: دادا بھی باپ کی طرح ہوتا ہے٬ تو یہ حق آپ اسے بھی دیں٬

وہ اس کا یہ جواب دیتے ہیں: وہ اس مفہوم میں شامل نہیں ہیں٬ یعنی دادا کے بارے میں کیونکہ کوئی نص منقول نہیں ہے٬ اس لئے اسے باپ کے ساتھ شامل نہیں کیا جائے گا٬ اور نص کا حکم اپنی اصل کے اعتبار سے باقی رہے گا۔

احناف یہ کہتے ہیں: نابالغ لڑکے اور نابالغ لڑکی کے بارے میں ولایت کا حق دینا قیاس کے خلاف نہیں ہے بلکہ قیاس کے مطابق ہے۔

کیونکہ نکاح میں بہت سے مصالح اور فوائد ہوتے ہیں' اور یہ فوائد عام طور پر ایسے فریقین کے درمیان عملی طور پر زیادہ پائے جاتے ہیں' جو ایک دوسرے کا کفو ہوں' لیکن کیونکہ ہر زمانے میں کفو کا ملنا مشکل ہوتا ہے۔ کفو کی حفاظت کے پیش نظر ہم نے کمسنی میں ہی' نابالغ لڑکے اور نابالغ لڑکی پر ولایت کو ثابت کر دیا ہے' تاکہ بعد میں کسی پریشانی سے بچا جا سکے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مؤقف یہ ہے: ولایت کا حق دینے کی بنیاد شفقت اور مہربانی کا جذبہ ہے' کیونکہ باپ اور دادا کے علاوہ دیگر رشتے داروں میں یہ جذبہ کم پایا جاتا ہے۔ اس لئے اس کی کمی کی وجہ سے' باپ اور دادا کے علاوہ دوسرے کسی رشتے دار میں یہ ولایت ثابت نہیں ہوگی۔

اپنے مؤقف کی تائید میں امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ یہ دلیل پیش کرتے ہیں: یہی وجہ ہے: باپ اور دادا کے علاوہ کوئی دوسرا ولی نابالغ لڑکے اور نابالغ لڑکی کے مال میں تصرف نہیں کر سکتا۔ حالانکہ مال کی حیثیت' ذات کے مقابلے میں' کم ہوتی ہے' تو پھر ذات کے بارے میں تصرف کرنے کا حق' باپ دادا کے علاوہ کسی اور کو کیسے دیا جا سکتا ہے۔

ہماری دلیل یہ ہے: نفسِ قرابت (رشتے داری) شفقت اور رحمت کا تقاضا کرتی ہے' اس لئے باپ اور دادا کی طرح دیگر رشتے داروں کو ولایت کا حق حاصل ہوگا' کیونکہ قرابت کا پہلو ان میں بھی موجود ہے' لیکن کیونکہ دوسرے رشتے داروں میں باپ اور دادا سے کم شفقت پائی جاتی ہے۔ اس لئے ہم باپ دادا کو ولایت الزام بھی دیتے ہیں' یعنی ان کا کیا ہوا عقد لازم ہوگا' جسے وہ نابالغ لڑکا یا لڑکی' بالغ ہونے کے بعد فسخ نہیں کر سکتے' اس کے برخلاف دیگر رشتے دار نابالغ لڑکے یا لڑکی کا نکاح کر سکتے ہیں' لیکن اس لڑکے یا لڑکی کو بالغ ہونے پر یہ اختیار حاصل ہوگا' اگر وہ چاہیں تو اس نکاح کو فسخ کر دیں۔

امام شافعی نے نکاح میں باپ اور دادا کے علاوہ دیگر رشتہ داروں کی نکاح میں ولایت کو مال میں ولایت پر قیاس کیا تھا۔ مصنف فرماتے ہیں: مال میں تصرف کرنے کی صورت اس سے مختلف ہے' کیونکہ اس تصرف میں تکرار پایا جاتا ہے اور تصرف کے نتیجے میں پیش آنے والے خلل کا تدارک ممکن نہیں ہوتا۔ اس لئے اس میں وہی ولایت مفید ثابت ہو سکتی ہے جس میں الزام (لازم) کرنے کا پہلو پایا جاتا ہو' تو کیونکہ باپ اور دادا کے علاوہ دیگر رشتے داروں کو ولایت الزام کا حق حاصل نہیں ہوتا اس لئے انہیں مال میں تصرف کا حال دینے کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔

اگر نابالغ لڑکی ثیبہ ہو' تو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک حکم مختلف ہوتا ہے' اس کی وجہ یہ ہے: ہمارے نزدیک ولایت کا حق دینے کی وجہ بچی کا نابالغ ہونا ہے' جبکہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس حق کی وجہ بچی کا باکرہ ہونا ہے۔

فتوحاتِ جہانگیری
شرح
سنن دار قطنی
جزو ہشتم
7-8
متن
امام ابو الحسن علی بن عمر دار قطنی
ترجمہ
ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر
ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ
شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰، اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

كِتَابُ الطَّلَاقِ وَالْخُلْعِ وَالْاِيْلَاءِ وَغَيْرِهِ

طلاق، خلع، ایلاء وغیرہ کے بارے میں روایات

3825- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ جَرِيرِ بْنِ جَبَلَةَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَائِشَةَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَلَيْسَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى (الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ) فَلِمَ صَارَ ثَلَاثًا قَالَ (اِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ اَوْ تَسْرِيحٌ بِاِحْسَانٍ)

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا:

''طلاق دو مرتبہ ہوتی ہے''۔

پھر تیسری طلاق کا حکم کیوں ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (اللہ تعالیٰ نے یہ بھی فرمایا ہے:)

''پھر معروف طریقے سے روکنا ہوگا یا احسان کے ساتھ آزاد کرنا ہوگا''۔

3826- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْقَطَّانُ وَآخَرُونَ قَالُوا حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْمُقْرِءُ حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ سُمَيْعٍ الْحَنَفِيُّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّي اَسْمَعُ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُولُ (الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ) فَاَيْنَ الثَّالِثَةُ قَالَ (اِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ اَوْ تَسْرِيحٌ بِاِحْسَانٍ) يَعْنِي الثَّالِثَةَ . كَذَا قَالَ عَنْ اَنَسٍ وَالصَّوَابُ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ سُمَيْعٍ عَنْ اَبِي رَزِينٍ مُرْسَلٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض

۳۸۲۵-اخرجه ابن مردويه في (تفسيره)- كما في (تفسير ابن كثير) (۲۷۳/۱)-من طريق عبيد الله بن جرير، بهذا الاسناد- و علقه البيهقي في (السنن الكبرى) (۳۴۰/۷) فقال: وروي عن قتادة عن انس رضي الله عنه، و ليس بشيء- و الحديث ذكره السيوطي في (الدر المنثور) (۴۹۵/۱)، و عزاه الى ابن مردويه و البيهقي- تنبيه: نقل ابن التركماني في (الجوهر النقي) (۳۴۰/۷) عن ابن القطان ان هذا الاثر صحيح- و نقل ذلك ايضاً الحافظ في التلخيص (۴۲۱/۳)-

۳۸۲۶-اخرجه البيهقي في (السنن الكبرى) (۳۴۰/۷) من طريق ادريس بن عبد الكريم المقرئ، بهذا الاسناد- وقال: كذا قال: (عن انس رضي الله عنه)- و الصواب: عن اسماعيل بن سميع عن ابي رزين عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا؛ كذلك اخرجه جماعة من الثقات عن اسماعيل- قلت: و الطريق المرسل اخرجه عبد الرزاق (۳۳۷/۶) رقم (۱۱۰۹۱)، و في (تفسيره) (۱۰۶/۱) رقم (۲۸۳)، و سعيد بن منصور رقم (۱۴۵۶، ۱۴۵۷)، و ابو داود في المراسيل رقم (۲۲۰)، و الطبري في (تفسيره) (۴۷۲/۲) رقم (۴۷۹۵، ۴۷۹۶، ۴۷۹۷)، و البيهقي في (السنن الكبرى) (۳۴۰/۷)، كلهم من طريق اسماعيل بن سميع عن ابي رزين مرسلا-وذكره السيوطي في (الدر المنثور) (۴۹۵/۱)، و زاد نسبته الى وكيع و عبد بن حميد و ابي داود في ناسخه و ابن المنذر و ابن ابي حاتم و النحاس و ابن مردويه-

کی: میں نے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان سنا ہے:

''طلاق دو مرتبہ ہوگی''۔

پھر تیسری طلاق کا حکم کہاں سے آ گیا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (اللہ تعالیٰ نے یہ بھی فرمایا ہے:)

''پھر معروف طریقے سے روکنا ہوگا یا احسان کے ساتھ آزاد کرنا ہوگا''۔

(اس سے مراد تیسری طلاق ہے۔)

راوی نے اسے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے' تاہم درست یہ ہے کہ یہ روایت اسماعیل بن سمیع کے حوالے سے' ابورزین کے حوالے سے ''مرسل'' روایت کے طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

3827 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي الثَّلْجِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمَّادٍ الطِّهْرَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنِي عَمِّي وَهْبُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ يَقُولُ الطَّلَاقُ عَلٰى اَرْبَعَةِ وُجُوهٍ وَّجْهَانِ حَلَالٌ وَّوَجْهَانِ حَرَامٌ فَاَمَّا الْحَلَالُ فَاَنْ يُّطَلِّقَهَا طَاهِرًا مِّنْ غَيْرِ جِمَاعٍ وَّاَنْ يُّطَلِّقَهَا حَامِلًا مُّسْتَبِينًا حَمْلُهَا وَاَمَّا الْحَرَامُ فَاَنْ يُّطَلِّقَهَا وَهِيَ حَائِضٌ اَوْ يُطَلِّقَهَا حِينَ يُجَامِعُهَا لَا يَدْرِي اشْتَمَلَ الرَّحِمُ عَلٰى وَلَدٍ اَمْ لَا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: طلاق دینے کے چار طریقے ہیں' ان میں سے دو طریقے حلال ہیں اور دو حرام ہیں۔

ایک حلال طریقہ یہ ہے: آدمی' عورت کو اُس وقت طلاق دے جب وہ طہر کی حالت میں ہو (اور اُس طہر کے دوران اُس شخص نے) اُس عورت کے ساتھ صحبت نہ کی ہو۔ (دوسرا طریقہ یہ ہے:) آدمی حاملہ عورت کو اُس وقت طلاق دے' جب اُس کا حمل ظاہر ہو چکا ہو۔ (ایک) حرام طریقہ یہ ہے کہ آدمی' عورت کو اُس وقت طلاق دے جب وہ حیض کی حالت میں ہو۔ (دوسرا حرام طریقہ یہ ہے:) آدمی' عورت کو (طہر کی حالت میں) اُس وقت طلاق دے جب وہ اُس کے ساتھ صحبت کر چکا ہو' اُسے یہ پتہ نہ چل سکے کہ رحم میں بچہ (آ گیا) ہے' یا نہیں ہے۔

3828 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ وَالْقَاسِمُ ابْنَا اِسْمَاعِيلَ الْمَحَامِلِيِّ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُو السَّائِبِ سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ طَلَاقُ السُّنَّةِ اَنْ

۳۸۲۷- اخرجه عبد الرزاق في مصنفه (٦/ ٣٠٤) كتاب: الطلاق' باب: وجه الطلاق...... الحديث (١٠٩٣٠)- و في باب طلاق الحائض رقم (١٠٩٥٠) عن وهب بن نافع' به-ومن طريق عبد الرزاق- ايضاً- : اخرجه البيهقي في الكبرى (٧/ ٣٢٥) باب: ما جاء في طلاق السنة و طلاق البدعة- ووهب بن نافع عم عبد الرزاق ترجمه البخاري في التاريخ في التاريخ الكبرى (٨/ ١٦٤) الترجمة (٢٥٦٦)' وفي (٨/ ١٧٠) الترجمة (٢٥٨٤)' و ابن ابي حاتم في الجرح و التعديل (٩/ ٢٤)' ولم يذكرا فيه جرحا ولا تعديلا-

۳۸۲۸- اخرجه البيهقي في السنن الكبرى (٧:٣٣٢) كتاب: الطلاق' باب:الاختيار للزوج الا يطلق الا واحدة- من طريق الحسين و القاسم' ابنا اسماعيل المحاملي' نا ابو السائب عن حفص بن غياث' به- و النسائي في المجتبى (٦/ ١٤٠) كتاب: الطلاق' باب: طلاق السنة- عن محمد بن يحيى بن ايوب عن حفص بن غياث- و ابن ماجه في سننه (١/ ٦٥١)' (٢٠٢١) كتاب: الطلاق' باب: طلاق السنة عن علي بن ميمون الرقي عن حفص بن غياث- قال صاحب التعليق المغني: اسناده صحيح -قلت: لكن فيه تدليس الاعمش و ابي اسحاق السبيعي' و كلاهما ثقة' لكن روياه معنعنا-

يُطَلِّقَهَا فِىْ كُلِّ طُهْرٍ تَطْلِيقَةً فَإِذَا كَانَ اٰخِرُ ذٰلِكَ فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِىْ اَمَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِهَا.

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: طلاق دینے کا سنت طریقہ یہ ہے کہ آدمی عورت کے ہر طہر کے دوران اُسے ایک طلاق دے جب یہ پورا ہو جائے گا تو یہ وہ عدت ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے۔

3829- حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِىُّ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ مَرْيَمَ حَدَّثَنَا الْفِرْيَابِىُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِى الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مَنْ اَرَادَ السُّنَّةَ فَلْيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا مِّنْ غَيْرِ جِمَاعٍ وَّيُشْهِدُ.

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص سنت (کے مطابق) طلاق دینا چاہتا ہو وہ عورت کو اُس وقت طلاق دے جب وہ طہر کی حالت میں ہو اور اُس شخص نے اُس عورت کے ساتھ صحبت نہ کی ہو۔ (اُس شخص کو یہ بھی چاہیے کہ وہ طلاق دینے پر کسی کو) گواہ بنالے۔

3830- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ قِلَابَةَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَنَسِ بْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ طَلَّقْتُ امْرَاَتِىْ وَهِىَ حَائِضٌ فَاَتٰى عُمَرُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا فَاِذَا طَهُرَتْ فَلْيُطَلِّقْهَا اِنْ شَاءَ . قَالَ عُمَرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَتُحْتَسَبُ بِتِلْكَ التَّطْلِيقَةِ قَالَ نَعَمْ .

قَالَ وَاَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ يُّوْنُسَ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ سَاَلَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نے اپنی اہلیہ کو طلاق دیدی وہ عورت اُس وقت حیض کی حالت میں تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے (اُس مسئلہ کے بارے

۳۸۲۹-اخرجه النسائي (٦/ ١٤٠) باب: طلاق السنة، و ابن ماجه في سننه (١/ ٦٥١) باب: طلاق السنة (٢٠٢٠)، من طريق يحيى عن سفيان، باسناده- و اخرجه عبد الرزاق في المصنف (٦/ ٣٠٢) باب: وجه الطلاق، و هو طلاق العدة و السنة (١٠٩٢٩)، و البيهقي في الكبرى (٧/ ٣٣٢)- باب: الاختيار للزوج الا يطلق الا واحدة، عن سفيان: و هو الثوري، به-وفيه-ايضا- تدليس ابي اسحاق السبيعي-

۳۸۳۰-اخرجه البيهقي في سننه (٧/ ٣٢٦) كتاب الخلع و الطلاق، باب الطلاق يقع على الحائض، و ان كان بدعيا- من طريق عبد الملك بن محمد الرقاشي- و هو ابو قلابة- نا بشر بن عمر، به-والحديث اخرجه البخاري (١٠/ ٤٤٢) كتاب: الطلاق، باب: اذا طلقت الحائض تعتد بذلك الطلاق، الحديث (٥٢٥٢)، و مسلم (٢/ ١٠٩٧) كتاب: الطلاق، باب: تحريم طلاق الحائض بغير رضاها...... الحديث (١٤٧١)-و احمد (٢/ ٦١، ٧٤، ٧٨) و البيهقي في الكبرى (٧/ ٣٢٦) كتاب: الطلاق، باب: الطلاق يقع على الحائض و ان كان بدعيا، و الطحاوي في شرح المعاني (٣/ ٥٢) من طرق عن شعبة، به-واخرجه مسلم (١١/ ١٤٧١)، و احمد (١/ ٤٣)، (٢/ ١٢٨)، و البيهقي (٧/ ٣٢٦) من طريق عبد الملك بن ابي سليمان عن انس بن سيرين، به-و رواية شعبة عن قتادة عن يونس...... الخ- اخرجها البخاري ايضا في صحيحه (١٠/ ٤٤٢) كتاب الطلاق، باب اذا طلقت الحائض تعتد بذلك الطلاق- عقب طريق انس بن سيرين السابق- و مسلم في صحيحه (٢/ ١٠٩٧) كتاب: الطلاق، باب: تحريم الطلاق بغير رضاها، الحديث (١٠/ ١٤٧١)- و النسائي (٦/ ٢١٢) كتاب: الطلاق، باب: الرجعة، و احمد (٢/ ٤٣، ٧٤، ٧٩)- من طريق قتادة عن يونس بن جبير، به- و تابع قتادة عليه ابن سيرين- اخرجه البخاري في صحيحه (١٠/ ٦٠٦) كتاب: الطلاق، باب: مراجعة الحائض، الحديث (٥٣٣٣)- ومسلم (٢/ ١٠٩٥-١٠٩٦) كتاب: الطلاق، باب: تحريم طلاق الحائض...... الحديث (٧، ٨، ٩/ ١٤٧١)- و ابو داؤد رقم (٢١٨٤)، و الترمذي رقم (١١٧٥)، و النسائي (٦/ ١٤١)، و ابن ماجه رقم (٢٠٢٢)، و احمد (٢/ ٥١) من طرق عن محمد بن سيرين عن يونس بن جبير، به-وقال الترمذي: (حديث يونس بن جبير عن ابن عمر حديث حسن صحيح)- اه-

میں) دریافت کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اُس سے کہو کہ وہ اُس عورت سے رجوع کر لے جب وہ عورت پاک ہو جائے گی' اُس وقت اگر وہ چاہے' تو اُسے طلاق دیدے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: کیا آپ اس طلاق کو واقع شمار کریں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں!

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا' (اس کے بعد اُنہوں نے حسبِ سابق حدیث ذکر کی)۔

شرح:

صاحب ہدایہ لکھتے ہیں: فرماتے ہیں: طلاق کی تین قسمیں ہیں۔ حسن' احسن' بدعی۔ احسن طلاق یہ ہے: آدمی اپنی بیوی کو ایک طلاق دے ایسے طہر میں' جس میں اس نے' اس عورت کے ساتھ صحبت نہ کی ہو اور پھر اس عورت کو چھوڑ دے' یہاں تک کہ اس عورت کی عدت گزر جائے۔

اس کی دلیل یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب اس بات کو مستحب سمجھتے تھے: وہ ایک سے زیادہ طلاق نہ دیں' یہاں تک کہ عدت گزر جائے اور یہ بات ان کے نزدیک اس چیز سے زیادہ فضیلت رکھتی تھی کہ آدمی ہر طہر میں ایک طلاق دے کر تین طلاقیں دیدے۔

اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے: اس صورت میں آدمی ندامت سے دور رہتا ہے اور اس کا ضرر بھی کم ہوتا ہے۔

تاہم اس کے مکروہ ہونے کے بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔

حسن: اس سے مراد سنت طلاق ہے اور وہ یہ ہے: آدمی مدخول بہا (بیوی) کو تین طہروں میں تین طلاقیں دے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ بدعت ہے اور صرف ایک ہی طلاق دینا مباح ہے' اس کی وجہ یہ ہے: طلاق میں اصل چیز ممنوعیت ہے اور اس کو چھٹکارے کے حصول کے لئے مباح قرار دیا گیا ہے اور وہ چیز ایک طلاق کے ذریعے بھی حاصل ہو سکتی ہے۔

ہماری دلیل حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

''سنت یہ ہے: تم طہر آنے دو اور پھر ہر ایک طہر میں ایک طلاق دو''۔

اس کی ایک دلیل یہ بھی ہے: حکم کا مدار ضرورت کی بنیاد پر ہوتا ہے اور وہ (دلیل) ایسے زمانے میں طلاق کا اقدام کرنا ہے جس میں دوبارہ نئے سرے سے رغبت پیدا ہو چکی ہو اور یہ چیز ''طہر'' کے زمانے میں ہوتی ہے ایسا ''طہر'' جس میں صحبت نہ کی گئی ہو اس لیے ضرورت کی دلیل کی طرف دیکھتے ہوئے' دوبارہ حاجت ہونے کی صورت حال پیدا ہو جائے گی۔

پھر یہ بات بھی بیان کی گئی ہے: زیادہ بہتر یہ ہے: آدمی طلاق دینے کو طہر کے آخری حصے تک مؤخر کرے تا کہ عدت کو طول دینے سے بچ سکے' تاہم زیادہ مناسب یہ ہے: جیسے ہی عورت پاک ہو' مرد اسے طلاق دیدے کیونکہ وہ اگر اس کو مؤخر کرے گا' تو ہو سکتا ہے' اس عورت کے ساتھ صحبت کر لے۔

چونکہ وہ طلاق دینے کا ارادہ تو کر چکا ہے' تو اس صورت میں وہ صحبت کرنے کے بعد طلاق واقع کرنے میں مبتلا ہو سکتا ہے۔

بدعت طلاق یہ ہے: شوہر ایک ہی کلمے کے ذریعے' تین طلاقیں دیدے' یا ایک ہی طہر میں تین طلاقیں دیدے' جب وہ ایسا کرے گا' تو طلاق واقع ہو جائے گی' اور وہ شخص گنہگار ہوگا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: کسی بھی طریقے کے ساتھ طلاق دینا مباح ہے' کیونکہ یہ ایک ایسا تصرف ہے' جو مشروع ہے تا کہ اس کے ذریعے حکم مستفاد ہو سکے لہٰذا مشروعیت' ممانعت کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتی جبکہ حیض کی حالت میں طلاق دینے کا حکم اس سے مختلف ہے' کیونکہ وہاں عورت کی عدت کو طول دینا حرام ہے' طلاق دینا منع نہیں ہے۔

ہماری دلیل یہ ہے: طلاق میں اصل چیز ممانعت ہے' کیونکہ اس سے نکاح ختم ہو جاتا ہے جس کے ذریعے بہت سے دینی اور دنیاوی مصالح متعلق ہوتے ہیں اور علیحدگی کی ضرورت کے پیش نظر اسے مباح قرار دیا گیا ہے' جبکہ تین طلاقیں ایک ساتھ دینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے' اور مختلف طہروں میں متفرق طور پر دینے کی ضرورت بھی ثابت ہوگی' اس کی حاجت کی دلیل کو سامنے رکھتے ہوئے اور کیونکہ بذات خود اس کی ضرورت موجود ہے' اس لیے اس پر دلیل کو متصور کرنا بھی ممکن ہوگا۔

اپنی ذات کے اعتبار سے یہ مشروع اس حیثیت سے ہے کہ اس کے ذریعے رقیت زائل ہو جاتی ہے' اور یہ بات ممانعت کے منافی نہیں ہے' کیونکہ اس میں "غیر" کا مفہوم پایا جا رہا ہے اور وہ ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں۔

اسی طرح ایک طہر میں' دو طلاقیں دینا بھی بدعت ہے' جس کی دلیل ہم ذکر کر چکے ہیں۔

ایک بائنہ طلاق کے بارے میں روایات مختلف ہیں۔

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب المبسوط میں یہ بات بیان کی ہے: ایسا شخص سنت کی خلاف ورزی کرے گا' کیونکہ علیحدگی اختیار کرنے میں کسی اضافی صفت کو ثابت کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے اور وہ اضافی صفت "بینونہ" ہے۔

زیادات کی روایات میں یہ بات ہے: ایسا مکروہ نہیں ہے' کیونکہ اس صورت میں فوراً چھٹکارا حاصل کیا جا سکتا ہے۔

(ہدایہ' کتاب الطلاق)

3831- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مَوْهِبُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ خَالِدٍ اَبُوْ سَعِيْدٍ وَّاَبُوْ ثَوْرٍ عَمْرُو بْنُ سَعْدٍ قَالاَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِىَ حَائِضٌ فِىْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَ عُمَرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ وَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ يُمْسِكْهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيضَ ثُمَّ تَطْهُرَ ثُمَّ يُطَلِّقْهَا طَاهِرًا قَبْلَ اَنْ يَمَسَّهَا فَذٰلِكَ الطَّلَاقُ لِلْعِدَّةِ كَمَا اَمَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ.

۳۸۳۱- اخرجه احمد (۹/ ۸۳)' و البخاري في صحيحه (۷۱۶۰)' و ابو داؤد (۲۱۸۲) من طريق يونس عن ابن شهاب' به- واخرجه البخاري (٤٩٠٨) كتاب: التفسير' باب: سورة الطلاق' و البيهقي في سننه (۷/ ۳۲٤)' و الطحاوي (۳/ ۵۲) من طريق عقيل عن ابن شهاب الزهري' به- و سياتي في الذي بعده من طريق ابن اخي الزهري عن عمه' به-

☆☆ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کے بارے میں نقل کرتے ہیں: اُنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں اپنی اہلیہ کو طلاق دیدی' جو اُس وقت حیض کی حالت میں تھی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ دریافت کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شدید ناراضگی کا اظہار کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اُس سے کہو کہ وہ اُس عورت سے رجوع کر لے' اور اُس وقت تک اپنے ساتھ رکھے جب تک وہ پاک نہیں ہو جاتی اور اُس کے بعد ایک اور حیض آنے کے بعد پاک نہیں ہو جاتی' پھر اگر وہ چاہے' تو طہر کی حالت میں' اُس سے صحبت کیے بغیر' اُسے طلاق دیدے' یہ اُس طریقہ کے مطابق طلاق ہوگی جس کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے۔

3832- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى وَاَبُو الْاَزْهَرِ قَالَا حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَخِي الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمِّهٖ قَالَ اَخْبَرَنَا سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ طَلَّقْتُ امْرَاَتِيْ وَهِيَ حَائِضٌ فَذَكَرَ عُمَرُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَغَيَّظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيُمْسِكْهَا حَتّٰى تَحِيْضَ حَيْضَةً مُسْتَقْبَلَةً سِوٰى حَيْضَتِهَا الَّتِيْ طَلَّقَهَا فِيْهَا فَاِنْ بَدَا لَهٗ اَنْ يُطَلِّقَهَا فَلْيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا مِّنْ حَيْضَتِهَا قَبْلَ اَنْ يَّمَسَّهَا فَذٰلِكَ الطَّلَاقُ لِلْعِدَّةِ كَمَا اَمَرَ اللّٰهُ . وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ طَلَّقَهَا تَطْلِيْقَةً فَحُسِبَتْ مِنْ طَلَاقِهَا وَرَاجَعَهَا عَبْدُ اللّٰهِ كَمَا اَمَرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے اپنی بیوی کو طلاق دیدی' جو حیض کی حالت میں تھی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا: وہ اُس عورت سے رجوع کر لے' پھر اُسے اُس وقت تک اپنے ساتھ رکھے جب تک اگلا حیض نہیں آ جاتا' جو اُس حیض کے علاوہ ہو جس میں اُس نے طلاق دی ہے' پھر اگر اُسے مناسب محسوس ہو' تو اُس عورت کو اُس وقت طلاق دے جب وہ اُس اگلے حیض سے پاک ہو جائے' اور یہ طلاق اُس کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے دے' یہ طلاق اُس طریقہ کے مطابق ہوگی جس کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اُس عورت کو ایک طلاق دی تھی' اُن کی یہ طلاق شمار کی گئی تھی' پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اُس عورت کے ساتھ رجوع کر لیا تھا' جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں یہ حکم دیا تھا۔

3833- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُزَيْزٍ هُوَ الْاَيْلِيُّ حَدَّثَنِيْ سَلَامَةُ عَنْ عُقَيْلٍ .قَالَ وَاَخْبَرَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ عُقَيْلٍ وَّاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَخْضَرِ جَمِيْعًا عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا قَالَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ عُمَرُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۳۸۳۲-اخرجه البيهقي (۷/ ۳۲٤) من طريق الدارقطني' به-واخرجه مسلم في صحيحه (۲/ ۱۰۹۵) كتاب: الطلاق' باب: تحريم طلاق الحائض...... الحديث (٤/ ۱٤۷۱)' و احمد (۲/ ۱۳۰)' كلاهما من طريق يعقوب' قال اخبرني ابن اخي ابن شهاب' به-

۳۸۳۳-تقدم تخريج طريق عقيل عن ابن شهاب في الرواية قبل السابقة-و اما طريق صالح بن ابي الاخضر عن الزهري' فلم اجد من خرجها غير الدارقطني-والحديث اخرجه ايضا احمد (۲/ ٦۱' ۸۱) من طريق محمد بن ابي حفصة عن الزهري' به-واخرجه مسلم (٤/ ۱٤۷۱)' و النسائي (٦/ ۱۳۸)-من طريق محمد بن حرب' قال: حدثنا الزبيدي...... به-

فَتَغَيَّظَ فِيهِ .وَقَالَ صَالِحٌ فَتَغَيَّظَ عَلَى عَبْدِ اللَّهِ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بارے میں ناراضگی کا اظہار کیا۔

صالح نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں ناراضگی کا اظہار کیا' (اُس کے بعد راوی نے حسب سابق حدیث ذکر کی ہے)۔

3834- حَدَّثَنَا الْقَاضِي أَحْمَدُ بْنُ كَامِلٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْهَاشِمِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ الطَّلَاقُ لِلسُّنَّةِ أَنْ يُطَلِّقَهَا طَاهِرًا مِّنْ غَيْرِ جِمَاعٍ أَوْ عِنْدَ حَمْلٍ قَدْ تَبَيَّنَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: طلاق دینے کا سنت طریقہ یہ ہے کہ آدمی' عورت کو اُس وقت طلاق دے جب وہ طہر کی حالت میں ہو اور (اُس طہر کے دوران آدمی نے) اُس کے ساتھ صحبت نہ کی ہو' یا پھر اُس وقت طلاق دے جب عورت کا حمل ظاہر ہو چکا ہو۔

3835- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّعْمَانِيُّ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجَرْجَرَائِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَوْلَى آلِ طَلْحَةَ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ فِي الْحَيْضِ فَذَكَرَ عُمَرُ أَمْرَهُمْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيُطَلِّقْهَا وَهِيَ طَاهِرٌ أَوْ حَامِلٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے' اُنہوں نے اپنی اہلیہ کو اُس کے حیض کے دوران طلاق دیدی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس مسئلہ کا ذکر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اُس سے کہو کہ وہ اُس عورت سے رجوع کر لے پھر اُس عورت کو اُس وقت طلاق دے جب وہ طہر یا حمل کی حالت میں ہو۔

3836- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُثْمَانَ

۳۸۳٤-اخرجه عبد الرزاق (۱۰۹۲۷) عن الثوري' و البيهقي في السنن (۷/۳۲۵) من طريق ابن نمير' كلاهما- الثوري' و ابن نمير- عن الاعمش عن مالك بن الحارث عن عبد الرحمن ابن يزيد عن عبد الله بن مسعود في قوله: (فطلقوهن لعدتهن) قال: طاهرا من غير جماع- قال البيهقي: زاد فيه بعض الرواة: (او عند حبل قد تبين)- و لم اجده في الروايات المحفوظة)- اه-وقد تقدم تخريجه من طريق الاعمش عن ابي اسحاق عن ابي الاحوص عن عبد الله بمعناه-

۳۸۳۵-اخرجه ابن ابي شيبة في مصنفه (۵/۳) باب: ما قالوا في طلاق السنة ما ومتى يطلق؟ و مسلم في الطلاق (۲/۱۰۹۵) باب: تحريم طلاق الحائض (۱٤۷۱)؛ و ابو داود في الطلاق (۲/٦۳٤) باب: في طلاق السنة (۲۱۸۱)؛ و النسائي في الطلاق (٦/۱٤۱) باب: ما يفعل اذا طلق تطليقة وهي حائض' و الترمذي في الطلاق (۲/٤۷۰) باب: ما جاء في طلاق السنة (۱۱۷٦)؛ و البيهقي في الكبرى (۷/۳۲۵) باب: ما جاء في طلاق السنة و طلاق البدعة' و الطحاوي في شرح المعاني (۲/۵۱) باب: الرجل يطلق امراته و هي حائض' ثم يريد ان يطلقها للسنة متى يكون ذلك؟ جميعا من طرق عن وكيع' به-قال الترمذي: (قد روي هذا الحديث من غير وجه عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم ' و العمل على هذا عند اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم: ان طلاق السنة ان يطلقها طاهرا من غير جماع......)- اه-

۳۸۳٦-راجع الذي قبله-

اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَوْلٰى اٰلِ طَلْحَةَ حَدَّثَنَا سَالِمٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قِيْلَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ ابْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ .قَالَ لِيُرَاجِعْهَا فَاِذَا طَهُرَتْ فَلْيُطَلِّقْهَا وَهِيَ طَاهِرٌ اَوْ حَامِلٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی بیوی کو اُس کے حیض کے دوران طلاق دے دی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ اُس عورت سے رجوع کرلے جب وہ پاک ہوجائے' تو پھر اُس عورت کو طلاق دے' جب وہ عورت طہر یا حمل کی حالت میں ہو۔

3837- حَدَّثَنَا دَعْلَجٌ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ بِهٰذَا.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3838- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يُوْسُفَ بْنِ بُرَيْدٍ الْكُوْفِيُّ اَبُوْ بَكْرٍ بِبَغْدَادَ وَاَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ دَارِمٍ قَالَا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُوْسَى بْنِ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صُبَيْحٍ الْاَسَدِيُّ حَدَّثَنَا طَرِيْفُ بْنُ نَاصِحٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ قَالَ اَتَعْرِفُ ابْنَ عُمَرَ قُلْتُ نَعَمْ .قَالَ طَلَّقْتُ امْرَاَتِىْ ثَلَاثًا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى السُّنَّةِ .هٰؤُلَاءِ كُلُّهُمْ مِنَ الشِّيعَةِ وَالْمَحْفُوْظُ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَاحِدَةً فِى الْحَيْضِ.

☆☆ ابوزبیر بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو اپنی بیوی کو اُس کے حیض کے دوران طلاق دے دیتا ہے' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: کیا تم ابن عمر کو جانتے ہو؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں! اُنہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دی تھیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سنت کے مطابق طلاقیں دلوائی تھیں۔

اس روایت کے تمام راوی شیعہ ہیں' محفوظ روایت یہ ہے: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی اہلیہ کو اُس کے حیض

۳۸۳۷-راجع الذي قبله-

۳۸۳۸-اخرجه مسلم في صحيحه (۱۰۹۸/۲) كتاب: الطلاق' باب:تحريم طلاق الحائض بغير رضاها' الحديث (۱۴/۱۴۷۱)' و ابو داؤد رقم (۲۱۸۵)' و احمد في مسنده (۱۳۹/۲) من طريق عبد الرزاق عن ابن جريج' قال: اخبرني ابو الزبير انه سمع عبد الرحمن بن ايمن- مولى عزة- يسال ابن عمر...... فذكره- و اخرجه مسلم (۱۴/۱۴۷۱) و النسائي (۱۳۹/۶)' و احمد (۱۳۹/۲) من طريق حجاج بن محمد عن ابن جريج...... به-واخرجه احمد ۶۱/۲۰' ۸۰) عن روح بن عبادة عن ابن جريج' به- و اخرجه مسلم (۱۴/۱۴۷۱) من طريق ابي عاصم عن ابن جريج' به-قال ابو داؤد: روى هذا الحديث عن ابن عمر يونس بن جبير و انس بن سيرين و سعيد بن جبير و زيد بن اسلم و ابو الزبير و منصور عن ابي وائل' كلهم ان النبي صلى الله عليه وسلم امره ان يراجعها حتى تطهر' ثم ان شاء طلق' و ان شاء امسك- و كذلك اخرجه محمد بن عبد الرحمن عن سالم عن ابن عمر- و اما رواية الزهري عن سالم' و نافع عن ابن عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم امره ان يراجعها حتى تطهر' ثم تحيض ثم تطهر' ثم ان شاء طلق' و ان شاء امسك- وروي عن عطاء الخراساني' عن الحسن عن ابن عمر' نحو رواية نافع والزهري- و الاحاديث كلها على خلاف ما قال ابو الزبير)- اه-

کے دوران ایک طلاق دی تھی۔

3839- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ يُوْسُفَ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ تَطْلِيقَةً فَانْطَلَقَ عُمَرُ فَاَخْبَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْ عَبْدَ اللّٰهِ فَلْيُرَاجِعْهَا فَاِذَا اغْتَسَلَتْ فَلْيَتْرُكْهَا حَتّٰى تَحِيضَ فَاِذَا اغْتَسَلَتْ مِنْ حَيْضَتِهَا الْاُخْرٰى فَلَا يَمَسَّهَا حَتّٰى يُطَلِّقَهَا فَاِنْ شَاءَ اَنْ يُمْسِكَهَا فَلْيُمْسِكْهَا فَاِنَّهَا الْعِدَّةُ الَّتِي اَمَرَ اللّٰهُ اَنْ يُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ . قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ وَكَانَ تَطْلِيقُهُ اِيَّاهَا فِي الْحَيْضِ وَاحِدَةً غَيْرَ اَنَّهُ خَالَفَ السُّنَّةَ.

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی اہلیہ کو اُس کے حیض کے دوران ایک طلاق دے دی تھی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے فرمایا: تم عبداللہ سے یہ کہو کہ وہ اُس عورت سے رجوع کر لے، جب وہ عورت غسل کر لے (یعنی پاک ہو جائے) تو وہ اُسے یوں ہی رہنے دے، یہاں تک کہ (اگلی مرتبہ) اُسے حیض آ جائے، پھر جب وہ اگلے حیض سے غسل کر لے (یعنی پاک ہو جائے) تو وہ اُس عورت کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے اُسے طلاق دیدے، اگر وہ اُسے اپنے ساتھ رکھنا چاہے، تو اپنے ساتھ رکھے، یہ وہ طریقہ ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے، اس کے مطابق عورتوں کو طلاق دی جائے۔

عبیداللہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اُس خاتون کو اُس کے حیض کے دوران ایک طلاق دی تھی، البتہ اُنہوں نے سنت طریقہ کے برعکس طلاق دی تھی۔

3840- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ تَطْلِيقَةً فَاسْتَفْتَى عُمَرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ قَالَ فَمُرْ عَبْدَ اللّٰهِ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ يُمْسِكْهَا حَتّٰى تَطْهُرَ مِنْ حَيْضَتِهَا هٰذِهِ فَاِذَا حَاضَتْ اُخْرٰى وَطَهُرَتْ فَاِنْ شَاءَ فَلْيُطَلِّقْهَا قَبْلَ اَنْ يُجَامِعَ وَاِنْ شَاءَ فَلْيُمْسِكْهَا فَاِنَّهَا الْعِدَّةُ الَّتِي اَمَرَ اللّٰهُ اَنْ يُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ . وَكَذٰلِكَ قَالَ صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ وَمُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ وَاِسْمَاعِيلُ بْنُ اُمَيَّةَ وَلَيْثُ بْنُ سَعْدٍ وَابْنُ اَبِي ذِئْبٍ وَابْنُ جُرَيْجٍ وَجَابِرٌ وَاِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ طَلَّقَ تَطْلِيقَةً

۳۸۳۹- اخرجه مسلم في صحيحه (۲/۱۰۹٤) كتاب الطلاق، باب تحريم طلاق الحائض...... الحديث (۲/۱٤۷۱) حدثنا محمد بن عبد الله بن نمير، قال: حدثنا ابي عن عبيد الله بن عمر...... به- و اخرجه مسلم (۲/۱٤۷۱)، و النسائي (۹۳۷/٦، ۱٤۰)، و احمد (۲/۵٤، ۱۰۲)، و ابن الجارود (۷۳٤)، و البيهقي (۳۲٤/۷) من طرق عن عبيد الله بن عمر، به- وللحديث طرق عن نافع عن ابن عمر؛ كما ستاتي اشارة المصنف الى ذلك في الحديث التالي-

۳۸٤۰- اخرجه ابن حبان (۷۷/۱۰) (٤۲٦۳) من طريق عبيد الله بن عمر القواريري، حدثنا بشر بن المفضل و يحيى بن سعيد القطان عن عبيد الله بن عمر، به- و راجع الذي قبله-

وَّاحِدَةً. وَكَذَا قَالَ الزُّهْرِيُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ. وَيُوْنُسُ بْنُ جُبَيْرٍ وَّالشَّعْبِيُّ وَالْحَسَنُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: اُنہوں نے اپنی اہلیہ کو ایک طلاق دیدی' وہ عورت اُس وقت حیض کی حالت میں تھی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا حکم دریافت کیا' اُنہوں نے عرض کی: عبداللہ نے اپنی بیوی کو طلاق دیدی ہے' وہ عورت حیض کی حالت میں تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عبداللہ سے کہو کہ وہ اُس عورت سے رجوع کر لے اور جب تک وہ اس حیض سے پاک نہیں ہو جاتی اُسے اپنے ساتھ رکھے' جب اُسے اگلی مرتبہ حیض آئے اور اُس کے بعد وہ اُس سے پاک ہو جائے' اُس وقت اگر وہ چاہے' تو اُس عورت کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے اُسے طلاق دیدے' اور اگر چاہے' تو اُسے اپنے ساتھ رہنے دے' یہ وہ طریقہ ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے' اس کے مطابق عورتوں کو طلاق دی جائے۔

صالح بن کیسان' موسیٰ بن عقبہ' اسماعیل بن اُمیہ' لیث بن سعد' ابن ابی ذئب' ابن جریج' جابر' اسماعیل بن ابراہیم نے نافع کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ بات نقل کی ہے' اُنہوں نے ایک طلاق دی تھی۔

زہری نے سالم کے حوالے سے اُن کے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) سے یہی بات نقل کی ہے۔

یونس بن جبیر' شعبی اور حسن بصری نے بھی یہی بات نقل کی ہے۔

3841- قُرِءَ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ التَّرْجُمَانِيُّ اَبُوْ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْقُهُسْتَانِيُّ اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِبْرَاهِيْمَ التَّرْجُمَانِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُمَحِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَجُلاً اَتٰى عُمَرَ فَقَالَ اِنِّىْ طَلَّقْتُ امْرَاَتِىْ وَهِىَ حَائِضٌ - وَقَالَ ابْنُ صَاعِدٍ اِنَّ رَجُلاً قَالَ لِعُمَرَ اِنِّىْ طَلَّقْتُ امْرَاَتِى الْبَتَّةَ وَهِىَ حَائِضٌ. قَالاَ جَمِيْعًا فَقَالَ عَصَيْتَ رَبَّكَ وَفَارَقْتَ امْرَاَتَكَ. فَقَالَ الرَّجُلُ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ ابْنَ عُمَرَ حِيْنَ فَارَقَ امْرَاَتَهُ اَنْ يُّرَاجِعَهَا. وَقَالَ ابْنُ صَاعِدٍ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ حِيْنَ فَارَقَ امْرَاَتَهُ وَهِىَ حَائِضٌ فَاَمَرَهُ اَنْ يَّرْتَجِعَهَا. وَقَالاَ جَمِيْعًا فَقَالَ لَهُ عُمَرُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهُ اَنْ يُّرَاجِعَ امْرَاَتَهُ لِطَلَاقٍ بَقِىَ لَهُ. وَقَالَ ابْنُ صَاعِدٍ اَنْ يَّرْتَجِعَهَا فِىْ طَلَاقٍ بَقِىَ لَهُ وَاَنْتَ لَمْ تُبْقِ مَا تَرْتَجِعُ امْرَاَتَكَ. وَقَالَ ابْنُ مَنِيْعٍ وَّاَنَّهُ لَمْ يَبْقَ لَكَ مَا تَرْتَجِعُ بِهِ امْرَاَتَكَ. قَالَ لَنَا اَبُو الْقَاسِمِ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ غَيْرُ وَاحِدٍ لَمْ يَذْكُرُوا فِيْهِ كَلَامَ عُمَرَ وَلَا اَعْلَمُهُ رَوٰى هٰذَا الْكَلَامَ غَيْرُ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُمَحِيِّ.

۳۸۴۱- اخرجه البيهقي (۷/۳۲٤) من طريق الدارقطني' به- واخرجه الطبراني في الاوسط (۸۰۲۹): حدثنا موسى بن هارون' نا اسماعيل بن ابراهيم الترجماني به' وهو في مجمع البحرين رقم (۲۳۸۷)' وعزاه الالباني في الارواء (۷/۱۲۵) لابن النجاد في (مسند عمر) من طريق سعيد بن عبد الرحمن ايضا- وسعيد بن عبد الرحمن صدوق له اوهام؛ كما في التقريب (۲۳٦۳) قال ابن حجر: وافرط ابن حبان في تضعيفه-

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور بولا: میں نے اپنی بیوی کو اُس وقت طلاق دے دی جب وہ حیض کی حالت میں تھی۔

ابن صاعد نامی راوی بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: میں نے اپنی بیوی کو اُس وقت طلاق ''بتہ'' دے دی، جب وہ حیض کی حالت میں تھی۔

اُس کے بعد دونوں راویوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے اپنے پروردگار کی نافرمانی کی ہے اور تمہاری بیوی تم سے الگ ہو چکی ہے۔ وہ شخص بولا: جب حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی بیوی سے علیحدگی اختیار کی تھی، اُس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تو اُنہیں یہ ہدایت کی تھی کہ وہ اپنی بیوی سے رجوع کر لیں۔

ابن صاعد نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: جب حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی بیوی سے، اُس کے حیض کے دوران، علیحدگی اختیار کی تھی (یعنی اُسے طلاق دی تھی)، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے یہ فرمایا تھا: وہ اُس عورت سے رجوع کر لیں۔

اُس کے بعد دونوں راویوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُس شخص سے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے (یعنی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو) اپنی بیوی کے ساتھ رجوع کرنے کی ہدایت اُس طلاق کی وجہ سے کی تھی، جو باقی رہ گئی تھی (یعنی جسے دینے کا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو ابھی اختیار تھا)۔

ابن صاعد نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: اُس نے اُس طلاق کی بنیاد پر رجوع کیا تھا جس کا اُسے حق باقی تھا، اور تم نے اُس چیز کو باقی نہیں رہنے دیا، جس کی بنیاد پر تم اپنی بیوی سے رجوع کر سکتے۔

ابن منیع نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: تمہارے لیے وہ چیز باقی نہیں رہی، جس کی بنیاد پر تم اپنی بیوی سے رجوع کر سکو۔

شیخ ابوالقاسم نے ہمارے سامنے یہ بات بیان کی ہے: اس روایت کو کئی راویوں نے نقل کیا ہے، لیکن اُنہوں نے اس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ان الفاظ کا تذکرہ نہیں کیا۔ میرے علم کے مطابق سعید بن عبدالرحمٰن کے علاوہ اور کسی بھی راوی نے یہ کلام نقل نہیں کیا۔

3842 - قُرِءَ عَلٰى اَبِى الْقَاسِمِ بْنِ مَنِيعٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى الْاُمَوِىُّ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ يُوْنُسَ اَبِىْ غَلَّابٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ اعْتَدَدْتَّ بِتِلْكَ التَّطْلِيقَةِ قَالَ

٣٨٤٢- اخرجه ابن ماجه (١/٦٥١) كتاب الطلاق، باب: طلاق السنة (٢٠٢٢) من طريق هشام عن محمد بن سيرين، به- واخرجه البخاري (١٠/٦٠٦) كتاب الطلاق، باب: مراجعة الحائض، الحديث (٥٣٣٣)، و مسلم (٩/١٤٧١)، و ابو داود (٢١٨٤)، و الترمذي (١١٧٥)، و النسائي (١٤١/٦)، و احمد في المسند (٥١/٢) من طرق عن محمد بن سيرين، به- و اخرجه- ايضا- البخاري (٤٤٨/١٠) كتاب: الطلاق، باب: اذا طلقت الحائض تعتد بذلك الطلاق، الحديث (٥٢٥٢) و في باب: من طلق، و هل يواجه الرجل امراته بالطلاق (٥٢٥٨)، و مسلم (١٠٩٧/٢) كتاب: الطلاق، باب: تحريم طلاق الحائض بغير رضاها...... الحديث (١٠/١٤٧١)، و النسائي (٢١٢/٦)، و احمد (٤٣/٢، ٧٤، ٧٩)، من طرق عن قتادة، به-

وَمَا لِيَ لَا اَعْتَدُّ بِهَا وَاِنْ كُنْتُ عَجَزْتُ وَاسْتَحْمَقْتُ.

☆☆ ابوغلاب بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا: کیا آپ نے اُس طلاق کو شمار کیا تھا؟ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں اُسے شمار کیوں نہ کرتا' کیا میں عاجز تھا؟ یا احمق تھا؟

3843- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ الْيَشْكُرِيُّ وَيَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَا حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ ابْنُ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ مَكَثْتُ عِشْرِيْنَ سَنَةً يُحَدِّثُنِيْ مَنْ لَّا اَتَّهِمُ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ وَهِيَ حَائِضٌ ثَلَاثًا فَاُمِرَ اَنْ يُّرَاجِعَهَا فَجَعَلْتُ لَا اَتَّهِمُهُمْ وَلَا اَعْرِفُ الْحَدِيْثَ حَتّٰى لَقِيْتُ اَبَا غَلَّابٍ يُوْنُسَ بْنَ جُبَيْرٍ الْبَاهِلِيَّ وَكَانَ ذَا ثَبَتٍ فَحَدَّثَنِيْ اَنَّهٗ سَاَلَ ابْنَ عُمَرَ فَحَدَّثَهٗ اَنَّهٗ طَلَّقَهَا وَاحِدَةً وَّهِيَ حَائِضٌ فَاُمِرَ اَنْ يُّرَاجِعَهَا . قَالَ فَقُلْتُ لَهٗ اَفَحُسِبَتْ عَلَيْهِ قَالَ فَمَهْ وَاِنْ عَجَزَ .

☆☆ محمد بن سیرین بیان کرتے ہیں: بیس سال پہلے مجھے ایک مستند راوی نے یہ حدیث سنائی: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی بیوی کو' اُس کے حیض کے دوران' تین طلاقیں دیدی تھیں تو اُنہیں اُس عورت سے رجوع کرنے کا حکم دیا گیا۔

میں اس روایت کو مستند سمجھتا رہا' لیکن مجھے اصل روایت کا علم نہیں تھا' یہاں تک کہ میری ملاقات ابوغلاب یونس بن جبیر باہلی سے ہوئی' جو ایک مستند راوی ہیں' اُنہوں نے مجھے یہ بات بتائی: اُنہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے اس بارے میں دریافت کیا تھا' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اُنہیں بتایا تھا' اُنہوں نے اپنی بیوی کو' اُس کے حیض کے دوران' ایک طلاق دی تھی' تو اُنہیں اُس عورت سے ساتھ رجوع کرنے کا حکم دیا گیا۔ابوغلاب بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا: کیا اُس طلاق کو شمار کیا گیا تھا؟ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیوں نہیں! کیا وہ عاجز تھا؟

3844- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مِرْدَاسٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ بْنُ جُبَيْرٍ اَنَّهٗ سَاَلَ ابْنَ عُمَرَ كَمْ طَلَّقْتَ امْرَاَتَكَ قَالَ وَاحِدَةً.

☆☆ یونس بن جبیر بیان کرتے ہیں: اُنہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا: آپ نے اپنی اہلیہ کو کتنی طلاقیں دی تھیں؟ تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ایک۔

3845- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ الْاَنْطَاكِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا

۳۸۴۳-اخرجه مسلم (۷/۱۴۷۱): حدثني علي بن حجر السعدي' حدثنا اسماعيل بن ابراهيم عن ايوب' به-

۳۸۴۴-اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۳۰۹/۶) رقم (۱۰۹۵۹) عن معمر' به-و من طريق عبد الرزاق' اخرجه الدارقطني هنا' و ابو داؤد (۲۱۸۲)' و اسناده صحيح-

۳۸۴۵-كذا اخرجه الدارقطني هنا من طريق اسماعيل بن امية عن نافع مرسلا؛ لان نافعا لم يعاصر قصة طلاق ابن عمر لزوجته- و اخرجه البخاري (۵۳۳۲)' و مسلم (۲/۱۴۷۷)' و ابو داؤد رقم (۲۱۸۰)' و النسائي (۲۱۲/۶)' و احمد (۶۴/۲' ۱۲۴) من طرق عن نافع' به مرسلا ايضا-

اِسْمَاعِيلُ بْنُ اُمَيَّةَ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ تَطْلِيقَةً فَاسْتَفْتَى عُمَرُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهُ اَنْ يُرَاجِعَهَا ثُمَّ يُمْسِكَ حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيضَ حَيْضَةً اُخْرٰى ثُمَّ يُمْهِلَهَا حَتّٰى تَطْهُرَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُجَامِعَهَا فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِي اَمَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ.

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی اہلیہ کو جب وہ حیض کی حالت میں تھی' ایک طلاق دے دی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ دریافت کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت عبداللہ کے بارے میں) اُنہیں یہ ہدایت کی: وہ اُس عورت سے رجوع کرلے اور اُس وقت تک اُسے روکے رکھیں جب تک وہ پاک ہونے کے بعد دوبارہ حائضہ نہیں ہوجاتی' پھر مزید انتظار کریں' جب وہ پاک ہوجائے' تو اُس کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے (اُسے طلاق دیں) یہ وہ طریقہ ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے' اس کے مطابق عورتوں کو طلاق دی جائے۔

3846- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا اَبِي حَدَّثَنَا صَالِحٌ حَدَّثَنَا نَافِعٌ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَذَهَبَ عُمَرُ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيَتْرُكْهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ لِيُمْسِكْهَا حَتّٰى تَحِيضَ ثُمَّ لِيَتْرُكْهَا حَتّٰى تَطْهُرَ فَاِذَا طَهُرَتْ فَلْيُطَلِّقْهَا قَبْلَ اَنْ يَمَسَّهَا . وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِي اَمَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِهَا لِلنِّسَاءِ اَنْ يُطَلَّقْنَ لَهَا.

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی اہلیہ کو طلاق دے دی' وہ خاتون اُس وقت حیض کی حالت میں تھی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' آپ کو اس بارے میں بتایا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اُسے اُس عورت سے رجوع کرلینا چاہیے اور پھر اُسے یوں ہی رہنے دے' یہاں تک کہ وہ پاک ہوجائے' پھر ویسے ہی رہنے دے یہاں تک کہ اُسے پھر حیض آجائے' پھر اُسے یوں ہی رہنے دے یہاں تک کہ وہ پاک ہوجائے' جب وہ پاک ہوجائے' تو اُس کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے اُسے طلاق دیدے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ وہ طریقہ ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے' خواتین کو اس کے مطابق طلاق دی جائے۔

3847- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ صَالِحٍ حَدَّثَنَا نَافِعٌ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ اِنَّمَا طَلَّقَ امْرَاَتَهُ تِلْكَ وَاحِدَةً.

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنی اہلیہ کو ایک طلاق دی تھی۔

3848- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِشْكَابَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ وَابْنُ اَبِي ذِئْبٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ

٣٨٤٦-راجع الذي قبله-

٣٨٤٧-راجع الذي قبله-

حَائِضٌ فَذَكَرَ عُمَرُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ .وَقَالَ ابْنُ اَبِىْ ذِئْبٍ فِىْ حَدِيْثِهٖ وَهِىَ وَاحِدَةٌ فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِىْ اَمَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنْ يُّطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ .

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی اہلیہ کوایک طلاق دیدی' وہ خاتون اُس وقت حیض کی حالت میں تھی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' (اس کے بعد اُنہوں نے حسبِ سابق حدیث ذکر کی ہے)۔

ابن ابی ذئب نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: وہ ایک طلاق تھی' (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) یہ وہ طریقہ ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے' خواتین کواس کے مطابق طلاق دی جائے۔

3849- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ السُّلَمِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ فِىْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَطْلِيْقَةً وَّاحِدَةً وَّهِىَ حَائِضٌ فَاسْتَفْتٰى عُمَرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ.

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی اہلیہ کوایک طلاق دیدی' وہ خاتون اُس وقت حیض کی حالت میں تھی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کا حکم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا' (اس کے بعد اُنہوں نے حسبِ سابق حدیث ذکر کی ہے)۔

3850- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُبْنُ يُوْسُفَ السُّلَمِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ جَابِرٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ وَاحِدَةً فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّمْسِكَهَا حَتّٰى تَطْهُرَ فَاِنْ شَاءَ طَلَّقَ وَاِنْ شَاءَ اَمْسَكَ .لَمْ يَذْكُرْ عُمَرَ.

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی اہلیہ کوایک طلاق دی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں یہ ہدایت کی: وہ اُس عورت کو اُس وقت تک اپنے پاس رکھیں جب تک وہ پاک نہ ہوجائے' پھر اگر وہ چاہیں تو اُسے طلاق دے دیں اور اگر چاہے' تو اپنے ساتھ رہنے دیں۔

راوی نے اس روایت میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں کیا۔

۳۸۴۸-اخرجه ابو داود الطيالسي (٦٨): حدثنا ابن ابي ذئب عن نافع...... به' و منطريقه اخرجه البيهقي في السنن (٣٢٦/٧)' و عزاه الحافظ في فتح الباري (٣٠٨/٩) الى ابن وهب في مسنده عن ابن ابي ذئب ان نافعا اخبره ان ابن عمر طلق امراته......-قال الالباني في الارواء (١٣٦/٧): (اسناده صحيح على شرط الشيخين)- اه-

۳۸۴۹-اخرجه الطحاوي (٥٤/٣) حدثنا فهد و حسين بن نصر قالا: ثنا احمد بن يونس...... به- و اخرجه النسائي (٢١٣/٦): اخبرنا زهير عن موسى بن عقبة' به-واخرجه النسائي (٢١٣/٦): حدثنا بشر بن خالد' انبانا يحيى بن آدم عن ابن ادريس عن (محمد بن اسحاق' و يحيى بن سعيد' و عبيد الله بن عمر) عن نافع...... به- و اخرجه عبد الرزاق (٣٢٤/٦) رقم (١١٠٢٤) عن ابن جريج عن موسى بن عقبة عن نافع ان ابن عمر طلق امراته و هي في بيت حفصة زوج النبي صلى الله عليه وسلم و كانت طريق عبد الله ... مجرتها' و كان يابي ان يسلك تلك الطريق حتى يتحول من دبر الدار: كراهية ان يدخل عليها بغير اذن-

۳۸۵۰-في اسناده جابر الجعفي' و هو ضعيف' لكن الحديث تقدم من طرق عن نافع' به-

3851- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هِيَ وَاحِدَةٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ایک (طلاق شمار) ہو گی۔

3852- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ السَّرْخَسِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ وَّهِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ جَابِرٍ الْحَذَّاءِ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ رَجُلٌ طَلَّقَ حَائِضًا قَالَ اَتَعْرِفُ ابْنَ عُمَرَ فَاِنَّهُ طَلَّقَ حَائِضًا فَسَاَلَ عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قُلْ لَهُ فَلْيُرَاجِعْهَا فَاِذَا حَاضَتْ ثُمَّ طَهُرَتْ فَاِنْ شَاءَ طَلَّقَ وَاِنْ شَاءَ اَمْسَكَ. قُلْتُ اعْتَدَدْتَّ بِتِلْكَ التَّطْلِيقَةِ قَالَ نَعَمْ.

☆☆ جابر حذاء بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا: ایک شخص حائضہ عورت کو طلاق دے دیتا ہے، تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم ابن عمر کو جانتے ہو؟ اُس نے حائضہ (بیوی) کو طلاق دیدی تھی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس سے کہو کہ وہ اُس عورت سے رجوع کر لے پھر جب اُسے (اگلا) حیض آئے، پھر اُس کے بعد جب وہ پاک ہو، اُس وقت اگر وہ چاہے، تو اُسے طلاق دیدے اور اگر چاہے، تو اپنے ساتھ رکھے۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے (حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے) دریافت کیا: آپ نے اُس ایک طلاق کو شمار کیا تھا؟ اُنہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

3853- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجَوَيْهِ حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رَاشِدٍ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ ذُكِرَ عِنْدَهُ اَنَّ الطَّلَاقَ الثَّلَاثَ بِمَرَّةٍ مَكْرُوهٌ فَقَالَ طَلَّقَ حَفْصُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْمُغِيرَةِ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ بِكَلِمَةٍ وَّاحِدَةٍ ثَلَاثًا فَلَمْ يَبْلُغْنَا

۲۸۵۱- اخرجه عبد الرزاق (۶/ ۳۰۹) رقم (۱۰۹۵۷) عن ابن جريج، قال: ارسلنا الى نافع وهو يترجل في دار الندوة ذاهبا الى المدينة ونحن جلوس مع عطاء: اصيبت تطليقة عبد الله امراته حائضا على عهد النبي صلى الله عليه وسلم واحدة؟ قال: نعم-

۲۸۵۲- تفرد به الدارقطني، فلم اجده عند غيره، ولم اجد من عزاه الى غيره- والله اعلم- وقد ضعف الالباني هذا الاسناد في الارواء (۷/ ۱۳۱)، وقد صوب الاسم من (خالد الحذاء) الى (جابر الحذاء)، قال: (والتصحيح من ثقات ابن حبان والانساب)- اھ- قلت: ترجمة جابر الحذاء في الثقات (۴/ ۱۰۳)، والانساب (۲/ ۱۹۰)، وفيهما: (يروي عن ابن عمر رضي الله عنهما، روى عن ابن سيرين)- وترجمه البخاري في التاريخ (۲/ ۲۰۳) قال: سال ابن عمر قوله، قال عارم: حدثنا ابو هلال، قال: نا محمد، قال: نا جابر الحذاء: الحمد لله الذي لم يجعلني مولى ولا عربيا- وقال عارم: كان عبدا- قال الالباني: وجابر الحذاء، كانه لا يعرف الا بهذا الاسناد- قلت: خالد الحذاء وان كان من الرواة عن ابن سيرين الا ان ابن سيرين قد روى عنه كما في تهذيب الكمال (۸/ ۱۷۹)، وان لم يكن في شيوخه ابن عمر، الا انه من الممكن ان يكون قد ارسله عنه: فان الحافظ في التقريب (۱۶۹۰) قال: ثقة يرسل-

۲۸۵۳- اخرجه البيهقي (۷/ ۳۲۹- ۳۳۰) كتاب: الخلع، باب: الاختيار للزوج الا يطلق الا واحدة، من طريق الدارقطني به- قال ابن التركماني: اخرجه البيهقي بسند فيه محمد بن راشد، وسكت عنه، وضعفه فيما بعد في باب: اللعان على الحمل، وقال في باب: الدية ارباع: (ضعيف عن اهل العلم بالحديث)- وذكر صاحب الموطا بسند جيد انه طلقها البتة- ولم يذكر الثلاث......)- اھ-

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَابَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ وَطَلَّقَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ امْرَاَتَهُ ثَلَاثًا فَلَمْ يَعِبْ ذٰلِكَ عَلَيْهِ اَحَدٌ ۔

★★ سلمہ بن ابوسلمہ اپنے والد کے بارے میں بیان کرتے ہیں: اُن کے سامنے یہ بات ذکر کی گئی کہ ایک ساتھ تین طلاقیں دینا مکروہ ہے تو انہوں نے فرمایا: حفص بن عمرو بن مغیرہ نے فاطمہ بنت قیس کو ایک ہی کلمہ کے ذریعہ تین طلاقیں دیدی تھیں تو ہمیں ایسی کوئی اطلاع نہیں ملی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حوالے سے اُن پر کوئی اعتراض کیا ہو اسی طرح حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے بھی اپنی اہلیہ کو (ایک ساتھ) تین طلاقیں دیدی تھیں لیکن اُن پر بھی کسی نے کوئی اعتراض نہیں کیا۔

3854- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَلَّامٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ فِرَاسٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ طَلَّقَ ابْنُ عُمَرَ امْرَاَتَهُ وَاحِدَةً وَّهِيَ حَائِضٌ فَانْطَلَقَ عُمَرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ فَاَمَرَهُ اَنْ يُّرَاجِعَهَا ثُمَّ يَسْتَقْبِلَ الطَّلَاقَ فِيْ عِدَّتِهَا وَتُحْتَسَبُ هٰذِهِ التَّطْلِيقَةُ الَّتِيْ طَلَّقَ اَوَّلَ مَرَّةٍ.

★★ شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی اہلیہ کو ایک طلاق دی وہ خاتون اُس وقت حیض کی حالت میں تھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو اس بارے میں بتایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ہدایت کی کہ وہ (یعنی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما) اُس عورت کے ساتھ رجوع کر لیں پھر اُس کی عدت کے دوران اُسے اگلی طلاق دیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے جو پہلی مرتبہ طلاق دی تھی اُسے واقع شمار کیا گیا تھا۔

3855- حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَاَتٰى عُمَرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ قَالَ فَمُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا فَاِذَا طَهُرَتْ ثُمَّ حَاضَتْ ثُمَّ طَهُرَتْ فَاِنْ شَاءَ فَلْيُمْسِكْهَا وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يُّطَلِّقَهَا فَلَا يَغْشَاهَا فَاِنَّهَا الْعِدَّةُ الَّتِيْ اَمَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِهَا ۔

★★ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی اہلیہ کو طلاق دیدی اور وہ اُس وقت حیض کی

۳۸۵۴-اخرجه البيهقي (۷/۳۳٦) من طريق احمد بن زهير بن حرب' نا محمد بن سابق ...... به- قال الالباني في الارواء (۷/۱۳۱): (هذا اسناده صحيح رجاله ثقات على شرط الشيخين)- اه-

۳۸۵۵-اخرجه مسلم في الطلاق (۲/۱۰۹٤) باب: تحريم طلاق الحائض (۱٤۷۱) عن عبد الله بن نمير' و النسائي في الطلاق (٦/۱٤۷) باب: ما يفعل اذا طلق تطليقة و هي حائض' عن المعتمر' و ابن ماجه في الطلاق (۲/٦۵۱) باب: طلاق السنة (۲۰۱۹) عن عبد الله بن ادريس' و ابن ابي شيبة في الطلاق (۵/۵) باب: ما قالوا في الرجل يطلق امراته و هي حائض' و ابن حبان في الطلاق (۱۰/۷۷) باب: الامر لمن اراد ان يطلق امراته ان يطلقها في طهرها لا في حيضها (٤۲٦۳) عن يحيى بن سعيد القطان' و البيهقي في الطلاق (۷/۳۲٤) باب: في طلاق السنة وطلاق البدعة' عن محمد بن عبيد الطنافسي' و هو عند احمد ايضا (۲/۱۰۲) عن محمد ابن عبيد' كلهم عن عبيد الله بن عمر' باسناده- و قد تقدم من هذا الطريق ايضا-

حالت میں تھی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: عبداللہ نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی ہے' جبکہ وہ حیض کی حالت میں تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اُس سے کہو کہ وہ اُس عورت سے رجوع کر لے پھر جب وہ عورت پاک ہو جائے' پھر اُسے حیض آئے' اُس کے بعد پھر جب پاک ہو' اُس وقت اگر وہ چاہے' تو اُسے اپنے ساتھ رہنے دے اور اگر اُسے طلاق دینا چاہے' تو اُس کے ساتھ صحبت نہ کرے (بلکہ طلاق دیدے)' یہ وہ طریقہ ہے جس (کے مطابق طلاق دینے کا) اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے۔

3856- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ وَّاَبُوْ حُمَيْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ عَطَاءٌ اَخْبَرَنِىْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَاصِمِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ اُخْتَ الضَّحَّاكِ بْنِ قَيْسٍ اَخْبَرَتْهُ اَنَّهَا كَانَتْ عِنْدَ رَجُلٍ مِّنْ بَنِىْ مَخْزُوْمٍ فَاَخْبَرَتْهُ اَنَّهٗ طَلَّقَهَا ثَلَاثًا وَخَرَجَ اِلٰى بَعْضِ الْمَغَازِىْ.

☆☆ سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا' جو حضرت ضحاک بن قیس رضی اللہ عنہ کی بہن ہیں' بیان کرتی ہیں: وہ بنو مخزوم سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کی اہلیہ تھیں' اُس شخص نے اُنہیں تین طلاقیں دے دیں اور خود ایک جنگ میں شرکت کرنے کیلئے چلا گیا۔

3857- حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْجُرْجَانِىُّ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى بْنِ مُجَاشِعٍ السَّخْتِيَانِىُّ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ تُمَاضِرَ بِنْتَ الْاَصْبَغِ الْكَلْبِيَّةَ- وَهِىَ اُمُّ اَبِىْ سَلَمَةَ- ثَلَاثَ تَطْلِيْقَاتٍ فِىْ كَلِمَةٍ وَّاحِدَةٍ فَلَمْ يَبْلُغْنَا اَنَّ اَحَدًا مِّنْ اَصْحَابِهٖ عَابَ ذٰلِكَ.

☆☆ سلمہ بن ابوسلمہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے اپنی اہلیہ تماضر بنت اصبغ کلبیہ' (ان کی کنیت) اُم سلمہ ہے' کو ایک ہی کلمہ کے ذریعہ تین طلاقیں دے دیں' تو ہمیں ایسی کوئی اطلاع نہیں ملی کہ کسی شخص نے اس حوالے سے اُن پر کوئی اعتراض کیا ہو۔

3858- قَالَ وَاَخْبَرَنَا سَلَمَةُ بْنُ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ حَفْصَ بْنَ الْمُغِيْرَةِ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ تَطْلِيْقَاتٍ فِىْ كَلِمَةٍ وَّاحِدَةٍ فَاَبَانَهَا مِنْهُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَبْلُغْنَا اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَابَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ.

☆☆ سلمہ بن ابوسلمہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حفص بن مغیرہ نے اپنی اہلیہ فاطمہ بنت قیس کو' نبی اکرم صلی

۳۸۵٦—اخرجه عبد الرزاق' قال: اخبرنا ابن جريج به مطولا' و من طريق عبد الرزاق اخرجه احمد (٦٠/٤١٤)' و الطحاوي (٣/٦٦)' و المزي في تهذيب الكمال (١٧/١٩٥)' و اخرجه النسائي (٦/٢٠٧) من طريق مخلد بن يزيد عن ابن جريج' به-تنبيه: وقع عند الطحاوي: (عبد الرحمن بن عاصم عن ثابت)' وهو خطا- و الصواب: (عبد الرحمن بن عاصم بن ثابت)- و عبد الرحمن بن عاصم بن ثابت: قال الحافظ في التقريب (٣٩٣٣): مقبول من الثالثة-

۳۸۵۷—تقدم قبل ثلاثة احاديث من طريق ابن المبارك عن محمد بن راشد-

۳۸۵۸—اخرجه البيهقي (٧/٣٢٩) كتاب الخلع و الطلاق' باب الاختيار للزوج الا يطلق الا واحدة-

اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ایک ہی لفظ کے ذریعہ تین طلاقیں دے دیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس عورت کو اُن سے الگ قرار دیا (یعنی اُن کے درمیان علیحدگی واقع ہوگئی) ہمیں یہ اطلاع نہیں ملی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حوالے سے اُن پر کوئی اعتراض کیا ہو۔

3858م - حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَطَرٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ فِى الْقِصَّتَيْنِ جَمِيْعًا.

☆☆ ایک اور سند کے ہمراہ یہ دونوں واقعات ایک ساتھ منقول ہیں۔

3859 - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ عِكْرِمَةُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلاً طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ اَلْفًا فَقَالَ يَكْفِيكَ مِنْ ذٰلِكَ ثَلَاثٌ وَّتَدَعُ تِسْعَمِائَةٍ وَّسَبْعَةً وَّتِسْعِيْنَ.

☆☆ سعید بن جبیر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں نقل کرتے ہیں: ایک شخص نے اپنی بیوی کو ایک ہزار طلاقیں دے دیں تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اُن میں سے تین تمہارے لیے کافی ہوں گی اور بقیہ نو سو ستانوے کو چھوڑ دو۔

3860 - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ حُمَيْدٍ الْمِصِّيْصِيُّ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ مَاهَانَ سَاَلَ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ ثَلَاثًا فَقَالَ سَعِيْدٌ سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ مِائَةً فَقَالَ ثَلَاثٌ تُحَرِّمُ عَلَيْكَ امْرَاَتَكَ وَسَائِرُهُنَّ وِزْرٌ اتَّخَذْتَ اٰيَاتِ اللّٰهِ هُزُوًا .

☆☆ عمرو بن مرہ بیان کرتے ہیں: میں نے ماہان کو سعید بن جبیر سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کرتے ہوئے سنا جو اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیتا ہے تو سعید نے بتایا: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو اپنی بیوی کو ایک سو طلاقیں دے دیتا ہے تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تین طلاقوں کے ذریعہ تمہاری بیوی تمہارے لیے حرام ہو جائے گی اور بقیہ (تمہارے لیے) بوجھ بن جائیں گی کیونکہ تم نے اللہ تعالیٰ کی آیات کا مذاق اُڑایا ہے۔

3861 - حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حُمَيْدٍ الْاَعْرَجِ وَابْنِ اَبِىْ

۳۸۵۸- راجع الذي قبله-

۳۸۵۹- اخرجه عبد الرزاق (۲۹۷/۶) رقم (۱۱۳۵۰) عن ابن جريج به- و اخرجه البيهقي (۳۳۷/۷) من طريق الشافعي انا مسلم و عبد المجيد عن ابن جريج قال: اخبرني عكرمة بن خالد...... به-واخرجه عبد الرزاق (۱۱۳۵۲) عن الثوري عن عمرو بن مرة عن سعيد بن جبير قال: جاء ابن عباس رجل فقال: طلقت امراتي الفا فقال ابن عباس: ثلاث تحرمها عليك و بقيتها عليك وزرا اتخذت آيات الله هزوا- وسياتي من طريق عمرو بن مرة بلفظ آخر في الذي بعده-

۳۸۶۰- اخرجه الطحاوي (۵۸/۳) من طريق سفيان عن عمرو بن مرة به- و اخرجه ابو داود (۲۱۹۷) من طريق عبد الله بن كثير عن مجاهد به نحوه- و صحح اسناده الحافظ في الفتح (۳۶۲/۹)- و اخرجه الشافعي في مسنده (۲/رقم ۱۳۷-ترتيب): اخبرنا مسلم و عبد المجيد عن ابن جريج عن مجاهد عن ابن عباس و من طريقه البيهقي في السنن (۳۳۷/۷)-

نَجِیحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ مِائَةً قَالَ عَصَيْتَ رَبَّكَ وَفَارَقْتَ امْرَاَتَكَ لَمْ تَتَّقِ اللّٰهَ فَيَجْعَلَ لَكَ مَخْرَجًا.

★★ مجاہد بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو اپنی بیوی کو ایک سو طلاقیں دے دیتا ہے' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم نے اپنے پروردگار کی نافرمانی کی ہے اور تم اپنی بیوی سے الگ ہو گئے ہو' تم اللہ تعالیٰ سے ڈرے نہیں' ورنہ وہ تمہارے لیے کوئی گنجائش پیدا کر دیتا۔

3862- حَدَّثَنَا دَعْلَجٌ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ اَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا سَيْفٌ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ يَا اَبَا عَبَّاسٍ اِنِّىْ طَلَّقْتُ امْرَاَتِىْ ثَلَاثًا وَاَنَا غَضْبَانُ فَقَالَ اِنَّ اَبَا عَبَّاسٍ لَا يَسْتَطِيعُ اَنْ يُحِلَّ لَكَ مَا حَرُمَ عَلَيْكَ عَصَيْتَ رَبَّكَ وَحَرُمَتْ عَلَيْكَ امْرَاَتُكَ اِنَّكَ لَمْ تَتَّقِ اللّٰهَ فَيَجْعَلَ لَكَ مَخْرَجًا ثُمَّ قَرَاَ (اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ) فِىْ قُبُلِ عِدَّتِهِنَّ طَاهِرًا مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ . قَالَ سَيْفٌ وَلَيْسَ طَاهِرًا مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ فِى التِّلَاوَةِ وَلٰكِنَّهُ تَفْسِيرُهُ .

قَالَ وَاَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ اِنِّىْ طَلَّقْتُ امْرَاَتِىْ اَلْفًا . فَقَالَ اَمَّا ثَلَاثٌ فَتَحْرُمُ عَلَيْكَ امْرَاَتُكَ وَبَقِيَّتُهُنَّ وِزْرٌ اتَّخَذْتَ اٰيَاتِ اللّٰهِ هُزُوًا.

★★ مجاہد بیان کرتے ہیں: ایک قریشی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا اور بولا: اے ابوعباس! میں نے غصہ کے عالم میں اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دی ہیں' تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جو چیز تمہارے لیے حرام ہو گئی ہے' ابوعباس اُسے تمہارے لیے حلال نہیں کر سکتا' تم نے اپنے پروردگار کی نافرمانی کی اور اپنی بیوی کو اپنے اوپر حرام کر لیا' تم اللہ تعالیٰ سے ڈرے نہیں ورنہ وہ تمہارے لیے کوئی گنجائش پیدا کر دیتا۔ پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ آیت تلاوت کی:

''اور جب تم نے خواتین کو طلاق دینی ہو' تو اُنہیں طلاق دو''۔

یعنی اُن کی عدت سے پہلے' جب وہ طہر کی حالت میں ہوں اور اُن کے ساتھ صحبت نہ کی گئی ہو۔

سیف نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے: یہ (مذکورہ بالا جملہ) تلاوت کا حصہ نہیں ہے' بلکہ (قرآن کے الفاظ) کی وضاحت ہے۔

سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں: ایک شخص حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا اور بولا: میں نے

۳۸۶۱-اخرجه البيهقي في الكبرى (۷/ ۳۳۷) باب: من جعل الثلاث واحدة' وما ورد في خلاف ذلك من وجه آخر عن شعبة' به- وراجع الذي قبله-

۳۸۶۲-اخرجه عبد الرزاق (۶/ ۳۹۷) رقم (۱۱۳۵۲) من طريق ابن جريج عن مجاهد عن ابن عباس...... نحوه' وقد تقدم اثر مجاهد عن ابن عباس' به-

اپنی بیوی کو ایک ہزار طلاقیں دے دی ہیں' تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تین طلاقوں کی وجہ سے تمہاری بیوی تم پر حرام ہوگئی ہے اور بقیہ طلاقیں تمہارے لیے گناہ بن گئی ہیں' کیونکہ تم نے اللہ تعالیٰ کی آیات کا مذاق اُڑایا ہے۔

3863- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3864- حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الزَّيَّاتُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَجِيْدِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا طَلَاقَ قَبْلَ نِكَاحٍ وَلَا نَذْرَ فِيْمَا لَا يَمْلِكُ.

☆☆ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: شادی سے پہلے طلاق نہیں دی جاسکتی اور آدمی جس چیز کا مالک نہ ہو اُس کے بارے میں نذر نہیں مان سکتا۔

3865- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ نَيْرُوزَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا مَطَرٌ الْوَرَّاقُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَجُوْزُ طَلَاقٌ وَلَا عِتَاقٌ وَلَا بَيْعٌ وَلَا وَفَاءُ نَذْرٍ فِيْمَا لَا يَمْلِكُ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: آدمی جس چیز کا مالک نہ ہو' اُسے طلاق نہیں دے سکتا' آزاد نہیں کرسکتا' فروخت نہیں کرسکتا اور اس کی نذر پوری نہیں کرسکتا (یعنی نذر نہیں مان سکتا)۔

3866- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ صَاحِبُ اَبِيْ صَخْرَةَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ عَرُوْبَةَ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ نَيْرُوزَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا عَبْدُ

۳۸۶۳- هكذا اخرجه الدارقطني عن سفيان بهذا الاسناد' و سبق قريبا عن سفيان باسناد آخر-

۳۸۶۴- اخرجه عبد الرزاق في الطلاق (۶/۴۱۷) باب: الطلاق قبل النكاح (۱۱۴۵۵)' و الحاكم في التفسير (۲/۴۱۹)' و البيهقي في الطلاق (۷/۳۲۰) باب: الطلاق قبل النكاح' عن ابن جريج' به- و اخرجه الطبراني في الاوسط (۸۹) من طريق روح بن صلاح' نا سعيد بن ابي ايوب عن صفوان بن سليم عن طاوس عن معاذ بن جبل' به- و قال: (لم يروه عن سعيد بن ابي ايوب الا روح بن صلاح)- قلت: وهو منقطع بين طاوس و معاذ: كما قال ابن حجر- راجع: التعليق المغني- وله شاهد من حديث جابر بن عبد الله' و ابن عمر' و المسور بن مخرمة و جميعها عند الطبراني في الاوسط (۲۹۰' ۴۵۹' ۳۶۷۶' ۷۰۲۸' ۸۲۲۴' ۸۲۹۶)-

۳۸۶۵- اخرجه ابو داود (۲/۲۵۸) كتاب: الطلاق' باب: في الطلاق قبل النكاح' الحديث (۲۱۹۰)' و النسائي (۷/۲۸۸)' و احمد (۲/۱۸۹' ۲/۱۹۰)- و البيهقي (۷/۳۱۸) من طرق عن مطر الوراق...... به- و للحديث طرق عن عمرو بن شعيب' به- قال الترمذي: (حديث عبد الله بن عمرو حديث حسن صحيح' و هو احسن شيء روي في هذا الباب)- اه- قال ابن التركماني في (الجوهر النقي): (ذكر صاحب الاستذكار ان هذا الحديث روي من وجوه' الا انها عند اهل الحديث معلولة- و قال البخاري: اصح ما في هذا الباب حديث عمرو بن شعيب) اه-

۳۸۶۶- راجع الذي قبله-

الْاَعْلٰى وَمُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ قَالَا حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ مَطَرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ عَلَى الرَّجُلِ طَلَاقٌ فِيْمَا لَا يَمْلِكُ وَلَا بَيْعٌ فِيْمَا لَا يَمْلِكُ وَلَا عِتْقٌ فِيْمَا لَا يَمْلِكُ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: آدمی جس کا مالک نہ ہو اُسے طلاق نہیں دے سکتا، جس کا مالک نہ ہو اُسے فروخت نہیں کر سکتا، جس کا مالک نہ ہو اُسے آزاد نہیں کر سکتا۔

3867- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ نَيْرُوْزَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا عَامِرٌ الْاَحْوَلُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَجُوْزُ عِتَاقٌ وَلَا طَلَاقٌ فِيْمَا لَا يَمْلِكُ. وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ الْبَيْعَ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: آدمی جس کا مالک نہ ہو اُسے آزاد کرنا یا طلاق دینا جائز نہیں ہے۔

راوی نے اس میں فروخت کرنے کا ذکر نہیں کیا۔

3868- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ كَثِيْرٍ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يُطَلِّقُ مَا لَا يَمْلِكُ فَلَا طَلَاقَ لَهٗ وَمَنْ اَعْتَقَ مَا لَا يَمْلِكُ فَلَا عَتَاقَةَ لَهٗ وَمَنْ نَذَرَ فِيْمَا لَا يَمْلِكُ فَلَا نَذْرَ لَهٗ وَمَنْ حَلَفَ عَلٰى مَعْصِيَةٍ فَلَا يَمِيْنَ لَهٗ وَمَنْ حَلَفَ عَلٰى قَطِيْعَةِ رَحِمٍ فَلَا يَمِيْنَ لَهٗ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص ایسی طلاق دے جس کا وہ مالک نہ ہو تو وہ طلاق نہیں ہوگی، جو شخص اُسے آزاد کرے جس کا وہ مالک نہ ہو تو وہ آزاد نہیں ہوگا، جو شخص اُس چیز کے بارے میں نذر مانے جس کا وہ مالک نہیں ہے، تو اُس کی نذر (معتبر) نہیں ہوگی، اور جو شخص کسی گناہ کے بارے میں قسم اُٹھائے، اُس کی قسم کا اعتبار نہیں ہوگا اور جو شخص قطع رحمی کے بارے میں قسم اُٹھائے، اُس کی قسم کا اعتبار نہیں ہوگا۔

3869- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ الْفَضْلِ الْبَلْخِيُّ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ صَالِحٍ اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ بِبَلْخَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ سَلَمَةَ الْاَزْدِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ بَعَثَ

۳۸۶۷- اخرجه الترمذي (۱۱۸۱) و ابن ماجه (۲۰۴۷) و احمد (۲/ ۱۹۰) و الحاكم في المستدرك (۲/ ۲۰۴- ۲۰۵) من طريق هشيم عن عامر الاحول به- واخرجه الطحاوي في مشكل الآثار (۱/ ۲۸) و ابن الجارود في المنتقى (۷۴۳) من طريق عامر ...... به- و انظر: الحديث السابق-

۳۸۶۸- اخرجه ابو داود في الطلاق (۲/ ۶۴۱) باب: في الطلاق قبل النكاح (۲۱۹۱، ۲۱۹۲) و ابن ماجه في الطلاق (۱/ ۶۶۰) باب: لا طلاق قبل النكاح (۲۰۴۷) و احمد (۲/ ۱۸۵) من طريق عبد الرحمن بن الحارث، به- و قد تقدم الحديث من طريق عامر الاحول عن عمرو بن شعيب، و من طريق مطر الوراق عن عمرو بن شعيب، به- و اخرجه احمد (۲/ ۲۰۷) من طريق محمد بن اسحاق عن عمرو بلفظ: (لا طلاق فيما لا تملكون، و لا عتاق فيما لا تملكون، و لا نذر فيما لا تملكون، و لا نذر في معصية الله)-

النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَبَا سُفْیَانَ بْنَ حَرْبٍ فَکَانَ فِیْمَا عَهِدَ اِلَیْہِ اَنْ لَّا یُطَلِّقَ الرَّجُلُ مَا لَا یَتَزَوَّجُ وَلَا یَعْتِقَ مَا لَا یَمْلِكُ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوسفیان بن حرب رضی اللہ عنہ کو بھیجا' انہیں یہ ہدایت کی: (یعنی حکم یہ ہے:) آدمی اُس وقت تک طلاق نہیں دے سکتا جب تک شادی نہ کرلے' اور اُس کو آزاد نہیں کرسکتا جس کا وہ مالک نہ ہو۔

3870- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِیْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَیْدِ بْنِ عُتْبَةَ حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ بَكَّارٍ السَّعْدِیُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَبَا سُفْیَانَ عَلٰی نَجْرَانَ الْیَمَنِ عَلٰی صَلَاتِهَا وَحَرْبِهَا وَصَدَقَاتِهَا وَبَعَثَ مَعَهٗ رَاشِدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰہِ وَكَانَ اِذَا ذَكَرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاشِدٌ خَیْرٌ مِنْ سُلَیْمٍ وَّاَبُوْ سُفْیَانَ خَیْرٌ مِنْ عُرَیْنَةَ . قَالَ وَكَانَ فِیْمَا عَهِدَ اِلٰی اَبِیْ سُفْیَانَ اَوْصَاهُ بِتَقْوَی اللّٰہِ وَقَالَ لَا یُطَلِّقُ رَجُلٌ مَا لَمْ یَنْكِحْ وَلَا یَعْتِقُ مَا لَا یَمْلِكُ وَلَا نَذْرَ فِیْ مَعْصِیَةِ اللّٰہِ .

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوسفیان کو یمن کے شہر نجران بھیجا' تاکہ وہ وہاں نماز پڑھائیں' جنگ کریں' صدقات وصول کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کے ساتھ راشد بن عبداللہ کو بھی بھیجا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب اُن کا ذکر کرتے تھے تو یہ فرماتے تھے: راشد' پورے سلیم قبیلہ سے بہتر ہے اور ابوسفیان پورے عرینہ قبیلہ سے بہتر ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوسفیان کو جو تلقین کی تھی' اُس میں اُنہیں اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرنے کی تلقین کی اور یہ ہدایت کی: کوئی شخص اُسے طلاق نہیں دے سکتا' جس کے ساتھ اُس کا نکاح نہ ہوا ہو' اور کوئی شخص اُسے آزاد نہیں کرسکتا جس کا وہ مالک نہ ہو' اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے بارے میں نذر کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔

3871- حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَیْنِ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ الْجَوْزِیُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبِ بْنِ حَرْبٍ

۳۸۶۹- سیاتی تخریجه فی الحدیث الذی بعده- و فی اسناده الدارقطنی هنا: الولید بن سلمة' و هو قاضی الاردن' قال ابن حبان فی المجروحین (۲/۸۰): (کان ممن یضع الحدیث علی الثقات؛ لا یجوز الاحتجاج به بحال)- و ساق له ابن عدی فی الکامل (۸/۲۵۸-۲۶۰) عدة روایات' ثم قال: (و هذه الاحادیث للولید مع ما لم اذکر من حدیثه- عامتها غیر محفوظة)- اه- و انظر نصب الرایة (۲/۲۳۱)- و الحدیث اخرجه الحاکم فی المستدرک (۲/۴۱۹) من طریق حجاج بن منهال عن هشام الدستوائی عن هشام بن عروة عن عروة عن عائشة مرفوعا-

۳۸۷۰- اخرجه الطحاوی فی مشکل الآثار (۱/۲۸۱) و البیهقی فی السنن الکبری (۷/۳۲۱) باب: الطلاق قبل النکاح' من طریق هشام بن سعد عن الزهری' بهذا الاسناد- وقال البیهقی: (کذا اتی به موقوفا' و قد روی بهذا الاسناد مرفوعا- و روی بشر عن السدی عن هشام بن سعد عن الزهری عن عروة عن النبی صلی الله علیه وسلم مرسلا- اه- قال ابو الطیب آبادی: (فی اسناده معمر' قال الحافظ: لیس بحافظ) ینظر: التعلیق المغنی (۴/۱۶)-

حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ الْقَرْنِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُسْهِرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْوَاسِطِيُّ عَنْ اَبِىْ هَاشِمٍ الرُّمَّانِىِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ قَالَ يَوْمَ اَتَزَوَّجُ فُلَانَةً فَهِىَ طَالِقٌ قَالَ طَلَّقَ مَا لَا يَمْلِكُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں نقل کرتے ہیں: آپ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو یہ کہتا ہے: جس دن میں فلاں عورت کے ساتھ شادی کروں گا' تو اُسے طلاق ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اُس نے وہ طلاق دی ہے جس کا وہ مالک نہیں ہے۔

3872- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ قَطَنٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِىْ سُلَيْمَانَ الزُّهْرِىِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَذْرَ اِلَّا فِيْمَا اُطِيْعَ اللّٰهُ فِيْهِ وَلَا يَمِيْنَ فِىْ قَطِيْعَةِ رَحِمٍ وَلَا عِتَاقَ وَلَا طَلَاقَ فِيْمَا لَا يَمْلِكُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نذر صرف اُسی چیز کے بارے میں ہوتی ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کی جائے' قطع رحمی کے بارے میں قسم اُٹھانے کی کوئی حیثیت نہیں ہے' آدمی جس چیز کا مالک نہ ہو اُس کے بارے میں آزاد کرنے یا طلاق دینے کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔

3873- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْحَرَّانِىُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعْدٍ اَبُوْ اُمَيَّةَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ اَبُوْ اِسْحَاقَ الضَّرِيْرُ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ عِيَاضٍ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا طَلَاقَ اِلَّا بَعْدَ نِكَاحٍ وَّاِنْ سُمِّيَتِ الْمَرْاَةُ

۳۸۷۱-قال الزيلعي في نصب الراية (۳/۲۳۱): قال صاحب التنقيح : حديث باطل- و ابو خالد الواسطي: هو عمرو بن خالد' و هو وضاع' و قال احمد و يحيى: كذاب- الا-واخرجه الحاكم (۲/۴۱۹)' و ابن عدي في الكامل (۵/۲۳۲)- من طريق ابن صاعد' ثنا محمد بن يحيى القطيعي' ثنا عاصم' ثنا ايوب عن نافع عن ابن عمر - رضي الله عنهما- قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : (لا طلاق الا بعد نكاح)- واخرجه الطبراني في الاوسط (۲۳۷۸- مجمع البحرين)' و الصغير (۱/۱۸۰) من طريق القطيعي' ثنا عاصم' به- مثل رواية الحاكم-

۳۸۷۲-قال الزيلعي في نصب الراية (۳/۲۳۲): (ذكره عبد الحق في (احكامه) من جهة الدارقطني' و قال: اسناده ضعيف- قال ابن القطان: و علته سليمان بن ابي سليمان: فانه شيخ ضعيف الحديث: قاله ابو حاتم الرازي- انتهى- وقال صاحب التنقيح : هذا حديث لا يصح: فان سليمان بن ابي سليمان: هو سليمان بن داود اليمامي' متفق على ضعفه- قال ابن معين: ليس بشيء- وقال البخاري: منكر الحديث' وقال ابن عدي: عامة ما يرويه لا يتابع عليه) - انتهى -و اخرجه الطبراني في الكبير (۱۱/۲۷) رقم (۱۰۹۳۲)' و الاوسط رقم (۲۰۲۹) من طريق احمد بن ابي خلف' ثنا عمر بن يونس......به- قال الهيثمي في مجمع الزوائد (۴/۱۸۶): (رجال الكبير ثقات)- الا-واخرجه الحاكم في المستدرك (۲/۴۱۹) من طريق ايوب بن سليمان الجريري عن ربيعة بن ابي عبد الرحمن عن عطاء بن ابي رباح عن ابن عباس مرفوعاً-

۳۸۷۳-ذكره الحافظ في التلخيص (۳/۴۳۶)' وقال: (فيه يزيد بن عياض و هو متروك)- واخرجه الحاكم (۲/۴۱۹) من طريق سعيد بن ابي مريم' ثنا عبد المجيد بن عبد العزيز' ثنا ابن جريج عن عمرو بن دينار عن طاوس عن معاذ بن جبل- رضي الله عنه-قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : (لا طلاق الا بعد نكاح' و لا عتق الا بعد ملك)- و من طريق الحاكم اخرجه البيهقي في السنن (۷/۳۲۰)-قال الزيلعي في نصب الراية (۳/۲۳۱-۲۳۲): و اخرجه الدارقطني عن عمرو بن شعيب عن طاوس عن معاذ' نحوه- قال في (التنقيح): لا باس بروايته' غير ان طاوسا عن معاذ منقطع)-

بِعَيْنِهَا . يَزِيْدُ بْنُ عِيَاضٍ ضَعِيْفٌ .

☆☆ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: طلاق صرف نکاح کے بعد ہی دی جاسکتی ہے' اگرچہ عورت کا متعین طور پر نام لیا گیا ہو۔

یزید بن عیاض نامی راوی' ضعیف ہے۔

3874- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُوْرٍ الْمَكِّيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَرْدَكَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ مَاهَكَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثَةٌ جَدُّهُنَّ جَدٌّ وَّهَزْلُهُنَّ جَدٌّ الطَّلَاقُ وَالنِّكَاحُ وَالرَّجْعَةُ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: تین چیزیں ایسی ہیں جن میں سنجیدگی بھی سنجیدگی شمار ہوگی اور مذاق بھی سنجیدگی شمار ہوگا' طلاق' نکاح اور رجعت (یعنی رجوع کرنا)۔

3875- حَدَّثَنَا الْقَاضِى الْمَحَامِلِىُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ حَدَّثَنِىْ سُلَيْمَانُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَبِيْبِ بْنِ اَرْدَكَ اَنَّهٗ سَمِعَ عَطَاءً يَقُوْلُ اَخْبَرَنِىْ يُوْسُفُ بْنُ مَاهَكَ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3876- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ الْمَارِسْتَانِىُّ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ قَيْسٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعِيْدٍ الْقَيْسِىُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ عَلِىٍّ عَنْ اٰبَائِهٖ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اُمِّىْ عَرَضَتْ عَلَىَّ قَرَابَةً لَهَا اَتَزَوَّجُهَا فَقُلْتُ هِىَ طَالِقٌ ثَلَاثًا اِنْ تَزَوَّجْتُهَا . فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ كَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ مِنْ مِلْكٍ قَالَ لَا . قَالَ لَا بَاْسَ . فَتَزَوَّجَهَا .

☆☆ امام زید بن علی رضی اللہ عنہ اپنے آباء واجداد کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میری والدہ نے میرے سامنے اپنی ایک رشتہ دار لڑکی کا ذکر کیا' کہ میں اُس کے ساتھ شادی کرلوں' تو میں نے کہا: اگر میں نے اُس عورت کے ساتھ شادی کرلی تو اُسے تین طلاقیں ہیں' (اب کیا حکم ہو گا؟) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا وہ اس سے پہلے ملکیت میں تھی؟ اُس نے عرض کی: جی نہیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر کوئی حرج نہیں ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر اُس شخص نے اُس عورت کے ساتھ شادی کرلی۔

3877- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِى الْاَذَنِىُّ ح وَاَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ

۳۸۷۴—تقدم تخريجه في باب: المهر-

۳۸۷۵—راجع الذي قبله-

۳۸۷۶—نقله الحافظ في التلخيص (۳/۲۲۸) عن الدارقطني وقال: (فيه علي بن قيس و هو متروك)- اه-

الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي الْأَذَنِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْقَاسِمِ الصَّنْعَانِيُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ فَلَاحٍ الصَّنْعَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ الْوَلِيدِ الْوَصَافِيِّ وَصَدَقَةَ بْنِ أَبِي عِمْرَانَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ طَلَّقَ بَعْضُ آبَائِي امْرَأَتَهُ أَلْفًا فَانْطَلَقَ بَنُوهُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أَبَانَا طَلَّقَ أُمَّنَا أَلْفًا فَهَلْ لَهُ مِنْ مَخْرَجٍ فَقَالَ إِنَّ أَبَاكُمْ لَمْ يَتَّقِ اللَّهَ فَيَجْعَلَ لَهُ مَخْرَجًا بَانَتْ مِنْهُ بِثَلَاثٍ عَلَى غَيْرِ السُّنَّةِ وَتِسْعُمِائَةٍ وَسَبْعٌ وَتِسْعُونَ إِثْمٌ فِي عُنُقِهِ. رُوَاتُهُ مَجْهُولُونَ وَضُعَفَاءُ إِلَّا شَيْخَنَا وَابْنَ عَبْدِ الْبَاقِي.

☆☆ ابراہیم بن عبیداللہ اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: اُن کے بزرگوں میں سے کسی شخص نے اپنی بیوی کو ایک ہزار طلاقیں دے دیں' اُس کے بچے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے والد نے ہماری والدہ کو ایک ہزار طلاقیں دے دی ہیں' کیا اُن کے لیے کوئی گنجائش ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارا باپ اللہ سے ڈرا نہیں ہے' ورنہ وہ اُس کیلئے کوئی گنجائش پیدا کر دیتا' وہ عورت اُس شخص سے تین طلاقوں کی وجہ سے جدا ہو جائے گی' جو طلاقیں سنت کے خلاف ہیں اور (بقیہ) نوسوستانوے طلاقیں اُس کی گردن میں گناہ کے طور پر ہوں گی۔

(امام دارقطنی بیان کرتے ہیں:) ہمارے استاد اور ابن عبدالباقی (ان دو حضرات کے علاوہ) اس روایت کے تمام راوی مجہول اور ضعیف ہیں۔

3878- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَدَّادُ حَدَّثَنَا أَبُو الصَّلْتِ إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ الذَّارِعُ ح وَأَخْبَرَنَا عَبْدُ الْبَاقِي بْنُ قَانِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْعَسْكَرِيُّ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مُعَاذُ مَنْ طَلَّقَ فِي بِدْعَةٍ وَاحِدَةً أَوِ اثْنَتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا أَلْزَمْنَاهُ بِدْعَتَهُ. إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ الْبَصْرِيُّ مَتْرُوكُ الْحَدِيثِ.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے معاذ! جو شخص بدعت کے طور پر (یعنی سنت کے خلاف) ایک' دو یا

۳۸۷۷-اخرجه عبد الرزاق في مصنفه (۶/۳۹۳) (۱۱۳۳۹) باب: المطلقة ثلاثا: اخبرنا يحيى بن العلاء عن عبيد الله بن الوليد العجلي عن ابراهيم عن داود بن عبادة بن الصامت، قال: طلق جدي امراة له الف تطليقة: فانطلق ابي الى رسول الله صلى الله عليه وسلم ...... فذكره نحوه- و الحديث اخرجه الطبراني في الكبير؛ كما في المجمع (۴/۳۴۱)، و قال الهيثمي: (اخرجه كله الطبراني، و فيه عبيد الله بن الوليد الوصافي العجلي، و هو ضعيف)- اه-وذكره عبد الحق في الاحكام الوسطى (۳/۱۹۲) باب ذكر طلاق السنة و من طلق ثلاثا، و ما جاء في التمليك و البتة- ثم قال عقبة: (في سنده تسعة رجال بين مجهول و ضعيف)- اه-

۳۸۷۸-اخرجه البيهقي في السنن (۷/۳۲۷) من طريق ابي جعفر محمد بن يوسف، ثنا ابو الصلت اسماعيل بن ابي امية......به، بلفظ: (من طلق للبدعة الزمناه بدعته)- ثمن نقل عقبه قول الدارقطني في اسماعيل بن ابي امية- و قد تقدمت ترجمته، و قد ذكره عبد الحق في احكامه الوسطى (۳/۱۹۲) و ضعفه باسماعيل-

تین طلاقیں دیدے ہم اُس کی بدعت کو اُس پر لازم کردیں گے۔

اسماعیل بن ابوامیہ بصری نامی راوی متروک الحدیث ہے۔

3879- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِى اُمَيَّةَ الْقُرَشِيُّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَطَرٍ عَنْ عَبْدِ الْغَفُورِ عَنْ اَبِى هَاشِمٍ عَنْ زَاذَانَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلاً طَلَّقَ الْبَتَّةَ فَغَضِبَ وَقَالَ تَتَّخِذُونَ اٰيَاتِ اللّٰهِ هُزُوًا- اَوْ دِيْنَ اللّٰهِ هُزُوًا وَلَعِبًا- مَنْ طَلَّقَ الْبَتَّةَ اَلْزَمْنَاهُ ثَلَاثًا لَا تَحِلُّ لَهٗ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ . اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِى اُمَيَّةَ هٰذَا كُوفِيٌّ ضَعِيْفُ الْحَدِيْثِ .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو (یا ایک شخص کے بارے میں) سنا' اُس نے اپنی بیوی کو طلاق بتہ دیدی ہے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم غصہ میں آگئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ اللہ تعالیٰ کی آیات کا مذاق اُڑاتے ہو۔ (راوی کو شک ہے' شاید یہ الفاظ ہیں:) اللہ تعالیٰ کے دین (کے احکام) سے کھیل کود کرتے ہو' جو شخص طلاقِ بتہ دے گا' ہم اُس کی تین طلاقوں کو لازم قرار دیں گے اور وہ عورت اُس شخص کیلئے اُس وقت تک حلال نہ ہوگی جب تک دوسری شادی (کرنے کے بعد بیوہ یا مطلقہ) نہ ہو جائے۔

اسماعیل بن ابوامیہ نامی راوی کوفی ہیں اور ضعیف الحدیث ہیں۔

3880- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُورٍ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِى ثَابِتٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى عَلِيِّ بْنِ اَبِى طَالِبٍ فَقَالَ اِنِّى طَلَّقْتُ امْرَاَتِى اَلْفًا .فَقَالَ عَلِيٌّ يُحَرِّمُهَا عَلَيْكَ ثَلَاثٌ وَّسَائِرُهُنَّ اَقْسِمْهُنَّ بَيْنَ نِسَائِكَ.

☆☆ حبیب بن ابوثابت بیان کرتے ہیں: ایک شخص حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور بولا: میں نے اپنی بیوی کو ایک ہزار طلاقیں دے دی ہیں' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تین طلاقوں نے اُسے تم پر حرام کر دیا ہے اور باقی طلاقیں تم اپنی دوسری بیویوں میں تقسیم کردو۔

3881- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ الْخَوْلَانِىُّ بِمِصْرَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ اَبِى الْاَسْوَدِ عَنْ مُّسْلِمٍ الْاَعْوَرِ الْمُلَائِىِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَّمُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ سُئِلَ

۳۸۷۹-ذکره صاحب الاحکام الوسطی (۱۹۶/۳) وقال: (في اسناده اسماعيل بن ابي امية الكوفي عن عثمان بن مطر عن عبد الغفور بن عبد العزيز الواسطي' و كلهم ضعفاء)- و نقل صاحب التعليق المغني عن ابن القيم قال: (في اسناده مجاهيل و ضعفاء)- اه-

۳۸۸۰-اخرجه ابن ابي شيبة (۶۲/۴) رقم (۱۷۸۰۲) حدثنا وكيع عن الاعمش' به-و اخرجه البيهقي في الكبرى (۳۳۵/۷) كتاب : الطلاق' باب: ما جاء في امضاء الطلاق الثلاث و ان كن مجموعات- من طريق ابي نعيم عن الاعمش عن حبيب بن ابي ثابت عن بعض اصحابه قال: جاء رجل الى علي ......فذكره-

۳۸۸۱-اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۳۹۶/۶) رقم (۱۱۳۴۷) عن معمر عن ايوب عن مجاهد قال: سئل ابن عباس عن رجل طلق امراته عدد النجوم قال: (انما يكفيه من ذلك راس الجوزاء)-و اخرجه ابن ابي شيبة (۶۲/۴) رقم (۱۷۸۱۳): نا اسماعيل بن ابراهيم عن ايوب عن عمرو: سئل ابن عباس...... فذكره' نحو رواية عبد الرزاق- و اخرجه البيهقي (۳۳۷/۷) من طريق جرير ابن حازم عن ايوب عن عمرو بن دينار...... به-

عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ عَدَدَ النُّجُوْمِ فَقَالَ اَخْطَاَ السُّنَّةَ وَحَرُمَتْ عَلَيْهِ امْرَاَتُهٗ.

☆☆ سعید بن جبیر اور مجاہد' حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں نقل کرتے ہیں' اُن سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو ستاروں کی تعداد میں اپنی بیوی کو طلاقیں دیتا ہے' تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اُس شخص نے سنت کی خلاف ورزی کی اور اُس کی بیوی اُس کیلئے حرام ہوگئی۔

3882- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ الصَّيْرَفِيُّ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ الْاَعْوَرُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلاً طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ عَدَدَ النُّجُوْمِ فَقَالَ اَخْطَاَ السُّنَّةَ وَحَرُمَتْ عَلَيْهِ امْرَاَتُهٗ.

☆☆ سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے اپنی بیوی کو ستاروں کی تعداد جتنی طلاقیں دے دیں' تو اس کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس شخص نے سنت کی خلاف ورزی کی اور اُس کی بیوی اُس پر حرام ہوگئی۔

3883- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ قِلَابَةَ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ اَبِي الْعَالِيَةِ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُطَلَّقَةُ ثَلَاثًا لَهَا السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةُ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: حاملہ بیوہ کو خرچ نہیں ملے گا۔

3884- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ طَاهِرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبُوْشَنْجِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ زِيَادٍ الْاُبُلِّيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ اَبِي الْعَالِيَةِ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ

٣٨٨٢-في اسناده مسلم بن كيسان الاعور: قال الفلاس: متروك الحديث- و قال احمد: لا يكتب حديثه- وقال يحيى: ليس بثقة- وقال البخاري: يتكلمون فيه- و قال الحافظ في التقريب (٦٦٨٥): ضعيف- و انظر ترجمته ايضا في الميزان (٤١٩/٦)- و قد تقدم عن سعيد عن ابن عباس بلفظ آخر قريبا-

٣٨٨٣-في اسناده حرب بن ابي العالية: روى له مسلم و النسائي- قال الذهبي في الميزان (٢١٢/٢): صدوق...... و ثقه ابن معين مرة' و ضعفه اخرى' و قد وهم في حديث او حديثين)- اه-وقال الحافظ في التقريب (١١٧٦): صدوق يهم- والحديث ذكره عبد الحق في (الاحكام الوسطى)' و قال: (انما يوخذ من حديث ابي الزبير عن جابر ما ذكر فيه السماع او كان عن الليث عن ابي الزبير و حرب بن ابي العالية لا يحتج بحديثه؛ ضعفه ابن معين' و وثقه عبيد الله بن عمر القواريري- اه-و نقل الزيلعي في نصب الراية (٢٧٤/٣) عبارة عبد الحق هذه' و فيها (ضعفه- كذا في المطبوع و الصواب و ثقه- يحيى بن معين في رواية السعدي عنه' و ضعفه في رواية ابن ابي خيثمة- و الاشبه و قفه على جابر)- اه-

قلت: و الموقوف الذي اشار اليه عبد الحق؛ كما نقلهعنه الزيلعي في النصب اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (١٣٦/٤) (١٨٦٥٧) من طريق ابن جريج عن ابي الزبير عن جابر-

٣٨٨٤-علقه البيهقي في السنن الكبرى (٤٣٠/٧-٤٣١) قال: وقد اخرجه محمد بن عبد الله الرقاشي...... فذكره- و اخرجه الشافعي في مسنده (٢/رقم ١٧١-ترتيب)- اخبرنا عبد المجيد عن ابن جريج عن ابي الزبير عن جابر- رضي الله عنه- انه قال: ليس للمتوفي عنها زوجها نفقة' حسبها الميراث- و من طريق الشافعي اخرجه البيهقي في السنن (٤٣٠/٧)' و قال: هذا هو المحفوظ- و الحديث المرفوع ذكره عبد الحق في الحكامه (٢٢٦/٣)' و اعله بما اعل به الحديث السابق؛ فراجعه-

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ لِلْحَامِلِ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا نَفَقَةٌ .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: حاملہ بیوہ کو خرچ نہیں ملے گا۔

3885- حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَرَوِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ اَبِي الْعَالِيَةِ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْحَامِلِ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا لَا نَفَقَةَ لَهَا .

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حاملہ بیوہ کے بارے میں یہ فرمایا ہے کہ اُسے خرچ نہیں ملے گا۔

3886- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ الْجَوَارِبِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُطَلَّقَةُ ثَلَاثًا لَا سُكْنَى لَهَا وَلَانَفَقَةَ اِنَّمَا السُّكْنَى وَالنَّفَقَةُ لِمَنْ يَّمْلِكُ الرَّجْعَةَ .

☆☆ سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جس عورت کو تین طلاقیں دے دی گئی ہوں' اُسے رہائش اور خرچ نہیں ملیں گے۔ رہائش اور خرچ (مطلقہ کو اُس وقت ملے گا) جب شوہر کو رجوع کرنے کا اختیار باقی ہو۔

3887- حَدَّثَنَا اَبُو صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِيُّ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ عَنِ السُّدِّيِّ عَنِ الْبَهِيِّ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِفَاطِمَةَ اِنَّمَا السُّكْنَى وَالنَّفَقَةُ لِمَنْ كَانَ لِزَوْجِهَا عَلَيْهَا رَجْعَةٌ .

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فاطمہ (بنت قیس) سے یہ فرمایا تھا: رہائش اور خرچ اُس عورت کو ملے گا جس کے شوہر کو اُس سے رجوع کرنے کا حق باقی ہو۔

3888- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ بُرْدٍ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ قَالَ دَخَلْنَا عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ فَقُلْنَا لَهَا حَدِّثِينَا فِي قَضَاءِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيكِ .قَالَتْ دَخَلْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعِي اَخُو زَوْجِي فَقُلْتُ اِنَّ زَوْجِي طَلَّقَنِيْ وَاِنَّ هٰذَا يَزْعُمُ اَنْ لَيْسَ لِيْ سُكْنَى وَلَانَفَقَةٌ .فَقَالَ بَلْ لَكِ سُكْنَى وَلَكِ نَفَقَةٌ . قَالَ اِنَّ

۳۸۸۵-راجع الذي قبله-

۳۸۸۶-في اسناده جابر الجعفي و هو ضعيف جدا: كما تقدم مرارا- و قد تقدمت قصة فاطمة من طرق-

۳۸۸۷-اخرجه مسلم في كتاب: الطلاق (۱۱۲۰/۲) باب: المطلقة ثلاثا لا نفقه لها (۱٤۸۰)- و البيهقي في السنن الكبرى (٤۷٤/۷) كتاب النفقات باب: المبتوتة لا نفقة لها الا ان تكون حاملا' من طريق يحيى بن آدم عن الحسن بن صالح عن السدي' بهذا الاسناد-

۳۸۸۸-تقدم تخريجه قبل حديثين من طريق شريك عن جابر مختصرا-

زَوْجَهَا طَلَّقَهَا ثَلَاثًا .فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةُ عَلٰى مَنْ لَهُ عَلَيْهَا رَجْعَةٌ . فَلَمَّا قَدِمْتُ الْكُوفَةَ طَلَبَنِى الْاَسْوَدُ بْنُ يَزِيْدَ لِيَسْاَلَنِى عَنْ ذٰلِكَ وَاَنَّ اَصْحَابَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُوْنَ لَهَا السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةُ .

☆☆ عامر شعبی بیان کرتے ہیں: ہم سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے، ہم نے اُن سے کہا: آپ ہمیں وہ حدیث سنائیں جس میں آپ کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ کا ذکر ہے، تو سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا نے بتایا: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی، میرے ساتھ میرا دیور بھی تھا، میں نے عرض کی: میرے شوہر نے مجھے طلاق دیدی ہے اور اس (یعنی میرے دیور) کا یہ کہنا ہے کہ مجھے رہائش اور خرچ نہیں ملے گا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں رہائش اور خرچ ملے گا، (اُس کے دیور نے) عرض کی: اس کے شوہر نے اسے تین طلاقیں دی ہیں، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رہائش اور خرچ اُس عورت کو ملتا ہے جس کے شوہر کو اُس سے رجوع کرنے کا اختیار ہو۔

شعبی بیان کرتے ہیں: جب میں کوفہ آیا تو اسود بن یزید نے مجھے بلایا، تاکہ اس بارے میں مجھ سے دریافت کریں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے شاگرد یہ فرماتے ہیں: ایسی عورت کو رہائش اور خرچ ملے گا۔

3889- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ وَلِيْدٍ حَدَّثَنَا اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ قَالَ عُمَرُ لَمَّا بَلَغَهُ قَوْلُ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ لَا نُجِيْزُ فِى الْمُسْلِمِيْنَ قَوْلَ امْرَاَةٍ فَكَانَ يَجْعَلُ لِلْمُطَلَّقَةِ ثَلَاثًا السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةَ.

☆☆ اسود بیان کرتے ہیں: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کے بیان کا پتہ لگا، تو اُنہوں نے فرمایا: ہم کسی عورت کے بیان کی وجہ سے مسلمانوں پر حکم عائد نہیں کریں گے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تین طلاق یافتہ عورت کو رہائش اور خرچ کا حق دیا۔

3890- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ وَلِيْدٍ وَّاَبُوْ هِشَامِ الرِّفَاعِىُّ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ دَاوٗدَ الْاَوْدِىِّ الزَّعَافِرِىِّ عَنِ الشَّعْبِىِّ قَالَ لَقِيَنِى الْاَسْوَدُ بْنُ يَزِيْدَ فَقَالَ يَا شَعْبِىُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَارْجِعْ عَنْ حَدِيْثِ

۳۸۸۹- اخرجه ابن ابي شيبة في مصنفه (۱۴۷/۵) كتاب: الطلاق، باب: من قال في المطلقة ثلاثا لها النفقة، و الدارمي (۲۱۹/۲) و البيهقي (۴۷۵/۷) و الطحاوي في شرح المعاني (۶۷/۳) من طريق حفص بن غياث، و محمد بن فضيل عن الاعمش عن ابراهيم به- قال البيهقي: (وكذلك اخرجه اسباط بن محمد عن الاعمش موقوفا، و اخرجه اشعث عن الحاكم و حماد عن ابراهيم عن الاسود عن عمر- رضي الله عنه- و اشعث بن سوار ضعيف)- قال صاحب التعليق المغني: بهذا ادعى بعض الحنفية ان للمطلقة ثلاثا: السكنى، و النفقة- ورده ابن السمعاني بانه من قول بعض المجازفين، فلا تحل روايته- و قد انكر احمد ثبوت ذلك عن عمر اصلا: و لعله اراد الانقطاع: لان ابراهيم لم يلق عمر- رضي الله عنه- و قد بالغ الطحاوي في تقرير مذهبه، فقال: خالفت فاطمة سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم: لان عمر روى خلاف ما روت: فخرج المعنى الذي انكر عليها عمر، و بطل حديث فاطمة فلم يجب العمل به اصلا، و عمدته على ما ذكر من المخالفة ما روى عمر بن الخطاب: فانه اورده من طريق ابراهيم النخعي عن عمر قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: (لها السكنى و النفقة)- و هذا منقطع لا تقوم به حجة: قاله الحافظ)- اه-

۳۸۹۰- اخرجه البيهقي في السنن (۴۷۵/۷) من طريق ابي اسحاق قال: كنت مع الاسود...... فذكره-

فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ فَإِنَّ عُمَرَ كَانَ يَجْعَلُ لَهَا السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةَ فَقُلْتُ لَا اَرْجِعُ عَنْ شَىْءٍ حَدَّثَتْنِى بِهِ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: اسود بن یزید کی مجھ سے ملاقات ہوئی تو اُنہوں نے مجھ سے فرمایا: اے شعبی! اللہ تعالیٰ سے ڈرو! اور سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کی حدیث نقل کرنے سے باز آ جاؤ' کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسی عورت کو رہائش اور خرچ کا حق دیا ہے۔ تو میں نے کہا: میں اس سے باز نہیں آ ؤں گا' کیونکہ سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ حدیث مجھے سنائی ہے۔

3891- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ سَيَّارٍ وَّحُصَيْنٍ وَّمُغِيْرَةَ وَاَشْعَثَ وَدَاوُدَ وَمُجَالِدٍ وَّاِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِىْ خَالِدٍ كُلُّهُمْ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ فَسَاَلْتُهَا عَنْ قَضَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهَا فَقَالَتْ طَلَّقَهَا زَوْجُهَا الْبَتَّةَ فَاَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ .قَالَتْ فَلَمْ يَجْعَلْ لِىْ سُكْنٰى وَلَا نَفَقَةً وَّقَالَ اِنَّمَا السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةُ لِمَنْ يَّمْلِكُ الرَّجْعَةَ .

خَالَفَهُ الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ جَعَلَ اٰخِرَ الْحَدِيْثِ عَنْ مُّجَالِدٍ وَّحْدَهٗ عَنِ الشَّعْبِيِّ .

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: میں سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا اور اُن سے' اُن کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ کے بارے میں دریافت کیا' تو اُنہوں نے بتایا: اُن کے شوہر نے اُنہیں طلاقِ بتہ دے دی' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں' اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے رہائش اور خرچ کا حق نہیں دیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رہائش اور خرچ اُس عورت کو ملتے ہیں' جس کے شوہر کو (اُس سے) رجوع کرنے کا اختیار ہو۔

3892- حَدَّثَنَا ابْنُ الْمَحَامِلِيِّ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ وَّعُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ الدِّرْبِيُّ وَعَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ هَارُوْنَ قَالُوْا حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا مُغِيْرَةُ وَحُصَيْنٌ وَّاَشْعَثُ وَاِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِىْ خَالِدٍ وَّدَاوُدُ

۳۸۹۱- اخرجه مسلم في كتاب الطلاق (۲/۱۱۱۷) باب: المطلقة ثلاثا' لا نفقة لها (۱۴۸۰/۴۲) و الترمذي في كتاب الطلاق و اللعان (۲/۴۷۵) باب: ما جاء في المطلقة ثلاثا لا سكنى لها ولا نفقة (۱۱۸۰) و النسائي (۶/۲۰۸) و احمد (۶/۴۱۶) و البيهقي في السنن الكبرى كتاب النفقات (۷/۴۷۳) باب: المبتوتة لا نفقة لها الا ان تكون حاملا- و الطحاوي في شرح معاني الآثار كتاب الطلاق (۳/۶۴) باب: المطلقة طلاقا بائنا' ماذا لها على زوجها في عدتها؟ من طريق هشيم......به- قال ابو عيسى - رحمه الله - : هذا حديث حسن صحيح' و هو قول بعض اهل العلم منهم الحسن البصري' و عطاء بن ابي رباح' و الشعبي' وبه يقول احمد واسحاق' و قالوا: ليس للمطلقة سكنى ولا نفقة اذا لم يملك زوجها النفقة- وقال بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم - منهم: عمر و عبد الله -: ان المطلقة ثلاثا' لها السكنى و النفقه- و هو قول سفيان الثوري و اهل الكوفة- وقال بعض اهل العلم: لها السكنى ولا نفقة لها- و هو قول مالك بن انس و الليث بن سعد و الشافعي- وقال الشافعي: انما جعلنا لها السكنى بكتاب الله' قال تعالى: (لا تخرجوهن من بيوتهن ولا يخرجن الا ان ياتين بفاحشة مبينة)- قالوا: هو البذاء: ان تبذو على اهلها: و اعتل بان فاطمة بنت قيس لم يجعل لها النبي صلى الله عليه وسلم السكنى: لما كانت تبذو على اهلها- قال الشافعي: ولا نفقة لها: لحديث رسول الله صلى الله عليه وسلم في قصة فاطمة بنت قيس-

۳۸۹۲- راجع الذي قبله-

وَسَيَّارٌ وَّمُجَالِدٌ كُلُّهُمْ عَنِ الشَّعْبِيِّ بِهٰذَا . قَالَ هُشَيْمٌ قَالَ مُجَالِدٌ فِي حَدِيثِهِ إِنَّمَا السُّكْنَى وَالنَّفَقَةُ لِمَنْ كَانَ لَهَا عَلَى زَوْجِهَا رَجْعَةٌ .

☆☆ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ منقول ہے اور مجالد کی روایت میں یہ الفاظ ہیں:

''رہائش اور خرچ اُس عورت کو ملتے ہیں جس کا شوہر اُس سے رجوع کر سکے''۔

3893- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْأَسْوَدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ أَنَّهُ لَمَّا بَلَغَهُ قَوْلُ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَ لَا نَدَعُ كِتَابَ اللّٰهِ لِقَوْلِ امْرَأَةٍ لَعَلَّهَا نَسِيَتْ .

☆☆ اسود بیان کرتے ہیں: جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کے بیان کا پتہ چلا تو اُنہوں نے فرمایا: ہم اللہ تعالیٰ کی کتاب کے حکم کو ایک عورت کے بیان کی وجہ سے ترک نہیں کریں گے ہوسکتا ہے کہ وہ بھول گئی ہو۔

3894- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ بْنِ مَسْعَدَةَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِصَامِ بْنِ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَسَدِيُّ- وَهُوَ أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ- حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ قَالَ كُنْتُ مَعَ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ جَالِسًا فِي الْمَسْجِدِ الْأَعْظَمِ وَمَعَنَا الشَّعْبِيُّ فَحَدَّثَ الشَّعْبِيُّ بِحَدِيثِ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَجْعَلْ لَهَا سُكْنَى وَلَا نَفَقَةً فَأَخَذَ الْأَسْوَدُ كَفًّا مِّنْ حَصًى فَحَصَبَهُ ثُمَّ قَالَ وَيْحَكَ تُحَدِّثُ بِمِثْلِ هٰذَا قَالَ عُمَرُ لَا نَتْرُكُ كِتَابَ اللّٰهِ وَسُنَّةَ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِقَوْلِ امْرَأَةٍ لَا نَدْرِي حَفِظَتْ أَوْ نَسِيَتْ لَهَا السُّكْنَى وَالنَّفَقَةُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى (لَا تُخْرِجُوهُنَّ مِنْ بُيُوتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ إِلَّا أَنْ يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ)

☆☆ ابواسحاق بیان کرتے ہیں: میں اسود بن یزید کے ساتھ بڑی مسجد میں بیٹھا ہوا تھا' ہمارے ساتھ شعبی بھی موجود تھے شعبی نے سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ حدیث سنائی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں رہائش اور خرچ کا حق نہیں دیا تھا' تو اسود نے مٹھی میں کنکریاں پکڑ کر شعبی کے مارتے ہوئے کہا: تمہارا ستیاناس ہو! تم اس طرح کی روایتیں سنا رہے ہو' جبکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا ہے: ہم اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے حکم کو کسی عورت کے بیان کی وجہ سے ترک نہیں کریں گے' کیونکہ ہمیں یہ نہیں معلوم کہ اُس عورت کو (اصل بات) یاد بھی ہے' یا وہ بھول گئی ہے' ایسی (تین طلاق یافتہ) عورت کو رہائش اور خرچ ملے گا' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

۳۸۹۳- اخرجه البيهقي في السنن (۴۷۵/۷) من طريق الدارقطني به- و سياتي قريبا من طريق حفص بن غياث عن الحكم و حماد عن ابراهيم عن الاسود' نحوه-

۳۸۹۴- اخرجه البيهقي في سننه (۴۷۵/۷) كتاب النفقات ' باب: المبتوتة لا نفقة لها الا ان تكون حاملا من طريق الدارقطني به- و اخرجه مسلم في صحيحه (۱۱۱۸/۲) كتاب: الطلاق' باب: المطلقة ثلاثا لا نفقة لها' الحديث (۴۶/۱۴۸۰)' و ابو داود (۲۸۸/۲) كتاب: الطلاق' باب: من انكر ذلك على فاطمة' الحديث (۲۲۹۱) من طريق ابي احمد الزبيري' به-

''تم اُن عورتوں کو اُن کے گھروں سے نہ نکالو اور نہ ہی وہ خود نکلیں' ماسوائے اس صورت کے' کہ وہ واضح بُرائی کا ارتکاب کریں''۔

3895- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اٰدَمَ حَدَّثَنَا عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنِ الشَّعْبِىِّ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ طَلَّقَنِىْ زَوْجِى ثَلَاثًا فَاَرَدْتُ النَّفَقَةَ فَاَتَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ انْتَقِلِىْ اِلٰى بَيْتِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُومٍ . قَالَ اَبُوْ اِسْحَاقَ فَلَمَّا حَدَّثَ بِهِ الشَّعْبِىُّ حَصَبَهُ الْاَسْوَدُ فَقَالَ وَيْحَكَ تُحَدِّثُ اَوْ تُفْتِىْ بِمِثْلِ هٰذَا قَدْ اَتَتْ عُمَرَ فَقَالَ اِنْ جِئْتِ بِشَاهِدَيْنِ يَشْهَدَانِ اَنَّهُمَا سَمِعَاهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِلَّا لَمْ نَتْرُكْ كِتَابَ اللّٰهِ لِقَوْلِ امْرَاَةٍ (لَا تُخْرِجُوهُنَّ مِنْ بُيُوتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّا اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ) لَمْ يَقُلْ فِيهِ وَسُنَّةَ نَبِيِّنَا .وَهٰذَا اَصَحُّ مِنَ الَّذِىْ قَبْلَهُ لِاَنَّ هٰذَا الْكَلَامَ لَا يَثْبُتُ وَيَحْيٰى بْنُ اٰدَمَ اَحْفَظُ مِنْ اَبِىْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِىِّ وَاَثْبَتُ مِنْهُ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ .
وَقَدْ تَابَعَهُ قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ

☆☆ سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میرے شوہر نے مجھے تین طلاقیں دیدیں' میں نے خرچ حاصل کرنا چاہا' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ کے گھر منتقل ہو جاؤ۔

ابواسحاق بیان کرتے ہیں: جب شعبی نے یہ روایت بیان کی تو اسود نے اُنہیں کنکریاں مارتے ہوئے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو! تم یہ روایت بیان کر رہے ہو' یا اس روایت کی بنیاد پر فتویٰ دیتے ہو' وہ خاتون حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھی حاضر ہوئی تھی' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا تھا: اگر تو تم دو ایسے گواہ لے کر آتی ہو' جو اس بات کی گواہی دیں کہ اُنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے' تو ٹھیک ہے' ورنہ ہم ایک عورت کے بیان کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی کتاب کے حکم کو ترک نہیں کریں گے' (وہ حکم یہ ہے:)

''تم اُنہیں اُن کے گھر سے نہ نکالو اور وہ بھی نہ نکلیں' ماسوائے اس صورت کے' کہ وہ واضح بُرائی کا ارتکاب کریں''۔

اس روایت میں راوی نے یہ الفاظ نقل نہیں کیے: ''اور اپنے نبی کی سنت (کا حکم) ترک نہیں کریں گے''۔

یہ روایت اس سے پہلے والی روایت کے مقابلے میں زیادہ مستند ہے' کیونکہ یہ الفاظ ثابت نہیں ہیں۔

یحییٰ نامی راوی نے ابواحمد زبیری کے مقابلے میں بڑے حافظ اور زیادہ مستند ہیں' باقی اللہ بہتر جانتا ہے!

3896- حَدَّثَنَا بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا السَّرِىُّ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ حَدَّثَنَا عَمَّارُ

۳۸۹۵- اخرجه احمد (۶/۴۱۶): حدثنا يحيى بن آدم' به- و اخرجه مسلم في صحيحه (۱۱۱۸/۲) كتاب: الطلاق' باب: المطلقة ثلاثا لا نفقة لها الحديث (۱۴۸۰/۴۵) حدثني اسحاق بن ابراهيم الحنظلي' اخبرنا يحيى بن آدم......به-

۳۸۹۶- نقل البيهقي في السنن (۴۷۶/۷) كلام الدارقطني السابق' و قال: (وقد تابعه قبيصة ابن عقبة فاخرجه عنه محمد بن سنجر مثل قول يحيى بن آدم سواء- و اخرجه الحسن بن عمارة عن سلمة بن كهيل عن عبد الله بن الخليل عن عمر- رضي الله عنه- قال فيه: (وسنة نبينا)- و الحسن بن عمارة متروك' و الاشبه بما روينا عن عائشة- رضي الله عنها- و غيرها في الانكار على فاطمة بنت قيس' انها انما انكرت عليها النقلة من غير سبب دون النفقة' و هو الاشبه بما احتج به من الآية- قال الشافعي- رضي الله عنه-: ما نعلم في كتاب الله ذكر نفقة انما في كتاب الله ذكر السكنى- و الله اعلم)- اھ- وقد اجمع الذي قبله-

بْنُ رُزَيْقٍ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ مِثْلَ قَوْلِ يَحْيٰى بْنِ اٰدَمَ سَوَاءً .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3897- حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ بُلْبُلٍ الزَّعْفَرَانِىُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّيْمِىُّ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَارَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْخَلِيْلِ الْحَضْرَمِىِّ قَالَ ذُكِرَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَوْلُ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَجْعَلْ لَهَا سُكْنٰى وَلَا نَفَقَةً فَقَالَ عُمَرُ لَا نَدَعُ كِتَابَ اللّٰهِ وَسُنَّةَ نَبِيِّهٖ لِقَوْلِ امْرَاَةٍ . الْحَسَنُ بْنُ عُمَارَةَ مَتْرُوْكٌ .

☆☆ عبداللہ بن خلیل حضرمی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے سامنے سیّدہ فاطمہ بن قیس رضی اللہ عنہ کا یہ بیان ذکر کیا گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں رہائش اور خرچ کا حق نہیں دیا تھا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اُس کے نبی کی سنت (کا حکم) کسی عورت کے بیان کی وجہ سے ترک نہیں کریں گے۔

حسن بن عمارہ نامی راوی متروک ہے۔

3898- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْخَضِرِ بِمِصْرَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنْ اَشْعَثَ عَنِ الْحَكَمِ وَحَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عُمَرَ قَالَ لَا نَدَعُ كِتَابَ رَبِّنَا وَسُنَّةَ نَبِيِّنَا لِقَوْلِ امْرَاَةٍ الْمُطَلَّقَةُ ثَلَاثًا لَهَا السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةُ . اَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ ضَعِيْفُ الْحَدِيْثِ.

وَرَوَاهُ الْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ وَلَمْ يَقُلْ وَسُنَّةَ نَبِيِّنَا وَقَدْ كَتَبْنَاهُ قَبْلَ هٰذَا وَالْاَعْمَشُ اَثْبَتُ مِنْ اَشْعَثَ وَاَحْفَظُ مِنْهُ .

☆☆ اسود' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اُس کے نبی کی سنت (کا حکم) کسی عورت کے بیان کی وجہ سے ترک نہیں کریں گے' جس عورت کو تین طلاقیں دی گئی ہوں اُسے رہائش اور خرچ ملے گا۔

اشعث بن سوار نامی راوی ضعیف ہے۔

اعمش نے ابراہیم کے حوالے سے اسود سے یہ روایت نقل کی ہے اور اس میں یہ الفاظ نقل نہیں کیے: ''اور ہمارے نبی کی سنت'' لیکن ہم یہ روایت اس سے پہلے نوٹ کر چکے ہیں۔ اعمش' اشعث کے مقابلے میں زیادہ ثبت اور زیادہ بڑے حافظ الحدیث ہیں۔

3899- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ وَلِيْدٍ حَدَّثَنَا اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ ح وَاَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْاَسْوَدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ قَالَا حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ

٣٨٩٧- علقه البيهقي في الكبرى (٧/ ٤٧٦) وقال: في اسناده الحسن بن عمارة وهو متروك' وراجع الذي قبله-

٣٨٩٨- اخرجه الدارمي في سننه (٢/ ٢١٨) (٢٢٧٦) كتاب: الطلاق' باب: في المطلقة ثلاثا' لها السكنى و النفقة ام لا؟ من طريق حفص بن غياث...... به-

٣٨٩٩- تقدم قريباً-

الْاَسْوَدِ عَنْ عُمَرَ .وَقَدْ كُتِبَ بِلَفْظِهِ قَبْلَ هٰذَا.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

3900- حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا اَبُو الْجَهْمِ الْعَلَاءُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَاَةً لَهُ وَهِيَ حَائِضٌ تَطْلِيقَةً وَّاحِدَةً فَاَمَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّرَاجِعَهَا ثُمَّ يُمْسِكَهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيضَ عِنْدَهُ حَيْضَةً اُخْرٰى ثُمَّ يُمْهِلَهَا حَتّٰى تَطْهُرَ مِنْ حَيْضِهَا فَاِنْ اَرَادَ اَنْ يُّطَلِّقَهَا فَلْيُطَلِّقْهَا حِيْنَ تَطْهُرُ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّجَامِعَهَا فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِىْ اَمَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِهَا اَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ .قَالَ وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ اِذَا سُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ قَالَ اَمَّا اَنْتَ طَلَّقْتَ امْرَاَتَكَ تَطْلِيقَةً اَوْ تَطْلِيقَتَيْنِ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنِىْ بِهٰذَا وَاِنْ كُنْتَ طَلَّقْتَهَا ثَلَاثًا فَقَدْ حَرُمَتْ عَلَيْكَ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَكَ وَعَصَيْتَ اللّٰهَ فِيْمَا اَمَرَكَ مِنْ طَلَاقِ امْرَاَتِكَ .

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی اہلیہ کو ایک طلاق دیدی' وہ خاتون اُس وقت حیض کی حالت میں تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنہیں یہ ہدایت کی: وہ اُس خاتون سے رجوع کر لیں' پھر اُسے یوں ہی رہنے دیں یہاں تک کہ وہ پاک ہو جائے' پھر جب اُسے اگلی مرتبہ حیض آئے' تو اُسے یوں ہی رہنے دیں یہاں تک کہ وہ اُس حیض سے پاک ہو جائے' پھر اگر اُسے طلاق دینا چاہیں تو جب وہ عورت پاک ہو اُس وقت' اُس کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے اُسے طلاق دیدے' یہ وہ طریقہ ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے کہ اس کے مطابق خواتین کو طلاق دی جائے۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے جب اس بارے میں سوال کیا جاتا تھا تو وہ فرماتے تھے: اگر تم نے اپنی بیوی کو ایک یا دو طلاقیں دی ہیں (تو تمہیں رجوع کرنا چاہیے) کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اس بات کا حکم دیا تھا' لیکن اگر تم اُس عورت کو تین طلاقیں دے چکے ہو تو اب وہ تمہارے لیے اُس وقت تک حرام رہے گی جب تک وہ کسی دوسرے شخص کے ساتھ شادی کر کے (مطلقہ یا بیوہ) نہیں ہو جاتی' اللہ تعالیٰ نے تمہیں بیوی کو طلاق دینے کا جو حکم دیا تھا' تم نے اس بارے میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی ہے۔

3901- حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ ح وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْجُنَيْدِ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ قَالَا حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ ابْنُ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ .وَقَالَ ابْنُ عَرَفَةَ اِنَّ ابْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ تَطْلِيقَةً وَّهِيَ حَائِضٌ وَّقَالَا فَسَاَلَ عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهُ اَنْ يُّرَاجِعَهَا ثُمَّ يُمْهِلَهَا حَتّٰى تَحِيضَ حَيْضَةً اُخْرٰى ثُمَّ يُمْهِلَهَا حَتّٰى

۳۹۰۰- اخرجه مسلم (۱۰۹۳/۲) كتاب الطلاق' باب: تحريم طلاق الحائض بغير رضاها و انه لو خالف وقع الطلاق' و يومر برجعتها' الحديث (۱/۱۴۷۱) من طريق يحيى بن يحيى' وقتيبة' و ابن رمح' قال قتيبة: حدثنا ليث' وقال الآخران: اخبرنا الليث بن سعد' به- واخرجه البخاري (۶۰۵/۱۰) كتاب: الطلاق' باب: (و بعولتهن احق بردهن)...... الحديث (۵۳۳۲): حدثنا قتيبة' حدثنا الليث...... به- وقد تقدم تخريج حديث ابن عمر من طرقه في اول الطلاق-

۳۹۰۱- تقدم تخريجه-

تَطْهُرَ ثُمَّ يُطَلِّقَهَا قَبْلَ اَنْ يَّمَسَّهَا فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِیْ اَمَرَ اللّٰهُ اَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ .قَالَ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا سُئِلَ عَنِ الرَّجُلِ يُطَلِّقُ امْرَاَتَهٗ وَهِیَ حَائِضٌ يَقُوْلُ اَمَّا اَنْتَ طَلَّقْتَهَا وَاحِدَةً اَوِ اثْنَتَيْنِ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهٗ اَنْ يُّرَاجِعَهَا ثُمَّ يُمْهِلَهَا حَتّٰى تَحِيْضَ حَيْضَةً اُخْرٰى ثُمَّ يُمْهِلَهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ يُطَلِّقَهَا قَبْلَ اَنْ يَّمَسَّهَا وَاَمَّا اَنْتَ طَلَّقْتَهَا ثَلَاثًا فَقَدْ عَصَيْتَ اللّٰهَ تَعَالٰى فِيْمَا اَمَرَكَ بِهٖ مِنْ طَلَاقِ امْرَاَتِكَ وَبَانَتْ مِنْكَ.

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی اہلیہ کو طلاق دیدی' وہ خاتون اُس وقت حیض کی حالت میں تھی۔

ابن عرفہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی اہلیہ کو ایک طلاق دیدی' وہ خاتون اُس وقت حیض کی حالت میں تھی۔

اس کے بعد دونوں راویوں نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو) یہ ہدایت کی کہ وہ اُس خاتون سے رجوع کر لیں' پھر اُسے یوں ہی رہنے دیں یہاں تک کہ اُسے اگلی مرتبہ حیض آ جائے' پھر بھی اُسے یوں ہی رہنے دیں یہاں تک کہ وہ پاک ہو جائے' پھر اُس کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے اُسے طلاق دیدیں' یہ وہ طریقہ ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے کہ اس کے مطابق خواتین کو طلاق دی جائے۔

راوی بیان کرتے ہیں: جب حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جاتا' جس نے اپنی بیوی کو اُس کے حیض کے دوران' طلاق دی ہوتی' تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما یہ فرماتے: اگر تم نے ایک یا دو طلاقیں دی ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے شخص کے بارے میں یہ ہدایت کی ہے کہ وہ اُس عورت سے رجوع کر لے' پھر اُسے یوں ہی رہنے دے یہاں تک کہ اُسے اگلی مرتبہ حیض آ جائے' پھر اُسے یوں ہی رہنے دے یہاں تک کہ وہ پاک ہو جائے' پھر اُس کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے اُسے طلاق دیدے' لیکن اگر تم نے اُس عورت کو تین طلاقیں دیدی ہیں تو اللہ تعالیٰ نے بیوی کو طلاق دینے کے بارے میں تمہیں جو حکم دیا تھا' تم نے اس بارے میں اُس کی نافرمانی کی ہے اور تمہاری بیوی تم سے بائنہ طور پر جدا ہو گئی ہے۔

3902- حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِیُّ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اَبِیْ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ وَهِیَ حَائِضٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَطْلِيْقَةً فَاسْتَفْتٰى عُمَرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا .فَذَكَرَ نَحْوَهٗ وَفِيْهِ فَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يَقُوْلُ لِلرَّجُلِ اَمَّا طَلَّقْتَ امْرَاَتَكَ تَطْلِيْقَةً اَوْ تَطْلِيْقَتَيْنِ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَمَرَنِیْ بِهٰذَا وَاِنْ طَلَّقْتَ ثَلَاثًا فَلَا تَحِلُّ لَكَ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَكَ وَقَدْ عَصَيْتَ رَبَّكَ .

۳۹۰۲- تقدم من طريق اسماعيل بن علية عن نافع مثله' و هو عند مسلم وغيره-

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں اپنی اہلیہ کو ایک طلاق دیدی وہ خاتون اُس وقت حیض کی حالت میں تھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا حکم دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اُس سے کہو کہ اُس عورت سے رجوع کرے (اس کے بعد راوی نے حسب سابق حدیث ذکر کی ہے)۔

اس روایت میں یہ الفاظ ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ایسے شخص سے یہ فرماتے: اگر تم نے اپنی بیوی کو ایک یا دو طلاقیں دی ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ حکم دیا تھا اور اگر تم نے تین طلاقیں دیدی ہیں تو اب وہ عورت تمہارے لیے اُس وقت تک حلال نہیں ہوگی جب تک وہ دوسری شادی کر کے (مطلقہ یا بیوہ) نہ ہو جائے تم نے اپنے پروردگار کی نافرمانی کی ہے۔

3903- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ رِجَالٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا اَبُوْ قُرَّةَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ يَقُوْلُ لِلرَّجُلِ اِذَا سَاَلَهُ عَنْ طَلَاقِ الْحَائِضِ فَاَخْبَرَهُ بِمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَقُوْلُ اَمَّا اَنْتَ فَطَلَّقْتَ امْرَاَتَكَ وَاحِدَةً اَوْ ثِنْتَيْنِ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَمَرَنِي بِهٰذَا وَاَمَّا اَنْتَ فَطَلَّقْتَ ثَلَاثًا فَقَدْ حَرُمَتْ عَلَيْكَ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَكَ وَقَدْ عَصَيْتَ رَبَّكَ لِمَا اَمَرَكَ بِهٖ مِنَ الطَّلَاقِ.

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: جب کوئی شخص حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے اپنی بیوی کو حیض کی حالت میں طلاق دینے کا مسئلہ دریافت کرتا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اُسے وہ بات بتاتے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائی تھی پھر یہ کہتے: اگر تم نے اپنی بیوی کو ایک یا دو طلاقیں دی ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ حکم دیا تھا لیکن اگر تم نے تین طلاقیں دی ہیں تو وہ عورت اُس وقت تک کے لیے تم پر حرام ہو گئی جب تک وہ دوسری شادی کر کے (مطلقہ یا بیوہ) نہیں ہو جاتی تم نے اپنے پروردگار کے اُس حکم کی نافرمانی کی ہے جو حکم اُس نے طلاق دینے کے بارے میں تمہیں دیا تھا۔

3904- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ اَخْبَرَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ وَحَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ اَنَّهَا كَانَتْ عِنْدَ اَبِي عَمْرِو بْنِ حَفْصِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ فَطَلَّقَهَا اٰخِرَ ثَلَاثِ تَطْلِيْقَاتٍ فَزَعَمَتْ اَنَّهَا جَاءَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۳۹۰۳- تقدم من طريق زهير نا موسى بن عقبة عن نافع عن ابن عمر انه طلق امراته على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم تطليقة واحدة وهي حائض فاستفتى عمر رسول الله صلى الله عليه وسلم ...... فذكر القصة-

۳۹۰۴- اخرجه احمد (۶/۴۱۶): حدثنا روح قال: حدثنا ابن جريج ...... به- و اخرجه مسلم في صحيحه (۲/۱۱۱۶) في الطلاق: باب: المطلقة ثلاثا لا نفقة لها: الحديث (۱۴۸۰/۴۰) و ابو داود رقم (۲۲۸۹) و النسائي (۶/۲۰۸) و الطحاوي في شرح المعاني (۳/۶۶) والبيهقي في السنن (۷/۴۷۲) من طرق عن الزهري...... به- و الحديث اخرجه مسلم في صحيحه (۱۴۸۰) و ابو داود (۲۲۸۴) (۲۲۸۵) (۲۲۸۶) (۲۲۸۷) و النسائي (۶/۷۵، ۱۴۴) و في الكبرى: كما في تحفة الاشراف (۱۸۰۳۸) و احمد في المسند (۶/۴۱۲، ۴۱۳، ۴۱۴، ۴۱۵، ۴۱۶)- من طرق عن ابي سلمة بن سلمة بن عبد الرحمن...... به-

وَسَلَّمَ فَاسْتَفْتَتْهُ فِيْ خُرُوجِهَا مِنْ بَيْتِهَا فَأَمَرَهَا اَنْ تَنْتَقِلَ اِلٰى بَيْتِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُومٍ فَاَبٰى مَرْوَانُ اِلَّا اَنْ يَتَّهِمَ فَاطِمَةَ فِيْ خُرُوجِ الْمُطَلَّقَةِ مِنْ بَيْتِهَا وَزَعَمَ عُرْوَةُ اَنَّ عَائِشَةَ اَنْكَرَتْ ذٰلِكَ عَلٰى فَاطِمَةَ وَاَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ تَنْهَى الْمُطَلَّقَةَ اَنْ تَخْرُجَ مِنْ بَيْتِهَا حَتّٰى تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا .

☆☆ ابوسلمہ بن عبدالرحمن، سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں، وہ خاتون ابوعمرو بن حفص بن مغیرہ کی بیوی تھی، اُنہوں نے اُسے تیسری طلاق بھی دیدی، وہ خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ دریافت کیا، کیا وہ اپنے گھر سے باہر نکل سکتی ہے (یعنی کسی دوسری جگہ منتقل ہو سکتی ہے)؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے یہ ہدایت کی: وہ ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ کے ہاں منتقل ہو جائے!

مروان نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا کہ مطلقہ عورت، اپنے گھر سے نکل سکتی ہے، اُس نے سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کے بیان کو معتبر تسلیم نہیں کیا۔

عروہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بھی فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کے بیان کو تسلیم نہیں کیا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا مطلقہ عورت کو اس بات سے منع کرتی تھیں کہ وہ اپنے گھر سے نکلے، جب تک اُس کی عدت پوری نہیں ہو جاتی۔

3905- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ قَالَ وَسَاَلْتُهُ اَيُّ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعَاذَتْ مِنْهُ فَقَالَ اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ ابْنَةَ الْجَوْنِ الْكِلَابِيَّةَ لَمَّا دَخَلَتْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَنَا مِنْهَا فَقَالَتْ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُذْتِ بِعَظِيْمٍ اَلْحَقِيْ بِاَهْلِكِ .

☆☆ اوزاعی بیان کرتے ہیں: میں نے زہری سے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کون سی زوجہ محترمہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پناہ مانگی تھی؟ تو اُنہوں نے جواب دیا: عروہ بن زبیر نے مجھے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات بتائی ہے کہ اُس خاتون کا نام بنت جون کلابیہ تھا، جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُس کے پاس تشریف لے گئے اور اُس سے قریب ہوئے، تو وہ بولی: میں آپ سے اللہ کی پناہ مانگتی ہوں! تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے ایک عظیم (ذات کی) پناہ لی ہے، تم اپنے گھر والوں کے پاس واپس چلی جاؤ!

3906- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْهَيْثَمِ صَاحِبُ الطَّعَامِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ قَيْسٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلٰى عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ قَالَ كَانَتْ عَائِشَةُ الْخَثْعَمِيَّةُ عِنْدَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَلَمَّا اُصِيْبَ عَلِيٌّ

۳۹۰۵- اخرجه البخاري (۹/ ۳۶۸) كتاب الطلاق: باب: من طلق، و هل يواجه الرجل امراته بالطلاق؟ الحديث (۵۲۵۴)- و النسائي في المجتبى (۶/ ۱۵۰) كتاب الطلاق: باب مواجهة الرجل المراة بالطلاق، و ابن ماجه (۱/ ۶۶۱) كتاب: الطلاق، باب: ما يقع به الطلاق من الكلام، الحديث (۲۰۵۰)- و ابن حبان في صحيحه (۱۰/ ۸۳) رقم (۴۲۶۶)، و الطحاوي في مشكل الآثار (۱/ ۳۶۲-۳۶۳)، و البيهقي في السنن (۷/ ۳۴۲)، و ابن الجارود في المنتقى (۷۳۸) من طريق الاوزاعي ......به-

وَّبُوِيعَ الْحَسَنُ بِالْخِلَافَةِ قَالَتْ لِيَهْنِكَ الْخِلَافَةُ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ .فَقَالَ يُقْتَلُ عَلِيٌّ وَّتُظْهِرِيْنَ الشَّمَاتَةَ اذْهَبِي فَاَنْتِ طَالِقٌ ثَلَاثًا .قَالَ فَتَلَفَّعَتْ بِسَاجِهَا وَقَعَدَتْ حَتّٰى انْقَضَتْ عِدَّتُهَا بَعَثَ اِلَيْهَا بِعَشَرَةِ الْآفٍ مُتْعَةً وَّبَقِيَّةٍ بَقِيَ لَهَا مِنْ صَدَاقِهَا فَقَالَتْ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ مِنْ حَبِيْبٍ مُفَارِقٍ فَلَمَّا بَلَغَهُ قَوْلُهَا بَكَى وَقَالَ لَوْلَا اَنِّي سَمِعْتُ جَدِّيْ اَوْ حَدَّثَنِي اَبِي اَنَّهُ سَمِعَ جَدِّيْ يَقُوْلُ اَيُّمَا رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ ثَلَاثًا مُّبْهَمَةً اَوْ ثَلَاثًا عِنْدَ الْاَقْرَاءِ لَمْ تَحِلَّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ . لَرَاجَعْتُهَا .

☆☆ سوید بن غفلہ بیان کرتے ہیں: عائشہ خثعمیہ نامی ایک خاتون حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھی' جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا گیا اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کر لی گئی تو اُس خاتون نے کہا: امیر المؤمنین! آپ کو خلافت مبارک ہو! تو امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا گیا ہے اور تم مبارک باد دے رہی ہو' جاؤ! تمہیں تین طلاقیں ہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس عورت نے اپنی چادر لپیٹ لی یہاں تک کہ جب اُس کی عدت پوری ہوگئی تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے اُس خاتون کو اُس کا بقیہ مہر اور اُس کے ساتھ دس ہزار (درہم یا دینار) متاع کے طور پر بھجوائے تو وہ عورت بولی: جدا ہو جانے والے محبوب کے مقابلے میں یہ سامان بہت تھوڑا ہے' جب حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو اس بارے میں بتایا گیا تو وہ رو پڑے' اور فرمایا: اگر میں نے اپنے نانا کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا' (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) میرے والد (حضرت علی رضی اللہ عنہ) نے مجھے یہ حدیث سنائی ہے' اُنہوں نے میرے نانا (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص اپنی بیوی کو تین مبہم طلاقیں دے' (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) جو شخص اپنی بیوی کو تین قروء (یعنی تین طہر) کے وقت تین طلاقیں دے' تو وہ عورت اُس کے لیے اُس وقت تک حلال نہیں ہوگی جب تک وہ دوسری شادی کر کے (مطلقہ یا بیوہ) نہ ہو جائے۔

(امام حسن فرماتے ہیں:) تو میں اُس سے رجوع کر لیتا۔

3907- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْجُرَيْرِيُّ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْجُرَيْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شَمِرٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ مُسْلِمٍ وَّاِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلٰى

٣٩٠٦-اخرجه البيهقي في السنن الكبرى (٣٣٦/٧) كتاب: الخلع و الطلاق' باب: ما جاء في امضاء الطلاق ثلاث و ان كن مجموعات من طريق ابراهيم من محمد الواسطي عن محمد بن حميد الرازي' بهذا الاسناد وقال-رحمه الله- روي عن عمرو بن شمر عن عمران بن مسلم و ابراهيم بن عبد الاعلى عن سويد بن غفلة-وعمرو بن ابي قيس- و ان ذكره ابن حبان في الثقات' وقال ابو بكر البزار في السنن: مستقيم الحديث- فقد روى الآجري عن ابي داود انه قال: في حديثه خطا- وقال في موضع آخر: لاباس به- و نقل ابن شاهين في الثقات قال عثمان بن ابي شيبة: لا باس به' كان يهم في الحديث قليلا- انظر تهذيب التهذيب (٩٤/٨)- و سلمة بن الفضل-ايضا- قال الحافظ في التقريب (٣١٩/١): (صدوق كثير الخطا)- اه-

٣٩٠٧-اخرجه البيهقي في السنن الكبرى تعليقا (٣٣٦/٧) كتاب: الخلع و الطلاق' باب: ما جاء في امضاء الطلاق ثلاث و ان كن مجموعات- و قال : وكذلك روي عن عمرو بن شمر عن عمران بن مسلم' بهذا الاسناد-و ذكره عبد الحق في الحكام الوسطى (١٩٤/٣)' و قال عقبه: (في اسناده عمرو بن شمر' و هو ضعيف)- و قد تقدمت ترجمة عمرو بن شمر مرارا- وراجع الذي قبله-

عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ قَالَ لَمَّا مَاتَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ جَاءَتْ عَائِشَةُ بِنْتُ خَلِيفَةَ الْخَثْعَمِيَّةُ امْرَأَةُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ فَقَالَتْ لَهُ لِيَهْنِئْكَ الْإِمَارَةُ ۔ فَقَالَ لَهَا تُهَنِّيْنِي بِمَوْتِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ انْطَلِقِيْ فَاَنْتِ طَالِقٌ فَتَقَنَّعَتْ بِثَوْبِهَا وَقَالَتِ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ لَمْ اُرِدْ اِلَّا خَيْرًا فَبَعَثَ اِلَيْهَا بِمُتْعَةٍ عَشْرَةِ الْاٰفٍ وَّبَقِيَّةِ صَدَاقِهَا فَلَمَّا وُضِعَ بَيْنَ يَدَيْهَا بَكَتْ وَقَالَتْ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ مِنْ حَبِيْبٍ مُفَارِقٍ فَاَخْبَرَهُ الرَّسُوْلُ فَبَكٰى وَقَالَ لَوْلَا اَنِّيْ اَبَتُّ الطَّلَاقَ لَهَا لَرَاجَعْتُهَا وَلٰكِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَيُّمَا رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ ثَلَاثًا عِنْدَ كُلِّ طُهْرٍ تَطْلِيْقَةً اَوْ عِنْدَ رَاْسِ كُلِّ شَهْرٍ تَطْلِيْقَةً اَوْ طَلَّقَهَا ثَلَاثًا جَمِيْعًا لَمْ تَحِلَّ لَهٗ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ۔

☆☆ سوید بن غفلہ بیان کرتے ہیں: جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو عائشہ بنت خلیفہ خثعمیہ جو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھی' اُنہوں نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ کو امیر المؤمنین بننا مبارک ہو! تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے اُن سے فرمایا: تم امیر المؤمنین (یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ) کی شہادت پر مجھے مبارکباد دے رہی ہو' تم چلی جاؤ! تمہیں طلاق ہے۔ اُس عورت نے (روتے ہوئے) اپنا کپڑا منہ پر رکھا اور بولی: اے اللہ! میرا مقصد تو صرف بھلائی تھا (یعنی میرا یہ ارادہ نہیں تھا)۔

بعد میں حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے متاع کے طور پر اُس خاتون کو دس ہزار (درہم یا دینار) اور مہر کا بقیہ حصہ بھجوائے جب یہ چیزیں اُس کے سامنے رکھی گئیں تو وہ رو پڑی' اور بولی: جدا ہو جانے والے محبوب کے مقابلے میں یہ سب کچھ بہت تھوڑا ہے۔ جب قاصد نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو اس بارے میں بتایا تو اُنہوں نے فرمایا: اگر میں نے طلاق کو اُس عورت کیلئے ثابت نہ کیا ہوتا' تو میں اُس سے رجوع کر لیتا' لیکن میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے' یوں کہ ہر طہر میں ایک طلاق دے' یا ہر مہینے میں ایک طلاق دے' یا تین طلاقیں ایک ساتھ دیدے' تو وہ عورت اُس شخص کیلئے اُس وقت تک حلال نہ ہو گی جب تک دوسرے شخص سے شادی کر کے (مطلقہ یا بیوہ) نہ ہو جائے۔

3908 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ الْحَافِظُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شَاذَانَ الْجَوْهَرِيُّ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ رُزَيْقٍ اَنَّ عَطَاءَ الْخُرَاسَانِيَّ حَدَّثَهُمْ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ اَنَّهٗ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ تَطْلِيْقَةً وَّهِيَ حَائِضٌ ثُمَّ اَرَادَ اَنْ يُّتْبِعَهَا بِتَطْلِيْقَتَيْنِ اُخْرَاوَيْنِ عِنْدَ الْقُرْءَيْنِ فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

۳۹۰۸- اخرجه البيهقي (۳۳٤/۷) من طريق ابي امية الطرسوسي عن معلى بن منصور...... به- وذكره الحافظ في التلخيص (۲۲۰/۳- ط: هاشمي) ساكتا عليه لكن اعله عبد الحق في الاحكام الوسطى (۱۹۲/۳) بمعلى بن منصور قال: (رماه احمد بالكذب)- اه- قال الزيلعي في نصب الراية (۲۲۰/۳): قلت: لم يعله البيهقي في (المعرفة) الا بعطاء الخراساني وقال انه اتى في هذا الحديث بزيادات لم يتابع عليها وهو ضعيف في الحديث لا يقبل ما تفرد به- انتهى- قلت- اي: الزيلعي-: قد اخرجه الطبراني في (معجمه): حدثنا علي ابن سعيد الرازي ثنا يحيى بن عثمان بن سعيد بن كثير بن دينار الحمصي ثنا ابي ثنا شعيب بن رزيق به سندا و متنا- وقال صاحب (التنقيح): عطاء الخراساني: قال ابن حبان: كان صالحا غير انه كان رديء الحفظ كثير الوهم فبطل الاحتجاج به- وقد صرح الحسن بسماعه من ابن عمر قال الامام احمد- فيما اخرجه عنه ابنه صالح-: الحسن سمع من ابن عمر و كذلك قال ابو حاتم- و قيل لابي زرعة: الحسن لقي ابن عمر؟ قال: نعم- انتهى كلامه-

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا ابْنَ عُمَرَ مَا هٰكَذَا اَمَرَكَ اللّٰهُ اِنَّكَ قَدْ اَخْطَاْتَ السُّنَّةَ وَالسُّنَّةُ اَنْ تَسْتَقْبِلَ الطُّهْرَ فَتُطَلِّقَ لِكُلِّ قُرْءٍ . قَالَ فَاَمَرَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاجَعْتُهَا ثُمَّ قَالَ اِذَا هِىَ طَهُرَتْ فَطَلِّقْ عِنْدَ ذٰلِكَ اَوْ اَمْسِكْ . فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَرَاَيْتَ لَوْ اَنِّىْ طَلَّقْتُهَا ثَلَاثًا اَكَانَ يَحِلُّ لِىْ اَنْ اُرَاجِعَهَا قَالَ لَا كَانَتْ تَبِيْنُ مِنْكَ وَتَكُوْنُ مَعْصِيَةً .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: اُنہوں نے اپنی اہلیہ کو ایک طلاق دیدی، وہ خاتون اُس وقت حیض کی حالت میں تھی، پھر اُنہوں نے یہ ارادہ کیا کہ وہ اُس خاتون کو بقیہ دو طلاقیں، آگے آنے والے طہروں کے دوران دیں، جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں پتہ چلا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابن عمر! اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس طرح (طلاق دینے کا) حکم تو نہیں دیا، تم نے سنت کی خلاف ورزی کی ہے، سنت یہ ہے کہ تم پہلے اُسے طہر آ لینے دو، پھر ہر طہر میں طلاق دے دینا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ہدایت کی تو میں نے اُس خاتون سے رجوع کر لیا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب یہ پاک ہو جائے، اُس وقت تم اسے طلاق دینا، یا اپنے ساتھ رکھنا (یعنی طلاق نہ دینا)۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کا کیا فرمانا ہے، اگر میں اُسے تین طلاقیں دیدوں تو کیا میرے لیے یہ بات جائز ہوگی کہ میں اُس سے رجوع کرلوں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نہیں! (ایسی صورت میں) وہ تم سے بائنہ ہو جائے گی، اور (طلاق دینے کا یہ طریقہ) گناہ ہوگا۔

3909 - حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقُوْلُ مَنْ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ ثَلَاثًا فَقَدْ بَانَتْ مِنْهُ امْرَاَتُهُ وَعَصٰى رَبَّهُ تَعَالٰى وَخَالَفَ السُّنَّةَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جو شخص اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیدے تو وہ عورت اس سے بائنہ ہو جاتی ہے اور وہ شخص اپنے پروردگار کی نافرمانی کرتا ہے اور اس نے سنت کی خلاف ورزی کی ہوتی ہے۔

3910 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ الْاَبَّارُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ الْخَلِيَّةُ وَالْبَرِيَّةُ وَالْبَتَّةُ وَالْبَائِنُ وَالْحَرَامُ ثَلَاثٌ لَا تَحِلُّ لَهُمْ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: لفظ "خلیہ"، "بریہ"، "بتہ"، "بائن" اور "حرام" کے ذریعے تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں اور وہ عورت مرد کے لئے اس وقت تک حلال نہیں ہوگی جب تک دوسری شادی کر کے (مطلقہ یا بیوہ نہیں ہو جاتی)

۳۹۰۹- في اسناده محمد بن اسحاق، و هو و ان كان صدوقا الا انه يدلس، وقد عنعن، و سوف يعيده المصنف من هذا الطريق مرة اخرى، و اخرجه ايضا من طريق عبد الرحيم بن سليمان عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمر، مثله-

۳۹۱۰- اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (۹۳/۲) كتاب: الطلاق، باب: ما قالوا في الخلية- من طريق عطاء بن السائب به مختصرا- و اخرجه البيهقي في الكبرى (۳۴۴/۷) كتاب: الخلع و الطلاق، باب: من قال في الكنايات: انها ثلاث، من طريق اسماعيل بن ابي خالد عن عامر- يعني: الشعبي- قال كان علي- رضي الله عنه- يجعل الخلية و البرية و البتة و الحرام ثلاثا- و اخرجه ايضا من طريق ابي سهل عن الشعبي عن علي- رضي الله عنه- نحوه و فيه: (اذا نوى، فهو بمنزلة الثلاث)- قال البيهقي: و الرواية الاولى اصح اسنادا-

3911- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ أَبِي السَّفَرِ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ زَائِدَةَ بْنِ قُدَامَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ أُمِّ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا لَمْ تَحِلَّ لَهُ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ وَيَذُوقَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عُسَيْلَةَ صَاحِبِهِ .

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''جب کوئی شخص اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیدے تو وہ عورت اس شخص کے لئے اس وقت تک حلال نہیں ہوتی جب تک وہ دوسری شادی نہیں کر لیتی اور ان دونوں (میاں بیوی) میں سے ہر ایک دوسرے فریق کا شہد نہیں چکھ لیتا۔''

3912- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ أَخْبَرَنَا الشَّافِعِيُّ أَخْبَرَنَا عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ عَنْ نَافِعِ بْنِ عُجَيْرِ بْنِ عَبْدِ يَزِيدَ أَنَّ رُكَانَةَ بْنَ عَبْدِ يَزِيدَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ سُهَيْمَةَ الْبَتَّةَ ثُمَّ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي طَلَّقْتُ امْرَأَتِي سُهَيْمَةَ الْبَتَّةَ وَاللَّهِ مَا أَرَدْتُ إِلَّا وَاحِدَةً فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرُكَانَةَ وَاللَّهِ مَا أَرَدْتَ إِلَّا وَاحِدَةً . فَقَالَ رُكَانَةُ وَاللَّهِ مَا أَرَدْتُ إِلَّا وَاحِدَةً . فَرَدَّهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَلَّقَهَا الثَّانِيَةَ فِي زَمَانِ عُمَرَ وَالثَّالِثَةَ فِي زَمَانِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا.

☆☆ نافع بن عجیر بیان کرتے ہیں: حضرت رکانہ بن عبد یزیدؓ نے اپنی بیوی ''سہیمہ'' کو طلاق بتہ دیدی، پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اپنی بیوی ''سہیمہ'' کو طلاق بتہ دیدی ہے۔ اللہ کی قسم! میں نے اس کے ذریعے صرف ایک طلاق دینے کا ارادہ کیا تھا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت رکانہ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا:

اللہ کی قسم! کیا تم نے صرف ایک ہی طلاق مراد لی تھی؟ حضرت رکانہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اللہ کی قسم! میں نے صرف ایک ہی طلاق مراد لی تھی۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو واپس بھجوا دیا تھا۔

حضرت رکانہ رضی اللہ عنہ نے اس خاتون کو دوسری طلاق حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں اور تیسری طلاق

۳۹۱۱—اخرجه الطبري في تفسيره (۲/۴۹۰) رقم (۴۹۰۱) في تفسير سورة البقرة عند الآية (۲۳۰) من طريق موسى بن عيسى الليثي عن زائدة عن علي بن زيد عن ام محمد' بهذا الاسناد- و علي بن زيد: هو ابن جدعان ضعيف؛ كما تقدم- و ام محمد: هي امينة بنت عبد الله' و هي ام محمد' امراة و الد علي بن زيد بن جدعان' و ليست باسه من الثالثة' لم يذكر فيها الحافظ جرحا و لا تعديلا- ينظر: التقريب ت (۸۵۳۹)-و حديث العسيلة: اخرجه البخاري وغيره من طرق عن عائشة غير طريق ام محمد هذه-

۳۹۱۲—اخرجه الشافعي في المسند (۲/رقم ۱۱۷—ترتيب) اخبرنا محمد بن علي بن شافع ......به' و من طريقه اخرجه ابو داود في سننه (۲/۲۶۳) كتاب: الطلاق' باب: في البتة' الحديث (۲۲۰۶)' و البيهقي في الكبرى (۷/۳۴۲) كتاب: الخلع و الطلاق' وباب: ما جاء في كنايات الطلاق...... مرسلا-واخرجه ابو داود في سننه (۲۲۰۷)' و من طريقه البيهقي (۷/۳۴۲) من طريق الشافعي قال: حدثني عمي ......فذكره موصولا- و اخرجه ابو داود (۲۲۰۸)' و الترمذي (۱۱۷۷)' و ابن ماجه (۲۰۵۱)' و ابن حبان في صحيحه (۱۰/۹۷) رقم (۴۲۷۴)' و ابو يعلى رقم (۱۵۳۸)' و الحاكم (۲/۱۹۹)' والبيهقي (۷/۳۴۲) من طرق عن جرير بن حازم......به-قال الترمذي: هذا حديث لا نعرفه الا من هذا الوجه' و سالت محمدا— يعني: ابن اسماعيل البخاري—عن هذا الحديث! فقال: فيه اضطراب-

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں دی تھی۔

3913- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مِرْدَاسٍ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ السِّجِسْتَانِيُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ وَأَبُو ثَوْرٍ إِبْرَاهِيمُ بْنُ خَالِدٍ الْكَلْبِيُّ فِي آخَرِينَ قَالُوا حَدَّثَنَا الشَّافِعِيُّ حَدَّثَنِي عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ عَنْ نَافِعِ بْنِ عُجَيْرِ بْنِ عَبْدِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ أَنَّ رُكَانَةَ بْنَ عَبْدِ يَزِيدَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ سُهَيْمَةَ الْبَتَّةَ فَأَخْبَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَلِكَ وَقَالَ وَاللَّهِ مَا أَرَدْتُ إِلَّا وَاحِدَةً. فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهِ مَا أَرَدْتَّ إِلَّا وَاحِدَةً. فَقَالَ رُكَانَةُ وَاللَّهِ مَا أَرَدْتُ إِلَّا وَاحِدَةً. فَرَدَّهَا إِلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطَلَّقَهَا الثَّانِيَةَ فِي زَمَانِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَالثَّالِثَةَ فِي زَمَانِ عُثْمَانَ قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَهَذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ.

☆☆ نافع بن عجیر بیان کرتے ہیں: حضرت رکانہ بن عبد یزید نے اپنی بیوی ''سہیمہ'' کو طلاق بتہ دیدی، انہوں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اپنی بیوی ''سہیمہ'' کو طلاق بتہ دیدی ہے۔ اللہ کی قسم میں نے اس کے ذریعے صرف ایک طلاق دینے کا ارادہ کیا تھا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت رکانہ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا:

اللہ کی قسم! کیا تم نے صرف ایک ہی طلاق مراد لی تھی؟ حضرت رکانہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اللہ کی قسم! میں نے صرف ایک ہی طلاق مراد لی تھی۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو واپس بھجوادیا تھا۔

حضرت رکانہ رضی اللہ عنہ نے اس خاتون کو دوسری طلاق حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں اور تیسری طلاق حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں دی تھی۔

امام ابوداؤد کہتے ہیں: یہ حدیث ''صحیح'' ہے۔

3914- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ النَّسَائِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِدْرِيسَ حَدَّثَنِي عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ عَنِ ابْنِ السَّائِبِ عَنْ نَافِعِ بْنِ عُجَيْرٍ عَنْ رُكَانَةَ بْنِ عَبْدِ يَزِيدَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

3915- قُرِئَ عَلَى أَبِي الْقَاسِمِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَأَنَا أَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ أَبُو نَصْرٍ التَّمَّارُ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ رُكَانَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ ح وَقُرِئَ عَلَى أَبِي الْقَاسِمِ أَيْضًا وَأَنَا أَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ وَشَيْبَانُ قَالَا حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ

۳۹۱۳- راجع الذي قبله-

۳۹۱۴- راجع الذي قبله-

۳۹۱۵- اخرجه ابو داود و الترمذي و غيرهما- راجع تخريج الرواية قبل السابقة-

عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ رُكَانَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّهٗ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَتَّةَ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَرَدْتَ بِهَا . قَالَ وَاحِدَةً . فَقَالَ اللّٰهِ . قَالَ فَقَالَ اللّٰهِ . فَقَالَ هُوَ عَلٰى مَا اَرَدْتَّ . غَيْرَ اَنَّ اَبَا نَصْرٍ لَمْ يَقُلِ ابْنِ يَزِيْدَ بْنِ رُكَانَةَ .

☆☆ عبداللہ بن علی اپنے والد کے حوالے سے، اپنے دادا کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں اپنی بیوی کو طلاقِ بتہ دیدی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا: تم نے اس کے ذریعے کیا مراد لیا تھا؟ انہوں نے عرض کی: ایک (طلاق) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا اللہ کی قسم! انہوں نے عرض کی: اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، یہ تمہاری مراد کے مطابق (واقع شمار) ہوگی۔

اِس روایت میں ابونصر نامی راوی نے لفظ ''ابن یزید بن رکانہ'' نقل نہیں کیا۔

ابن مبارک نے زبیر بن سعید کے حوالے سے یہ روایت ''مرسل'' طور پر نقل کی ہے۔

3916- اَرْسَلَهُ ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ سَعِيْدٍ . حَدَّثَنَا دَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ اَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ سَعِيْدٍ اَخْبَرَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ رُكَانَةَ قَالَ كَانَ جَدِّىْ رُكَانَةُ بْنُ عَبْدِ يَزِيْدَ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ الْبَتَّةَ فَاَتَى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّىْ طَلَّقْتُ امْرَاَتِى الْبَتَّةَ فَقَالَ مَا اَرَدْتَّ . قَالَ وَاحِدَةً . قَالَ اللّٰهِ . قَالَ اللّٰهِ . قَالَ فَهِىَ وَاحِدَةٌ . خَالَفَهُ اِسْحَاقُ بْنُ اَبِىْ اِسْرَائِيْلَ .

☆☆ عبداللہ بن علی بیان کرتے ہیں: میرے دادا حضرت رکانہ بن عبد یزید رضی اللہ عنہ نے اپنی اہلیہ کو طلاقِ بتہ دیدی، وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: میں نے اپنی بیوی کو طلاقِ بتہ دیدی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: (ان الفاظ کے ذریعے) تم نے کیا مراد لیا تھا؟ انہوں نے عرض کی: میں نے ایک (طلاق) مراد لی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا اللہ کی قسم! انہوں نے عرض کی: اللہ کی قسم!

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر یہ ایک (طلاق شمار) ہوگی۔

اسحاق بن اسرائیل نے اس کے برخلاف روایت نقل کی ہے۔ (جو درج ذیل ہے)

3917- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ اَبُوْ حَامِدٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِىْ اِسْرَائِيْلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنِى الزُّبَيْرُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ السَّائِبِ عَنْ جَدِّهٖ رُكَانَةَ بْنِ عَبْدِ يَزِيْدَ اَنَّهٗ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ الْبَتَّةَ فَاَتَى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ مَا اَرَدْتَّ بِذٰلِكَ . قَالَ وَاحِدَةً قَالَ اللّٰهِ مَا اَرَدْتَّ اِلَّا

۳۹۱۶-اخرجه الدارقطني هنا من طريق حبان' و هو ابن موسى- قال الحافظ في التقريب (ت۱۰۸۴): ثقة' وقد خالفه اسحاق بن ابي اسرائيل: فاخرجه عن ابن المبارك' اخبرني الزبير ابن سعيد عن عبد الله بن علي بن السائب عن جده: ركانة بن عبد يزيد' به- وقد تقدم من طريق جرير بن حازم عن الزبير بن سعيد عن عبد الله بن علي بن يزيد بن ركانة عن ابيه عن جده: فهذا اضطراب في اسناد الحديث-

۳۹۱۷-اسحاق بن ابي اسرائيل' اسمه: ابراهيم بن كامجرا صدوق' تكلم فيه لوقفه في القرآن- قلت: و هو جرح غير متجه' و قد خالفه حبان بن موسى: كما تقدم في الذي قبله-

وَاحِدَةً . قَالَ اللّٰهِ مَا اَرَدْتُ اِلَّا وَاحِدَةً .قَالَ فَهِيَ وَاحِدَةٌ.

☆☆ عبداللہ بن علی اپنے دادا حضرت رکانہ بن عبد یزید رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: انہوں نے اپنی اہلیہ کو طلاق بتہ دیدی، پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کے سامنے یہ بات ذکر کی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم نے اس کے ذریعے کیا مراد لیا تھا؟ انہوں نے عرض کی: ایک (طلاق)، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا اللہ کی قسم! تم نے صرف ایک طلاق مراد لی تھی؟ انہوں نے عرض کی: اللہ کی قسم! میں نے صرف ایک طلاق مراد لی تھی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر وہ ایک (طلاق شمار) ہوگی۔

3918- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى بْنِ عَلِيِّ بْنِ الدُّولَابِيِّ وَيَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَا حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ مَالِكٍ اللَّخْمِيِّ عَنْ مَّكْحُوْلٍ عَنْ مُّعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مُعَاذُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ شَيْئًا عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنَ الْعِتَاقِ وَلَا خَلَقَ اللّٰهُ شَيْئًا عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ اَبْغَضَ اِلَيْهِ مِنَ الطَّلَاقِ فَاِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِمَمْلُوْكِهٖ اَنْتَ حُرٌّ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَهُوَ حُرٌّ وَلَا اسْتِثْنَاءَ لَهٗ وَاِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِامْرَاَتِهٖ اَنْتِ طَالِقٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَلَهُ اسْتِثْنَاؤُهٗ وَلَا طَلَاقَ عَلَيْهِ .

☆☆ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے معاذ! اللہ تعالیٰ نے روئے زمین پر کوئی ایسی چیز پیدا نہیں کی، جو اس کے نزدیک غلام آزاد کرنے سے زیادہ پسندیدہ ہو، اور اللہ تعالیٰ نے روئے زمین پر کوئی ایسی چیز پیدا نہیں کی، جو اس کے نزدیک طلاق سے زیادہ ناپسندیدہ ہو، تو جب کوئی شخص اپنے مملوک سے یہ کہے: اگر اللہ نے چاہا تو تم آزاد ہو، تو وہ (غلام) آزاد شمار ہوگا اور (قائل) کو استثناء کا حق حاصل نہیں ہوگا اور جب کوئی شخص اپنی بیوی سے یہ کہے: اگر اللہ نے چاہا تو تمہیں طلاق ہے، تو اس شخص کو استثناء کا حق حاصل ہوگا اور طلاق واقع نہیں ہوگی۔

3919- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى بْنِ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ بِاِسْنَادِهٖ نَحْوَهٗ .قَالَ حُمَيْدٌ قَالَ لِيْ يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ وَاَيُّ حَدِيْثٍ لَوْ كَانَ حُمَيْدُ بْنُ مَالِكٍ اللَّخْمِيُّ مَعْرُوْفًا .قُلْتُ هُوَ جَدِّيْ .قَالَ يَزِيْدُ سَرَرْتَنِيْ سَرَرْتَنِي الْاٰنَ صَارَ حَدِيْثًا.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

حمید بیان کرتے ہیں: یزید بن ہارون نے مجھ سے کہا: یہ کتنی عمدہ حدیث ہوتی اگر اس کے راوی حمید بن مالک لخمی معروف

۳۹۱۸-اخرجه عبد الرزاق (۲۹۰/٦) رقم (۱۱۳۳۱) عن اسماعيل بن عياش قال: اخبرني حميد بن مالك...... فذكره- و اخرجه ابو يعلى؛ كما في المطالب العالية (۵۹/۲) رقم (۱٦٤۳) و من طريقه البيهقي (۳٦۱/۷)؛ نا داود بن رشيد: حدثنا اسماعيل بن عياش' به- و عزاه الحافظ في المطالب الى اسحاق بن راهويه في مسنده- و اخرجه البيهقي (۳٦۱/۷) من طريق ابن عدي' حدثنا اسماعيل بن ابراهيم' حدثنا الحسن بن شعيب' ثنا اسماعيل بن عياش......به- و الحديث اعله الحافظ في المطالب بالانقطاع- قلت: يعني: الانقطاع بين مكحول و معاذ-

۳۹۱۹-اخرجه البيهقي في السنن (۳٦۱/۷) من طريق الدارقطني' به- قال البيهقي : ليس فيه كبير سرور؛ فحميد بن ربيع بن حميد بن مالك الكوفي الخزاز ضعيف جدًا' نسبه يحيى بن معين وغيره الى الكذب' و حميد بن مالك مجهول' و مكحول عن معاذ بن جبل منقطع- و انظر ترجمة حميد في لسان الميزان (٤۲۰/۲)-

ہوتے، تو میں نے کہا: وہ میرے دادا ہیں، تو یزید نے کہا: تم نے مجھے خوش کر دیا۔ تم نے مجھے خوش کر دیا۔ اب یہ حدیث (مستند) ہوگئی ہے۔

3920- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سِنِيْنَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ خَالِدٍ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَالِكٍ اللَّخْمِيُّ حَدَّثَنَا مَكْحُوْلٌ عَنْ مَالِكِ بْنِ يُخَامِرَ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ شَيْئًا اَبْغَضَ اِلَيْهِ مِنَ الطَّلَاقِ فَمَنْ طَلَّقَ وَاسْتَثْنٰى فَلَهُ ثُنْيَاهُ.

☆☆ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ نے ایسی کسی چیز کو حلال قرار نہیں دیا، جو اس کے نزدیک طلاق سے زیادہ ناپسندیدہ ہو، تو جو شخص طلاق دیتے ہوئے استثناء کر لے، اسے استثناء کا حق حاصل ہوگا۔''

3921- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ قَرِينٍ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ اَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ قَالَ قَالَ لِي عَمٌّ لِي اعْمَلْ لِي عَمَلاً حَتّٰى اُزَوِّجَكَ ابْنَتِي. فَقُلْتُ اِنْ تُزَوِّجْنِيهَا فَهِيَ طَالِقٌ ثَلَاثًا ثُمَّ بَدَا لِي اَنْ اَتَزَوَّجَهَا فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلْتُهُ فَقَالَ لِي تَزَوَّجْهَا فَاِنَّهُ لَا طَلَاقَ اِلَّا بَعْدَ نِكَاحٍ. فَتَزَوَّجْتُهَا فَوَلَدَتْ لِي سَعْدًا وَسَعِيْدًا.

☆☆ حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے چچا نے مجھ سے کہا: تم میرے لئے کام کاج کرو تاکہ میں اپنی بیٹی کی شادی تمہارے ساتھ کر دوں، میں نے کہا: اگر آپ نے میری شادی اس کے ساتھ کی تو اسے تین طلاقیں ہیں۔ پھر بعد میں مجھے مناسب محسوس ہوا کہ میں اس خاتون کے ساتھ شادی کر لوں۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، میں نے آپ سے (اس بارے میں) دریافت کیا: تو آپ نے مجھے فرمایا: ''تم اس عورت کے ساتھ شادی کر لو، کیونکہ طلاق، نکاح کے بعد ہی دی جا سکتی ہے۔'' تو میں نے اس عورت کے ساتھ شادی کر لی۔ تو میرے ہاں سعد اور سعید پیدا ہوئے۔

3922- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْوَرَّاقُ وَآخَرُوْنَ قَالُوْا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ الضَّبِّيُّ حَدَّثَنَا

۳۹۲۰- علقه البيهقي في السنن (۷/۳۶۱) فقال: و قيل: عنه عن مكحول عن مالك بن يخامر عن معاذ، و ليس بمحفوظ- اه- و حميد بن عبد الرحمن بن مالك ضعيف؛ كذا سماه الدارقطني هنا، و نقله الحافظ في اللسان عن العقيلي و الساجي، و سماه البيهقي: حميد بن ربيع- و الله اعلم-

۳۹۲۱- في اسناده علي بن قرين، و هو ضعيف- و الحديث نقله الزيلعي في نصب الراية (۳/۲۳۲) و قال: (قال صاحب (التنقيح): و هذا ايضاً باطل، و علي بن قريب كذبه يحيى بن معين وغيره- وقال ابن عدي: يسرق الحديث)- اه-

۳۹۲۲- اخرجه ابو داود في الطلاق، باب: في الطلاق، الحديث (۲۱۹۳)، و ابن ماجه في الطلاق، باب: طلاق المكره، الحديث (۲۰۴۶) واحمد (۱/۱۷۱)، و الحاكم (۲/۱۹۸)، و البيهقي (۷/۳۵۷)، و البخاري في التاريخ (۱/۱۷۱)، و ابو يعلى في مسنده (۴۴۴۴) من طرق عن ابن اسحاق، به - واخرجه الدارقطني من طريق قزعة بن سويد، حدثنا زكريا بن اسحاق و محمد بن عثمان، جميعاً عن صفية بنت شيبة- و سياتي بعد هذا- قال ابن ابي حاتم في علل الحديث (۱/۴۳۰) برقم (۱۲۹۲): (سالت ابي عن حديث اخرجه ابن اسحاق......) و ذكر الحديث ، وقال: و اخرجه عطاف بن خالد قال: حدثني محمد بن عبيد عن عطاء عن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم قلت: ايهما الصحيح ؟ قال: حديث صفية اشبه- اه-

عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ بَعَثَنِي عَدِيُّ بْنُ عَدِيٍّ الْكِنْدِيُّ إِلَى صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ أَسْأَلُهَا عَنْ أَشْيَاءَ كَانَتْ تَرْوِيهَا عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ فَقَالَتْ حَدَّثَتْنِي عَائِشَةُ أَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا عِتَاقَ وَلَا طَلَاقَ فِي إِغْلَاقٍ.

☆☆ محمد بن عبید بیان کرتے ہیں: عدی بن عدی کندی نے مجھے صفیہ بنت شیبہ کے پاس بھیجا تاکہ میں ان سے ان روایات کے بارے میں دریافت کروں، جو وہ خاتون سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کرتی ہے۔تو اس خاتون نے بتایا: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بیان کی ہے: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''زبردستی (کے ذریعے) عتاق (غلام آزاد کرنا) یہ طلاق واقع نہیں ہوتے۔''

3923- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ الْجَوْزِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ مَرْدَوَيْهِ حَدَّثَنَا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ جَمِيعًا عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا طَلَاقَ وَلَا عِتَاقَ فِي إِغْلَاقٍ.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''زبردستی (کے ذریعے) عتاق (غلام آزاد کرنا) اور طلاق واقع نہیں ہوتے۔''

3924- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى ح وَأَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي الثَّلْجِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمَّادٍ الطِّهْرَانِيُّ ح وَأَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالُوا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنِي عَمِّي وَهْبُ بْنُ نَافِعٍ أَنَّهُ سَمِعَ عِكْرِمَةَ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَقُولُ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الطَّلَاقُ عَلَى أَرْبَعَةِ وُجُوهٍ وَجْهَانِ حَلَالٌ وَوَجْهَانِ حَرَامٌ فَأَمَّا اللَّذَانِ هُمَا حَلَالٌ فَأَنْ يُطَلِّقَ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ طَاهِرًا مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ أَوْ يُطَلِّقَهَا حَامِلًا مُسْتَبِينًا حَمْلُهَا وَأَمَّا اللَّذَانِ هُمَا حَرَامٌ فَأَنْ يُطَلِّقَهَا حَائِضًا أَوْ يُطَلِّقَهَا عِنْدَ الْجِمَاعِ لَا يَدْرِي اشْتَمَلَ الرَّحِمُ عَلَى وَلَدٍ أَمْ لَا لَفْظُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں: طلاق کے چار طریقے ہیں، ان میں سے دو طریقے حلال ہیں اور دو طریقے حرام ہیں، جہاں تک دو حلال طریقوں کا تعلق ہے: تو وہ یہ کہ آدمی اپنی بیوی کو اس کے طہر کے عالم میں، اس کے ساتھ صحبت کیے بغیر طلاق دے، یا وہ اپنی بیوی کو اس وقت طلاق دے جب وہ عورت حاملہ ہو اور اس کا حمل واضح ہو، جہاں تک ان دو طریقوں کا تعلق ہے جو حرام ہیں: تو وہ یہ کہ آدمی اپنی بیوی کو اس کے حیض کے دوران طلاق دیدے، یا اس کے ساتھ صحبت کرنے کے بعد اسے طلاق دیدے، جس میں یہ پتہ نہ چل سکے، (اس صحبت کے نتیجے میں) حمل قرار پایا ہے یا نہیں؟

3925- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ وَمُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّعْمَانِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو عُتْبَةَ أَحْمَدُ بْنُ

٣٩٢٣- اخرجه البيهقي في الكبرى (٣٥٧/٧) من طريق كثير بن يحيى عن قزعة بن سويد به- وراجع الذي قبله-

٣٩٢٤- تقدم تخريجه في اول كتاب: الطلاق-

الْفَرَجِ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا اَبُو الْحَجَّاجِ الْمَهْرِيُّ عَنْ مُوْسَى بْنِ اَيُّوْبَ الْغَافِقِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْكُو اَنَّ مَوْلَاهُ زَوَّجَهُ وَهُوَ يُرِيدُ اَنْ يُّفَرِّقَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ امْرَاَتِهِ فَحَمِدَ اللّٰهَ تَعَالٰى وَاَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ مَا بَالُ اَقْوَامٍ يُزَوِّجُوْنَ عَبِيْدَهُمْ اِمَاءَ هُمْ ثُمَّ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَهُمْ اَلَا اِنَّمَا يَمْلِكُ الطَّلَاقَ مَنْ اَخَذَ بِالسَّاقِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور یہ شکایت کی: اس کے آقا نے اس کی شادی کروائی اور اب وہ آقا یہ چاہتا ہے: اس کے اور اس کی بیوی کے درمیان علیحدگی کروادے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی: پھر آپ نے (خطبہ دیتے ہوئے) ارشاد فرمایا:

''لوگوں کو کیا ہو گیا ہے وہ پہلے اپنے غلاموں کی شادیاں اپنی کنیزوں سے کروا دیتے ہیں، اور پھر وہ ان کے درمیان علیحدگی کروانا چاہتے ہیں، خبردار! طلاق دینے کا اختیار اس کو ہوتا ہے جو پنڈلی کو پکڑتا ہے۔''

3926- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ مُوْسَى بْنِ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ اَنَّ مَمْلُوْكًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ .فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الطَّلَاقُ لِمَنْ اَخَذَ بِالسَّاقِ . لَمْ يَذْكُرِ ابْنَ عَبَّاسٍ.

☆☆ عکرمہ بیان کرتے ہیں: ایک غلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، (اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''طلاق دینے کا حق اسے ہے جو پنڈلی پکڑتا ہے۔''

راوی نے (اس کی سند میں) حضرت ابن عباس کا ذکر نہیں کیا۔

3927- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ عِيْسَى الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ الصَّدَفِيُّ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْمُخْتَارِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ عَنْ عِصْمَةَ بْنِ مَالِكٍ قَالَ جَاءَ مَمْلُوْكٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ مَوْلَاىَ زَوَّجَنِىْ وَهُوَ يُرِيْدُ اَنْ يُّفَرِّقَ بَيْنِىْ وَبَيْنَ امْرَاَتِىْ قَالَ فَصَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا الطَّلَاقُ لِمَنْ اَخَذَ بِالسَّاقِ .

۳۹۲۵-اخرجه البيهقي (۳۶۰/۷) من طريق ابي عتبة احمد بن الفرج' حدثنا بقية بن الوليد' ثنا ابو الحجاج المهري' به- واسناده ضعيف؛ ابو الحجاج المهري: هو رشدين بن سعد و هو ضعيف' و كذلك احمد بن الفرج- و قد تابع المهري عليه ابن لهيعة' فاخرجه عن موسى بن ايوب' سياتي في الذي بعده- و للحديث شاهد من حديث عصمة بن مالك' سياتي قريباً-

۳۹۲۶-اخرجه البيهقي في السنن (۳۶۰/۷) من طريق الدارقطني' به- و اخرجه ابن ماجه في سننه كتاب: الطلاق (۶۷۲/۱) باب طلاق العبيد (۲۰۸۱) من طريق ابن لهيعة عن موسى بن ايوب الغافقي' بهذا الاسناد مرسلا- وقال البوصيري في الزوائد: (وفي اسناده ابن لهيعة' و هو ضعيف)- اه-

۳۹۲۷-اخرجه ابن عدي في الكامل (۱۴/۶): حدثنا محمد بن احمد الوحواجي الانصاري' ثنا خالد بن عبد السلام المهري......به- و فيه الفضل بن المختار: قال ابو حاتم: احاديثه منكرة حديث بالاباطيل' و قال الازدي: منكر الحديث جدًا- و قال ابن عدي: احاديثه منكرة عامتها لايتابع عليها- انظر: ميزان الاعتدال (۴۳۵/۵) (ت: ۶۷۵۶- بتحقيقنا)- و الحديث ذكره الهيثمي في المجمع (۳۳۷/۴) و اعله بالفضل بن المختار-

☆☆ حضرت عصمہ بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک غلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، اس نے عرض کی: میرے آقا نے پہلے میری شادی کروائی اب وہ میرے اور میری بیوی کے درمیان علیحدگی کروانا چاہتا ہے، راوی بیان کرتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر چڑھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''اے لوگو! طلاق دینے کا حق اسے ہے جو پنڈلی پکڑتا ہے۔''

3928- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ شُعَيْبٍ ح وَأَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ جَعْفَرٍ اللَّبَّانُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْأَحْمَسِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبِيبٍ الْمُسْلِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَاقُ الْأَمَةِ اثْنَتَانِ وَعِدَّتُهَا حَيْضَتَانِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''کنیز (کو دی جانے والی) طلاقیں دو ہوں گی اور اس کی عدت دو حیض ہو گی۔''

3929- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ وَأَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَا حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبِيبٍ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ. تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ شَبِيبٍ مَرْفُوعًا وَكَانَ ضَعِيفًا وَالصَّحِيحُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ. وَرَوَاهُ سَالِمٌ وَنَافِعٌ عَنْهُ مِنْ قَوْلِهِ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔ عمر بن شبیب اس روایت کو ''مرفوع'' حدیث کے طور پر نقل کرنے میں منفرد ہے۔ یہ راوی ''ضعیف'' ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مستند طور پر یہی منقول ہے جو سالم اور نافع نے اس روایت کو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے اپنے قول کے طور پر نقل کیا ہے۔

3930- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَأَحْمَدُ بْنُ يُوسُفَ السُّلَمِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَقُولُ فِي الْعَبْدِ تَكُونُ تَحْتَهُ الْحُرَّةُ أَوِ الْحُرِّ تَكُونُ تَحْتَهُ الْأَمَةُ أَيُّهُمَا رَقَّ نَقَصَ الطَّلَاقُ بِرِقِّهِ وَالْعِدَّةُ بِالنِّسَاءِ.

☆☆ سالم بیان کرتے ہیں: جو شخص غلام ہو اور اس کی بیوی آزاد عورت ہو، یا مرد آزاد ہو اور اس کی بیوی کنیز ہو، تو

۳۹۲۸- اخرجه ابن ماجه في كتاب الطلاق (۱/ ۶۷۲) باب: في طلاق الامة و عدتها، و البيهقي في السنن الكبرى، كتاب الرجعة (۳۶۹/۷) باب ما جاء في عدد العبد، و من قال: الطلاق بالرجال و العدة بالنساء، و من قال: هما جميعاً بالنساء- من طريق عمر بن شبيب المسلي، نا عبد الله بن عيسى بن عبد الرحمن بن ابي ليلى، بهذا الاسناد-وقال البيهقي -رحمه الله-: (منكر غير ثابت من وجهين: احدهما: ان عطية ضعيف و سالم و نافع اثبت منه و اصح)-وروایة الوجه الآخر ان عمر بن شبيب ضعيف لا يحتج بروايته- والله اعلم)- وقال: اخبرنا ابو عبد الله الحافظ، ان ابو العباس محمد بن يعقوب، قال: سمعت عباس الدوري، سمعت يحيى بن معين يقول: (عمر بن شبيب لم يكن بشيء، عدايته)- قال الحافظ في التلخيص (۳/ ۲۱۳): (في اسناده عمر بن شبيب و عطية العوفي، و هما ضعيفان، و صحح الدارقطني و البيهقي الموقوف)- اه- و انظر: نصب الراية (۳/ ۲۲۷)-

۳۹۲۹- راجع الذي قبله، و الموقوف اخرجه مالك في الموطا (۲/ ۵۷۴)-

۳۹۳۰- اسناده صحيح رجاله ثقات، و هو الصواب موقوفاً- انظر السابق-

میاں بیوی میں سے جو بھی مملوک ہو، تو طلاق میں اس مملوکیت کی وجہ سے کمی آ جائے گی، البتہ عدت میں عورت کی حیثیت کا اعتبار کیا جائے گا۔

3931- حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا أَبُوْ صَالِحٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ وَّنَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُ طَلَاقُ الْعَبْدِ الْحُرَّةَ تَطْلِيْقَتَانِ وَعِدَّتُهَا ثَلَاثَةُ قُرُوْءٍ وَّطَلَاقُ الْحُرِّ الْأَمَةَ تَطْلِيْقَتَانِ وَعِدَّتُهَا عِدَّةُ الْأَمَةِ حَيْضَتَانِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: غلام (شوہر) آزاد (بیوی) کو دو طلاقیں دے سکتا ہے اور عورت کی عدت تین قروء ہوگی۔ آزاد (شوہر) کنیز بیوی کو دو طلاقیں دے سکتا ہے اور اس عورت کی عدت، کنیز کی عدت یعنی دو حیض ہو گی۔

3932- حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَبِيْ عِيْسٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ سُفْيَانَ ح وَأَخْبَرَنَا أَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ حَكِيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَإِسْمَاعِيْلُ بْنُ أُمَيَّةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ إِذَا كَانَتِ الْحُرَّةُ تَحْتَ الْمَمْلُوْكِ فَطَلَاقُهَا تَطْلِيْقَتَانِ وَعِدَّتُهَا ثَلَاثُ حِيَضٍ وَّإِذَا كَانَتِ الْمَمْلُوْكَةُ تَحْتَ الْحُرِّ فَطَلَاقُهَا تَطْلِيْقَتَانِ وَالْعِدَّةُ عَلَى النِّسَاءِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب کوئی آزاد عورت کسی غلام کی بیوی ہو۔ تو عورت کو دو طلاقیں دی جا سکتی ہیں اور اس کی عدت تین حیض ہوگی اور جب کوئی کنیز کسی آزاد شخص کی بیوی ہو، تو اسے دو طلاقیں دی جا سکتی ہیں اور اس کی عدت خاتون کی حیثیت کے اعتبار سے (یعنی کنیز کے طور پر دو حیض) ہوگی۔

3933- حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ حَدَّثَنَا الشَّافِعِيُّ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ إِذَا طَلَّقَ الْعَبْدُ امْرَأَتَهُ ثِنْتَيْنِ فَقَدْ حَرُمَتْ عَلَيْهِ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ حُرَّةً كَانَتْ أَوْ أَمَةً عِدَّةُ الْحُرَّةِ ثَلَاثُ حِيَضٍ وَّعِدَّةُ الْأَمَةِ حَيْضَتَانِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب غلام اپنی بیوی کو دو طلاقیں دیدے تو وہ عورت اس پر حرام ہو جاتی ہے۔ جب تک وہ دوسری شادی کر کے (بیوہ یا مطلقہ نہ ہو جائے) خواہ وہ عورت آزاد ہو یا کنیز ہو، تاہم آزاد عورت کی عدت تین حیض جبکہ کنیز کی عدت دو حیض ہوگی۔

3934- حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَزْهَرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ

۳۹۳۱- اسنادہ حسن: فان عبد الرحمن بن خالد هو ابن خالد بن مسافر الفهمي' امير مصر صدوق۔

۳۹۳۲- اخرجه ابن ابي شيبة في مصنفه' كتاب: الطلاق (۸۲/۵) باب: من قال الطلاق بالرجال و العدة بالنساء' و البيهقي في السنن الكبرى كتاب: الرجعة (۳۶۹/۷) باب: ما جاء في عدد طلاق العبد' و من قال: الطلاق بالرجال و العدة بالنساء' و من قال: هما جميعاً بالنساء من طريق عبيد الله بن عمر عن نافع' بهذا الاسناد- وقال البيهقي -رحمه الله-: (و كذلك اخرجه سالم عن ابن عمر' فمذهبه في ذلك ان ايهما رق نقص الطلاق برقه' هذا هو مذهب ابن عمر -رضي الله عنه- في ذلك)- اه-

۳۹۳۳- تقدم تخريجه في كتاب النكاح-

عُمَرَ فِى الْاَمَةِ تَكُونُ تَحْتَ الْحُرِّ تَبِينُ بِتَطْلِيقَتَيْنِ وَتَعْتَدُّ حَيْضَتَيْنِ وَإِذَا كَانَتِ الْحُرَّةُ تَحْتَ الْعَبْدِ بَانَتْ بِتَطْلِيقَتَيْنِ وَتَعْتَدُّ ثَلَاثَ حِيَضٍ .وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ وَّابْنُ جُرَيْجٍ وَّغَيْرُهُمَا عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مَوْقُوفٌ وَّهٰذَا هُوَ الصَّوَابُ .وَحَدِيثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسٰى عَنْ عَطِيَّةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْكَرٌ غَيْرُ ثَابِتٍ مِّنْ وَجْهَيْنِ اَحَدُهُمَا اَنَّ عَطِيَّةَ ضَعِيفٌ وَّسَالِمٌ وَّنَافِعٌ اَثْبَتُ مِنْهُ وَاَصَحُّ رِوَايَةً .وَالْوَجْهُ الْاٰخَرُ اَنَّ عُمَرَ بْنَ شَبِيبٍ ضَعِيفُ الْحَدِيثِ لَا يُحْتَجُّ بِرِوَايَتِهِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ.

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ ایسی کنیز، جو کسی آزاد شخص کی بیوی ہو، اس کے بارے میں یہ فرماتے ہیں: وہ دو طلاقوں کے ذریعے بائنہ ہو جائے گی، اور دو حیض عدت بسر کرے گی اور جب کوئی آزاد عورت کسی غلام کی بیوی ہو تو وہ دو طلاقوں کے ذریعے بائنہ ہو جائے گی اور تین حیض تک عدت گزارے گی۔

یہ روایت دیگر راویوں نے بھی "موقوف" روایت کے طور پر نقل کی ہے۔ اور یہی درست ہے ایک اور سند کے ساتھ یہ روایت مرفوع حدیث کے طور پر نقل کی گئی ہے۔ یہ روایت منکر ہے اور دو حوالوں سے ثابت نہیں ہے۔

ایک یہ کہ عطیہ نامی راوی ضعیف ہے جبکہ سالم اور نافع زیادہ "ثبت" اور صحیح روایت نقل کرنے والے ہیں۔

دوسرا پہلو یہ ہے: عمرو بن شبیب "ضعیف الحدیث" ہے۔ اس کی نقل کردہ روایت سے استدلال نہیں کیا جا سکتا، باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

3935- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الصَّوَّافُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ حَدَّثَنِي الْمُثَنّٰى عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ) لِلْمُطَلَّقَةِ ثَلَاثًا اَوْ لِلْمُتَوَفّٰى عَنْهَا قَالَ هِيَ لِلْمُطَلَّقَةِ وَالْمُتَوَفّٰى عَنْهَا .

☆☆ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

"اور حاملہ عورتوں کی عدت (کا اختتام) یہ ہے کہ وہ حمل کو جنم دیدیں۔"

یہ حکم تین طلاق یافتہ عورت کے لئے ہے؟ یا بیوہ کے لئے ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ طلاق یافتہ کے لئے بھی ہے اور بیوہ کے لئے بھی ہے۔

3936- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمْرٍو يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ يُوْسُفَ بْنِ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْمُقَوِّمُ

۳۹۳۴-اخرجه البيهقي في سننه (۳۶۹/۷) من طريق الدارقطني' به- وراجع السابق و الذي قبله-

۳۹۳۵-تقدم تخريجه في كتاب النكاح-

۳۹۳۶-اخرجه البيهقي في الكبرى (۳۶۹/۷-۳۷۰' ۴۳۶) من طريق الدارقطني' به- و في اسناده مظاهر بن اسلم المخزومي: قال الحافظ في التقريب (۶۷۶۷): ضعيف- و صغدي بن سنان ضعفه الذهبي في الميزان (۳۰/۲) و سياتي في الذي بعده عند الدارقطني من طريق ابن جريج عن مظاهر' نحوه-

حَدَّثَنَا صُغْدِىُّ بْنُ سِنَانٍ عَنْ مُظَاهِرِ بْنِ اَسْلَمَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَاقُ الْعَبْدِ اثْنَتَانِ وَلَاتَحِلُّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ وَقَرْءُ الْاَمَةِ حَيْضَتَانِ وَتَتَزَوَّجُ الْحُرَّةُ عَلَى الْاَمَةِ وَلَاتَتَزَوَّجُ الْاَمَةُ عَلَى الْحُرَّةِ.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

"غلام کی دی ہوئی طلاقیں دو ہوں گی، اور پھر وہ عورت اس کے لئے اس وقت تک حلال نہیں ہو گی جب تک دوسری شادی کرکے (بیوہ یا طلاق یافتہ) نہیں ہو جاتی اور کنیز کی عدت دو حیض ہو گی۔ کنیز پر آزاد عورت کے ساتھ شادی کی جاسکتی ہے، لیکن آزاد عورت پر کنیز کے ساتھ شادی نہیں کی جاسکتی۔

3937- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ وَمُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْجُنَيْدِ وَجَمَاعَةٌ قَالُوْا حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ مُظَاهِرٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَاقُ الْاَمَةِ تَطْلِيْقَتَانِ وَقَرْؤُهَا حَيْضَتَانِ . قَالَ اَبُوْ عَاصِمٍ فَلَقِيْتُ مُظَاهِرًا فَحَدَّثَنِىْ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُطَلَّقُ الْاَمَةُ تَطْلِيْقَتَيْنِ وَتَعْتَدُّ حَيْضَتَيْنِ . قَالَ فَقُلْتُ لَهُ حَدِّثْنِىْ بِهِ كَمَا حَدَّثْتَ ابْنَ جُرَيْجٍ- قَالَ- فَحَدَّثَنِىْ كَمَا حَدَّثَهُ .

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

"کنیز کو دو طلاقیں دی جاسکتی ہیں اور اس کی عدت دو حیض ہو گی۔"

ایک اور سند کے ساتھ یہ منقول ہے۔ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

"کنیز کو دو طلاقیں دی جاسکتی ہیں اور اس کی عدت دو حیض ہو گی۔"

3938- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَاصِمٍ يَقُوْلُ لَيْسَ بِالْبَصْرَةِ حَدِيْثٌ اَنْكَرَ مِنْ حَدِيْثِ مُظَاهِرٍ هٰذَا .قَالَ لَنَا النَّيْسَابُوْرِيُّ وَالصَّحِيْحُ عَنِ الْقَاسِمِ خِلَافُ هٰذَا .

☆☆ ابو عاصم کہتے ہیں: بصرہ میں، مظاہر کی نقل کردہ اس روایت سے زیادہ "منکر" روایت اور کوئی نہیں ہے۔

ابوبکر نیشاپوری کہتے ہیں، قاسم سے مستند طور پر اس کے برخلاف منقول ہے۔

3939- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِى اللَّيْثُ

۳۹۳۷-اخرجه ابو داؤد (۶۳۹/۲) في الطلاق، باب: في سنة طلاق العبد(۲۱۸۹)، و الترمذي (۴۷۹/۲) كتاب الطلاق، باب ما جاء في طلاق الامة تطليقتان (۱۱۸۲)، وابن ماجه (۶۷۲/۱) كتاب الطلاق، باب في طلاق الامة و عدتها، الحديث (۲۰۸۰)، و الحاكم (۲۰۵/۲)، و البيهقي (۳۶۹/۷) من طريق ابن جريج عن مظاهر، به- و مظاهر ضعيف؛ كما تقدم في الذي قبله- و الحديث قال ابو داؤد: مجهول، و قال الترمذي: (لا نعرفه مرفوعاً الا من حديث مظاهر، و لا نعرف له غيره هذا الحديث)-والحديث صححه الحاكم ووافقه الذهبي، و هو وهم غريب من الذهبي؛ فانه اورد مظاهرًا في الميزان وضعفه-

۳۹۳۸-صحح الالباني اسناده في الارواء (۱۴۹/۷)- قلت؛ و الصحيح عن القاسم خلافه كما سياتي في الذي بعده-

۳۹۳۹-اخرجه البيهقي في السنن (۳۷۰/۷) من طريق الدارقطني، به- و قد حسنه الالباني في الارواء (۱۴۹/۷)-

حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ قَالَ سُئِلَ الْقَاسِمُ عَنِ الْاَمَةِ كَمْ تُطَلَّقُ قَالَ طَلَاقُهَا اثْنَتَانِ وَعِدَّتُهَا حَيْضَتَانِ - قَالَ فَقِيلَ لَهُ اَبَلَغَكَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذَا قَالَ لَا.

☆☆ زید بن اسلم بیان کرتے ہیں: قاسم سے کنیز کے بارے میں دریافت کیا گیا، اسے کتنی طلاقیں دی جاسکتی ہیں؟ انہوں نے فرمایا: اسے دو طلاقیں دی جاسکتی ہیں اور اس کی عدت دو حیض ہوگی۔

راوی بیان کرتے ہیں: ان سے دریافت کیا گیا: کیا اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی حدیث آپ تک پہنچی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں!

3940- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ حَدَّثَنَا اَبُو عَامِرٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ قَالَ سُئِلَ الْقَاسِمُ عَنْ عِدَّةِ الْاَمَةِ فَقَالَ النَّاسُ يَقُولُونَ حَيْضَتَانِ وَاِنَّا لَا نَعْلَمُ ذٰلِكَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ وَلَا فِي سُنَّةِ نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ ابْنُ وَهْبٍ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنِ الْقَاسِمِ وَسَالِمٍ قَالَا لَيْسَ هٰذَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ وَلَا فِي سُنَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلٰكِنْ عَمِلَ بِهِ الْمُسْلِمُونَ.

☆☆ زید بن اسلم بیان کرتے ہیں: قاسم سے کنیز کی عدت کے بارے میں دریافت کیا گیا، تو انہوں نے فرمایا: لوگ کہتے ہیں، یہ دو حیض ہوگی۔ ہمیں اس بارے میں علم نہیں ہے۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ہمیں یہ حکم اللہ کی کتاب اور اس کے رسول کی سنت میں نہیں ملتا ہے۔

ابن وہب نے اپنی سند کے ساتھ قاسم اور سالم کا یہی قول نقل کیا ہے: یہ حکم اللہ کی کتاب اور اس کے رسول کی سنت میں نہیں ہے۔ تاہم مسلمان اس پر عمل کرتے ہیں۔

3941- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ قَالَ كَتَبَ اِلَيَّ يَحْيٰى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ يُحَدِّثُ عَنْ عِكْرِمَةَ اَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ الْحَرَامُ يَمِينٌ يُكَفِّرُهَا.

قَالَ هِشَامٌ وَكَتَبَ اِلَيَّ يَحْيٰى عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ كَانَ يَقُولُ فِي الْحَرَامِ يَمِينٌ يُكَفِّرُهَا وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ يَعْنِي اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ حَرَّمَ جَارِيَتَهُ فَقَالَ اللّٰهُ (لِمَ تُحَرِّمُ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ) اِلٰى قَوْلِهِ (قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ)

۳۹۴۰-اخرجه البيهقي في السنن (۷/ ۳۷۰) من طريق الدارقطني' به-وراجع الذي قبله' وانظر: نصب الراية (۳/ ۲۲٦)-

☆☆ سعید بن میتب بیان کرتے ہیں: کسی عرب کی کنیز مفرور ہوگئی۔ وہ وادی قریٰ پہنچ گئی، وہ اس قبیلے تک پہنچ گئی، جن سے بھاگی تھی، بنوعذرہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے اس کے ساتھ شادی کر لی۔ اس کے ہاں بہت سے بچے پیدا ہوئے، پھراس کنیز کا آقا اس تک پہنچ گیا، اس نے اس کنیز اور اس کے بچوں کو اپنی تحویل میں لینا چاہا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (اس مقدمہ میں) یہ فیصلہ دیا۔ عذرہ قبیلے سے تعلق رکھنے والا شخص اپنی اولاد کے عوض میں تاوان کے طور پر غلام (یا کنیز) ادا کرے، لڑکے کے بدلے میں غلام اور لڑکی کے بدلے میں کنیز ادا کرے گا۔ اگر یہ دستیاب نہ ہوں۔ شہر کے رہنے والے ایک غلام کے عوض میں 60 دینار یا 700 درہم ادا کریں گے اور دیہاتیوں پر چھ فرائض عائد ہوں گے۔

3987 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ عَنْ مَّطَرٍ الْوَرَّاقِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ فِي الْحَرَامِ يَمِينٌ تُكَفَّرُ.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ حرام (قرار دینے) کے بارے میں فرماتی ہیں: یہ قسم ہے، جس کا کفارہ دینا ہوگا۔

3988 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ حَدَّثَنَا ابْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا السَّهْمِيُّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَعَطَاءٍ وَّطَاوُسٍ وَّسُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ وَّسَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ اَنَّهُمْ قَالُوا فِي الْحَرَامِ يَمِينٌ تُكَفَّرُ .

☆☆ سعید بن میتب، عطاء، طاؤس، سلیمان بن یسار اور سعید بن جبیر فرماتے ہیں:
''حرام (قرار دینا) قسم ہے، جس کا کفارہ ادا کیا جائے گا''

۳۹۸۶—اخرجه البيهقي في الكبرى (۹/ ۷٤) كتاب: السير، باب: من يجري عليه الرق، من طريق الدارقطني، به-قال البيهقي: و هذا ورد في وطء الشبهة: فيكون الولد حرا، و عليه قيمته لصاحب الجارية، و كان عمر بن الخطاب- رضي الله عنه- راى القيمة بما نقل في هذا الاثر، ان تبت- و الله اعلم- اه-

۳۹۸۷—اخرجه البيهقي في الكبرى (۷/ ۳۵۱) من طريق عبد الوهاب بن عطاء: انا سعيد عن مطر...... به-قال البيهقي: و اخرجه عبد الله بن بكر عن سعيد بن ابي عروبة، فقال: يمين يكفرها- اه-ومطر و ان كان صدوقاً الا انه كثير الخطا، و حديثه عن عطاء ضعيف: كما في التقريب (٦٧٤٤)- و اخرجه ايضاً ابن ابي شيبة (٤/ ٩٦) رقم (۱۸۱۹۱) من طريق عبد الاعلى عن سعيد، به-

۳۹۸۸—لم اجده هكذا مجملا في شيء من كتب السنة التي بين يدي، لكن اخرجه ابن ابي شيبة (٤/ ٩٦) رقم (۱۸۱۹٤): نا عبد الاعلى عن سعيد عن قتادة عن عطاء و طاوس قالا: يمين: و اخرجه البيهقي في سننه (۷/ ۳۵۱) من طريق داود بن ابي هند عن سعيد بن المسيب قال: الحرام يمين-و اما سليمان بن يسار: فقد تقدم تخريجه- و اما عن سعيد بن جبير: فاخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (٤/ ٩٧) رقم (۱۸۲۰۳) من طريق خصيف عن سعيد بن جبير في الرجل يقول لامراته: (انت علي حرام) قال: يعتق رقبة- و ان قال ذلك لا ربع، فاربع رقاب-

كِتَابُ الْفَرَائِضِ وَالسِّيَر

کتاب وراثت، سیر وغیرہ سے متعلق روایات

3989 - قُرِءَ عَلٰى اَبِى الْقَاسِمِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّىُّ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ قِرَاءَ ةً عَلَيْهِ فِىْ رَجَبٍ سَنَةَ اِحْدٰى وَثَلَاثِيْنَ وَمِائَتَيْنِ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبِى الْعَطَّافِ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَعَلِّمُوْهُ النَّاسَ فَاِنَّهُ نِصْفُ الْعِلْمِ وَهُوَ يُنْسٰى وَهُوَ اَوَّلُ شَىْءٍ يُنْتَزَعُ مِنْ اُمَّتِىْ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: وراثت کا علم حاصل کرو اور لوگوں کو اس کی تعلیم دو کیونکہ یہ نصف علم ہے اور یہ وہ سب سے پہلی چیز ہے' جسے بھلا دیا جائے گا۔ اور یہ وہ سب سے پہلی چیز ہے' جسے میری اُمت سے اٹھا لیا جائے گا۔

شرح:

وراثت کے احکام کی وضاحت کرتے ہوئے علامہ شفیق الرحمٰن تحریر کرتے ہیں:

فرائض کا لغوی معنی

فرائض جمع ہے ''فریضۃ'' کی۔ فریضہ کا معنی ''فرض، زکوٰۃ اور مقرر کردہ حصہ'' ہے۔

فرائض کا اصطلاحی معنی

علم فرائض اس علم کو کہتے ہیں جس سے ورثاء کے شرعی طور پر مقررہ حصص کی کامل طور پر معرفت حاصل ہو۔ خواہ وہ حصہ بطور ''فرض'' ہو یا ''عصبہ'' ہو یا بطور ''رد''

موضوع

''ترکہ اور میت''

۳۹۸۹- اخرجه ابن ماجه (۹۰۸/۲) كتاب الفرائض' باب: الحث على تعليم الفرائض' الحديث (۲۷۱۹)' و الحاكم في المستدرك (۳۳۲/٤)' و البيهقي في السنن (۲۰۹/٦)' و ابن عدي في الكامل (۳۸۵/۲)' و الخطيب في تاريخه (۹۰/۱۲) من طريق حفص بن عمر...... به- قال البيهقي تفرد به حفص بن عمر' و ليس بالقوي- اه- و تعقبه ابن التركماني: (قلت: لم ار احدًا و افقه على هذه العبارة اللينة في حق هذا الرجل' بل اساء و ا القول فيه: قال البخاري: منكر الحديث' رماه يحيى بن يحيى بالكذب- وقال النسائي: ضعيف- و قال ابن حبان لا يجوز الاحتجاج به بحال- و قد ذكره البيهقي - فيما مضى في باب: لا تفريط على من نام -: فقال: منكر الحديث)- اه- و الحديث ضعفه الحافظ في التلخيص ايضاً (۱۷۳/۳)' فقال: مداره على حفص بن عمر بن ابي العطاف' و هو متروك- اه- و نقل البوصيري في الزوائد (۹۰۸/۲) تصحيح الحاكم له' و تعقبه بما قيل في حفص بن عمر-

غرض وغایت

ترکۂ میت کو میت کے ورثاء میں ان کے حقوق کے مطابق تقسیم کرنے کی قدرت حاصل کرنا۔

علم الفرائض کو ''نصف العلم'' کہنے وجہ

پہلی وجہ:

﴿انسانی حالت کا اعتبار﴾

انسان کی دو حالتیں ہیں:

نمبر1: حیات۔ نمبر2: ممات۔

علمِ فرائض کے علاوہ دیگر جتنے بھی علوم ہیں سب کا تعلق انسان کی ایک حالت (حیات) کے ساتھ ہے جبکہ دوسری حالت (ممات) کے ساتھ فقط علم فرائض ہی متعلق ہے۔ چونکہ فرائض کا تعلق ایک حالت کے ساتھ ہے اور ایک حالت دو حالتوں کا نصف ہے، اس لئے اس کو'' نصف العلم'' کہا گیا۔

دوسری وجہ

﴿سبب ملک کا اعتبار﴾

ملکیت کے سبب 2 ہیں۔

نمبر1: اختیاری۔ نمبر2: اضطراری۔

''اختیاری ملکیت'' یہ ہے کہ انسان کسی چیز کا مالک بننا چاہے تو بن جائے اور نہ چاہے تو نہ بنے۔ جیسے زید نے کوئی چیز خریدی، تو خریدنے سے وہ اس چیز کا مالک بن گیا، اگر وہ مالک نہ بننا چاہتا تو چیز نہ خریدتا، تو وہ چیز اس کی ملکیت میں بھی نہ آتی۔ لہذا خریدنے سے، خریدی ہوئی چیز کی جو ملکیت حاصل ہوئی۔ یہ ملکیت ''اختیاری'' ہے۔ اسی طرح ہبہ (تحفہ) قبول کرنے اور اجارہ وغیرہ کے ذریعے سے بھی جو ملکیت حاصل ہوتی ہے وہ بھی ''اختیاری'' ہوتی ہے۔

''اضطراری ملکیت'' یہ ہے کہ انسان مالک بننا نہ بھی چاہتا ہو اس کے باوجود وہ چیز اس کی ملکیت میں آجائے۔ مثلاً باپ کی وفات سے بیٹے کو اس کی جائداد کی جو ملکیت حاصل ہوتی ہے وہ ''اضطراری'' ہے۔ وہ مالک بننا چاہے یا نہ چاہے، ترکہ اس کی ملکیت میں بہر حال آجائے گا اور وہ اس چیز کا مالک بن جائے گا۔ یہ ملکیت ''اضطراری'' ہے۔ چنانچہ تمام علوم کا تعلق ملکیت کے ''اختیاری سبب'' کے ساتھ ہے۔ جبکہ ملکیت کے ''اضطراری سبب'' کے ساتھ صرف ''علم فرائض'' متعلق ہے۔ یہاں پر بھی یہی کہیں گے کہ ملکیت کے کل سبب ''2'' ہیں، اور اس علم (فرائض) کا تعلق ایک سبب کے ساتھ ہے۔ اور ایک، دو کا نصف ہے۔ اس لئے اس علم کو'' نصف العلم'' کہا جاتا ہے۔

تیسری وجہ:

﴿ترغیب﴾ جیسا کہ وضو کے متعلق ارشاد پاک ہے: ''طہارت آدھا ایمان ہے''

اس حدیث شریف میں وضو کو ''نصف ایمان'' کہا گیا ہے۔تو یہ بھی محض ترغیب دلانے کے لئے ہے۔اسی طرح علم فرائض کو بھی ترغیب دلانے کے لئے ''نصف العلم'' قرار دیا گیا۔

وراثت کے ارکان

وراثت کے 3 ارکان ہیں۔

(1)......مورث

وہ شخص جو حقیقتاً یا حکماً فوت ہو گیا ہو اور مال یا حقوق چھوڑے ہوں جو اس مرنے والے سے منتقل ہو کر وارثوں تک پہنچیں۔

(2)......وارث

وہ شخص جو مورث کے چھوڑے ہوئے مال وحقوق وغیرہ کا خلیفہ بننے کا مستحق ہو۔

(3)......میراث

''وہ مال یا حقوق جو میت چھوڑ کر مرے جو بطور وراثت وارثوں تک پہنچے''

مثلاً مال ودولت زمین اور ثمن وصول کرنے کے لئے مبیع کو روکنے کا حق اور قرضہ جات کی وصولی کا حق وغیرہ''

وراثت کے اسباب

وراثت کے اسباب 3 ہیں۔

﴿پہلا سبب﴾......قرابت (رشتہ داری)

اس سے مراد ''قرابتِ نسبی'' (نسبی رشتہ داری) ہے جو کہ ولادت کی وجہ سے حاصل ہوتی ہے۔اس میں میت کے اصول (ماں، باپ، دادا پردادا وغیرہ) اور فروع (بیٹے، بیٹیاں، پوتے، پوتیاں وغیرہ) شامل ہیں۔

﴿دوسرا سبب﴾......زوجیت (شادی)

اس سے مراد وہ زوجیت ہے جو عقدِ صحیح کے ذریعے حقیقتاً یا حکماً حاصل ہو۔خواہ خلوتِ صحیحہ و دخول ہو یا نہ ہو۔چنانچہ اگر میاں بیوی کے درمیان ''نکاح'' صحیح ہو گیا اور ان میں سے کوئی ایک دخول یا خلوتِ صحیحہ سے قبل فوت ہو گیا تو نکاح صحیح ہو جانے کی وجہ سے دوسرا اس کا وارث بنے گا۔

نوٹ: جو شرائط، نکاح کے صحیح ہونے کے لئے ضروری ہیں اگر ان میں سے کوئی ایک مفقود ہو جائے مثلاً گواہوں کے بغیر نکاح ہوا ہو اور میاں بیوی میں سے کوئی ایک مر جائے تو دوسرا اس کا وارث نہیں بنے گا۔

جب تک ان میں نکاح برقرار رہے گا تب تک یہ ایک دوسرے کے وارث ہو سکیں گے۔اس تعلق کی بناء پر جو سلسلہ وراثت شروع ہوتا ہے وہ اس وقت تک جاری رہتا ہے جب تک وہ تعلق بحال رہتا ہے۔اگر یہ تعلق ٹوٹ جائے یعنی شوہر طلاق دیدے تو اب عورت کے وارث بننے یا نہ بننے میں تفصیل ہے۔وہ یہ کہ

(i) اگر طلاق ہوئی (خواہ رجعی ہو یا بائن، ایک ہو یا زیادہ) اور عدت بھی گزر گئی تو ان میں سلسلہ وراثت ختم

ہوجاتا ہے۔

(ii) اگر عدت نہیں گزری بلکہ ابھی عدت چل رہی ہے تو اس کی دو صورتیں ہیں۔

نمبر: 1۔ طلاق رجعی دی تھی۔

نمبر: 2۔ طلاق بائن دی تھی۔

اگر طلاق رجعی تھی تو دونوں ایک دوسرے کے وراث ہونگے۔

اور اگر طلاق بائن تھی تو اس کی بھی دو صورتیں ہیں۔

(i) طلاق مرض الموت میں دی۔

(ii) طلاق مرض الموت میں نہیں دی۔

اگر طلاق بائن تھی اور مـــرض الـمـوت میں دی تھی تو اس طلاق سے عورت جب تک عدت میں ہے اس وقت تک وراثت سے محروم نہیں ہوگی۔ لیکن اگر اسی صورت میں عورت مر جائے تو شوہر اسکی وراثت سے محروم ہوگا۔

اور اگر مـــرض الـمـوت میں طلاق نہیں دی تو طلاق دیتے ہی، عدت گزرنے سے پہلے عورت کا اس شوہر سے سلسلہ ازدواج ختم ہوگیا، اگر اسی حالت میں شوہر فوت ہوگیا تو عورت اس کی وارث نہیں ہوگی۔

﴿تیسرا سبب﴾...... ولاء (ملکیت)

اس کی دو قسمیں ہیں۔

(i) ولاء من جهة العتق (ii) ولاء من جهة الموالاة

ولاء من جهة العتق

اس سے مراد وہ قرابت حکمیہ (حکمی رشتہ داری) ہے جس کے سبب سے کوئی شخص کسی کو آزاد کر سکتا ہے اس ولاء کو عصوبت سببیہ بھی کہتے ہیں۔ چنانچہ جب کوئی آقا اپنے غلام کو آزاد کردے اور وہ آزاد کردہ فوت ہوجائے، وفات کے وقت اس آزاد کردہ کوئی عصبہ (قریبی رشتہ دار) موجود نہ ہو تو اس کا آقا (جس نے اس کو آزاد کیا) اس کا وارث ہوگا۔

ولاء من جهة الموالات

اس سے مراد یہ ہے کہ کوئی مـجـهـول النسب شخص کسی مـعـروف النسب کو کہے: جب میں مر جاؤں تو تُو میرا وارث ہوگا۔ اور اگر میں کوئی قتل وغیرہ کروں تو اس کا ذمہ دار بھی تو ہوگا۔ یعنی اس کا خون بہا بھی تو دے گا۔ اور دوسرا اس کے جواب میں کہے: مجھے قبول ہے۔ اس قول وقرار کی بناء پر بھی سلسلہ وراثت جاری ہوجاتا ہے۔ چنانچہ جب پہلا شخص مرے گا تو دوسرا اس کا وارث بنے گا۔

وراثت کی شرائط

وراثت کی شرائط 3 ہیں۔

(1) مورث کا مرنا۔

کسی انسان میں زندگی کے تحقق کے بعد زندگی کا ختم ہو جانا ''موت'' کہلاتا ہے۔

(2) مورث کی وفات کے وقت وارث کا زندہ ہونا۔

(3) کسی مانع ارث کا موجود نہ ہونا بعض نے تیسری شرط ''جہت قرابت'' اور ''جہت ارث'' کا معلوم ہونا قرار دیا ہے۔

''ہمارے علماء کرام نے فرمایا: میت کے ترکہ کے ساتھ بالترتیب چار قسم کے حقوق متعلق ہوتے ہیں۔ سب سے پہلے (میت کا ترکہ استعمال کرنے میں) اس کی تکفین و تجہیز کی جائے گی (لیکن اس معاملہ میں کسی قسم کی) فضول خرچی (کی جائے گی اور) نہ ہی کنجوسی۔ پھر (متوسط طریقے سے تجہیز و تکفین کے بعد) جو کچھ بچ رہے اس میں سے قرضے وغیرہ ادا کیے جائیں۔ (قرضوں کی ادائیگی کے بعد) پھر جو بچ رہے اس کے ایک تہائی (1/3) میں (اگر ممکن ہو تو) وصیت کو پورا کیا جائے (وصیت کو پورا کرنے کے بعد) پھر جو بچ رہے وہ ورثاء کے درمیان کتاب اللہ، سنت اور اجماع امت کے (مقرر کردہ حصص کے) مطابق تقسیم کیا جائے۔

﴿ترکۂ میت سے متعلق چار قسم کے حقوق﴾

انسان جب مر جاتا ہے تو اس کے ترکہ کے ساتھ چار قسم کے حقوق متعلق ہوتے ہیں اور ان چار قسم کے حقوق کی ادائیگی میں ترتیب کا لحاظ رکھنا بھی ضروری ہے یعنی کہ چاروں حقوق ادا کئے جائیں گے اور بالترتیب ادا کئے جائیں گے۔

میت کے ترکہ سے متعلق چار قسم کے حقوق

﴿i﴾......تجہیز و تکفین۔ ﴿ii﴾......قرضہ جات وغیرہ کی ادائیگی۔

﴿iii﴾......نفاذ وصیت۔ ﴿iv﴾......ورثہ کے درمیان تقسیم۔

امور اربعہ کی وجہ حصر

ترکۂ میت دو حال سے خالی نہیں کہ اس میں میت کا بھی حصہ ہے یا نہیں، اگر میت کا بھی حصہ ہے تو یہ ''تجہیز'' ہے اور اگر میت کا حصہ نہیں ہے تو پھر دو حال سے خالی نہیں کہ وہ موت سے پہلے کا ثابت ہے یا نہیں، اگر موت سے پہلے کا ثابت ہے تو یہ دَین۔ اور اگر پہلے کا ثابت نہیں تو پھر دو حال سے خالی نہیں کہ اس کا ثبوت میت کی طرف سے ہے یا نہیں، اگر اس کا ثبوت میت کی جانب سے ہے تو یہ وصیت۔ اور اگر اس کا ثبوت میت کی جانب سے نہیں ہے تو یہ تقسیم بین الورثہ۔

ترکۂ میت کے مستحقین

میت کے ترکہ کے مستحقین کی تعداد 10 ہے۔ جو کہ بالترتیب درج ذیل ہیں۔

(۱)......اصحاب فرائض

(۲)......عصبہ نسبیہ

(۳)......عصبہ سببیہ

(۴)......عصبہ سببیہ کے مذکر عصبات

(۵)......رد علیٰ ذوی الفروض النسبیہ

(۶)......ذوی الارحام

(۷)......مولیٰ الموالات

(۸)......مقرلہ بالنسب علیٰ الغیر

(۹)......موصیٰ لہ بجمیع مالہ

(۱۰)......بیت المال

(رفیق الوراثت: علامہ شفیق الرحمٰن)

3990- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادِ بْنِ أَنْعُمٍ الْمَعَافِرِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رَافِعٍ التَّنُوخِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعِلْمُ ثَلَاثَةٌ وَمَا سِوَى ذٰلِكَ فَهُوَ فَضْلٌ آيَةٌ مُحْكَمَةٌ أَوْ سُنَّةٌ قَائِمَةٌ أَوْ فَرِيضَةٌ عَادِلَةٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: علم تین قسم کا ہوتا ہے اس کے علاوہ جو ہے وہ اضافی ہے ایک محکم آیات کا علم دوسرا قائم سنت کا علم اور تیسرا انصاف کے مطابق وراثت (تقسیم کرنے کے اصولوں) کا علم ہے۔

3991- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ لَهِيعَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بَعْدَ مَا أُنْزِلَتْ سُورَةُ النِّسَاءِ وَفُرِضَ فِيهَا الْفَرَائِضُ يَقُولُ لَا حَبْسَ بَعْدَ سُورَةِ النِّسَاءِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا: یہ سورۂ نساء کے نازل ہو جانے اور اس میں وراثت کے احکام نازل ہو جانے کے بعد کی بات ہے آپ صلی اللہ علیہ

۳۹۹۰- اخرجه ابو داود' كتاب الفرائض (۲/۳۰۶) باب: ما جاء في تعليم الفرائض (۲۸۸۵) و ابن ماجه في المقدمة (۱/۲۱) باب: اجتناب الراي و القياس (۵۴) و البيهقي في السنن الكبرى' كتاب: الفرائض (۶/۲۰۸) باب: الحث على تعليم الفرائض' و ابن عبد البر في التمهيد (۴/۲۶۶) و الحاكم في المستدرك كتاب: الفرائض (۴/۳۳۲)- كلهم من طريق عبد الرحمن بن زياد بن انعم عن عبد الرحمن بن رافع' بهذا الاسناد- و سكت عنه الحاكم' و ضعفه الذهبي في تلخيص المستدرك- قلت: علته عبد الرحمن بن زياد بن انعم الافريقي؛ فانه ضعيف في حفظه؛ كما قال الحافظ ابن حجر في التقريب (ت:۳۸۸۷)-

۳۹۹۱- اخرجه البيهقي (۶/۱۶۲) من طريق الدارقطني' به- و اخرجه الطحاوي في (شرح المعاني) (۲/۲۵۰)' و الطبراني (۱۱/۳۶۵) رقم (۱۲۰۳۳) و العقيلي في الضعفاء الكبير (۳/۲۹۷) من طريق عبد الله بن لهيعة' ثنا عيسى بن لهيعة...... به- وقد رمز السيوطي لحسنه' فتعقبه المناوي بقول الدارقطني الآتي بعد الطريق التالية- قال الهيثمي في مجمع الزوائد (۷/۵): (اخرجه الطبراني' وفيه عيسى بن لهيعة' و هو ضعيف)- اه-

وسلم نے فرمایا تھا: سورۂ نساء کے بعد اب کسی کو محبوس قرار نہیں دیا جا سکتا۔

3992- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ الْمُهْتَدِیْ بِاللّٰهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ بْنِ مُوْسٰى الصَّدَفِیُّ بِمِصْرَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ اَخِيْهِ عِيْسٰى بْنِ لَهِيعَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حَبْسَ عَنْ فَرَائِضِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ . لَمْ يُسْنِدْهُ غَيْرُ ابْنِ لَهِيعَةَ عَنْ اَخِيْهِ وَهُمَا ضَعِيْفَانِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ وراثت کے حصوں سے کسی کے محبوس قرار نہیں دیا جا سکتا۔

ابن لہیعہ کے علاوہ اور کسی نے اس کی سند بیان نہیں کی ہے اس نے اپنے بھائی کے حوالے سے نقل کیا ہے یہ دونوں راوی ضعیف ہیں۔

3993- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِیٍّ فِیْ ابْنَتَيْنِ وَاَبَوَيْنِ وَامْرَاَةٍ قَالَ صَارَ ثُمُنُهَا تُسْعًا .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے (مرحوم کی) دو بیٹیوں ماں باپ اور بیوی کے بارے میں یہ ارشاد فرمایا ہے: اس کی وراثت کے نو حصے ہوں گے۔

3994- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَكِيْلُ اَبِیْ صَخْرَةَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِیُّ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْجَعْدِ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ رَاشِدِ بْنِ شَجَرَةَ عَنْ يَحْيٰى بْنِ اَبِیْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَرِثُ مِلَّةٌ مِلَّةً وَلَا يَجُوْزُ شَهَادَةُ اَهْلِ مِلَّةٍ عَلٰى مِلَّةٍ اِلَّا اُمَّتِیْ فَاِنَّهُمْ يَجُوْزُ شَهَادَتُهُمْ عَلٰى مَنْ سِوَاهُمْ . لَفْظُ ابْنِ عَيَّاشٍ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ فِیْ حَدِيْثِهٖ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَحْسِبُ شَكَّ عُمَرُ . وَعُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ لَيْسَ بِالْقَوِیِّ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ایک

۳۹۹۲-اخرجه البيهقي في السنن الكبرى (۱۶۳/٦) من طريق الدارقطني' به- و راجع الذي قبله-

۳۹۹۳-اخرجه البيهقي في السنن الكبرى (۲۵۳/٦) كتاب: الفرائض' باب: العول في الفرائض من طريق الدارقطني' به- واخرجه ايضاً من طريق يحيى بن آدم' ثنا شريك...... به- و عزاه الحافظ ابن حجر في التلخيص (۱۹۲/۳) الى ابي عبيد قلت: سكت تحته الحافظ ابن حجر- و في اسناده الحارث الاعور تكلموا فيه- و الاثر اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (۲۵۸/۹) (۳۱۲۰۲): حدثنا وكيع' حدثنا سفيان عن رجل لم يسمه قال: ما رايت رجلا كان احسب من علي !! سئل عن ابنتين و ابوين و امراة؛ فقال: (صار ثمنها تسعاً)-

۳۹۹٤-اخرجه الطبراني في الاوسط (۵٤۲٤) من طريق علي بن الجعد' حدثنا عمر بن راشد' به- و اخرجه البزار في مسنده (۱۳۸٤-كشف) من طريق عبد الرزاق' انبا عمر بن راشد...... به-قال الطبراني: (لم يرو هذا الحديث عن يحيى بن ابي كثير الا عمر بن راشد- اه- قال الحافظ ابن حجر في التلخيص (۱۸٤/۳): (فيه عمر بن راشد قال: انه تفرد به' و هو لين الحديث)- اه- وقال الهيثمي في مجمع الزوائد (۲۰٤/٤): (اخرجه الطبراني في الاوسط' وفيه عمر بن راشد و هو ضعيف)- اه-

مذہب دوسرے مذہب کا وارث نہیں بنتا اور ایک مذہب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی گواہی دوسرے مذہب کے خلاف قبول نہیں کی جاسکتی' البتہ میری اُمت کا حکم مختلف ہے کیونکہ ان کی گواہی دوسرے سب لوگوں کے حق میں قبول کی جائے گی۔

روایت کے یہ الفاظ عیاش نامی راوی کے ہیں' تاہم انہوں نے اپنی روایت میں یہ بات نقل کی ہے: میرا خیال ہے کہ روایت کے الفاظ میں شک عمر نامی راوی کو ہے اور عمر نامی راوی عمر بن راشد ہے جو مستند نہیں ہے۔

3995- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ اَخْبَرَنِيْ ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَرِثُ الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ وَلَا يَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ .

☆☆ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کوئی کافر کسی مسلمان کا وارث نہیں بن سکتا اور کوئی مسلمان کسی کافر کا وارث نہیں بن سکتا۔

3996- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ اِنِّيْ لَتَحْتَ نَاقَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسِيْلُ عَلَيَّ لُعَابُهَا فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ اَعْطٰى كُلَّ ذِيْ حَقٍّ حَقَّهُ فَلَا وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ وَّالْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ لَا يَدَّعِيَنَّ رَجُلٌ اِلٰى غَيْرِ اَبِيْهِ وَلَا يَنْتَمِيْ اِلٰى غَيْرِ مَوَالِيْهِ فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ مُتَتَابِعَةً لَا تُنْفِقُ امْرَاَةٌ شَيْئًا مِّنْ بَيْتِ زَوْجِهَا اِلَّا بِاِذْنِهٖ . فَقَالَ رَجُلٌ وَّلَا الطَّعَامَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ ذَاكَ اَفْضَلُ اَمْوَالِنَا . ثُمَّ قَالَ اَلَا اِنَّ الْعَارِيَّةَ مُؤَدَّاةٌ وَّالدَّيْنَ مَقْضِيٌّ وَّالزَّعِيْمَ غَارِمٌ .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کے نیچے کھڑا ہوا تھا اور اس کی رال میرے اوپر بہہ رہی تھی۔ اس موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا تھا: اللہ تعالیٰ نے ہر حق دار کا حق مقرر کر دیا ہے' اس لیے کسی وارث کے لیے وصیت نہیں کی جاسکتی' اولاد صاحب فراش کی ہوگی اور زنا کرنے والے کو محرومی ملے گی' کسی شخص کو اس کے باپ کی بجائے کسی اور حوالے سے نہ بلایا جائے گا اور کوئی بھی شخص اپنے آپ کو اپنے آزاد کرنے والے کے علاوہ کسی اور کی طرف منسوب نہ کرے جو شخص ایسا کرے گا اس پر اللہ تعالیٰ کی لگاتار لعنت ہوگی۔ عورت اپنے شوہر کے

۳۹۹۵-اخرجه ابن ماجه (۲۷۳۰) و النسائي في الكبرى؛ كما في تحفة الاشراف رقم (۱۱۳) من طريق ابن وهب عن يونس' به- و الحديث اخرجه الشافعي (۲/ ۱۹۰) و سعيد بن منصور (۱۳۵) و عبد الرزاق (۹۸۵۲) و الطيالسي (۶۳۱) و احمد في مسنده (۵/ ۲۰۰، ۲۰۱، ۲۰۸، ۲۰۹) و الدارمي (۲/ ۳۷۰، ۳۷۱) و البخاري (۶۷۶۴) و مسلم (۱۶۱۴) و ابو داود (۲۹۰۹) و الترمذي (۲۱۰۷) و النسائي في الكبرى كما في التحفة (۱/ ۵۶) و ابن الجارود (۹۵۴) و البيهقي (۶/ ۲۱۷، ۲۱۸) و الطبراني في الكبير (۳۹۱) و البغوي في شرح السنة (۲۲۳۶) من طرق عن الزهري' به-

۳۹۹۶-اخرجه البيهقي (۶/ ۲۶۴) من طريق الدارقطني' به- و ابن ماجه (۲/ ۹۰۶) كتاب- الوصايا' باب: لا وصية لوارث' و الحديث (۲۷۱۴) من طريق محمد بن شعيب بن شابور عن عبد الرحمن بن يزيد' به مختصرًا-قال ابن التركماني: (وهذا سند جيد)- وقال البوصيري في الزوائد (۲/ ۳۶۸): (هذا اسناد صحيح رجاله ثقات)- اه- و تعقبهما الالباني في الارواء (۶/ ۸۹) بقوله: (وهذا منهم؛ بناء على ان سعيد بن ابي سعيد انما هو المقبري و صنيع البيهقي يدل على انه ليس به' و انظر بقية كلام الشيخ في الارواء (۶/ ۹۰-۹۱)-

گھر میں سے اس کی اجازت کے بغیر کچھ خرچ نہ کرے۔ ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! اناج بھی نہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ تو ہمارا سب سے زیادہ اہم مال ہے' پھر اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عاریت کے طور پر دی گئی چیز واپس کرنا ہوتی ہے' قرض کو ادا کیا جائے گا اور جو شخص ذمے دار بنے گا وہ تاوان ادا کرنے کا بھی پابند ہوگا۔

3997- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ مَزْيَدٍ اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ سَعِيْدٍ- شَيْخٌ بِالسَّاحِلِ- قَالَ حَدَّثَنِيْ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ قَالَ اِنِّيْ لَتَحْتَ نَاقَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهٗ.

☆☆ ایک اور روایت میں یہی الفاظ ہیں' حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کے نیچے کھڑا ہوا تھا' اس کے بعد انہوں نے حسب سابق روایت نقل کی ہے۔

3998- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيْدَ الزَّعْفَرَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْاَزْرَقُ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ حَدَّثَنَا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْحِقُوا الْمَالَ بِالْفَرَائِضِ فَمَا تَرَكَتْ فَلِاَوْلٰى ذَكَرٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: وراثت کے فرض حصوں کے مطابق مال کی ادائیگی کرو اور جو مال بچ جائے تو وہ قریبی مرد رشتے دار کا ہوگا۔

3999- حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُوْلٍ وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عِيْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ قَطَنٍ قَالَا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ شَيْبَةَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَسْعُوْدٍ الْعَجَمِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْسِمُوا الْمَالَ بَيْنَ اَهْلِ الْفَرَائِضِ فَمَا تَرَكَتِ الْفَرَائِضُ فَلِاَوْلٰى رَجُلٍ ذَكَرٍ. وَقَالَ اَبُوْ شَيْبَةَ اقْسِمُوا الْمِيْرَاثَ بَيْنَ اَهْلِ الْفَرَائِضِ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: فرض حصے داروں کے درمیان مال کو تقسیم کرو' فرض حصوں کے بعد جو مال بچ جائے وہ قریبی مرد رشتے دار کا ہوگا۔

ابوشیبہ نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: اللہ تعالیٰ کی کتاب کے حکم کے مطابق ذوی الفروض میں وراثت تقسیم کردو۔

4000- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

۳۹۹۷-راجع الذي قبله-

۳۹۹۸-تفرد به الدارقطني من طريق زمعة بن صالح عن ابن طاوس......به' لكن سياتي من طرق عن ابن طاوس- و زمعة بن صالح ضعيف' و حديثه عند مسلم مقرون؛ كما قال الحافظ في التقريب (ت۲۰۴۶)-

۳۹۹۹-اخرجه عبد الرزاق في مصنفه (۱۰/۲۴۹) رقم (۱۹۰۰۴)' و من طريقه المصنف هنا' و مسلم (۱۶۱۵/۴)' و ابو داود في سننه (۲۸۹۸)' و الترمذي (۲۰۹۸)' و ابن ماجه (۲۷۴۰)' و ابن حبان في صحيحه (۶۰۲۹)' و الطبراني في الكبير (۱۰۹۰۲) عن معمر به- و انظر الذي يليه-

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِاَهْلِهَا فَمَا تَرَكَتْ فَلِاَوْلٰى رَجُلٍ ذَكَرٍ .

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: فرض حصے ان کے حصے داروں کو دے دو اور جو بچ جائے وہ قریبی مرد رشتے دار کو ملے گا۔

شرح:

علماء نے اس مسئلے میں اختلاف کیا ہے کہ وراثت کے مال میں سے جب زائد مقدار باقی رہ جائے جو ذوی الفروض کے حصے میں نہ آسکی ہو اور میت کے عصبہ بھی موجود نہ ہوں تو وراثت کا مال ذوی الفروض کی طرف کیسے لوٹائے جائے گا۔

حضرت زید رضی اللہ عنہ اس بات کے قائل ہیں کہ وہ مال ذوی الفروض کو لوٹایا نہیں جائے گا' بلکہ بیت المال میں جمع کروا دیا جائے گا۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔۔

اکثر صحابہ کرام کا یہ موقف ہے کہ میاں بیوی کے علاوہ دیگر تمام ذوی الفروض کی طرف اس اضافی مال کو لوٹا دیا جائے گا۔ تاہم اس کی تقسیم کی کیفیت کے بارے میں ان کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

فقہاءِ اہلِ عراق اسی بات کے قائل ہیں۔

4001- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ نُعَيْمٍ ح وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدَانَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوْبَ حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ قَالَا حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِاَهْلِهَا فَمَا بَقِىَ فَهُوَ لِاَوْلٰى رَجُلٍ ذَكَرٍ .

★★ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: فرض حصے ان کے حقداروں کو دے دو جو باقی بچ جائے وہ قریبی مرد رشتے دار کو ملے گا۔

4002- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْبَاقِى بْنُ قَانِعٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يُوْسُفَ السَّمْتِيُّ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ سَمِعَ ابْنَ طَاوُسٍ قَالَ سَمِعْتُ طَاوُسًا قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحِقُوا الْمَالَ بِالْفَرَائِضِ فَمَا تَرَكَتْ فَلِاَوْلٰى ذَكَرٍ .

۴۰۰۰- اخرجه البخاري (۶۷۴۶) كتاب: الفرائض' باب: ابناء عم احدهما اخ للام و الآخر زوج' و مسلم (۳/۱۶۱۵) و ابن حبان في صحيحه (۲۸۷/۱۳) رقم (۶۰۲۸) و الطحاوي (۴/۳۹۰) والبيهقي (۶/۲۳۹) من طريق يزيد بن زريع' حدثنا روح ...... به وسياتي من طرق عن ابن طاوس-

۴۰۰۱- اخرجه احمد (۱/۲۹۲' ۳۲۵) و البخاري (۶۷۳۲' ۶۷۳۵' ۶۷۳۷) و مسلم (۳/۱۶۱۵) و الترمذي (۲۰۹۸) والنسائي في الكبرى (۵/۹-۱۰) رقم (۵۷۰۵) و ابو يعلى (۲۳۷۱) والطحاوي (۴/۳۹۰) و ابن الجارود في المنتقى (۹۵۵) و الطبراني في الكبرى (۱۰۹۰۴) و البيهقي (۲/۲۳۴' ۲۳۹) و البغوي في شرح السنة (۲۲۱۶) من طرق عن وهيب' به- و راجع الذي قبله-

۴۰۰۲- اخرجه الطبراني في الكبير (۱۱/۱۹) رقم (۱۰۹۰۱): حدثنا محمد بن صالح بن الوليد النرسي' ثنا خالد بن يوسف السمتي...... به- و راجع الذي قبله-

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
مال کو فرض حصوں کے مطابق تقسیم کرو جو بچ جائے وہ قریبی مرد رشتے دار کو ملے گا۔

4003- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الشَّيْبَانِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَكْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ يَعْنِىْ- ابْنَ مُحَمَّدٍ- حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ حُجَيْرٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحِقُوْا الْمَالَ بِالْفَرَائِضِ فَمَا اَبْقَتْ فَلِاَوْلٰى رَجُلٍ ذَكَرٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:
مال کو فرض حصوں کے مطابق تقسیم کرو اور جو باقی بچ جائے وہ قریبی مرد رشتے دار کو مل جائے گا۔

4004- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَطِيرِىُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَيْمُوْنٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا حَسَنُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ اَخْبَرَنِىْ اَبِىْ عَنْ جَدِّىْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ فَقَالَ لَا يَتَوَارَثُ اَهْلُ مِلَّتَيْنِ وَالْمَرْاَةُ تَرِثُ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا وَمَالِهِ وَهُوَ يَرِثُ مِنْ دِيَتِهَا وَمَالِهَا مَا لَمْ يَقْتُلْ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ عَمْدًا فَاِنْ قَتَلَ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ عَمْدًا لَمْ يَرِثْ مِنْ دِيَتِهِ وَمَالِهِ شَيْئًا وَاِنْ قَتَلَ صَاحِبَهُ خَطَاً وَرِثَ مِنْ مَالِهِ وَلَمْ يَرِثْ مِنْ دِيَتِهِ. مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ هُوَ الطَّائِفِىُّ ثِقَةٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: فتح مکہ کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دو مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ ایک دوسرے کے وارث نہیں بنیں گے' عورت اپنے شوہر کی دیت اور اس کے مال میں سے وارث بنے گی اور وہ مرد بھی اس عورت کی دیت اور اس کے مال میں سے وارث بنے گا' لیکن شرط یہ ہے کہ ان دونوں میں سے کسی ایک نے دوسرے کو جان بوجھ کر قتل نہ کیا ہو' اگر ان میں سے کسی ایک نے دوسرے کو جان بوجھ کر قتل کیا ہو' تو وہ عورت اس مرد کی دیت اور مال میں سے کسی چیز کی وارث نہیں بنے گی اور اگر ان میں سے کسی نے دوسرے کو خطاء کے طور پر قتل کیا ہو' تو وہ (اس دوسرے کے) مال میں سے وارث بنے گا لیکن دیت میں سے وارث نہیں بنے گا۔

اس روایت کے راوی محمد بن سعید طائفی ثقہ ہے۔

4005- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ.

۴۰۰۳- فيه هشام بن خالد المستي' و هو ضعيف؛ لكن اخرجه سعيد بن منصور في سننه (۱۸۹): حدثنا سفيان عن هشام بن حجير' باسناده موقوفاً على ابن عباس- و اخرجه الطحاوي (۳۹۰/٤) من طريق عبد الله بن المبارك عن معمر و سفيان الثوري عن ابن طاوس عن ابيه مرسلاً' لكن اخرجه عبد الرزاق في المصنف (۱۹۰۰٤) عن معمر موصولاً' تقدم قريباً' و هو الصواب-

۴۰۰۴- اخرجه ابو داود كتاب الفرائض (۳۲۸/۲) باب: هل يرث المسلم الكافر (۲۹۱۱)' و ابن ماجه في كتاب الفرائض (۹۱۲/۲) باب: ميراث اهل الاسلام من اهل الشرك (۲۷۳۱)' و احمد في مسنده (۱۸۷/۲' ۱۹۵)' و ابن الجارود في المنتقى (۹٦۷)' و البيهقي في السنن الكبرى في كتاب: الفرائض (۲۱۸/٦) باب: لا يرث المسلم الكافر ولا الكافر المسلم- كلهم من طرق عن عمرو بن شعيب عن ابيه' بهذا الاسناد- و انظر تلخيص الحبير (۸٤/۳)' و الارواء (۱۲۱/٦)-

۴۰۰۵- راجع الذي قبله-

بْنُ صَالِحٍ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ .مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ هُوَ الطَّائِفِيُّ ثِقَةٌ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

4006- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اَنَّهُ كَانَ لَا يُوَرِّثُ مَيِّتًا مِّنْ مَّيِّتٍ وَّيُوَرِّثُ الْاَحْيَاءَ مِنَ الْاَمْوَاتِ.

وَاَخْبَرَنِيْ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ قَالَ قُسِّمَتْ مَوَارِيْثُ اَصْحَابِ الْحَرَّةِ فَوُرِّثَ الْاَحْيَاءُ مِنَ الْاَمْوَاتِ وَلَمْ يُوَرَّثِ الْاَمْوَاتُ مِنَ الْاَمْوَاتِ .

☆☆ عمر بن عبدالعزیز کے بارے میں یہ بات منقول ہے کہ وہ کسی ایک مرحوم کو دوسرے مرحوم کا وارث قرار نہیں دیتے تھے' وہ صرف زندہ افراد کو مرحومین کا وارث قرار دیتے تھے۔

شیخ ابوالزناد بیان کرتے ہیں: حرہ کے واقعہ میں مارے جانے والوں کی وراثت تقسیم کی گئی تھی تو زندہ لوگوں کو مرحومین کا وارث بنایا گیا تھا' مرحومین کو ایک دوسرے کا وارث نہیں بنایا گیا تھا۔

4007- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا بَحْرٌ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ حَفْصٍ اَنَّ اُمَّ كُلْثُوْمٍ وَّابْنَهَا زَيْدَ بْنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ هَلَكَا فِيْ سَاعَةٍ وَّاحِدَةٍ لَمْ يُدْرَ اَيُّهُمَا هَلَكَ قَبْلُ فَلَمْ يَتَوَارَثَا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: اُم کلثوم نامی خاتون اور ان کے صاحبزادے زید جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے تھے' وہ دونوں ایک ہی موقع پر انتقال کر گئے' لیکن یہ پتا نہیں چل سکا کہ ان دونوں میں سے کس کا انتقال پہلے ہوا ہے؟ تو وہ ایک دوسرے کے وارث نہیں بنے تھے۔

4008- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدٍ الْمُقْرِءُ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ

٤٠٠٦- اخرجه عبد الرزاق في مصنفه (١٠/ ٢٩٧) (١٩١٦١) عن الثوري و معمر عن داود ابن ابي هند عن عمر بن عبد العزيز: انه ورث الاحياء من الاموات و لم يورث الاموات بعضهم من بعض- قال معمر: كتب بذلك - و اشار اليه البيهقي في السنن (٦/ ٢٢٢)- واخرجه سعيد بنمنصور (٢٤٢): حدثنا اسماعيل بن عياش عن ابن جريج عن عمر بن عبد العزيز في القوم يموتون جميعًا: غرقوا في سفينة' او وقع عليهم بيت' او قتلوا لا يدرى ايهم مات قبل الآخر- لا يورث بعضهم من بعض الا ان يعلم انه مات قبل صاحبه فيرث لا الاول الآخر' ويرث الآخر عصبته- فان لم يعلموا ايهم مات قبل صاحبه' فلا يورث بعضهم من بعض' و لكن يرثهم عصبتهم الاحياء- اه-واخرجه الدارمي في السنن (٢/ ٣٧٩) عن يحيى بن عتيق قال: قرات في بعض كتب عمر بن عبد العزيز في القوم يقع عليهم البيت لا يدرى ايهما مات قبل' قال: لا يورث الاموات بعضهم من بعض' ويورث الاحياء من الاموات-

٤٠٠٧- اخرجه البيهقي في السنن (٦/ ٢٢٢) كتاب: الفرائض باب: ميرات من عمي موته من طريق الدارقطني' ثنا محمد بن القاسم بن زكريا' ثنانا هشام بن يونس' ثنا الدراوردي' عن جعفر بن محمد' عن ابيه- و اخرجه الدارمي (٢/ ٣٧٩) و سعيد بن منصور في سننه رقم (٢٤٠) والحاكم (٤/ ٣٤٥-٣٤٦) من طريق عبد العزيز بن محمد- و هو الدراوردي-حدثنا جعفر عن ابيه' به-

٤٠٠٨- اخرجه عبد الرزاق في مصنفه (١٠/ ٢٩٧) (١٩١٥٩) قال: اخبرنا الثوري و ابن عيينة عن عمرو بن دينار......به- واخرجه سعيد بن منصور في سننه (٢٣٤) عن سفيان عن عمرو ...... به' و ابن ابي شيبة (٦/ ٢٧٤) (٣١٣٢٨) عن ابن عيينة......به- و اشار اليه البيهقي في الكبرى (٦/ ٢٢٣)- قال الامام احمد- رحمه الله- وروي عن اياس بن عبد المزني انه قال: (يورث بعضهم من بعض)- و قول الجماعة اولى- اه-قال ابو داود في مسائل الامام احمد(٥/ ٢١٨): قلت للامام احمد: الغرقى يورث بعضهم من بعض؟ قال اكثر الاحاديث عليه' و لا نعلم بين اهل الكوفة فيه اختلافاً حتى جاء ابو حنيفة فقاله- اه-

حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ أَبِي الْمِنْهَالِ عَنْ إِيَاسِ بْنِ عَبْدٍ وَّلَهُ صُحْبَةٌ أَنَّ قَوْمًا وَقَعَ عَلَيْهِمْ بَيْتٌ فَوُرِّثَ بَعْضُهُمْ مِنْ بَعْضٍ.

☆☆ ایاس بن عبد کو صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے (وہ فرماتے ہیں:) کچھ لوگوں پر ان کا گھر گر گیا تو انہیں ایک دوسرے کا وارث بنایا گیا۔

4009- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمْدَوَيْهِ حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ أَبِي الْمِنْهَالِ عَنْ إِيَاسِ بْنِ عَبْدٍ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ بَيْتٍ سَقَطَ عَلَى نَاسٍ فَمَاتُوا فَقَالَ يُوَرَّثُ بَعْضُهُمْ مِنْ بَعْضٍ.

☆☆ ایاس بن عبد کے بارے میں یہ بات منقول ہے: ان سے ایسے گھر کے بارے میں دریافت کیا گیا جو لوگوں پر گر جاتا ہے اور وہ لوگ مر جاتے ہیں' تو انہوں نے فرمایا. وہ لوگ ایک دوسرے کے وارث بنیں گے۔

4010- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَرِثُ الْمُسْلِمُ النَّصْرَانِيَّ إِلَّا أَنْ يَكُونَ عَبْدَهُ أَوْ أَمَتَهُ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: کوئی بھی مسلمان کسی عیسائی کا وارث نہیں بن سکتا' البتہ اگر وہ (عیسائی) اس (مسلمان) کا غلام یا کنیز ہوں (تو وارث بن جائے گا)۔

4011- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ وَّأَبُو الْأَزْهَرِ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ لَا يَرِثُ الْيَهُودِيُّ وَلَا النَّصْرَانِيُّ الْمُسْلِمَ وَلَا يَرِثُهُمْ إِلَّا أَنْ يَكُونَ عَبْدَ الرَّجُلِ أَوْ أَمَتَهُ. مَوْقُوفٌ وَّهُوَ الْمَحْفُوظُ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کوئی یہودی یا کوئی عیسائی' کسی مسلمان کا وارث نہیں بن سکتا اور مسلمان ان لوگوں کا وارث نہیں بنے گا' البتہ اگر وہ (یہودی یا عیسائی مسلمان کا) غلام ہو یا اس کی کنیز ہو (تو حکم مختلف ہوگا)۔

یہ روایت "موقوف" ہے اور یہی محفوظ ہے۔

4012- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ مِهْرَانَ السَّوَّاقُ حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ الْفَقِيهُ إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَيْمُونٍ حَدَّثَنَا أَبُو غَسَّانَ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ أَشْعَثَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ جَابِرٍ رَفَعَهُ قَالَ لَا نَرِثُ أَهْلَ

٤٠٠٩-راجع الذي قبله-

٤٠١٠-اخرجه البيهقي في الكبرى (٢١٨/٦) من طريق الدارقطني' به- و اخرجه النسائي في الكبرى (٦٣٨٩) من طريق محمد بن عمرو اليافعي عن ابن جريج عن ابي الزبير عن جابر موفوعاً- لكن خالفه عبد الرزاق' فاخرجه في المصنف (١٩٣١٠): اخبرنا ابن جريج' اخبرني ابو الزبير: انه سمع جابر بن عبد الله يقول...... فذكره موقوفاً على جابر' و من طريق عبد الرزاق اخرجه الدارقطني بعد هذا' و صوب الموقوف-

٤٠١١-اخرجه عبد الرزاق (١٩٣١٠)' و من طريقه الدارقطني هنا اخرجه البيهقي في السنن (٢١٨/٦) و اخرجه الترمذي (٢١٠٨) من طريق ابن ابي ليلى عن ابي الزبير عن جابر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لا يتوارث اهل ملتين- قال الترمذي: (هذا حديث لا نعرفه من حديث جابر الا من حديث ابن ابي ليلى)- اه- و راجع الذي قبله-

الْكِتَابِ وَلَا يُوَرِّثُوا إِلَّا أَنْ يَرِثَ الرَّجُلُ عَبْدَهُ أَوْ أَمَتَهُ وَتَحِلُّ لَنَا نِسَاؤُهُمْ وَلَا تَحِلُّ لَهُمْ نِسَاؤُنَا.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ "مرفوع" حدیث کے طور پر یہ بات نقل کرتے ہیں کہ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:) ہم اہل کتاب کے وارث نہیں بن سکتے اور وہ ہمارے وارث نہیں بن سکتے' البتہ کوئی شخص اپنے (اہل کتاب سے تعلق رکھنے والے) غلام یا کنیز کا وارث بن سکتا ہے' ہمارے لیے ان کی خواتین (سے نکاح کرنا) حلال ہے' البتہ ان کے لیے ہماری خواتین سے نکاح کرنا حلال نہیں ہے۔

شرح:

صحابہ کرام' تابعین عظام اور فقہاء کی بڑی اکثریت اس بات کی قائل ہے کہ کوئی مسلمان کسی کافر کا وارث نہیں بن سکتا' تاہم حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اس بات کے قائل ہیں کہ کوئی کافر کسی مسلمان کا وارث نہیں بن سکتا' لیکن مسلمان کافر کا وارث بن سکتا ہے۔ تابعین میں سے سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ اسی بات کے قائل ہیں۔

مرتد شخص اگر مر جاتا ہے یا قتل ہو جاتا ہے تو حجاز کے اکثر فقہاء نے اس کے مال کو بیت المال میں شامل کرنے کا حکم دیا ہے' ان کے نزدیک مرتد کے ورثاء اس کے وارث نہیں بنیں گے۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اسی بات کے قائل ہیں۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ' کوفہ کے تمام فقہاء اور بصرہ کے علماء اس بات کے قائل ہیں کہ اگر مرتد کے ورثاء مسلمان نہ ہوں تو انہیں وراثت میں حصہ ملے گا۔

صحابہ کرام میں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اسی بات کے قائل ہیں۔

4013- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَتْحِ الْقَلَانِسِيُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَوَارَثُ أَهْلُ مِلَّتَيْنِ شَتَّى مُخْتَلِفَتَيْنِ. قَالَ وَالْمَرْأَةُ تَرِثُ مِنْ عَقْلِ زَوْجِهَا وَمَالِهِ وَهُوَ يَرِثُ مِنْ عَقْلِهَا وَمَالِهَا إِلَّا أَنْ يَقْتُلَ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ فَإِنْ هُوَ قَتَلَهُ عَمْدًا لَمْ يَرِثْ مِنْ مَالِهِ وَلَا مِنْ دِيَتِهِ شَيْئًا فَإِنْ قُتِلَ خَطَأً وَرِثَ مِنْ مَالِهِ وَلَمْ يَرِثْ مِنْ دِيَتِهِ شَيْئًا.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ ایک دوسرے کے وارث نہیں بن سکتے ہیں۔

آپ نے یہ بات بھی ارشاد فرمائی ہے: عورت اپنے شوہر کی دیت اور اس کے مال میں سے وارث بنے گی اور وہ مرد بھی اس عورت کی دیت کے مال میں سے وارث بنے گا' البتہ اگر ان میں سے کوئی ایک دوسرے کو قتل کر دیتا ہے' تو اگر اس نے اپنے

۴۰۱۲- اخرجه الدارمي في سننه كتاب: الفرائض (۲/۳۶۹) باب: ميراث اهل الشرك: حدثنا محمد بن عيسى 'ثنا شريك عن الاشعث عن الحسن عن جابر' به- و شريك بن عبد الله القاضي ضعيف-

۴۰۱۳- تقدم تخريجه قريباً-

ساتھی کو جان بوجھ کر قتل کیا ہے' تو اس کے مال میں سے وارث نہیں بنے گا اور دیت میں سے بھی وارث نہیں بنے گا لیکن اگر مقتول خطاء کے طور پر قتل ہوا تو (دوسرا فریق) اس کے مال میں سے وارث بنے گا لیکن دیت میں سے کسی چیز کا وارث نہیں بنے گا۔

شرح:

اس بات پر تمام فقہاء کا اتفاق ہے کہ ایک مذہب کے ماننے والے ایک دوسرے کے وارث بنیں گے۔

لیکن کیا (اسلام کے علاوہ) دو مختلف مذاہب کے ماننے والے ایک دوسرے کے وارث بنیں گے؟ اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور ایک گروہ اس بات کا قائل ہے کہ (اسلام کے علاوہ) دو مختلف مذاہب کے ماننے والے ایک دوسرے کے وارث نہیں بنیں گے۔ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ' امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر فقہاء اس بات کے قائل ہیں کہ تمام کفار ایک دوسرے کے وارث بنیں گے۔

4014- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَتْحِ الْقَلَانِسِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ عمرو بن شعیب کے حوالے سے ان کے والد کے حوالے سے ان کے دادا کے حوالے سے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند منقول ہے۔

4015- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِى حَسَّانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشُّعَيْثِيُّ عَنْ زُفَرَ بْنِ وَثِيمَةَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَى الضَّحَّاكِ بْنِ سُفْيَانَ اَنْ يُوَرِّثَ امْرَاَةَ اَشْيَمَ الضِّبَابِيِّ مِنْ دِيَتِهِ.

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ضحاک بن سفیان رضی اللہ عنہ کو خط میں یہ لکھا تھا کہ وہ حضرت اشیم ضبابی کی اہلیہ کو ان صاحب کی دیت میں سے وارث قرار دیں۔

4016- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الصُّورِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشُّعَيْثِيُّ عَنْ زُفَرَ بْنِ وَثِيمَةَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّ زُرَارَةَ بْنَ اَبِى جُزَىٍّ اَوْ

۴۰۱۴- راجع الذي قبله-

۴۰۱۵- اخرجه الدارقطني في المؤتلف و المختلف (۱/۴۹۲) و ابن عبد البر في الاستيعاب (۲/۵۱۷) و عزاه ابن حجر في الاصابة (۱/۲٤۱) الى ابي يعلى' و لم اجده في المطبوع من مسنده ابي يعلى؛ فلعله في مسنده الكبير-قال الزيلعي في نصب الراية (٤/۳۵۲-۳۵۳): (وزفر بن وثيمة مجهول الحال......)-

۴۰۱۶- راجع الذي قبله-

حَزَنٍ- شَكَّ الصُّورِيُّ- قَالَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَى الضَّحَّاكِ بْنِ سُفْيَانَ اَنْ يُوَرِّثَ مِثْلَهُ .رَوَاهُ زُهَيْرُ بْنُ هُنَيْدٍ الْبَصْرِيُّ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ جُزَيٍّ عَنِ الْمُغِيرَةِ فَذَكَرَهُ .

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے وہ بیان کرتے ہیں: زرارہ بن جزئی یا شاید حزن نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے یہ کہا تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ضحاک بن سفیان کو خط میں یہ لکھا تھا کہ وہ وارث قرار دیں۔ اسکے بعد حسب سابق روایت ہے۔

اسی روایت کو دیگر راویوں نے بھی نقل کیا ہے۔

4017- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ قَتْلُ اَشْيَمَ خَطَأً.

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت اشیم کو خطاء کے طور پر قتل کر دیا گیا تھا۔

4018- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ مُسْلِمٍ اَخْبَرَهُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَامَ فَسَاَلَ هَلْ عِنْدَ اَحَدٍ عِلْمٌ بِقَضَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مِيرَاثِ الْمَرْاَةِ مِنْ عَقْلِ زَوْجِهَا فَقَالَ الضَّحَّاكُ بْنُ سُفْيَانَ اَنَا عِنْدِيْ مِنْ ذٰلِكَ عِلْمٌ قَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَيْنَا اَنْ نُوَرِّثَ امْرَاَةَ اَشْيَمَ الضِّبَابِيِّ مِنْ عَقْلِ زَوْجِهَا اَشْيَمَ.

☆☆ سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے دریافت کیا: کیا آپ میں سے کسی کے پاس اس بارے میں علم ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل ہو جانے والے شوہر کی دیت میں سے عورت کی وراثت کے بارے میں کوئی فیصلہ دیا ہو؟ تو اس بات پر حضرت ضحاک بن سفیان رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا تھا: میرے پاس اس بارے میں علم ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ خط لکھا تھا کہ ہم اشیم ضبابی کی اہلیہ کو ان کے شوہر اشیم کی دیت میں سے حصہ دیں۔

4019- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ وَّابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ عُمَرَ قَالَ مَا اَرَى الدِّيَةَ اِلَّا لِلْعَصَبَةِ لِاَنَّهُمْ يَعْقِلُوْنَ عَنْهُ فَهَلْ سَمِعَ اَحَدٌ مِنْكُمْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ وَقَالَ فَاَخَذَ بِذٰلِكَ عُمَرُ .زَادَ ابْنُ

٤٠١٧- اسناده ضعيف فيه عبد الله بن عمر: و هو العمري ضعيف، تقدمت ترجمته مرارًا-

٤٠١٨- اخرجه النسائي في الكبرى (تحفة الاشراف) (٤٩٧٣) عن سفيان عن يحيى بن سعيد، به- واخرجه احمد (٣/ ٤٥٢)، و ابو داود (٢٩٢٧)، و ابن ماجه (٢٦٤٢)، و الترمذي (١٤١٥، ٢١١٠)، و النسائي في الكبرى (تحفة الاشراف) (٤٩٧٣)، و البيهقي (٨/ ٥٧) من طريق سفيان بن عيينة عن الزهري، به- و اخرجه احمد (٣/ ٤٥٢)، و ابو داود (٢٩٢٧) من طريق عبد الرزاق عن معمر عن الزهري، به-

٤٠١٩- اخرجه عبد الرزاق (١٧٧٦٤، ١٧٧٦٥) و من طريقه احمد و ابو داود- و راجع الذي قبله-

جُرَيْجٍ وَّكَانَ قَتْلُهُ خَطَأً.

☆☆ سعید بن میسب رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں یہ سمجھتا ہوں کہ دیت صرف عصبہ رشتے داروں کو ملے گی کیونکہ یہی لوگ دیت ادا بھی کرتے ہیں' کیا آپ میں سے کسی نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے کچھ سنا ہے؟ اس کے بعد راوی نے حسب سابق حدیث نقل کی ہے اور اس میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے مطابق فیصلہ دیا۔

ابن جریج نامی راوی نے یہ الفاظ اضافی نقل کیے ہیں: وہ صاحب خطا کے طور پر قتل ہوئے تھے۔

4020- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْجَرَّاحِ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ حَدَّثَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ اَنَّ عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُ الدِّيَةُ لِلْعَاقِلَةِ وَلَاتَرِثُ الْمَرْاَةُ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا شَيْئًا حَتّٰى قَالَ الضَّحَّاكُ بْنُ سُفْيَانَ كَتَبَ اِلَىَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ .

☆☆ سعید بن میسب رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا تھا: دیت خاندان کو ملے گی اور عورت اپنے شوہر کی دیت میں سے کسی چیز کی وارث نہیں بنے گی' یہاں تک کہ حضرت ضحاک بن سفیان رضی اللہ عنہ نے انہیں یہ بتایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ خط میں لکھا تھا (اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے)۔

4021- حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِىُّ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ عَاصِمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عَلِىِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ قَالَ الدِّيَةُ تُقَسَّمُ عَلٰى فَرَائِضِ اللّٰهِ فَيَرِثُ مِنْهَا كُلُّ وَارِثٍ .

☆☆ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ فرائض کے مطابق دیت کو تقسیم کیا جائے گا اور وارث اس میں سے حصہ لے گا۔

4022- حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْعَثِ اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۴۰۲۰- راجع الذي قبله-

۴۰۲۱- اخرجه البيهقي في سننه (۸/ ۵۸) كتاب: الجنايات' باب: ميراث الدم و العقل- قال: حدثنا ابو الحسين بن بشران انبا ابو الحسن المصري' ثنا مالك بن يحيى' به-واخرجه سعيد بن منصور (۱/ ۱۳۲) من طريق ليث عن ابي عمرو العبدي عن علي قال: تقسم الدية على ما يقسم عليه الميراث- و في الاسناد الاول عامر: و هو الشعبي ثقة' لكنه لم يسمع منعلي بن ابي طالب الا حرفاً و احدًا نقل ذلك الحافظ في تهذيب التهذيب (۵/ ۶۷) عن الحافظ الدارقطني -وفي الاسناد الثاني ليث: و هو ابن ابي سليم' و هو ضعيف-

۴۰۲۲- اخرجه ابو داود (۳/ ۱۲۱) كتاب: الفرائض' باب: ما جاء في ميراث الصلب' الحديث (۲۸۹۱)' و البيهقي (۶/ ۲۲۹) من طريق بشر بن المفضل' به-قال ابو داود: اخطا بشر فيه' انما هما ابنتا سعد بنالربيع- و ثابت بن قيس قتل يوم اليمامة- اه- و الحديث اخرجه ابو داود (۲۸۹۲)' و من طريقه البيهقي (۶/ ۲۲۹) عن داود بن قيس وغيره من اهل العلم عن عبد الله بنمحمد بن عقيل عن جابر بن عبد الله: ان امراة سعد بن الربيع قالت: يا رسول الله' ان سعدًا هلك و ترك ابنتين...... و ساقه نحوه اي: نحو حديث بشر بن المفضل السابق- قال ابو داود: و هذا هو اصح -واخرجه الترمذي (۲۰۹۲)' واحمد (۳/ ۳۵۲) من طريق عبيد الله بن عمرو عن عبد الله بن محمد بن عقيل......به-وقال الترمذي: هذا حديث صحيح لا نعرفه الا من حديث عبد الله بن محمد بن عقيل' وقد اخرجه شريك-ايضاً- عن عبد الله بن محمد بن عقيل- اه-واخرجه-ايضا- ابن ماجه (۲۷۲۰) من طريق سفيان عبد الله بن محمد بن عقيل به-

وَسَلَّمَ حَتّٰى جِئْنَا امْرَاَةً بِالْاَسْوَافِ وَهِيَ جَدَّةُ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فَزُرْنَاهَا ذٰلِكَ الْيَوْمَ فَفَرَشَتْ لَنَا صَوْرًا فَقَعَدْنَا تَحْتَهُ بَيْنَ نَخْلٍ وَّذَبَحَتْ لَنَا شَاةً وَّعَلَّقَتْ لَنَا قِرْبَةً مِنْ مَّاءٍ فَبَيْنَمَا نَحْنُ نَتَحَدَّثُ جَاءَتِ امْرَاَةٌ بِابْنَتَيْنِ لَهَا فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَاتَانِ ابْنَتَا ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ - اَوْ قَالَتْ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ - قُتِلَ مَعَكَ يَوْمَ اُحُدٍ وَّقَدِ اسْتَفَاءَ عَمُّهُمَا مَالَهُمَا وَمِيرَاثَهُمَا فَلَمْ يَدَعْ لَهُمَا مَالًا اِلَّا اَخَذَهُ فَمَا تَرٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَوَاللّٰهِ مَا تُنْكَحَانِ اَبَدًا اِلَّا وَلَهُمَا مَالٌ .قَالَ فَقَالَ يَقْضِي اللّٰهُ فِيْ ذٰلِكَ . فَنَزَلَتْ سُوْرَةُ النِّسَاءِ وَفِيْهَا (يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْ اَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ) اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ادْعُوْا لِيَ الْمَرْاَةَ وَصَاحِبَهَا . فَقَالَ لِعَمِّهِمَا اَعْطِهِمَا الثُّلُثَيْنِ وَاَعْطِ اُمَّهُمَا الثُّمُنَ وَمَا بَقِيَ فَلَكَ .

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر پر جا رہے تھے یہاں تک کہ ''اسواف'' کے مقام پر ہم ایک خاتون کے پاس پہنچے جو خارجہ بن زید کی دادی تھیں ہم اس دن ان کے پاس ٹھہر گئے انہوں نے ہمارے لیے کپڑا بچھایا اور ہم کھجور کے درخت کے نیچے اس پر بیٹھ گئے۔ اس خاتون نے ہمارے لیے بکری ذبح کروائی' پانی کا مشکیزہ لا کر رکھا' اس دوران ہم گفتگو بھی کرتے رہے' اسی دوران ایک خاتون اپنی دو بچیوں کو لے کر حاضر خدمت ہوئی اور عرض کی: یارسول اللہ! یہ ثابت بن قیس کی صاحبزادیاں ہیں۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) سعید بن ربیع کی صاحبزادیاں ہیں جو آپ کے ساتھ غزوۂ اُحد میں شہید ہو گئے تھے' ان کے چچا نے ان کا مال اور وراثت کا حصہ اپنے قبضے میں لے لیا ہے' اس نے ان کے لیے کوئی مال نہیں چھوڑا سب حاصل کر لیا ہے' یارسول اللہ! آپ کی اس بارے میں کیا رائے ہے؟ اللہ کی قسم! جب تک ان دونوں کے پاس مال موجود نہیں ہوگا' ان دونوں کی شادی نہیں ہو سکتی۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس بارے میں فیصلہ دے گا تو سورۂ نساء کی آیت نازل ہوئی' جس میں یہ حکم ہے:

''اللہ تعالیٰ نے تمہیں تمہاری اولاد کے بارے میں یہ حکم دیا ہے کہ ایک مذکر کا حصہ دو مؤنث کے برابر ہوگا''۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے یہ فرمایا: اس عورت کو میرے پاس بلا کر لاؤ اور اس کے دوسرے فریق کو بھی لاؤ' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان بچیوں کے وصی سے یہ کہا کہ تم ان بچیوں کو دو تہائی حصہ دو اور ان کی والدہ کو آٹھواں حصہ دو' جو باقی بچ جائے گا وہ تمہیں ملے گا۔

4023- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ اَبُو الزِّنْبَاعِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَنِيِّ بْنُ رِفَاعَةَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَعْوَرُ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ لِلْمَرْاَةِ الثُّمُنَ وَلِلْابْنَتَيْنِ الثُّلُثَيْنِ وَمَا بَقِيَ فَلِلْاَخِ لِلْاَبِ وَالْاُمِّ.

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیوی کے لیے آٹھواں حصہ دو بیٹیوں کے لیے دو تہائی حصہ اور باقی بچ جانے والا مال سگے بھائی کے لیے مقرر کیا تھا۔

۴۰۲۳- راجع الذي قبله-

4024- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْاَشْعَثِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ سَلَّامٍ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ حَدَّثَنَا فُرَاتُ بْنُ سَلْمَانَ عَنِ ابْنِ عَقِيْلٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ جَاءَ تِ امْرَاَةُ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ سَعْدًا قُتِلَ مَعَكَ شَهِيْدًا ـ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ وَقَالَ فَاَرْسَلَ اِلٰى عَمِّهِمَا اَعْطِ هَاتَيْنِ الثُّلُثَيْنِ وَالْمَرْاَةَ الثُّمُنَ وَلَكَ مَا بَقِىَ ۔

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! حضرت سعد رضی اللہ عنہ آپ کے ساتھ شہید ہو گئے تھے (اس کے بعد راوی نے پوری حدیث ذکر کی ہے' جس میں یہ الفاظ ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان بچیوں کے چچا کو بلوایا اور فرمایا: تم ان دونوں بچیوں کو دو تہائی حصہ دو (مرحوم کی) بیوی کو آٹھواں حصہ دو' جو باقی بچ جائے گا وہ تمہیں ملے گا۔

4025- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ وَيَزِيْدُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلِ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ امْرَاَةَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ سَعْدًا هَلَكَ وَتَرَكَ ابْنَتَيْنِ وَاَخَاهُ فَعَمَدَ اَخُوْهُ فَقَبَضَ مَا تَرَكَ سَعْدٌ وَاِنَّمَا تُنْكَحُ النِّسَاءُ عَلٰى اَمْوَالِهِنَّ ـ فَلَمْ يُجِبْهَا فِىْ مَجْلِسِهٖ ذٰلِكَ ثُمَّ جَاءَ تْهُ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ابْنَتَا سَعْدٍ ـ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ادْعُ لِىْ اَخَاهُ ـ فَجَاءَ فَقَالَ ادْفَعْ اِلَى ابْنَتَيْهِ الثُّلُثَيْنِ وَاِلَى امْرَاَتِهِ الثُّمُنَ وَلَكَ مَا بَقِىَ ۔

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نے عرض کی: یارسول اللہ! حضرت سعد رضی اللہ عنہ انتقال کر گئے ہیں' انہوں نے (پس ماندگان میں) دو بیٹیاں اور ایک بھائی چھوڑا ہے' ان کے بھائی نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا چھوڑا ہوا سارا مال اپنے قبضے میں لے لیا ہے' خواتین کے ساتھ ان کی مالی حیثیت کے حساب سے نکاح کیا جاتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس محفل کے دوران اس خاتون کو کوئی جواب نہیں دیا' پھر وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اس نے عرض کی: یارسول اللہ! حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی دو صاحبزادیوں کا معاملہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے بھائی کو میرے پاس بلا کر لاؤ' وہ شخص آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کی بیٹیوں کو دو تہائی حصہ دو' اس کی اہلیہ کو آٹھواں حصہ دو اور جو باقی بچ جائے گا وہ تمہیں ملے گا۔

4026- قُرِءَ عَلَى ابْنِ صَاعِدٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجَوَيْهِ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ اَبِىْ قَيْسٍ عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيْلَ قَالَ اَتٰى رَجُلٌ اَبَا مُوْسَى الْاَشْعَرِيَّ وَسَلْمَانَ بْنَ رَبِيْعَةَ فَسَاَلَهُمَا عَنْ بِنْتٍ وَّبِنْتِ ابْنٍ وَّاُخْتٍ لِاَبٍ وَّاُمٍّ فَقَالَا لِلْابْنَةِ النِّصْفُ وَلِلْاُخْتِ مَا بَقِىَ وَقَالَا انْطَلِقْ اِلٰى

۴۰۲۴- فيه فرات بن سليمان: ذكره المزي في الاخرجه عن عبد الله بن محمد' لكن لم اظفر له بترجمة- وراجع تخريج السابق-

۴۰۲۵- في اسناده يزيد بن عياض: وهو ابو الحكم المدني' كذبه مالك وغيره؛ كما قال الحافظ في التقريب (۷۸۱۲) وراجع الذي قبله-

۴۰۲۶- اخرجه البخاري (۶۷۴۲) و الترمذي (۲۰۹۳) و ابن ماجه (۲۷۲۱) و احمد (۱/ ۳۸۹، ۴۴۰) و الدارمي (۲۸۹۳- ط: هاشمي) و ابن الجارود في المنتقى (۹۳۶) و الحاكم (۴/ ۳۳۴) و البيهقي (۶/ ۲۳۰) من طريق سفيان عن ابي قيس...... به-واخرجه البخاري (۶۷۳۶) و النسائي في الكبرى (تحفة ۹۵۹۷) من طريق شعبة عن ابي قيس الاودي...... به-

عَبْدِ اللّٰهِ فَاسْأَلْهُ فَإِنَّهُ سَيُتَابِعُنَا. فَأَتَى عَبْدَ اللّٰهِ فَسَأَلَهُ فَأَخْبَرَهُ بِمَا قَالَا قَالَ وَلٰكِنِّي أَقْضِي فِيهَا كَمَا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النِّصْفُ لِلْبِنْتِ وَلِابْنَةِ الِابْنِ السُّدُسُ تَكْمِلَةَ الثُّلُثَيْنِ وَلِلْأُخْتِ مَا بَقِيَ.

☆☆ حضرت ہزیل بن شرحبیل بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ اور سلمان بن ربیعہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے ان دونوں حضرات سے ایک بیٹی' ایک پوتی اور ایک سگی بہن کی وراثت کا حکم دریافت کیا تو ان دونوں حضرات نے یہ فرمایا: بیٹی کو نصف حصہ ملے گا اور باقی بچ جانے والا مال اس کی بہن کو مل جائے گا' پھر ان دونوں نے فرمایا: تم حضرت عبداللہ کے پاس جاؤ اور ان سے اس بارے میں دریافت کرو وہ بھی ہماری رائے کے مطابق جواب دیں گے۔ وہ شخص حضرت عبداللہ کے پاس آیا' ان سے اس بارے میں دریافت کیا اور انہیں یہ بھی بتایا کہ ان دونوں حضرات نے یہ جواب دیا ہے۔ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس بارے میں وہ فیصلہ دوں گا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا تھا: نصف حصہ بیٹی کو ملے گا' چھٹا حصہ پوتی کو ملے گا تاکہ دو تہائی حصے مکمل ہو جائیں اور باقی بچ جانے والا مال اس کی بہن کو ملے گا۔

4027 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّعْمَانِيُّ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجَرْجَرَائِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي قَيْسٍ الْأَوْدِيِّ بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

4028 - قُرِئَ عَلَى ابْنِ صَاعِدٍ وَأَنَا أَسْمَعُ حَدَّثَكُمُ ابْنُ زَنْجُوَيْهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي قَيْسٍ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

4029 - قُرِئَ عَلَى أَبِي الْقَاسِمِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَأَنَا أَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَرْوَانَ عَنِ الْهُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ أَنَّ أَبَا مُوسَى الْأَشْعَرِيَّ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ تَرَكَ ابْنَتَهُ وَبِنْتَ ابْنِهِ وَأُخْتَهُ لِأَبِيهِ وَأُمِّهِ فَقَالَ لِلْبِنْتِ النِّصْفُ وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ لِلْأَبِ وَالْأُمِّ وَقَالَ إِنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ سَيَقُولُ مِثْلَ مَا قُلْتُ فَسَأَلُوا ابْنَ مَسْعُودٍ وَأَخْبَرُوهُ بِمَا قَالَ أَبُو مُوسَى فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ كَيْفَ أَقُولُ وَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِلِابْنَةِ النِّصْفُ وَلِابْنَةِ الِابْنِ السُّدُسُ تَكْمِلَةَ الثُّلُثَيْنِ وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ مِنَ الْأَبِ وَالْأُمِّ.

☆☆ ہزیل بن شرحبیل بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو پس ماندگان میں ایک بیٹی' ایک پوتی اور ایک سگی بہن چھوڑ کر جاتا ہے' تو حضرت ابوموسیٰ نے فرمایا: اسکی بیٹی کو نصف

٤٠٢٧- اخرجه ابن ماجه (٢٧٢١) و احمد (١/٣٨٩) من طريق وكيع' به- و راجع الذي قبله-

٤٠٢٨- راجع الذي قبله-

٤٠٢٩- في اسناده الحجاج بن ارطاة' و هو ضعيف' وقد تقدم الكلام عليه مرارًا- لكن تابعه شعبة فاخرجه عن عبد الرحمن: اخرجه الطبراني في الكبير (٩٨٧١) من طريق شعبة' اخبرني عبد الرحمن بن ثروان' به- وعبد الرحمن بن ثروان و ان كان قد خرج له البخاري واصحاب السنن الا انه ربما خالف مع صدقه- قال الحافظ في التقريب (٣٨٤٧): (صدوق ربما خالف)-

حصہ ملے گا اور جو مال باقی بچ جائے گا وہ اس کی بہن کو مل جائے گا' پھر حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بھی اسی کے مطابق جواب دیں گے جو میں نے کہا ہے۔لوگوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں دریافت کیا اور انہیں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے جواب کے بارے میں بھی بتایا تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں یہ کیسے کہہ سکتا ہوں؟ جبکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: (ایسی صورت حال میں) بیٹی کو نصف حصہ ملے گا' پوتی کو چھٹا حصہ ملے گا' اس طرح دو تہائی حصے مکمل ہو جائیں گے اور جو باقی بچ جائے گا وہ سگی بہن کو مل جائے گا۔

4030- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْمُحَارِبِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو حَدَّثَنِي شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مِيرَاثِ الْعَمَّةِ وَالْخَالَةِ فَسَكَتَ وَهُوَ رَاكِبٌ فَسَارَ هُنَيَّةً فَقَالَ حَدَّثَنِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ أَنْ لَا مِيرَاثَ لَهُمَا . وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ وَغَيْرُهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو .وَرَوَاهُ مَسْعَدَةُ بْنُ الْيَسَعَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَوَهِمَ فِيهِ وَالْأَوَّلُ أَصَحُّ وَحَدِيثُ مَسْعَدَةَ يَأْتِي بَعْدَ هٰذَا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن ابونمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پھوپھی اور خالہ کی وراثت کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے۔آپ اس وقت سواری پر سوار تھے' آپ نے اپنی رفتار کم کر دی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جبرائیل نے مجھے بتایا ہے کہ ان دونوں کو وراثت میں حصہ نہیں ملے گا۔ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

4031- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا ابْنُ الدَّرَاوَرْدِيِّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ أُمَّ كُلْثُومٍ بِنْتَ عَلِيٍّ وَابْنَهَا زَيْدًا وَقَعَا فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ وَالْتَقَتِ الصَّائِحَتَانِ فَلَمْ يُدْرَ أَيُّهُمَا هَلَكَ قَبْلُ فَلَمْ تَرِثْهُ وَلَمْ يَرِثْهَا وَأَنَّ أَهْلَ صِفِّينَ لَمْ يَتَوَارَثُوا وَأَنَّ أَهْلَ الْحَرَّةِ لَمْ يَتَوَارَثُوا.

☆☆ امام جعفر صادق اپنے والد (امام محمد باقر) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی اُم کلثوم اور ان (خاتون) کے صاحبزادے زید (جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے تھے) یہ دونوں ایک ہی دن انتقال کر گئے' ان کے انتقال کا وقت قریب قریب تھا' یہ پتہ نہیں چل سکا کہ ان دونوں میں سے کون پہلے انتقال کر گیا تھا؟ تو وہ خاتون اس بچے کی وارث نہیں بنی اور وہ بچہ اس خاتون کا وارث نہیں بنا۔اسی طرح اہل صفین بھی ایک دوسرے کے وارث نہیں بنے تھے۔اسی طرح واقعۂ حرہ (میں مارے جانے والے لوگ) ایک دوسرے کے وارث نہیں بنے تھے۔

۴۰۳۰- اخرجه هنا مرسلا' و اعاده مرة اخرى في آخر كتاب: الفرائض' من طريق عبد الوهاب الثقفي عن محمد بن عمرو...... به- وخرج هناك رواية ابي هريرة التي علقها هنا' و سياتي تخريجه هناك-

۴۰۳۱- تقدم تخريجه رقم (۴۰۰۷)-

شرح:

فقہاء کا اس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ جب جنگ کے دوران' پانی میں ڈوبنے کی وجہ سے' کسی عمارت کے ملبے کے نیچے آ کر' کئی لوگ فوت ہو جائیں اور یہ پتہ نہ چل سکے کہ ان میں سے کون پہلے مرا تھا' اور وہ سب صاحبِ میراث ہوں تو ان کی وراثت کی تقسیم کا طریقہ کار کیا ہوگا۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اور اہلِ مدینہ اس بات کے قائل ہیں: ایسے لوگ ایک دوسرے کے وارث نہیں بنیں گے' البتہ ان کے علاوہ ان کے دیگر ورثاء ان کے وارث بن جائیں گے۔ اور اگر ان کا کوئی وارث نہ ہو تو ان کا مال بیت المال میں جمع ہو جائے گا۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اسی بات کے قائل ہیں' امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کے مطابق امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی موقف ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ایک روایت کے مطابق امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں: ایسے لوگ ایک دوسرے کے وارث بنیں گے۔

4032- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اَبِىْ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ هَانِءٍ عُمَرُ بْنُ بَشِيْرٍ قَالَ سُئِلَ عَامِرٌ عَنْ مَّوْلُوْدٍ لَيْسَ بِذَكَرٍ وَّلَا اُنْثٰى لَيْسَ لَهٗ مَا لِلذَّكَرِ وَلَا مَا لِلْاُنْثٰى يَخْرُجُ مِنْ سُرَّتِهٖ كَهَيْئَةِ الْبَوْلِ وَالْغَائِطِ فَسُئِلَ عَامِرٌ عَنْ مِيْرَاثِهٖ فَقَالَ عَامِرٌ نِصْفُ حَظِّ الذَّكَرِ وَنِصْفُ حَظِّ الْاُنْثٰى.

☆☆ شیخ ابوہانی عمر بن بشیر فرماتے ہیں: حضرت عامر رضی اللہ عنہ سے ایسے بچے کے بارے میں دریافت کیا گیا جو نہ مذکر ہے نہ مؤنث ہے' نہ اس میں مرد کا کوئی علامتی نشان ہے' نہ مؤنث کا علامتی نشان ہے' بلکہ اس کی ناف کی جگہ سے پیشاب یا پاخانہ نکل آتا ہے۔ حضرت عامر رضی اللہ عنہ سے اس کی وراثت کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: اسے مرد کی وراثت کا نصف حصہ ملے گا اور عورت کی وراثت کا نصف حصہ ملے گا۔

4033- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ وَاَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْعَلَاءِ قَالَا حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا

۴۰۳۲- اخرجه الدارمي (۲/ ۳۶۵)' حدثنا ابو نعيم ثنا ابو هاني'...... به' وابن ابي شيبة (٦/ ۲۷۷) رقم (۳۱۳٦۷)' حدثنا وكيع' ثنا عمر بن بشير الهمداني عن الشعبي' به-

۴۰۳۳- اخرجه الحاكم (٤/ ۳۳۲) من طريق النضر بن شميل عن عوف بن ابي جميلة عن سليمان بن جابر...... به- و قال الحاكم: (صحيح الاسناد' و لم يخرجاه' و له علة)- اه- ثم اخرجه من طريق هوذة بن خليفة' ثنا عوف عن رجل عن سليمان بن جابر عن ابن مسعود' به- ثم قال: (واذا اختلف النضر بن شميل و هوذة' فالحكم للنضر)- و اخرجه الترمذي (۲۰۹۱)' و البيهقي (٦/ ۲۰۸) من طريق ابي اسامة عن عوف عن رجل عن سليمان' به فتابع هوذة عليه- واعله الحافظ في التلخيص (۳/ ۱۷۱) بالانقطاع- و اخرجه النسائي في الكبرى (٦۳۰۵)' و الدارمي (۲۲۷ ط: هاشمي) من طريقين عن عوف الاعرابي عن سليمان بن جابر' به- و اخرجه النسائي في الكبرى (٦۳۰٦) من طريق ابن المبارك عن عوف قال: بلغني عن سليمان بن جابر ...... فذكره- قال الالباني في الارواء (٦/ ۱۰۳): قال الترمذي: حديث فيه اضطراب- قلت- اى: الالباني -: و سليمان مجهول' و من الاضطراب فيه ما اخرجه المثنى بن بكر العطار' عن عوف' ثنا سليمان' عن ابي الاحوص' عن عبد الله...... فذكره مرفوعًا' الا انه اخرجه البيهقي- اه- ورواية المثنى بن بكر التي اشار اليها الدارقطني هنا' اخرجها البيهقي في سننه (٦/ ۲۰۸)' ورواية ابي هريرة التي ذكرها الدارقطني هنا' اخرجها الترمذي في سننه (۲۰۹۱): حدثنا عبد الاعلى بن واصل' حدثنا محمد بن القاسم الاسدي' حدثنا الفضل بن دلهم...... به- وقد تقدم الحديث من طريق اخرى عن ابي هريرة في اول كتاب: الفرائض-

عَمْرُو بْنُ حُمْرَانَ عَنْ عَوْفٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ جَابِرٍ الْهَجَرِيِّ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ وَعَلِّمُوْهُ النَّاسَ وَتَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَعَلِّمُوْهَا النَّاسَ وَتَعَلَّمُوا الْعِلْمَ وَعَلِّمُوْهُ النَّاسَ فَإِنِّيْ امْرُؤٌ مَقْبُوضٌ وَإِنَّ الْعِلْمَ سَيُقْبَضُ وَتَظْهَرُ الْفِتَنُ حَتّٰى يَخْتَلِفَ الْإِثْنَانِ فِي الْفَرِيضَةِ لَا يَجِدَانِ مَنْ يَفْصِلُ بَيْنَهُمَا . تَابَعَهُ جَمَاعَةٌ عَنْ عَوْفٍ . وَرَوَاهُ الْمُثَنَّى بْنُ بَكْرٍ عَنْ عَوْفٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ جَابِرٍ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بِهٰذَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . قَالَ وَقَالَ الْفَضْلُ بْنُ دَلْهَمٍ عَنْ عَوْفٍ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: قرآن کا علم حاصل کرو اور لوگوں کو اس کی تعلیم دو وراثت کا علم حاصل کرو اور لوگوں کو اس کی تعلیم دو علم حاصل کرو اور لوگوں کو اسکی تعلیم دو کیونکہ میں انتقال کر جاؤں گا اور عنقریب علم کو بھی اٹھالیا جائے گا اور فتنے ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے یہاں تک کہ وراثت کے حصے کے بارے میں دو آدمیوں کے درمیان اختلاف ہوگا تو ان دونوں کو کوئی ایسا شخص نہیں ملے گا جو ان دونوں کے درمیان فیصلہ کر سکے۔

یہی روایت بعض دیگر اسناد کے حوالے سے بھی منقول ہے۔

4034- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ قَرَأْتُ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ بْنِ يُوْسُفَ الْبَلْخِيِّ حَدَّثَنَا الْمُسَيَّبُ بْنُ شَرِيْكٍ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ وَعَلِّمُوْهُ النَّاسَ وَتَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَعَلِّمُوْهَا النَّاسَ وَتَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ وَعَلِّمُوْهُ النَّاسَ فَإِنِّيْ امْرُؤٌ مَقْبُوضٌ وَإِنَّ الْعِلْمَ سَيُقْبَضُ وَتَظْهَرُ الْفِتَنُ حَتّٰى يَخْتَلِفَ الْإِثْنَانِ فِيْ فَرِيضَةٍ فَلَا يَجِدَانِ اَحَدًا يَفْصِلُ بَيْنَهُمَا .

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: علم حاصل کرو اور لوگوں کو اس کی تعلیم دو وراثت کا علم حاصل کرو اور لوگوں کو اس کی تعلیم دو قرآن کا علم حاصل کرو اور لوگوں کو اس کی تعلیم دو میں عنقریب انتقال کر جاؤں گا اور عنقریب علم کو بھی اٹھالیا جائے گا اور فتنے ظاہر ہوں گے یہاں تک کہ دو آدمیوں کے درمیان وراثت کے حصے کے بارے میں اختلاف ہوگا تو ان دونوں کو ایسا کوئی شخص نہیں ملے گا جو ان دونوں کے درمیان فیصلہ کر سکے۔

4035-حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ زَيْدٍ الْحِنَّائِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ عَتَّابٍ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي الْعَبَّاسِ الرَّمْلِيُّ حَدَّثَنَا ضَمْرَةُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحَسَنِ قَالَ قُلْتُ لِسُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ اَرَاَيْتَ لَوْ وُلِّيتَ

۴۰۳۴- هذا الحديث اسناده ضعيف؛ فيه المسيب بن شريك: قال يحيى: ليس بشيء- وقال احمد: ترك الناس حديثه- وقال البخاري: سكتوا عنه- وقال مسلم و جماعة: متروك- وقال الدارقطني: ضعيف- انظر: ميزان الاعتدال (۶/ ۴۳۰)-

۴۰۳۵- اسناده حسن-

الْقَضَاءَ بِفَرَائِضِ مَنْ كُنْتَ تَأْخُذُ قَالَ بِفَرَائِضِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ.

☆☆ سعید بن حسن بیان کرتے ہیں: میں نے سفیان ثوری سے کہا: اگر آپ وراثت کے بارے میں فیصلہ دینے کا عہدہ سنبھال لیں تو اس بارے میں کس سے رہنمائی حاصل کریں گے؟ تو سفیان نے جواب دیا: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے وراثت سے متعلق (فیصلوں سے رہنمائی حاصل کروں گا)۔

4036- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ قَدِمَ عَلَيْنَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ حِيْنَ بَعَثَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ فِيْنَا فَاَعْطَى الْاِبْنَةَ النِّصْفَ وَالْاُخْتَ النِّصْفَ وَلَمْ يُوَرِّثِ الْعَصَبَةَ شَيْئًا.

☆☆ اسود بن یزید بیان کرتے ہیں کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ہمارے پاس تشریف لائے' یہ اس وقت کی بات ہے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بھیجا تھا' انہوں نے ہمارے درمیان (وراثت) تقسیم کی تو انہوں نے بیٹی کو نصف حصہ دیا' بہن کو نصف حصہ دیا اور عصبہ رشتے داروں کو کچھ بھی نہیں دیا۔

4037- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَخْبَرَنَا بَحْرٌ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي حَبِيْبٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَعْطَى الْبِنْتَ النِّصْفَ وَاَعْطَى الْاُخْتَ مَا بَقِيَ.

☆☆ ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے بیٹی کو نصف حصہ دیا تھا اور باقی بچ جانے والا مال بہن کو دے دیا تھا۔

4038- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِيُّ اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَسَّانَ الْاَعْرَجُ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ الْكُوْفِيِّ اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ اُتِيَ بِالْيَمَنِ فِي مِيْرَاثِ رَجُلٍ تَرَكَ ابْنَتَهُ وَاُخْتَهُ فَاَعْطَى ابْنَتَهُ النِّصْفَ وَاُخْتَهُ النِّصْفَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيٌّ بَيْنَ اَظْهُرِهِمْ.

☆☆ اسود بن یزید کوفی بیان کرتے ہیں کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے یمن میں ایک شخص کی وراثت تقسیم کی' جس نے پس ماندگان میں ایک بیٹی اور ایک بہن چھوڑی تھی' حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے اس کی بیٹی کو نصف حصہ دیا اور بہن کو نصف حصہ دیا' یہ اس وقت کی بات ہے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے درمیان موجود ہے (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ

۴۰۳۶- اخرجه البخاري في صحيحه (۶۷۳۴) من طريق اشعث عن الاسود بن يزيد به- واخرجه في (۶۷۴۱) من طريق ابراهيم عن الاسود قال: قضى فينا معاذ بن جبل على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم: النصف للابنة' و النصف للاخت- ثم قال سليمان: قضى فينا- و لم يذكر (على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم) و اخرجه ابو داود (۲۸۹۳) من طريق ابي حسان عن الاسود بن يزيد ان معاذ بن جبل ورث اختاً و ابنة' فجعل لكل واحدة منهما النصف و هو باليمن و نبي الله صلى الله عليه وسلم يومئذ حي-

۴۰۳۷- اخرجه ابن ابي شيبة في المصنف (۲۴۲/۶) رقم (۳۱۰۷۲): حدثنا زيد بن الحباب' قال: حدثني يحيى بن ايوب المصري......به- و يحيى بن ايوب المصري الغافقي: قال الحافظ في التقريب (۷۵۶۱): صدوق' ربما اخطا-

۴۰۳۸- اخرجه ابو داود (۲۸۹۳)- وقد تقدم من غير هذا الطريق قريباً-

وسلم کی ظاہری زندگی کی بات ہے)۔

4039- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمِنْقَرِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ مَوْلًى لِحَمْزَةَ تُوُفِّيَ وَتَرَكَ ابْنَتَهُ وَابْنَةَ حَمْزَةَ فَاَعْطَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَتَهُ النِّصْفَ وَلِابْنَةِ حَمْزَةَ النِّصْفَ . هٰكَذَا اَخْبَرَنَاهُ مِنْ اَصْلِهٖ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا غلام فوت ہو گیا' اس نے ایک بیٹی اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی ایک صاحبزادی (اپنے پس ماندگان میں) چھوڑی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس غلام کی بیٹی کو نصف حصہ دیا اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی کو بھی نصف حصہ دیا۔

4040- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ ابْنَ ابْنِيْ مَاتَ فَمَا لِيْ مِنْ مِيْرَاثِهٖ قَالَ لَكَ السُّدُسُ . فَلَمَّا اَدْبَرَ دَعَاهُ فَقَالَ لَكَ سُدُسٌ اٰخَرُ . فَلَمَّا اَدْبَرَ دَعَاهُ فَقَالَ لَكَ سُدُسٌ اٰخَرُ طُعْمَةً .

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کی: میرے بیٹے کا انتقال ہو گیا ہے مجھے اس کی وراثت میں سے کیا ملے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہیں چھٹا حصہ ملے گا جب وہ واپس چلا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلایا اور فرمایا: تمہیں ایک اور چھٹا حصہ بھی ملے گا' جب وہ واپس چلا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلایا ور فرمایا: تمہیں ایک اور چھٹا حصہ بھی اضافی طور پر ملے گا۔

4041- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ النُّعْمَانِيُّ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجَرْجَرَائِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ

۴۰۳۹- في اسناده سليمان بن داود المنقري الشاذكوني' ذكره الدارقطني في الضعفاء و المتروكين (ت۲۵۲)- وقال البخاري في التاريخ الصغير (۲/۳٦٤): فيه نظر' لكن و ثقه ابو زرعة الرازي؛ قال الترمذي في السنن (۱/۲۷۱): سمعت ابا زرعة عبيد الله بن عبد الكريم يقول: لم ار بالبصرة احفظ من هؤلاء الثلاثة: علي بن المديني و ابن الشاذكوني و عمرو بن علي الفلاس- اه- و قد جاء من طريق آخر عن عبد الله بن شداد عن بنت حمزة قالت: مات مولاي' و ترك ابنة' فقسم رسول الله صلى الله عليه وسلم ماله بيني ابنته' فجعل لي النصف' و لها النصف- اخرجه ابن ماجه (۲۷۳٤)' والدارمي (۲/۳۷۳)' و الحاكم (٤/٦٦)' و الطبراني في الكبير (۲٤/۳۵۳-۳۵٤) رقم (۸۷٤) و ما بعده- قال الحافظ في التلخيص (۳/۱۷۳-۱۷٤): في اسناده ابن ابي ليلى القاضي' و اعله النسائي بالارسال' و صحح هو والدارقطني الطريق المرسلة- اه-

۴۰۴۰- اخرجه ابو داود (۲۸۹٦)' والترمذي (۲۰۹۹)' والنسائي في الكبرى (٦۳۳۷)' و احمد (٤/٤۲۸' ٤۳٦)' والبيهقي في السنن (٦/۲٤٤) من طرق عن همام بن يحيى عن قتادة' به- قال الترمذي: (هذا حديث حسن صحيح)- اه-

۴۰۴۱- اخرجه الترمذي (۲۱۰۳)' و النسائي في الكبرى كما في التحفة (٤/۸)' و ابن ماجه (۲۷۳۷)' و احمد (۱/۲۸' ٤٦)' و ابن حبان (٦۰۳۷)' و ابن الجارود في المنتقى (۹٦٤)' و الطحاوي في شرح المعاني (٤/۳۹۷)' والبيهقي (٦/۲۱٤) من طريق عبد الرحمن بن الحارث......به- قال الترمذي: (حسن صحيح)- و للحديث شواهد من حديث عائشة الآتي بعده وغيره-

عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَيَّاشٍ عَنْ حَكِيمِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ رَمٰى رَجُلٌ رَجُلاً بِسَهْمٍ فَقَتَلَهُ وَلَيْسَ لَهُ وَارِثٌ اِلَّا خَالٌ فَكَتَبَ فِىْ ذٰلِكَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ اِلٰى عُمَرَ وَكَتَبَ عُمَرُ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ مَوْلٰى مَنْ لَّا مَوْلٰى لَهُ وَالْخَالُ وَارِثُ مَنْ لَّا وَارِثَ لَهُ .

☆☆ حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے دوسرے کو تیر مار کر اسے قتل کر دیا' اس شخص کا وارث صرف اس کا ایک ماموں تھا۔ حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خط لکھا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جوابی خط میں لکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جس شخص کا کوئی مولیٰ نہ ہو' اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول اس کے مولیٰ ہیں اور جس شخص کا کوئی وارث نہ ہو' تو اس کا ماموں اس کا وارث بنے گا۔

4042- حَدَّثَنَا الْقَاضِىْ اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْبُهْلُوْلِ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيٰى بْنِ اَبِىْ زَائِدَةَ اَبُوْ زَائِدَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُ مَوْلٰى مَنْ لَّا مَوْلٰى لَهُ وَالْخَالُ وَارِثُ مَنْ لَّا وَارِثَ لَهُ .

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: بے شک جس شخص کا کوئی مولیٰ نہ ہو اللہ تعالیٰ اس کا مولیٰ ہے اور جس کا کوئی وارث نہ ہو' اس کا ماموں اس کا وارث بنے گا۔

4043- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى بْنِ فَارِسٍ وَّاَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ صَخْرٍ وَّاَبُوْ اُمَيَّةَ الطَّرَسُوْسِىُّ قَالُوْا حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُ مَوْلٰى مَنْ لَّا مَوْلٰى لَهُ وَالْخَالُ وَارِثُ مَنْ لَّا وَارِثَ لَهُ .

قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى وَاَخْبَرَنَا بِهِ اَبُوْ عَاصِمٍ مَرَّةً اُخْرٰى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ مَوْلٰى مَنْ لَّا مَوْلٰى لَهُ وَالْخَالُ وَارِثُ مَنْ لَّا وَارِثَ لَهُ ۔قَالَ فَقِيْلَ لِاَبِىْ عَاصِمٍ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَكَتَ فَقَالَ لَهُ الشَّاذَكُوْنِىُّ حَدِّثْنَا عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔فَسَكَتَ.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جس شخص کا کوئی مولیٰ نہ ہو' اللہ تعالیٰ اس کا مولیٰ ہے اور جس شخص کا کوئی وارث نہ ہو' اس کا ماموں اس کا وارث بنے گا۔

۴۰۴۲- اخرجه الترمذي (۲۱۰۴)' الطحاوي (۳۹۷/٤) عن ابي عاصم به مرفوعاً- واخرجه الحاكم (٤/۳٤٤) منطريق مخلدبن يزيد عن ابن جريج' به- قال الترمذي: وقد ارسله بعضهم' ولم يذكر فيه عائشة' و صححه الحاكم على شرط الشيخين' و وافقه الذهبي- قلت: اخرجه بعضهم عن ابي عاصم عن ابن جريج' به مرسلا- اخرجه الدارمي (۲/۳٦۵)' و البيهقي (٦/۲۱۵)- قال البيهقي: كان ابو عاصم يرفعه في بعض الروايات عنه ثم شك فيه فالرفع غير محفوظ و الله اعلم- اه- قلت: و يظهر ان الرواية الموصولة ارجح؛ لانه قد تابع ابا عاصم عليها مخلد بن يزيد فرواها عن ابن جريج ...... مرفوعًا كما هو عند الحاكم في المستدرك-واما ما يخشى من تدليس ابن جريج' فانه قد صرح بالسماع من عمرو بن مسلم عند عبد الرزاق في المصنف (۱۹۱۲٤)-

۴۰۴۳- راجع الذي قبله-

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اس شخص کے مولیٰ ہوں گے جس کا کوئی مولیٰ نہ ہو اور ماموں اس شخص کا وارث بنے گا جس کا کوئی وارث نہ ہو۔

شیخ ابوعاصم سے دریافت کیا گیا کہ یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے منقول ہے؟ تو وہ خاموش رہے' تو شاذکونی نے ان سے کہا: آپ ہمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حدیث سنائیں' تو وہ پھر بھی خاموش رہے۔

4044- حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيعٍ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ مَوْقُوْفًا.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم یہ روایت ''موقوف'' ہے۔

4045- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ حَمَّادٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ بُدَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِىْ عَامِرٍ الْهَوْزَنِيِّ عَنِ الْمِقْدَامِ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَنَا اَوْلٰى بِكُلِّ مُؤْمِنٍ مِّنْ نَفْسِهٖ مَنْ تَرَكَ مَالاً فَلِوَرَثَتِهٖ وَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا اَوْ ضَيَاعًا فَاِلَىَّ اَقْضِىْ دَيْنَهٗ وَاَفُكُّ عَانِيَهٖ وَالْخَالُ وَارِثُ مَنْ لَّا وَارِثَ لَهٗ يَقْضِىْ دَيْنَهٗ وَيَفُكُّ عَانِيَهٖ .

☆☆ حضرت مقدام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: میں ہر مؤمن کے لیے اس کی جان سے زیادہ قریب ہوں جو شخص مال چھوڑ کر جائے گا' وہ اس کے ورثاء کو ملے گا اور جو شخص قرض یا بال بچے چھوڑ کر جائے گا (ان کا کوئی پرسانِ حال نہ ہو) تو وہ میری طرف آئیں گے' میں اس شخص کا قرض بھی ادا کروں گا اور اس کی دیگر ذمہ داریاں بھی پوری کروں گا' ماموں اس شخص کا وارث بنتا ہے جس کا کوئی وارث نہیں ہوتا کیونکہ وہی اس کا قرض بھی اتارے گا اور اس کی ذمہ داریاں بھی پوری کرے گا۔

4046- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ قَالَ حَدَّثَنَاهُ الْقَوَارِيْرِىُّ وَاِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالاَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ قَالَ اِسْحَاقُ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْكَرِبَ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے۔

4047- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ طَاوُسٍ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ اللّٰهُ مَوْلٰى مَنْ لَّا مَوْلٰى لَهٗ وَالْخَالُ وَارِثُ مَنْ لَّا وَارِثَ لَهٗ .مَوْقُوْفٌ.

٤٠٤٤-راجع الذي قبله-

٤٠٤٥-اخرجه ابو داود (٢٨٩٩' ٢٩٠٠) والنسائي في الفرائض كما في التحفة (٨/ ٥١٠) و ابن ماجه (٢٧٣٨) و احمد (٤/ ١٣١' ١٣٣) والطيالسي (١١٥٠) و ابن حبان (٦٠٣٥) والطحاوي (٤/ ٣٩٧-٣٩٨) و الحاكم (٤/ ٣٤٤) و البيهقي (٦/ ٢١٥) و ابن الجارود في المنتقى (٩٦٥) من طريق بديل بن ميسرة...... به' قال الحافظ في التلخيص (٣/ ١٧٥): و حكى ابن ابي حاتم عن ابي زرعة انه حديث حسن' و اعله البيهقي بالاضطراب' و نقل عن يحيى بن معين انه كان يقول: ليس فيه حديث قوي- اه-

٤٠٤٦-راجع الذي قبله-

٤٠٤٧-هذا هو حديث عائشة المتقدم قبل حديث المقدام' و هو في المصنف رقم (١٩١٢٤) فراجعه- و لعل موضع هذا الاسناد قبل روايتين-

حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا الْجُرْجَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ بِإِسْنَادِهِ مَوْقُوفًا .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ ''موقوف'' روایت کے طور پر منقول ہے۔

4048- حَدَّثَنَا النَّيْسَابُورِيُّ أَخْبَرَنَا أَبُو الْأَزْهَرِ حَدَّثَنَا رَوْحٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اللَّهُ وَرَسُولُهُ . مِثْلَهُ . قَالَ النَّيْسَابُورِيُّ أَخْطَأَ فِيهِ رَوْحٌ وَالصَّوَابُ عَمْرُو بْنُ مُسْلِمٍ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے کہ جس میں یہ الفاظ ہیں: اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول (اس کے مولیٰ ہوتے ہیں)۔

4049- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاهِبِ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْجُنَيْدِ حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ أَبِي هُبَيْرَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْخَالُ وَارِثٌ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جس شخص کا کوئی وارث نہ ہو اس کا ماموں اسکا وارث بنتا ہے۔

4050- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَارَةَ بْنِ صُبَيْحٍ أَخْبَرَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْخَالُ وَارِثٌ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ماموں وارث بنتا ہے۔

4051- حَدَّثَنَا أَبُو عُمَرَ الْقَاضِي حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ فِي بِنْتِ بِنْتٍ وَبِنْتِ أُخْتٍ الْمَالُ بَيْنَهُمَا نِصْفَانِ . الصَّوَابُ مِنْ قَوْلِ عَلْقَمَةَ .

☆☆ علقمہ نے عبدالملک کے بارے میں یہ بات نقل کی ہے کہ جب کسی شخص کی ایک نواسی ہو اور ایک بھانجی ہو تو ان دونوں کے درمیان مال نصف نصف تقسیم ہوگا' درست یہ ہے کہ یہ علقمہ کی اپنی رائے ہے۔

۴۰۴۸-قلت تقدم تخریجه من طرق عن ابن جریج عن عمرو بن مسلم علی الصواب' و روح هو ابن عبادة ثقة فاضل له تصانیف- انظر التقریب (ت۱۹۷۲)-

۴۰۴۹-اخرجه البیهقي في سننه (۲۱۵/۶) من طریق یحیی بن ابي بکیر عن شریك عن لیث' به- ثم اخرجه من طریق ابي نعیم' ثنا شریك عن لیث عن محمد بن المنکدر عن ابي هریرة' به-قال البیهقي: هذا مختلف فیه علی شریك کما تری' و لیث بن ابي سلیم غیر محتج به- و الله اعلم- اه-قلت: شریك هو ابن عبد الله القاضي ضعیف' کما تقدم مراراً- و لیث هو ابن ابي سلیم ضعیف کذلك- لکن یشهد له حدیث المقدام المتقدم قریباً-قال ابن الترکماني في الجوهر النقي: الامر في لیث قریب قد اخرج له مسلم في صحیحه' و استشهد به البخاري في کتاب الطب' و یحتمل انه روی الحدیث عنهما عن ابي هریرة' و اقل احواله ان یکون حدیثه هذا شاهداً لحدیث المقدام او غیره- اه-

۴۰۵۰-اخرجه البیهقي (۲۱۵/۶) من طریق ابي نعیم' به- و راجع الذي قبله-

۴۰۵۱-اسناده صحیح رجاله ثقات رجال مسلم-

4052- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا الْمُحَارِبِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ وَوَكِيعٌ وَّعَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ اَنْتُمْ تَقْرَءُ وْنَ الْوَصِيَّةَ قَبْلَ الدَّيْنِ وَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ الدَّيْنَ قَبْلَ الْوَصِيَّةِ وَاَعْيَانُ بَنِى الْاُمِّ يَتَوَارَثُوْنَ دُوْنَ بَنِى الْعَلَّاتِ .

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم لوگ قراءت کرتے ہوئے وصیت کا حکم قرض کی ادائیگی سے پہلے پڑھتے ہو لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے: (میت کی) وصیت پوری کیے جانے سے پہلے اس کا قرض ادا کیا جائے گا اور ماں کی طرف سے بہن بھائی ایک دوسرے کے وارث بنیں گے جب کہ باپ کی طرف سے شریک بہن بھائی ایک دوسرے کے وارث نہیں بنیں گے۔

4053- اَخْبَرَنَا اَبُوْ حَامِدٍ الْحَضْرَمِىُّ اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَرَاءِ اَخْبَرَنَا مُوْسَى بْنُ مَسْعُوْدٍ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ اَنَّ عَلِيًّا رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اُتِىَ فِىْ بَنِىْ عَمٍّ اَحَدُهُمْ اَخٌ لِاُمٍّ فَقِيْلَ لِعَلِيٍّ اِنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ اَعْطَى الْاَخَ مِنَ الْاُمِّ الْمَالَ كُلَّهُ دُوْنَهُمْ لِقَرَابَتِهٖ فَقَالَ عَلِيٌّ يَرْحَمُ اللّٰهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ اِنْ كَانَ لَفَقِيْهًا لَوْ كُنْتُ اَنَا لَاَعْطَيْتُهُ السُّدُسَ ثُمَّ اَشْرَكْتُ بَيْنَهُمْ فِيْمَا بَقِىَ .

☆☆ حارث بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس ایک مقدمہ آیا جو چچازاد بھائیوں کے بارے میں تھا، جن میں سے ایک ماں کی طرف سے شریک بھائی بھی تھا، حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بتایا گیا، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ماں کی طرف سے شریک بھائی کو سارا مال ادا کرنے کا حکم دیا ہے، باقی قریبی رشتے داروں کو اس بارے میں کوئی ادائیگی کرنے کا حکم نہیں دیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ، عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ پر رحم کرے، وہ سمجھدار آدمی ہیں، اگر میں ان کی جگہ پر ہوتا تو میں اسے چھٹا حصہ دیتا اور باقی رہ جانے والا مال ان (دوسرے چچازاد بھائیوں) میں تقسیم کر دیتا۔

4054- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِى الثَّلْجِ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمَّادٍ الطِّهْرَانِىُّ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ سِمَاكِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ مَسْعُوْدِ بْنِ الْحَكَمِ الثَّقَفِىِّ قَالَ اُتِىَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِىْ امْرَاَةٍ تَرَكَتْ زَوْجَهَا وَاُمَّهَا وَاِخْوَتَهَا لِاُمِّهَا وَاِخْوَتَهَا لِاُمِّهَا وَاَبِيْهَا فَشَرَّكَ بَيْنَ الْاِخْوَةِ لِلْاُمِّ

۴۰۵۲- اخرجه الترمذي (۲۰۹۴، ۲۰۹۵، ۲۱۲۲)، و ابن ماجه (۲۷۱۵، ۲۷۳۹)، و احمد (۱/۷۹، ۱۳۱)، و الحميدي (۵۵، ۵۶)، و البيهقي في السنن (۶/۲۳۲) من طريق سفيان...... به- قال الترمذي: هذا حديث لا نعرفه الا من حديث ابي اسحاق عن الحارث عن علي، وقد تكلم بعض اهل العلم في الحارث- و العمل على هذا الحديث عند عامة اهل العلم- اه-

۴۰۵۳- اخرجه البيهقي في الكبرى (۶/۲۴۰) من طريق يزيد بن هارون، انا سفيان...... به- و ابن ابي شيبة (۶/۲۴۵) رقم (۳۱۰۸۷) من طريق و كيع عن سفيان...... به- و روى ابن ابي شيبة (۶/۲۴۵-۲۴۶) رقم (۳۱۰۹۲) من طريق منصور عن ابراهيم في امراة تركت اخويها لامها: احدهما: ابن عمها، فقال علي و زيد الثلث بينهما و ما بقي فلابن عمها- و قال ابن مسعود: المال بينهما-وروى البيهقي في السنن (۶/۲۴۰) من طريق محمد بن سالم عن الشعبي امراة تركت ابني عمها: احدهما: زوجها، والآخر: اخوها لا مها: في قول علي و زيد-رضي الله عنهما- للزوج و للاخ من الام السدس، و هما شريكان فيما بقي- و في قول عبد الله للزوج النصف، و للاخ من الام ما بقي- و اخرجه ابن ابي شيبة (۳۱۰۸۶) عن مغيره عن الشعبي...... به-

وَبَيْنَ الْإِخْوَةِ لِلْاُمِّ وَالْاَبِ بِالثُّلُثِ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ اِنَّكَ لَمْ تُشَرِّكْ بَيْنَهُمْ عَامَ كَذَا وَكَذَا . قَالَ تِلْكَ عَلٰى مَا قَضَيْنَا يَوْمَئِذٍ وَهٰذِهِ عَلٰى مَا قَضَيْنَا الْيَوْمَ . قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَقَالَ الثَّوْرِيُّ لَوْ لَمْ اَسْتَفِدْ فِي سَفْرَتِيْ هٰذِهِ غَيْرَ هٰذَا الْحَدِيْثِ لَظَنَنْتُ اَنِّيْ قَدِ اسْتَفَدْتُ فِيْهِ خَيْرًا.

☆☆ مسعود بن حکم ثقفی بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس ایک مقدمہ آیا' جو ایک خاتون کے بارے میں تھا جس نے پس ماندگان میں اپنا شوہر' اپنی والدہ' ماں کی طرف سے شریک بہن بھائی اور باپ کی طرف سے شریک بہن بھائی چھوڑے تھے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ماں کی طرف سے شریک بہن بھائی اور سگے بہن بھائیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ برابر کا حصے دار بنایا جو ایک تہائی حصے کے بارے میں تھا' تو ایک شخص نے ان سے کہا: آپ نے فلاں سال تو انہیں ایک دوسرے کا حصہ دار نہیں بنایا تھا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس وقت ہم نے جو فیصلہ دیا تھا وہ اس وقت کا تھا' آج کا ہمارا فیصلہ وہ ہے جو ہم نے اب دے دیا ہے۔

4055- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ الْكُوفِيُّ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ دِيْنَارٍ الْفَارِسِيُّ اَخْبَرَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُعَاذٍ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخٰى بَيْنَ اَصْحَابِهٖ فَكَانُوْا يَتَوَارَثُوْنَ بِذٰلِكَ حَتّٰى نَزَلَتْ (وَاُولُو الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ) فَتَوَارَثُوْا بِالنَّسَبِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو ایک دوسرے کا بھائی بنا دیا تو وہ لوگ ایک دوسرے کے وارث بھی بنا کرتے تھے' یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی:

''صرف (نسبی) رشتے دار ایک دوسرے کے وارث ہوں گے''۔

اس کے بعد نسب کے اعتبار سے لوگ ایک دوسرے کے وارث بننے لگے۔

٤٠٥٤- اخرجه عبد الرزاق في مصنفه (١٠/٢٤٩) رقم (١٩٠٠٥) و من طريقه الدارقطني هنا و البيهقي في السنن (٦/٢٥٥) و الذي عند عبد الرزاق: (الحكم بن مسعود) لكن وقع عند الدارقطني و البيهقي: (مسعود بن الحكم)- و اخرجه سعيد بن منصور في سننه (٦٢) قال: نا سفيان عن معمر عن سماك بن الفضل عن مسعود بن الحكم' به' و لم يذكر: (وهب بن منبه) لكن اخرجه من طريقه البيهقي في سننه (٦/٢٥٥) و ذكر فيه (وهب بن منبه)؛ فلعله سقط من الناسخ - وانظر تعليق الشيخ حبيب الرحمن على سنن سعيد- و اخرجه البيهقي (٦/٢٥٥) من طريق ابن المبارك' و ابن ثور عن معمر...... به- و ذكرا ابن منبه و سميا الراوي عن عمر الحكم بن مسعود- قال البيهقي: (اخرجه سفيان بن عيينة و عبد الرزاق عن معمر' وقالا: في اسناده مسعود بن الحكم' قال يعقوب بن سفيان: هذا خطا انما هو الحكم بن مسعود' قال: و مسعود بن الحكم زرقي' و الذي روى عنه و هب بن منبه انما هو الحكم بن مسعود ثقفي)- اه -ونقل الحافظ في التلخيص (٣/١٨٨) عن النسائي انه صوب (الحكم بن مسعود)-

٤٠٥٥- اخرجه ابو داود الطيالسي في مسنده (١٩٥٢-منحة) و من طريقه اخرجه الدارقطني هنا-وذكره السيوطي في الدر المنثور (٣/٣٧٤) في تفسير سورة الانفال/ الآية ٧٥' ثم عزاه الى الطيالسي و الطبراني و ابي الشيخ و ابن مردويه- واخرجه ابو داود (٢٩٢١' ٢٩٢٤) من طريق يزيد النحوي عن عكرمة عن ابن عباس' قال: (والذين عقدت ايمانكم فآتوهم نصيبهم): كان الرجل يحالف الرجل ليس بينهما نسب' فيرث احدهما الآخر' فنسخ ذلك الانفال فقال: (واولوا الارحام بعضهم اولى ببعض)-وروى البخاري (٤٥٨٠) و ابو داود (٢٩٢٢) و النسائي في الكبرى (٥٥٢٣) من طريق سعيد ابن جبير عن ابن عباس' نحوه-

4056- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اَخْبَرَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ الْخَوْلَانِيُّ الْحِمْصِيُّ اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ رُؤْبَةَ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ النَّصْرِيِّ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُحْرِزُ الْمَرْاَةُ ثَلَاثَةَ مَوَارِيثَ عَتِيقَهَا وَوَلِيدَهَا وَالْوَلَدَ الَّذِىْ لَاعَنَتْ عَلَيْهِ.

☆☆ حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: عورت تین لوگوں سے وراثت حاصل کرتی ہے' اپنے آزاد کیے ہوئے (غلام یا کنیز) کی طرف سے' اپنی اولاد کی طرف سے اور اپنے اس بچے کی طرف سے جس کی وجہ سے اس نے لعان کیا تھا۔

شرح:

زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے' اور جس بچے کے باپ نے اس کی ماں کے ساتھ لعان کیا ہو اور بچے کے نسب کی نفی کی ہو' اس کی وراثت کے بارے میں علماء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ اور اہلِ مدینہ اس بات کے قائل ہیں کہ لعان والے بچے کی ماں کو وراثت میں ایک تہائی ملے گا اور اس کا بقیہ مال بیت المال میں جمع کروا دیا جائے گا۔ اور اگر اس کے اخیافی بھائی موجود ہوں تو انہیں ایک تہائی حصہ ملے گا۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ' امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اس بات کے قائل ہیں کہ اس کے عصبہ اس کی ماں کے عصبہ شمار ہوں گے اور وہ ایک دوسرے کے وارث ہوں گے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اس بات کے قائل ہیں کہ زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے کی ماں کی عدم موجودگی میں' اس کے عصبہ اس کے وارث ہوں گے۔

4057- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَخْبَرَنَا اَبِىْ اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَرْبٍ الْخَوْلَانِيِّ حَدَّثَنِىْ عُمَرُ بْنُ رُؤْبَةَ التَّغْلِبِيُّ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ النَّصْرِيِّ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُحْرِزُ الْمَرْاَةُ ثَلَاثَةَ مَوَارِيثَ عَتِيقَهَا وَلَقِيطَهَا وَمُلَاعَنَهَا.

تَابَعَهُ اَبُوْ سَلَمَةَ سُلَيْمَانُ بْنُ سُلَيْمٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ رُؤْبَةَ بِاِسْنَادِهِ مِثْلَهُ.

٤٠٥٦- اخرجه ابو داؤد (٢٩٠٦) و الترمذي (٢١١٥) و النسائي في الكبرى (٦٣٦١) و ابن ماجه (٢٧٤٢) و احمد (٣/٤٩٠) (٤/١٦٠) و البيهقي في السنن (٦/٢٥٩) من طريق محمد بن حرب' به-قال الترمذي: حديث حسن غريب' لا يعرف الا من هذا الوجه من حديث محمد بن حرب- قلت: و هذا و هم من الترمذي- رحمه الله - فقد اخرجه ايضاً ابو سلمة سليمان بن سليم عن عمر بن رؤبة' به- و سياتي قريباً و عمر بن رؤبة صدوق' كما قال الحافظ في التقريب (٤٩٢٩)-

٤٠٥٧- راجع الذي قبله-

☆☆ حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: عورت تین اعتبار سے وراثت حاصل کرتی ہے' اپنے آزاد کیے ہوئے (غلام یا کنیز) کی وراثت' جس کو اس نے اٹھایا (یعنی لاوارث بچے کو پالا پوسا) اس کی وراثت اور جس کی وجہ سے اس نے لعان کیا۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

4058- اَخْبَرَنَا بِهٖ مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرٍ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ اَخْبَرَنَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ سُلَيْمٍ اَبُوْ سَلَمَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ رُؤْبَةَ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ عَنْ وَاثِلَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ ۔

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

4059- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْفَارِسِيُّ اَخْبَرَنَا مُوْسَى بْنُ عِيْسَى بْنِ الْمُنْذِرِ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ اَخْبَرَنَا خَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ اَعْطٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ جَدَّاتٍ السُّدُسَ ثِنْتَيْنِ مِنْ قِبَلِ الْاَبِ وَوَاحِدَةً مِنْ قِبَلِ الْاُمِّ ۔

☆☆ حضرت عبدالرحمٰن بن یزید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دادیوں اور نانیوں کو چھٹا حصہ ادا کرنے کا حکم دیا تھا' ان میں سے دو باپ کی طرف سے تھیں اور ایک ماں کی طرف سے تھی (یعنی دو دادیاں تھیں اور ایک نانی تھی)۔

4060- قُرِءَ عَلٰى اَبِىْ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ جَاءَتِ الْجَدَّتَانِ اِلٰى اَبِىْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَعْطَى الْمِيْرَاثَ اُمَّ الْاُمِّ دُوْنَ اُمِّ الْاَبِ فَقَالَ لَهٗ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَهْلِ بْنِ حَارِثَةَ وَقَدْ كَانَ شَهِدَ بَدْرًا وَقَالَ مَرَّةً رَجُلٌ مِنْ بَنِىْ حَارِثَةَ يَا اَبَا بَكْرٍ يَا خَلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَعْطَيْتَ الَّتِىْ لَوْ اَنَّهَا مَاتَتْ هِىَ لَمْ يَرِثْهَا فَجَعَلَهٗ بَيْنَهُمَا ۔

☆☆ قاسم بن محمد بیان کرتے ہیں کہ دو دادیاں (یا نانیاں یا دادی اور نانی) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آئیں تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دادی کی بجائے نانی کو وارث قرار دیا تو عبدالرحمٰن بن سہل رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا' یہ غزوۂ بدر

٤٠٥٨- اخرجه النسائي في الكبرى كتاب: الفرائض (٤/ ٨٧) باب: ميراث ولد الملاعنة (٦٣٦٠)' و في باب ميراث اللقيط (٦٤٢٠)' و احمد في مسنده (٣/ ٤٩٠)' و الحاكم في المستدرك في كتاب الفرائض (٤/ ٣٤٠) من طريق بقية بن الوليد عن ابي سلمة الحمصي بهذا الاسناد' وقال: هذا حديث صحيح الاسناد' و لم يخرجاه ' و وافقه الذهبي - و راجع الذي قبله-

٤٠٥٩- اخرجه البيهقي في سننه (٦/ ٢٣٦) من طريق الدارقطني' به- و اخرجه عبد الرزاق (١٩٠٧٩) عن الثوري عن منصور عن ابراهيم قال: حدثت ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اطعم ثلاث جدات السدس- قال: قلت لابراهيم: ما هن ؟ قال: جدتا ابيه: ام امه و ام ابيه' و جدته: ام امه-واخرجه ابو داود في المراسيل (٣٥٥) من طريق شعبة' و في (٣٥٦) من طريق جرير' كلاهما: -شعبة' و جرير- عن منصور...... به- و اخرجه البيهقي (٦/ ٢٣٦) من طريق شعبة' وسفيان ' و شريك عن منصور...... به- وقد حكم البيهقي عليه بالارسال من الطريقين- و انظر: تلخيص الحبير (٣/ ١٨٠- ١٨١)-

٤٠٦٠- اخرجه مالك في الموطا (٢/ ٥١٣- ٥١٤) عن يحيى بن سعيد عن القاسم بن محمد انه قال: اتت الجدتان الى ابي بكر...... فذكره' و من طريقه اخرجه البيهقي في السنن (٦/ ٢٣٥)- واخرجه عبد الرزاق (١٩٠٨٤) عن ابن عيينة عن يحيى بن سعيد...... به-

میں شریک ہو چکے ہیں (راوی نے ایک مرتبہ یہ الفاظ نقل کیے ہیں) بنو حارثہ سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب نے یہ کہا: اے حضرت ابوبکر! اے خلیفۂ رسول! آپ نے وراثت اسے دے دی ہے کہ اگر یہ مرجاتی تو (مرحومہ عورت) اس کی وارث نہ بنتی' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان دونوں (دادی اور نانی) کو (مرحومہ عورت کا) وارث قرار دیا۔

4061- وَقُرِءَ عَلَى اَبِىْ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَكُمْ اَبُوْ عُبَيْدِ اللّٰهِ سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَنَّ جَدَّتَيْنِ اَتَتَا اَبَا بَكْرِ الصِّدِّيْقِ اُمَّ الْاُمِّ وَاُمَّ الْاَبِ فَاَعْطَى الْمِيْرَاثَ اُمَّ الْاُمِّ دُوْنَ اُمِّ الْاَبِ فَقَالَ لَهٗ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَهْلٍ اَخُوْ بَنِىْ حَارِثَةَ يَا خَلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ قَدْ اَعْطَيْتَ الَّتِىْ لَوْ اَنَّهَا مَاتَتْ لَمْ يَرِثْهَا .فَجَعَلَهٗ اَبُوْ بَكْرٍ بَيْنَهُمَا يَعْنِى السُّدُسَ.

☆☆ قاسم بن محمد بیان کرتے ہیں کہ ایک دادی اور ایک نانی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آئیں' ایک نانی تھی اور ایک دادی تھی' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نانی کو وراثت ادا کرنے کا حکم دیا' دادی کے لیے حکم نہیں دیا تو عبدالرحمٰن بن سہل نے جو بنو حارثہ سے تعلق رکھتے تھے' ان سے کہا: اے خلیفۂ رسول! آپ نے اسے ادائیگی کرنے کا حکم دیا ہے کہ اگر یہ مر جاتی تو وہ مرحومہ اس کی وارث نہ بنتی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان دونوں کو ادائیگی کرنے کا حکم دیا۔ (راوی کہتے ہیں:) یعنی چھٹے حصے کی ادائیگی کا حکم دیا۔

4062- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ اَخْبَرَنَا الرَّمَادِيُّ اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُجَاهِدٍ الْخُرَاسَانِيُّ اسْمُهٗ هِشَامٌ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَتَكِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اَعْطَى الْجَدَّةَ اُمَّ الْاُمِّ اِذَا لَمْ يَكُنْ دُوْنَهَا اُمٌّ السُّدُسَ.

☆☆ عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں کہ آپ نے نانی کو چھٹا حصہ ادا کرنے کا حکم دیا تھا جبکہ اس سے نیچے کے مرتبے میں کوئی ماں موجود نہ ہو۔

4063- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُخْتَارِ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَى الْجَدَّةَ

۴۰۶۱- اخرجه البيهقي في سننه (۲۳۵/۶) من طريق الدارقطني' به- و انظر الذي قبله-

۴۰۶۲- اخرجه ابو داود في كتاب: الفرائض (۳۱۷/۲) باب: في الجدة (۲۸۹۵) و النسائي في الكبرى كتاب: الفرائض (۷۳/۴۰) باب: ذكر الجدات و الاجداد و مقادير نصيبهم (۶۳۳۸) و البيهقي (۲۳۴/۶- ۲۳۵) من طريق عبيد الله بن عبد الله العتكي عن عبد الله بن بريدة' بهذا الاسناد- و ذكره الحافظ في تلخيص الحبير (۱۸۰/۳) و قال: و في اسناده عبيد الله العتكي: مختلف فيه' و صححه ابن السكن-

۴۰۶۳- اخرجه الطبراني في الكبير (۱۹۹/۲۰) رقم (۴۴۸): حدثنا عبد الله بن احمد بن حنبل' ثنا محمد بن حميد' ثنا ابراهيم بن المختار...... به- و اخرجه البيهقي (۲۳۵/۶) من طريق محمد بن بشران- اخو خطاب- ثنا ابن حميد...... به- واخرجه البيهقي -ايضاً- من طريق يونس عن الحسن عن معقل بن يسار' به-قال البيهقي: اخرجه ابو القاسم البغوي عن محمد بن حميد' تفرد به محمد بن حميد' و ليس بالقوي- و المحفوظ حديث معقل في الجد-قلت حديث معقل في الجد اخرجه ابو داود (۲۸۹۷) و النسائي في الكبرى (۷۳/۴) رقم (۶۳۳۴' ۶۳۳۵)' و ابن ماجه (۲۷۲۳) و احمد (۲۷/۵) من طريق عن يونس عن الحسن ان عمر قال: ايكم يعلم ما ورث رسول الله صلى الله عليه وسلم الجد؟ فقال معقل بن يسار: انا' ورثه رسول الله صلى الله عليه وسلم السدس- قال: مع من؟ قال: لا ادري- قال: لا دريت' فما تغني عنك اذن؟!-

السُّدُسَ.

☆☆ حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نانی (یا دادی) کو چھٹا حصہ عطاء کیا تھا۔

شرح: نانی اور دادی کی میراث

اس بات پر فقہا کا اتفاق ہے کہ میت کی ماں کی عدم موجودگی میں میت کی نانی کو ترکہ کا چھٹا حصہ ملے گا اور میت کے باپ کی غیر موجودگی میں میت کی دادی کو چھٹا حصہ ملے گا اور اگر دادی اور نانی دونوں جمع ہو جائیں تو چھٹا حصہ ان دونوں میں تقسیم ہو جائے گا۔

لیکن نانی اور دادی کے احکام میں بعض ذیلی مسائل میں فقہاء کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے۔

حضرت زید رضی اللہ عنہ اور اہلِ مدینہ اس بات کے قائل ہیں کہ نانی کو چھٹا حصہ فرض حصے کے طور پر ملے گا۔ اور دادی اور نانی اکٹھی ہو جاتی ہیں تو وہ چھٹا حصہ ان دونوں میں تقسیم ہو جائے گا۔ جبکہ میت کے ساتھ دونوں کی رشتہ داری یکساں حیثیت کی ہو یا دادی میت سے زیادہ قریب ہو لیکن اگر نانی میت سے زیادہ قریب ہو تو اس صورت میں چھٹا حصہ اسے ہی ملے گا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ اسی بات کے قائل ہیں اور امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی موقف ہے۔

ان حضرات کے نزدیک یہ دونوں (میت کی سگی نانی اور سگی دادی) وارث بن سکتی ہیں۔ اس پر سب کا اتفاق ہے۔ تاہم پردادی یا پرنانی کے بارے میں دیگر صحابہ کرام اور فقہاء کی رائے مختلف ہے۔

4064- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ اَخْبَرَنَا بَحْرُ بْنُ نَصْرٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ وَّسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ يَزِيْدَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَّثَ ثَلَاثَ جَدَّاتٍ اثْنَتَيْنِ مِنْ قِبَلِ الْاَبِ وَوَاحِدَةً مِنْ قِبَلِ الْاُمِّ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھڑسوار کے لیے دو حصے اور پیادہ شخص کے لیے ایک حصہ مقرر کیا ہے۔ رمادی بیان کرتے ہیں: ابن نمیر نامی راوی نے اسی طرح بیان کیا ہے' لیکن میرے نزدیک یہ ابن ابی شیبہ نامی راوی کی طرف سے وہم ہے' یا رمادی نامی راوی کی طرف سے وہم ہے۔ کیونکہ دیگر راویوں نے اسے ابن نمیر کے حوالے سے اس کے برخلاف نقل کیا ہے اور ان کے حوالے سے نقل کردہ روایت کو ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں۔

4108- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ اَسْهَمَ لِلْفَارِسِ سَهْمَيْنِ وَلِلرَّاجِلِ سَهْمًا .قَالَ اَحْمَدُ كَذَا لَفْظُ نُعَيْمٍ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ وَالنَّاسُ يُخَالِفُوْنَهُ .قَالَ النَّيْسَابُوْرِيُّ لَعَلَّ الْوَهَمَ مِنْ نُعَيْمٍ لِاَنَّ ابْنَ الْمُبَارَكِ مِنْ اَثْبَتِ النَّاسِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھڑسوار کو دو حصے دیئے تھے اور پیادہ شخص کو ایک حصہ دیا تھا۔

4109- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسْهِمُ لِلْخَيْلِ لِلْفَارِسِ سَهْمَيْنِ وَلِلرَّاجِلِ سَهْمًا .تَابَعَهُ ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ وَخَالِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الْعُمَرِيِّ.وَرَوَاهُ الْقَعْنَبِيُّ عَنِ الْعُمَرِيِّ بِالشَّكِّ فِي الْفَارِسِ اَوِ الْفَرَسِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھڑسوار کو دو حصے دیئے تھے اور پیادہ شخص کو ایک حصہ دیا تھا۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے کہ وہ لفظ گھوڑا ہے یا گھڑسوار ہے۔

4110- حَدَّثَنَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَرَّاقُ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْهُ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

4111- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُلَاعِبٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

۴۱۰۸-تقدم تخریجه- ۴۱۰۹-تقدم-

۴۱۱۰-تقدم- ۴۱۱۱-تقدم تخریجه-

سَلَمَةَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَمَ لِلْفَارِسِ سَهْمَيْنِ وَلِلرَّاجِلِ سَهْمًا .كَذَا قَالَ وَخَالَفَهُ النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ حَمَّادٍ وَّقَدْ تَقَدَّمَ ذِكْرُهُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھڑسوار کو دو حصے دیئے تھے اور پیادہ کو ایک حصہ دیا تھا۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

4112- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ قَالَ لَا يُخْتَلَفُ فِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْفَارِسِ ثَلَاثَةُ اَسْهُمٍ وَّلِلرَّاجِلِ سَهْمٌ .

☆☆ ایک اور سند کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: گھڑسوار کے لیے تین حصے ہوں گے اور پیادہ شخص کے لیے ایک حصہ ہوگا۔

4113- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ الصَّائِغُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَمَّا افْتَتَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ كَانَتْ سِهْمَانُهُمْ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ سَهْمًا جَمَعَ كُلَّ رَجُلٍ مِّنَ الْمُهَاجِرِينَ مَعَهُ مِائَةَ رَجُلٍ يُضَمُّ اِلَيْهِ فَكَانُوْا اَلْفًا وَّثَمَانِمِائَةِ رَجُلٍ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر فتح کیا تو اس (مالِ غنیمت) کے اٹھارہ حصے ہوئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام مہاجرین کو جمع کیا جن میں سے ہر ایک کے ساتھ سو آدمی تھے تو ان سب لوگوں کی مجموعی تعداد ایک ہزار آٹھ سو تھی۔

4114- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ الْقَاضِي مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَزَّازُ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِدْرِيْسَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ الزُّبَيْرِ قَالَ اَعْطَانِي

۴۱۱۲—اخرجه البيهقي (٦/٣٢٧) من طريق الدارقطني' به-

۴۱۱۳—اسناده حسن لو لا عاصم بن عمر؛ فانه ضعيف: كما قال الحافظ في التقريب (٣٠٨٥)- لكن للحديث شواهد تقويه' منها ما اخرجه ابو داود (٣٠١٠): حدثنا الربيع بن سليمان المؤذن' حدثنا اسد بن موسى' حدثنا يحيى بن زكريا' حدثني سفيان عن يحيى بن سعيد عن بشير بن يسار عن سهل بن ابي حثمة' قال: قسم رسول الله صلى الله عليه وسلم خيبر نصفين: نصفاً لنوائبه وحاجته و نصفاً بين المسلمين' قسمها بينهم على ثمانية عشر سهماً- و هذا اسناد رجاله ثقات غير اسد بن موسى؛ فانه صدوق يغرب: كما قال الحافظ في التقريب (٤٠٣): فالاسناد حسن-

۴۱۱۴—في اسناده اسماعيل بن عياش: ضعفوه في روايته عن غير اهل بلده- و محمد بن سنان ضعيف ايضاً' و كلاهما تقدمت ترجمته- و الحديث تابع اسماعيل عليه جمع: فاخرجه ابو المورع محاضر بن المورع' وسعيد بن عبد الرحمن' كلاهما عن هشام كما اخرجه اسماعيل' به-لكن اخرجه ابن عيينة و محمد بن بشر' عن هشام عن يحيى بن عباد من قوله دون ذكر عبد الله في اسناده- انظر سنن البيهقي (٦/٣٢٦)- و قد اخرجه ابن ابي شيبة (٣٣١٧٦): حدثنا عيسى بن يونس' و في (٣٣١٨١): حدثنا عدي بن يونس كلاهما عن هشام بن عروة عن يحيى من قوله' و لم يذكرا عبد الله بن الزبير- و من هذا يتبين ترجيح المرسل؛ فان ابا المورع محاضر بن المورع و ان كان صدوقاً الا ان له اوهام: كما قال الحافظ في التقريب (٦٥٣٥)- و اسماعيل ضعيف في روايته عن غير الشاميين' و هذا منها-وقد جاء الموصول من طريق اخرى عند احمد (١/١٦٦) من طريق فليح بن محمد عن المنذر بن الزبير عن ابيه-قال الزيلعي في نصب الراية (٣/٤١٥): (و فليح و المنذر ليسا بمشهورين)- اه-

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ اَرْبَعَةَ اَسْهُمٍ سَهْمَيْنِ لِفَرَسِى وَسَهْمًا لِى وَسَهْمًا لاُمِّى مِنْ ذَوِى الْقُرْبٰى .خَالَفَهُ هَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ فِى اِسْنَادِهٖ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن زبیر' حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ بدر کے دن مجھے چار حصے عطاء کیے تھے' دو حصے میرے گھوڑے کے تھے ایک حصہ میرا تھا اور ایک حصہ میری والدہ کے لیے تھا جو ذوی القربیٰ میں شامل تھیں۔

4115- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَرَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعْدٍ الزُّهْرِىُّ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَاهُ اَرْبَعَةَ اَسْهُمٍ سَهْمَيْنِ لِفَرَسِهٖ وَسَهْمًا لَهٗ وَسَهْمًا لاُمِّهٖ سَهْمَ ذِى الْقُرْبٰى.

☆☆ حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں چار حصے دیئے تھے' دو حصے ان کے گھوڑے کے تھے' ایک حصہ ان کا تھا اور ایک حصہ ان کی والدہ کے لیے تھا جو ذوی القربیٰ میں شامل تھیں۔

4116- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ يَحْيٰى بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ خَيْبَرَ لِلزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ بِاَرْبَعَةِ اَسْهُمٍ سَهْمًا لَهٗ وَسَهْمًا لِذِى الْقُرْبٰى لِصَفِيَّةَ بِنْتِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اُمِّ الزُّبَيْرِ وَسَهْمَيْنِ لِلْفَرَسِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ خیبر کے دن حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کو چار حصے دیئے تھے' ایک حصہ ان کا تھا ایک حصہ ذوی القربیٰ کا تھا جو صفیہ بنت عبدالمطلب تھیں (یعنی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی تھیں) اور دو حصے ان کے (یعنی حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے) گھوڑے کے تھے۔

4117- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا مُحَاضِرٌ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ يَحْيٰى بْنِ عَبَّادٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْهَمَ لِلزُّبَيْرِ اَرْبَعَةَ اَسْهُمٍ سَهْمًا لاُمِّهٖ فِى الْقُرْبٰى وَسَهْمًا لَهٗ وَسَهْمَيْنِ لِفَرَسِهٖ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو چار حصے دیئے تھے' ایک حصہ ان کی والدہ کے لیے ان کی قرابت داری کی وجہ سے تھا' ایک حصہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے لیے تھا اور دو حصے ان کے گھوڑے کے لیے تھے۔

٤١١٥-راجع الذي قبله-

٤١١٦-علقه البيهقي في سننه (٦/٣٢٦) قال: اخرجه سعيد بن عبد الرحمن عن هشام موصولا' و راجع الذي قبله-

٤١١٧-اخرجه البيهقي في سننه (٦/٣٢٦) من طريق محمد بن يعقوب' ثنا محمد بن اسحاق......به- وراجع الذي قبله-

4118- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

4119- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَخْتَرِيِّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْخَلِيْلِ حَدَّثَنَا الْوَاقِدِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَهْلِ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّهُ شَهِدَ حُنَيْنًا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَسْهَمَ لِفَرَسِهِ سَهْمَيْنِ وَلَهُ سَهْمًا.

☆☆ محمد بن یحییٰ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' وہ غزوۂ حنین میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک ہوئے تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے گھوڑے کو دو حصے دیئے تھے اور ان کو ایک حصہ دیا تھا۔

4120- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْخَلِيْلِ حَدَّثَنَا الْوَاقِدِيُّ حَدَّثَنَا اَفْلَحُ بْنُ سَعِيْدٍ الْمُزَنِيُّ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَحْمَدَ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ اَسْهَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْفَرَسِ سَهْمَيْنِ وَلِصَاحِبِهِ سَهْمًا.

قَالَ وَاَخْبَرَنَا الْوَاقِدِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ يَحْيَى بْنِ النَّضْرِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ اَسْهَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْفَرَسِ سَهْمَيْنِ وَلِصَاحِبِهِ سَهْمًا.

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے کو دو حصے دیئے تھے اور گھوڑے والے شخص کو ایک حصہ دیا تھا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے کو دو حصے دیئے تھے اور گھوڑے والے کو ایک حصہ دیا تھا۔

4121- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ وَالْقَاسِمُ ابْنَا اِسْمَاعِيْلَ قَالَا حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَدْخَلَ فَرَسًا بَيْنَ فَرَسَيْنِ وَهُوَ لَا يُؤْمِنُ اَنْ يُّسْبَقَ فَلَا بَاْسَ بِهٖ وَمَنْ اَدْخَلَ فَرَسًا بَيْنَ فَرَسَيْنِ وَهُوَ يُؤْمِنُ اَنْ يُّسْبَقَ فَاِنَّ ذٰلِكَ هُوَ الْقِمَارُ.

٤١١٨—جاء هكذا مرسلا من طرق عن هشام...... به' و قد تقدم تخريجه قريباً-

٤١١٩—في اسناده الواقدي و هو متروك عند المحدثين' و به اعل الزيلعي الحديث في نصب الراية (٣/ ٤١٥) - و محمد بن يحيى بن سهل ترجمه البخاري في التاريخ (١/ ٢٦٥) و ابن ابي حاتم في الجرح و التعديل (٨/ ١٢٣) ابن ابي حاتم: روى عن ابيه و عمه ابي عفير' روى عنه محمد بن اسحاق' سمعت ابي يقول ذلك-و الحديث اخرجه الحارث بن ابي اسامة (٦٥٦—بغية الباحث) عن الواقدي' به' و عزاه له الحافظ ابن حجر في المطالب العالية (٢/ ١٦٠) رقم (١٩٣٧)-

٤١٢٠—في اسناد الواقدي و هو متروك- و الحديث اخرجه الحارث (٦٥٥—بغية الباحث) من طريق الواقدي' به' وذكره الحافظ في المطالب العالية (٢/ ١٦٠) رقم (١٩٣٤) و قد تقدم من طريق اخرى رقم (٤١٠٦)- و حديث ابي هريرة اخرجه الحارث بن ابي اسامة (—بغية) و ذكره الحافظ في المطالب العالية (٢/ ١٦٠) رقم (١٩٣٥)-

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص ایک گھوڑے کو دو گھوڑوں میں شامل کر دے گا اور اس کو اس بات کا یقین نہ ہو کہ وہ آگے نکل جائے گا تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور جو شخص ایک گھوڑے کو دو گھوڑوں میں شامل کر دے اور اسے اس بات کا یقین ہو کہ وہ آگے نکل جائے گا تو یہ جوا ہو گا۔

4122- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ قَرِينٍ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ الْاَصْبَهَانِيِّ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ قَيْسِ بْنِ وَهْبٍ وَّمُجَالِدٍ عَنْ اَبِي الْوَدَّاكِ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ اَصَبْنَا سَبَايَا يَوْمَ اَوْطَاسٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَطَاُ رَجُلٌ حَامِلاً حَتّٰى تَضَعَ حَمْلَهَا وَلَا غَيْرَ ذَاتِ حَمْلٍ حَتّٰى تَحِيضَ حَيْضَةً.

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جنگ اوطاس کے موقع پر ہمیں کچھ قیدی عورتیں ملیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی بھی شخص کسی حاملہ عورت کے ساتھ صحبت نہ کرے جب تک وہ اپنے حمل کو جنم نہیں دیتی اور جو عورت حاملہ نہیں ہے اس کے ساتھ اس وقت تک صحبت نہ کرے جب تک اسے ایک مرتبہ حیض نہ آ جائے۔

4123- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ دَاوُدَ الْخَفَّافُ اَبُو يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَرَجَ الْعَبْدُ مِنْ دَارِ الشِّرْكِ قَبْلَ سَيِّدِهٖ فَهُوَ حُرٌّ وَّاِذَا خَرَجَ مِنْ بَعْدِهٖ رُدَّ اِلَيْهِ وَاِذَا خَرَجَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ دَارِ الشِّرْكِ قَبْلَ زَوْجِهَا تَزَوَّجَتْ مَنْ شَاءَتْ وَاِذَا خَرَجَتْ مِنْ بَعْدِهٖ رُدَّتْ اِلَيْهِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کوئی غلام اپنے آقا سے پہلے مشرکین کی سلطنت چھوڑ کر نکل آئے تو وہ آزاد شمار ہو گا اور اگر وہ اپنے آقا کے بعد نکلتا ہے تو وہ

۴۱۲۱- اخرجه احمد (۲/ ۵۰۵)، و ابو داود (۲۵۷۹)، و ابن ماجه (۲۸۷۶)، و ابن ابي شيبة (۶/ ۵۲۷) (۳۳۵۵۲)، و البيهقي في الكبرى (۱۰/ ۲۰)، و الحاكم (۲/ ۱۱۴)، و ابو نعيم في الحلية (۲/ ۱۷۵)، و الطحاوي في مشكل آثار (۲/ ۳۶۵) من طريق سفيان بن حسين عن الزهري، به- و سفيان بن حسين ثقة في غير الزهري، و قد تقدمت ترجمته-لكن تابعه سعيد بن بشيري فقد اخرجه ابو داود (۲۵۸۰)، و الحاكم (۲/ ۱۱۴)، و البيهقي (۱۰/ ۲۰) من طريق سيع بن بشير عن الزهري، به-وقال الحاكم: هذا الحديث صحيح الاسناد: فان الشيخين و ان لم يخرجا حديث سعيد بن بشير، و سفيان بن حسين فهما امامان بالشام، و العراق، و ممن يجمع حديثهم، و الذي عندي انهما اعتمدا حديث معمر على الارسال؛ فانه لرسله عن الزهري- و قال ابو حاتم الرازي في العلل (۲/ ۲۶۹): ارى انه كلام سعيد بن المسيب- و قال الحافظ في تلخيص الحبير (۴/ ۳۰۰): و قال ابن ابي خيثمة: سالت ابن معين عنه؟ فقال: هذا باطل، وضرب على ابي هريرة- وقد غلط الشافعي سفيان بن حسين في روايته عن الزهري عن سعيد عن ابي هريرة حديث: (الرجل جبار)، و هو بهذا الاسناد ايضاً-

۴۱۲۲- اخرجه البيهقي (۹/ ۱۲۴) من طريق محمد بن سعيد، انبا شريك عن قيس بن وهب والمجالد، به- و اخرجه ابو داود (۲۱۵۷)، و الدارمي (۲۳۰۰-ط: هاشمي) عن عمرو بن عون، اخبرنا شريك عن قيس بن وهب، به- واخرجه الطحاوي في مشكل الآثار (۴/ ۱۵۸) من طريق شريك عن ابي اسحاق، به-والحديث حسن اسناده الحافظ في تلخيص الحبير (۱/ ۳۰۴)-

۴۱۲۳- اخرجه العقيلي (۳/ ۷۱) في ترجمة عبد السلام بن صالح، قال: حدثني عبد الله بن احمد بن حنبل، قال: حدثنا عبد السلام بن صالح ابو الصلت الهروي...... فذكره-قال العقيلي: قال عبد الله بن احمد: قال لنا عبد السلام بن صالح: قال لي علي بن حكيم: انا اسمعت من شريك هكذا- قال عبد الله بن احمد: ولم نر هذا عند علي بن حكيم ولا عند غيره، ولا يحفظ من حديث شريك- و ابو الصلت غير مستقيم- اه-

آ قا کو واپس کر دیا جائے گا' اسی طرح اگر کوئی عورت اپنے شوہر سے پہلے مشرکین کی سلطنت سے نکل آتی ہے' تو وہ عورت جس کے ساتھ چاہے شادی کر سکتی ہے' لیکن اگر وہ اپنے شوہر کے بعد وہاں سے نکل کر آتی ہے' تو وہ اپنے شوہر کو واپس مل جائے گی۔

4124- حَدَّثَنَا زُرَيْقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَخْرَمِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ الْجُشَمِيُّ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ وَجَدَ مَالَهُ فِى الْفَىْءِ قَبْلَ اَنْ يُّقْسَمَ فَهُوَ لَهُ وَمَنْ وَجَدَهُ بَعْدَ مَا قُسِمَ فَلَيْسَ لَهُ شَىْءٌ . اِسْحَاقُ هُوَ ابْنُ اَبِى فَرْوَةَ مَتْرُوْكٌ .

☆☆ سالم بن عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص مالِ غنیمت کی تقسیم سے پہلے مالِ غنیمت میں اپنے (سابقہ) مال کو پالے تو وہ اسے ملے گا اور جو شخص مالِ غنیمت کی تقسیم کے بعد اسے پائے گا تو اسے کوئی چیز نہیں ملے گا۔

اسحٰق نامی راوی' اسحٰق بن ابوفروہ ہے اور یہ متروک ہے۔

4125- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرِ بْنِ اَبِى الْجَهْمِ الشِّيْعِيُّ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِى عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ مَا اَصَابَ الْمُشْرِكُوْنَ مِنْ اَمْوَالِ الْمُسْلِمِيْنَ فَظَهَرَ عَلَيْهِمْ فَرَاٰى رَجُلٌ مَتَاعَهُ بِعَيْنِهِ فَهُوَ اَحَقُّ بِهِ مِنْ غَيْرِهٖ فَاِذَا قُسِمَ ثُمَّ ظَهَرُوْا عَلَيْهِ فَلَا شَىْءَ لَهُ اِنَّمَا هُوَ رَجُلٌ مِنْهُمْ وَقَالَ اَبُوْ سَهْلٍ هُوَ اَحَقُّ بِهِ مِنْ غَيْرِهٖ بِالثَّمَنِ . هٰذَا مُرْسَلٌ .

☆☆ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مشرک لوگ مسلمانوں کا جو مال حاصل کر لیتے ہیں اور پھر مسلمان ان لوگوں پر غالب آ جاتے ہیں' پھر ہم میں سے کوئی شخص اپنا مال بعینہٖ ان کے پاس پاتا ہے' تو وہ اس مال کا کسی بھی دوسرے شخص سے زیادہ حق دار ہو گا' لیکن جب اس مالِ غنیمت کو تقسیم کر لیا جائے اور پھر مسلمان اس پر قابو پائیں تو اب اس شخص کو کچھ نہیں ملے گا' وہ ان (مسلمانوں) کا ایک عام فرد تصور ہو گا۔

شیخ ابوسہل نے یہ بات بیان کی ہے کہ قیمت کے بدلے میں اس مال کو حاصل کرنے کا وہ زیادہ حقدار ہو گا۔ یہ روایت "مرسل" ہے۔

4126- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْكَلْوَذَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو السَّكَنِ

۴۱۲۴- في اسناده ابن ابي فروة و هو ضعيف كما ذكره المصنف' لكن اخرجه الطبراني في الاوسط (۸۴۴۴) و ابن عدي في الكامل (۷/ ۱۸۴) من طريق ياسين الزيات عن الزهري' به' بلفظ(من ادرك ماله في الفيء قبل ان يقسم فهو له......)- و ياسين ضعيف' قال ابن معين: ليس حديثه بشيء' و قال البخاري: منكر الحديث' وقال النسائي: متروك' انظر ميزان الاعتدال (۷/ ۱۵۴) و الحديث ضعفه ايضاً الهيثمي في مجمع الزوائد (۶/ ۵)-

۴۱۲۵- اسناده منقطع حكم عليه الدارقطني بالارسال؛ لان قبيصة بن ذويب لم يسمع من عمر؛ كما تقدم ذلك مرارًا' و انظر جامع التحصيل ص (۲۵۴)' و الاثر اخرجه البيهقي (۹/ ۱۱۲)' و قال: هذا منقطع قبيصة لم يدرك عمر رضي الله عنه- اهـ- و ضعفه ايضاً الالباني في السلسلة الضعيفة (۲/ ۲۰)-

مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ السَّكَنِ الْبَصْرِيُّ حَدَّثَنَا رِشْدِينُ عَنْ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا اَحْرَزَهُ الْعَدُوُّ وَاَخَذَهُ صَاحِبُهُ قَبْلَ اَنْ يُقْسَمَ فَهُوَ لَهُ ۔ رِشْدِينُ ضَعِيفٌ.

☆☆ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: دشمن جو مال اپنے قبضے میں لے اور پھر (مال غنیمت میں) تقسیم ہونے سے پہلے اس مال کا مالک اس مال کو پالے تو وہ اسے ملے گا۔ اس روایت کا راوی ''رشدین'' ضعیف ہے۔

4127- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَارَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيمَا اَحْرَزَ الْعَدُوُّ فَاسْتَنْقَذَهُ الْمُسْلِمُونَ مِنْهُمْ اِنْ وَجَدَهُ صَاحِبُهُ قَبْلَ اَنْ يُقْسَمَ فَهُوَ اَحَقُّ بِهِ وَاِنْ وَجَدَهُ قَدْ قُسِمَ فَاِنْ شَاءَ اَخَذَهُ بِالثَّمَنِ ۔ اَلْحَسَنُ بْنُ عُمَارَةَ مَتْرُوكٌ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: دشمن جس مال کو قبضے میں لیتا ہے اور پھر مسلمان اس سے وہ مال حاصل کر لیتے ہیں تو تقسیم ہو جانے سے پہلے اس مال کا اصل مالک اسے لے سکتا ہے' وہ اس کا زیادہ حقدار ہوگا' لیکن اگر تقسیم ہو جانے کے بعد وہ اسے پاتا ہے' تو اگر وہ چاہے' تو اس کی قیمت کے عوض میں اسے حاصل کر سکتا ہے۔

اس روایت کا ایک راوی حسن بن عمارہ متروک ہے۔

4128- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْعَلَاءِ الْجُوزَجَانِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ عُرِضْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ وَاَنَا ابْنُ اَرْبَعَ عَشْرَةَ فَلَمْ يُجِزْنِي وَلَمْ يَرَنِي بَلَغْتُ ثُمَّ عُرِضْتُ عَلَيْهِ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَاَنَا ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ فَاَجَازَنِي فَاَخْبَرْتُ هٰذَا الْخَبَرَ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ فَكَتَبَ اِلَى عُمَّالِهِ لَا يَفْرِضُوا اِلَّا لِمَنْ بَلَغَ خَمْسَ عَشْرَةَ ۔ وَكَانَ عُمَرُ لَا يَفْرِضُ لِاَحَدٍ اِلَّا مِائَةَ دِرْهَمٍ حَتّٰى يَبْلُغَ خَمْسَ عَشْرَةَ ۔ تَابَعَهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَهُوَ

٤١٢٦- في اسناده رشدين بن سعد' و هو ضعيف' تقدمت ترجمته مرارًا- و الحديث تقدم من طريق اسحاق بن عبد الله بن ابي فروة- انظر رقم (٤١٢٥)' و راجع نصب الراية (٣/ ٤٣٥)-

٤١٢٧- في اسناده الحسن بن عمارة و هو متروك' و به اعل الزيلعي الحديث في نصب الراية (٣/ ٤٣٤)- و اخرجه البيهقي في معرفة السنن (٧/ ٥٥) كتاب: السير' باب: ما احرزه المشركون على المسلمين- عن الشافعي' قال: قال ابو يوسف: حدثنا الحسن بن عمارة عن الحكم بن عتيبة عن مقسم عن ابن عباس عن رسول الله صلى الله عليه وسلم في عبد و بعير احرزهما العدو ثم ظفر بهما' فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لصاحبهما: (ان اصبتهما قبل القسمة' فهما لك بغير شيء؛ و ان اصبتهما بعد القسمة' فهما لك بالقيمة)- قال البيهقي : هكذا و جدته عن ابي يوسف عن الحسن بن عمارة' و اخرجه غيره عن الحسن ابن عمارة عن عبد الملك الزيات عن طاوس عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم في بعير واحد- و هذا الحديث يعرف بالحسن بن عمارة و هو متروك لا يحتج به- و اخرجه مسلمة بن علي عن عبد الملك و هو ايضاً ضعيف- و روي باسناد آخر مجهول عن عبد الملك؛ و لا يصح شيء من ذلك- اه-

٤١٢٨- اخرجه البخاري (٢٦٦٤' ٤٠٩٧)' و مسلم (٩١/١٨٦٨)' و الترمذي (١٧١١)' و ابو داود (٤٤٠٦)' (٤٤٠٧)' و النسائي (٦/ ١٥٥)' و ابن ماجه (٢٥٤٣)' و ابن حبان (٤٧٢٨)' و البيهقي (٣/ ٨٣)' (٦/ ٥٤-٥٥)' (٨/ ٢٦٤)' (٩/ ٢١' ٢٢) من طرق عن عبيد الله بن عمر' به-

صَحِيحٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ غزوۂ اُحد کے دن مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کیا گیا' اس وقت میری عمر چودہ برس تھی' آپ نے مجھے شرکت کی اجازت نہیں دی' آپ نے مجھے بالغ نہیں سمجھا تھا' پھر غزوۂ خندق کے موقع پر مجھے آپ کے سامنے پیش کیا گیا' میری عمر اس وقت پندرہ سال تھی تو آپ نے مجھے شرکت کی اجازت دی۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کو اس بارے میں بتایا تو انہوں نے اپنے سرکاری اہلکاروں کو خط لکھا کہ وہ تنخواہ صرف اس شخص کو ادا کریں جو پندرہ سال کا ہو چکا ہو۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کا یہ معمول تھا کہ انہوں نے پندرہ سال کے لڑکے کے لیے ایک سو درہم تنخواہ مقرر کی تھی۔ یہ روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

4129- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِىْ اُوَيْسٍ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ مُفَضَّلِ بْنِ مُحَمَّدٍ الضَّبِّيِّ - مِنْ اَهْلِ الْكُوفَةِ - عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ الثَّقَفِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ يَعْلَى بْنَ مُرَّةَ يَقُوْلُ سَافَرْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ مَرَّةٍ فَمَا رَاَيْتُهُ يَمُرُّ بِجِيفَةِ اِنْسَانٍ فَيُجَاوِزُهَا حَتّٰى يَاْمُرَ بِدَفْنِهَا لَا يَسْاَلُ مُسْلِمٌ هُوَ اَوْ كَافِرٌ.

☆☆ حضرت یعلیٰ بن مرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کئی مرتبہ سفر کیا ہے' میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ جب بھی کسی انسان کی میت کے پاس سے گزرے تو آپ اس وقت تک آگے نہیں گزرے جب تک آپ نے اسے دفن کرنے کا حکم نہیں دیا۔ آپ یہ تحقیق نہیں کرتے تھے کہ یہ مسلمان ہے یا کافر ہے۔

4130- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنِىْ اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنِىْ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ حَدَّثَنِىْ اَفْلَحُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَمْزَةَ يَوْمَ اُحُدٍ فَهُيِّءَ لِلْقِبْلَةِ ثُمَّ كَبَّرَ عَلَيْهِ سَبْعًا ثُمَّ جَمَعَ اِلَيْهِ الشُّهَدَاءَ حَتّٰى صَلَّى عَلَيْهِ سَبْعِينَ صَلَاةً قَالَ وَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ رَاَى حَمْزَةَ قَدْ مُثِّلَ بِهٖ قَالَ لَئِنْ ظَفِرْتُ بِقُرَيْشٍ

۴۱۲۹- اسنادہ ضعیف جدا: عبد اللہ بن شبیب: ذاهب الحدیث- و محمد بن مفضل بن محمد الضبي: قال ابو حاتم: متروك القراءة، والحديث، له ترجمة في الميزان- و عمر بن عبد الله بن يعلى: ضعفه الحافظ في التقريب -

۴۱۳۰- هذا اسناد ضعيف: عبد الله بن شبيب: ذاهب الحديث: كما تقدم- و عبد العزيز بن عمران: متروك: كما في التقريب (۴۱۴۲)- و قد اخرجه الدارقطني ايضاً رقم (۴۱۳۶) من طريق اسماعيل بن عياش، و اعله بان روايته عن غير الشاميين مضطربة- و اخرجه الطبراني في الكبير (۲۹۳۴) من طريق يزيد بن ابي زياد عن مقسم عن ابن عباس: نحوه و ليس فيه: (حتى صلى عليه سبعين صلاة)، ولا سبب نزول الآية- واخرجه البيهقي في الدلائل (۲۸۸/۳) من طريق ابن ابي ليلى عن الحكم عن مقسم عن ابن عباس قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم قتل حمزة و مثل به: (لئن ظفرت بقريش لامثلن بسبعين رجلا منهم) قال: فانزل الله- عزوجل-: (و ان عاقبتم فعاقبوا بمثل ما عوقبتم به) الآية فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: (بل نصبر يا رب)- و اخرجه ابن ماجه (۱۵۱۳) من طريق يزيد بن ابي زياد عن مقسم عن ابن عباس قال: اتي بهم رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم احد فجعل يصلي على عشرة عشرة و حمزة هو كما هو يرفعون و هو كما هو موضوع- وصحح اسناده البوصيري في زوائد ابن ماجه (۴۹۵/۱)-

لَأُمَثِّلَنَّ بِثَلَاثِيْنَ مِنْهُمْ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى (وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ) عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عِمْرَانَ ضَعِيْفٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ غزوۂ اُحد کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں حکم دیا' ان کی میت کو قبلہ کی سمت میں رکھ دیا گیا' پھر ان پر سات تکبیریں کہی گئیں' پھر دیگر شہداء کو بھی ان کے آس پاس جمع کر دیا گیا یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر ستر مرتبہ نماز ادا کی' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو ملاحظہ کیا کہ ان کی بے حرمتی کی گئی ہے' تو ارشاد فرمایا: اگر میں نے قریش پر قابو پالیا تو میں ان کے تیس آدمیوں کے اسی طرح ٹکڑے ٹکڑے کر دوں گا۔

تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''اگر انہوں نے تمہیں سزا دی ہے' تو تم بھی ان کے ساتھ وہی سلوک کرو جو تمہارے ساتھ کیا گیا ہے''۔

اس روایت کا راوی عبدالعزیز بن عمران ضعیف ہے۔

4131- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَحْمَدَ الدَّقَّاقُ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ أَخْبَرَنَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِحَمْزَةَ يَوْمَ أُحُدٍ وَّقَدْ جُدِعَ وَمُثِّلَ بِهٖ فَقَالَ لَوْلَا أَنْ تَجِدَ صَفِيَّةُ لَتَرَكْتُهُ حَتّٰى يَحْشُرَهُ اللّٰهُ مِنْ بُطُوْنِ الطَّيْرِ وَالسِّبَاعِ . فَكَفَّنَهُ بِنَمِرَةٍ إِذَا خُمِّرَ رَأْسُهُ بَدَتْ رِجْلَاهُ وَإِذَا خُمِّرَتْ رِجْلَاهُ بَدَا رَأْسُهُ فَخُمِّرَ رَأْسُهُ . وَلَمْ يُصَلِّ عَلٰى أَحَدٍ مِّنَ الشُّهَدَاءِ غَيْرِهٖ وَقَالَ أَنَا شَهِيْدٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ . لَمْ يَقُلْ هٰذِهِ اللَّفْظَةَ غَيْرُ عُثْمَانَ بْنِ عُمَرَ وَلَمْ يُصَلِّ عَلٰى أَحَدٍ مِّنَ الشُّهَدَاءِ غَيْرِهٖ وَلَيْسَتْ بِمَحْفُوْظَةٍ .

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ غزوۂ اُحد کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے' ان کے ہونٹ' ناک' کان وغیرہ کو کاٹ دیا گیا تھا اور مثلہ کر دیا گیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر صفیہ کی پریشانی نہ ہوتی تو میں ان کو ایسے ہی رہنے دیتا' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) انہیں پرندوں اور درندوں کے پیٹ میں سے زندہ کرتا۔

پھر حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو ایک چادر کفن کے طور پر دی گئی' جب ان کا سر ڈھانپا جاتا تھا' تو ان کے پاؤں ظاہر ہو جاتے تھے' جب پاؤں ڈھانپے جاتے تھے تو سر ظاہر ہو جاتا تھا تو ان کے سر کو ڈھانپ دیا گیا' ان کے علاوہ اور کسی شہید کی نماز جنازہ ادا

۴۱۳۱- اخرجه البيهقي في الكبرى (۴/۱۰-۱۱)، و الطحاوي (۱/۵۰۲-۵۰۳) من طريق عثمان بن عمر عن اسامة بن زيد' به- و اخرجه ابو داود (۳۱۳۷): حدثنا عباس العنبري' حدثنا عثمان بن عمر' حدثنا اسامة...... فذكره مختصرًا بلفظ: (ان النبي صلى الله عليه وسلم مر بحمزة و قد مثل به' و لم يصل على احد من الشهداء غيره)-واخرجه ابو داود (۳۱۳۵)، و البيهقي (۴/۱۰) عن ابن وهب عن اسامة بن زيد به بلفظ: (ان شهداء احد لم يغسلوا' و دفنوا بدمائهم و لم يصل عليهم)، و سياتي رقم (۴۱۳۳)، و اخرجه ابو داود (۳۱۳۶)، و الترمذي (۱۰۱۶)، و احمد (۳/۱۲۸) من طرق عن اسامة بن زيد عن ابن شهاب' به- قال الترمذي: حديث حسن غريب' لا نعرفه من حديث انس الا من هذا الوجه' و قد خولف اسامة بن زيد في رواية هذا الحديث: فروى الليث بن سعد عن ابن شهاب عن عبد الرحمن بن كعب بن مالك عن جابر بن عبد الله بن زيد' وروى معمر عن الزهري عن عبد الله ابن ثعلبة عن جابر- ولا نعلم احدًا ذكره عن الزهري عن انس الا اسامة بن زيد-وسالت محمدًا عن هذا الحديث؟ فقال: حديث الليث عن ابن شهاب عن عبد الرحمن بن كعب بن مالك عن جابر-اصح- اه-

نہیں کی گئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں آج تم لوگوں کے بارے میں گواہ ہوں۔

روایت کے یہ الفاظ صرف عثمان نامی راوی نے نقل کیے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے علاوہ اور کسی شہید کی نماز جنازہ ادا نہیں کی۔ یہ الفاظ محفوظ نہیں ہیں۔

4132- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ وَزَادَ وَجَعَلَ عَلٰى رِجْلَيْهِ الْاِذْخِرَ وَلَمْ يُصَلِّ عَلٰى اَحَدٍ مِّنَ الشُّهَدَاءِ غَيْرِهٖ وَقَالَ اَنَا شَهِيْدٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ - وَكَانَ يَدْفِنُ الْاِثْنَيْنِ وَالثَّلَاثَةَ فِیْ قَبْرٍ وَّاحِدٍ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ زائد ہیں' ان کے پاؤں پر اذخر (نامی گھاس) رکھ دی گئی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے علاوہ اور کسی شہید کی نمازِ جنازہ ادا نہیں کی' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں آج کے دن تم لوگوں کے بارے میں گواہ ہوں۔ ایک قبر میں دو' دو اور تین' تین شہداء کو دفن کیا گیا۔

4133- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اَنَّ ابْنَ شِهَابٍ حَدَّثَهٗ اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهٗ اَنَّ شُهَدَاءَ اُحُدٍ لَمْ يُغَسَّلُوْا وَدُفِنُوْا بِدِمَائِهِمْ وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِمْ.

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اُحد میں شہید ہونے والے کو غسل نہیں دیا گیا' انہیں ان کے خون سمیت دفن کر دیا گیا اور ان کی نمازِ جنازہ ادا نہیں کی گئی۔

4134- وَقَالَ اللَّيْثُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَنَا شَهِيْدٌ عَلٰى هٰؤُلَاءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ - وَاَمَرَ بِدَفْنِهِمْ بِدِمَائِهِمْ وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يُغَسَّلُوْا - حَدَّثَنَاهُ النَّيْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ وَّالْحَسَنُ بْنُ مُوْسٰى وَاَبُو النَّضْرِ وَاَبُو الْوَلِيْدِ عَنِ اللَّيْثِ بِهٰذَا -

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں قیامت کے دن ان لوگوں کا گواہ ہوں گا۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت انہیں ان کے خون سمیت دفن کر دیا گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی نمازِ جنازہ ادا نہیں کی' ان لوگوں کو غسل نہیں دیا گیا۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

۴۱۳۲-انظر الذي قبله-

۴۱۳۳-مدار الحديث على اسامة بن زيد و هو ضعيف- و انظر الحديث (۴۱۳۱)- و حديث جابر (۴۱۳۴)-

۴۱۳۴-اخرجه البخاري (۱۳۴۳)' (۱۳۴۶)' (۱۳۴۷)' (۱۳۵۳)' (۴۰۷۹)' و ابو داود (۳۱۳۸)' (۳۱۳۹)' و الترمذي (۱۰۳۶)' و النسائي (۴/۶۲)' و ابن ماجه (۱۵۱۴)' و ابن حبان (۳۱۹۷)' و ابن الجارود (۵۵۲)' و الطحاوي (۱/۵۰۱)' و البيهقي (۴/۳۴) من طرق عن الليث ابن سعد' به-

4135- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي غَنِيَّةَ أَوْ غَيْرِهِ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ لَمَّا انْصَرَفَ الْمُشْرِكُونَ عَنْ قَتْلٰى أُحُدٍ انْصَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَأٰى مَنْظَرًا أَسَاءَهُ رَأٰى حَمْزَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ شُقَّ بَطْنُهُ وَاصْطُلِمَ أَنْفُهُ وَجُدِعَتْ أُذُنَاهُ فَقَالَ لَوْلَا أَنْ تَحْزَنَ النِّسَاءُ أَوْ تَكُونَ سُنَّةً بَعْدِي لَتَرَكْتُهُ حَتّٰى يَبْعَثَهُ اللّٰهُ مِنْ بُطُونِ السِّبَاعِ وَالطَّيْرِ لَأُمَثِّلَنَّ مَكَانَهُ بِسَبْعِينَ رَجُلًا . ثُمَّ دَعَا بِبُرْدَةٍ فَغَطّٰى بِهَا وَجْهَهُ فَخَرَجَتْ رِجْلَاهُ فَغَطّٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجْهَهُ وَجَعَلَ عَلٰى رِجْلَيْهِ شَيْئًا مِنَ الْإِذْخِرِ ثُمَّ قَدَّمَهُ فَكَبَّرَ عَلَيْهِ عَشْرًا ثُمَّ جَعَلَ يُجَاءُ بِالرَّجُلِ فَيُوضَعُ وَحَمْزَةُ مَكَانَهُ حَتّٰى صَلّٰى عَلَيْهِ سَبْعِينَ صَلَاةً وَكَانَ الْقَتْلٰى سَبْعِينَ فَلَمَّا دُفِنُوا وَفَرَغَ مِنْهُمْ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ (ادْعُ إِلٰى سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ) إِلٰى قَوْلِهِ (وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللّٰهِ) فَصَبَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُمَثِّلْ بِأَحَدٍ .لَمْ يَرْوِهِ غَيْرُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ وَهُوَ مُضْطَرِبُ الْحَدِيثِ عَنْ غَيْرِ الشَّامِيِّينَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب مشرکین غزوۂ اُحد میں مارے جانے والوں کو چھوڑ کر واپس چلے گئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ چیز ملاحظہ فرمائی جس سے آپ کو بہت تکلیف ہوئی' آپ نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ ان کا پیٹ چیر دیا گیا تھا' ناک کاٹ دی گئی تھی' دونوں کان الگ کر دیئے گئے تھے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: اگر خواتین کے غمگین ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا' یا یہ بات میرے بعد رواج نہ بن جاتی' تو میں انہیں یونہی چھوڑ دیتا' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ درندوں اور پرندوں کے پیٹوں میں سے انہیں زندہ کرتا' میں ان کی جگہ ستر آدمیوں کا مثلہ کروں گا۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چادر منگوائی اور اس کے ذریعے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے چہرے کو ڈھانپ دیا تو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے پاؤں ظاہر ہو گئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے چہرے کو ڈھانپ دیا اور ان کے پاؤں پر گھاس رکھ دی' پھر آپ نے انہیں آگے کیا اور ان پر دس تکبیریں کہیں' اس کے بعد ایک' ایک شخص کو لایا جاتا رہا اور رکھا جاتا رہا' حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی میت وہیں پڑی رہی' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر ستر مرتبہ نماز ادا کی کیونکہ غزوۂ اُحد کے شہداء کی تعداد ستر تھی' جب ان لوگوں کو دفن کر دیا گیا اور آپ اس سے فارغ ہو گئے تو یہ آیت نازل ہوئی:

''تم اپنے پروردگار کے راستے کی طرف حکمت اور اچھے وعظ کے ذریعے دعوت دو''۔

یہ آیت یہاں تک ہے: ''تم صبر سے کام لو' تمہارا صبر کرنا صرف اللہ تعالیٰ کی مدد سے ہی ہے''۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبر سے کام لیا اور آپ نے کسی شخص کا مثلہ نہیں کیا۔

اس روایت کو صرف اسماعیل بن عیاش نامی راوی نے نقل کیا ہے اور اس نے شامیوں کے علاوہ دیگر راویوں سے جو روایات نقل کی ہیں' ان میں اضطراب پایا جاتا ہے۔

۴۱۳۵- اسنادہ ضعیف' وقد تقدم (۴۱۳۰)-

بَقِيَّةُ الْفَرَائِضِ

وراثت کے بارے میں چند دیگر روایات

4136- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِی الزِّنَادِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ كُلُّ قَوْمٍ يَتَوَارَثُونَ اِلَّا مَنْ عُمِّیَ مَوْتُ بَعْضِهِمْ قَبْلَ بَعْضٍ فِی هَدْمٍ اَوْ حَرَقٍ اَوْ قِتَالٍ اَوْ غَيْرِ ذٰلِكَ مِنْ وُجُوهِ الْمَتَالِفِ فَاِنَّ بَعْضَهُمْ لَا يَرِثُ بَعْضًا وَلٰكِنْ يُوَرَّثُ كُلُّ اِنْسَانٍ مِّنْهُمْ يَرِثُهُ اَوْلَى النَّاسِ بِهِ مِنَ الْاَحْيَاءِ كَاَنَّهُ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ مَنْ عُمِّیَ مَوْتُهُ مَعَهُ قَرَابَةٌ.

☆☆ خارجہ بن زید اپنے والد (زید بن ثابت رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: پہلے ہر قوم کے لوگ ایک دوسرے کے وارث بن جایا کرتے تھے ماسوائے اس صورت کے کہ جب کوئی شخص کوئی مکان گرنے یا جل جانے یا جنگ یا کسی اور وجہ سے اندھی موت مر جاتا تو ان لوگوں کو ایک دوسرے کا وارث نہیں بنایا جاتا تھا' البتہ زندہ لوگوں میں سے ان اہم قریبی عزیز ان کا وارث بنا کرتا تھا۔ یوں لگتا تھا جیسے اس شخص کے اور اندھی موت مر جانے والے شخص کے درمیان کوئی رشتے داری نہیں ہے۔

4137- حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ عِيسَى بْنِ الْحَارِثِ قَالَ كَانَتْ اُمُّ وَلَدٍ لِاَخِی شُرَيْحِ بْنِ الْحَارِثِ وَلَدَتْ لَهُ جَارِيَةً فَزُوِّجَتْ فَوَلَدَتْ غُلَامًا ثُمَّ تُوُفِّيَتْ اُمُّ الْوَلَدِ- قَالَ- فَاخْتَصَمَ فِی مِيرَاثِهَا شُرَيْحُ بْنُ الْحَارِثِ وَابْنُ ابْنَتِهَا اِلٰی شُرَيْحٍ فَجَعَلَ شُرَيْحُ بْنُ الْحَارِثِ يَقُولُ لِشُرَيْحٍ اِنَّهُ لَيْسَ لَهُ مِيرَاثٌ فِی كِتَابِ اللّٰهِ اِنَّمَا هُوَ ابْنُ ابْنَتِهَا فَقَضٰی شُرَيْحٌ بِمِيرَاثِهَا لِابْنِ ابْنَتِهَا وَقَالَ (وَاُولُو الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰی بِبَعْضٍ فِی كِتَابِ اللّٰهِ) قَالَ فَرَكِبَ مَيْسَرَةُ بْنُ يَزِيدَ اِلَی ابْنِ الزُّبَيْرِ فَاَخْبَرَهُ بِالَّذِی كَانَ مِنْ شُرَيْحٍ فَكَتَبَ ابْنُ الزُّبَيْرِ اِلٰی شُرَيْحٍ اِنَّ مَيْسَرَةَ بْنَ يَزِيدَ ذَكَرَ لِی كَذَا وَكَذَا وَاَنَّكَ قُلْتَ عِنْدَ ذٰلِكَ (وَاُولُو الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰی بِبَعْضٍ فِی كِتَابِ اللّٰهِ) وَاِنَّمَا كَانَتْ تِلْكَ الْاٰيَةُ فِی شَاْنِ الْعَصَبَةِ كَانَ الرَّجُلُ يُعَاقِدُ الرَّجُلَ فَيَقُولُ تَرِثُنِی وَاَرِثُكَ فَلَمَّا نَزَلَتْ تُرِكَ ذَاكَ قَالَ فَجَآءَ مَيْسَرَةُ بْنُ يَزِيدَ بِالْكِتَابِ اِلٰی شُرَيْحٍ فَلَمَّا قَرَاَهُ اَبٰی اَنْ يَرُدَّ قَضَاءَهُ وَقَالَ فَاِنَّهُ اِنَّمَا اَعْتَقَهَا حِيتَانُ بَطْنِهَا.

٤١٣٦- اخرجه الدارمي كتاب: الفرائض (٢/٤٧٣) باب: ميراث الغرقى (٣٠٤٤)' و البيهقي في السنن الكبرى كتاب: الفرائض (٦/٢٢٢) باب: ميراث من عمي موته- من' طريق ابي الزناد عن خارجة' بهذا الاسناد-وفي اسناد اسماعيل بن عياش' و هو ضعيف في روايته عن غير الشاميين و هذا منها-

٤١٣٧- اخرجه ابن جرير في تفسيره (٦/٣٠٠) (١٦٣٦٩): حدثني يعقوب بن ابراهيم' حدثنا ابن عليه...... فذكره- و اخرجه- ايضا- برقم (١٦٣٦٨) من طريق اخرى عن ابن عون' به و اسناده حسن-

☆☆ عیسیٰ بن حارث بیان کرتے ہیں کہ شریح بن حارث کے بھائی کی ایک اُم ولد تھی' اس نے ایک بچی کو جنم دیا' پھر اس بچی کی شادی ہوگئی' اس نے ایک لڑکے کو جنم دیا پھر وہ اُم ولد فوت ہوگئی۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ اس کی وراثت کے بارے میں شریح بن حارث اور اس اُم ولد کے نواسے نے اختلاف کیا' وہ اپنا مقدمہ لے کر قاضی شریح کے پاس گئے۔ شریح بن حارث نے قاضی شریح سے کہا کہ اللہ کی کتاب میں اس لڑکے کی کوئی وراثت نہیں ہے' کیونکہ یہ اس عورت کا نواسہ ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو قاضی شریح نے اس عورت کی وراثت اس نواسے کو دینے کا حکم دیا اور بولے: (ارشادِ باری تعالیٰ ہے:)

''نسبی رشتے دار اللہ کی کتاب میں ایک دوسرے کے (وارث بنتے ہیں)''۔

تو میسرہ بن یزید سوار ہو کر حضرت عبداللہ بن زبیر کے پاس گئے اور انہیں اس بارے میں بتایا جو قاضی شریح نے فیصلہ دیا تھا تو حضرت عبداللہ بن زبیر نے قاضی شریح کو ایک خط لکھا' میسرہ بن یزید نے میرے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا ہے کہ تم نے ایسی صورتِ حال میں یہ آیت پڑھی ہے:

''نسبی رشتے دار اللہ کی کتاب میں ایک دوسرے کے وارث بنتے ہیں''۔

یہ آیت عصبہ رشتے داروں کے بارے میں ہے اور اس زمانے سے تعلق رکھتی ہے کہ جب لوگ ایک دوسرے کے ساتھ معاہدہ کر لیتے تھے (یعنی منہ بولے بھائی بن جایا کرتے تھے) آدمی کہتا تھا: تم میرے وارث بن جانا اور میں تمہارا وارث بن جاؤں گا' جب یہ آیت نازل ہوئی تو اس طرزِ عمل کو ترک کر دیا گیا۔

پھر میسرہ بن یزید وہ خط لے کر قاضی شریح کے پاس آئے' انہوں نے اسے پڑھنے کے بعد اپنا فیصلہ واپس لینے سے انکار کر دیا اور بولے: اس شخص نے اس اُم ولد کو اس کے پیٹ میں موجود (بچے کی وجہ سے آزاد کیا تھا)۔

4138- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمْدَوَيْهِ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ اٰدَمَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَا يَرِثُ الْقَاتِلُ خَطَأً وَّلَا عَمْدًا ۔

☆☆ امام شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا ہے: خطاء کے طور پر یا عمد کے طور پر قتل کرنے والا شخص (مقتول کا) وارث نہیں بنتا' باقی اللہ بہتر جانتا ہے۔

۴۱۳۸- اخرجه الدارمي كتاب: الفرائض (۲/ ٤٧٤) باب: ميراث الغرقى (۳۰٤۷) من طريق ابن ابي ليلى عن الشعبي عن عمر' به- و البيهقي في السنن الكبرى تعليقاً في كتاب: الفرائض (٦/ ۲۲۲) باب: ميراث من عمي موته من طريق قتادة عن رجاء بن حيوة عن قبيصة بن ذويب عن عمر- وقال البيهقي- رحمه الله- : و هو -ايضاً- منقطع فما روينا عن عمر اشبه- و الله اعلم- اه-

كِتَابُ الْمُكَاتِبِ

مکاتب کے احکام

4139- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ صَخْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا عَبَّاسٌ الْجُرَيْرِيُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا عَبْدٍ كَاتَبَ عَلٰى مِائَةِ اُوْقِيَّةٍ فَاَدَّاهَا اِلَّا عَشْرَ اَوَاقٍ فَهُوَ عَبْدٌ وَّاَيُّمَا عَبْدٍ كَاتَبَ عَلٰى مِائَةِ دِيْنَارٍ فَاَدَّاهَا اِلَّا عَشْرَةَ دَنَانِيْرَ فَهُوَ عَبْدٌ . وَقَالَ الْمُقْرِءُ وَعَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ عَبَّاسٍ الْجُرَيْرِيِّ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص ایک سو اوقیہ کے عوض میں کتابت کا معاہدہ کرتا ہے اور دس اوقیہ کے علاوہ باقی سب ادائیگی کر دیتا ہے' تو وہ شخص غلام شمار ہوگا اور جو غلام ایک سو دینار کے عوض میں کتابت کا معاہدہ کرتا ہے اور دس دینار کے علاوہ باقی سب ادائیگی کر دیتا ہے' تو وہ بھی وہ غلام شمار ہوگا (یعنی پوری ادائیگی سے پہلے وہ آزاد نہیں ہوگا)۔

شرح:

پہلے زمانے میں یہ رواج تھا کہ مردوں کو غلام اور عورتوں کو کنیز بنا لیا جاتا تھا' غلاموں اور کنیزوں کے بارے میں مفصل احکام ہیں۔ جن میں سے ایک مسئلہ یہ ہے کہ کوئی غلام یا کنیز اپنے مالک کے ساتھ یہ معاہدہ کر لیتے ہیں کہ میں آپ کو اتنی رقم فراہم کر دوں گا تو آپ مجھے آزاد کر دیجئے گا۔ اس معاہدے کو "کتابت" کہتے ہیں۔ اور یہ معاہدہ کرنے والے غلام کو "مکاتب" کہتے ہیں۔

اہلِ ظاہر اس بات کے قائل ہیں کہ غلام کے ساتھ کتابت کا معاہدہ کرنا واجب ہے' جبکہ جمہور فقہاء کے نزدیک ایسا کرنا مستحب ہے۔ کتابت کے بارے میں پہلا اصول یہ ہے کہ غلام کو اپنے آقا کے ساتھ یہ طے کر لینا چاہئے کہ اس نے اپنے آقا کو کتنا معاوضہ' کس شکل میں ادا کرنا ہے۔ دوسرا اصول یہ ہے کہ اسے اپنے آقا کے ساتھ یہ معاہدہ کتنی مدت کے لئے کرنا ہے۔

کتابت کا معاہدہ کرنے کے لئے یہ بات شرط ہے کہ آقا اس غلام پر صحیح ملکیت رکھتا ہو' اور وہ غلام جسمانی طور پر تندرست

۴۱۳۹- اخرجه ابو داود (۳۹۲۷)' و احمد (۲/۱۸۴)' و البيهقي (۱۰/۳۲٤) من طريق عبد الصمد عن همام عن عباس الجريري' به- و قال عبد الله بن احمد: كذا قال عبد الصمد: عباس الجزوي' كان في النسخة عباس الجريري' فاصلحه ابي كما قال عبد الصمد: الجزري- قال ابو داود: ليس هو عباس الجريري- قالوا: هو وهم و لكنه هو شيخ آخر- اه- و للحديث طرق اخرى عن عمرو بن شعيب' فاخرجه الترمذي (۱۲٦۰) من طريق يحيى بن ابي انيسة عن عمرو بن بلفظ: (من كاتب عبده على مائة اوقية فاداه الا عشرة اواق- او قال: عشرة دراهم- ثم عجز فهو رقيق)- و اخرجه ابو داود (۳۹۲٦)' و البيهقي (۱۰/۳۲٤) من طريق اسماعيل بن عياش' حدثني سليمان بن سليم عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده بلفظ: (المكاتب عبد ما بقي عليه من كتابته درهم)- و اخرجه ابن ماجه (۲۵۱۹)' و احمد (۲/۱۷۸' ۲۰٦' ۲۰۹)' و النسائي في الكبرى (۳/۱۹۷) (۵۰۲۵) عن حجاج عن عمرو بن شعيب' به- و الحديث حسنه الالباني في الارواء (۱٦۷٤)-

ہو(یعنی اس میں یہ صلاحیت موجود ہو کہ وہ کتابت کی رقم کما کر ادا کر سکتا ہو)

3 کیا کوئی بیمار شخص اپنے غلام کے ساتھ کتابت کا معاہدہ کر سکتا ہے؟ اس سے مراد وہ بیمار شخص ہے کہ جس کے بارے میں غالب گمان یہ ہو کہ وہ اس بیماری کے دوران انتقال کر جائے گا۔ اس کے بارے میں امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل ہیں کہ یہ معاملہ موقوف ہوگا۔ یہاں تک کہ وہ شخص تندرست ہو کر اس پر عمل درآمد کروائے یا اگر وہ شخص اس بیماری کے دوران فوت ہو جاتا ہے تو اس کے ترکے کے ایک تہائی حصے میں سے یہ معاہدہ باقی شمار ہوگا۔

کتابت سے متعلق اگلا حکم یہ ہے کہ مکاتب غلام سے غلامی کے احکام کب ختم ہوں گے؟

اس بات پر علماء کا اتفاق ہے کہ جب وہ کتابت کا تمام معاوضہ ادا کر دے گا تو وہ غلامی سے نکل جائے گا' لیکن اگر اس نے کچھ حصہ ادا کیا ہو اور کچھ حصہ ادا نہ کیا ہو تو اس کا حکم کیا ہوگا؟

جمہور اس بات کے قائل ہیں جب تک وہ شخص کتابت کی پوری رقم ادا نہیں کرتا اس وقت تک وہ غلام شمار ہوگا۔

4140- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَحْيَى الْعَطَّارُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ اَبِىْ مَذْعُورٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَصَابَ الْمُكَاتَبُ حَدًّا اَوْ مِيرَاثًا وُرِّثَ بِحِسَابِ مَا عُتِقَ مِنْهُ وَاُقِيْمَ عَلَيْهِ الْحَدُّ بِحِسَابِ مَا عُتِقَ مِنْهُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب کتابت کا معاہدہ کرنے والا شخص کسی قابل حد جرم کا ارتکاب کرے یا وراثت میں حصہ دار بن رہا ہو' تو جتنا حصہ اس کا آزاد ہوا ہے' اسی حساب سے وہ وراثت کا حق دار بنے گا اور جتنا حصہ اس کا آزاد ہوا ہے' اسی حساب سے اس پر حد جاری کی جائے گی۔

4141- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اللَّيْثِيُّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ اَنَّهُ حَدَّثَهُ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ قَالَ اشْتَرَتْنِىْ امْرَاَةٌ مِنْ بَنِىْ لَيْثٍ مِنْ سُوقِ ذِى الْمَجَازِ بِسَبْعِمِائَةِ دِرْهَمٍ ثُمَّ قَدِمْتُ فَكَاتَبَتْنِىْ عَلٰى اَرْبَعِيْنَ اَلْفَ دِرْهَمٍ فَاَدَّيْتُ اِلَيْهَا عَامَّةَ الْمَالِ ثُمَّ حَمَلْتُ مَا بَقِىَ اِلَيْهَا فَقُلْتُ هٰذَا مَالُكِ فَاقْبِضِيهِ .قَالَتْ لَا وَاللّٰهِ حَتّٰى اٰخُذَهُ مِنْكَ شَهْرًا بِشَهْرٍ وَّسَنَةً بِسَنَةٍ .فَخَرَجْتُ بِهٖ اِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ عُمَرُ ارْفَعْهُ اِلٰى بَيْتِ الْمَالِ .ثُمَّ بَعَثَ اِلَيْهَا فَقَالَ هٰذَا مَالُكِ فِىْ بَيْتِ الْمَالِ وَقَدْ عَتَقَ اَبُوْ سَعِيْدٍ فَاِنْ شِئْتِ فَخُذِىْ شَهْرًا بِشَهْرٍ اَوْ سَنَةً بِسَنَةٍ .قَالَ فَاَرْسَلَتْ فَاَخَذَتْهُ.

۴۱۴۰—اخرجه احمد (۱/ ۳۶۹)، و ابو داود (۴۵۸۲)، و الترمذي (۱۲۵۹)، و النسائي في الكبرى (۳/ ۱۹۶) (۵۰۲۱)، و الحاكم (۲/ ۲۱۸– ۲۱۹)، و البيهقي (۱۰/ ۳۲۵) من طريق حماد ابن سلمة عن ايوب به و اخرجه النسائي (۸/ ۴۶) من طريق حماد بن زيد عن ايوب، به- بلفظ: (ان مكاتباً قتل على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فامر ان يودى ما ادى دية الحر و ما لا دية المملوك)- اخرجه احمد (۱/ ۳۶۳)، و ابو داود (۴۵۸۱)، و النسائي (۸/ ۴۶) من طريق حجاج الصواف عن يحيى بن ابي كثير عن عكرمة عن ابن عباس قال: قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم في المكاتب يقتل يودي لما ادى من مكاتبته دية الحر، و ما بقي دية العبد-

۴۱۴۱—اسناده ضعيف: عبد الله بن عبد العزيز بن عامر الليثي: قال الحافظ في التقريب : ضعيف، و اختلط بلخره-

☆☆ سعید بن ابوسعید مقبری اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: بنولیث سے تعلق رکھنے والی ایک عورت نے ذوالمجاز کے بازار سے مجھے سات سو درہم کے عوض میں خرید لیا' پھر جب میں آیا تو اس نے چالیس ہزار درہم کے عوض میں میرے ساتھ کتابت کا معاہدہ کر لیا' میں نے اکثر ادائیگی اسے کر دی' جب کچھ ادائیگی باقی رہ گئی اور میں وہ لے کر اسکے پاس پہنچا اور اُس سے کہا: تم اپنی یہ رقم لے لو' تو وہ بولی: اللہ کی قسم! میں اسے یوں نہیں لوں گی بلکہ ہر مہینے لیا کروں گی یا ہر سال لیا کروں گی' میں اسے ساتھ لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور ان کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اسے بیت المال میں جمع کروا دو' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس خاتون کو بلوایا اور بولے: تمہارا مال بیت المال میں جمع ہے' ابوسعید آزاد ہو گیا ہے' اب تمہاری مرضی ہے' اگر تم چاہو تو ہر مہینے اور ہر سال کے حساب سے بیت المال میں سے وصولی کر لیا کرو۔ راوی بیان کرتے ہیں: وہ اسے بھجوایا گیا تو وہ اس نے وصول کر لیا۔

4142- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي اَبِي ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ زَاجٌ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ اَخْبَرَنَا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُودَى الْمُكَاتَبُ بِقَدْرِ مَا عُتِقَ مِنْهُ دِيَةَ الْحُرِّ وَبِقَدْرِ مَا رَقَّ مِنْهُ دِيَةَ الْعَبْدِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: کتابت کا معاہدہ کرنے والا شخص جتنا آزاد ہو چکا ہو' اسی حساب سے آزاد شخص کی دیت ادا کرے گا اور جتنا حصہ اس کا غلام ہے' اس حساب سے غلام کی دیت ادا کرے گا۔

4143- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا اَبُو فَرْوَةَ حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ الصَّوَّافُ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمُكَاتَبِ يُقْتَلُ يُودَى مَا اَدَّى مِنْ مُكَاتَبَتِهِ دِيَةَ الْحُرِّ وَمَا بَقِيَ دِيَةَ الْعَبْدِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکاتب شخص کے بارے میں یہ فیصلہ دیا تھا جسے قتل کر دیا گیا ہو کہ اس نے اپنی مکاتبت کے معاہدے میں سے جتنی ادائیگی کی تھی' اس حساب سے اس کی دیت آزاد شخص کی دیت ہو گی اور جو ادائیگی باقی رہ گئی تھی' اس کے حساب سے اس کی دیت غلام کی دیت ہو گی۔

4144- حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ اَبُو نَشِيطٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ

۴۱۴۲- اخرجه ابو داود (۴۵۸۱)' و احمد (۱/۲۲۲' ۲۲۶' ۳۶۰)' و الحاكم (۲/۲۱۸)' و البيهقي (۱۰/۳۳۶) من طريق هشام الدستوائي عن يحيى بن ابي كثير عن عكرمة' به و صححه الحاكم على شرط البخاري ووافقه الذهبي- و قد تقدم من طريقين عن عكرمة انظر رقم (۴۱۴۰)-

۴۱۴۳- اخرجه ابو داود (۴۵۸۱) و النسائي (۸/۴۶) و احمد (۱/۲۲۶' ۳۶۳) وانظر الحديث (۴۱۴۰)-

۴۱۴۴- اخرجه ابن عدي في الكامل (۴/۲۹۳-۲۹۴) قال: اخبرنا القاسم بن الليث الرسعني' ثنا زكريا بن الحكم' ثنا ابو المغيرة...... فذكره- و اورده ابن طاهر في ذخيرة الحفاظ (۴/۲۳۷۷)' و قال: (عبد الرحمن ضعيف' متروك الحديث-)- اه- واخرجه ابن عدي في الكامل (۳/۳۸۱) في ترجمة سعيد بن يوسف اليمامي من طريقه عن يحيى بن ابي كثير عن نافع عن ابن عمر' به- وقال ابن طاهر في الذخيرة (۴/۲۳۷۸): (و سعيد هذا ضعيف' لا اعلم روى عنه غير اسماعيل بن عياش)- و سياتي من طريق اخرى في الذي بعده-

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ تَمِيمٍ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ لَهُ شَرِيْكٌ فِيْ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ فَاَعْتَقَ نَصِيبَهُ فَاِنَّ عَلَيْهِ عِتْقَ مَا بَقِيَ فِي الْعَبْدِ وَالاَمَةِ مِنْ حِصَصِ شُرَكَائِهِ تَمَامَ قِيمَةِ عَدْلٍ وَّيُؤَدِّىْ اِلٰى شُرَكَائِهِ قِيمَةَ حِصَصِهِمْ وَيُعْتَقُ الْعَبْدُ وَالاَمَةُ اِنْ كَانَ فِيْ مَالِ الْمُعْتِقِ بِقِيمَةِ حِصَصِ شُرَكَائِهِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جس شخص کا کسی غلام یا کنیز میں کوئی حصہ ہو اور وہ اپنے حصے کو آزاد کر دے تو اب اس پر لازم ہے کہ وہ غلام یا کنیز کے بقیہ مالکان کے حصوں میں سے بھی اسے آزاد کر دے' انصاف کے مطابق اس کی قیمت لگائی جائے گی اور وہ اپنے شراکت داروں کی طرف سے اس کی ادائیگی کر دے گا جو ان کے حصوں کی قیمت کے مطابق ہوگی' وہ اس غلام یا کنیز کو آزاد کر دے گا لیکن یہ اس وقت ہے کہ جب آزاد کرنے والے شخص کے مال میں اتنا مال موجود ہو جو اس کے شراکت داروں کے حصے کی قیمت کے برابر ہو۔

4224- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدَانَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوْبَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنِ الْكَلْبِيِّ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ (وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا) قَالَ اطَّلَعَتْ حَفْصَةُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ اُمِّ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ لَا تُخْبِرِيْ عَائِشَةَ . وَقَالَ لَهَا اِنَّ اَبَاكِ وَاَبَاهَا سَيَمْلِكَانِ . اَوْ سَيَلِيَانِ بَعْدِيْ فَلَا تُخْبِرِيْ عَائِشَةَ . فَانْطَلَقَتْ حَفْصَةُ فَاَخْبَرَتْ عَائِشَةَ فَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَعَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْ بَعْضٍ . قَالَ اَعْرَضَ عَنْ قَوْلِهٖ وَاِنَّ اَبَاكِ وَاَبَاهَا يَكُوْنَانِ بَعْدِيْ . كَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنْتَشِرَ ذٰلِكَ فِي النَّاسِ فَاَعْرَضَ عَنْهُ .

✪✪ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں نقل کرتے ہیں:

''اور جب نبی نے اپنی کسی بیوی سے سرگوشی میں کوئی بات کہی''۔

وہ فرماتے ہیں: سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' آپ اس وقت حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی والدہ (سیدہ ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا) کے ساتھ موجود تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس بارے میں عائشہ کو نہ بتانا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے یہ بھی فرمایا: تمہارے والد اور اس کے والد عنقریب حکمران بن جائیں گے۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) میرے بعد حکومت کریں گے' تم عائشہ کو یہ بات نہ بتانا۔ سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا گئیں اور انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو یہ بات بتا دی تو اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں آگاہ کر دیا تو کچھ بات بتا دی اور کچھ بات بیان نہیں کی' انہوں نے اس بارے میں یہ بات بیان کی: تمہارے والد اور اس کے والد میرے بعد (حکومت کریں گے)۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات اس لیے ناپسند ہوئی کہ یہ بات لوگوں میں پھیل نہ جائے' اسی لیے آپ نے یہ بات بیان نہیں کی۔

4225- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُوْرٍ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانُوْا يَكْتُبُوْنَ فِيْ صُدُوْرِ وَصَايَاهُمْ هٰذَا مَا اَوْصٰى فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ اَوْصٰى اَنْ

۴۲۲۴- في اسناده الكلبي' و هو محمد بن السائب' و هو متروك عند المحدثين' و قد تقدمت ترجمته- و الحديث اخرجه الطبراني في الكبير (۱۲/۱۱۷) (۱۳۶۴۰): حدثنا ابراهيم بن نائلة الاصبهاني: ثنا اسماعيل بن عمرو البجلي: انا ابو عوانة عن ابي سنان عن الضحاك بن مزاحم عن ابن عباس' به- وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (۵/۱۸۱): فيه اسماعيل بن عمرو البجلي و هو ضعيف' و قد وثقه ابن حبان - و الضحاك بن مزاحم لم يسمع من ابن عباس' و بقية رجاله ثقات- اه-

يَّشْهَدَ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ وَاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَا رَيْبَ فِيْهَا وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ وَاَوْصٰى مَنْ تَرَكَ بَعْدَهُ مِنْ اَهْلِهِ اَنْ يَّتَّقُوْا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَاَنْ يُّصْلِحُوا ذَاتَ بَيْنِهِمْ وَيُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ وَاَوْصَاهُمْ بِمَا اَوْصٰى بِهِ اِبْرَاهِيْمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ (يَا بَنِيَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ)

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پہلے لوگ اپنی وصیت کے آغاز میں یہ لکھوایا کرتے تھے: یہ وہ وصیت ہے جو فلاں بن فلاں نے کی ہے وہ اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے وہ ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے خاص بندے اور اس کے رسول ہیں قیامت آنے والی ہے اور اس میں کوئی شک نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ قبروں میں موجود سب لوگوں کو زندہ کرے گا۔ پھر وہ اپنے پس ماندگان کو یہ تلقین کرتا کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہیں اور آپس میں صلح سے کام لیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کریں اگر وہ ایمان رکھتے ہیں اور وہ ان کو یہ وصیت کر رہا ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹوں کو کی تھی کہ اے میرے بیٹو! بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے ایک دین کو اختیار کر لیا ہے تو جب تم مرنے لگو تو مسلمان ہونا۔

۴۲۲۵- اخرجه البيهقي (۲۸۷/۶) من طريق الدارقطني به- و في اسناده محمد بن زنبور: قال ابن المديني: ثقة- وقال ابو زرعة: صالح و سط - وقال ابو حاتم: صالح الحديث صدوق- انظر تهذيب الكمال (۳۱۰/۶)- و قال الحافظ في (التقريب): صدوق له اوهام- قلت: فحديثه حسن-

كِتَابُ الْوَكَالَةِ

وکالت کے احکام

4226- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعْدٍ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنَا عَمِّي حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ أَبِي نُعَيْمٍ - يَعْنِي وَهْبَ بْنَ كَيْسَانَ - عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ أَرَدْتُ الْخُرُوجَ إِلَى خَيْبَرَ فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَقُلْتُ لَهُ إِنِّي أُرِيدُ الْخُرُوجَ إِلَى خَيْبَرَ فَأَحْبَبْتُ التَّسْلِيمَ عَلَيْكَ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَكُونُ ذَلِكَ آخِرَ مَا أَصْنَعُ بِالْمَدِينَةِ قَالَ فَقَالَ لِي إِذَا أَتَيْتَ وَكِيلِي بِخَيْبَرَ فَخُذْ مِنْهُ خَمْسَةَ عَشَرَ وَسْقًا . قَالَ فَلَمَّا وَلَّيْتُ دَعَانِي فَقَالَ خُذْ مِنْهُ ثَلَاثِينَ وَسْقًا فَوَاللَّهِ مَا لِآلِ مُحَمَّدٍ بِخَيْبَرَ تَمْرَةٌ غَيْرُهَا فَإِنِ ابْتَغَى مِنْكَ آيَةً فَضَعْ يَدَكَ عَلَى تَرْقُوَتِهِ . وَذَكَرَ بَاقِيَ الْحَدِيثِ .

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میرا خیبر جانے کا ارادہ ہوا' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ اس وقت مسجد میں موجود تھے' میں نے آپ کو سلام کیا' پھر میں نے عرض کی: میں خیبر جانا چاہ رہا ہوں' اس لیے میں نے چاہا کہ میں آپ کو سلام کر دوں اور یہ سلام مدینہ منورہ میں میرا آخری عمل ہو' میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: جب تم خیبر میں میرے وکیل کے پاس جاؤ گے تو اس سے پندرہ وسق وصول کرنا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب میں وہاں سے مڑ کر جانے لگا تو آپ نے مجھے بلایا اور فرمایا: تم اس سے تیس وسق لینا' اللہ کی قسم! محمد کے گھر والوں کے لیے خیبر میں صرف وہی کھجوریں ہیں' اگر وہ تم سے کوئی نشانی (یعنی ثبوت) مانگے تو تم اپنا ہاتھ اس کی ہنسلی پر رکھ دینا۔

اس کے بعد انہوں نے پوری حدیث ذکر کی ہے۔

شرح:

فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اپنے معاملات کا مالک وہ شخص جو خود پیش نہ ہو سکتا ہو' یا وہ بیمار یا کوئی عورت جو خود پیش نہ ہو سکتے ہوں ان کے لئے کسی دوسرے کو وکیل بنانا جائز ہے۔

وکیل بنانے کے لئے شرط یہ ہے: جس شخص کو وکیل بنایا گیا ہو' وہ شرعی طور پر تصرف کر سکتا ہو۔ اسی لئے بچے' پاگل کو وکیل

۴۲۲۶- اخرجه ابو داود (۳٦٣٢): حدثنا عبيد الله بن سعد بن ابراهيم' به- و من طريقه اخرجه البيهقي في سننه (٦/٨٠)- و الحديث اخرجه الحافظ ابن حجر في تغليق التعليق (٣/٤٧٦) من طريق ابراهيم بن عبد الله الاصبهاني- ثنا الحسين بن اسماعيل المحاملي...... فذكره مطولا-

بنانا درست نہیں ہے۔

وکیل ان امور میں بنایا جاسکتا ہے جن میں کسی دوسرے کی نیابت کی جاسکتی ہو' جیسے خرید وفروخت' حوالہ' ضمان' معاہدہ' فسخ' شراکت' مبادلہ' نکاح' طلاق' خلع اور صلح۔

جسمانی عبادات میں کسی دوسرے کو وکیل مقرر نہیں کیا جاسکتا' البتہ مالی عبادات میں کسی دوسرے کو وکیل مقرر کیا جاسکتا ہے۔

وکالت ایک ایسا معاہدہ ہے جو دیگر معاہدوں کی طرح ایجاب وقبول کے الفاظ کے ذریعے لازم ہو جاتا ہے۔ یہ کوئی واجب معاہدہ نہیں ہے' بلکہ جائز معاہدہ ہے۔

وکالت سے متعلق احکام دو طرح کے ہوتے ہیں:

(1) وہ احکام جن کا تعلق وکالت کے معاہدے سے ہے۔

(2) وہ احکام جن کا تعلق وکیل کے احکام سے ہے۔

تمام فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ وکیل کو اس بات کا اختیار ہے کہ وہ کسی بھی وقت وکالت سے دستبردار ہو سکتا ہے۔ تاہم امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک وکیل کے دستبردار ہونے کے وقت مؤکل کی موجودگی شرط ہے۔ البتہ مؤکل جب چاہے وکیل کو معزول کر سکتا ہے۔

موت یا معزولی کی وجہ سے وکالت فسخ ہو جاتی ہے۔

كِتَابٌ: خَبَرُ الْوَاحِدِ يُوجِبُ الْعَمَلَ

خبر واحد، عمل کو لازم کر دیتی ہے

4227- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ الْمُهْتَدِىْ بِاللَّهِ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ غُلَيْبٍ الْأَزْدِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ أَبُو طَلْحَةَ وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَسُهَيْلُ ابْنُ بَيْضَاءَ عِنْدَ أَبِي طَلْحَةَ يَشْرَبُونَ مِنْ شَرَابِ بُسْرٍ وَتَمْرٍ أَوْ قَالَ رُطَبٍ وَأَنَا أَسْقِيهِمْ مِنَ الشَّرَابِ حَتَّى كَادَ يَأْخُذُ مِنْهُمْ فَمَرَّ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَقَالَ أَلَا هَلْ عَلِمْتُمْ أَنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ فَقَالُوا يَا أَنَسُ أَكْفِءْ مَا فِي إِنَائِكَ وَمَا قَالُوا حَتَّى نَتَبَيَّنَ .قَالَ فَكَفَأْتُهُ .قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ وَهُوَ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ الْمُهْتَدِىْ بِاللَّهِ هٰذَا يَدُلُّ عَلَى أَنَّ خَبَرَ الْوَاحِدِ يُوجِبُ الْعَمَلَ.

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ، حضرت ابی بن کعب اور حضرت سہیل بن بیضاء رضی اللہ عنہم، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھ کر کھجور اور چھوہاروں کی بنی ہوئی شراب پی رہے تھے۔ میں ان حضرات کو شراب پلا رہا تھا، انہوں نے وہ شراب لینا چاہی تو اسی دوران ایک مسلمان وہاں سے گزرا اور بولا: کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ شراب کو حرام قرار دے دیا گیا ہے، تو ان سب نے کہا: اے انس! اپنے برتن میں موجود شراب کو بہا دو، انہوں نے یہ بات اس وقت کہی جب ہمیں اس بات کا پتہ چل گیا تو حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے اس شراب کو بہا دیا۔

شیخ ابوعبداللہ یعنی عبیداللہ بن عبدالصمد یہ فرماتے ہیں: یہ اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ خبر واحد عمل کو لازم کر دیتی ہے۔

4228- حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ هَاشِمٍ السِّمْسَارُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَظِيمِ بْنُ حَبِيْبِ بْنِ رَغْبَانَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ ذُكِرَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللَّهِ صَلَّى

٤٢٢٧- اخرجه احمد في مسنده (٣/١٨١)، حدثنا يحيى، حدثنا حميد...... فذكره نحوه- اخرجه البخاري (٥٥٨٢)، و مسلم (١٩٨٠/٧) من طريق اسحاق بن عبد الله بن ابي طلحة عن انس، به- و اخرجه البخاري (٥٦٠٠)، و مسلم (١٩٨٠/٧)، و النسائي (٢٨٧/٨) من طريق قتادة عن انس، و فيه (ابو دجانة) بدلا من (ابي بن كعب)- و للحديث طرق اخرى عن انس، و فيه تسمية صحابة آخرين- و انظر فتح البارى (١٥٨/١١)-

٤٢٢٨- اخرجه ابو يعلي (٢٠٠/٨) (٤٧٦٠)، و من طريقه البيهقي في السنن (٢٣٩/١٠) من طريق عبد الرحمن بن ثابت عن هشام بن عروة، به مرفوعاً- وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (١٢٥/٨)، و قال: (اخرجه ابو يعلي، و فيه عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان: ثقه دحيم و جماعة، و ضعفه ابن معين وغيره- و بقية رجاله رجال الصحيح - اه- قلت: فاسناده الدارقطني هذا، و ان كان فيه عبد العظيم بن حبيب بن رغبان و هو ضعيف- يفهم من الميزان (٣٥٣/٢)- الا ان متابعه عبد الرحمن بن ثابت قال فيه الحافظ في التقريب: صدوق يخطيء- اه- فحديثه يكون حسناً في المتابعات، لكن الحديث اخرجه البخاري في الادب المفرد (٨٦٦) من طريق عقيل عن ابن شهاب عن عروة...... فذكره موقوفاً على عائشة- و الحديث حسنه الالباني في الصحيحة رقم (٤٤٧)-

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشِّعْرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ كَلَامٌ فَحَسَنُهُ حَسَنٌ وَقَبِيْحُهُ قَبِيْحٌ .

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے شعر کا تذکرہ ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ کلام کی طرح ہے' اچھا شعر اچھا ہوتا ہے اور بُرا شعر بُرا ہوتا ہے۔

4229- حَدَّثَنَا ابْنُ مُجَاهِدٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ حَدَّثَنَا عَامِرُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ بِهٰذَا مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

4230- حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زِيَادِ بْنِ اَنْعُمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشِّعْرُ بِمَنْزِلَةِ الْكَلَامِ حَسَنُهُ كَحَسَنِ الْكَلَامِ وَقَبِيْحُهُ كَقَبِيْحِ الْكَلَامِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: شعر کلام کی طرح ہے' اچھا شعر اچھے کلام کی طرح ہے اور بُرا شعر بُرے کلام کی طرح ہے۔

4231- حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ الشَّامِيُّ مِنْ اَهْلِ الْجَزِيْرَةِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَسَنُ الشِّعْرِ كَحَسَنِ الْكَلَامِ وَقَبِيْحُ الشِّعْرِ كَقَبِيْحِ الْكَلَامِ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اچھا شعر اچھے کلام کی طرح ہے اور بُرا شعر بُرے کلام کی طرح ہے۔

4232- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَابِقٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ يَمَانٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ قَابُوْسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح.

وَحَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْاٰدَمِيُّ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اٰدَمَ

۴۲۲۹-تقدم تخريجه في الذي قبله-

۴۲۳۰-اخرجه البخاري في الادب المفرد (۸۶۵)، و الطبراني في الاوسط (۷۶۹۶) من طريق اسماعيل بن عياش، به-والحديث ذكره الهيثمي في لمجمع الزوائد (۱۳۵/۸) وقال: (اسناده حسن)- اه-قال الالباني في الصحيحة (۷۳۱/۱): هذا اسناد مسلسل بالضعفاء، و هم اسماعيل بن عياش و من فوقه؛ و لذلك جزم الحافظ بضعفه، فقال في الفتح (۴۴۲/۱۰) بعد ما عزاه للادب المفرد: سنده ضعيف- و اخرجه الطبراني في الاوسط، و قال: لا يروى عن النبي صلى الله عليه وسلم الا بهذا الاسناد- اه-

۴۲۳۱-في اسناده عبد الرحمن بن معاوية-

۴۲۳۲-اخرجه ابو عبيد في الاموال (۱۳۱)، و ابن ابي شيبة (۱۹۷/۲)، و احمد (۲۲۲/۱، ۲۸۵)، و ابو داود (۲۰۳۲)، و (۲۰۵۳)، و الترمذي (۶۳۳)، (۶۳۴)، و ابن الجارود (۱۱۰۷)، و ابن عدي (۱۸۴۵/۵)، (۲۰۷۲/۶)، و ابو نعيم في الحلية (۲۳۲/۹)، و البيهقي (۱۹۹/۹) من طريق قابوس عن ابيه، به- وقابوس ضعيف؛ قال الزيلعي في نصب الراية (۴۵۲/۲) : (قال ابن القطان؛ و قابوس عندهم ضعيف، و ربما ترك بعضهم حديثه؛ و كان قد افترى على رجل فحد فترك لذلك)- اه-والحديث ورد مرسلا قال الترمذي: (حديث ابن عباس قد روي عن قابوس بن ابي ظبيان، عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلاً، و سياتي المرسال بعد هذا رقم (۴۱۳۳)-

حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ الْاَحْمَرُ وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا اَبُوْ كُدَيْنَةَ جَمِيعًا عَنْ قَابُوسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ عَلٰى مُسْلِمٍ جِزْيَةٌ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان بیان کرتے ہیں: مسلمان پر جزیہ دینا لازم نہیں ہے۔

4233- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ح وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ جَمِيعًا عَنْ قَابُوسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ عَلٰى مُسْلِمٍ جِزْيَةٌ .

☆☆ قابوس اپنے والد کے حوالے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: مسلمان پر جزیہ دینا لازم نہیں ہے۔

4234- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَامِدٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَبِىْ يَزِيْدَ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيِّنَةُ عَلَى الْمُدَّعِي وَالْيَمِيْنُ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ .

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: دعویٰ کرنے والے پر ثبوت پیش کرنا لازم ہے اور جس شخص کے خلاف دعویٰ کیا گیا ہو اس پر قسم اُٹھانا لازم ہے۔

4235- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ يُعْطَى النَّاسُ بِدَعْوَاهُمْ لَادَّعٰى نَاسٌ دِمَاءَ رِجَالٍ وَّاَمْوَالَهُمْ وَلٰكِنِ الْيَمِيْنُ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

٤٢٣٣- اخرجه ابي عبيد في الاموال (١٣١)' و ابن زنجويه في الاموال (١٨٢)-وقد ذكره ابن ابي حاتم في العلل (٩٤٢) بالوجهين ثم نقل عن ابيه قوله: (هذا من قابوس؛ لميكن قابوس بالقوي' فيحتمل ان يكون مرة قال هكذا ' و مرة قال هكذا)- اه-

٤٢٣٤- اخرجه عبد الرزاق (٨/٢٧١) (١٥١٨٤): اخبرنا ابن جريج عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال: قال: رسول الله صلى الله عليه وسلم : (المدعى عليه اولى باليمين اذا لم تكن بينة)-واخرجه البيهقي (١٠/٢٥٦) عن المثنى بن الصباح عن عمرو ' به نحو رواية ابن جريج - وقد اخرجه مسلم بن خالد الزنجي عن ابن جريج ايضا' و سياتي من هذه الطريق في باب: في المراة تقتل اذا ارتدت- و سياتي ايضاً في عين الباب من طريق حجاج عن عمرو بن شعيب' به-و الحديث اخرجه الترمذي (١٣٤١) من طريق محمد بن عبيد الله عن عمرو بن شعيب' به-وقال الترمذي : هذا حديث في اسناده مقال' و محمد بن عبيد الله العرزمي يضعف في الحديث من قبل حفظه ' ضعفه ابن المبارك وغيره- اه- وانظر نصب الراية (٤/٩٦، ٣٩٠- ٣٩١)-

٤٢٣٥- اخرجه عبد الرزاق (١٥١٩٣)' و احمد (١/٣٤٣' ٣٥١' ٣٥٦' ٣٦٣)' و البخاري (٢٥١٤)' (٢٦٦٨) (٤٥٥٢)' ومسلم (١٧١١)' و ابو داود (٣٦١٩)' و الترمذي (١٣٤٢)' و النسائي (٨/٢٤٨)' وابن ماجه (٢٣٢١)' و ابو يعلى (٢٥٩٥)' و ابن حبان (٥٠٨٢)' و البيهقي (١٠/٢٥٢)' و الطبراني (١١٢٢٣)' (١١٢٢٤)' (١١٢٢٥) من طرق عن ابن ابي مليكة' به-

اگر لوگوں کو ان کے دعوے کے مطابق دینا شروع کر دیا جائے تو لوگ دوسروں کی جانوں اور اموال کے بارے میں دعوے کرنے لگیں گے۔ جس شخص کے خلاف دعویٰ کیا گیا ہو اس پر صرف قسم اٹھانا لازم ہے۔

4236- قُرِءَ عَلٰى اَبِى الْقَاسِمِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ شُجَاعُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمِيْنُكَ عَلٰى مَا يُصَدِّقُكَ بِهٖ صَاحِبُكَ.

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: قسم سے وہ مفہوم مراد ہوتا ہے جس کی تمہارا ساتھی تصدیق کر دے۔

4237- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ اِمْلَاءً مِنْ لَفْظِهٖ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

4238- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ سَوَاءً.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

4239- وَحَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَزِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمَانَ ح وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ قَالُوْا حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ صَالِحٍ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ سَوَاءً.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

٤٢٣٦- اخرجه احمد (٢/٢٢٨)، و مسلم (١٦٥٣)، و ابو داود (٣٢٥٥)، و الترمذي (١٣٥٤)، و ابن ماجة (٢١٢٠، ٢١٢١)، و الترمذي في العلل الكبير (٣٦٦)، و الحاكم (٣٠٣/٤)، و البيهقي (٦٥/١٠)، و المزي في تهذيب الكمال (١١٩/١٥) من طرق عن هشيم، به- وقال الترمذي: (هذا حديث حسن غريب- و عبد الله بن ابي صالح: هو اخو سهيل بن ابي صالح- لا نعرفه الا من حديث هشيم عن عبد الله بن ابي صالح، و ان روى له مسلم، فهو لين الحديث فيقبل عند المتابعة فقط، و لم يتابع- قال ابو داود: هما واحد عبد الله بن ابي صالح، و عباد بن ابي صالح - الا- و الحديث اسناده ضعيف؛ فان عبد الله بن ابي صالح، و ان روى له مسلم، فهو لين الحديث فيقبل عند المتابعة فقط، و لم يتابع-

٤٢٣٧- اخرجه احمد في المسند (٢/٢٢٨)، و من طريقه المصنف هنا- و راجع الذي قبله-

٤٢٣٨- راجع الذي قبله-

٤٢٣٩- راجع الذي قبله-

كِتَابُ النُّذُوْر

باب: نذر کے مسائل

4240- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَفْصٍ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوْحٍ الْمَدَائِنِيُّ حَدَّثَنَا سَلَّامُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ تَمِيْمِ بْنِ طَرَفَةَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّذْرُ نَذْرَانِ فَمَنْ نَذَرَ نَذْرًا لِلّٰهِ فَلْيَفِ بِهٖ وَمَنْ نَذَرَ نَذْرًا فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ فَكَفَّارَتُهٗ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ.

☆☆ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: نذر دو طرح کی ہوتی ہے' تو جو شخص اللہ تعالیٰ کے لیے نذر مانتا ہے' وہ اس کو پورا کرے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے متعلق کوئی نذر مانتا ہے' تو اس کا کفارہ یہی ہے جو قسم توڑنے کا کفارہ ہوتا ہے۔

شرح:

نذر کی دو قسمیں ہیں:

(1) وہ نذر جو لفظی طور پر نذر ہو۔

(2) وہ نذر جو ان اشیاء کے حوالے سے ہو' جن کی نذر مانی جاتی ہے۔

لفظی اعتبار سے نذر کی دو قسمیں ہیں:

(1) مطلق نذر: یہ وہ نذر ہے جس میں خبر کے طور پر الفاظ استعمال کیے گئے ہوں۔

اس کی دو قسمیں ہیں: پہلی قسم یہ ہے: کہ آدمی نے نذر مانتے ہوئے اس چیز کی صراحت کرے جس کے بارے میں نذر مانی ہے۔ جیسے کوئی شخص یہ کہے: میں یہ نذر مانتا ہوں کہ میں حج کروں گا۔

دوسری قسم یہ ہے جس میں آدمی نذر مانتے ہوئے اس چیز کی صراحت نہ کرے جس کے بارے میں نذر مانی ہے۔ جیسے کوئی شخص یہ کہے: میں یہ نذر مانتا ہوں۔

(2) مشروط نذر: یہ وہ نذر ہے جس میں آدمی کوئی شرط بھی عائد کردے جیسے اگر ایسا ہوگیا تو میرے اوپر یہ کرنا لازم ہوگا۔

۴۲۴۰- في اسناده محمد بن الفضل بن عطية الخراساني المروزي؛ قال احمد: حديثه حديث اهل الكذب- و قال يحيى: لا يكتب حديثه- و قال غيره واحد: متروك- و انظر ميزان الاعتدال (۶/۲۹۷) و قال ابن حجر في التقريب (۲/۲۰۱): كذبوه- و الحديث بهذا اللفظ اخرجه ابن الجارود (۹۲۵) و من طريقه البيهقي (۱۰/۷۲) من طريق عبد الكريم عن عطاء بن ابي رباح عن عطاء بن ابي رباح عن ابي عباس' به- و الحديث ياتي عن ابن عباس بلفظ آخر- راجعه في الذي بعد هذا-

فقہاء نے ایک اور حوالے سے نذر کی چار قسمیں بیان کی ہیں:

(1) وہ نذر جس کا تعلق عبادت سے ہو۔

(2) وہ نذر جس کا تعلق معصیت سے ہو۔

(3) وہ نذر جو مکروہ فعل سے تعلق رکھتی ہو۔

(4) وہ نذر جو مباح فعل سے تعلق رکھتی ہو۔

نذر کی ایک اور تقسیم یوں ہوگی:

(1) کسی کام کو کرنے کی نذر۔

(2) کسی کام کو نہ کرنے کی نذر۔

4241- حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ الْقَاسِمِ الْإِمَامُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَلِيْلِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِمْرَانَ الْبَيَاضِيُّ حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيٰى عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ ح وَاَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْخَضِرِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ فُدَيْكٍ حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ هِنْدٍ عَنْ بُكَيْرٍ ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْمَحَامِلِىُّ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ زَنْجَوَيْهِ النَّسَائِىُّ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ اُوَيْسٍ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ وَعَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ الدِّيلِىِّ اَوْ عَنْ خَالِهٖ مُوْسَى بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَذَرَ نَذْرًا لَمْ يُسَمِّهٖ فَكَفَّارَتُهٗ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ وَّمَنْ نَذَرَ نَذْرًا فِىْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ فَكَفَّارَتُهٗ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ وَّمَنْ نَذَرَ نَذْرًا لَمْ يُطِقْهُ فَكَفَّارَتُهٗ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ وَّمَنْ نَذَرَ نَذْرًا لِلّٰهِ يُطِيْقُهٗ فَلْيَفِ بِهٖ وَاللَّفْظُ لِلْمَحَامِلِىِّ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص کوئی نذر مانتے ہوئے اس کا نام نہ لے' تو اس کا کفارہ قسم توڑنے کا کفارہ ہوگا اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے متعلق نذر مانے' تو اس کا کفارہ قسم توڑنے کا کفارہ ہوگا اور جو شخص کوئی نذر مانے اور وہ نذر اس کی طاقت میں نہ ہو (یعنی اسے پورا نہ کرسکتا ہو) تو اس کا کفارہ قسم توڑنے کا کفارہ ہوگا' اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے نام کی ایسی نذر مانے جس کو وہ پورا کرسکتا ہو' تو پھر وہ اسے پورا کرے۔

۴۲۴۱-اخرجه ابو داود (۳۳۲۲) و من طريقه البيهقي في السنن (۴۵/۱۰) من طريق طلحة ابن يحيى الانصاري' عن عبد الله بن سعيد بن ابي هند عن بكير عن عبد الله بن الاشج' به- و قد اخرجه البيهقي من طريق الدارقطني' ثنا حمزة بن القاسم' ثنا محمد بن الخليل' ثنا محمد ابن عبد الله بن عمران البياضي' ثنا طلحة' به و اخرجه البيهقي (۷۲/۱۰) من طريق ابن جريج عن ابن ابي هند' به مرفوعا ايضا- الحديث' و ان اخرجه طلحة بن يحيى و الضحاك بن عثمان عن عبد الله بن سعيد بن ابي هند' به مرفوعا- و لكن قال ابن داود: (روى هذا الحديث وكيع وغيره' عن عبد الله بن سعيد بن ابي هند فوقفوه على ابن عباس)- اه-وقد تابع عبد الله بن سعيد بن ابي هند عليه خارجة بن مصعب عند ابن ماجه (۲۱۲۸)' و الحديث ضعفه الالباني في ضعيف ابن ماجه (۴۶۳)-

4242- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ زَاجٌ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَذْرَ إِلَّا فِيمَا أُطِيعَ اللَّهُ وَلَا يَمِينَ فِي غَضَبٍ وَلَا طَلَاقَ وَلَا عَتَاقَ فِيمَا لَا يَمْلِكُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: نذر صرف اسی چیز کے بارے میں ہوتی ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کی گئی ہو' کوئی چیز غصب کرنے کے بارے میں یا جو طلاق دینا یا غلام آزاد کرنا آدمی کی ملکیت میں نہ ہو' تو اس کے بارے میں قسم کی کوئی حیثیت نہیں ہوتی۔

4243- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ كُزَالٍ أَبُو الْفَضْلِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُعَيْمِ بْنِ هَارُونَ حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ مَرْوَانَ حَدَّثَنَا غَالِبُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ الْعُقَيْلِيُّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَعَلَ عَلَيْهِ نَذْرًا فِي مَعْصِيَةِ اللَّهِ فَكَفَّارَةُ يَمِينٍ وَمَنْ جَعَلَ عَلَيْهِ نَذْرًا فِيمَا لَا يُطِيقُ فَكَفَّارَةُ يَمِينٍ وَمَنْ جَعَلَ عَلَيْهِ نَذْرًا فِيمَا لَمْ يُسَمِّهِ فَكَفَّارَةُ يَمِينٍ وَمَنْ جَعَلَ مَالَهُ هَدْيًا إِلَى الْكَعْبَةِ فِي أَمْرٍ لَا يُرِيدُ بِهِ وَجْهَ اللَّهِ فَكَفَّارَةُ يَمِينٍ وَمَنْ جَعَلَ مَالَهُ فِي الْمَسَاكِينِ صَدَقَةً فِي أَمْرٍ لَا يُرِيدُ بِهِ وَجْهَ اللَّهِ فَكَفَّارَةُ يَمِينٍ وَمَنْ جَعَلَ عَلَيْهِ الْمَشْيَ إِلَى بَيْتِ اللَّهِ فِي أَمْرٍ لَا يُرِيدُ بِهِ وَجْهَ اللَّهِ فَكَفَّارَةُ يَمِينٍ وَمَنْ جَعَلَ عَلَيْهِ الْمَشْيَ إِلَى بَيْتِ اللَّهِ فِي أَمْرٍ يُرِيدُ بِهِ وَجْهَ اللَّهِ فَلْيَرْكَبْ وَلَا يَمْشِي فَإِذَا أَتَى مَكَّةَ قَضَى نَذْرَهُ وَمَنْ جَعَلَ عَلَيْهِ نَذْرًا لِلَّهِ فِيمَا يُرِيدُ بِهِ وَجْهَ اللَّهِ فَلْيَتَّقِ اللَّهَ وَلْيَفِ بِهِ مَا لَمْ يَجْهَدْهُ. غَالِبٌ ضَعِيفُ الْحَدِيثِ.

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص اللہ تعالیٰ کی کسی نافرمانی سے متعلق کسی چیز کی نذر مانے تو اس کا کفارہ وہی ہوگا جو قسم توڑنے کا کفارہ ہوتا ہے اور جو شخص اپنے اوپر ایسی نذر لازم کرے جس کی اس میں طاقت نہ ہو (یعنی اسے پورا ہی نہ کیا جا سکتا ہو) تو اس کا کفارہ وہی ہے جو قسم توڑنے کا کفارہ ہے اور جو شخص اپنے اوپر کوئی ایسی نذر لازم کر لے جسے وہ متعین نہ کرے تو اس کا کفارہ وہی ہے جو قسم توڑنے کا کفارہ ہے اور جو

۴۲۴۲- اخرجه الطبراني في الكبير (۱۱/ ۲۷) (۱۰۹۳۳): حدثنا الحسين بن اسحاق التستري ثنا محمد بن احمد بن ابي خلف ثنا عمر بن يونس' به-واخرجه في الاوسط (۲۰۳۹) من طريق احمد بن منصور' قال: نا عمر بن يونس...... فذكره- و الحديث ذكره الهيثمي في المجمع (۴/ ۱۸۹)' و قال: اخرجه الطبراني في الكبير و الاوسط...... ورجال الكبير ثقات)- اه-وقال الزيلعي في نصب الراية (۳/ ۲۷۸): (وذكره عبد الحق في احكامه من جهة الدارقطني' و قال: اسناد ضعيف' قال ابن القطان: و علته سليمان بن ابي سليمان : فانه شيخ ضعيف الحديث: قاله ابو حاتم الرازي- و قال صاحب التنقيح : هذا حديث لا يصح' و سليمان بن ابي سليمان: هو سليمان بن داود اليامي' متفق على ضعفه- قال ابن معين: ليس بشيء- و قال البخاري: منكر الحديث- و قال ابن عدي: عامة ما يرويه لا يتابع عليه)- اه-

۴۲۴۳- في اسناده غالب بن عبيد الله: قال ابن معين ليس بثقة- وقال الدارقطني: متروك -كذا في الميزان (۵/ ۳۹۹)- و قول الدارقطني هذا في غالب تقدم في باب: صفة ما ينقض الوضوء و ما روي في الملامسة و القبلة-و قال يعقوب الفسوي في (المعرفة والتاريخ) (۳/ ۴۴۹): (ضعيف متروك الحديث' لا يكتب حديث' و لا يري عنه اهل العلم' انما يروي عنه اهل الغفلة' فاما عقلاء اهل العلم فلا يعبئون بحديثه)- اه-وله ترجمه ايضا في التاريخ الكبير للبخاري (۷/ ۴۵۲-۴۵۳)' قال فيه: منكر الحديث- و الحديث ضعفه الحافظ في تلخيص الحبير (۴/ ۳۲۴)' فقال: و غالب متروك- اه- و قال صاحب التنقيح - كما في (نصب الراية) (۳/ ۲۹۵)-: هو مجمع على تركه- وروي الحديث من طريق ابي سلمة عن عائشة مختصرا وله علة- و انظر تلخيص الحبير-

شخص اپنے مال کو کسی اور مقصد کے لیے تحفے کے طور پر خانہ کعبہ بھیجے' اس کا مقصد اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول نہ ہو' تو اس کا کفارہ بھی وہی ہے جو قسم توڑنے کا کفارہ ہے۔ اور جو شخص کسی ایسے مقصد کے لیے اپنے مال کو غریبوں میں صدقہ کرے کہ اس کا مقصد اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول نہ ہو' تو اس کا کفارہ بھی وہی ہے جو قسم توڑنے کا کفارہ ہوتا ہے اور جو شخص اپنے اوپر بیت اللہ تک پیدل چل کر جانا لازم کرے اور وہ کسی ایسی وجہ سے ہو کہ اس کا مقصد اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول نہ ہو' تو اس کا کفارہ وہی ہے جو قسم توڑنے کا کفارہ ہے' جو شخص کسی ایسی چیز کے بارے میں بیت اللہ تک پیدل چل کر جانے کی نذر اپنے اوپر لازم کرلے کہ اس کا مقصد اللہ کی رضا کا حصول ہو' تو وہ سوار ہو کر جائے' وہ پیدل ہو کر نہ جائے جب وہ مکہ آ جائے گا تو وہ اپنی نذر کو پورا کرے گا اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے نام کی کوئی ایسی نذر مانے جس کا مقصد اللہ کی رضا کا حصول ہو' تو اسے اللہ تعالیٰ سے ڈرنا چاہیے اور اسے پوری کرنے کی کوشش کرنی چاہیے جب تک وہ نذر اسے تھکا نہ دے (یعنی وہ اسے پوری کرنے سے عاجز نہ ہو جائے)۔

4244- حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ الْقَاسِمِ الْإِمَامُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَلِيلِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عِمْرَانَ الْبَيَاضِيُّ حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيَى عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَذَرَ نَذْرًا لَمْ يُسَمِّهِ فَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِينٍ وَّمَنْ نَذَرَ نَذْرًا لَمْ يُطِقْهُ فَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِينٍ وَّمَنْ نَذَرَ نَذْرًا فَاَطَاقَهُ فَلْيَفِ بِهِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص کوئی ایسی نذر مانے' جسے متعین نہ کرے تو اس کا کفارہ وہی ہے جو قسم توڑنے کا کفارہ ہے اور جو شخص کوئی ایسی نذر مانے جسے پوری کرنے کی اس میں طاقت نہ ہو' تو اس کا کفارہ وہی ہے' جو قسم توڑنے کا کفارہ ہے' اور جو شخص کوئی ایسی نذر مانے جسے وہ پوری کرسکتا ہو' تو اسے پوری کرنی چاہیے۔

4245- حَدَّثَنَا الْقَاضِي اَبُو عُمَرَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْفَضْلِ الْخِرَقِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو عَامِرٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ حَرْمَلَةَ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ فَقَالَ اِنِّي قُلْتُ عَلَيَّ الْمَشْيُ اِلَى الْكَعْبَةِ . فَقَالَ سَعِيدٌ اَقُلْتَ عَلَيَّ نَذْرٌ قَالَ الرَّجُلُ لَا . فَقَالَ لَيْسَ عَلَيْكَ شَيْءٌ.

☆☆ ابن حرملہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے سعید بن مسیب سے سوال کیا' وہ بولا: میں نے یہ نذر مانی ہے کہ میں بیت اللہ تک پیدل چل کر جاؤں گا' تو سعید نے کہا: تم نے لفظ نذر ماننا استعمال کیا تھا؟ تو اس نے جواب دیا: نہیں! تو سعید نے کہا: تم پر کوئی چیز لازم نہیں ہے۔

۴۲۴۴-اخرجه البيهقي (۴۵/۱۰) من طريق الدارقطني' به- و قد تقدم تخريجه رقم (۴۱۴۲)-

۴۲۴۵-اسناده حسن: للكلام في زهير بن محمد: و هو التميمي العنبري' و ابن حرملة: و هو عبد الرحمن بن حرملة الاسلمي -وقد اخرجه عبد الرزاق (۴۵۳/۸) (۱۵۸۸۰) عن ابراهيم بن ابي يحيى عن عبد الرحمن بن حرملة عن ابن المسيب قال: (علي مشي الى بيت الله)' ولم يقل: (علي نذر) فليس بشيء- و قد روى خلافه مالك في الموطا (۴۷۳/۲) عن عبد الله بن ابي حبيبة قال: قلت لرجل و انا حديث السن: ما على الرجل ان يقول: علي مشي الى بيت الله! قال' فقلت: نعم فقلته' و انا يومئذ حديث السن' ثم مكثت حيث عقلت' فقيل لي: ان عليك مشيا! فجئت سعيد بن المسيب فسالته عن ذلك! فقال لي: عليك مشي: فمشيت-

4246- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ الْحَرَّانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ حَدَّثَنَا اَبِى حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ الرَّمْلِيُّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِى ثَابِتٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَبِى اِسْرَائِيلَ وَهُوَ قَائِمٌ فِى الشَّمْسِ فَقَالَ مَا بَالُ هٰذَا . قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ نَذَرَ اَنْ لَّا يَتَكَلَّمَ وَلَا يَسْتَظِلَّ وَلَا يَقْعُدَ وَاَنْ يَّصُومَ . فَقَالَ مُرُوْهُ فَلْيَتَكَلَّمْ وَلْيَسْتَظِلَّ وَلْيَقْعُدْ وَلْيَصُمْ . وَلَمْ يَاْمُرْهُ بِالْكَفَّارَةِ .

وَعَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

وَعَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ابواسرائیل نامی صاحب کے پاس سے گزرے جو دھوپ میں کھڑے ہوئے تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اس کا کیا معاملہ ہے؟ انہوں نے بتایا کہ اس نے یہ نذر مانی ہے کہ یہ کلام نہیں کرے گا اور سائے میں نہیں آئے گا اور بیٹھے گا نہیں اور روزہ رکھے گا۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سے کہو کہ وہ بات چیت کرے' سائے میں بھی آ جائے' بیٹھ بھی جائے اور روزہ بھی رکھ لے۔

(راوی کہتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کفارہ دینے کی ہدایت نہیں کی۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول ہے۔

4247- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مِدْرَارٍ حَدَّثَنَا عَمِّى طَاهِرُ بْنُ مِدْرَارٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَارَةَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِى ثَابِتٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ .

وَالزُّهْرِىِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَبِى اِسْرَائِيلَ ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ سَوَاءً . وَلَمْ يَذْكُرْ حَدِيثَ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' ابواسرائیل کے پاس سے گزرے (اس کے بعد راوی نے حسب سابق حدیث نقل کی ہے)۔

4248- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسٰى الْخَوَّاصُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ زِيَادِ بْنِ اٰدَمَ حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ حَدَّثَنَا

٤٢٤٦–في اسناده الحسن بن عمارة، و هو متروك، تقدمت ترجمته كثيرا- و الحديث علقه البيهقي في السنن (١٠/ ٧٥)، قال: و اخرجه الحسن بن عمارة عن حبيب بن ابي ثابت...... فذكره- و الحديث اخرجه البخاري (٦٧٠٤)، و ابو داود (٣٣٠٠)، و ابن ماجه (٢١٣٦)، و ابن حبان (٤٣٨٥)، و ابن الجارود (٩٣٨)، و البيهقي (١٠/ ٧٥) من طريق وهيب عن ايوب عن عكرمة عن ابن عباس، و ليس فيه: (و لم يامره بالكفارة)، و سياتي من هذه الطريق رقم (٤١٤٩)- واخرجه ابن ماجه (٢١٣٦) من طريق اسحاق بن محمد الفروي: حدثنا عبد الله بن عمر عن عبيد الله بن عمر عن عطاء عن ابن عباس، به وليس فيه الزيادة-

٤٢٤٧–انظر الذي قبله-

وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَيْنَمَا النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ اِذْ رَاٰى رَجُلاً قَائِمًا فِى الشَّمْسِ فَسَاَلَ عَنْهُ فَقَالُوْا هٰذَا اَبُوْ اِسْرَائِيْلَ نَذَرَ اَنْ يَّقُوْمَ وَلَا يَقْعُدَ وَلَا يَسْتَظِلَّ وَيَصُوْمَ وَلَا يَتَكَلَّمَ . فَقَالَ مُرُوْهُ فَلْيَقْعُدْ وَلْيَسْتَظِلَّ وَلْيَتَكَلَّمْ وَيَصُوْمُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے ایک شخص کو دیکھا جو دھوپ میں کھڑا ہوا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں دریافت فرمایا تو لوگوں نے بتایا کہ یہ ابواسرائیل ہے' اس نے یہ نذر مانی ہے کہ کھڑا رہے گا' بیٹھے گا نہیں' سائے میں نہیں آئے گا' روزہ رکھے گا اور کسی کے ساتھ بات چیت نہیں کرے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس سے کہو کہ یہ بیٹھ جائے' سائے میں بھی آ جائے' بات چیت بھی کرے' البتہ روزہ رکھ لے۔

4249- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا عَبْثَرٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ الْاَيْمَانُ اَرْبَعَةٌ يَمِيْنَانِ تُكَفَّرَانِ وَيَمِيْنَانِ لَا تُكَفَّرَانِ فَالرَّجُلُ يَحْلِفُ وَاللّٰهِ لَا يَفْعَلُ كَذَا وَكَذَا فَيَفْعَلُ وَالرَّجُلُ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ اَفْعَلُ فَلَا يَفْعَلُ وَاَمَّا اللَّذَانِ لَا تُكَفَّرَانِ فَالرَّجُلُ يَحْلِفُ مَا فَعَلْتُ كَذَا وَكَذَا وَقَدْ فَعَلَ وَالرَّجُلُ يَحْلِفُ لَقَدْ فَعَلْتُ كَذَا وَكَذَا وَلَمْ يَفْعَلْهُ .

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: قسمیں چار طرح کی ہوتی ہیں' ان میں سے دو قسم کی قسموں کا کفارہ دینا پڑتا ہے اور دو قسم کی قسموں کا کفارہ ادا نہیں کیا جاتا۔ ایک وہ شخص جو یہ قسم اٹھاتا ہے: اللہ کی قسم! ہم ہرگز ایسا نہیں کریں گے اور پھر وہ ایسا کر لیتا ہے' ایک وہ شخص جو یہ کہتا ہے: اللہ کی قسم! میں ایسا کروں گا' پھر وہ ایسا نہیں کرتا' جہاں تک ان دو قسموں کا تعلق ہے جن میں کفارہ نہیں دیا جاتا' تو وہ یہ ہیں کہ آدمی یہ قسم اٹھائے کہ میں نے ایسا نہیں کیا اور حالانکہ اس نے ایسا کیا ہو' یا آدمی یہ قسم اٹھائے کہ اس نے ایسا کیا ہے لیکن اس نے ایسا نہ کیا ہو (تو اس کا کفارہ نہیں ہوگا)۔

4250- حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُدْرِكٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى الزِّنَادِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُلُّ اسْتِثْنَاءٍ غَيْرِ مَوْصُوْلٍ فَصَاحِبُهُ حَانِثٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ہر وہ استثناء جو قسم کے ساتھ ملا ہوا نہ ہو' تو ایسا کرنے والا شخص قسم توڑنے والا ہوگا۔

4251- حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ

۴۲۴۸- تقدم في رقم (۴۲۴۶)-

۴۲۴۹- في اسناده ليث : و هو ابن ابي سليم' ضعيف' تقدمت ترجمته-

۴۲۵۰- اخرجه البيهقي (۴۷/۱۰) من طريق احمد بن نجدة : ثنا سعيد بن منصور...... فذكره- و الحديث نقله الزيلعي في نصب الراية (۳۰۳/۳) عن الدارقطني' ثم قال: و عمر بن مدرك ضعيف- اه-قلت: عمر بن مدرك هذا: هو شيخ شيخ الدارقطني' ضعفه الذهبي في الميزان (۳۶۹/۵) و نقل عن ابن معين انه قال: كذاب' لكن لم ينفرد به فقد تابعه عليه احمد بن نجدة' فاخرجه عن سعيد بن منصور: كما تقدم عند البيهقي-واحمد بن نجدة هذا: هو العريان راوي السنن عن سعيد بن منصور: كما في تهذيب الكمال (۲۰۱/۲) ترجمة سعيد بن منصور-

۴۲۵۱- اخرجه احمد في مسنده (۲/۱۸۳' ۲۱۱)- و عبد الرحمن بن الحارث ضعيف- و انظر تلخيص الحبير (۱۷۵/۴)-

بِلالٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ جَاءَتِ امْرَاَةُ اَبِىْ ذَرٍّ عَلٰى رَاحِلَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَصْوَاءِ حِيْنَ اُغِيْرَ عَلٰى لِقَاحِهِ حَتّٰى اَنَاخَتْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنِّىْ نَذَرْتُ اِنْ نَجَّانِى اللّٰهُ عَلَيْهَا لَاٰكُلَنَّ مِنْ كَبِدِهَا وَسَنَامِهَا ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبِئْسَمَا جَزَيْتِيهَا لَيْسَ هٰذَا نَذْرًا اِنَّمَا النَّذْرُ مَا ابْتُغِىَ بِهِ وَجْهُ اللّٰهِ ۔

☆☆ حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی قصویٰ پر سوار ہو کر آئی۔ یہ اس وقت کی بات ہے جب آپ کی اونٹنی کو لوٹ لیا گیا تھا۔ اس نے وہ اونٹنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لا کر بٹھائی' پھر اس خاتون نے عرض کی: میں نے یہ نذر مانی ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے اس اونٹنی پر سوار رہتے ہوئے مجھے نجات عطا کر دی تو میں اس کا جگر اور اس کے کوہان کا گوشت ضرور کھاؤں گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے اسے بڑا بُرا بدلہ دیا ہے' یہ نذر نہیں ہوتی' نذر وہ ہوتی ہے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی رضا کا ارادہ کیا گیا ہو۔

4252- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِىُّ حَدَّثَنَا اَشْعَثُ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِىُّ عَنْ اَبِىْ رَافِعٍ اَنَّ مَوْلَاتَهُ اَرَادَتْ اَنْ تُفَرِّقَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ امْرَاَتِهِ فَقَالَتْ هِىَ يَوْمًا يَهُوْدِيَّةٌ وَّيَوْمًا نَصْرَانِيَّةٌ ۔ وَكُلُّ مَمْلُوْكٍ لَهَا حُرٌّ وَّكُلُّ مَالٍ لَهَا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَعَلَيْهَا الْمَشْىُ اِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ اِنْ لَمْ يُفَرِّقْ بَيْنَهُمَا فَسَاَلَتْ عَائِشَةَ وَابْنَ عُمَرَ وَابْنَ عَبَّاسٍ وَّحَفْصَةَ وَاُمَّ سَلَمَةَ فَكُلُّهُمْ قَالَ لَهَا اَتُرِيْدِيْنَ اَنْ تَكُوْنِىْ مِثْلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ وَاَمَرُوْهَا اَنْ تُكَفِّرَ يَمِيْنَهَا وَتُخَلِّىَ بَيْنَهُمَا ۔

☆☆ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ان کی آزاد کردہ کنیز نے یہ ارادہ کیا کہ وہ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ اور ان کی اہلیہ کے درمیان علیحدگی کروا دے' اس نے ایک دن یہ کہا کہ اگر وہ ایسا نہ کرے گی تو وہ یہودی ہوگی' اور ایک روایت کے مطابق یہ کہا کہ عیسائی ہوگی' اس کا ہر غلام آزاد ہوگا اور سارا مال اللہ کی راہ میں دیا جائے گا اور اس پر لازم ہو جائے گا کہ وہ بیت اللہ تک پیدل چل کے جائے' اگر وہ ان دونوں کے درمیان علیحدگی نہ کروا سکی۔

اس نے سیدہ عائشہ' حضرت عبداللہ بن عمر' حضرت عبداللہ بن عباس' سیدہ حفصہ اور سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہم سے اس بارے میں دریافت کیا تو ان سب نے اس سے یہی کہا: کیا تم یہ چاہتی ہو کہ تم ہاروت اور ماروت کی طرح بن جاؤ! پھر ان سب نے اسے یہی ہدایت کی کہ وہ اپنی قسم کا کفارہ دیدے اور ان دونوں کا پیچھا چھوڑ دے۔

4253- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ هِلَالٍ حَدَّثَنَا غَالِبٌ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِىِّ عَنْ اَبِىْ رَافِعٍ قَالَ قَالَتْ مَوْلَاتِىْ لَاُفَرِّقَنَّ بَيْنَكَ وَبَيْنَ امْرَاَتِكَ

٤٢٥٢- اخرجه البيهقي في سننه (٦٦/١٠) من طريق الدارقطني' به- و اسناده ضعيف: اشعث: هو ابن سوار ضعيف: كما في (التقريب)-

٤٢٥٣- في اسناده ابو هلال الراسبي: و هو محمد بن سليم' قال الحافظ في التقريب): صدوق فيه لين' لكن يشهد له طريق اشعث المتقدم في الذي قبله-

وَكُلُّ مَالٍ لَهَا فِيْ رِتَاجِ الْكَعْبَةِ وَهِيَ يَوْمًا يَهُوْدِيَّةٌ وَّيَوْمًا نَصْرَانِيَّةٌ وَّيَوْمًا مَجُوْسِيَّةٌ اِنْ لَمْ تُفَرِّقْ بَيْنَكَ وَبَيْنَ امْرَاَتِكَ قَالَ فَانْطَلَقْتُ اِلٰى اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ اُمِّ سَلَمَةَ فَقُلْتُ اِنَّ مَوْلَاتِيْ تُرِيْدُ اَنْ تُفَرِّقَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ امْرَاَتِيْ فَقَالَتِ انْطَلِقْ اِلٰى مَوْلَاتِكَ فَقُلْ لَهَا اِنَّ هٰذَا لَا يَحِلُّ لَكِ .فَرَجَعْتُ اِلَيْهَا- قَالَ- ثُمَّ اَتَيْتُ ابْنَ عُمَرَ فَاَخْبَرْتُهُ فَجَآءَ حَتّٰى انْتَهٰى اِلَى الْبَابِ فَقَالَ هَا هُنَا هَارُوْتُ وَمَارُوْتُ فَقَالَتْ اِنِّيْ جَعَلْتُ كُلَّ مَالٍ لِيْ فِيْ رِتَاجِ الْكَعْبَةِ قَالَ فَمَا تَاْكُلِيْنَ قَالَتْ وَقُلْتُ وَاَنَا يَوْمًا يَهُوْدِيَّةٌ وَّيَوْمًا نَصْرَانِيَّةٌ وَّيَوْمًا مَجُوْسِيَّةٌ .فَقَالَ اِنْ تَهَوَّدْتِ قُتِلْتِ وَاِنْ تَنَصَّرْتِ قُتِلْتِ وَاِنْ تَمَجَّسْتِ قُتِلْتِ .فَقَالَتْ فَمَا تَاْمُرُنِيْ قَالَ تُكَفِّرِيْنَ يَمِيْنَكِ وَتَجْمَعِيْنَ بَيْنَ فَتَاكِ وَفَتَاتِكِ .

☆☆ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میری آزاد کردہ کنیز نے یہ کہا: میں آپ کے اور آپ کی اہلیہ کے درمیان علیحدگی ضرور کرواؤں گی اگر میں ایسا نہ کرسکی تو اس کا تمام مال خانہ کعبہ کے نام ہوگا اور وہ اس دن یہودی ہوگی عیسائی ہو گی یا مجوسی ہوگی اگر وہ آپ کے اور آپ کی اہلیہ کے درمیان فرق نہ پیدا کرسکی۔

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اُم المؤمنین سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے عرض کی: میری آزاد کردہ کنیز یہ چاہتی ہے کہ میرے اور میری بیوی کے درمیان علیحدگی پیدا کردے تو سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ تم اپنی کنیز کے پاس جاؤ اور اس سے کہو کہ تمہارے لیے ایسا کرنا جائز نہیں ہے میں اس کے بعد واپس چلا گیا اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آیا اور انہیں اس بارے میں بتایا وہ تشریف لائے یہاں تک کہ دروازے تک آئے اور فرمایا: یہاں ہاروت اور ماروت ہیں۔ اس کنیز نے کہا کہ میں نے اپنا سارا مال خانہ کعبہ کے خزانے کے نام کردیا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے دریافت کیا: پھر تم کیا کھاؤ گی؟ اس نے کہا: میں نے یہ کہا ہے کہ میں اس دن یہودی ہوں گی یا عیسائی ہوں گی یا اس دن مجوسی ہوں گی (اگر میں نے ان کے درمیان جدائی نہ کی)۔ تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اگر تم نے یہودیت اختیار کی تو تمہیں قتل کردیا جائے گا اگر تم نے عیسائیت اختیار کی تو تمہیں قتل کردیا جائے گا اور اگر تم نے مجوسیت اختیار کی تو تمہیں قتل کردیا جائے گا۔ وہ کنیز بولی: پھر آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا: تم اپنی قسم کا کفارہ دو اور اس شخص اور اس کی بیوی کے درمیان علیحدگی نہ کرواؤ۔

4254- حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَبَّارُ عَنْ يَّحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنِ الْقَاسِمِ قَالَ جَاءَتِ امْرَاَةٌ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ قَدْ نَذَرَتْ فِيْ نَحْرِ ابْنِهَا فَاَمَرَهَا بِالْكَفَّارَةِ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ سُبْحَانَ اللّٰهِ كَفَّارَةٌ فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى .فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ نَعَمْ قَدْ ذَكَرَ اللّٰهُ الظِّهَارَ وَاَمَرَ بِالْكَفَّارَةِ.

☆☆ قاسم بیان کرتے ہیں: ایک خاتون حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آئی اس نے یہ نذر مانی تھی کہ وہ اپنے بیٹے کو ذبح کردے گی تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اسے کفارہ دینے کا حکم دیا تو حاضرین میں سے ایک

۴۲۵۴- اخرجه مالك في الموطا (۴۷۶/۲) عن يحيى بن سعيد عن القاسم بن محمد به نحوه- و من طريقه اخرجه البيهقي في السنن (۷۳/۱۰)- و اخرجه البيهقي ايضاً من طريق جعفر ابن عون عن يحيى بن سعيد به- و اسناده صحيح-

صاحب بولے: سبحان اللہ! اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے بارے میں کفارہ دیا جائے گا' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ہاں! اللہ تعالیٰ نے ظہار کا ذکر کیا ہے اور اس میں بھی کفارے کا حکم دیا ہے (تو ظہار بھی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہے لیکن اس میں کفارہ دیا جاتا ہے)۔

4255- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَفَّارَةُ الْيَمِيْنِ مُدٌّ مِنْ حِنْطَةٍ لِكُلِّ مِسْكِيْنٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: قسم کا کفارہ یہ ہے کہ ہر مسکین کو ایک ''مد'' گندم دی جائے۔

4256- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لِكُلِّ مِسْكِيْنٍ مُدٌّ مِنْ حِنْطَةٍ رَيْعُهُ اِدَامُهُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ہر مسکین کو گندم کا ایک مُد دیا جائے گا جس کے ساتھ سالن بھی ہوگا۔

4257- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ صَاحِبُ الدَّسْتُوَائِيِّ عَنْ يَحْيٰى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فِيْ كَفَّارَةِ الْيَمِيْنِ قَالَ مُدٌّ مِنْ حِنْطَةٍ لِكُلِّ مِسْكِيْنٍ.

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ قسم کے کفارے کے بارے میں فرماتے ہیں کہ گندم کا ایک مُد ایک مسکین کو دیا جائے گا۔

4258- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مُسَلَّمٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ عَطَاءٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ يَقُوْلُ ثَلَاثَةُ اَشْيَاءَ فِيْهِنَّ مُدٌّ مُدٌّ فِيْ كَفَّارَةِ الْيَمِيْنِ وَكَفَّارَةِ الظِّهَارِ وَفِدْيَةِ طَعَامِ مِسْكِيْنٍ.

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں: میں نے ایک مسجد میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: تین چیزوں میں ایک ایک ''مد'' دیا جائے گا' قسم توڑنے کے کفارے میں' ظہار کے کفارے میں اور مسکین کو کھانا کھلانے کے فدیے میں۔

٤٢٥٥-اخرجه مالك في الموطا (٤٧٩/٢) عن نافع عن عبد الله بن عمر: انه كان يكفر عن يمينه باطعام عشرة مساكين' لكل مسكين مد من حنطة' و كان يعتق المرار اذا وكد اليمين- و من طريقه البيهقي في السنن (٥٥/١٠)-و اخرجه مالك من قول ابن عمر' نحوه-

٤٢٥٦-اخرجه البيهقي في سننه (٥٥/١٠) من طريق زاهر بن احمد: ثنا ابو بكر النيسابوري' به- و اسناده صحيح -و اخرجه عبد الرزاق (٥٠٧/٨) (١٦٠٧٣) عن الثوري عن داود' به-

٤٢٥٧-اخرجه البيهقي (٥٥/١٠) كتاب: الايمان' باب: الاطعام في كفارة اليمين- من طريق ابي نعيم' ثنا هشام' به-و اخرجه عبد الرزاق (٥٠٦/٨) (١٦٠٦٨): اخبرنا معمر عن يحيى بن ابي كثير عن محمد بن عبد الرحمن بن ثوبان عن زيد بن ثابت في كفارة اليمين' قال: مدان من حنطة لكل مسكين-

٤٢٥٨-اخرجه البيهقي في السنن (٥٥/١٠) من طريق الدارقطني' و اسناده ضعيف: لضعف حجاج: و هو ابن ارطاة و ابن لهيعة- ايضا- ضعيف' تقدمت ترجمتها-

4259- حَدَّثَنَا اَبُوْ شَيْبَةَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ اللُّؤْلُؤِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ عَدِيٍّ عَنْ دَاوٗدَ بْنِ اَبِىْ هِنْدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لِكُلِّ مِسْكِيْنٍ مُدٌّ مِنْ حِنْطَةٍ فِيْهِ اِدَامُهٗ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ہر ایک مسکین کو گندم کا ایک "مُد" دیا جائے گا' جس کے ساتھ سالن بھی ہوگا۔

4260- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرِ بْنِ اَبِى الْجَهْمِ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِذَا عَجَزَ الشَّيْخُ الْكَبِيْرُ عَنِ الصِّيَامِ اَطْعَمَ عَنْ كُلِّ يَوْمٍ مُدًّا مُدًّا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب کوئی بوڑھا شخص روزے رکھنے کے قابل نہ رہے' تو وہ ایک دن کے عوض میں ایک "مُد" کھانا کھلائے گا۔

4261- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِىْ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ- يَعْنِىْ ابْنَ مُحَمَّدٍ- عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا ادَّعَتِ الْمَرْاَةُ طَلَاقَ زَوْجِهَا فَجَآءَتْ عَلٰى ذٰلِكَ بِشَاهِدٍ عَدْلٍ اسْتُحْلِفَ زَوْجُهَا فَاِنْ حَلَفَ بَطَلَتْ شَهَادَةُ الشَّاهِدِ وَاِنْ نَكَلَ فَنُكُوْلُهٗ بِمَنْزِلَةِ شَاهِدٍ اٰخَرَ وَجَازَ طَلَاقُهٗ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب کوئی عورت اپنے شوہر سے طلاق لینے کا دعویٰ کر دے اور وہ اس بارے میں عادل گواہ کو پیش کر دے تو اس کے شوہر سے حلف لیا جائے گا' اگر وہ حلف اُٹھا لیتا ہے' تو اس گواہ کی گواہی باطل قرار دی جائے گی اور اگر وہ حلف اُٹھانے سے انکار کر دیتا ہے' تو اس کا انکار کرنا دوسرے گواہ کا قائم مقام شمار ہوگا اور اس کی دی ہوئی طلاق تسلیم کی جائے گی۔

4262- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التَّرْقُفِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ يَعْلٰى حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا غَيْلَانُ بْنُ جَامِعٍ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِىْ خَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ قَالَ شَهِدَ رَجُلَانِ مِنْ اَهْلِ دَقُوْقَاءَ نَصْرَانِيَّانِ عَلٰى وَصِيَّةِ مُسْلِمٍ مَاتَ عِنْدَهُمْ فَارْتَابَ اَهْلُ الْوَصِيَّةِ فَاَتَوْا بِهِمَا اَبَا مُوْسَى الْاَشْعَرِيَّ فَاسْتَحْلَفَهُمَا بَعْدَ صَلَاةِ الْعَصْرِ وَاللّٰهِ مَا اشْتَرَيْتُمَا بِهٖ ثَمَنًا وَلَا كَتَمْتُمَا شَهَادَةَ اللّٰهِ اِنَّا اِذًا لَمِنَ الْاٰثِمِيْنَ .قَالَ عَامِرٌ قَالَ اَبُوْ مُوْسٰى وَاللّٰهِ اِنَّ هٰذِهٖ لَقَضِيَّةٌ مَا قُضِىَ بِهَا مُنْذُ مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ الْيَوْمِ.

☆☆ عامر شعبی بیان کرتے ہیں: "دقوقاء" کے رہنے والے دو عیسائی لوگ ایک مسلمان کی وصیت کے گواہ بن گئے' اس

۴۲۵۹-تقدم تخریجه رقم (۴۲۵۶)-

۴۲۶۰-تقدم متنا و اسنادا في الصیام' باب: (الافطار في رمضان؛ لکبر او رضاع او عذر او غیر ذلك)-

۴۲۶۱-تقدم متنا و اسنادا في کتاب: الطلاق' رقم (۳۹۷۹/۱۵۵)-

☆☆ عمرو بن دینار بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے رضاعت کے کسی مسئلے کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے ارشاد فرمایا: میرے علم کے مطابق اللہ تعالیٰ نے رضاعی بہن کو حرام قرار دیا ہے۔ ان سے کہا گیا کہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ تو یہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ یا دو مرتبہ چوسنے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا فیصلہ تمہارے فیصلے اور عبداللہ بن زبیر کے فیصلے سے بہتر ہے۔

4298- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ الْحَنَّاطُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يُونُسَ السَّرَّاجُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَمَالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنْ رَجُلٍ لَهُ امْرَأَةٌ وَسُرِّيَّةٌ فَوَلَدَتْ إِحْدَاهُمَا غُلَامًا وَأَرْضَعَتِ الأُخْرَى جَارِيَةً هَلْ يَصْلُحُ لِلْغُلَامِ أَنْ يَنْكِحَ الْجَارِيَةَ فَقَالَ لَا اللِّقَاحُ وَاحِدٌ.

☆☆ عمرو بن شرید بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جس کی ایک بیوی ہو اور ایک کنیز ہو' ان دونوں میں سے ایک بچے کو جنم دیتی ہے اور دوسری بچی کو جنم دیتی ہے' تو کیا بچے کے لیے یہ بات جائز ہوگی کہ وہ اس کنیز کی لڑکی سے نکاح کرلے؟ تو انہوں نے جواب دیا: جی نہیں! کیونکہ نطفہ ایک ہے۔

4299- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ أَبِى عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زَمْعَةَ عَنْ أُمِّهِ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِى سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَتْ أَسْمَاءُ بِنْتُ أَبِى بَكْرٍ أَرْضَعَتْنِى وَكَانَ الزُّبَيْرُ يَدْخُلُ عَلَىَّ وَأَنَا أَمْتَشِطُ فَيَأْخُذُ بِقَرْنٍ مِنْ قُرُونِ رَأْسِى وَيَقُولُ أَقْبِلِى عَلَىَّ حَدِّثِينِى يَرَى أَنَّهُ أَبِى وَإِنَّمَا وَلَدُهُ إِخْوَتِى فَلَمَّا كَانَ قَبْلَ الْحَرَّةِ أَرْسَلَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الزُّبَيْرِ يَخْطُبُ ابْنَتِى عَلَى حَمْزَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ وَحَمْزَةُ وَمُصْعَبٌ مِنَ الْكِلَابِيَّةِ فَأَرْسَلْتُ إِلَيْهِ وَهَلْ تَصْلُحُ لَهُ فَأَرْسَلَ إِلَىَّ إِنَّمَا تُرِيدِينَ مَنْعَ

٤٢٩٧-اخرجه عبد الرزاق (٧/٤٦٨) (١٣٩٣٠)' و البيهقي في السنن (٧/٤٥٨) من طريق سعيد بن منصور' كلاهما -عبد الرزاق' و سعيد- عن سفيان عن عمرو بن دينار' به نحوه- واخرجه عبد الرزاق (٧/٤٦٧) (١٣٩١٩): اخبرنا ابن جريج' قال: اخبرني عمرو بن دينار...... فذكره نحوه-واخرجه البيهقي (٧/٤٥٨) من طريق شعبة عن عمرو' نحوه-

٤٢٩٨-اخرجه مالك في الموطا (٢/٦٠٢)' و من طريقه عبد الرزاق (٧/٤٨٣) (١٣٩٤٢)' و الترمذي (١١٤٩)' و سعيد بن منصور (٩٦٦)' و البيهقي (٧/٤٥٣)-

٤٢٩٩-اخرجه الشافعي في مسنده (٢/رقم ٧٧- شفاء العي)' و في الام (٣/٣١٥)' و من طريقه البيهقي في المعرفة (٦/٨٣) رقم (٤٧٠٩) عن عبد العزيز بن محمد عن محمد بن عمرو' به- و عبد العزيز بن محمد الدراوردي: قال فيه الحافظ في (التقريب) صدوق كان يحدث من كتب غيره: فيخطيء-لكن تابعه عبد الله بن ادريس' و هو ثقة فقيه' روى له الجماعة' و ترجمته في التهذيب-و محمد بن عمرو ليس هو الواقدي' انما هو محمد بن عمرو بن علقمة بن وقاص الليثي: روى له الجماعة' و قال الحافظ في (التقريب): صدوق-

ابْنَتِكَ اَنَا اَخُوكِ وَمَا وَلَدَتْ اَسْمَاءُ فَهُمْ اِخْوَتُكِ .فَاَمَّا وَلَدُ الزُّبَيْرِ لِغَيْرِ اَسْمَاءَ فَلَيْسُوا لَكِ بِاِخْوَةٍ .قَالَتْ فَارْسَلْتُ وَاَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَوَافِرُونَ وَاُمَّهَاتُ الْمُؤْمِنِينَ فَقَالُوا اِنَّ الرَّضَاعَةَ مِنْ قِبَلِ الرَّجُلِ لَا تُحَرِّمُ شَيْئًا .

☆☆ سیدہ زینب بنت ابوسلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما نے مجھے دودھ پلایا تھا' اس لیے (سیدہ اسماء کے شوہر) حضرت زبیر رضی اللہ عنہ میرے ہاں ایسے وقت میں بھی آ جایا کرتے تھے جب میں کنگھی کر رہی ہوتی تھی' وہ میرے بال پکڑ کر مجھ سے کہا کرتے تھے: اِدھر میرے پاس آؤ اور میرے ساتھ بات کرو۔ سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا سمجھتی تھیں کہ وہ میرے والد ہیں اور سیدہ اسماء کے بچے میرے بھائی ہیں۔

اس کے بعد واقعۂ حرہ سے کچھ پہلے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے (جو میرے رضاعی بھائی تھے) اپنے بیٹے حمزہ کے لیے میری بیٹی کا رشتہ مانگا۔ حمزہ اور مصعب یہ دونوں فلاں عورت کے بیٹے تھے۔ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو پیغام بھیجا کہ کیا ایسا کرنا درست ہوگا' تو عبداللہ بن زبیر نے مجھے جواب میں پیغام بھیجا کہ کیا تم اپنی بیٹی کا رشتہ دینے سے انکار کرنا چاہتی ہو؟ میں تمہارا بھائی ہوں اور سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا کے بچے تمہارے بھائی ہیں' لیکن حضرت زبیر کی وہ اولاد جو سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا کے علاوہ دوسرے بچوں سے ہے وہ تمہارے بہن بھائی نہیں ہیں۔ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب انہوں نے یہ پیغام بھیجا تھا تو اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بہت سے صحابہ کرام بھی موجود تھے اور اُمہات المؤمنین بھی موجود تھیں' انہوں نے یہ بات بیان کی کہ رضاعت مرد کی طرف سے کسی چیز کی حرمت کو ثابت نہیں کرتی۔

4300- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورِ بْنِ النَّضْرِ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ اَيُّوبَ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي الْخَلِيلِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تُحَرِّمُ الْاِمْلَاجَةُ وَالْاِمْلَاجَتَانِ .

☆☆ سیدہ اُم فضل رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ایک یا دو گھونٹ پی لینے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔

4301- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ الدَّوْرَقِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ اَبِي الْخَلِيلِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ الْهَاشِمِيِّ عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِي فَاَتَاهُ اَعْرَابِيٌّ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَانَتْ عِنْدِي امْرَاَةٌ فَتَزَوَّجْتُ عَلَيْهَا امْرَاَةً فَزَعَمَتِ امْرَاَتِي الْاُولٰى اَنَّهَا اَرْضَعَتِ امْرَاَتِي الْحُدْثٰى رَضْعَةً اَوْ رَضْعَتَيْنِ اَوْ قَالَ اِمْلَاجَةً اَوْ اِمْلَاجَتَيْنِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُحَرِّمُ الْاِمْلَاجَةُ وَلَا الْاِمْلَاجَتَانِ . اَوْ قَالَ الرَّضْعَةُ وَالرَّضْعَتَانِ .

☆☆ سیدہ اُم فضل رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر میں موجود تھے' ایک دیہاتی آپ

٤٣٠٠- تقدم برقم (٤٢٨٦)-

٤٣٠١- تقدم برقم (٤٢٨٦)- و انظر الذي قبله-

کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: یارسول اللہ! میری ایک بیوی ہے میں نے اس کے بعد ایک اور عورت کے ساتھ شادی کی تو میری پہلی بیوی نے یہ بات بیان کی' اس نے میری بیوی کو دودھ پلایا ہوا ہے' جو ایک یا شاید دو مرتبہ پلایا تھا یا ایک یا دو گھونٹ پلایا تھا (یہاں پر شک راوی کو ہے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک یا دو گھونٹ بھرنے سے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں: ایک یا دو مرتبہ پینے سے) حرمت ثابت نہیں ہوتی۔

4302- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ رُمَيْسٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ صَدَقَةَ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ وَاَيُّوْبَ عَنْ اَبِى الْخَلِيْلِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُحَرِّمُ الْإِمْلَاجَةُ وَلَا الْإِمْلَاجَتَانِ . قَالَ قَتَادَةُ وَلَا الْمَصَّةُ وَلَا الْمَصَّتَانِ .

☆☆ سیدہ اُم فضل رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ایک یا دو گھونٹ پینے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔

قتادہ نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: ایک مرتبہ یا دو مرتبہ چوسنے سے (حرمت ثابت نہیں ہوتی)۔

4303- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الشِّيْعِىُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ وَّعَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَا حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَلَا الْمَصَّتَانِ .

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمایا ہے: ایک یا دو مرتبہ چوسنے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔

4304- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجَوَيْهِ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرَةَ اَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ تَقُوْلُ نَزَلَ فِى الْقُرْاٰنِ عَشْرُ رَضَعَاتٍ مَعْلُوْمَاتٍ وَّهِىَ تُرِيْدُ مَا يُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعِ ثُمَّ نَزَلَ بَعْدُ اَوْ خَمْسٌ مَعْلُوْمَاتٍ.

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: قرآن میں پہلے دس متعین مرتبہ چوسنے کا حکم نازل ہوا تھا۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی مراد یہ تھی کہ وہ رضاعت جس کے ذریعے حرمت ثابت ہوتی ہے' اس میں دس مرتبہ چوسنا لازم ہے' اس کے بعد پانچ متعین مرتبہ کا حکم نازل ہوا۔

4305- حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَبْدِ

۴۳۰۲- تقدم برقم (۴۲۸۶)۔

۴۳۰۳- اخرجه مسلم (۱۴۵۰)' و ابو داود (۲۰۶۳)' و الترمذي (۱۱۵۰)' و النسائي (۶/۱۰۱)' و احمد (۶/۳۱' ۹۵' ۲۱۶)' و ابن حبان (۴۲۲۸)' و الطحاوي في شرح المعاني (۴۵۵۶)' و البيهقي (۷/۴۵۴' ۴۵۵) من طرق عن ايوب' به۔

۴۳۰۴- اخرجه مسلم (۲۵/۱۴۵۲) من طريق سليمان بن بلال عن يحيى' به۔ و اخرجه مالك في الموطا (۲/۶۰۸)' و من طريقه مسلم في صحيحه (۱۴۵۲)' و الترمذي (۱۱۵۰)' و ابو داود (۲۰۶۲)' و النسائي (۶/۱۰۰)' و الدارمي (۲۲۵۸) عن عبد الله بن ابي بكر بن محمد ابن عمرو بن حزم عن عمرة' به۔ و اخرجه ابن ماجه (۱۹۴۲) من طريق عبد الرحمن بن القاسم عن ابيه عن عمرة' به۔ و الفاظه متقاربة۔

الْعَزِيزُ بْنِ عُمَرَ وَعَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَوْهَبٍ عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ يُسْلِمُ عَلَى يَدَيِ الرَّجُلِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ أَوْلَى النَّاسِ بِمَحْيَاهُ وَمَمَاتِهِ.

☆☆ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو کسی دوسرے شخص کے ہاتھ پر اسلام قبول کرتا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ شخص باقی سب لوگوں کے مقابلے میں اس کی زندگی اور موت میں زیادہ قریب شمار ہوگا۔

4306- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مَذْعُورٍ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى الصَّدَفِيُّ عَنِ الْقَاسِمِ الشَّامِيِّ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَسْلَمَ عَلَى يَدَيْهِ رَجُلٌ فَلَهُ وَلَاؤُهُ . الصَّدَفِيُّ ضَعِيفٌ وَّالَّذِي قَبْلَهُ مُرْسَلٌ.

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص کسی کے ہاتھ پر اسلام قبول کرتا ہے تو وہ دوسرا شخص پہلے کے ولاء کا مالک ہوگا۔

4307- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صَالِحٍ الْأَزْدِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ

۴۳۰۵- اخرجه احمد (۱۰۲/۴، ۱۰۳) و الترمذي (۲۱۱۲) و النسائي في الكبرى (۸۸/۴، ۸۹) (۶۴۱۲، ۶۴۱۳) و الدارمي (۳۷۷/۲) و الحاكم (۲۱۹/۲) و الطبراني في الكبير (۵۶/۲) (۱۲۷۲) و البيهقي (۲۹۶/۱۰) و الخطيب في تاريخه (۵۳/۷) من طرق عن عبد العزيز بن عمر بن عبد العزيز عن عبد الله بن موهب، به- قال الترمذي: هذا حديث لا نعرفه الا من حديث عبد الله بن وهب- ويقال: ابن موهب- عن تميم الداري، وقد ادخل بعضهم بين عبد الله بن موهب و بين تميم الداري قبيصة بن ذويب- اخرجه يحيى بن حمزة عن عبد العزيز بن عمر، وزاد فيه: قبيصة بن ذويب- و العمل على هذا عند بعض اهل العلم، و هو عندي ليس بمتصل- اه- قلت: ورواية يحيى التي اشار اليها الترمذي: اخرجها ابو داود (۲۹۱۸) و الطحاوي في شرح المشكل (۲۸۵۲) (۲۸۵۴) (۲۸۵۵) (۲۸۵۶) و الطبراني في الكبير (۵۶/۲) (۱۲۷۳) و الحاكم (۲۱۹/۲) والبيهقي (۲۹۶/۱۰) من طريق يحيى بن حمزة عن عبد الله بن موهب عن قبيصة بن ذويب عن تميم الداري، به- قال البخاري في تاريخه (۱۹۹/۵): ولا يصح لقول النبي صلى الله عليه وسلم : (الولاء لمن اعتق)- و الحديث اخرجه النسائي في الكبرى (۸۸/۴) (۶۴۱۱) و الحاكم (۲۱۹/۲) و الطبراني (۵۷/۲) (۱۲۷۴) و البيهقي (۲۹۷/۱۰) من طريق يونس بن ابي اسحاق عن ابيه عن ابن موهب، به- قال ابن التركماني في (الجوهر النقي) ان ان ابا نعيم و وكيع- و هما ثقتان جليلان- قد روياه عن عبد العزيز بن عمر بن عبد العزيز، و قد صرح بسماع ابن موهب من تميم، ثم قال: (فان كان الامر على ما ذكر ابو نعيم و وكيع حمل على انه سمع منه بواسطة و بغيرها، و ان ثبت انه لم يسمع منه ولا لحقه؛ فالواسطة- و هو قبيصة- ثقة، ادرك زمان تميم بلا شك فعنعنته محمولة على الاتصال)- اه- وقال العلائي في جامع التحصيل ص (۲۱۷) : قال يعقوب الفسوي لم يدركه- يعني: تميما- وقال احمد بن حنبل في حديثه عن تميم، قلت: يا رسول الله، ارايت الرجل من اهل الكتاب يسلم على يدي الرجل...... الحديث-: انما هو ابن موهب عن قبيصة عن تميم)- اه-

۴۳۰۶- اخرجه الطبراني في الكبير (۲۳۳/۸) (۷۷۸۱) و ابن عدي في الكامل (۴۰۱/۶) و من طريقه البيهقي (۲۹۸/۱۰) من طريق عيسى بن يونس، به- واخرجه ابن عدي، و من طريقه البيهقي (۲۹۸/۱۰) وابن الجوزي في الموضوعات (۵۲۸/۲) (۱۷۶۵) من طريق عيسى بن يونس عن جعفر بن الزبير عن القاسم عن ابي امامة، به- قال ابن الجوزي: هذا حديث لا يصح- قال ابن حبان: القاسم كان يروي عن الصحابة المعضلات- قال شعبة: جعفر بن الزبير كان يكذب- وقال البخاري و النسائي و الدارقطني: جعفر متروك- و قد اخرجه معاوية بن يحيى عن القاسم، و معاوية ليس بشيء- اه-

۴۳۰۷- تقدم تخريجه رقم (۴۳۰۵)-

مُسْهِرٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ قَالَ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ يُسْلِمُ عَلٰى يَدَيِ الرَّجُلِ قَالَ هُوَ اَوْلَى النَّاسِ بِمَحْيَاهُ وَمَمَاتِهٖ.

☆☆ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو کسی دوسرے شخص کے ہاتھ پر اسلام قبول کرتا ہے تو آپ نے ارشاد فرمایا: وہ دیگر سب لوگوں کے مقابلے میں اس کی زندگی اور موت میں اس سے زیادہ قریب ہوگا۔

4308- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ سَجَّادَةُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ وَعَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ الْكِلَابِيُّ كُلُّهُمْ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنِ ابْنِ مَوْهَبٍ - رَجُلٌ مِنْ خَوْلَانَ - قَالَ سَمِعْتُ تَمِيمًا الدَّارِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَأَلَهُ رَجُلٌ نَحْوَهُ.

☆☆ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: آپ نے ایک شخص سے سوال کیا (اس کے بعد راوی نے حسب سابق حدیث ذکر کی ہے)۔

4309- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الْخَالِقِ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ فَقَالَ لَا تَحِلُّ اللُّقَطَةُ مَنِ الْتَقَطَ شَيْئًا فَلْيُعَرِّفْهُ سَنَةً فَاِنْ جَاءَهُ صَاحِبُهَا فَلْيَرُدَّهَا اِلَيْهِ وَاِنْ لَمْ يَاْتِ صَاحِبُهَا فَلْيَتَصَدَّقْ بِهَا وَاِنْ جَاءَ فَلْيُخَيِّرْهُ بَيْنَ الْاَجْرِ وَبَيْنَ الَّذِيْ لَهُ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے گری ہوئی چیز کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: گری ہوئی چیز کو استعمال کرنا جائز نہیں ہے جو شخص اس کو اٹھا لیتا ہے وہ ایک سال تک اُس کا اعلان کرے گا' اگر اس کا مالک آ جاتا ہے' تو وہ اسے لوٹا دے گا' اگر اس کا مالک نہیں آتا تو وہ اسے صدقہ کر دے گا۔ اور اگر پھر اس کا مالک آ جاتا ہے' تو وہ اسے اس کی چیز یا اس کی مانند دوسری چیز کے بارے میں اختیار دے گا۔

4310- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عِيسَى بْنِ

۴۳۰۸-اختلف في سماع ابن موهب من تميم' و صوبه ابو زرعة الدمشقي' فقال-كما في تهذيب الكمال (۲۹۹/٤)-: و جه مدخل قبيصة بن ذويب في حديثه هذا- فيما نرى' و الله اعلم- ان عبد العزيز بن عمر حدث يحيى بن حمزة' بهذا الحديث من كتابه' و حدثهم بالعراق حفظا- و هذا حديث متصل حسن المخرج' و الاتصال لم ار احدا مناهل العلم يدفعه)- اه-وقال المزي في تهذيب الكمال (۲۹۹/٤) : و في حديث وكيع وحده عن عبد العزيز' عن عبد الله بن موهب قال: سمعت تميما- وقال غيره: عن تميم الداري- وقد جوده يحيى بن حمزة عن عبد العزيز- اه-قلت: بل تابع وكيعا عليه: علي بن عابس' و عبد الرحمن بن سليمان و محمد بن ربيعة الكلابي هنا عند الدارقطني-و ينظر الكلام على الحديث رقم (۴۳۰۵)-

۴۳۰۹-اخرجه الطبراني في الاوسط (۲۲۰۸)' و الصغير (۳۱/۱): حدثنا احمد بن سهل ابن الوليد السكري الاهوازي' قال: نا خالد بن يوسف السمتي ...... فذكره-وخالد بن يوسف السمتي ضعيف' تقدمت ترجمته-والحديث ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (۱۷۱/٤)' وقال: (اخرجه الطبراني في الصغير و الاوسط' و فيه يوسف بن خالد السمتي' وهو كذاب)- اه-

الْمُسَيَّبِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ فُرِغَ مِنْ اَرْبَعِ الْخَلْقِ وَالْخُلُقِ وَالرِّزْقِ وَالاَجَلِ فَلَيْسَ اَحَدٌ اَكْسَبَ مِنْ اَحَدٍ وَّالصَّدَقَةُ جَائِزَةٌ قُبِضَتْ اَوْ لَمْ تُقْبَضْ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ چار چیزوں سے فارغ ہو چکا ہے: تخلیق' عادت واطوار' رزق اور عمر' تو کوئی شخص کسی دوسرے سے ان میں سے کسی بھی چیز کا اکتساب نہیں کرسکتا۔ صدقہ دینا جائز ہے' خواہ اسے قبضے میں لیا گیا ہو یا نہ لیا گیا ہو۔

4311- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ الْاٰدَمِيُّ الْمُقْرِءُ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِى الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ كَانَتِ الْعَضْبَاءُ لِرَجُلٍ مِّنْ بَنِىْ عُقَيْلٍ اُسِرَ فَاُخِذَتِ الْعَضْبَاءُ مَعَهٗ فَاَتٰى عَلَيْهِ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلٰى حِمَارٍ عَلَيْهِ قَطِيفَةٌ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ عَلَامَ تَاْخُذُوْنِىْ وَتَاْخُذُوْنَ الْعَضْبَاءَ وَاَنَا مُسْلِمٌ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ قُلْتَهَا وَاَنْتَ تَمْلِكُ اَمْرَكَ اَفْلَحْتَ كُلَّ الْفَلَاحِ . قَالَ وَمَضَى النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِنِّىْ جَائِعٌ فَاَطْعِمْنِىْ وَاِنِّىْ ظَمْاٰنُ فَاسْقِنِىْ فَقَالَ هٰذِهٖ حَاجَتُكَ . قَالَ فَفُوْدِىَ بِرَجُلَيْنِ وَحَبَسَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَضْبَاءَ لِرَحْلِهٖ وَكَانَتْ مِنْ سَوَابِقِ الْحَاجِّ قَالَ فَاَغَارَ الْمُشْرِكُوْنَ عَلٰى سَرْحِ الْمَدِيْنَةِ وَاَسَرُوْا امْرَاَةً مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ قَالَ وَكَانَ الْمُشْرِكُوْنَ يُرِيْحُوْنَ اِبِلَهُمْ بِاَفْنِيَتِهِمْ فَلَمَّا كَانَ اللَّيْلُ نُوِّمُوْا وَعَمَدَتْ اِلَى الْاِبِلِ فَمَا كَانَتْ تَاْتِىْ عَلٰى نَاقَةٍ مِّنْهَا اِلَّا رَغَتْ حَتّٰى اَتَتْ عَلَى الْعَضْبَاءِ فَاَتَتْ عَلٰى نَاقَةٍ ذَلُوْلٍ فَرَكِبَتْهَا حَتّٰى اَتَتِ الْمَدِيْنَةَ وَنَذَرَتْ اِنِ اللّٰهُ تَعَالٰى نَجَّاهَا لَتَنْحَرَنَّهَا فَلَمَّا اَتَتِ الْمَدِيْنَةَ عَرَفَ النَّاسُ النَّاقَةَ وَقَالُوا الْعَضْبَاءُ نَاقَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَاُتِىَ بِهَا النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاُخْبِرَ بِنَذْرِهَا فَقَالَ بِئْسَمَا جَزَتْهَا- اَوْ جَزَيْتِهَا- لَا نَذْرَ فِىْ مَعْصِيَةٍ وَلَا فِيْمَا لَا يَمْلِكُ ابْنُ اٰدَمَ .

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: عضباء نامی اونٹنی بنوعقیل کے ایک شخص کی ملکیت تھی۔ اس شخص کو قیدی بنایا گیا۔ اس شخص کے ساتھ اس کی اونٹنی عضباء کو بھی قیدی بنا دیا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لائے' آپ اس وقت ایک گدھے پر سوار تھے جس پر کپڑا ڈالا ہوا تھا۔ اس نے عرض کی: اے حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ لوگوں نے کس بنیاد پر مجھے پکڑا ہے اور کس وجہ سے عضباء کو پکڑا ہے' جبکہ میں مسلمان ہوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: اگر تم یہ بات کہہ رہے ہو' تو تم اپنے معاملے کے مالک ہو (یعنی آزاد ہو) اور تمہیں مکمل فلاح نصیب ہو'

۴۳۱۰- اخرجه البيهقي (۶/۱۶۲) من طريق الدارقطني' و في اسناده عيسى بن المسيب: ترجم له ابن ابي حاتم في الجرح و التعديل (۶/ترجمة ۱۶۰۰)' و نقل تضعيفه عن ابن معين و ابي زرعة' و قال: سالت ابي عنه؟ فقال: محله الصدق' ليس بالقوي- وقال ابن حبان في المجروحين (۲/۱۱۹): كان ممن يقلب الاخبار' ولا يعلم و يخطيء في الآثار' و لا يفهم حتى خرج عن حد الاحتجاج- اه- و انظر ترجمته في الميزان (۵/۳۸۹)-

۴۳۱۱- اخرجه مسلم في النذور' باب: لا وفاء لنذر في معصية الله' ولا فيما لا يملك العبد' حديث (۱۶۴۱) من طريق اسماعيل بن ابراهيم عن ايوب' به-

گی۔ راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے تو وہ شخص (پیچھے سے) بولا: حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) میں بھوکا ہوں مجھے کچھ کھانے کے لیے دیں۔ میں پیاسا ہوں آپ مجھے کچھ پینے کے لیے دیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ تمہاری ضرورت کا سامان ہے۔

پھر اس شخص کو دو آدمیوں کے فدیے کے بدلے میں چھوڑ دیا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عضباء نامی اونٹنی کو اپنی سواری کے لیے رکھ دیا کیونکہ وہ تیز سفر کیا کرتی تھی۔ ایک مرتبہ کچھ مشرکین نے مدینہ منورہ کے ایک حصے پر رات کے وقت ڈاکہ ڈالا اور ایک مسلمان عورت کو قیدی کر لیا۔ مشرکین نے اپنی کھلی جگہ پر اپنے اونٹوں کو آرام کرنے کے لیے بٹھا دیا جب رات ہوئی اور وہ لوگ سو گئے تو وہ عورت جس اونٹ کے پاس گئی اس نے آواز نکالی وہ اس اونٹنی عضباء کے پاس آئی تو اس نے آواز نہیں نکالی۔ وہ بڑی فرمانبردار اونٹنی تھی وہ عورت اس اونٹنی پر سوار ہو کر مدینہ منورہ آ گئی۔ اس نے نذر مانی کہ اگر اللہ تعالیٰ نے اسے نجات نصیب کر دی تو وہ اس اونٹنی کو قربان کر دے گی جب وہ مدینہ منورہ پہنچی اور لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کو پہچان لیا تو بولے: یہ تو عضباء ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر اس عورت کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا اور اس کی نذر کے بارے میں آپ کو بتایا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم نے بہت برا بدلہ دیا ہے۔ معصیت کے کام میں کوئی نذر نہیں ہوتی اور آدمی جس چیز کا مالک نہ ہو اس کے بارے میں کوئی نذر نہیں ہوتی۔

4312- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ قَالَ عَطَاءٌ تُحَرِّمُ مِنْهَا مَا قَلَّ وَمَا كَثُرَ قَالَ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ لَمَّا بَلَغَهُ عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّهُ يَاْثِرُ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فِي الرَّضَاعِ اَنَّهُ لَا يُحَرِّمُ مِنْهَا دُوْنَ سَبْعِ رَضَعَاتٍ قَالَ قَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ خَيْرٌ مِنْ قَوْلِ عَائِشَةَ اِنَّمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى (وَاَخَوَاتُكُمْ مِنَ الرَّضَاعَةِ) وَلَمْ يَقُلْ رَضْعَةً وَّلَا رَضْعَتَيْنِ.

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں: تھوڑی رضاعت بھی وہی حرمت ثابت ہوتی ہے جو حرمت زیادہ رضاعت سے ثابت ہوتی ہے ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو اس بات کا پتہ چلا کہ عبداللہ بن زبیر سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے رضاعت کے بارے میں یہ بات بیان کی ہے: سات مرتبہ سے کم دودھ چوسنے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔ تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اللہ کا فرمان سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہ کے قول سے زیادہ بہتر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''اور تمہاری رضاعی بہنیں''۔

اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ ایک مرتبہ یا دو مرتبہ کی رضاعت۔

۴۳۱۲- اخرجه عبد الرزاق (۷/۴٦٦) (۱۳۹۱۱)، و من طريقه اخرجه المصنف هنا، و رجال اسناده ثقات، و ليس فيه الا ما يخشى من تدليس ابن جريج، و سماع عطاء من ابن عمر فيه خلاف- قال العلائي في جامع التحصيل ص (۲۳۸): (قال احمد بن حنبل: راى ابن عمر و لم يسمع منه، و لم يسمع من ابن عباس شيئا- وقال ابو حاتم لم يدرك ابن عمر- اه-

4313- حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَا يُحَرِّمُ دُونَ خَمْسِ رَضَعَاتٍ مَعْلُومَاتٍ.

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: پانچ مرتبہ سے کم رضاعت کے ذریعے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔

4314- حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ وَسَأَلَهُ رَجُلٌ أَتُحَرِّمُ رَضْعَةٌ أَوْ رَضْعَتَانِ فَقَالَ مَا أَعْلَمُ الْأُخْتَ مِنَ الرَّضَاعَةِ إِلَّا حَرَامًا فَقَالَ الرَّجُلُ إِنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ- يُرِيدُ ابْنَ الزُّبَيْرِ- زَعَمَ أَنَّهُ لَا تُحَرِّمُ رَضْعَةٌ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ قَضَاءُ اللَّهِ خَيْرٌ مِنْ قَضَائِكَ وَقَضَاءِ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ.

☆☆ عمرو بن دینار بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے سوال کیا: کیا ایک مرتبہ یا دو مرتبہ کی رضاعت کے ذریعے حرمت ثابت ہو جاتی ہے؟ تو انہوں نے فرمایا: میں یہ سمجھتا ہوں کہ رضاعی بہن حرام ہوتی ہے۔ تو ایک شخص بولا: امیر المؤمنین نے تو یہ بات بیان کی ہے (اس شخص کی مراد حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ تھے) کہ ایک مرتبہ کی رضاعت کے ذریعے حرمت ثابت نہیں ہوتی تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا فیصلہ تمہارے فیصلے اور امیر المؤمنین کے فیصلے سے بہتر ہے۔

4315- حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَابْنِ الزُّبَيْرِ مِثْلَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

4316- حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْأَزْرَقُ قَالَا حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدٍ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ أَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ فَرَضَ فَرَائِضَ فَلَا تُضَيِّعُوهَا وَحَرَّمَ حُرُمَاتٍ فَلَا تَنْتَهِكُوهَا وَحَدَّ حُدُودًا فَلَا تَعْتَدُوهَا وَسَكَتَ عَنْ أَشْيَاءَ مِنْ غَيْرِ نِسْيَانٍ فَلَا تَبْحَثُوا عَنْهَا . لَفْظُ يَعْقُوبَ .

٤٣١٣- اخرجه عبد الرزاق (٧/٤٦٦) (١٣٩١٣) و من طريقه الدارقطني هنا، و من طريقهما البيهقي في السنن (٧/٤٥٦)- قال ابن التركماني في الجوهر النقي: (قد اضطرب مذهبها في ذلك؛ كما تقدم- وقال ابن جرير: الرواية عنها في ذلك مضطربة: فروي انها كانت لا تحرم الا بعشر وروي بخمس- و المعروف عنها بنقل الثقات انها كانت لا تحرم الا بسبع' مع اختلاف في ذلك عنها)- اه-

٤٣١٤- اخرجه عبد الرزاق في المصنف (٧/٤٦٨) (١٣٩١٩) من طريقه المصنف هنا- و انظر رقم (٤٢٩٧)-

٤٣١٥- اخرجه عبد الرزاق (٧/٤٦٨) (١٣٩٢٠) و من طريقه المصنف هنا- و انظر رقم (٤٢٩٧)-

٤٣١٦- اخرجه الحاكم (٤/١١٥) و من طريقه البيهقي (١٠/١٢-١٣)- و اخرجه ابو نعيم في الحلية (٩/١٧) من طريق داود بن ابي هند عن مكحول عن ابي ثعلبة الخشني' به- و مكحول كثير الارسال و التدليس قال العلائي في (جامع التحصيل) ص (٢٨٥): روي عن ابي ثعلبة الخشني حديث: (ان الله فرض فرائض فلا تضيعوها) وهو معاصر له بالسن و البلد: فيحتمل انيكون ارسل كعادته و هو يدلس ايضا)- اه- و اخرجه الطبراني في الكبير كما في مجمع الزوائد (١/١٧٦) و مسدد كما في المطالب العالية (٣/٧٣) (٢٩٠٩) و قال الحافظ: رجاله ثقات الا انه منقطع- وقال الهيثمي: و رجاله رجال الصحيح- و اخرجه البيهقي في السنن (١٠/١٢) موقوفا-

☆☆ حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اللہ تعالیٰ نے کچھ فرائض مقرر کر دیئے ہیں' تم انہیں ضائع نہ کرو' اس نے کچھ چیزوں کو حرام قرار دے دیا ہے تم ان کا ارتکاب نہ کرو اور اس نے کچھ حدود متعین کر دی ہیں' تم ان کی خلاف ورزی نہ کرو' اس نے بھولے بغیر کچھ چیزوں کے بارے میں کچھ بیان نہیں کیا' تو تم ان کو کریدنے کی کوشش نہ کرو۔

كِتَابُ الْاَحْبَاسِ

کتاب: احباس (یعنی وقف) کے بارے میں روایات

4317- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِشْكَابَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْمُصْطَلِقِ قَالَ لَمْ يَتْرُكْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفْرَاءَ وَلَا بَيْضَاءَ اِلَّا اَرْضًا جَعَلَهَا صَدَقَةً وَّبَغْلَتَهُ الْبَيْضَاءَ.

☆☆ حضرت عمرو بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (وصال کے بعد) کوئی سونا یا چاندی نہیں چھوڑے تھے صرف ایک زمین چھوڑی تھی جسے آپ نے صدقہ قرار دیا تھا' اور ایک سفید خچر کو چھوڑا تھا۔

شرح:

وقف کا لغوی معنی ٹھہر جانا ہے اور اصطلاحِ شریعت میں اس سے مراد یہ ہے کہ آدمی اپنی ملکیت کی کسی چیز کو اپنی ملک سے خارج کر کے اللہ تعالیٰ کے نام اس طرح کر دے کہ خدا کی مخلوق اس سے نفع حاصل کرتی رہے۔

وقف ایک ایسی نیکی ہے جسے مستحب قرار دیا گیا ہے' بہت سی احادیث و روایات میں اس کے فضائل منقول ہیں۔

وقف کرنے کے لئے یہ بات شرط ہے کہ وقف کرنے والا شخص اس چیز میں تصرف کر سکتا ہو یعنی وہ عاقل' بالغ اور آزاد ہو۔ اس لئے نابالغ بچے' کم عقل شخص اور غلام کا کیا ہوا وقف درست نہیں ہوگا۔

وقف صریح لفظ کے ساتھ بھی کیا جا سکتا ہے اور کنایہ کے ساتھ بھی کیا جا سکتا ہے۔

وقف کے درست ہونے کے لئے یہ چیز شرط ہے کہ وہ کوئی ایسی چیز ہو جس کی اصل برقرار رہے اور اس کے فوائد حاصل ہوتے رہیں۔ اس لئے کوئی چیز وقف نہیں کی جا سکتی جو فائدہ حاصل ہونے کے بعد باقی نہ رہے' جیسے کھانا وغیرہ۔

وقف کے درست ہونے کے لئے یہ بات بھی شرط ہے کہ جس چیز کو وقف کیا گیا ہو وہ کوئی متعین چیز ہونی چاہئے۔

ایک شرط یہ ہے کہ وقف نیکی کے کام میں ہو سکتا ہے' اس لئے غیر مسلموں کی عبادت گاہوں وغیرہ کے لئے وقف درست نہیں ہوگا۔

وقف کے لئے ایک شرط یہ ہے کہ وہ مطلق ہو' مشروط یا موقت وقف درست نہیں ہوتا۔

4318- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ

۴۳۱۷- اخرجه البخاري في صحيحه (۲۸۷۳) (۲۹۱۲) و النسائي (۲۲۹/۶) و احمد (۲۷۹/۴) من طريق سفيان عن ابي اسحاق...... فذكره- والحديث اخرجه زهير بن معاوية' و ابو الاحوص' و اسرائيل' و يونس عن ابي اسحاق' و في بعض هذه الطرق التصريح بسماع ابي اسحاق من عمرو بن الحارث: فزال ما يخشى من تدليسه- و ستاتي بعض هذا الطرق رقم في الاحاديث التالية-

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِي اَبُو اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الْحَارِثِ يَقُولُ مَا تَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا سِلَاحَهُ وَبَغْلَتَهُ الْبَيْضَاءَ وَاَرْضًا جَعَلَهَا صَدَقَةً.

☆☆ حضرت عمرو بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ترکے میں صرف اپنے ہتھیار' اپنا سفید خچر اور ایک زمین چھوڑی تھی جسے آپ نے صدقہ قرار دیا تھا۔

4319- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا بِمِصْرَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ قَالَ مَا تَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِينَارًا وَلَا دِرْهَمًا وَلَا عَبْدًا وَلَا اَمَةً اِلَّا بَغْلَتَهُ الشَّهْبَاءَ الَّتِي كَانَ يَرْكَبُهَا وَسِلَاحَهُ وَاَرْضًا جَعَلَهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَالَ قُتَيْبَةُ مَرَّةً اُخْرَى تَرَكَهَا صَدَقَةً.

☆☆ حضرت عمرو بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی دینار یا کوئی درہم یا کوئی غلام یا کوئی کنیز (ترکے میں) نہیں چھوڑے تھے' صرف آپ کا سفید خچر تھا جس پر آپ سوار ہوا کرتے تھے۔ آپ کا اسلحہ تھا اور ایک زمین تھی جسے آپ نے اللہ کے نام پر (صدقے کے طور پر) کر دیا تھا۔

قتیبہ نامی راوی نے ایک مرتبہ یہ الفاظ نقل کیے ہیں: آپ نے اسے صدقہ قرار دیا تھا۔

4320- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُونُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا اَبُو اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ خَتَنِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخِي امْرَاَتِهِ قَالَ مَا تَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ مَوْتِهِ دِرْهَمًا وَلَا دِينَارًا وَلَا عَبْدًا وَلَا اَمَةً وَّلَا شَيْئًا اِلَّا بَغْلَتَهُ الْبَيْضَاءَ وَسِلَاحَهُ وَاَرْضًا تَرَكَهَا صَدَقَةً.

☆☆ حضرت عمرو بن حارث رضی اللہ عنہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے برادر نسبتی اور آپ کی اہلیہ محترمہ کے بھائی ہیں' وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال کے وقت کوئی درہم و دینار' غلام' کنیز یا کوئی بھی چیز ترکے میں نہیں چھوڑی تھی' صرف آپ کا خچر تھا' آپ کے ہتھیار تھے اور ایک زمین تھی جسے آپ نے صدقے کے طور پر چھوڑا تھا۔

4321- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا اَبُو

٤٣١٨- تقدم في الذي قبله- ٤٣١٩- اخرجه النسائي (٦/٢٢٩)؛ و اخرجه البخاري في صحيحه (٤٤٦١)؛ قال: اخبرنا قتيبة بن سعيد، حدثنا ابو الاحوص، به- وانظر رقم (٤٣١٩)-

٤٣٢٠- اخرجه البخاري في صحيحه (٢٧٣٩)، و ابن خزيمة في صحيحه (٢٤٨٩)، و البيهقي في الدلائل (٧/٢٧٣) من طريق زهير بن معاوية عن ابي اسحاق عن عمرو بن الحارث اخي جويرية، به- قال الدكتور بشار عواد في المسند الجامع (١٤/١١١): في رواية ابن خزيمة- المطبوع-: (زهير عن ابي اسحاق: عن عمرو بن الحارث عن جويرية- قالت: و الله ما ترك رسول الله صلى الله عليه وسلم عند موته......) الحديث- ورواية زهير عند البخاري (٤/٣) ليس فيها: (عن جويرية)، و قد ذكر الدارقطني في العلل (٥/الورقة ١٨٨) ان رواية زهير ليس فيها: (عن جويرية)- اه- و انظر الحديث (٤٣١٨)-

٤٣٢١- اخرجه النسائي (٦/٢٢٩)، ؤ من طريقه الدارقطني هنا، و قد اخرجه الترمذي في الشمائل (٣٩٩) من طريق اسرائيل بن ابي اسحاق عن ابي اسحاق، به- و انظر الحديث رقم (٤٣١٨)-

بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الْحَارِثِ يَقُولُ مَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا تَرَكَ اِلَّا بَغْلَتَهُ الْبَيْضَاءَ وَسِلَاحَهُ وَاَرْضًا جَعَلَهَا صَدَقَةً .

☆☆ حضرت عمرو بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو آپ نے ترکے میں صرف اپنا سفید خچر' اپنا اسلحہ اور ایک زمین چھوڑی تھی جسے آپ نے صدقہ قرار دیا تھا۔

4322- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا مُطَرِّفٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ اَوَّلَ صَدَقَةٍ تُصُدِّقَ بِهَا فِي الْاِسْلَامِ صَدَقَةُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَاَنَّ عُمَرَ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَشِرْ كَيْفَ اَصْنَعُ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْبِسْ اَصْلَهَا وَسَبِّلْ ثَمَرَهَا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ اسلام میں کیا جانے والا پہلا صدقہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کیا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی تھی: یارسول اللہ! آپ مجھے مشورہ دیجئے کہ میں اس کے بارے میں کیا طرزِ عمل اختیار کروں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تھا: تم اس زمین کو اپنے پاس رکھو اور اس کے پھل کو اللہ کی راہ میں دے دو۔

4323- حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْاَزْدِيُّ الْمَعْرُوفُ بِابْنِ بِنْتِ كَعْبٍ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ ح.

وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي اَصَبْتُ مَالًا بِخَيْبَرَ لَمْ اُصِبْ مَالًا اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْهُ فَقَالَ لَهُ اِنْ شِئْتَ تَصَدَّقْتَ بِهِ وَاَمْسَكْتَ اَصْلَهُ . قَالَ فَتَصَدَّقَ بِهِ عُمَرُ عَلَى الْقُرْبَى وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ لَا جُنَاحَ عَلَى مَنْ وَلِيَهَا اَنْ يَاْكُلَ اَوْ يُطْعِمَ صَدِيقًا غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ مِنْهُ مَالًا اَوْ مُتَاَثِّلٍ مِنْهُ مَالًا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے خیبر میں ایک زمین ملی ہے' مجھے اس سے زیادہ پسندیدہ زمین کبھی نہیں ملی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ اگر تم چاہو تو اس کے (پھل کو) صدقہ کردو اور اصل زمین اپنے پاس رکھو۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے (پھل کو) اپنے قریبی رشتے داروں' غریبوں اور مسافروں کے لیے صدقہ قرار دیا تھا اور اس کی نگرانی کرنے والے شخص کو بھی کوئی گناہ نہیں ہوگا' اگر وہ خود اس میں سے کھالیتا ہے یا اپنے کسی دوست کو کھلا دیتا ہے' بشرطیکہ وہ مال جمع

۴۳۲۲-اخرجه احمد (۲/ ۱۱٤)' (۲/۱۵٦-۱۵۷)' و ابنماجه (۲۳۹۷)' و ابن خزيمة (۲٤۸۳) من طريق عبد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر' به-وعبد الله بن عمر هو العمري فيه كلام' وقد تقدمت ترجمته' وقد تابعه عليه غير واحد من الحافظ منهم ايوب' و يحيى بن سعيد' و عبيد الله بن عمر' وسياتي تخريجها في مواضعها-وقد اخرجه الدارقطني رقم (٤۳٤٦) من هذه الطريق ايضا-

۴۳۲۳-اخرجه البيهقي (۱۵۹/۷) من طريق الهيثم عني سهل بن حماد بن زيد: نا ايوب' به- و اخرجه احمد في مسنده (۲/۱۲۵) من طريق يونس قال: حدثنا حماد-يعني ابن زيد- حدثنا ايوب' به- و اسناده صحيح' و سياتي عند الدارقطني رقم (٤۳۲٤)- و اما طريق ابن عون: فقد اخرجه عنه جمع كثير يزيد على العشرة' و الروايات مطولة و مختصرة-ولم اقف على رواية حماد بن زيد عن ابن عون عند احمد غير الدارقطني' و قد تابعه عليها غيره' منها: رواية البخاري (۲۷۷۳) من طريق يزيد بن زريع' حدثنا ابن عون' به- و سياتي رقم (٤۳۳۰)-

کرنے والا نہ ہو۔

4324- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَسَدٍ الْهَرَوِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُوْ جَعْفَرٍ الْحَرَّانِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ اَنَّهُ اَصَابَ اَرْضًا بِخَيْبَرَ يُقَالُ لَهَا ثَمْغٌ فَسَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ احْبِسْ اَصْلَهَا وَتَصَدَّقْ بِثَمَرَتِهَا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خیبر میں زمین ملی، جس کا نام ثمغ تھا، انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے بارے میں دریافت کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ زمین تم اپنے پاس رہنے دو اور اس کے پھل کو صدقہ کردو۔

4325- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيْبٍ حَدَّثَنِيْ اِسْمَاعِيْلُ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْمُطَّلِبِ حَدَّثَنِيْ يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اسْتَاْذَنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتَصَدَّقَ بِمَالِهِ بِثَمْغٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقْ بِهِ تَقْسِمُ ثَمَرَهُ وَتَحْبِسُ اَصْلَهُ لَا يُبَاعُ وَلَا يُوْرَثُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے "ثمغ" میں موجود اپنی زمین صدقہ کرنے کے بارے میں اجازت مانگی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اسے صدقہ اس طرح کرو کہ تم اس کا پھل تقسیم کردو اور زمین اپنے پاس رہنے دو، جسے فروخت بھی نہ کیا جاسکے اور وراثت میں منتقل بھی نہ کیا جاسکے۔

4326- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الرَّبِيْعِ بْنِ بِلَالٍ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى وَاَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْهَيْثَمِ اَبُو الرَّبِيْعِ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ الْمُطَّلِبِ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ اسْتَشَارَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتَصَدَّقَ بِمَالِهِ بِثَمْغٍ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقْ بِثَمَرِهِ وَاحْبِسْ اَصْلَهُ لَا يُبَاعُ وَلَا يُوْرَثُ . وَقَالَ اَبُو الرَّبِيْعِ تَصَدَّقْ بِهِ تَقْسِمُ ثَمَرَهُ وَتَحْبِسُ اَصْلَهُ لَا يُبَاعُ وَلَا يُوْرَثُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں مشورہ لیا کہ وہ ثمغ میں موجود اپنی زمین کو صدقہ کردیں، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم اس کے پھل کو صدقہ

۴۳۲۴- تقدم تخریجه في الذي قبله-

۴۳۲۵- اخرجه الطحاوي في شرح معاني الآثار (۹۵/۴)، و البيهقي (۱۶۰/۶) من طريق ابراهيم بن سعد عن عبد العزيز بن المطلب- و اخرجه ابو داود في سننه (۲۸۷۸) عن مسدد: ثنا يحيى عن ابن عون، عن نافع به- و سياتي من هذه الطريق- ايضا- رقم (۴۳۲۶)-

۴۳۲۶- انظر الذي قبله-

کر دو اور زمین اپنے پاس رہنے دو' اس طرح کہ اسے فروخت نہ کیا جا سکے اور اسے وراثت میں بھی نہ دیا جا سکے۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: تم اسے اس طرح صدقہ کرو کہ اس کا پھل تقسیم ہو جائے اور اصل زمین تمہارے پاس رہے کہ اسے فروخت نہ کیا جا سکے اور وراثت میں نہ دیا جا سکے۔

4327- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ الْكِنَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدِ الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اسْتَأْمَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَدَقَتِهِ بِثَمْغٍ وَّقَالَ احْبِسْ اَصْلَهَا وَسَبِّلْ ثَمَرَهَا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثمغ میں موجود زمین صدقہ کرنے کے بارے میں اجازت مانگی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم زمین اپنے پاس رہنے دو اور اس کے پھل کو اللہ کی راہ میں دے دو۔

4328- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَهْرَيَارَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السُّكَّرِيُّ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْمَعْمَرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُصَفَّى قَالاَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سَالِمٍ الْمَكِّيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَرْضِيْ مِنْ ثَمْغٍ فَقَالَ حَبِّسْ اَصْلَهَا وَسَبِّلْ ثَمَرَهَا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ میں نے ثمغ میں موجود اپنی زمین کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ زمین اپنے پاس رہنے دو اور اس کے پھل کو صدقہ کر دو۔

4329- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوْحٍ الْجُنْدَيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ هِلَالٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ نَذَرْتُ اَنْ اَتَصَدَّقَ بِمَالِيْ قَالَ حَبِّسْ اَصْلَهَا وَسَبِّلْ ثَمَرَهَا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے یہ نذر مانی ہے کہ میں اپنے مال کو صدقہ کر دوں گا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم زمین کو اپنے پاس رہنے دو اور اس کے پھل کو صدقہ کر دو۔

۴۳۲۷- اخرجه النسائي (٦/٢٣٢)' و ابن ماجه (٢٣٩٧)' و ابن خزيمة (٢٤٨٦)' و ابن حبان (٤٨٩٩) من طريق عبيد الله بن عمر العمري عن نافع عن ابن عمر' و عبيد الله المصغر ثقة' و سياتي الحديث من طريقه في مواضع كثيرة عند المصنف- انظر رقم (٤٣٢٨)' (٤٣٢٩)' (٤٣٤٥)' (٤٣٤٨)' (٤٣٤٩)' (٤٣٥٠)' (٤٣٥١)' (٤٣٥٢)' (٤٣٥٣)' (٤٣٥٤)' (٤٣٥٥)-

۴۳۲۸- اخرجه ابن خزيمة (٢٤٨٦): حدثنا محمد بن يحيى ...... فذكره- و انظر رقم (٤٣٢٧)-

۴۳۲۹- تقدم رقم (٤٣٢٧)-

بَاب كَيْفَ يُكْتَبُ الْحَبْسُ

باب: وقف نامہ کیسے تحریر کیا جائے؟

4330- حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَصَابَ عُمَرُ اَرْضًا بِخَيْبَرَ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَصَبْتُ اَرْضًا لَمْ اُصِبْ مَالاً قَطُّ هُوَ اَنْفَسُ عِنْدِيْ مِنْهُ فَكَيْفَ تَاْمُرُ فِيْهِ قَالَ اِنْ شِئْتَ حَبَسْتَ اَصْلَهَا وَتَصَدَّقْتَ بِهَا . قَالَ فَتَصَدَّقَ بِهَا عُمَرُ اَنَّهُ لَا يُبَاعُ وَلَا يُوهَبُ وَلَا يُوْرَثُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْقُرْبٰى وَالرِّقَابِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالضَّيْفِ وَابْنِ السَّبِيْلِ لَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهَا اَنْ يَّاْكُلَ مِنْهَا بِالْمَعْرُوْفِ اَوْ يُطْعِمَ صَدِيْقًا غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ فِيْهِ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خیبر میں ایک زمین ملی' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ مجھے ایسی زمین ملی ہے کہ اس سے پہلے مجھے اس سے زیادہ بہترین زمین نہیں ملی تو آپ اس بارے میں مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر تم چاہو تو وہ زمین اپنے پاس رہنے دو اور اس کے پھل کو صدقہ کر دو۔ راوی کہتے ہیں: تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کے پھل کو صدقہ کر دیا' اس طرح کہ اس زمین کو فروخت نہیں کی جا سکتا' ہبہ نہیں کی جا سکتا' وراثت میں تقسیم نہیں کی جا سکتا' (اس کا پھل) غریبوں' رشتے داروں' غلاموں' اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والوں اور مسافروں کو ملے گا۔ جو شخص اس کا نگران ہوگا اسے کوئی گناہ نہیں ہوگا' اگر وہ مناسب طور پر اس میں سے کھالیتا ہے' یا اپنے کسی دوست کو کھلا دیتا ہے' لیکن شرط یہ ہے کہ وہ مال جمع کرنے والا نہ ہو۔

4331- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ رُمَيْسٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ ح وَاَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَصَابَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَرْضًا بِخَيْبَرَ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَصَبْتُ مَالاً قَطُّ هُوَ اَنْفَسُ عِنْدِيْ مِنْهُ فَمَا تَاْمُرُنِيْ قَالَ اِنْ شِئْتَ جَعَلْتَهَا لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ حَبَسْتَ اَصْلَهَا وَتَصَدَّقْتَ بِهَا . فَجَعَلَهَا عُمَرُ صَدَقَةً عَلَى الْفُقَرَاءِ وَفِي الْقُرْبٰى وَفِي الرِّقَابِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَالضَّيْفِ لَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهَا اَنْ يَّاْكُلَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيُطْعِمَ صَدِيْقًا غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ فِيْهِ.

۴۳۳۰- اخرجه البخاري (۲۷۷۳)' و ابو داود (۲۸۷۸)' و النسائي (۶/ ۲۳۰)' و ابن خزيمة (۲۴۸۵)' و البيهقي في سننه (۶/ ۱۵۹) من طريق يزيد بن زريع عن ابن عون' به- و انظر ايضا رقم رقم (۴۳۳۱)-

۴۳۳۱- تفرد به الدارقطني من طريق ابي اسامة عن ابن عون- و انظر رقم (۴۳۳۲)' و (۴۳۳۰)-

قَالَ اَبُوْ اُسَامَةَ قَالَ بَعْضُ اَصْحَابِنَا عَنِ ابْنِ عَوْنٍ ذَكَرْتُ حَدِيْثَ نَافِعٍ لِمُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ فَقَالَ غَيْرَ مُتَاَثِّلٍ مَالاً ۔قَالَ وَحَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ رَجُلٌ اَنَّهُ قَرَاَ تِلْكَ الرُّقْعَةَ فَكَانَ فِيْهَا غَيْرَ مُتَاَثِّلٍ مَالاً ۔هٰذَا حَدِيْثُ اَبِيْ اُسَامَةَ ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خیبر میں زمین ملی، وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ایسا کوئی مال نہیں ملا جو میرے نزدیک اس سے زیادہ بہتر ہو تو آپ مجھے کیا ہدایت کرتے ہیں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر تم چاہو تو اسے اللہ کے نام پر وقف کر دو کہ اصل زمین تمہارے پاس رہے گی اور تم اس کے پھل کو صدقہ کر دو۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے غریبوں، قریبی رشتے داروں، غلاموں، مسافروں اور مہمانوں کے لیے صدقہ کر دیا اور اس کے نگران پر کوئی گناہ نہیں ہوگا اگر وہ مناسب طریقے سے خود اس میں سے کھالیتا ہے یا اپنے کسی دوست کو کھلا دیتا ہے، جبکہ وہ مال جمع کرنے والا نہ ہو۔

اس روایت کے ایک لفظ کے بارے میں راویوں نے اختلاف کیا ہے۔

4332- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الصَّوَّافِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ اَبُوْ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ اَخْضَرَ وَيَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالاَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهُ وَقَالَ فَتَصَدَّقَ بِهَا عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ لَا يُبَاعُ اَصْلُهَا وَلَا يُوْهَبُ وَلَا يُوْرَثُ ۔وَفِيْ اٰخِرِهٖ قَالَ ابْنُ عَوْنٍ فَذَكَرْتُ هٰذَا لِمُحَمَّدٍ فَقَالَ غَيْرَ مُتَاَثِّلٍ مَالاً ۔

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے، تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے اس طرح صدقہ کیا کہ اصل زمین کو فروخت نہیں کی جا سکے گا، اسے ہبہ نہیں کیا جا سکے گا، وہ وراثت میں تقسیم نہیں ہوگی۔

اس کے بعد راوی نے آخر میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

''وہ شخص مال جمع کرنے والا نہ ہو''۔

4333- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ زَاجٌ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَصَابَ اَرْضًا بِخَيْبَرَ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَاْمِرُهُ فِيْهَا فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَصَبْتُ اَرْضًا بِخَيْبَرَ مَا اَصَبْتُ مَالاً قَطُّ اَنْفَسَ عِنْدِيْ مِنْهُ فَمَا تَاْمُرُنِيْ بِهَا قَالَ اِنْ شِئْتَ حَبَسْتَ اَصْلَهَا وَتَصَدَّقْتَ بِهَا ۔ قَالَ فَتَصَدَّقَ بِهَا اَنَّهَا لَا يُبَاعُ اَصْلُهَا وَلَا يُوْهَبُ وَلَا يُوْرَثُ فَتَصَدَّقَ بِهَا فِي الْفُقَرَاءِ وَالْقُرْبٰى وَفِي الرِّقَابِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ

۴۳۳۲-اخرجه مسلم (۱۵/۱۶۳۲)، و البيهقي في سننه (۱۵۹/۶) من طريق يحيى بن يحيى، انبا سليم بن اخضر عن ابن عون، به- وقد تقدم طريق يزيد بن زريع رقم (۴۳۳۰)-

۴۳۳۳-النضر بن شميل ثقة ثبت- انظر ترجمته في (التقريب)، و قد تابعه غير واحد عن ابن عون- انظر رقم (۴۳۳۲)-

وَالضَّيْفِ لَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهَا اَنْ يَّاْكُلَ بِالْمَعْرُوْفِ اَوْ يُطْعِمَ صَدِيقًا غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ فِيهَا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو خیبر میں ایک زمین ملی' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تاکہ اس کے بارے میں آپ سے مشورہ کریں تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے خیبر میں زمین ملی ہے' میرے نزدیک مجھے اس سے زیادہ بہترین زمین کبھی نہیں ملی' آپ اس کے بارے میں مجھے کیا حکم کرتے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم چاہو تو زمین کو اپنے پاس رہنے دو اور اس کے پھل کو صدقہ کردو۔

راوی کہتے ہیں: تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے اس طرح صدقہ کیا کہ اصل زمین کو نہ فروخت کیا جاسکتا ہے' نہ ہبہ کیا جاسکتا ہے' نہ وراثت میں تقسیم کیا جاسکتا ہے اور اس کا پھل غریبوں' قریبی رشتے داروں' غلاموں' مجاہدین' مسافروں اور مہمانوں کے لیے صدقہ تھا۔ اور جو شخص اس کا نگران تھا اس کو کوئی گناہ نہ ہوتا اگر وہ خود اس میں سے مناسب طریقے سے کھالیتا یا اپنے کسی دوست کو کھلا دیتا جبکہ وہ مال جمع کرنے والا نہ ہو۔

4334- قُرِءَ عَلٰى مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ اَبِى الشَّوَارِبِ قِيلَ لَهُ سَمِعْتَ الْعَبَّاسَ بْنَ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ وَّالْاَنْصَارِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ صَالِحٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ هَارُوْنَ الْاَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَسْعُوْدٍ اَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَصَبْتُ اَرْضًا بِخَيْبَرَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ اَصَبْتُ اَرْضًا مَا اَصَبْتُ مَالًا قَطُّ هُوَ اَنْفَسُ عِنْدِىْ مِنْهُ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ شِئْتَ تَصَدَّقْتَ بِهَا وَحَبَسْتَ اَصْلَهَا . قَالَ فَجَعَلَهَا عُمَرُ لَا تُبَاعُ وَلَا تُوهَبُ وَلَا تُورَثُ وَتَصَدَّقَ بِهَا عَلَى الْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَالْغُزَاةِ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَفِى الرِّقَابِ وَالضَّيْفِ لَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهَا اَنْ يَّاْكُلَ مِنْهَا وَيُطْعِمَ صَدِيقًا غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ فِيْهِ مَالًا وَّاَوْصٰى بِهَا اِلٰى حَفْصَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا ثُمَّ اِلَى الْاَكَابِرِ مِنْ اٰلِ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ هٰذَا لَفْظُ اَبِىْ مَسْعُوْدٍ . قَالَ اَبُوْ مَسْعُوْدٍ قَالُوْا هٰذَا اَجْوَدُ حَدِيْثٍ رَوَاهُ ابْنُ عَوْنٍ . زَادَا مَعًا وَاَوْصٰى بِهَا اِلٰى حَفْصَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ ثُمَّ اِلَى الْاَكَابِرِ مِنْ اٰلِ عُمَرَ.

قَالَ ابْنُ عَوْنٍ فَحَدَّثْتُ بِهِ ابْنَ سِيْرِيْنَ فَقَالَ غَيْرَ مُتَاَثِّلٍ مَالًا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے کہ مجھے خیبر میں ایک زمین ملی تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ایسی زمین ملی ہے کہ میرے نزدیک اس سے بہترین زمین مجھے کبھی نہیں ملی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر تم چاہو تو اس کو صدقہ کردو اور اصل زمین اپنے پاس رہنے دو۔ راوی کہتے ہیں: تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو اس طرح کردیا کہ اسے فروخت نہیں کیا جاسکتا تھا' ہبہ نہیں کیا جاسکتا تھا' وراثت میں

۴۳۳۴- اخرجه ابن خزيمة في صحيحه (۲۴۸۴) من طريق يزيد بن هارون' و معاذ بن معاذ' كلاهما عن ابن عون' به- و انظر رقم (۴۳۳۲)-

تقسیم نہیں کیا جا سکتا تھا اور اس کا پھل غریبوں' مسکینوں' مسافروں' مجاہدین' غلاموں اور مہمانوں کے لیے صدقہ تھا۔ جو شخص اس کا نگران تھے اسے کوئی گناہ نہ ہوتا' اگر وہ خود اس میں سے کچھ کھالیتا یا اپنے کسی دوست کو کھلا دیتا' جبکہ وہ مال جمع کرنے والا نہ ہوتا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ وصیت سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو کی تھی اور پھر اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اولاد سے تعلق رکھنے والے بڑی عمر کے افراد کو کی تھی۔

روایت کے یہ الفاظ ابومسعود نامی راوی کے ہیں' تاہم دیگر راویوں نے اسے نقل کرنے میں کچھ لفظی اختلاف کیا ہے۔

4335- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ اَخْبَرَنَا بِشْرٌ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ .قَالَ وَاَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ بِهٰذَا نَحْوَهُ وَقَالَ لَا يُبَاعُ اَصْلُهَا وَلَا يُوْهَبُ وَلَا يُوْرَثُ .نَحْوَ حَدِيْثِ النَّضْرِ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

اصل زمین کو فروخت نہیں کیا جا سکے گا' ہبہ نہیں کیا جا سکے گا' یہ وراثت میں تقسیم نہیں ہوگی۔

4336- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اَزْهَرُ بْنُ سَعْدٍ السَّمَّانُ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ بِهٰذَا وَقَالَ فَحَبَسَ اَصْلَهَا لَا تُبَاعُ وَلَا تُوْهَبُ وَلَا تُوْرَثُ فَتَصَدَّقَ بِهَا عَلَى الْفُقَرَاءِ وَالْقُرْبٰى وَالرِّقَابِ وَفِى الْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَالضَّيْفِ .وَرَوَاهُ دَاوُدُ بْنُ اَبِىْ هِنْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

تو انہوں نے اصل زمین کو اپنے پاس رہنے دیا' اس طرح کہ اسے فروخت نہ کیا جائے' اسے ہبہ نہ کیا جائے' اسے وراثت میں تقسیم نہ کیا جائے اور اس کے پھل کو غریبوں' قریبی رشتے داروں' غلاموں کے لیے' مسکینوں کے لیے' مسافروں کے لیے اور مہمانوں کے لیے صدقہ کر دیا۔

4337- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ بَكَّارٍ الْكَلَاعِيُّ بِحِمْصَ حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ رَوْحٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِىْ هِنْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَمَّا اَتٰى عُمَرُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّىْ اَصَبْتُ اَرْضًا بِخَيْبَرَ مَا اَصَبْتُ مَالًا قَطُّ هُوَ اَنْفَسُ عِنْدِىْ مِنْهُ فَمَا تَاْمُرُ قَالَ اِنْ شِئْتَ حَبَسْتَ اَصْلَهَا وَتَصَدَّقْتَ بِهَا .قَالَ فَحَبَسَ

۴۳۳۵-اخرجه النسائي (۶/۲۳۰) ' و من طريق الدارقطني هنا- و اخرجه ابو داود (۲۸۷۸) ' و ابن خزيمة (۲۴۸۴) ' و ابن حبان (۴۹۰۱) من طريق بشر بن المفضل' به-

۴۳۳۶-اخرجه مسلم (۱۵/۱۶۳۲) قال: حدثنا اسحاق بن ابراهيم' اخبرنا ازهر السمان عن ابن عون ' به-وقد اخرجه مسلم (۱۵/۱۶۳۲) ' و ابن خزيمة (۲۴۸۳) من طريق ابن ابي عدي عن ابن عون- و اخرجه البخاري (۲۷۳۷) من طريق محمد بن عبد الله الانصاري عن ابن عون' به- و انظر رقم (۴۳۳۳)-

۴۳۳۷-داود بن ابي هند ثقة متقن' و قد تابعه عليه غير واحد؛ فقد تقدم تخريجه من طريق عن ابن عون- و انظر رقم (۴۳۳۳)-

عُمَرُ اَصْلَهَا وَتَصَدَّقَ بِهَا لَا يُبَاعُ وَلَا يُوهَبُ وَلَا يُورَثُ فِي الْفُقَرَاءِ وَالْقُرْبَى وَالرِّقَابِ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيلِ وَالضَّيْفِ لَا جُنَاحَ عَلَى مَنْ وَلِيَهَا اَنْ يَّاْكُلَ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَنْ يُّطْعِمَ صَدِيقًا غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ فِيهِ .

وَرَوَاهُ الثَّوْرِيُّ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' انہوں نے عرض کی: مجھے خیبر میں زمین ملی ہے' میرے نزدیک مجھے اس سے زیادہ بہترین زمین کبھی نہیں ملی' آپ مجھے اس بارے میں کیا حکم دیتے ہیں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم چاہو تو اصل زمین کو اپنے پاس رہنے دو اور اس کے پھل کو صدقہ کر دو۔

راوی کہتے ہیں: تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اصل زمین کو اپنے پاس رکھا اور اس کے پھل کو صدقہ کر دیا' اس طرح کہ اس زمین کو فروخت نہیں کیا جا سکے گا' ہبہ نہیں کیا جا سکے گا' وراثت میں تقسیم نہیں کیا جا سکے گا اور اس کا پھل غریبوں' قریبی رشتے داروں' غلاموں' مجاہدین' مسافروں' مہمانوں کے لیے ہوگا اور جو شخص اس کا نگران ہوگا' اس پر کوئی گناہ نہیں ہوگا' اگر وہ مناسب طریقے سے خود اس میں سے کچھ کھا لیتا ہے یا اپنے کسی دوست کو کھلا دیتا ہے' جبکہ وہ مال جمع کرنے والا نہ ہو۔

4338- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ سَعْدَانَ بِوَاسِطٍ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوبَ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُو صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو مَسْعُودٍ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ اَصَبْتُ اَرْضًا مِّنْ اَرْضِ خَيْبَرَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَصَبْتُ اَرْضًا لَمْ اُصِبْ مَالاً اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْهُ وَلَا اَنْفَسَ عِنْدِي مِنْهُ قَالَ اِنْ شِئْتَ تَصَدَّقْتَ بِهَا وَاَمْسَكْتَ اَصْلَهَا ۔ قَالَ فَتَصَدَّقَ بِهَا عُمَرُ عَلَى اَنْ لَّا يُبَاعَ وَلَا يُوهَبَ فِي الْفُقَرَاءِ وَالْقُرْبَى وَالضَّيْفِ وَالرِّقَابِ وَابْنِ السَّبِيلِ لَا جُنَاحَ عَلَى مَنْ وَلِيَهَا اَنْ يَّاْكُلَ بِالْمَعْرُوْفِ غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ مَالاً.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے کہ مجھے خیبر میں زمین ملی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ایسی زمین ملی ہے کہ میرے نزدیک اس سے زیادہ پسندیدہ زمین مجھے کبھی نہیں ملی اور اس سے زیادہ نفیس زمین کوئی نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر تم چاہو تو اسے اس طرح صدقہ کرو کہ اصل زمین تمہارے پاس رہے۔

راوی کہتے ہیں: تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس زمین کو اس طرح صدقہ کیا کہ اسے فروخت نہیں کی جا سکے گا' ہبہ بھی

۴۳۳۸- اخرجه مسلم في صحيحه (۱۶۳۳)' و النسائي (۲۳۰/۶) قال مسلم: حدثنا و قال النسائي: اخبرنا اسحاق بن ابراهيم' حدثنا ابو داود الحفري: عمر بن سعد بن سعد- عن سفيان' به-و اخرجه النسائي (۲۳۰/۶) من طريق ابي اسحاق الفزاري عن ابن عون' به- و سياتي بعد هذا من طريق محمد بن يوسف الفريابي عن سفيان'به- و فيه : (عن ابن عمر عن عمر): فهو من مسند عمر بن الخطاب' و قد تقدم روايته من طرق عن نافع عن ابن عمر بالقصة' فيحتمل ان يكون ابن عمر سمع القصة من ابيه ويحتمل ان يكون قد حضرها ثم سمعها من ابيه فكان يرويها هكذا و هكذا- و يحتمل ان يكون سمعها و لم يحضرها: فكان يرويها عن عمر مرة و يرسلها مرة اخرى' و هذا لا يطعن في الحديث: فان مراسيل الصحابة مقبولة-

نہیں کیا جاسکے گا' اس کا پھل غریبوں' قریبی رشتے داروں' غلاموں' مہمانوں' مسافروں کے لیے ہوگا جو شخص اس کا نگران ہوگا اس پر کچھ گناہ نہیں ہوگا' اگر وہ مناسب طریقے سے خود بھی اس میں سے کھالیتا ہے' جبکہ وہ مال جمع کرنے والا نہ ہو۔

4339- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْفِرْيَابِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَصَبْتُ اَرْضًا مِّنْ خَيْبَرَ مَا اَصَبْتُ مَالاً قَطُّ اَنْفَسَ عِنْدِيْ مِنْهُ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْتَاْمِرُهُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اَصَبْتُ اَرْضًا مِّنْ خَيْبَرَ مَا اَصَبْتُ مَالاً اَنْفَسَ عِنْدِيْ مِنْهُ .قَالَ اِنْ شِئْتَ حَبَسْتَ اَصْلَهَا وَتَصَدَّقْتَ بِهَا .فَتَصَدَّقَ بِهَا عُمَرُ عَلٰى اَنْ لَّا تُبَاعَ وَلَا تُوْهَبَ وَلَا تُوْرَثَ فَتَصَدَّقَ بِهَا فِي الْفُقَرَاءِ وَفِي الْاَقْرَبِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَفِي الرِّقَابِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَفِي الضَّيْفِ لَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهَا اَنْ يَّاْكُلَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيُعْطِيَ بِالْمَعْرُوْفِ صَدِيْقًا غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ .

قَالَ ابْنُ عَوْنٍ فَذَكَرْتُهُ لِابْنِ سِيْرِيْنَ فَقَالَ غَيْرَ مُتَاَثِّلٍ مَالاً .تَابَعَهُ اَبُوْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: مجھے خیبر میں ایک زمین ملی جو میرے نزدیک سب سے بہترین تھی' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تاکہ اس کے بارے میں آپ کی مرضی معلوم کروں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے خیبر میں زمین ملی ہے جو میرے نزدیک سب سے بہتر ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم چاہو تو اصل زمین کو اپنے پاس رہنے دو اور اس کے پھل کو صدقہ کر دو' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے اس طرح صدقہ کیا کہ اسے فروخت نہیں کی جاسکتا تھا' اسے ہبہ نہیں کیا جاسکتا تھا' اسے وراثت میں تقسیم نہیں کیا جائے گا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے پھل کو غریبوں' قریبی رشتے داروں' مجاہدین' غلاموں' مسافروں اور مہمانوں کے لیے صدقہ کیا اور جو شخص اس کا نگران ہو' تو اسے کوئی گناہ نہیں ہوگا' اگر وہ مناسب طریقے سے اس میں سے کچھ کھالیتا ہے یا مناسب طریقے سے اپنے کسی دوست کو کچھ دے دیتا ہے' جبکہ وہ مال جمع کرنے والا نہ ہو۔

یہاں روایت کے ایک لفظ کے بارے میں راویوں نے اختلاف کیا ہے۔

4340- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيُّ اَخْبَرَنِيْ هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِيِّ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند روایت منقول ہے۔

4341- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيٰى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ حَدَّثَنَا

۴۳۳۹- تقدم تخریجه في الذي قبله-

۴۳۴۰- انظر الحدیث (۴۳۳۸)-

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ (لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ) اَوْ (مَنْ ذَا الَّذِىْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا) قَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَائِطِىْ فِىْ مَكَانِ كَذَا وَكَذَا صَدَقَةٌ لِّلّٰهِ تَعَالٰى وَلَوِ اسْتَطَعْتُ اَنْ اُسِرَّهُ لَمْ اُعْلِنْهُ قَالَ اجْعَلْهُ فِىْ فُقَرَاءِ اَهْلِ بَيْتِكَ وَاَقَارِبِكَ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی:

''تم لوگ اس وقت تک نیکی تک نہیں پہنچ سکتے جب تک اس چیز کو خرچ نہیں کرتے جو تمہیں پسند ہے''۔

(راوی کو شک ہے کہ شاید اس آیت کا تذکرہ ہے:)

''کون شخص ہے جو اللہ تعالیٰ کو قرضِ حسنہ دے''۔

تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! فلاں جگہ میں میرا ایک باغ ہے' وہ اللہ تعالیٰ کے لیے صدقہ ہے۔ اگر میں اسے پوشیدہ طور پر دے سکتا ہوتا تو اس کا اعلان نہ کرتا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اسے اپنے خاندان اور قریبی رشتے داروں میں سے غریب لوگوں کو دے دو۔

4342- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ اَبُوْ يَحْيٰى صَاعِقَةُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ ثُمَامَةَ عَنْ اَنَسٍ مِثْلَهُ وَزَادَ فِيْهِ قَالَ فَجَعَلَهَا لِاُبَيٍّ- يَعْنِىْ ابْنَ كَعْبٍ- وَحَسَّانَ- يَعْنِىْ ابْنَ ثَابِتٍ- وَكَانَا اَقْرَبَ اِلَيْهِ مِنِّىْ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ زائد ہیں:

تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے وہ حضرت ابی بن کعب' حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہما کے نام کر دیا کیونکہ یہ دونوں حضرات میرے مقابلے میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے زیادہ قریبی عزیز تھے۔

4343- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيٰى حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ نَحْوَ حَدِيْثِ ثُمَامَةَ وَحُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ .اَخْرَجَهُ الْبُخَارِيُّ قَالَ قَالَ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ ثُمَامَةَ عَنْ اَنَسٍ.

☆☆ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

٤٣٤١-اخرجه البخاري الترمذي (٢٩٩٧)' و ابن خزيمة (٢٤٥٨)' (٢٤٥٩)' و احمد ٣٠/ ١١٥' ١٧٤' ٢٦٢)' و الطحاوي في شرح المعاني (٢/ ٣٨٩) و ابو يعلى (٣٧٢٢)' و الطبري في تفسيره (٦/ ٥٨٩) من طرق عن حميد' به-وقال الترمذي : هذا حديث حسن صحيح - الا-و سياتي من طريق ثمامة عن انس (٤٣٤٢)' و من طريق ثابت عن انس رقم (٤٣٤٣)-

٤٣٤٢-اخرجه البخاري (٤٥٥٥): حدثنا محمد بن عبد الله الانصاري' به- و اخرجه مالك في الموطا (٢/ ٩٩٥)' و من طريقه البخاري (١٤٦١)' (٢٣١٨)' (٢٧٥٢)' (٢٧٦٩)' (٤٥٥٤)' (٥٦١١)' و مسلم (٤٢/ ٩٩٨)' و احمد (٣/ ١٤١)' و الدارمي (١/ ٣٩٠)' و البيهقي (٦/ ١٦٤)' و الطحاوي (٢/ ٢٨٩)' و البغوي في (شرح السنة) (١٦٨٣)' و ابو نعيم في الحلية (٦/ ٣٣٨) عن اسحاق بن ابي طلحة عن انس' به- و سياتي في الذي بعده من حديث ثابت عن انس-

٤٣٤٣-اخرجه احمد (٣/ ٢٨٥)' و مسلم (٩٩٨/ ٤٣)' و ابو داود (١٦٨٩)' و النسائي (٦/ ٢٣١)' و الطبري في التفسير (٧٣٩٥- شاكر)' و ابن خزيمة (٢٤٦٠)' و البيهقي (٦/ ١٦٥) من طريق ثابت عن انس' به-

4344- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجَوَيْهِ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ (لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ) قَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ رَبَّنَا يَسْاَلُنَا مِنْ اَمْوَالِنَا وَاِنِّیْ اُشْهِدُكَ اَنِّیْ جَعَلْتُ اَرْضِیْ بَيْرُحَاءَ لِلّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْعَلْهَا فِیْ قَرَابَتِكَ . فَقَسَمَهَا بَيْنَ حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ وَّاُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی:

''تم اس وقت تک نیکی تک نہیں پہنچ سکتے جب تک اس چیز کو خرچ نہیں کرتے جو تمہیں پسند ہے''۔

تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے پروردگار نے ہم سے ہمارے مال مانگے ہیں' میں آپ کو گواہ بنا کر یہ بات کہہ رہا ہوں کہ ''بیرحاء'' میں موجود اپنی زمین کو میں اللہ کے نام کرتا ہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اسے اپنے قریبی رشتے داروں کو دے دو' تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے وہ زمین حضرت حسان بن ثابت اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہما میں تقسیم کر دی۔

4345- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ وَّجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْوَاسِطِیُّ قَالَا حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ الْعَسْقَلَانِیُّ بِعَسْقَلَانَ حَدَّثَنَا رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ عَنْ صَدَقَةَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا مِنْ مَّالِیْ شَیْءٌ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنَ الْمِائَةِ الْوَسْقِ الَّتِیْ اَطْعَمْتَنِيْهَا مِنْ خَيْبَرَ . فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاحْبِسْ اَصْلَهَا وَاجْعَلْ ثَمَرَهَا صَدَقَةً . قَالَ فَكَتَبَ عُمَرُ هٰذَا كِتَابٌ مِنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فِیْ ثَمْغٍ وَّالْمِائَةِ وَسْقٍ الَّتِیْ اَطْعَمَنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَرْضِ خَيْبَرَ اِنِّیْ حَبَسْتُ اَصْلَهَا وَجَعَلْتُ ثَمَرَهَا صَدَقَةً لِذِی الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَلِلْمُقِيْمِ عَلَيْهَا اَنْ يَّاْكُلَ اَوْ يُوْكِلَ صَدِيْقًا لَا جُنَاحَ لَا يُبَاعُ وَلَا يُوْهَبُ وَلَا يُوْرَثُ حَبِيْسٌ مَا دَامَتِ السَّمٰوَاتُ وَالْاَرْضُ جَعَلَ ذٰلِكَ اِلٰى ابْنَتِهٖ حَفْصَةَ فَاِذَا مَاتَتْ فَاِلٰى ذِی الرَّاْیِ مِنْ اَهْلِهَا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے نزدیک سب سے بہترین مال وہ زمین ہے جس کی پیداوار ایک سو وسق ہے' جو آپ نے مجھے خیبر میں عطاء کی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم اصل زمین کو اپنے پاس رکھو اور اس کے پھل کو صدقہ کر دو۔

راوی کہتے ہیں: تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ تحریر لکھوائی:

یہ ''عمر بن خطاب'' کی طرف سے ہے جو ''ثمغ'' کی زمین کے بارے میں ہے اور ان ایک سو وسق کے بارے میں ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے عطاء کیے تھے جو خیبر میں ہیں۔ میں اس کی اصل کو اپنے پاس رکھوں گا اور اس کے پھل کو صدقہ

٤٣٤٤-تقدم تخريجه في الذي قبله-

٤٣٤٥-تقدم برقم (٤٣٣٧)-

کردوں گا' جو قریبی رشتے داروں' یتیموں' مسکینوں' مسافروں اور اس کی نگرانی کرنے والے کو ملے گا تو نگرانی کرنے والا خود بھی اس میں سے کھا سکتا ہے اور اپنے کسی دوست کو بھی کھلا سکتا ہے' اس پر کوئی گناہ نہیں ہوگا۔ البتہ اس زمین کو فروخت نہیں کیا جا سکے گا' ہبہ نہیں کی جا سکے گا' وراثت میں تقسیم نہیں ہوگی' جب تک آسمان اور زمین قائم ہیں''۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی صاحبزادی سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو یہ وصیت کی تھی' پھر اگر ان کا انتقال ہو جاتا تو حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے خاندان میں سے کسی اور صاحب رائے شخص کی طرف یہ وصیت منتقل ہو جاتی۔

4346- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِى مَرْيَمَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهُ اَرَادَ اَنْ يَتَصَدَّقَ بِمَالِهِ الَّذِى بِثَمْغٍ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ حَبِّسْ اَصْلَهَا وَسَبِّلْ ثَمَرَهَا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اپنی زمین صدقہ کرنے کا ارادہ کیا جو ثمغ میں موجود تھی' اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''تم اصل زمین اپنے پاس رہنے دو اور اس کے پھل کو اللہ کی راہ میں دے دو''۔

4347- قُرِءَ عَلٰى اَبِى مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ صَاعِدٍ قِيلَ لَهُ وَفِى كِتَابِكَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ بِشْرٍ الْاَزْدِيِّ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُفْيَانَ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا صَخْرُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّى اسْتَفَدْتُ مَالاً وَّهُوَ نَفِيسٌ فَاَرَدْتُ اَنْ اَتَصَدَّقَ بِهِ قَالَ تَصَدَّقْ بِاَصْلِهَا لَا يُبَاعُ وَلَا يُوهَبُ وَلَا يُورَثُ وَلٰكِنْ يُنْفَقُ ثَمَرَتُهُ . قَالَ فَتَصَدَّقَ بِهِ فَصَدَقَتُهُ كُتِبَتْ عَلٰى ذٰلِكَ فِى سَبِيلِ اللّٰهِ وَالضَّيْفِ وَابْنِ السَّبِيلِ وَالْمَسَاكِينِ وَذِى الْقُرْبٰى لَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهُ اَنْ يَاْكُلَ بِالْمَعْرُوفِ وَيُوْكِلَ صَدِيقَهُ غَيْرَ مَاْثُومٍ فِيهِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ایک زمین ملی ہے جو بہترین ہے' میں یہ چاہتا ہوں کہ اسے صدقہ کردوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اس کو اس طرح صدقہ کرو کہ اصل زمین کو فروخت نہ کیا جا سکے' ہبہ نہ کیا جا سکے' وراثت میں تقسیم نہ کیا جا سکے اور اس کے پھل کو (اللہ کی راہ میں) خرچ کردیا جائے۔

راوی کہتے ہیں: تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے اسی طرح صدقہ کیا اور انہوں نے اس کے صدقہ کرنے کی تحریر میں یہ بات لکھوائی کہ یہ اللہ کی راہ میں (یعنی مجاہدین کو) مہمانوں کو' مسافروں کو' غریبوں کو اور قریبی رشتے داروں کو دیا جا سکے گا۔ جو شخص اس زمین کا نگران ہوگا' اگر وہ مناسب طریقے سے اس میں سے کھالیتا ہے یا اپنے کسی دوست کو کھلا دیتا ہے' تو اس پر کوئی حرج اور کوئی گناہ نہیں ہوگا۔

۴۳۴۶- تقدم رقم (۴۳۲۲)-

۴۳۴۷- اخرجه البخاري (۲۷٦٤)' و من طريقه البيهقي في السنن (٦/۱۵۹) من طريق ابي سعيد مولى بني هاشم: ثنا صخر بن جويرية...... فذكره- و ابو سعيد مولى بني هاشم: هو عبد الرحمن بن عبد الله' لقبه: جردقة' و هو و ان كان صدوقا من رجال البخاري الا انه ربما اخطا- و انظر الحديث رقم (۴۳۲۰)-

بَاب فِی حَبْسِ الْمَشَاعِ

باب: زمین کو اپنے پاس رکھنا (اور پیداوار کو وقف کر دینا)

4348- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمِائَةَ السَّهْمَ الَّتِيْ لِيْ بِخَيْبَرَ لَمْ اُصِبْ مَالًا قَطُّ هُوَ اَعْجَبُ اِلَيَّ مِنْهَا وَقَدْ اَرَدْتُ اَنْ اَتَصَدَّقَ بِهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَبِّسْ اَصْلَهَا وَسَبِّلْ ثَمَرَهَا.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: مجھے خیبر میں سو حصے ملے تھے مجھے اس سے زیادہ پسندیدہ مال کبھی نہیں ملا' میں یہ چاہتا ہوں کہ اسے صدقہ کر دوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اصل زمین کو اپنے پاس رکھو اور اس کے پھل کو اللہ کی راہ میں دے دو۔

شرح:

یہاں ترجمۃ الباب میں امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے لفظ ''مشاع'' نقل کیا ہے۔ اس سے مراد ایک ایسی چیز ہے جو کئی آدمیوں کی مشترکہ ملکیت ہو اور اس کے کسی ایک غیر متعین حصے کا آدمی مالک ہو۔

اس کی دو قسمیں ہیں: اسے تقسیم کیا جاسکتا ہے' جو تقسیم ہونے کے بعد بھی قابلِ انتفاع رہے۔ جیسے گھر اور زمین۔

دوسری وہ قسم جو تقسیم ہونے کے بعد قابلِ انتفاع نہ رہے' جیسے حمام' چکی' چھوٹی سی کوٹھڑی جس کی تقسیم کے بعد وہ قابلِ انتفاع نہ رہے۔

اس بات پر اتفاق ہے کہ قابلِ تقسیم مشاع کو وقف کرنا جائز ہے۔

احناف میں سے امام ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مشاع کو وقف کرنا جائز ہے۔ جبکہ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک جائز نہیں ہے۔

4349- حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَا حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مَطَرٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ

٤٣٤٨- الزبير بن بكار بن عبد الله بن مصعب ثقة' ضعفه السليماني' فاخطا في ذلك- و انظر ترجمته في التقريب- و الحديث تقدم تخريجه رقم (٤٣٢٧)-

٤٣٤٩- و بشر بن مطر: هو الواسطي صدوق- قال ابن ابي حاتم في الجرح والتعديل (٢/٣٦٨) ترجمة (١٤١٨): سئل ابي عنه؛ فقال: صدوق- و الحديث تقدم رقم (٤٣٢٧)-

عُيَيْنَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ كَانَ مَلَكَ مِائَةَ سَهْمٍ مِّنْ خَيْبَرَ وَاشْتَرَاهَا حَتّٰى اسْتَجْمَعَهَا فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّى قَدْ اَصَبْتُ مَالًا لَّمْ اُصِبْ مِثْلَهُ وَقَدْ اَرَدْتُ اَنْ اَتَقَرَّبَ بِهِ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى فَقَالَ احْبِسِ الْاَصْلَ وَسَبِّلِ الثَّمَرَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' وہ خیبر میں سو حصوں کے مالک بنے تھے' انہوں نے کچھ اور زمین بھی خرید کر اسے اکٹھا کرلیا' پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بولے: مجھے ایسی زمین ملی ہے کہ اس طرح کی زمین پہلے کبھی نہیں ملی' میں یہ چاہتا ہوں کہ اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کروں (یعنی اس کو صدقہ کردوں)۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اصل اپنے پاس رکھو اور اس کے پھل کو اللہ کی راہ میں دو۔

4350- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيُّ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَرْزُوْقٍ قَالَا حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ اَبُوْ عُبَيْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ قَوْلِ الزُّبَيْرِ بْنِ بَكَّارٍ سَوَاءً.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی' اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے۔

4351- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ جَاءَ عُمَرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ اَصَبْتُ مَالًا لَّمْ اُصِبْ مِثْلَهُ قَطُّ وَكَانَ لِىْ مِائَةُ رَاْسٍ فَاشْتَرَيْتُ بِهَا مِائَةَ سَهْمٍ مِّنْ خَيْبَرَ مِنْ اَهْلِهَا وَاِنِّىْ قَدْ اَرَدْتُ اَنْ اَتَقَرَّبَ بِهَا اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ فَاحْبِسْ اَصْلَهَا وَسَبِّلِ الثَّمَرَ . وَرَوَاهُ غَيْرُ شَيْخِنَا عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ . اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخَلَنْجِيُّ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ایسی زمین ملی ہے کہ اس طرح کی زمین مجھے کبھی نہیں ملی۔ (راوی کہتے ہیں:) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ایک سو حصے ملے تھے۔ وہ کہتے ہیں: میں نے اس کے ذریعے خیبر میں ایک سو حصے اس کے مالکان سے خریدے (یعنی اتنی زمین خرید لی)' میں یہ چاہتا ہوں کہ میں اس کے ذریعے اللہ کی بارگاہ میں قرب حاصل کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اصل زمین کو روکے رہو' اس کے پھل کو اللہ کی راہ میں دو۔

۴۳۵۰- في اسناده ابن عبد الرحمن المخزومي ابو عبد الله' ذكره ابن ابي حاتم في الجرح و التعديل (۴۲/۴)- و انظر الحديث (۴۳۳۷)-

۴۳۵۱- محمد بن عبيد الله بن يزيد من رجال التهذيب' و ثقة النسائي' و الخليلي' و ذكره ابن حبان في الثقات (۱۱۸/۹)- و انظر تهذيب الكمال (۳۹۱/۶) ترجمة (۵۹۷۱)-والحديث عند النسائي في الكبرى (۹۴/۴) (۶۴۳۱) قال : اخبرنا محمد بن عبد الله الخلنجي' قال: حدثنا سفيان...... فذكره' و سياتي في الذي بعده-

4352- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيُّ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى بْنِ بُهْلُوْلٍ اَخْبَرَنَا بَقِيَّةُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ سَالِمٍ الْمَكِّيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَرْضٍ مِّنْ ثَمْغٍ فَقَالَ حَبِّسْ اَصْلَهَا وَسَبِّلْ ثَمَرَهَا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثمغ میں موجود زمین کے بارے میں دریافت کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم زمین اپنے پاس رکھو اور پھل اللہ کی راہ میں دو۔

4353- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الرَّمَادِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الْبَزَّازُ اَبُوْ جَعْفَرٍ الْكُوْفِيُّ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعُمَرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ عُمَرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ لِيْ مَالاً بِثَمْغٍ اَكْرَهُ اَنْ يُّبَاعَ بَعْدِيْ .قَالَ فَاحْبِسْهُ وَسَبِّلْ ثَمَرَهُ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ثمغ میں زمین ملی ہے' میں اس بات کو ناپسند کرتا ہوں کہ اسے میرے بعد فروخت کر دیا جائے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اسے روکے رکھو اور اس کا پھل اللہ کی راہ میں دو۔

4354- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ اَخْبَرَنَا مُوْسَى بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْاَثْرَمُ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ دُبَيْسٍ الْكِنْدِيُّ اَخْبَرَنَا صَالِحُ بْنُ عُمَرَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَصَابَ اَرْضًا بِخَيْبَرَ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ اَصَبْتُ اَرْضًا بِخَيْبَرَ مَا اَصَبْتُ مَالاً هُوَ اَنْفَسُ عِنْدِيْ مِنْهُ .فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ شِئْتَ حَبَسْتَ اَصْلَهَا وَتَصَدَّقْتَ بِهَا .فَقَالَ فَحَبَسَ عُمَرُ اَصْلَهَا وَتَصَدَّقَ بِهَا لَا تُبَاعُ وَلَا تُوْهَبُ وَلَا تُوْرَثُ فِي الْفُقَرَاءِ وَذِي الْقُرْبٰى وَالرِّقَابِ وَالضَّيْفِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ لَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهَا اَنْ يَّاْكُلَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيُطْعِمَ صَدِيْقًا غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ مِّنْهُ مَالاً قَالَ الْاَثْرَمُ اَفَادَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ هٰذَا الشَّيْخَ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو خیبر میں زمین ملی' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' انہوں نے عرض کی: مجھے خیبر میں زمین ملی ہے مجھے کبھی ایسی زمین نہیں ملی' جو میرے نزدیک اس زمین سے زیادہ بہترین ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم چاہو تو اصل زمین کو اپنے پاس رکھو اور اس کی پیداوار کو صدقہ کر دو۔

٤٣٥٢- الرواية الاولى عن النسائي في الكبرى (٦٤٣١)، و من طريقه الدارقطني هنا- و رواية ابن مصفى اخرجها النسائي في الكبرى (٤/٩٥) (٦٤٣٣)، و من طريقه الدارقطني- و انظر الحديث (٤٢٢٨)-

٤٣٥٣- في اسناده عبد الرحمن بن عبد الله بن عمر العمري و هو متروك: كما في التقريب- و الحديث تقدم من طرق- انظر الحديث (٤٢٢٨)-

٤٣٥٤- تقدم- انظر رقم (٤٢٢٨)-

راوی بیان کرتے ہیں: تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اصل زمین کو اپنے پاس رکھا اور اس کی پیداوار کو صدقہ کر دیا' اس طرح کہ اس زمین کو فروخت نہیں کیا جا سکے گا' ہبہ نہیں کیا جا سکے گا' اسے وراثت میں تقسیم نہیں کیا جا سکے گا' اس کی پیداوار غریبوں' قریبی رشتے داروں' مہمانوں' مجاہدین اور مسافروں میں تقسیم ہوگی۔ جو شخص اس کا نگران ہوگا' اسے کوئی گناہ نہیں ہوگا اگر وہ مناسب طریقے سے اس میں سے کھالیتا ہے' یا اپنے دوست کو کھلا دیتا ہے' جبکہ وہ مال جمع کرنے والا نہ ہو۔

4355- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ الْمُسْتَمْلِيُّ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ الصَّبَّاحِ قَالاَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ الْعُمَرِيِّ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ كَانَ مَلَكَ مِائَةَ سَهْمٍ مِّنْ خَيْبَرَ فَاشْتَرَاهَا حَتّٰى اسْتَخْلَصَهَا فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قَدْ اَصَبْتُ شَيْئًا لَمْ اُصِبْ مِثْلَهُ وَقَدْ اَرَدْتُ اَنْ اَتَقَرَّبَ بِهٖ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ فَاحْبِسِ الْاَصْلَ وَسَبِّلِ الثَّمَرَ .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' انہیں خیبر میں ایک سو حصے ملے تھے' انہوں نے اس کے ذریعے زمین خرید لی اور ان کو اکٹھا کر لیا' پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' انہوں نے عرض کی: مجھے ایسی چیز ملی ہے کہ اس طرح کی چیز کبھی نہیں ملی' میں یہ چاہتا ہوں کہ اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کروں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اصل زمین کو اپنے پاس رہنے دو اور اس کے پھل کو اللہ کی راہ میں دے دو۔

۴۳۵۵—انظر السابق۔

بَاب وَقْفِ الْمَسَاجِدِ وَالسِّقَايَاتِ

مساجد اور پینے کے پانی کو وقف کرنا

4356- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا جَرِيرٌ حَدَّثَنَا حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عُمَرَ بْنِ جَاوَانَ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورِ بْنِ اَبِي الْجَهْمِ حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ ح وَقُرِءَ عَلٰى مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ بِالْمَفْتَحِ وَاَنَا اَسْمَعُ قِيلَ لَهُ سَمِعْتَ الْعَبَّاسَ بْنَ يَزِيدَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ قَالَ سَمِعْتُ حُصَيْنَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عُمَرَ بْنِ جَاوَانَ ح وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدَانَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَيُّوبَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اٰدَمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عُمَرَ بْنِ جَاوَانَ الْمُسْعَدِيِّ ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ عَنْ حُصَيْنٍ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ جَاوَانَ الْمَازِنِيُّ قَالَ سَمِعْتُ الْاَحْنَفَ بْنَ قَيْسٍ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُو صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِيُّ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَبُو مَسْعُودٍ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ اَخْبَرَنِي حُصَيْنٌ عَنْ عُمَرَ بْنِ جَاوَانَ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُو سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا اَبِي حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ عَنْ عُمَرَ بْنِ جَاوَانَ ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا بِمِصْرَ حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَخْبَرَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِي يُحَدِّثُ عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عُمَرَ بْنِ جَاوَانَ- رَجُلٌ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ- وَذٰلِكَ اَنِّي قُلْتُ لَهُ اَرَاَيْتَ اعْتِزَالَ الْاَحْنَفِ مَا كَانَ قَالَ سَمِعْتُ الْاَحْنَفَ يَقُولُ اَتَيْتُ الْمَدِينَةَ وَاَنَا حَاجٌّ فَبَيْنَمَا نَحْنُ فِي مَنَازِلِنَا نَضَعُ رِحَالَنَا اِذْ اَتَانَا اٰتٍ فَقَالَ قَدِ اجْتَمَعَ النَّاسُ فِي الْمَسْجِدِ فَانْطَلَقْتُ فَاِذَا النَّاسُ مُجْتَمِعُونَ وَاِذَا بَيْنَ اَظْهُرِهِمْ نَفَرٌ قُعُودٌ وَاِذَا هُمْ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ وَالزُّبَيْرُ وَطَلْحَةُ وَسَعْدُ بْنُ اَبِي وَقَّاصٍ فَلَمَّا قُمْتُ عَلَيْهِمْ قِيلَ هٰذَا عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ قَدْ جَاءَ قَالَ فَجَاءَ وَعَلَيْهِ مُلَيَّةٌ صَفْرَاءُ فَقُلْتُ لِصَاحِبِي كَمَا اَنْتَ حَتّٰى اَنْظُرَ مَا جَاءَ بِهِ فَقَالَ

۴۳۵۶- اخرجه احمد في مسنده (۱/ ۷۰)، و النسائي (۶/ ۲۳۳)، و من طريقيهما اخرجه الدارقطني هنا- و اخرجه النسائي (۶/ ۴۶، ۲۳۴)، و ابن خزيمة في صحيحه (۲۴۸۷)، وابن حبان (۶۹۲۰)، و ابن ابي عاصم في السنة (۱۳۰۳)، و (۱۳۰۴)، و البيهقي (۶/ ۱۶۷) من طرق حصين ابن عبد الرحمن عن عمرو بن جاوان بن الاحنف، به-وقع في رواية النسائي (۶/ ۴۶، ۲۳۴): (عمر بن جاوان)، و قد نقل المزي في تهذيب الكمال (۵/ ۲۹۸) ترجمة (۴۹۲۵) عن يحيى بن معين قال: كلهم يقولون: عمر بن جاوان الا ابا عوانة: فانه يقول: عمرو بن جاوان- وقد ترجم له المزي في (عمرو)، وكذا ابن حجر في (التقريب)- و ثقه ابن حبان في الثقات (۷/ ۱۶۸)- وقال الحافظ في التقريب مقبول- و جهله الذهبي في الميزان (۳/ ت ۶۳۴۲)، فقال: لا يعرف-و حصين: هو ابن عبد الرحمن السلمي: قال الحافظ في (التقريب): ثقة تغير حفظه في الآخر-

عُثْمَانُ اَهَا هُنَا عَلِيٌّ اَهَا هُنَا الزُّبَيْرُ اَهَا هُنَا طَلْحَةُ اَهَا هُنَا سَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالُوْا نَعَمْ .قَالَ فَاَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يَّبْتَاعُ مِرْبَدَ بَنِيْ فُلَانٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ . فَابْتَعْتُهٗ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اِنِّيْ قَدِ ابْتَعْتُ مِرْبَدَ بَنِيْ فُلَانٍ قَالَ فَاجْعَلْهُ فِيْ مَسْجِدِنَا وَاَجْرُهٗ لَكَ . قَالُوْا نَعَمْ .قَالَ فَاَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يَّبْتَاعُ بِئْرَ رُوْمَةَ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ .فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ قَدِ ابْتَعْتُ بِئْرَ رُوْمَةَ قَالَ فَاجْعَلْهَا سِقَايَةً لِّلْمُسْلِمِيْنَ وَاَجْرُهَا لَكَ . قَالُوْا نَعَمْ قَالَ فَاَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يُّجَهِّزُ جَيْشَ الْعُسْرَةِ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ . فَجَهَّزْتُهُمْ حَتّٰى مَا يَفْقِدُوْنَ عِقَالًا وَّلَا خِطَامًا قَالُوْا نَعَمْ .قَالَ اللّٰهُمَّ اشْهَدِ اللّٰهُمَّ اشْهَدِ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ .هٰذَا لَفْظُ حَدِيْثِ مُعْتَمِرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ حُصَيْنٍ وَّقَالَ ابْنُ اِدْرِيْسَ فِيْ حَدِيْثِهٖ مَنْ يَّبْتَاعُ مِرْبَدَ بَنِيْ فُلَانٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ . فَابْتَعْتُهٗ بِعِشْرِيْنَ اَلْفًا اَوْ بِخَمْسَةٍ وَّعِشْرِيْنَ اَلْفًا وَقَالَ اَيْضًا فِيْ بِئْرِ رُوْمَةَ فَابْتَعْتُهَا بِكَذَا وَكَذَا ثُمَّ اَتَيْتُهٗ فَقَالَ اجْعَلْهَا سِقَايَةً لِّلْمُسْلِمِيْنَ وَاَجْرُهَا لَكَ . وَقَالَ عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ فِيْ حَدِيْثِهٖ فِيْ قِصَّةِ الْمِرْبَدِ فَابْتَعْتُهٗ بِكَذَا وَكَذَا ثُمَّ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ قَدِ ابْتَعْتُ مِرْبَدَ بَنِيْ فُلَانٍ تُوَسِّعُ بِهٖ فِيْ مَسْجِدِ الْمُسْلِمِيْنَ فَقَالَ نَعَمْ وَقَدْ وَجَبَ اَجْرُهٗ لَكَ . وَقَالَ فِيْ بِئْرِ رُوْمَةَ فَابْتَعْتُهَا بِعِشْرِيْنَ اَلْفًا اَوْ خَمْسَةٍ وَّعِشْرِيْنَ اَلْفًا الشَّكُّ مِنْ حُصَيْنٍ وَّقَالَ اَبُوْ دَاوُدَ عَنْ اَبِيْ عَوَانَةَ فِيْ قِصَّةِ الْمِرْبَدِ فَابْتَعْتُهٗ بِبِضْعَةٍ وَّعِشْرِيْنَ اَلْفًا اَوْ نَحْوَ ذٰلِكَ وَبَقِيَّةُ اَلْفَاظِهِمْ تَتَقَارَبُ وَالْمَعْنٰى وَاحِدٌ وَّفِيْ حَدِيْثِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ فِيْ رُوْمَةَ فَابْتَعْتُهَا بِكَذَا وَكَذَا .

☆☆ حصین بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں کہ میں نے' عمرو بن جاوان' جن کا تعلق بنوتمیم سے تھا' میں نے ان سے کہا: آپ کا کیا خیال ہے کہ احنف کس بنیاد پر الگ ہوئے تھے' تو انہوں نے بتایا: میں نے حضرت احنف رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: میں ایک مرتبہ مدینہ منورہ آیا' میں حج کے لیے جا رہا تھا۔ ابھی ہم اپنے پڑاؤ کی جگہ پر تھے اور اپنی سواریاں بٹھائی ہی تھیں کہ ایک شخص ہمارے پاس آیا اور بولا: لوگ مسجد میں اکٹھے ہو گئے ہیں' میں بھی وہاں گیا تو میں نے دیکھا کہ وہاں بہت سے لوگ مسجد میں اکٹھے ہو گئے ہیں اور ان کے سامنے کچھ افراد بیٹھے ہوئے ہیں' جن میں حضرت علی بن ابوطالب' حضرت زبیر' حضرت طلحہ اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم بھی تھے' جب میں ان کے قریب جا کر کھڑا ہوا تو یہ اعلان ہوا کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ تشریف لا رہے ہیں' جب وہ تشریف لائے تو انہوں نے زرد رنگ کی چادر اوڑھی ہوئی تھی۔ میں نے اپنے ساتھی سے کہا کہ یہیں ٹھہرو! ہم دیکھتے ہیں کہ یہاں کیا ہوتا ہے؟ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کیا علی یہاں ہیں؟ کیا زبیر یہاں ہیں؟ کیا طلحہ یہاں ہیں؟ کیا سعد بن ابی وقاص یہاں ہیں؟ لوگوں نے بتایا: جی ہاں۔ پھر عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں آپ لوگوں کو اللہ کے نام کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں' جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں' کیا آپ لوگ یہ جانتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی: جو شخص فلاں شخص کی کھجوروں کو سکھانے والی جگہ خرید کر اللہ

تعالیٰ کے نام کر دے گا' اللہ تعالیٰ اسکی مغفرت کر دے گا' تو میں نے وہ جگہ خرید کر دی۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے آپ کو بتایا کہ میں نے وہ جگہ خرید لی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس جگہ کو ہماری مسجد میں شامل کر دو تمہیں اس کا اجر ملے گا۔

تو وہاں موجود تمام افراد نے کہا: یہ بات بالکل ٹھیک ہے۔

اس کے بعد حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں آپ لوگوں کو اللہ کی قسم دے کر یہ دریافت کرتا ہوں جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' کیا آپ حضرات یہ بات جانتے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی: جو شخص رومہ کا کنواں خرید کر دے گا' اسے اس کا اجر ملے گا' تو یہ سننے کے بعد میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے عرض کی: میں نے رومہ کا کنواں خرید لیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے مسلمانوں کے پانی پینے کے لیے چھوڑ دو' تمہیں اس کا اجر ملے گا۔

اس پر تمام حاضرین نے کہا کہ آپ نے یہ بات بالکل ٹھیک بیان کی ہے۔

اس کے بعد حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں آپ لوگوں کو اس اللہ کے نام کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' کیا آپ کو یہ بات معلوم ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: کون شخص ہے جو غزوۂ تبوک کے لیے سامان فراہم کرے گا' اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کر دے گا۔

(حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:) تو میں نے اس لشکر کو پورا سامان فراہم کیا' یہاں تک کہ اونٹ کو باندھنے والی رسّی اور مہار بھی انہیں فراہم کی تو سب لوگوں نے کہا: آپ نے یہ بات بھی ٹھیک بیان کی ہے۔

اس پر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا: اے اللہ! تو گواہ ہو جا! اے اللہ! تو گواہ ہو جا! اے اللہ! تو گواہ ہو جا!

یہاں روایت کے الفاظ نقل کرنے میں راویوں نے اختلاف کیا ہے۔

ابن ادریس نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

کون شخص بنوفلاں کی کھجوروں کو سکھانے والی جگہ کو خریدے گا کہ اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کر دے تو میں نے بیس ہزار درہم کے عوض میں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) پچیس ہزار درہم کے عوض میں اسے خریدا۔

اسی طرح انہوں نے بئر رومہ کے بارے میں بھی یہ بات بیان کی کہ میں نے اسے اتنی' اتنی رقم کے عوض میں خریدا تھا' پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ تم اسے مسلمانوں کے پینے کے لیے وقف کر دو' اس کا اجر تمہیں ملے گا۔

علی بن عاصم نامی راوی نے اپنی روایت میں کھجوروں کو سکھانے والی جگہ کے واقعے میں یہ بات نقل کی ہے۔ میں نے اتنی' اتنی رقم کے عوض میں اسے خریدا تھا' پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: میں نے بنوفلاں کی کھجوروں والی جگہ کو خرید لیا ہے' آپ اسے مسلمانوں کی مسجد میں توسیع کے لیے استعمال کریں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

ارشاد فرمایا: ٹھیک ہے! تمہارا اجر واجب ہو گیا ہے۔

اسی طرح انہوں نے بئر رومہ کے بارے میں یہ فرمایا تھا' میں نے اسے بیس ہزار درہم کے عوض میں (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں:) پچیس ہزار درہم کے عوض میں خریدا۔

جبکہ ابوعوانہ نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

میں نے کھجوروں کو سکھانے والی جگہ کو بیس ہزار سے کچھ زیادہ رقم کے عوض میں خریدا۔

ان تمام روایات کا مفہوم ایک دوسرے کے قریب ہے۔

شرح:

اور جب کسی نے مسجد بنائی تو اس کی ملکیت اس مسجد سے اس وقت ختم ہو جائے گی جب اس نے مسجد کا راستہ نکال کر اپنی ملکیت سے الگ کر دیا ہے اور لوگوں کو اس میں نماز پڑھنے کی اجازت دینے والا ہے۔ اور جب اس میں ایک آدمی نے نماز پڑھ لی ہے تو امام اعظم رضی اللہ عنہ کے نزدیک اس مسجد سے اس کی ملکیت ختم ہو جائے گی۔ اور افراز اسی لئے لازمی ہے کہ اس کے بغیر وہ خاص اللہ کیلئے نہ ہوگا اور اس میں نماز پڑھنا اس لئے ضروری ہے کیونکہ طرف کے نزدیک وقف کے صحیح ہونے کیلئے حوالے کر دینا شرط ہے۔ اور وقف میں جس طرح حوالے کرنا ضروری ہے اسی طرح اس میں تسلیم بھی شرط ہے اور مسجد کی تسلیم اس میں نماز پڑھنے کی اجازت دینا ہے۔ یا اس طرح کہا جائے گا کہ جب مسجد پر بطور حقیقت قبضہ ناممکن ہے تو اس کے مقصد کو بجالانا یہ اس کے قبضہ کے قائم مقام ہو جائے گا۔

طرفین کی ایک روایت کے مطابق تسلیم کیلئے ایک شخص کا نماز پڑھنا بھی کافی ہے کیونکہ پوری جنس کا عمل ناممکن ہے پس جنس کا کم تر فرد کی شرط کافی ہوگی۔

حضرت امام محمد علیہ الرحمہ سے دوسری روایت یہ ہے کہ نماز باجماعت شرط ہے کیونکہ عام طور پر مسجد نماز کی جماعت کیلئے بنائی جاتی ہے۔

حضرت امام ابو یوسف علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ بنانے والے جب یہ کہا کہ میں نے اس کو مسجد بنایا تو اس سے ہی اس کی ملکیت ختم ہو جائے گی کیونکہ ان کے نزدیک تسلیم کی شرط نہیں ہے کیونکہ بندے سے اس کے حق کا اسقاط ہے جو بندے سے ساقط ہوتے ہی اللہ کیلئے ہو جائے گا۔ جس طرح اعتاق میں ہوتا ہے۔ جس کو ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔

فرمایا: اور جب کسی بندے نے مسجد کو ایسی جگہ پر بنایا ہے جس کے نیچے تہہ خانہ ہے یا اس کے اوپر مکان ہے جبکہ مسجد کا دروازہ بڑے راستے کی جانب بنایا ہے۔ اور اس کو اپنی ملکیت سے الگ کر دیا ہے تو وہ مسجد نہ ہوگی بلکہ اس کو بیچنے کا حق حاصل ہو گا اور جب وہ فوت ہو جائے تو اس کی میراث بن جائے گی کیونکہ یہ اللہ کے لئے خاص نہ ہوئی تھی کیونکہ اس کے ساتھ بندے کا حق متعلق ہے۔ ہاں البتہ جب تہہ خانہ مسجد ہی کی مصلحت کیلئے بنا ہوا ہے تو پھر وقف جائز ہے۔ جس طرح مسجد بیت المقدس ہے۔

حضرت حسن بن زیاد نے امام اعظم رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ آپ نے فرمایا جب کسی نے نچلے حصے کو مسجد بنایا اور مسجد کے اوپر رہائش کیلئے مکان ہے تو بھی وہ مسجد ہے کیونکہ مسجد ہمیشہ کیلئے مسجد ہوا کرتی ہے اور یہ حکم نچلے حصے میں پایا جاتا ہے اوپر والے میں نہیں ہے۔

حضرت امام محمد علیہ الرحمہ سے اسی برعکس روایت کی گئی ہے اس لئے مسجد قابل ادب ہے اور جب اس کے اوپر رہائش کیلئے مکان ہو گا یا کرایہ لینے کی غرض کوئی چیز ہے تو اس کی تعظیم نہ ممکن ہو جائے گی۔

حضرت امام ابو یوسف علیہ الرحمہ سے روایت ہے کہ انہوں نے دونوں صورتوں کو جائز قرار ہے کیونکہ جب وہ بغداد گئے اور وہاں پر انہوں نے جگہ تنگ دیکھی تو انہوں کے ضرورت کا اعتبار کرتے ہوئے اس کو جائز قرار دیا ہے۔

حضرت امام محمد علیہ الرحمہ سے روایت ہے کہ جب وہ رئے کے شہر میں گئے تو انہوں نے ضرورت کے تحت ان سب کو جائز قرار دیا ہے۔

اور فرمایا: جب کسی نے اپنے مکان کے درمیان میں مسجد بنائی اور لوگوں کو اس میں آنے کی اجازت دیدی تب بھی حکم اسی طرح ہو گا۔ یعنی اس کیلئے اس کو بیچنے کا حق ہے۔ اور اس کی موت کے بعد وارثوں کی ہو جائے گی کیونکہ وہ جگہ مسجد کہلانے والی ہے جس میں کسی کو روکنے کا حق حاصل نہیں ہے اور جب مسجد کی چاروں اطراف میں مالک کی ملکیت باقی ہو تو اس کو منع کرنے کا حق حاصل ہے کیونکہ وہ جگہ مسجد نہیں ہے کیونکہ مالک نے راستہ اپنے لئے باقی رکھ لیا ہے۔ پس وہ مسجد خاص اللہ کیلئے نہ ہوئی۔

حضرت امام محمد علیہ الرحمہ سے روایت ہے کہ اس کو نہ بیچ سکتا ہے اور نہ ہی وراثت میں دے سکتا ہے اور نہ ہی اس کو ہبہ کر سکتا ہے۔ پس آپ اس کو مسجد تسلیم کر لیا ہے۔

حضرت امام ابو یوسف علیہ الرحمہ سے بھی اسی طرح روایت کیا گیا ہے کہ وہ مسجد ہو جائے گی کیونکہ جب وقف کرنے والا اس کے مسجد ہونے پر راضی ہے تو راستہ بھی اس میں داخل ہو جائے گا۔ کیونکہ راستے کے بغیر مسجد کس طرح ہو سکتی ہے۔ پس وہ راستہ بھی مسجد کا بن جائے گا۔ جس طرح کرائے پر دینے سے راستے کی وضاحت کے بغیر وہ اس میں داخل سمجھا جاتا ہے۔

فرمایا: اور جب کسی شخص نے اپنی زمین میں مسجد بنائی تو اس کیلئے یہ حق نہیں ہے کہ وہ جگہ واپس لے یا اس کو بیچ دے اور وہ جگہ اس کیلئے میراث بھی نہ ہو گی۔ کیونکہ وہ جگہ بندوں کے حق سے نکل کر اللہ کے خاص ہو چکی ہے اور یہ حکم اسی دلیل کے سبب ہے کہ تمام چیزیں اللہ کیلئے ہیں اور جب بندے نے وہ حق ساقط کر دیا ہے جو اس کو ملا تھا تو وہ حق اپنی اصلیت کی جانب لوٹ کر آنے والا ہے۔ لہذا اس سے بندے کا تصرف ختم ہو جائے گا جس طرح آزاد کرنے میں ہوتا ہے۔ اور جب مسجد کے گرد و نواح کی جگہ ویران ہو جائے اور وہاں کی ضرورت ختم ہو جائے تب بھی امام ابو یوسف علیہ الرحمہ کے نزدیک وہ جگہ مسجد ہی رہے گی۔ کیونکہ وہ جگہ بندے کی جانب سے ساقط ہو چکی ہے۔ پس وہ اس کی ملکیت میں دوبارہ نہ جائے گی۔

حضرت امام محمد علیہ الرحمہ کے نزدیک بنانے والے کی موت کے بعد وہ اس کے وارث کی ملکیت میں منتقل ہو جائے گی۔ کیونکہ بنانے والے نے اس کو عبادت کیلئے بنایا تھا اور اب وہ عبادت ختم ہو چکی ہے تو یہ اسی طرح ہو جائے گا جس طرح مسجد

کی چٹائی اور گھاس ہے جب ان کی ضرورت ختم ہو جائے جبکہ چٹائی اور گھاس کے بارے میں امام ابو یوسف علیہ الرحمہ نے فرمایا ہے کہ ان کو دوسرے مسجد میں منتقل کیا جا سکتا ہے۔ (ہدایہ کتاب الوقف فصل: مسجد کے وقف کا بیان ترجمہ: از علامہ لیاقت علی رضوی)

4357- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا شُجَاعُ بْنُ مَخْلَدٍ ح وَاَخْبَرَنَا الْقَاضِى الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَا حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِى الْحَجَّاجِ عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِىِّ عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ حَزْنٍ الْقُشَيْرِىِّ قَالَ شَهِدْتُ الدَّارَ حِينَ اَشْرَفَ عَلَيْهِمْ عُثْمَانُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمُونَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِينَةَ وَلَيْسَ بِهَا مَاءٌ يُسْتَعْذَبُ غَيْرَ بِئْرِ رُومَةَ فَقَالَ مَنْ يَشْتَرِى بِئْرَ رُومَةَ فَيَجْعَلُ دَلْوَهُ فِيهَا مَعَ دِلَاءِ الْمُسْلِمِينَ بِخَيْرٍ لَهُ مِنْهَا فِى الْجَنَّةِ. فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ صُلْبِ مَالِى فَجَعَلْتُ دَلْوِى فِيهَا مَعَ دِلَاءِ الْمُسْلِمِينَ وَاَنْتُمُ الْيَوْمَ تَمْنَعُونِى اَنْ اَشْرَبَ مِنْهَا حَتَّى اَشْرَبَ مِنْ مَاءِ الْبَحْرِ. قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ. قَالَ اَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ وَالْاِسْلَامَ هَلْ تَعْلَمُونَ اَنِّى جَهَّزْتُ جَيْشَ الْعُسْرَةِ مِنْ صُلْبِ مَالِى قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ اَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ وَالْاِسْلَامَ هَلْ تَعْلَمُونَ اَنَّ الْمَسْجِدَ ضَاقَ بِاَهْلِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَشْتَرِى بُقْعَةَ آلِ فُلَانٍ فَيَزِيدُهَا فِى الْمَسْجِدِ بِخَيْرٍ لَهُ مِنْهَا فِى الْجَنَّةِ. فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ صُلْبِ مَالِى فَزِدْتُهَا فِى الْمَسْجِدِ فَاَنْتُمُ الْيَوْمَ تَمْنَعُونِى اَنْ اُصَلِّىَ فِيهِ رَكْعَتَيْنِ. قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ. قَالَ اَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ وَالْاِسْلَامَ هَلْ تَعْلَمُونَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَلَى ثَبِيرٍ بِمَكَّةَ وَمَعَهُ اَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَاَنَا فَتَحَرَّكَ الْجَبَلُ حَتَّى سَقَطَتْ حِجَارَتُهُ بِالْحَضِيضِ فَرَكَضَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرِجْلِهِ وَقَالَ اسْكُنْ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ نَبِىٌّ وَصِدِّيقٌ وَشَهِيدَانِ. قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ. قَالَ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ شَهِدُوا لِى وَرَبِّ الْكَعْبَةِ اَنِّى شَهِيدٌ. ثَلَاثَ مَرَّاتٍ. يَتَقَارَبَانِ فِيهِ.

☆☆ ثمامہ بن حزن قشیری بیان کرتے ہیں کہ میں اس وقت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے گھر کے پاس موجود تھا' جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے لوگوں کی طرف جھانک کر ارشاد فرمایا: میں آپ لوگوں کو اللہ کے نام کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں' کیا آپ لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو اس وقت وہاں پر میٹھے پانی کا کنواں صرف بئر رومہ تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کون شخص بئر رومہ کو خرید کر اسے مسلمانوں کے لیے وقف کردے گا' اس کے بدلے میں اسے جنت مل جائے گی۔ تو میں نے اپنے مال میں سے اسے خریدا تھا اور تمام مسلمانوں کو اس میں برابر کا حق دار قرار دیا تھا۔ اور آج تم لوگ مجھے اسی کنوئیں کا پانی پینے سے روک رہے ہو اور مجھے سمندر کا (یعنی کھارا) پانی پینا پڑا ہے۔ ان لوگوں نے جواب دیا: اللہ جانتا ہے کہ ایسا ہی ہے۔ پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں آپ لوگوں کو اللہ

۴۳۵۷- اخرجه الترمذي (۳۷۰۳)' والنسائي (۶/۲۳۵)' و ابن خزيمة (۲۴۹۲)' و ابن ابي عاصم في السنة (۱۳۰۵)' و البيهقي (۶/۱۶۸) من طريق يحيى بن ابي بن ابي الحجاج' به- واسناده رجاله ثقات غير يحيى بن ابي الحجاج؛ قال فيه الحافظ في (التقريب): لين الحديث- لكن تابعه عليه هلال بن لاحق؛ قال فيه الحافظ في التقريب: مقبول' ووثقه ابن حبان في الثقات (۷/۵۷۶)- و اخرجه عبد الله بن احمد في زوائد المسند (۱/۷۴)' و ابن ابي عاصم في (السنة) رقم (۱۳۰۶) من طريق هلال عن ابي مسعود الجريري' به- قال الالباني في الارواء (۶/۳۹): هذه متابعة لا باس بها- اه-

تعالیٰ کی اور اسلام کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں کہ کیا آپ لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ میں نے اپنے ذاتی مال میں سے غزوۂ تبوک کے لیے سامان فراہم کیا تھا' تو لوگوں نے جواب دیا: اللہ جانتا ہے کہ ایسا ہی ہے۔ پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں آپ کو اللہ تعالیٰ اور اسلام کی قسم دے کر یہ دریافت کرتا ہوں کہ آپ لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ مسجد چھوٹی ہوگئی تھی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا تھا: کون شخص فلاں لوگوں کی زمین کو خرید کر اسے مسجد میں توسیع کے لیے دے گا' اس کے بدلے میں اسے جنت مل جائے گی تو میں نے اپنے مال میں سے اسے خریدا تھا اور اس کے ذریعے مسجد میں اضافہ کروایا تھا' آج تم لوگ مجھے اسی مسجد میں دو رکعت پڑھنے سے روک رہے ہو۔ ان لوگوں نے عرض کی: اللہ جانتا ہے کہ ایسا ہی ہے۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں آپ لوگوں کو اللہ تعالیٰ اور اسلام کے نام کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں کہ کیا آپ لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کے پہاڑ "ثبیر" پر موجود تھے۔ آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر' حضرت عمر اور میں بھی تھے' اسی دوران وہ پہاڑ حرکت کرنے لگا اور اس کے کچھ پتھر نیچے گرے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پاؤں مار کر ارشاد فرمایا تھا: تم اپنی جگہ پر ساکن رہو' تمہارے اوپر ایک نبی' ایک صدیق اور دو شہید موجود ہیں۔ لوگوں نے کہا: اللہ جانتا ہے کہ ایسا ہی ہے' تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اللہ اکبر اللہ اکبر کہا اور بولے: تم لوگ میرے بارے میں گواہ ہو جاؤ! ربِ کعبہ کی قسم! میں شہید ہوں' یہ بات انہوں نے تین مرتبہ کہی۔

یہاں روایت کے الفاظ ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں۔

4358- حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى - يَعْنِىْ ابْنَ اَبِى الْحَجَّاجِ - عَنِ الْجُرَيْرِيِّ بِهٰذَا وَزَادَ اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَوَّجَنِىْ اِحْدَى ابْنَتَيْهِ بَعْدَ الْاُخْرٰى رَضِىَ بِىْ وَرَضِىَ عَنِّىْ قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ زائد ہیں:

میں تم لوگوں کو اللہ کے نام کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں کہ کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ایک صاحبزادی کے انتقال کے بعد اپنی دوسری صاحبزادی کا نکاح میرے ساتھ کیا تھا۔ آپ مجھ سے راضی تھے اور مجھ سے خوش تھے۔ لوگوں نے جواب دیا: اللہ جانتا ہے کہ ایسا ہی ہے۔

4359- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ ثُمَامَةَ الْاَنْصَارِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ حِقٍّ حَدَّثَنِى الْجُرَيْرِيُّ عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ حَزْنٍ الْقُشَيْرِيِّ قَالَ شَهِدْتُ الدَّارَ يَوْمَ اُصِيبَ عُثْمَانُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاطَّلَعَ عَلَيْهِمُ اطِّلَاعًا فَقَالَ ادْعُوْا لِىْ صَاحِبَيْكُمُ الَّذَيْنِ اَلَبَاكُمْ عَلَىَّ فَدُعِيَا فَقَالَ اَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ ضَاقَ الْمَسْجِدُ بِاَهْلِهٖ فَقَالَ مَنْ يَّشْتَرِىْ هٰذِهِ الْبُقْعَةَ مِنْ خَالِصِ مَالِهٖ فَيَكُوْنُ فِيْهَا كَالْمُسْلِمِيْنَ وَلَهٗ خَيْرٌ

۴۳۵۸- راجع الذي قبله-

۴۳۵۹- تقدم تخريجه رقم (۴۳۵۷)-

مِنْهَا فِي الْجَنَّةِ . فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ خَالِصِ مَالِي وَجَعَلْتُهَا لِلْمُسْلِمِينَ . فَقَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ . قَالَ فَأَنْتُمْ تَمْنَعُونِي أَنْ أُصَلِّيَ فِيهِ رَكْعَتَيْنِ أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمُونَ أَنِّي صَاحِبُ جَيْشِ الْعُسْرَةِ قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ.

☆☆ ثمامہ بن حزن قشیری بیان کرتے ہیں کہ میں اس وقت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے گھر کے پاس موجود تھا' جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس گھر کی دیوار سے جھانک کر دیکھا اور بولے: تم اپنے دو ساتھیوں کو میرے سامنے لے کر آؤ جو فساد کی جڑ ہیں۔ ان دونوں کو سامنے لایا گیا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تم دونوں کو اللہ کے نام کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں' کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تھے تو مسجد نمازیوں کے لیے تنگ ہو گئی تھی' تو آپ نے ارشاد فرمایا تھا: کون شخص اپنے مال میں سے اس زمین کو خرید کر اسے مسلمانوں کے لیے وقف کر دے گا؟ اسے جنت میں اس سے بہتر جگہ ملے گی' تو میں نے اسے اپنے مال میں سے خرید کر مسلمانوں کے لیے وقف کر دیا تھا' تو لوگوں نے کہا: اللہ جانتا ہے کہ ایسا ہی ہے۔ تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اب تم لوگ مجھے اسی مسجد سے دو رکعت نماز ادا کرنے سے بھی روک رہے ہو' میں تم لوگوں کو اللہ کے نام کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں' تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ میں نے غزوۂ تبوک میں ساز و سامان فراہم کیا تھا تو ان لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں! ایسا ہی ہے۔

4360- حَدَّثَنَا أَبُو سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ حِقٍّ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ بِهٰذَا وَقَالَ اللَّذَيْنِ أَلَبَاكُمْ عَلَيَّ فَدُعِيَا . وَزَادَ فِيهِ ثُمَّ قَالَ أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ أَتَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَدِمَ الْمَدِينَةَ لَمْ يَكُنْ فِيهَا بِئْرٌ يُسْتَعْذَبُ مِنْهَا إِلَّا بِئْرَ رُومَةَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَشْتَرِيهَا مِنْ خَالِصِ مَالِهِ فَيَكُونُ دَلْوُهُ فِيهَا كَدِلَاءِ الْمُسْلِمِينَ وَلَهُ خَيْرٌ مِنْهَا فِي الْجَنَّةِ . فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ خَالِصِ مَالِي فَأَنْتُمْ تَمْنَعُونِي أَنْ أَشْرَبَ مِنْهَا.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: وہ دو لوگ کہاں ہیں جنہوں نے تمہیں میرے خلاف بھڑکایا ہے' ان دونوں کو لایا گیا۔

اس میں یہ الفاظ زائد ہیں:

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تم لوگوں کو اللہ کے نام کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں کہ کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تھے تو وہاں کوئی میٹھا کنواں نہیں تھا' صرف بئر رومہ تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا: کون شخص اپنے مال میں سے اسے خرید کر مسلمانوں کے لیے وقف کر دے؟ تو اسے جنت میں اس سے بہتر اجر ملے گا تو میں نے اپنے مال میں سے اسے خریدا تھا اور آج تم لوگ مجھے اسی کنوئیں سے پانی پینے سے روک رہے ہو۔

۴۳۶۰- تقدم برقم (۴۳۵۷)-

4361- حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ آدَمَ ابْنِ بِنْتِ أَزْهَرَ السَّمَّانُ حَدَّثَنَا جَدِّي أَزْهَرُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ حَكِيمٍ قَالَ كَتَبَ ابْنُ عَامِرٍ إِلَى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ كُتُبًا فَقَدِمْتُ عَلَيْهِ وَقَدْ نَزَلَ بِهِ أُولَئِكَ فَعَمَدْتُ إِلَى الْكُتُبِ فَخِطْتُهَا فِي قُبَائِي ثُمَّ لَبِسْتُ لِبَاسَ الْمَرْأَةِ فَلَمْ أَزَلْ حَتَّى دَخَلْتُ عَلَيْهِ فَجَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَجَعَلْتُ أَفْتِقُ قُبَائِي وَهُوَ يَنْظُرُ فَدَفَعْتُهَا إِلَيْهِ فَقَرَأَهَا ثُمَّ أَشْرَفَ عَلَى الْمَسْجِدِ فَإِذَا طَلْحَةُ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ فِي الْمَشْرِقِ فَقَالَ يَا طَلْحَةُ .قَالَ يَا لَبَّيْكَ .قَالَ نَشَدْتُكَ بِاللَّهِ هَلْ تَعْلَمُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يَشْتَرِي قِطْعَةً فَيَزِيدُهَا فِي الْمَسْجِدِ وَلَهُ بِهَا كَذَا وَكَذَا .فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ مَالِي .فَقَالَ طَلْحَةُ اللَّهُمَّ نَعَمْ .قَالَ فَأَنْتُمْ فِيهِ آمِنُونَ وَأَنَا خَائِفٌ ثُمَّ قَالَ يَا طَلْحَةُ .قَالَ يَا لَبَّيْكَ .قَالَ نَشَدْتُكَ بِاللَّهِ هَلْ تَعْلَمُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يَشْتَرِي رُومَةَ- يَعْنِي بِكَذَا- فَيَجْعَلُهَا لِلْمُسْلِمِينَ وَلَهُ بِهَا كَذَا وَكَذَا .فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ مَالِي فَقَالَ طَلْحَةُ اللَّهُمَّ نَعَمْ .فَقَالَ يَا طَلْحَةُ .قَالَ يَا لَبَّيْكَ .قَالَ نَشَدْتُكَ بِاللَّهِ هَلْ تَعْلَمُ أَنِّي حَمَلْتُ فِي جَيْشِ الْعُسْرَةِ عَلَى مِائَةٍ قَالَ طَلْحَةُ اللَّهُمَّ نَعَمْ ثُمَّ قَالَ طَلْحَةُ اللَّهُمَّ لَا أَعْلَمُ عُثْمَانَ إِلَّا مَظْلُومًا .

☆☆ موسیٰ بن حکیم نامی راوی بیان کرتے ہیں کہ ابن عامر نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو ایک خط لکھا' میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس وقت تک یہ لوگ ان کے گرد گھیرا ڈال چکے تھے' میں نے اس خط کو اپنے کپڑے میں سی لیا اور اسے اپنی قباء کے اندر رکھ لیا' پھر میں نے ایک عورت کا لباس پہنا اور اسی طرح گزرتا ہوا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے گھر میں داخل ہو گیا' میں ان کے سامنے آ کر بیٹھا' میں نے اپنی قباء کو پھاڑا' وہ دیکھتے رہے میں نے وہ خط ان کی طرف بڑھایا' انہوں نے اسے پڑھا اور پھر انہوں نے مسجد کی طرف منہ کر کے دیکھا تو وہاں حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ مسجد کے مشرقی سمت میں بیٹھے ہوئے تھے' انہوں نے آواز دی: اے طلحہ! حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں حاضر ہوں! حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں آپ کو اللہ کے نام کی قسم دے کر یہ کہتا ہوں کہ کیا آپ یہ بات جانتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: کون شخص زمین کا یہ ٹکڑا خرید کر اس کے ذریعے مسجد میں توسیع کرے گا' اس کے بدلے میں اسے یہ اجر ملے گا تو میں نے اپنے مال میں سے اسے خریدا تھا' تو حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ جانتا ہے کہ ایسا ہی ہے۔ تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو اب اس مسجد میں آپ لوگ امن کی حالت میں ہیں اور میں اس میں خوف کے عالم میں ہوں' پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے طلحہ! انہوں نے کہا: میں حاضر ہوں! پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں آپ کو اللہ کے نام کی قسم دے کر یہ کہتا ہوں کیا آپ یہ بات جانتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی: کون شخص رومہ کے کنوئیں کو خریدے گا اور اسے مسلمانوں کے لیے وقف کرے گا' اسے اس کے بدلے میں یہ یہ کچھ ملے گا' تو میں نے اپنے مال میں سے اسے خریدا تھا' تو انہوں نے کہا: اللہ جانتا ہے کہ ایسا ہی ہے۔ پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے طلحہ! انہوں

۴۳۶۱- اسنادہ حسن - و انظر السابق-

نے کہا: میں حاضر ہوں! تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں آپ کو اللہ کے نام کی قسم دے کر یہ دریافت کرتا ہوں کہ کیا آپ یہ بات جانتے ہیں کہ میں نے غزوۂ تبوک کے لیے ایک سو اونٹ فراہم کیے تھے' تو حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اللہ جانتا ہے کہ ایسا ہی ہے۔ اس کے بعد حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے یہ کہا: اے اللہ! میرے علم کے مطابق حضرت عثمان رضی اللہ عنہ مظلوم ہیں۔

4362- حَدَّثَنَا الْقَاضِى اَبُوْ عُمَرَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ عَنْ اَبِى سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ لَمَّا حُصِرَ عُثْمَانُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فِى الدَّارِ اَشْرَفَ عَلَيْهِمْ فَنَشَدَ النَّاسَ فَقَالَ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنِّىْ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى حِرَاءٍ فَتَحَرَّكَ فَقَالَ اثْبُتْ حِرَاءُ فَاِنَّهُ لَيْسَ عَلَيْكَ اِلَّا نَبِىٌّ اَوْ صِدِّيْقٌ اَوْ شَهِيْدٌ . قَالَ فَشَهِدَ لَهُ نَاسٌ ثُمَّ قَالَ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يُّوَسِّعُ لَنَا بَيْتًا فِى الْمَسْجِدِ . فَاشْتَرَيْتُ بَيْتًا فَاَوْسَعْتُ بِهِ فِى الْمَسْجِدِ قَالَ فَشَهِدَ لَهُ نَاسٌ ثُمَّ قَالَ اَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رُوْمَةَ كَانَتْ تُبَاعُ بَيْعًا مِنِ ابْنِ السَّبِيْلِ وَاَنِّى اشْتَرَيْتُهَا فَجَعَلْتُهَا لِلّٰهِ تَعَالٰى وَابْنِ السَّبِيْلِ قَالُوْا نَعَمْ فَشَهِدَ لَهُ نَاسٌ ثُمَّ قَالَ اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ اَتَعْلَمُوْنَ اَنِّى جَهَّزْتُ جَيْشَ الْعُسْرَةِ وَاَنْفَقْتُ عَلَيْهِ كَذَا وَكَذَا فَشَهِدَ لَهُ نَاسٌ ثُمَّ قَالَ وَلٰكِنَّهُ طَالَ عَلَيْكُمْ عُمْرِى وَاسْتَعْجَلْتُمْ قَدَرِى اَنْ اَنْزِعَ سِرْبَالًا سَرْبَلَنِيْهِ اللّٰهُ تَعَالٰى لَا وَاللّٰهِ لَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ اَبَدًا.

☆☆ ابوسلمہ بن عبدالرحمن بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو ان کے گھر میں محصور کر دیا گیا تو انہوں نے لوگوں کی طرف جھانک کر دیکھا اور لوگوں کو قسم دی' وہ بولے: کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ میں حرا پہاڑ کے اوپر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا' وہ حرکت میں آنے لگا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حرا اپنی جگہ پر رہو' تمہارے اوپر ایک نبی' ایک صدیق اور ایک شہید موجود ہے۔

راوی کہتے ہیں کہ لوگوں نے ان کی اس بات کی تصدیق کی' پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی: کون شخص مسجد میں گھر کا اضافہ کرے گا' تو میں نے ایک گھر خریدا اور اس کے ذریعے مسجد میں توسیع کروا دی تو لوگوں نے ان کی بات کی تصدیق کی' پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تم لوگوں کو اللہ کے نام کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں کہ کیا آپ لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ رومہ کنوئیں کا پانی صرف مسافروں کو فروخت کیا جاتا تھا' میں نے اس کنوئیں کو خریدا اور اسے اللہ کے نام پر وقف کر دیا۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں! لوگوں نے ان کی اس بات کی تصدیق کی' پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں آپ لوگوں کو اللہ کے نام کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں! کیا آپ لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ میں نے غزوۂ تبوک کے لیے سامان فراہم کیا تھا اور میں نے اس پر اتنی' اتنی رقم خرچ کی تھی تو لوگوں نے اس بات کی بھی تصدیق کی تھی' پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اتنا عرصہ تمہارے

۴۳۶۲- في اسناده ابو اسحاق السبيعي عمرو بن عبد الله' و هو مدلس- و انظر الحديث التالي-

درمیان رہا ہوں لیکن تم نے میرے بارے میں جلد بازی کا مظاہرہ کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو خلعت مجھے پہنائی ہے میں اسے اتار دوں۔ اللہ کی قسم! یہ کبھی نہیں ہوگا۔

4363- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ حَدَّثَنَا اَبُوْ قَطَنٍ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ اَشْرَفَ عُثْمَانُ مِنَ الْقَصْرِ وَهُوَ مَحْصُوْرٌ فَقَالَ نَشَدْتُ اللّٰهَ تَعَالٰى مَنْ شَهِدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حِرَاءٍ اِذِ اهْتَزَّ الْجَبَلُ فَرَكَلَهُ بِقَدَمِهٖ وَقَالَ اسْكُنْ حِرَاءُ لَيْسَ عَلَيْكَ اِلَّا نَبِىٌّ اَوْ صِدِّيْقٌ اَوْ شَهِيْدٌ . وَاَنَا مَعَهٗ فَانْتَشَدَ لَهٗ رِجَالٌ قَالَ نَشَدْتُ اللّٰهَ مَنْ شَهِدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ اِذْ بَعَثَنِىْ اِلَى الْمُشْرِكِيْنَ اِلٰى اَهْلِهٖ قَالَ هٰذِهٖ يَدِىْ وَهٰذِهٖ يَدُ عُثْمَانَ . فَبَايَعَ لِىْ فَانْتَشَدَ لَهٗ رِجَالٌ فَقَالَ نَشَدْتُ اللّٰهَ مَنْ شَهِدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يُّوَسِّعُ لَنَا هٰذَا الْبَيْتَ فِى الْمَسْجِدِ بِبَيْتٍ فِى الْجَنَّةِ . فَابْتَعْتُهٗ مِنْ مَّالِىْ فَوَسَّعْتُ بِهٖ فِى الْمَسْجِدِ فَانْتَشَدَ لَهٗ رِجَالٌ قَالَ وَنَشَدْتُ اللّٰهَ مَنْ شَهِدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ جَيْشِ الْعُسْرَةِ قَالَ مَنْ يُّنْفِقُ الْيَوْمَ نَفَقَةً مُّتَقَبَّلَةً . فَجَهَّزْتُ نِصْفَ الْجَيْشِ مِنْ مَّالِىْ فَانْتَشَدَ لَهٗ رِجَالٌ قَالَ وَنَشَدْتُ اللّٰهَ مَنْ شَهِدَ رُوْمَةَ يُبَاعُ مَاؤُهَا لِابْنِ السَّبِيْلِ فَابْتَعْتُهَا مِنْ مَّالِىْ وَاَبَحْتُهَا ابْنَ السَّبِيْلِ فَانْتَشَدَ لَهٗ رِجَالٌ.

☆☆ ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے گھر میں سے جھانک کر باہر دیکھا وہ اس وقت محصور تھے اور بولے: میں اللہ کے نام کی قسم دے کر تم لوگوں سے یہ پوچھتا ہوں کہ کون شخص اس وقت وہاں موجود تھا؟ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حرا پہاڑ پر موجود تھے اور وہ پہاڑ حرکت کرنے لگا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پاؤں کے ذریعے اسے مارا اور فرمایا: اے حرا! ساکن رہو' تمہارے اوپر ایک نبی' ایک صدیق اور ایک شہید موجود ہے۔ اس وقت میں بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا تو کچھ لوگوں نے اس بات کی گواہی دی (کہ یہ بات ٹھیک ہے)' پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو شخص اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا' جب آپ نے بیعت رضوان کی تھی' اس کو میں اللہ کے نام کا واسطہ دے کر یہ پوچھتا ہوں کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے مشرکین کی طرف بھیجا تھا تو آپ نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ یہ میرا ہاتھ ہے اور یہ عثمان کا ہاتھ ہے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میری طرف سے بیعت لی تھی' کچھ لوگوں نے ان کی اس بات کی بھی تصدیق کی' پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس شخص کو اللہ کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں جو شخص اس وقت موجود تھا کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی: کون شخص اس گھر کو خرید کر اسے مسجد میں شامل کر دے گا' اس کے عوض میں اسے جنت میں گھر ملے گا تو میں نے اپنے مال میں سے اس گھر کو خرید کر اس کے ذریعے اس مسجد میں توسیع کروا دی تو کچھ لوگوں نے ان کی اس بات کی تصدیق کی۔ پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

۴۳۶۳- اخرجه احمد (۵۹/۱)' و من طريقه المصنف هنا- و اخرجه النسائي (۲۳۶/۶) من طريق عيسى بن يونس عن يونس' و سياتي في الذي بعده من طريق النسائي- و يونس' هو ابن ابي اسحاق السبيعي' صدوق الا انه يهم قليلا: كما في (التقريب)- و ابوه ثقة' لكنه يدلس' وقد عنعن- و يشهد لذلك رواية ابي عبد الرحمن السلمي في صحيح البخاري- و سياتي تخريجه رقم (۴۳۶۵)-

میں اس شخص کو اللہ کے نام کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں جو اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا' جب آپ غزوۂ تبوک کے لیے تیاری کر رہے تھے' آپ نے ارشاد فرمایا تھا: کون شخص آج کے دن ایسا خرچ کرے گا جو قبول ہوگا؟ تو میں نے نصف لشکر کو اپنے مال میں سے ساز و سامان فراہم کیا تھا' کچھ لوگوں نے ان کی اس بات کی بھی تصدیق کی۔

پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس شخص کو اللہ کے نام کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں' جو اس وقت موجود تھا جب رومہ کا پانی صرف مسافروں کو فروخت کیا جاتا تھا تو میں نے اپنے مال میں سے اس کو خرید کر اسے مسافروں کے لیے (اور تمام مسلمانوں کے لیے) وقف کر دیا تھا' تو کچھ لوگوں نے ان کی اس بات کی بھی تصدیق کی۔

4364- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيُّ حَدَّثَنِیْ عِمْرَانُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ رَاشِدٍ حَدَّثَنَا خَطَّابُ بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا اَبِیْ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ عُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَشْرَفَ عَلَيْهِمْ ۔ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهٗ اِلٰى اٰخِرِهٖ ۔

☆☆ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

4365- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ - يَعْنِى النَّسَائِيَّ - اَخْبَرَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنِىْ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحِيْمِ حَدَّثَنِىْ زَيْدٌ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِیِّ قَالَ لَمَّا حُصِرَ عُثْمَانُ فِیْ دَارِهٖ اجْتَمَعَ النَّاسُ حَوْلَ دَارِهٖ فَاَشْرَفَ عَلَيْهِمْ وَسَاقَ الْحَدِيْثَ ۔

☆☆ یہی روایت بعض دیگر اسناد کے ہمراہ بھی منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں:

جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو ان کے گھر میں محصور کر دیا گیا تو کچھ لوگ ان کے گھر کے آس پاس اکٹھے ہوئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف جھانک کر دیکھا۔

اس کے بعد راوی نے حسبِ سابق حدیث ذکر کی ہے۔

4366- حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِیُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَسْعُوْدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِیْ اُنَيْسَةَ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِیِّ قَالَ لَمَّا حُصِرَ عُثْمَانُ اَشْرَفَ عَلَيْهِمْ مِنْ فَوْقِ دَارِهٖ فَقَالَ اُذَكِّرُكُمْ بِاللّٰهِ اَلَمْ تَعْلَمُوْا اَنَّ حِرَاءَ حِيْنَ انْتَفَضَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اثْبُتْ حِرَاءُ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ نَبِیٌّ اَوْ صِدِّيْقٌ اَوْ شَهِيْدٌ ۔قَالُوْا نَعَمْ ۔قَالَ اُذَكِّرُكُمْ بِاللّٰهِ اَلَمْ تَعْلَمُوْا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ جَهَّزَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ قَالَ مَنْ يُنْفِقُ نَفَقَةً مُتَقَبَّلَةً ۔ وَالنَّاسُ مَجْهُوْدُوْنَ مُعْسِرُوْنَ فَجَهَّزْتُ ثُلُثَ ذٰلِكَ الْجَيْشِ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ اُذَكِّرُكُمْ بِاللّٰهِ اَلَمْ تَعْلَمُوْا اَنَّ بِئْرَ رُوْمَةَ لَمْ يَكُنْ يُشْرَبُ مِنْهَا اِلَّا بِثَمَنٍ

۴۳۶۴—اخرجه النسائي (۶/۲۳۶)' و من طريقه الدارقطني هنا- و انظر الذي قبله-

۴۳۶۵—اخرجه النسائي (۶/۲۳۶) ومن طريق اخرجه الدارقطني هنا- و الحديث اخرجه الترمذي (۳۶۹۹)' و ابن خزيمة (۲۴۹۱)' و ابن حبان (۶۹۱۶)' و البيهقي (۶/۱۶۷) من طريق زيد بن ابي انيسة عن ابي اسحاق' به-وعلقه البخاري في الوصايا (۲۷۷۸) من طريق شعبة عن ابي اسحاق' به- ووصله البيهقي (۶/۱۶۷)' و المصنف كما سياتي رقم (۴۳۶۷)- و انظر الحديث التالي-

۴۳۶۶—تقدم في الذي قبله-

فَاشْتَرَيْتُهَا ثُمَّ جَعَلْتُهَا لِلْغَنِيِّ وَالْفَقِيرِ وَابْنِ السَّبِيلِ قَالُوْا نَعَمْ .فِيْ اَشْيَاءَ عَدَّدَهَا .

☆☆ ابوعبدالرحمٰن سلمی بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کومحصور کر دیا گیا تو انہوں نے اپنے گھر کی چھت سے لوگوں کی طرف جھانک کر دیکھا اور فرمایا: میں تم لوگوں کو اللہ کی یاد دلاتا ہوں' کیا تم لوگ یہ بات نہیں جانتے ہو کہ جب حرا پہاڑ ہلنے لگا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا: اے حرا! اپنی جگہ پر رہو! تمہارے اوپر ایک نبی' ایک صدیق اور ایک شہید موجود ہے۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں! تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہیں اللہ کی یاد دلاتا ہوں' کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب غزوۂ تبوک کے لیے سامان فراہم کرنا شروع کیا تھا تو آپ نے ارشاد فرمایا تھا: کون شخص ایسا خرچ کرے گا جو قبول ہوگا' تو لوگ اس وقت تنگی کا شکار تھے تو میں نے اس لشکر کو ایک تہائی سامان فراہم کیا تھا' لوگوں نے جواب دیا: ایسا ہی ہے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں آپ کو اللہ کی یاد دلا کر دریافت کرتا ہوں کہ کیا آپ لوگ یہ بات نہیں جانتے ہیں کہ رومہ کنوئیں سے پانی صرف قیمت کے عوض میں پیا جا سکتا تھا تو میں نے اسے خرید کر اسے ہر خوشحال' غریب اور مسافر کے لیے وقف کر دیا تھا تو ان لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں!

اس کے بعد حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے کچھ اور چیزوں کو بھی شمار کروایا۔

4367 - حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ وَاَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْعَلَاءِ قَالَا حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدَانُ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ اَنَّ عُثْمَانَ حِيْنَ حُصِرَ اَشْرَفَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ اَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ وَلَا اَنْشُدُ اِلَّا اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَفَرَ بِئْرَ رُوْمَةَ فَلَهُ الْجَنَّةُ . فَحَفَرْتُهَا اَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ مَنْ جَهَّزَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ فَلَهُ الْجَنَّةُ . فَجَهَّزْتُهُمْ فَصَدَّقُوْهُ بِمَا قَالَ وَقَالَ اِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَهَّزَ .

☆☆ ابوعبدالرحمٰن سلمی بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کومحصور کر دیا گیا تو انہوں نے لوگوں کی طرف جھانک کر دیکھا اور فرمایا: میں تم لوگوں کو اللہ کے نام کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں اور میں صرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو یہ واسطہ دیتا ہوں کہ کیا آپ لوگ یہ بات نہیں جانتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی: جو شخص رومہ کنوئیں کو کھدوائے گا (یعنی اسے وقف کر دے گا) اسے جنت ملے گی' تو میں نے اسے کھدوایا تھا۔ کیا تم لوگ یہ بات نہیں جانتے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی: جو شخص غزوۂ تبوک کے لیے سامان فراہم کرے گا اسے جنت ملے گی' میں نے اس کے لیے سامان فراہم کیا تھا تو ان لوگوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اس بات کی تصدیق کی۔

پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی:

جو شخص غزوۂ تبوک کے لیے سامان فراہم کرے گا۔

٤٣٦٧- علقه البخاري في صحيحه في الوصايا (٢٧٧٨) فقال: قال عبدان: اخبرني ابي ...... فذكره- و قد وصله الدارقطني هنا' والبيهقي في السنن (١٦٧/٦)- وانظر تخريج الحديث (٤٣٦٦)-

4368- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عِيسَى بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ فُرِغَ مِنْ اَرْبَعٍ الْخَلْقِ وَالْخُلُقِ وَالرِّزْقِ وَالاَجَلِ فَلَيْسَ اَحَدٌ اَكْسَبَ مِنْ اَحَدٍ وَّالصَّدَقَةُ جَائِزَةٌ قُبِضَتْ اَوْ لَمْ تُقْبَضْ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ چار چیزوں سے فارغ ہو چکا: انسان کی تخلیق‘ اس کے اخلاق‘ اس کا رزق اور اس کی موت‘ اب کسی شخص کے لیے کسی چیز کو حاصل کرنا ممکن نہیں رہا‘ صدقہ کرنا جائز ہے‘ خواہ اسے قبضے میں لیا گیا ہو یا قبضے میں نہ لیا گیا ہو۔

4369- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ وَّيَزْدَادُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكَاتِبُ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ بَشِيرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ اَنَّهُ تَصَدَّقَ بِحَائِطٍ لَهُ فَاَتٰى اَبَوَاهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا كَانَتْ قِيَمَ وُجُوهِنَا وَلَمْ يَكُنْ لَنَا مَالٌ غَيْرُهُ. فَدَعَا عَبْدَ اللّٰهِ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ قَبِلَ صَدَقَتَكَ وَرَدَّهَا عَلٰى اَبَوَيْكَ. قَالَ فَتَوَارَثْنَاهَا بَعْدَ ذٰلِكَ. هٰذَا مُرْسَلٌ. بَشِيرُ بْنُ مُحَمَّدٍ لَمْ يُدْرِكْ جَدَّهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ زَيْدٍ. وَرَوَاهُ يَحْيَى الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ فَبَيَّنَ اِرْسَالَهُ فِيْ رِوَايَتِهِ اِيَّاهُ.

☆☆ بشیر بن محمد‘ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنا باغ صدقہ کر دیا‘ ان کے والدین نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اسی پر ہم لوگ گزارا کیا کرتے تھے‘ ہمارے پاس اس کے علاوہ اور کوئی مال نہیں ہے‘ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو بلوایا اور فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہارے صدقے کو قبول کر لیا ہے اور یہ تمہارے ماں باپ کو لوٹا دیا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس کے بعد ہم اس کے وارث بنے تھے۔

4370- حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ نَهْشَلُ بْنُ دَارِمٍ التَّمِيمِيُّ وَيَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ قَالَا حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ

۴۳۶۸-تقدم بسنده و متنه رقم (۴۳۶۰)-

۴۳۶۹-اخرجه الحاكم في المستدرك (۴/۳۴۸) من طريق مسدد: ثنا عبد الوهاب بن عبد المجيد...... فذكره-واخرجه الطبراني: كما في مجمع الزوائد (۴/۲۳۶) و الديلمي: كما في كنز العمال (۱۱/ ۸۴) (۳۰۷۱۱)-و قال الحاكم: هذا الحديث' و ان كان اسناده صحيحا على شرط الشيخين فاني لاارى بشير بن محمد بن عبد الله الانصاري سمع من جده عبد الله بن زيد' و انما ترك الشيخان حديث عبد بن زيد في الاذان و الرويا التي قصها على رسول الله صلى الله عليه وسلم' بهذا الاسناد: لتقدم موت عبد الله بن زيد' فقد قيل: انه استشهد باحد- و قيل: بعد ذلك بيسير- و الله اعلم- اه-قال الذهبي: فتعين ان حديث ابي بكر بن حزم عنه منقطع- اه-وقال الهيثمي في المجمع: بشير هذا لم اجد من ترجمه' و بقية رجاله رجال الصحيح- اه- و قد اخرجه سعيد بن منصور في سننه (۲۵۱) من طريق حميد الاعرج و عبد الله بن ابي بكر: ان عبد الله بن زيد اتى النبي صلى الله عليه وسلم ...... فذكره بمعناه وهو في كنز العمال رقم (۳۰۷۱۳)- و رواية ابي بكر عن عبد الله بن زيد منقطعة: كما قال الذهبي-وسياتي من هذه الطريق رقم (۴۳۷۲)- و اخرجه الحاكم في المستدرك (۴/۳۴۷- ۳۴۸) من طريق سعيد بن ابي هلال عن ابي بكر بن محمد بن عمرو بن حزم' به مختصرا- و قال الحاكم: صحيح على شرط الشيخين' ان كان ابو بكر بن عمرو بن حزم سمعه من عبد الله بن زيد' و لم يخرجاه- اه-قلت: تعقب الذهبي بان رواية ابي بكر عن عبد الله منقطعة-

۴۳۷۰-تقدم في الذي قبله-

ح وَاَخْبَرَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ وَّيَعْقُوْبُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ الدُّوْرِیُّ قَالَا حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنِیْ بَشِيْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ اَنَّ جَدَّهٗ عَبْدَ اللّٰهِ تَصَدَّقَ بِمَالٍ لَيْسَ لَهٗ مَالٌ غَيْرُهٗ وَقَالَ ابْنُ شَبَّةَ بِمَالٍ لَمْ يَكُنْ لَهٗ غَيْرُهٗ فَجَآءَ اَبَوَاهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَا اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ تَصَدَّقَ بِمَالِهٖ وَكَانَ لَنَا وَلَهٗ فِيْهِ كَفَافٌ وَّلَيْسَ لَنَا وَلَهٗ .وَقَالَ ابْنُ شَبَّةَ وَلَمْ يَكُنْ لَنَا وَلَهٗ مَالٌ غَيْرُهٗ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَبْدِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ قَبِلَ مِنْكَ صَدَقَتَكَ . وَقَالَ حَفْصٌ قَدْ قَبِلَ اللّٰهُ صَدَقَتَكَ وَرَدَّهٗ عَلٰى اَبَوَيْكَ . فَوَرِثَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بَعْدُ مِنْ اَبَوَيْهِ .

☆☆ بشیر بن محمد بیان کرتے ہیں کہ ان کے دادا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنا مال صدقہ کر دیا' ان کے پاس اس مال کے علاوہ اور کوئی مال نہیں تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تمہارے صدقے کو تمہاری طرف سے قبول کر لیا ہے۔

یہاں پر الفاظ نقل کرنے میں راوی نے کچھ مختلف الفاظ نقل کیے ہیں (اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) اور اسے تمہارے والدین کو لوٹا دیا ہے۔

4371- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ ثَابِتٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ شَرِيْكٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ مَرْيَمَ اَخْبَرَنَا يَحْيٰى بْنُ اَيُّوْبَ حَدَّثَنِیْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ بَشِيْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهٖ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهٖ تَصَدَّقَ بِمَالِهٖ فَاَتٰى اَبَوَاهُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهٗ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ نے اپنا مال صدقہ کر دیا تو ان کے والدین نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' اس کے بعد راوی نے حسب سابق حدیث ذکر کی ہے۔

4372- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مُّحَمَّدٍ وَّعَبْدِ اللّٰهِ ابْنَیْ اَبِیْ بَكْرٍ وَّعَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهٖ جَاءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ حَائِطِیْ هٰذَا صَدَقَةٌ وَّهِیَ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى وَرَسُوْلِهٖ فَجَآءَ اَبَوَاهُ فَقَالَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَانَ قَوَامَ عَيْشِنَا فَرَدَّهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِمَا ثُمَّ مَاتَا فَوَرِثَهٗ ابْنُهُمَا بَعْدَهُمَا . وَهٰذَا اَيْضًا مُّرْسَلٌ .لِاَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهٖ تُوُفِّیَ فِیْ خِلَافَةِ عُثْمَانَ وَلَمْ يُدْرِكْهُ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ حَزْمٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا یہ باغ صدقہ ہے' یہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے نام ہے' تو ان کے والدین نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی

۴۳۷۱- تقدم برقم (۴۳۶۹)-

۴۳۷۲- تقدم برقم (۴۳۶۹)-

خدمت میں حاضر ہوئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارا گزر بسر اس باغ پر ہوتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ باغ ان دونوں کو واپس کر دیا' پھر جب ان دونوں کا انتقال ہوا تو ان کی اولاد ان کے بعد اس کی وارث بنی۔

یہ روایت ''مرسل'' ہے' اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ کا انتقال حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں ہوا تھا' ابوبکر بن حزم نامی راوی نے ان کا زمانہ نہیں پایا تھا۔

4373- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمْدَوَيْهِ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ اٰدَمَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ اَبَا بَكْرِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ يُحَدِّثُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ زَيْدٍ الَّذِىْ اُرِىَ النِّدَاءَ اَتَى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .فَذَكَرَ نَحْوَهُ.

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: یہ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ وہی ہیں جنہیں خواب میں اذان دینے کا طریقہ دکھایا گیا تھا اور پھر یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے۔

4374- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ الْمُسْتَمْلِىْ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ وَّعَمْرٍو وَيَحْيٰى وَحُمَيْدٍ سَمِعُوْا اَبَا بَكْرٍ يُخْبِرُ عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهِ الَّذِىْ اُرِىَ النِّدَاءَ جَعَلَ حَائِطًا لَهُ صَدَقَةً فَاَتَى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّىْ جَعَلْتُ حَائِطِىْ صَدَقَةً وَّهُوَ اِلَى اللّٰهِ وَاِلٰى رَسُوْلِهِ فَجَآءَ اَبَوَاهُ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَا لَمْ يَكُنْ لَنَا عَيْشٌ اِلَّا هٰذَا الْحَائِطَ فَرَدَّهُ عَلٰى اَبَوَيْهِ ثُمَّ مَاتَا فَوَرِثَهُمَا .هٰذَا اَيْضًا مُّرْسَلٌ.

☆☆ عمرو بن سلیم بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ جنہیں خواب میں اذان دینے کا طریقہ سکھایا گیا تھا' انہوں نے اپنا ایک باغ صدقہ کر دیا' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' انہوں نے عرض کی: میں نے اپنا یہ باغ صدقہ کر دیا ہے' یہ اللہ اور اس کے رسول کی نذر ہے' پھر ان کے والدین نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے۔ ان دونوں نے عرض کی کہ ہمارا گزر بسر صرف اسی باغ پر ہوتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ باغ ان کے والدین کو واپس کر دیا۔ پھر جب ان والدین کا انتقال ہوا تو ان کے ورثاء کو وہ مل گیا۔

4375- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ وَّعَمْرٌو وَحُمَيْدٌ وَّيَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ سَمِعُوْا اَبَا بَكْرٍ يُخْبِرُ عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ زَيْدٍ جَعَلَ حَائِطَهُ صَدَقَةً فَاَتَى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّىْ جَعَلْتُ حَائِطِىْ صَدَقَةً لِاٰلِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ لِاٰلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ .

☆☆ عمرو بن سلیم بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ نے اپنا باغ صدقہ کر دیا' وہ نبی اکرم صلی اللہ

۴۳۷۳-انظر السابق-

۴۳۷۴-هذه الرواية ايضا مرسلة لان عمرو بن سليم' و ان كان ثقة الا انه لم يسمع من عبد الله بن زيد-

۴۳۷۵-انظر الذي قبله-

علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' انہوں نے عرض کی: میں اپنے اس باغ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نذر کرتا ہوں (راوی کو شک ہے کہ یہاں یہ لفظ نبی استعمال ہوا ہے یا شاید رسول استعمال ہوا ہے)۔

4376- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ الْوَكِيعِيُّ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ فُلَانٍ- نَسِيَ شَيْبَانُ اسْمَهُ- اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كُلُّ شَيْءٍ هُوَ لِيْ صَدَقَةٌ اِلَّا فَرَسِيْ وَسِلَاحِيْ قَالَ وَكَانَتْ لَهُ اَرْضٌ فَقَبَضَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَهَا فِي الْاَوْفَاضِ اَوِ الْاَوْقَاصِ فَجَاءَ اَبَوَاهُ فَقَالَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَطْعِمْنَا مِنْ صَدَقَةِ ابْنِنَا فَوَاللّٰهِ مَا لَنَا شَيْءٌ . وَاِنَّا لَنَطُوْفُ مَعَ الْاَوْفَاضِ فَاَخَذَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَفَعَهَا اِلَيْهِمَا فَمَاتَا فَوَرِثَهُمَا ابْنُهُمَا الَّذِيْ كَانَ تَصَدَّقَ بِهَا فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَدَقَتِي الَّتِيْ كُنْتُ تَصَدَّقْتُ بِهَا فَدَفَعْتَهَا اِلَى وَالِدَيَّ فَمَاتَا فَحَلَالٌ هِيَ لِيْ قَالَ نَعَمْ فَكُلْهَا هَنِيْئًا مَرِيْئًا . وَهٰذَا اَيْضًا مُرْسَلٌ .وَاِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى ضَعِيْفُ الْحَدِيْثِ وَلَمْ يُدْرِكْ عُبَادَةَ وَاَبُوْ اُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى مَتْرُوْكٌ .

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ عبداللہ بن فلاں نامی صاحب (شعبان نامی راوی کو یہاں یہ لفظ بھول گیا ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میری ہر چیز صدقہ ہے سوائے میرے گھوڑے اور میرے ہتھیاروں کے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ان کی کچھ زمین بھی تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ قبضے میں لے لی اور اسے اوفاض (یعنی مختلف لوگوں کے لیے مالی مدد کے طور پر) مقرر کر دیا۔ ان کے والدین نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' انہوں نے عرض کی: ہمیں ہمارے بیٹے کے صدقہ کیے ہوئے مال میں سے کچھ کھانے کے لیے دیں' اللہ کی قسم! ہمارے پاس اس کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں ہے' ہم لوگ اوقاص کے چکر لگاتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس باغ کو لیا اور اسے ان دونوں کے حوالے کر دیا۔ پھر جب وہ دونوں فوت ہوئے تو ان کے بیٹے اس کے وارث بنے' جنہوں نے اسے صدقہ کیا تھا' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے جو چیز صدقہ کی تھی اور جو آپ نے میرے والدین کو واپس کر دی تھی تو اب ان دونوں کا انتقال ہو گیا ہے' کیا یہ میرے لیے حلال ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہاں! تم خوش ہو کر اسے کھاؤ۔

اسحاق بن يحيى: ان كان ابن يحيى بن طلحة بن عبيد الله' فهو ضعيف: كما في (التقريب)- وان كان هو ابن يحيى بن الوليد بن عبادة بن الصامت: فانه [illegible] الحال- و روايتهما عن عبادة مرسلة: كما في (جامع التحصيل) للعلائي ص (١٤٤)-و الحديث اخرجه الطبراني: كما في مجمع الزوائد ([illegible]/٣٣٦)- وقال الهيثمي (و اسحاق بن يحيى لم يدرك عبادة)- اه-

كِتَابٌ فِى الْاَقْضِيَةِ وَالْاَحْكَامِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ

کتاب: (عدالتی) فیصلوں اور احکام وغیرہ کا بیان

4377- حَدَّثَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ فَرَجِ بْنِ فَضَالَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلٰى بْنِ عَدِيٍّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ جَاءَ رَجُلَانِ يَخْتَصِمَانِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اقْضِ بَيْنَهُمَا . قَالَ وَاَنْتَ هَا هُنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ . قَالَ عَلٰى مَا اَقْضِىْ قَالَ اِنِ اجْتَهَدْتَ فَاَصَبْتَ فَلَكَ عَشَرَةُ اُجُوْرٍ وَّاِنِ اجْتَهَدْتَ فَاَخْطَاْتَ فَلَكَ اَجْرٌ وَّاحِدٌ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ دو آدمی اپنا مقدمہ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے کہا: تم ان دونوں کے درمیان فیصلہ کرو! انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کی موجودگی میں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہاں! انہوں نے عرض کی: میں کیسے فیصلہ کروں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم اجتہاد کرتے ہو اور صحیح فیصلہ کرتے ہو تو تمہیں دس اجر ملیں گے اور اگر تم اجتہاد کرنے کے بعد غلطی کر جاتے ہو تو تمہیں ایک اجر ملے گا۔

4378- حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ اِلَّا اَنَّهُ جَعَلَ مَكَانَ الْاُجُوْرِ حَسَنَاتٍ.

۴۳۷۷-اخرجه الحاكم في المستدرك (۸۸/۴) من طريق عامر بن ابراهيم الانباري: ثنا فرج ابن فضالة...... فذكره، و صحح اسناده، فتعقبه الذهبي بقوله: فيه فرج بن فضالة ضعفوه- اه-واخرجه احمد (۲۰۵/۴)، و عبد بن حميد في المنتخب (۲۹۲) عن الفرج بن فضالة عن محمد بن عبد الاعلى عن ابيه عن عبد الله بن عمرو بن العاص عن عمرو، نحوه- و في اسناده فرج بن فضالة ضعيف: كما تقدم مرارا، و هو قد اضطرب في اسناده فيما يبدو- والحديث مخالف لما في الصحيحين من حديث عمرو بن العاص - رضي الله عنه- انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: اذا حكم الحاكم فاجتهد ثم اصاب، فله اجران، و اذا حكم فاجتهد ثم اخطا، فله اجر) اخرجه البخاري (۷۳۵۲)، و مسلم (۱۷۱٦)-و الحديث له طريق آخر عن ابن عمرو: اخرجه احمد (۱۸۷/۲)- و قال الهيثمي في مجمع الزوائد (۱۹۸/۴): اخرجه احمد و الطبراني في الاوسط، و فيه سلمة بن السوم و لم اجد من ترجمه بعلم)- اه-

۴۳۷۸-اخرجه احمد في مسنده (۲۰۵/۴): ثنا هاشم، قال: ثنا الفرج...... فذكره- و في اسناده الفرج بن فضالة و هو ضعيف ايضا: كما تقدم في الذي قبله، و اخرجه الطبراني في الصغير (۵۱/۱) من طريق حفص بن سليمان عن كثير بن شنظير عن ابي العالية الرياحي عن عقبة بن عامر الجهني، به مرفوعا-وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (۱۹۸/۴) عن احمد، وقال: (روى الامام احمد باسناد رجاله رجال الصحيح الى عقبة بن عامر......)- وقال مرة اخرى بعد رواية الطبراني : (اخرجه الطبراني في الصغير و الاوسط، و فيه حفص بن سليمان الاسدي، وهو متروك- اه-تنبيه: و قع عند الطبراني في الاوسط: (ان اجتهدت فاصبت فلك حسنتان)، و عند احمد و في الصغير: (عشر حسنات)-

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے تاہم اس میں لفظ اجر کی بجائے نیکی استعمال ہوا ہے۔

4379- حَدَّثَنِي اَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ بْنِ فَضَالَةَ حَدَّثَنِي اَبِي الْفَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيْدَ الدِّمَشْقِيِّ عَنْ عُقْبَةَ- يَعْنِي ابْنَ عَامِرٍ- قَالَ جَاءَ خَصْمَانِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْتَصِمَانِ فَقَالَ لِي قُمْ يَا عُقْبَةُ اقْضِ بَيْنَهُمَا . قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنْتَ اَوْلٰى بِذٰلِكَ مِنِّي .قَالَ وَاِنْ كَانَ اقْضِ بَيْنَهُمَا فَاِنِ اجْتَهَدْتَ فَاَصَبْتَ فَلَكَ عَشَرَةُ اُجُوْرٍ وَّاِنِ اجْتَهَدْتَ فَاَخْطَاْتَ فَلَكَ اَجْرٌ وَّاحِدٌ .

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ دو آدمی اپنا مقدمہ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عقبہ! تم اُٹھو اور ان کے درمیان فیصلہ کرو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اس کے زیادہ حق دار ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم نے ان کے درمیان فیصلہ کرتے ہوئے اجتہاد سے کام لیا اور صحیح فیصلہ کیا تو تمہیں دس اجر ملیں گے اور اگر تم نے اجتہاد کرتے ہوئے غلطی کی تو تمہیں ایک اجر ملے گا۔

4380- حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ هَاشِمٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُطِيْعٍ مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيٰى عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ عَنْ اَبِي الْمُصْعَبِ الْمَعَافِرِيِّ عَنْ مُحَرَّزِ بْنِ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا قَضَى الْقَاضِي فَاجْتَهَدَ فَاَصَابَ كَانَتْ لَهُ عَشَرَةُ اُجُوْرٍ وَّاِذَا قَضٰى فَاجْتَهَدَ فَاَخْطَاَ كَانَ لَهُ اَجْرَانِ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں کہ جب کوئی شخص فیصلہ کرتے ہوئے اجتہاد کرے اور درست فیصلہ کر دے تو اسے دس اجر ملتے ہیں اور جب کوئی شخص فیصلہ کرتے ہوئے اجتہاد کرے اور غلطی کر جائے تو اسے دو اجر ملتے ہیں۔

4381- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْخَطَّابِيُّ حَدَّثَنَا الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَخْنَسِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اسْتُعْمِلَ عَلَى الْقَضَاءِ فَقَدْ ذُبِحَ بِغَيْرِ سِكِّيْنٍ .

۴۳۷۹- محمد بن الفرج بن فضالة: لم اقف على ترجمته' وقد تابعه يزيد بن هارون وغيره- انظر الذي قبله-

۴۳۸۰- في اسناده ابن لهيعة: و هو ضعيف- و محرر بن ابي هريرة: ترجم له البخاري في التاريخ الكبير (۸/ الترجمة ۲۰۱۰)' و ابن ابي حاتم في الجرح والتعديل ۸۰/ترجمة (۱۸۶۸)' و ذكره ابن حبان في الثقات (۴۶۰/۵)- وسياتي الحديث من طريق ابي سلمة عن ابي هريرة رقم (۴۲۸۵)-

۴۳۸۱- اخرجه وكيع في ادب القضاة (۸/۱) من طريق المغيرة' اخبرنا عبد الله بن سعيد ابن ابي هند...... فذكره- و اخرجه ابن ماجه (۲۳۰۸)' و احمد (۳۶۵/۲)' و الحاكم (۹۱/۴) من طريق عبد الله بن جعفر' به- وسياتي من طريق عمرو بن ابي عمرو عن سعيد رقم (۴۲۸۲)- و سياتي -ايضا- رقم (۴۳۸۳) من طريق عبد الله بن جعفر بن عبد الرحمن بن المسور بن مخرمة عن عثمان بن محمد' عن الاعرج و المقبري عن ابي هريرة-وا خرجه ابو يعلي (۲۶۱/۱۰) (۵۸۶۶)' و البيهقي (۹۶/۱۰)' و ابن وكيع في (ادب القضاة) (۹/۱) من طريق ابن ابي ذئب عن عثمان بن محمد عن سعيد بن المسيب عن ابي هريرة' به- و هو وهم' و الصواب سعيد بن ابي سعيد المقبري' كما سياتي-

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص قاضی بننا چاہتا ہو اسے چھری کے بغیر ذبح کر دیا گیا۔

4382- وَقُرِءَ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَّاَنَا اَسْمَعُ حَدَّثَكُمْ اَبُوْ كَامِلٍ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِىْ عَمْرٍو عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَلِىَ الْقَضَاءَ فَقَدْ ذُبِحَ بِغَيْرِ سِكِّيْنٍ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جس شخص کو قاضی بنا دیا جائے اسے گویا چھری کے بغیر ذبح کر دیا گیا۔

4383- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَلِيٍّ الْجَوْهَرِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ حَبِيْبٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْاَعْرَجِ وَالْمَقْبُرِىِّ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جُعِلَ قَاضِيًا فَقَدْ ذُبِحَ بِغَيْرِ سِكِّيْنٍ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جس شخص کو قاضی بنا دیا جائے اسے چھری کے بغیر ذبح کر دیا گیا۔

4384- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى وَاَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ السُّلَمِىُّ ح وَاَخْبَرَنَا ابْنُ صَاعِدٍ وَّاِسْمَاعِيْلُ الْوَرَّاقُ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجَوَيْهِ قَالُوْا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِىِّ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ فَاَصَابَ كَانَ لَهُ اَجْرَانِ وَاِذَا اجْتَهَدَ فَاَخْطَاَ كَانَ لَهُ اَجْرٌ . هٰذَا لَفْظُ النَّيْسَابُوْرِىِّ وَقَالَ ابْنُ صَاعِدٍ اِذَا قَضَى الْقَاضِىْ فَاجْتَهَدَ فَاَصَابَ فَلَهُ اَجْرَانِ فَاِذَا قَضٰى فَاَخْطَاَ فَلَهُ اَجْرٌ .

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جب کوئی فیصلہ کرنے والا شخص فیصلہ کرتے ہوئے اجتہاد کرے اور درست فیصلہ کرے تو اسے دو اجر ملتے ہیں اور جب وہ اجتہاد کرتے ہوئے غلط فیصلہ کر دے تو اسے ایک اجر ملتا ہے۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

٤٣٨٢-اخرجه ابو داود (٣٥٧١)، و الترمذي (١٣٢٥)، و البيهقي (٩٦/١٠)، و وكيع (١٣/١)، و القضاعي في مسند الشهاب (٢٩٦) من طريق نصر بن علي الجهضمي، حدثنا الفضيل بن سليمان، عن عمرو بن ابي عمرو، به- و انظر الحديث (٤٣٨١)، و انظر الحديث التالي-

٤٣٨٣-اخرجه ابو داود (٣٥٧٢)، و النسائي في الكبرى؛ كما في تحفة الاشراف (٩/رقم ١٢٩٩٥)، و احمد (٣٦٥/٢)، و البيهقي (٩٦/١٠) من طريق عبد الله بن جعفر عن عثمان بن محمد، به- وانظر الحديث (٤٣٨١، ٤٣٨٢)-

٤٣٨٤-اخرجه الترمذي (١٣٢٦)، والنسائي (٢٢٣/٨-٢٢٤)، و ابن حبان (٥٠٦٠)، و ابن الجارود في المنتقى (٩٩٦)، و ابو يعلي (٥٩٠٣)، و البيهقي (١١٩/١٠) من طريق عبد الرزاق، به- و انظر رقم (٤٣٨١)-

''جب کوئی قاضی فیصلہ کرتے ہوئے اجتہاد کرے اور درست فیصلہ کردے تو اسے دو اجر ملتے ہیں اور جب وہ فیصلہ کرتے ہوئے غلطی کر جائے تو اسے ایک اجر ملتا ہے''۔

4385- اَخْبَرَنَا اَبُوْ حَامِدٍ مُحَمَّدُ بْنُ هَارُوْنَ الْحَضْرَمِيُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا مُجَالِدُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنِيْ عَامِرٌ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ حَاكِمٍ يَحْكُمُ بَيْنَ النَّاسِ اِلَّا ابْتُعِثَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمَلَكٌ اٰخِذٌ بِقَفَاهُ حَتّٰى يُوْقِفَهُ عَلٰى شَفِيْرِ جَهَنَّمَ ثُمَّ يَلْتَفِتُ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى مُغْضَبًا فَاِنْ قَالَ اَلْقِهِ . اَلْقَاهُ فِى الْمَهْوٰى اَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا . وَقَالَ مَسْرُوْقٌ لَاَنْ اَقْضِيَ يَوْمًا بِحَقٍّ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَغْزُوَ سَنَةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ.

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو بھی حاکم لوگوں کے درمیان فیصلے کرتا ہے جب قیامت کے دن اسے زندہ کیا جائے گا تو اسے ایک فرشتہ گدی سے پکڑے گا اور اسے جہنم کے کنارے پر لے جا کر کھڑا کردے گا' پھر جب وہ فرشتہ (اس شخص پر) غصے کے عالم میں اللہ تعالیٰ کی طرف دیکھے گا تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اسے اس میں پھینک دو' تو وہ فرشتہ اسے جہنم میں پھینک دے گا جس کی گہرائی چالیس برس کی مسافت جتنی ہوگی۔

مسروق نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں اگر ایک دن حق کے مطابق فیصلے کرتا ہوں تو یہ میرے نزدیک ایک سو سال تک اللہ کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ پسندیدہ ہے۔

4386- وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْمَحَامِلِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى بْنِ اَبِيْ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اَبِيْ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ عَبَّادِ بْنِ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ ابْتُلِيَ بِالْقَضَاءِ بَيْنَ النَّاسِ فَلْيَعْدِلْ بَيْنَهُمْ فِيْ لَحْظِهِ وَاِشَارَتِهِ وَمَقْعَدِهِ .

☆☆ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جس شخص کو لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنے کی آزمائش میں مبتلا کردیا جائے تو وہ لوگوں کے درمیان انصاف سے کام لے' اپنے طرزِ عمل میں'

٤٣٨٥- اخرجه البيهقي (١٠/٨٩) من طريق الدارقطني' به- و اخرجه احمد (١/٤٢٠)' و ابن ماجه (٢٣١١) من طريق يحيى بن سعيد' به- واسناده ضعيف: لضعف مجالد بن سعيد' و قد تقدمت ترجمته- و انظر مصباح الزجاجة (٢/٢١٣)-

٤٣٨٦- اخرجه البيهقي في سننه (١٠/١٣٥) من طريق الدارقطني' وقال: هذا اسناد فيه ضعيف- و اخرجه الطبراني في الكبير (٢٣/٢٨٤) (٦٢٣) من طريق احمد بن يونس: ثنا زهير' ثنا عباد ابن كثير...... فذكره- و اخرجه ابو يعلى في مسنده (١٠/٣٦٤) (٥٨٦٧)' (١٢/٣٥٦) (٦٩٢٤)- و ذكره الحافظ في المطالب العالية (٢/٢٤٧) (٢١٢٥)' و عزاه الى ابي يعلى من طريق اسماعيل بن عياش عن عباد ابن كثير' به- و اخرجه الخطيب في تاريخه (١٤/٩٦-٩٧) من طريق عبد الله بن صالح العجلي' حدثنا زهير عن عباد ...... فذكره و اسناده ضعيف: عباد بن كثير البصري متروك الحديث' اتهمه احمد' و قد تقدمت ترجمته- و ابو عبد الله: هو مولى اسماعيل بن عبيد' قال الذهبي: لا يعرف- و الحديث ضعفه الحافظ في التلخيص (٤/٢٥٤)- و ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (٤/١٩٧)' وقال: اخرجه الطبراني في الكبير' و ابو يعلى' و فيه عباد بن كثير الثقفي' و هو متروك- اه-وذكره - ايضا- (٤/٢٠٠)' وقال: اخرجه ابو يعلى و الطبراني في الكبير باختصار' و فيه عباد بن كثير الثقفي' و هو ضعيف- اه-

اپنے اشارے میں اپنے بیٹھنے کے طریقے میں (ہر اعتبار سے انصاف سے کام لے)۔

4387- وَبِاِسْنَادِهٖ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ ابْتُلِيَ بِالْقَضَاءِ بَيْنَ النَّاسِ فَلَا يَرْفَعَنَّ صَوْتَهٗ عَلٰى اَحَدِ الْخَصْمَيْنِ مَا لَا يَرْفَعُ عَلَى الْاٰخَرِ.

☆☆ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص لوگوں کے درمیان فیصلہ کرنے کی آزمائش میں مبتلا کر دیا جائے وہ مقدمے کے دونوں فریقوں میں سے کسی کے سامنے بھی اپنی آواز بلند نہ کرے جب تک وہ دوسرے فریق کے سامنے بھی آواز بلند نہیں کرتا (یعنی دونوں کے ساتھ برابری کا برتاؤ کرے)۔

4388- وَبِاِسْنَادِهٖ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ ابْتُلِيَ بِالْقَضَاءِ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَلَا يَقْضِيَنَّ بَيْنَ اثْنَيْنِ وَهُوَ غَضْبَانُ.

☆☆ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جس شخص کو مسلمانوں کے درمیان فیصلہ کرنے کی آزمائش میں مبتلا کر دیا جائے وہ غصے کے عالم میں دو فریقوں کے درمیان فیصلہ نہ دے۔

4389- حَدَّثَنَا الْقَاضِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيْدَ الْبَحْرَانِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ صَدَقَةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنِ ابْنِ جَوْشَنٍ عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ اَنَّهٗ كَتَبَ اِلٰى ابْنِهٖ وَهُوَ قَاضِيْ سِجِسْتَانَ اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَقْضِي الْقَاضِيْ بَيْنَ اثْنَيْنِ وَهُوَ غَضْبَانُ وَلَا يَقْضِيْ فِيْ اَمْرٍ قَضَائَيْنِ.

☆☆ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ انہوں نے بجستان میں موجود اپنے بیٹے کو جو قاضی تھا، اسے خط میں یہ لکھا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: کوئی بھی قاضی دو آدمیوں کے درمیان غصے کے عالم میں فیصلہ نہ کرے اور کسی ایک معاملے میں دو فیصلے نہ دے۔

4390- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ ثَابِتٍ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعُمَرِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْضِي الْقَاضِيْ اِلَّا وَهُوَ شَبْعَانُ رَيَّانُ.

٤٣٨٧-اخرجه الطبراني في الكبير (٢٣/٢٨٥) (٦٣٢) من طريق احمد بن يونس، ثنا زهير، ثنا عباد- فذكره و انظر الذي قبله-

٤٣٨٨-اخرجه الطبراني في الكبير (٢٣/٢٨٤) (٦٢٠) من طريق اسماعيل بن عياش عن عباد بن كثير، به- وانظر الحديث (٤٣٨٦)، (٤٣٨٧)-

٤٣٨٩-اخرجه وكيع في اخبار القضاة (١/٨٢) من طريق ابراهيم بن صدقة: نا سفيان بن حسين، به-و ابراهيم بن صدقة، قال عنه الحافظ في (التقريب): صدوق و قد خالفه عليه مبشر بن عبد الله، فاخرجه عن سفيان بن حسين عن جعفر بن اياس عن عبد الرحمن بن ابي بكرة، قال: كتب ابو بكرة الى ابنه...... فذكره- (و مبشر بن عبد الله) ثقة-و ابو بشر: هو جعفر بن اياس، و ابن الجوشن...... هو عبد الرحمن بن الجوشن، روى له البخاري في الادب المفرد و اصحاب السنن- و الحديث اخرجه البخاري (٧١٥٨)، و مسلم (١٧١٧) و ابو داؤد (٣٥٨٩)، و الترمذي (١٣٣٤)، و النسائي (٨/٢٣٧، ٢٣٨)، و ابن ماجه (٢٣١٦)، وابن حبان (٥٠٦٣) من طريق عبد الملك بن عمير عن عبد الرحمن بن ابي بكرة، به-

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: فیصلہ کرنے والا شخص اس وقت فیصلہ دے جب وہ سیر ہو اور کھا پی چکا ہو (یعنی بے چینی اور بے قراری یا ذہنی انتشار کے عالم میں فیصلہ نہ دے)۔

۴۳۹۰-اخرجه الحارث بن ابي اسامة: كما في تلخيص الحبير (۲۴۷/۴) والطبراني في الاوسط (۴۶۰۳) والبيهقي في سننه (۱۰/۱۰۵-۱۰۶) والخطيب في التاريخ (۲۷۷/۶) من طريق القاسم بن عبد الله بن عمر به-قال الطبراني: لا يروى هذا الحديث عن رسول الله صلى الله عليه وسلم الا بهذا الاسناد تفرد به القاسم بن عبد الله بن عمر-قال الحافظ ابن حجر في (تلخيص الحبير): فيه القاسم العمري وهو متهم بالوضع-وقال الهيثمي في مجمع الزوائد (۱۹۸/۴): اخرجه الطبراني في الاوسط وفيه القاسم بن عبد الله بن عمر وهو متروك كذاب- الحديث ذكره الحافظ في المطالب العالية (۲۴۸/۲) (۲۱۲۷) وعزاه للحارث بن ابي اسامة-

كتاب عمر رضى الله عنه الى ابى موسى الاشعرى

باب: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے نام مکتوب

لیکن اگر کسی شخص کے تصرف کیے جانے سے پہلے کوئی چیز خریدی یا فروخت کی ہو‘ تو اگر وہ درست حالت میں ہو‘ تو میں اُس کو درست قرار دوں گا‘ لیکن اگر اس میں کوئی ایسی صورت پائی جا رہی ہو جس کی وجہ سے وہ اس بات کا مستحق ہو کر تصرف سے روک دیا جائے تو میں متعلقہ شخص کو تصرف سے روک دوں گا اور اُس کے سودے کو کالعدم قرار دے دوں گا لیکن اگر وہ ایسی چیز ہو

٤٤٧٢-اخرجه البيهقي (٦١/٦) من طريق عمرو الناقد' ثنا ابو يوسف...... فذكره-واخرجه عبد الرزاق في مصنفه (٣٦٧/٨) (١٥١٧٦)' قال: اخبرني رجل سمع هشام بن عروة يحدث عن ابيه...... فذكره-ولعل الذي ابهمه عبد الرزاق في هذا الاسناد هو الامام ابو يوسف رحمه الله- قال ابن عدي في الكامل (١٤٦/٧): ليس في اصحاب الحديث اكثر حديثا منه' الا انه يروي عن الضعفاء الكثير' مثل: الحسن بن عمارة وغيره' و هو كثيرا ما يخالف اصحابه' و يتبع الاثر اذا و جد فيه خبرا مسندا' و اذا روى عنه ثقة' وروى هو عن ثقة فلا باس' به و برواياته)- اه -وذكره ابن حبان في الثقات- قال الفلاس: صدوق كثير الغلط- و قال البخاري: تركوه- و انظر ترجمته في الميزان (٢٧٢/٧- بتحقيقنا)-و الاثر اخرجه البيهقي (٦١/٦) من طريق محمد بن القاسم الطلحي عن الزبير بن المديني قاضيهم عن هشام بن عروة عن ابيه...... فذكره نحوه-

جس میں تصرف سے روکنا ضروری نہیں ہے' میں اُس کے سودے کو درست قرار دوں گا۔

قاضی ابو یوسف کہتے ہیں: امام ابوحنیفہ نہ تو تصرف سے روکتے تھے اور نہ ہی انہوں نے تصرف سے روکنے کے بارے میں فتویٰ دیا ہے۔

4473- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِيِّ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ مَكْحُوْلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ الْيَدَ وَاللِّسَانَ.

☆☆ مکحول بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جس شخص کا حق ہو اس کا ہاتھ اور زبان ہوتی ہے۔

4474- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَبِىْ قَتَادَةَ الْمُقْرِءُ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيْسَى الْمَرْوَزِىُّ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ حَمْزَةَ عَنْ جَابِرٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَاتَ الرَّجُلُ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ اِلٰى اَجَلٍ وَّلَهُ دَيْنٌ اِلٰى اَجَلٍ فَالَّذِىْ عَلَيْهِ حَالٌّ وَّالَّذِىْ لَهُ اِلٰى اَجَلِهِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اگر کوئی شخص فوت ہو جائے اور اُس کے ذمے قرض کی ادائیگی لازم ہو اور اس نے کسی سے قرض واپس بھی لینا ہو' تو جو ادائیگی اس کے ذمے لازم ہے وہ فوری طور پر ادا کرنا ہوگی اور جو قرض اس نے لینا ہے وہ اپنے طے شدہ وقت پر وصول کیا جائے گا۔

4475- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ حَامِدٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرِ بْنِ سَيَّارٍ الرَّمَادِىُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اِنَّمَا جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشُّفْعَةَ فِىْ كُلِّ مَا لَمْ يُقْسَمْ فَاِذَا قُسِمَ وَوَقَعَتِ الْحُدُوْدُ وَصُرِّفَتِ الطُّرُقُ فَلَا شُفْعَةَ.

۴۴۷۳- تفرد به الدارقطني و هو مرسل' و اخرجه ابن عدي في الكامل (۶/۲۷۸) من طريق محمد بن معاوية' ثنا بقية عن محمد بن زياد عن ابي عتبة الخولاني' به مرفوعا- قال ابن طاهر في ذخيرة الحفاظ (۴/۱۹۳۷): هذا منكر- و محمد معاوية: متروك الحديث- اه- لكن للبخاري و مسلم من حديث ابي هريرة انه قال لاصحابه في حق الرجل الذي جاء يتقاضاه: (دعوه؛ فان لصاحب الحق مقالا)-

۴۴۷۴- ابو حمزة: هو السكري' و اسمه: محمد بن ميمون' و هو ثقة فاضل- لكن جابر: هو ابن يزيد الجعفي و هو ضعيف رافضي' تقدمت ترجمته-

۴۴۷۵- اخرجه عبد الرزاق في مصنفه (۸/۷۹) (۱۴۳۹۱)' و من طريقه البخاري في صحيحه (۲۲۱۳)' و ابو داود (۳۵۱۴)' و الترمذي (۱۳۷۰)' و ابن ماجه (۲۴۹۹)' و احمد (۳/۲۹۶)' و عبد بن حميد (۱۰۸۰)' و ابن الجارود (۶۴۳)' و الطحاوي في (شرح المعاني) (۴/۱۲۲)' و ابن حبان (۵۱۸۴)' و البيهقي (۶/۱۰۲' ۱۰۳)- و اخرجه البخاري (۲۴۹۵)' (۶۹۷۶)' و النسائي (۷/۳۲۱)' و البغوي في شرح السنة (۲۱۷۱) من طرقه عن معمر' به- و اخرجه بنحوه الطيالسي في مسنده (۱۶۹۱)' و احمد (۳/۳۷۲)' و البيهقي (۶/۱۰۳) من طريق صالح بن ابي الاخضر عن الزهري' به- واخرجه البيهقي (۶/۱۰۳) من طريق يحيى بن ابي كثير عن ابي سلمة' به- قال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح' و قد اخرجه بعضهم مرسلا عن ابي سلمة عن النبي صلى الله عليه وسلم - وهو كذلك عند مالك في الموطا (۲/۷۱۳)' و النسائي (۷/۳۲۱)' و اخرجه البيهقي (۶/۱۰۳) من طريق سعيد و ابي سلمة عن النبى صلى الله عليه وسلم مرسلا ايضا- ووصله زيادة ثقة مقبولة- و الله اعلم-

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ''شفعہ'' کا حق ہر اس چیز کے بارے میں مقرر کیا ہے جو تقسیم نہ کی گئی ہو جس کو تقسیم کر دیا گیا ہو اور اُس میں حدود کا تعین کر لیا گیا ہو راستے الگ ہو چکے ہوں تو اس میں شفعہ نہ ہوگا۔

4476- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ وَعُمَرُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الشَّيْبَانِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَعْمَرٍ - هُوَ اَخُو اَبِیْ مَعْمَرٍ الْقَطِيعِيِّ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْوَاسِطِيُّ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجَازَ شَهَادَةَ الْقَابِلَةِ .مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ لَمْ يَسْمَعْهُ مِنَ الْاَعْمَشِ بَيْنَهُمَا رَجُلٌ مَجْهُولٌ .

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (بچے کی پیدائش کے وقت موجود) دائی کی گواہی کو برقرار رکھا تھا۔

4477- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْفَضْلِ وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَطَرٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَدَائِنِيِّ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجَازَ شَهَادَةَ الْقَابِلَةِ.

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (بچے کی پیدائش کے وقت موجود) دائی کی گواہی کو برقرار رکھا تھا۔

4478- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقْبَةَ الشَّيْبَانِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّوَّافُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَيْمُوْنٍ حَدَّثَنَا عَائِذُ بْنُ حَبِيبٍ عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُجَيٍّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ شَهَادَةُ الْقَابِلَةِ جَائِزَةٌ عَلَى الْاِسْتِهْلَالِ .

٤٤٧٦-اعله الدارقطني هنا بالانقطاع بين محمد بن عبد الملك و الاعمش' ثم اخرجه في الحديث التالي من طريق محمد بن عبد الملك عن ابي عبد الرحمن المدائني عن الاعمش عن ابي وائل عن حذيفة' به مرفوعا-وقال صاحب (التنقيح)- كما في نصب الراية (٤/ ٨٠-٨١)-: (هو حديث باطل لا اصل له- انتهى)- ثم ثم قال الزيلعي: (واسند البيهقي في (المعرفة) الى الشافعي' قال: جرت بيني و بين محمد ابن الحسن مناظرة' عند هارون الرشيد' فقلت له: اي شيء اخذت في شهادة القابلة و حدها! قال : بقول علي بن ابي طالب' فقلت له: انما اخرجه عن علي رجل مجهول يقال له: عبد الله بن يحيى' و الذي اخرجه عن ابن يحيى جابر الجعفي' و كان يومن بالرجعة' قال البيهقي: و اخرجه سويد بن عبد العزيز بن غيلان بن جامع عن عطاء بن ابي مروان عن ابيه عن علي 'وسويد هذا ضعيف- وروى محمد بن عبد الملك الواسطي عن ابي عبد الرحمن المدائني عن الاعمش عن ابي وائل عن حذيفة ان النبي صلى الله عليه وسلم اجاز شهادة القابلة- و هذا لا يصح' قال ابو الحسن الدارقطني فيما اخبرني ابو عبد الرحمن السلمي عنه: ابو عبد الرحمن المدائني مجهول- و قال اسحاق بن راهويه: لو صح حديث علي في القابلة لقلنا به' ولكن في سنده خلل- انتهى)- اه-

٤٤٧٧-راجع الذي قبله-

٤٤٧٨-ابان بن تغلب: شيعي جلد' لكنه ثقة تقدمت ترجمته- وقد اخرجه عبد الرزاق في مصنفه؛ كما في نصب الراية (٤/ ٨٠) قال: اخبرنا الثوري عن جابر الجعفي عن عبد الله بن نجي ان عليا اجاز شهادة المراة القابلة وحدها في الاستهلال-قال الزيلعي: و هذا سند ضعيف: فان الجعفي و ابن نجي فيهما مقال- اه-(تنبيه): و قع في نصب الراية (عبيد الله بن يحيى) و هو خطا من الناسخ- و الله اعلم-

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: بچے کی پیدائش کے بارے میں دائی کی گواہی قبول کی جائے گی۔

4479- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْبَلَدِيُّ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ أَجَازَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهَادَةَ رَجُلٍ وَامْرَأَتَيْنِ فِي النِّكَاحِ .

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح میں ایک مرد اور دو خواتین کی گواہی کو قبول کیا تھا۔

4480- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَحْرٍ الْعَطَّارُ بِالْبَصْرَةِ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ خَلِيفَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ خِلَاسٍ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّهُ فَرَضَ لِامْرَأَةٍ وَخَادِمِهَا اثْنَيْ عَشَرَ دِرْهَمًا لِلْمَرْأَةِ ثَمَانِيَةٌ وَلِلْخَادِمِ أَرْبَعَةٌ وَدِرْهَمَانِ مِنَ الثَّمَانِيَةِ لِلْقُطْنِ وَالْكَتَّانِ.

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے کہ انہوں نے بارہ درہم کی ادائیگی (شوہر پر) لازم قرار دی تھی۔ عورت کو (خرچ کے طور پر شوہر کی طرف سے) آٹھ درہم ملیں گے اور خادم کو چار درہم ملیں گے (عورت کے) آٹھ میں سے دو درہم روئی اور ریشم کے لیے ہوں گے۔

4481- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَأَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ.

وَقَتَادَةَ وَحُمَيْدٍ وَسِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَجُلًا أَعْتَقَ سِتَّةَ مَمْلُوكِينَ لَهُ عِنْدَ مَوْتِهِ لَيْسَ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُمْ فَأَقْرَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمْ فَأَعْتَقَ اثْنَيْنِ وَرَدَّ أَرْبَعَةً فِي الرِّقِّ.

۴۴۷۹- في اسناده بقية بن الوليد' و هو مدلس- و الحجاج بن ارطاة فيه مقال- و عطاء لم يصح سماعه من عمر- وقد اخرجه عبد الرزاق في (مصنفه)؛ كما في (نصب الراية) (۸۱/۴): اخبرنا ابراهيم بن ابي يحيى الاسلمي' اخبرني اسحاق عن ابن شهاب ان عمر بن الخطاب اجاز شهادة امراة في الاستهلال-وابراهيم بن ابي يحيى متروك تقدمت ترجمته مرارا-

۴۴۸۰- في اسناده حجاج بن ارطاة' و هو ضعيف' و كذلك قتادة ثقة' لكنه مدلس معروف بالتدليس' و لم يسمع من علي- قال العلائي في جامع التحصيل ص (۱۷۲-۱۷۳): قال الامام احمد: كان يحيى بن سعيد لا يحدث عن قتادة عن خلاس (يعني: كانه لم يسمع منه) و كان يحدث عن قتادة عنه عن عمار وغيره- كانه يتوقي حديثه من علي فقط- و يقول ليس هي صحاحا او لم يسمع منه- و قال احمد في موضع آخر: روايته عن علي -رضي الله عنه- من كتاب' و كذا قال ابو حاتم يقال: وقعت عنده صحف عن علي- و قال ابو داود: لم يسمع من علي رضي الله عنه- اه-

۴۴۸۱- اخرجه البيهقي في سننه (۲۸۶/۱۰) من طريق عبد الاعلى بن حماد' به-واخرجه النسائي في الكبرى (۱۸۷/۳) (۴۹۷۷) من طريق حماد بن سلمة عن ايوب عن محمد بن سيرين عن عمران بن حصين و قتادة و حميد و سماك بن حرب عن الحسن عن عمران' به- و اخرجه مسلم (۱۶۶۸) من طريق هشام بن حسان عن محمد بن سيرين عن عمران بن حصين' به-واخرجه ابو داود (۳۹۶۱)' و احمد (۴۲۸/۴' ۴۴۵)' و النسائي في الكبرى (۴۹۷۸) من طرق عن ابن سيرين' به-و اخرجه احمد (۴۲۸/۴' ۴۳۰' ۴۳۹' ۴۴۰' ۴۴۵' ۴۴۶)' و النسائي (۶۴/۴)' و البيهقي في الكبرى (۲۸۶/۱۰) من طريق عن الحسن البصري عن عمران' به-و للحديث طريق آخر عن ابي المهلب عن عمران' سياتي في الحديث التالي-

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے مرتے وقت چھ غلام آزاد کر دیئے' اُس شخص کے پاس اُن غلاموں کے علاوہ کوئی مال نہیں تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن غلاموں کی قرعہ اندازی کی' ان میں سے دو غلاموں کو آزاد کر دیا اور باقی چار کو غلامی میں برقرار رکھا۔

4482- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَخْتَرِيِّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ نَصْرٍ الْقُومِسِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ.

وَعَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِي الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ تُوُفِّيَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فَتَرَكَ سِتَّةَ اَعْبُدٍ لَيْسَ لَهُ غَيْرُهُمْ فَاَعْتَقَهُمْ جَمِيْعًا عِنْدَ مَوْتِهِ فَرُفِعَ ذٰلِكَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَزَّاَهُمْ ثَلَاثَةَ اَجْزَاءٍ ثُمَّ اَقْرَعَ بَيْنَهُمْ فَاَعْتَقَ الثُّلُثَ وَاَرَقَّ الثُّلُثَيْنِ.

قَالَ وَاَخْبَرَنِي اللَّيْثُ عَنْ جَرِيْرٍ عَنِ الْحَسَنِ وَلَا اَعْلَمُهُ اِلَّا عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ مِثْلَ ذٰلِكَ.

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انصار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص فوت ہو گیا' اس نے ترکہ میں چھ غلام چھوڑے' اُس شخص کے پاس ان غلاموں کے علاوہ کوئی مال نہیں تھا' اس شخص نے مرتے وقت ان تمام غلاموں کو آزاد کر دیا' یہ مقدمہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں تین حصوں میں تقسیم کیا' ان کے درمیان قرعہ اندازی کی' ایک تہائی حصے کو آزاد قرار دیا اور دو تہائی کو غلام رہنے دیا (یعنی دو کو آزاد کر دیا اور چار کو غلام رہنے دیا)۔

4483- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمْدَوَيْهِ الْمَرْوَزِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَمَّادٍ الْاٰمُلِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ تَوْبَةَ بْنِ نَمِرٍ عَنْ جَعْفَرٍ الدِّمَشْقِيِّ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ اَعْتَقَ رَجُلٌ سِتَّةَ اَرْؤُسٍ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُمْ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ ثُمَّ اَسْهَمَ عَلَيْهِمْ فَاَخْرَجَ ثُلُثَهُمْ.

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے چھ غلام آزاد کر دیئے' اس کے پاس اُن غلاموں کے علاوہ کوئی مال نہیں تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں اطلاع ملی تو آپ اُس پر شدید ناراض ہوئے' پھر آپ نے ان کے حصے کر کے ان کو ایک تہائی دیا (یعنی دو غلاموں کو آزاد کر دیا)۔

4484- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمَالِكِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّيْمِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ

۴۴۸۲-اخرجه مسلم (۱۶۶۸)' و ابو داود (۳۹۵۸) و (۳۹۵۹)' و النسائي في الكبرى (۳/۱۸۷) (۴۹۷۴)' و ابن ماجه (۲۳۴۵)' و احمد (۴/۴۳۶)' و ابن حبان (۴۵۴۲)' و البيهقي (۱۰/ ۲۸۵) من طرق عن ابي قلابة عن ابي المهلب عن عمران بن حصين' به- وانظر الذي قبله-

۴۴۸۳-اسناده حسن؛ عمرو بن الحارث: هو المصري المعروف' روى له الجماعة- و توبة ابن نمير ترجمته في التاريخ الكبير (۲/۱۵۶)' و الجرح و التعديل (۲/۴۴۶)' و لم يذكرا فيه جرحا و لا تعديلا- و قال الدارقطني في المؤتلف و المختلف (۱/۳۰۷-۳۰۸): كان فاضلا عابدا- وجعفر الذي يروي عن القاسم هو جعفر بن محمد الصادق-

هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ عُثْمَانَ سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْحَنَّاطُ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ وَّاَبُوْ مُعَاوِيَةَ وَاللَّفْظُ لِاَبِىْ مُعَاوِيَةَ قَالَا حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ جَاءَتْ هِنْدُ بِنْتُ عُتْبَةَ امْرَاَةُ اَبِىْ سُفْيَانَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ شَحِيْحٌ وَّاِنَّهُ لَا يُعْطِيْنِىْ مَا يَكْفِيْنِىْ وَيَكْفِىْ بَنِىَّ اِلَّا اَنْ اٰخُذَ وَهُوَ لَا يَعْلَمُ فَهَلْ عَلَىَّ جُنَاحٌ فِىْ ذٰلِكَ قَالَ خُذِىْ مَا يَكْفِيْكِ وَيَكْفِىْ بَنِيْكِ بِالْمَعْرُوْفِ .

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ہند بنت عتبہ جو ابوسفیان کی اہلیہ تھیں' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ابوسفیان ایک کنجوس آدمی ہیں' وہ مجھے اتنا خرچ نہیں دیتے ہیں جو میرے یا میرے بچوں کے لیے کافی ہو' تو مجھے ان کی لاعلمی میں نکالنا پڑتا ہے' کیا اس بارے میں مجھ پر گناہ ہوگا؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اتنا حاصل کرلیا کرو جو تمہارے اور تمہاری اولاد کے لیے مناسب طریقے سے کافی ہو۔

4485- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِىُّ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِىْ زِيَادٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهٖ حُرُمُ اللّٰهِ حَرَّمَهَا يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ وَوَضَعَ هٰذَيْنِ الْجَبَلَيْنِ لَمْ تَحِلَّ لِاَحَدٍ قَبْلِىْ وَلَاتَحِلُّ لِاَحَدٍ بَعْدِىْ وَلَمْ تَحِلَّ لِىْ اِلَّا سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ اَنْ لَّا يُخْضَدَ شَوْكُهَا وَلَايُنَفَّرَ صَيْدُهَا وَلَايُخْتَلٰى خَلَاهَا وَلَاتُرْفَعَ لُقَطَتُهَا اِلَّا لِمُنْشِدٍ . فَقَالَ الْعَبَّاسُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَهْلَ مَكَّةَ لَا صَبْرَ لَهُمْ عَنِ الْاِذْخِرِ لِقَيْنِهِمْ وَاَبْدَانِهِمْ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا الْاِذْخِرَ .

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: یہ اللہ تعالیٰ کا "حرم" ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے اُس دن قابل احترام قرار دیا تھا۔ جس دن آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا تھا۔ اُس نے یہاں یہ دو پہاڑ رکھے ہیں' مجھ سے پہلے کسی بھی شخص کے لیے یہاں (جنگ و جدال) کرنا حلال نہیں ہوا اور میرے بعد بھی کسی کے لیے حلال نہیں ہوگا۔ میرے لیے بھی یہ دن کے ایک مخصوص حصے میں حلال ہوا ہے۔ یہاں کے کانٹے کو توڑا نہیں جائے گا' یہاں کے شکار کو بھگایا نہیں جائے گا' یہاں کی گھاس کو کاٹا نہیں جائے گا' یہاں کی گری ہوئی چیز کو اُٹھایا نہیں جائے گا' البتہ اعلان کرنے کے لیے اٹھایا جاسکتا ہے۔

٤٤٨٤- اخرجه البخاري (٢٢١١) (٢٤٦٠) (٣٨٢٥) (٥٣٥٩) (٥٣٧٠) (٦٦٤١) (٧١٦١) (٧١٨٠) و مسلم (١٧١٤) و ابو داود (٣٥٣٢، ٣٥٣٣) و الترمذي (٢٢٩٣) و النسائي (٢٤٦/٨) و ابو يعلي (٤٦٣٦) و ابن حبان (٤٢٥٥) و البيهقي (١٠/١٤١، ٢٧٠) و البغوي (٢١٤٩) (٢٣٩٧) منطرق عن عروة بن الزبير عن عائشة ' به-

٤٤٨٥- اخرجه ابن ابي شيبة في مصنفه (٤٠٧/٧) (٣٦٩٢٤): حدثنا محمد بن فضيل عن يزيد...... فذكره-و يزيد: هو ابن ابي زياد' قال الحافظ في (التقريب): ضعيف' كبر فتغير' و صار يتلقن' و كان شيعيا-لكن تابعه منصور: و هو ابن المعتمر' اخرجه احمد في مسنده (٢٦٦/١) قال: حدثنا زياد بن عبد الله' حدثنا منصور عن مجاهد...... فذكره-واصل الحديث اخرجه البخاري (١٥٨٧) (١٨٣٣) (٣١٨٩) و مسلم (١٣٥٣) و ابو داود (٢٠١٨) و النسائي (٢٠٣/٥) و ابن حبان (٣٧٢٠) و غيرهم من طرق عن منصور عن مجاهد عن طاوس عن ابن عباس مرفوعا' و هو الصواب الذي اخرجه الحفاظ عن منصور-

حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! مکہ کے رہنے والے لوگ اذخر استعمال کیے بغیر نہیں رہ سکتے۔ اسے سنار بھی استعمال کرتے ہیں اور گھروں میں بھی استعمال ہوتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اذخر کا حکم مختلف ہے (یعنی اسے کاٹنے کی اجازت ہے)۔

4486- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمِصْرِيُّ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَهْمِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ وَرَبِيعَةُ عَنْ يَزِيدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اللُّقَطَةِ الذَّهَبِ وَالْوَرِقِ قَالَ اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَهَا وَعَرِّفْهَا سَنَةً فَإِنْ لَمْ تَعْرِفْ فَاسْتَعِنْ بِهَا وَلْتَكُنْ وَدِيعَةً عِنْدَكَ فَإِنْ جَاءَ لَهَا طَالِبٌ يَوْمًا مِنَ الدَّهْرِ فَأَدِّهَا إِلَيْهِ . وَسَأَلَهُ عَنْ ضَالَّةِ الْإِبِلِ قَالَ مَا لَكَ وَمَا لَهَا دَعْهَا فَإِنَّ مَعَهَا حِذَاءَهَا وَسِقَاءَهَا تَرِدُ الْمَاءَ وَتَأْكُلُ الشَّجَرَ حَتَّى يَجِدَهَا رَبُّهَا . وَسَأَلَهُ عَنِ الشَّاةِ فَقَالَ خُذْهَا فَإِنَّهَا لَكَ أَوْ لِأَخِيكَ أَوْ لِلذِّئْبِ .

☆☆ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے گرے ہوئے (ملنے والے) سونے یا چاندی کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس (تھیلی) کے منہ پر بندھے ہوئے دھاگے کے نشان کو یاد رکھو اور ایک سال تک اُس کا اعلان کرو اگر پتا نہ چل سکے تو اُس کو استعمال کرلو یہ تمہارے پاس ودیعت کے طور پر رہے گی کسی بھی زمانے میں کسی بھی وقت اگر اس کا مالک آ گیا تو تم اس کو ادا کردو گے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے گم شدہ اونٹ کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارا اس کے ساتھ کیا واسطہ ہے! اُسے وہیں پر رہنے دو اس کا پیٹ اُس کے پاؤں اُس کے ساتھ ہیں وہ خود پانی تک پہنچ جائے گا اور پتے کھالے گا' یہاں تک کہ اس کا مالک اُس کو پالے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے (گم شدہ) بکری کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا: یا وہ تمہیں ملے گی یا تمہارے کسی بھائی کو ملے گی یا پھر بھیڑیے کو مل جائے گی۔

4487- حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ مِهْرَانَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ وَيَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ ضَالَّةِ الْإِبِلِ فَقَالَ مَعَهَا سِقَاؤُهَا وَحِذَاؤُهَا تَرِدُ الْمَاءَ وَتُصِيبُ الشَّجَرَ فَلَا تَعْرِضْ لَهَا وَسُئِلَ عَنْ ضَالَّةِ الْغَنَمِ فَقَالَ لَكَ أَوْ لِأَخِيكَ أَوْ لِلذِّئْبِ فَخُذْهَا .

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنا دادا کا یہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے گم شدہ

٤٤٨٦- اخرجه البخاري في صحيحه (٩١) (٢٣٧٢) (٢٤٢٨) (٢٤٢٩) (٢٤٣٦) (٢٤٣٨) (٥٢٩٢) (٦١١٢) و مسلم (١٧٢٢) و ابو داود (١٧٠٤) (١٧٠٥) (١٧٠٧) (١٧٠٨) و الترمذي (١٣٧٢) و ابن ماجه (٢٥٠٤) و احمد (٤/١١٦، ١١٧) من طريق عن يزيد مولى المنبعث...... فذكره، و اخرجه احمد (٤/١١٦) (٥/١٩٣) و مسلم (١٧٢٢) و ابو داود (١٧٠٦) و الترمذي (١٣٧٣) و ابن ماجه (٢٥٠٧) و النسائي في الكبرى؛ كما في (التحفة) (٣/٢٣٠- ٢٣١) و ابن حبان (٤٨٩٥) و ابن الجارود (٦٦٩) و الطبراني في الكبير (٥٢٣٧) (٥٢٢٨) و البيهقي (٦/١٩٢، ١٩٣) من طريق بسر بن سعيد عن زيد بن خالد-

٤٤٨٧- تقدم في الحدود رقم (٣٣٨٦)-

اونٹ کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: اس کا پیٹ اس کے پاؤں اُس کے ساتھ ہیں' وہ خود ہی پانی تک پہنچ جائے گا۔ اور درخت کے (پتے) کھالے گا' تم اس کی فکر مت کرو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے گم شدہ بکری کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ تمہیں ملے گی یا تمہارے کسی بھائی کو ملے گی یا بھیڑیا لے جائے گا' تو تم اُسے پکڑ لو۔

4488- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ الْجُنَيْدِ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَحْيٰى عَنْ حِبَّانَ بْنِ اَبِىْ جَبَلَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ اَحَدٍ اَحَقُّ بِمَالِهٖ مِنْ وَالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ .

☆☆ حضرت حبان بن ابوجبلہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ہر شخص اپنے مال کا' اپنے والدین' اپنی اولاد اور دیگر تمام لوگوں کے مقابلے میں زیادہ حق دار ہوتا ہے۔

4489- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِىْ اِسْرَائِيْلَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ يَزِيْدَ قَالَ سُفْيَانُ وَاَنَا لِحَدِيْثِ يَحْيٰى اَحْفَظُ قَالَ سُفْيَانُ فَذَكَرْتُهُ لِرَبِيْعَةَ بْنِ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَحَدَّثَنِىْ عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ اَتٰى رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا تَقُوْلُ فِىْ ضَالَّةِ الْاِبِلِ فَغَضِبَ وَاحْمَرَّتْ وَجْنَتَاهُ فَقَالَ مَا لَكَ وَلَهَا مَعَهَا الْحِذَاءُ وَالسِّقَاءُ تَرِدُ الْمَاءَ وَتَاْكُلُ الشَّجَرَ حَتّٰى يَاْتِيَهَا رَبُّهَا . قَالَ فَضَالَّةُ الْغَنَمِ قَالَ خُذْهَا هِىَ لَكَ اَوْ لِاَخِيْكَ اَوْ لِلذِّئْبِ .

☆☆ حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اس نے عرض کی: آپ گم شدہ اونٹ کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غصے میں آ گئے' آپ کے رخسار سرخ ہو گئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا اُس کے ساتھ کیا واسطہ ہے! اس کے پاؤں اور اس کا پیٹ اس کے ساتھ ہے۔ وہ خود ہی پانی تک پہنچ جائے گا اور درختوں سے پتے کھالے گا' یہاں تک کہ اُس کا مالک اُس تک آ جائے گا۔ اُس نے عرض کی: پھر آپ گم شدہ بکری کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اُسے پکڑ لو' کیونکہ یا وہ تمہیں ملے گی یا تمہارے کسی بھائی کو ملے گی یا پھر بھیڑیئے کو مل جائے گی۔

4490- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِىُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ وَهِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ رَجُلًا مِنْ

۴۴۸۸- اخرجه البيهقي (۱۰/۳۱۹) من طريق الدارقطني' به- و قال البيهقي: هذا مرسل حبان بن ابي جبلة القرشي من التابعين- اه- ورمز السيوطي في الجامع الصغير (۶۲۷۱) لصحته و تعقبه المناوي في الفيض (۵/۹) بقوله: و هو ذهول او قصور' فقد استدرك عليه الذهبي في المهذب فقال: قلت: لم يصح مع انقطاعه- اه- اخرجه البيهقي (۶/۱۷۸) من طريق سعيد بن ابي ايوب عن بشير بن ابي سعيد عن عمر بن المنكدر مرفوعا مرسلا' دون قوله: (من والده...... الخ) الحديث ضعفه الالباني في الضعيفة رقم (۲۵۹)-

۴۴۸۹- تقدم تخريجه من هذا الطريق في رقم (۴۴۸۶)-

۴۴۹۰- تقدم في الحدود رقم (۳۳۸۶)' و انظر رقم (۴۴۸۷)-

مُزَيْنَةَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَرٰى فِي حَرِيْسَةِ الْجَبَلِ قَالَ هِيَ وَمِثْلُهَا وَالنَّكَالُ لَيْسَ فِي شَيْءٍ مِنَ الْمَاشِيَةِ قَطْعٌ اِلَّا مَا اٰوَاهُ الْمُرَاحُ فَبَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ فَفِيْهِ قَطْعُ الْيَدِ وَمَا لَمْ يَبْلُغْ ثَمَنَ الْمِجَنِّ فَفِيْهِ غَرَامَتُهُ وَجَلَدَاتُ نَكَالٍ . قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَرٰى فِي الثَّمَرِ الْمُعَلَّقِ قَالَ هُوَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ وَالنَّكَالُ وَلَيْسَ فِي شَيْءٍ مِنَ الثَّمَرِ الْمُعَلَّقِ قَطْعٌ اِلَّا مَا اٰوَاهُ الْجَرِيْنُ فَمَا اُخِذَ مِنَ الْجَرِيْنِ فَبَلَغَ ثَمَنَ الْمِجَنِّ فَفِيْهِ الْقَطْعُ وَمَا لَمْ يَبْلُغْ ثَمَنَ الْمِجَنِّ فَفِيْهِ غَرَامَتُهُ وَجَلَدَاتُ نَكَالٍ . قَالَ فَكَيْفَ تَرٰى فِيْمَا يُوْجَدُ فِي الطَّرِيْقِ الْمِيْتَاءِ وَفِي الْقَرْيَةِ الْمَسْكُوْنَةِ قَالَ عَرِّفْهُ سَنَةً فَاِنْ جَاءَ بَاغِيْهِ فَادْفَعْهُ اِلَيْهِ وَاِلَّا فَشَاْنُكَ بِهٖ فَاِنْ جَاءَ طَالِبُهَا يَوْمًا مِنَ الدَّهْرِ فَاَدِّهَا اِلَيْهِ وَمَا كَانَ فِي الطَّرِيْقِ غَيْرِ الْمِيْتَاءِ وَالْقَرْيَةِ غَيْرِ الْمَسْكُوْنَةِ فَفِيْهِ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ . قَالَ كَيْفَ تَرٰى فِي ضَالَّةِ الْغَنَمِ قَالَ طَعَامٌ مَاْكُوْلٌ لَكَ اَوْ لِاَخِيْكَ اَوْ لِلذِّئْبِ احْبِسْ عَلٰى اَخِيْكَ ضَالَّتَهُ . قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَرٰى فِي ضَالَّةِ الْاِبِلِ قَالَ مَا لَكَ وَلَهَا مَعَهَا حِذَاؤُهَا وَسِقَاؤُهَا وَلَا يُخَافُ عَلَيْهَا الذِّئْبُ تَاْكُلُ الْكَلَاَ وَتَرِدُ الْمَاءَ دَعْهَا حَتّٰى يَاْتِيَ طَالِبُهَا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مزینہ قبیلے سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر کوئی شخص رسی چرالیتا ہے' تو اس بارے میں آپ کیا ارشاد فرماتے ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس اور اس طرح کی (دوسری چیزوں) میں سزا دی جائے گی۔ کسی جانور کی چوری پر ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا' البتہ جس جانور کو حفاظت کے ساتھ رکھا گیا ہو اس کو چُرانے' پر ہاتھ کاٹا جائے گا' جس کی قیمت ڈھال کی قیمت کی جتنی ہوگی' اس صورت میں ہاتھ کاٹا جائے گا' اگر اُس کی قیمت کم ہوگی تو اس صورت میں تاوان وصول کیا جائے گا اور ساتھ کوڑے لگائے جائیں گے۔ اس شخص نے دریافت کیا: درخت پر لگے ہوئے پھل کو چوری کرنے کا کیا حکم ہو گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس طرح کی چیز کی چوری پر کوڑے لگائے جائیں گے' درخت پر لگے پھل کو چوری کرنے پر ہاتھ نہیں کاٹے جائیں گے۔ اگر پھل کو کسی جگہ سکھانے کے لیے رکھا ہوا اور وہاں سے چوری ہو' تو پھر ہاتھ کاٹا جائے گا۔

اس لیے وہاں سے چُرایا گیا پھل اگر ڈھال کی قیمت جتنا ہوگا تو ہاتھ کاٹا جائے گا' لیکن اگر اتنی قیمت نہ ہوگی تو ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔ اس نے عرض کی: جو چیز راستے میں یا کسی رہائشی علاقے میں سے چرائی جاتی ہے' تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟ یا کوئی چیز گری ہوئی ملتی ہے؟ تو اس کے بارے میں کیا حکم ہوگا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سال بھر اُس کا اعلان کرتے رہو' اگر اس کا مالک آجائے تو اُسے ادا کردو' ورنہ اسے استعمال کرلو' اُس کا مالک جس وقت بھی تمہارے پاس آئے گا' تم اُسے ادا کرو گے' اگر کوئی چیز غیر آباد بستی میں یا انجان راستے میں سے ملے' اس میں زمین سے نکلنے والے خزانے میں پانچویں حصے کی ادائیگی کا حکم ہے۔

اس شخص نے دریافت کیا: اگر گم شدہ بکری ملتی ہے' تو اُسے بارے میں آپ کا کیا حکم ہے؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ تمہیں ملے گی یا تمہاری کسی بھائی کو ملے گی یا بھیڑیے کو مل جائے گی' اس لیے اُسے اپنے بھائی کی گم شدہ چیز کے طور

پر سنبھال لو۔ اس شخص نے عرض کی: گم شدہ اونٹ کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کو کوئی پروا نہیں ہے' اُس کا پیٹ اور اس کا پاؤں اُس کے ساتھ ہے' وہ خود کھالے گا' پانی پی لے گا' یہاں تک کہ اُس کا مالک اس تک پہنچ جائے گا۔

4491- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ حَبِيْبٍ الزَّرَّادُ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُتْبَةَ اَحْمَدُ بْنُ الْفَرَجِ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ لَيْلٰى عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لِقَاتِلٍ وَّصِيَّةٌ. مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ مَتْرُوْكُ الْحَدِيْثِ يَضَعُ الْاَحَادِيْثَ.

☆☆ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: قاتل کے لیے وصیت نہیں کی جاسکتی۔

4492- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدَانَ الْعَرْزَمِىُّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَافِرِىْ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِىُّ عَنْ اَبِىْ مَرْوَانَ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَاَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ لِقَاتِلٍ مِيْرَاثٌ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: قاتل کو وراثت نہیں ملتی۔

4493- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوْبَ ح وَاَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ قَالَا حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ لَيْسَ لِلْقَاتِلِ مِنَ الْمِيْرَاثِ شَىْءٌ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قاتل کو وراثت میں سے کچھ نہیں ملتا۔

4494- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَزْهَرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اَبُوْ قُرَّةَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

۴۴۹۱- اخرجه الطبراني في الاوسط (۸۳۷۱) و ابن عدي في الكامل (٦/٤١٨) و البيهقي في السنن (٦/٢٨١) من طريق بقية بن الوليد' به- نقل ابن عدي عن احمد قال: مبشر بن عبيد كان بحمص' و اصله كوفي' الذي روى عنه بقية' و ابو المغيرة' واحاديثه احاديث موضوعة كذب- وقال الحافظ (التقريب): كوفي الاصل متروك' و رماه احمد بالوضع- و بقية مدلس' و قد عنعن: و الحديث ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (٤/٢١٧) و قال: اخرجه الطبراني في الاوسط' و فيه بقيه و هو مدلس)- اه- قلت: هذا اعلال قاصر: فان مبشر بن عبيد متروك' كما تقدم-

۴۴۹۲- تقدم بمتنه و اسناده رقم (٤٠٧٣)-

۴۴۹۳- تقدم رقم (٤٠٧٥)-

۴۴۹۴- تقدم حديث عمر رقم (٤٠٧٢)-

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لِقَاتِلٍ شَيْءٌ.

وَعَنْ سُفْيَانَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ.

☆☆ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے کہ قاتل کو کچھ نہیں ملتا (یعنی وراثت میں سے کچھ نہیں ملتا)۔

ایسی ہی روایت دیگر افراد سے منقول ہے۔

4495- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرِ بْنِ خَالِدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهُ اسْتَعْمَلَ مَوْلًى لَهُ يُقَالُ لَهُ هُنَيٌّ عَلَى الْحِمَى فَقَالَ يَا هُنَيُّ اضْمُمْ جَنَاحَكَ عَنِ الْمُسْلِمِينَ وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ فَاِنَّهَا مُجَابَةٌ وَاَدْخِلْ رَبَّ الصُّرَيْمَةِ وَالْغُنَيْمَةِ وَاِيَّايَ وَنَعَمَ ابْنِ عَفَّانَ وَابْنِ عَوْفٍ فَاِنَّهُمَا اِنْ تَهْلِكْ مَاشِيَتُهُمَا يَرْجِعَا اِلَى زَرْعٍ وَنَخْلٍ وَاِنَّ رَبَّ الصُّرَيْمَةِ وَالْغُنَيْمَةِ اِنْ تَهْلِكْ مَاشِيَتُهُ يَأْتِنِي بِبَنِيهِ فَيَقُولُ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اَفَتَارِكُهُمْ اَنَا لَا اَبَا لَكَ فَالْمَاءُ وَالْكَلَاُ اَهْوَنُ عَلَيَّ مِنَ الدَّنَانِيرِ وَالدَّرَاهِمِ وَايْمُ اللّٰهِ اِنَّهُمْ لَيَرَوْنَ اَنْ قَدْ ظَلَمْنَاهُمْ اِنَّهَا لَبِلَادُهُمْ قَاتَلُوا عَلَيْهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَاَسْلَمُوا عَلَيْهَا فِي الْاِسْلَامِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْلَا الْمَالُ الَّذِي اَحْمِلُ عَلَيْهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ مَا حَمَيْتُ عَلَى النَّاسِ مِنْ بِلَادِهِمْ شِبْرًا. وَكَذٰلِكَ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ عَنِ الدَّرَاوَرْدِيِّ.

☆☆ زید بن اسلم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اپنے غلام کو عامل مقرر کیا' اُسے چراگاہ کا نگران بنایا' اُس کا نام ''ہنی'' تھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا: اے ہنی! تم مسلمانوں کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرنا' مظلوم کی بددعا سے بچنا' کیونکہ وہ مستجاب ہوتی ہے' تم تھوڑی سی بھیڑ' بکریوں کے مالک کو چراگاہ میں داخل ہونے دینا' البتہ عثمان بن عفان اور عبدالرحمٰن بن عوف کے جانوروں کو اندر نہ آنے دینا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان دونوں کے جانور اگر مر بھی گئے تو یہ لوگ اپنے کھجوروں کے باغات کی طرف چلے جائیں گے' لیکن تھوڑی سی بکریوں کے مالکان کے جانور گر مر گئے تو وہ اپنے بچوں کو لے کر میرے پاس آ جائیں گے اور کہیں گے: اے امیر المؤمنین! (ہماری مدد کیجئے!) کیا میں انہیں ترک کر دوں گا؟ ان لوگوں کو پانی اور پارہ فراہم کرنا میرے نزدیک دینار اور درہم فراہم کرنے سے زیادہ آسان کام ہے۔ اللہ کی قسم! یہ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم نے ان کے ساتھ زیادتی کی ہے حالانکہ یہ ان ہی کا علاقہ ہے' جس کے بارے میں زمانۂ جاہلیت میں وہ لوگ ایک دوسرے کے ساتھ جنگ کیا کرتے تھے۔

اور اسی علاقے میں رہتے ہوئے انہوں نے اسلام قبول کیا ہے' اُس ذات کی قسم! جس کی قدرت میں میری جان ہے! میں نے اگر اللہ کی راہ میں مجاہدین کو مال فراہم نہ کرنا ہوتا تو میں ایک بالشت کے برابر جگہ کو لوگوں کے داخلے سے نہ روکتا (یعنی اُسے

۴۴۹۵- اخرجه الشافعي في مسنده (۲/رقم ۴۳۵- ترتيب): اخبرنا عبد العزيز بن محمد الدراوردي' به' و الدراوردي ضعيف' لكنه تابعه عليه غيره: فاخرجه مالك في الموطا ۲/۱۰۰۳۰۲) و من طريقه البخاري في صحيحه (۳۰۵۹)' والبغوي في شرح السنة (۲۱۹۱) عن زيد ابن اسلم' به- و اخرجه عبد الرزاق (۱۱/۸-۹) و ابو عبيد في الاموال (۷۴۱)' طريقين عن زيد ابن اسلم به-

سرکاری چراگاہ قرار نہ دیتا)۔

4496- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا حِمٰى اِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ۔

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: چراگاہ صرف اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کی ہوتی ہے۔

4497- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا النَّيْسَابُوْرِیُّ بِمِصْرَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِیُّ اَخْبَرَنِی الْمُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ شُعَيْبٍ اَخْبَرَنَا مُوْسَى بْنُ اَعْيَنَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ جَاءَ هِلَالٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُشُوْرِ نَحْلٍ لَهٗ وَسَاَلَهٗ اَنْ يَّحْمِیَ وَادِيًا يُّقَالُ لَهٗ سَلَبَةُ فَحَمٰى لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ الْوَادِیَ فَلَمَّا وَلِیَ عُمَرُ كَتَبَ سُفْيَانُ بْنُ وَهْبٍ اِلٰى عُمَرَ يَسْاَلُهٗ فَكَتَبَ عُمَرُ اِنْ اَدّٰى اِلَيْكَ مَا كَانَ يُؤَدِّیْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عُشْرِ نَحْلِهٖ فَاحْمِ لَهٗ سَلَبَةَ ذٰلِكَ وَاِلَّا فَهُوَ ذُبَابُ غَيْثٍ يَاْكُلُهٗ مَنْ شَاءَ۔

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' اُن کے ساتھ ان کی زمین کا عشر تھا۔ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ آپ اُسے ایک وادی چراگاہ کے طور پر عطاء کر دیں جس کا نام "سلبہ" تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ جگہ اُس کو چراگاہ کے طور پر دے دی' پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو سفیان بن وہب نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خط لکھا اور ان سے اس بارے میں دریافت کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ تمہیں وہی ادائیگی کریں گے جو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ادائیگی کرتا تھا' یعنی اس جگہ کی پیداوار کا دسواں حصہ' تو ٹھیک ہے وہ چراگاہ اُس کے پاس رہنے دو' جس کا نام سلبہ ہے' اور اگر وہ ایسا نہیں کرتا تو وہ اس طرح ہوگی جسے جو چاہے گا وہ کھالے گا۔

4498- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِیُّ حَدَّثَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ اَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ ابْنُ اَبِی الزِّنَادِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

٤٤٩٦- اخرجه البخاري (٢٣٧٠)' (٣٠١٣)' و ابو داود (٣٠٨٣)' (٣٠٨٤)' و احمد في مسنده ٤٠/٣٧' ٣٨' ٧١)' و عبد الله بن احمد في زوائد المسند (٤٠/٧١' ٧٣) من طريق عن الزهري' به-

٤٤٩٧- اخرجه ابو داود (١٦٠٠)' و من طريقه البيهقي (٤/١٣٦)' و النسائي (١/٣٤٦) من طريق عمرو بن الحارث المصري عن عمرو بن شعيب' به-قال الالباني في الارواء (٣/٢٨٤): و هذا سند صحيح؛ فان عمرو بن الحارث المصري ثقة فقيه حافظ: كما في (التقريب)- واخرجه ابو داود (١٦٠١)' و من طريقه البيهقي من طريق المغيرة' و نسبه الى عبد الرحمن بن الحارث المخزومي' حدثني عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده' به-وانظر تخريج الحديث في تلخيص الحبير (٣/٢٣٥)' و الارواء رقم (٨١٠)-

٤٤٩٨- اسناده حسن؛ لاجل الاختلاف في رواية عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده-

وَسَلَّمَ لَا حِمٰى إِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ.

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: چراگاہ صرف اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے لیے ہوتی ہے۔

4499- حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ مَوْلٰى أُمِّ سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كُنْتُ جَالِسَةً عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَهُ رَجُلَانِ يَخْتَصِمَانِ فِيْ مَوَارِيْثَ فِيْ أَشْيَاءَ قَدْ دَرَسَتْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّيْ إِنَّمَا أَقْضِيْ بَيْنَكُمَا بِرَأْيِيْ فِيْمَا لَمْ يُنَزَّلْ عَلَيَّ فَمَنْ قَضَيْتُ لَهٗ بِقَضِيَّةٍ أُرَاهَا فَقَطَعَ بِهَا قِطْعَةً ظُلْمًا فَإِنَّمَا يَقْطَعُ بِهَا قِطْعَةً مِنْ نَارٍ إِسْطَامًا يَأْتِيْ بِهَا فِيْ عُنُقِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ . قَالَ فَبَكَى الرَّجُلَانِ وَقَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا حَقِّيْ هٰذَا الَّذِيْ أَطْلُبُ لِصَاحِبِيْ قَالَ لَا وَلٰكِنِ اذْهَبَا فَتَوَخَّيَا ثُمَّ اسْتَهِمَا ثُمَّ لِيَحْلِلْ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْكُمَا صَاحِبَهٗ .

☆☆ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھی ہوئی تھی' دو آدمی آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے' ان دونوں کے درمیان وراثت سے متعلق جھگڑا چل رہا تھا جو کچھ ایسی چیزوں کے بارے میں تھا جو پرانی ہو چکی تھیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تم لوگوں کے درمیان اپنی رائے سے فیصلہ دوں گا جس بارے میں مجھ پر وحی نازل نہیں ہوئی تو جس شخص کے حق میں' میں فیصلہ دے دوں اور ظلم کے طور پر اُسے وہ چیز مل جائے تو اُسے جہنم کا ٹکڑا ملے گا' جسے وہ قیامت کے دن اپنی گردن میں ڈال کر لے کر آئے گا۔ راوی کہتے ہیں کہ وہ دونوں افراد رونے لگے۔ ان میں سے ایک نے کہا: وہ حق جس کا میں مطالبہ کر رہا تھا' اصل میں وہ میرے ساتھی کا حق ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں! تم دونوں جاؤ اور اُس کی جانچ پڑتال کر کے اُس کے حصے کر لو۔ پھر تم دونوں میں سے ہر ایک اپنی ساتھی کے لیے اُسے حلال قرار دیدے۔

4500- حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مَرْزُوْقٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ بِإِسْنَادِهٖ نَحْوَهٗ إِلَّا أَنَّهٗ قَالَ فَمَنْ قَضَيْتُ لَهٗ بِحُجَّةٍ أُرَاهَا فَقَطَعَ بِهَا قِطْعَةً ظُلْمًا . وَالْبَاقِيْ نَحْوَهٗ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں: انہوں نے فرمایا: تم میں سے جسے میں اپنی رائے کے مطابق' ثبوت کی بنیاد پر فیصلہ دے دوں اور اُسے ظلم کے طور پر وہ حصہ مل جائے۔

4501- حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ وَأَبُوْ أُمَيَّةَ قَالَا حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ قَالَ سَمِعْتُ أُمَّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كُنْتُ جَالِسَةً عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۴۴۹۹- اخرجه ابو داود (۳۵۸٤)' (۳۵۸۵)' و احمد (٦/ ۳۲۰) من طرق عن اسامة بن زيد عن عبد الله بن رافع' به- واسامة بن زيد: هو الليثي' وهو ضعيف' تقدمت ترجمته-

۴۵۰۰- راجع الذي قبله-

۴۵۰۱- انظر الحديث (۴۴۹۹)-

وَسَلَّمَ وَبَيْنِي وَبَيْنَ النَّاسِ سِتْرٌ فَجَاءَ اِلَيْهِ قَوْمٌ فِي مَوَارِيثَ وَاَشْيَاءَ قَدْ دَرَسَتْ وَذَهَبَ مَنْ يَعْرِفُهَا ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ عُثْمَانَ بْنِ عُمَرَ.

☆☆ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھی ہوئی تھی' میرے اور لوگوں کے درمیان پردہ موجود تھا' کچھ لوگ وراثت اور دیگر چیزوں کے بارے میں مقدمہ لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے جو ضائع ہو چکی تھی۔ اور اسے پہچاننے والا باقی نہیں رہا تھا۔

4502- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِشْكَابَ وَالْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْوَاسِطِيُّ قَالُوا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا اَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ اَبِي سَلَمَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهَا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سَمِعَ صَوْتَ خُصُومٍ بِبَابِ حُجْرَتِهِ فَخَرَجَ اِلَيْهِمْ فَقَالَ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ وَّاِنَّهُ يَاْتِينِي الْخَصْمُ فَلَعَلَّ بَعْضَهُمْ اَنْ يَّكُونَ اَبْلَغَ مِنْ بَعْضٍ فَاَحْسِبَ اَنَّهُ صَادِقٌ فَاَقْضِيَ لَهُ بِذٰلِكَ فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ بِحَقِّ مُسْلِمٍ فَاِنَّمَا هِيَ قِطْعَةٌ مِنَ النَّارِ فَلْيَاْخُذْهَا اَوْ لِيَتْرُكْهَا . تَابَعَهُ مَعْمَرٌ وَّيُونُسُ وَعُقَيْلٌ وَّشُعَيْبٌ وَّاللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ.

☆☆ سیدہ زینب بنت ابوسلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ سیّدہ اُمّ سلمہ نے انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات بتائی ہے کہ آپ نے اپنے حجرے کے دروازے پر کچھ لوگوں کی جھگڑے کی آواز سنی' آپ اُن کے پاس تشریف لے کر گئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں بھی ایک انسان ہوں' میرے پاس کوئی فریق مقدمہ لے کر آتا ہے' ہوسکتا ہے کہ وہ دوسرے فریق کے مقابلے میں زیادہ تیز گفتگو کرتا ہو' میں اُسے سچا سمجھتے ہوئے اُس کے حق میں فیصلہ دے دوں' تو میں جس شخص کے حق میں کسی مسلمان کے حق کا فیصلہ دوں گا تو یہ ایک جہنم کا ٹکڑا ہوگا' اس کی مرضی ہے کہ اسے حاصل کر لے یا اُسے چھوڑ دے۔

4503- حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اُمِّهَا قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكُمْ تَخْتَصِمُونَ اِلَيَّ وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ اَنْ يَّكُونَ اَلْحَنَ بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ وَّاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ اَقْضِي عَلٰى نَحْوِ مَا اَسْمَعُ فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ بِشَيْءٍ مِّنْ حَقِّ اَخِيهِ فَلَا يَاْخُذْ مِنْهُ شَيْئًا فَاِنَّمَا اَقْطَعُ لَهُ قِطْعَةً مِنْ نَارٍ . قَالَ اَبُو بَكْرٍ فِي حَدِيثِ

٤٥٠٢—اخرجه احمد (٦/٣٠٨)' و البخاري (٢٤٥٨)' و مسلم (٦/١٧١٣) من طريق ابراهيم بن سعد' به-و الحديث اخرجه البخاري ((٢٦٨٠)' (٦٩٦٧)' (٧١٦٩)' (٧١٨١)' (٧١٨٥)' و مسلم (١٧١٣)' و ابو داود (٣٥٨٣)' و النسائي (٨/٢٣٣' ٢٤٧)' و ابن ماجه (٢٣١٧)' و ابو يعلى (٦٨٨٠)' و ابن الجارود (٩٩٩)' و ابن حبان (٥٠٧٠)' و الطبراني في الكبير (٢٣/رقم (٨٠٢)' (٩٠٢)' (٩٠٣)' و البيهقي (١٠/١٤٣' ١٤٩-١٥٠)' و البغوي (٢٥٠٦) من طريق لهشام بن عروة' به- واخرجه احمد (٦/٣٢٠)' و ابو داود (٣٥٨٤)' (٣٥٨٥) من طريق عبد الله بن رافع عن ام سلمة' نحوه-

٤٥٠٣—راجع الذي قبله-

الزُّهْرِيِّ فَلْيَاْخُذْهَا اَوْ لِيَتْرُكْهَا ۔ وَفِي حَدِيْثِ هِشَامٍ فَلَا يَاْخُذْ مِنْهُ شَيْئًا ۔ وَهِشَامٌ وَّاِنْ كَانَ ثِقَةً فَاِنَّ الزُّهْرِيَّ اَحْفَظُ مِنْهُ ۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ ۔

☆☆ سیدہ زینب بنت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا اپنی والدہ کے حوالے سے یہ روایت نقل کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: تم لوگ میرے پاس مقدمہ لے کر آتے ہو سکتا ہے تم میں سے کوئی ایک شخص اپنی دلیل پیش کرنے میں دوسرے سے زیادہ تیز ہو میں بھی ایک انسان ہوں اس طرح کی صورت میں' میں جو فیصلہ کروں گا وہ اس کے مطابق ہوگا جو میں نے سنی ہے۔ تو جس شخص کے حق میں' میں اُس کے بھائی کے حق کا فیصلہ دے دوں' وہ اُسے وصول نہ کرے کیونکہ میں نے اُس کے لیے جہنم کا ٹکڑا کاٹ کر دیا ہوگا۔

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں: اب اس کی مرضی ہے کہ وہ اسے حاصل کر لے یا اُسے ترک کر دے۔

4504- حَدَّثَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ وَاَبُوْ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْمَخْزُوْمِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ- وَاللَّفْظُ لِعَبْدِ الْجَبَّارِ- قَالُوْا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ مَسْرُوْرًا فَقَالَ اَلَمْ تَرَىْ يَا عَائِشَةُ اَنَّ مُجَزِّزًا الْمُدْلِجِيَّ دَخَلَ عَلَيَّ فَرَاَى اُسَامَةَ وَزَيْدًا وَعَلَيْهِمَا قَطِيفَةٌ قَدْ غَطَّيَا رُءُ وسَهُمَا وَبَدَتْ اَقْدَامُهُمَا فَقَالَ اِنَّ هٰذِهِ الْاَقْدَامَ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ ۔

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک بار میرے پاس تشریف لائے تو آپ بہت خوش تھے' آپ نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! کیا تمہیں پتا ہے کہ مجزز مدلجی میرے پاس آیا' اُس نے اسامہ اور زید کو دیکھا (وہ دونوں سوئے ہوئے تھے) ان دونوں کے اوپر چادر تھی جس نے ان کے سر کے حصے کو ڈھانپا ہوا تھا' لیکن ان کے پاؤں ظاہر تھے تو وہ بولا: یہ دونوں باپ بیٹا ہیں۔

4505- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَمِّي اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ وَاللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسْرُوْرًا فَرِحًا فَقَالَ اَلَمْ تَرَىْ اَنَّ مُجَزِّزًا الْمُدْلِجِيَّ وَنَظَرَ اِلٰى اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ مُضْطَجِعًا مَعَ اَبِيْهِ فَقَالَ هٰذِهِ اَقْدَامٌ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ ۔ وَكَانَ مُجَزِّزٌ قَائِفًا ۔

۴۵۰۴- اخرجه الحميدي (۲۳۹) و البخاري (۶۷۷۱) و مسلم (۱۴۵۹) و ابو داود (۲۲۶۷) و الترمذي (۲۱۲۹) و النسائي (۶/۱۸۴-۱۸۵) و ابن ماجه (۲۳۴۹) و ابن حبان (۱۵/۵۳۳) (۷۰۵۷) و البيهقي (۱۰/۲۶۲) و البغوي في شرح السنة (۲۳۸۱) من طريق سفيان- و هو ابن عيينة عن الزهري' به-واخرجه عبد الرزاق (۱۳۸۳۵) عن سفيان الثوري عن الزهري' به- و سياتي في الذي بعده من طريق الليث: و هو ابن سعد' و يونس: و هو ابن يزيد الايلي-

۴۵۰۵- اخرجه مسلم (۱۴۵۹/۴۰) قال: حدثني حرملة بن يحيى' اخبرنا ابن وهب' اخبرني يونس' به-واخرجه احمد (۶/۸۲) و البخاري (۶۷۷۰) و مسلم (۱۴۵۹) و ابو داود (۲۲۶۸) و الترمذي (۲۱۲۹) والنسائي (۶/۱۸۴) من طرق عن الليث بن سعد' به- و انظر الحديث السابق-

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس خوش تشریف لائے' آپ نے فرمایا: کیا تمہیں پتا ہے کہ مجزز مدلجی کی نظر اُسامہ بن زید پر پڑی جو اپنے والد کے ساتھ لیٹے ہوئے تھے تو اس نے کہا: یہ دونوں باپ بیٹا ہیں۔

(راوی کہتے ہیں:) مجزز قیافہ شناس تھے۔

4506- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا عَمِّى حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ قَائِفٌ وَّرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاهِدٌ وَّاُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَّزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ مُضْطَجِعَانِ فَقَالَ هٰذِهِ الْاَقْدَامُ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ .قَالَتْ فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَعْجَبَهُ فَاَخْبَرَ بِهِ عَائِشَةَ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ وَّكَانَ زَيْدٌ اَحْمَرَ اَشْقَرَ اَبْيَضَ وَّكَانَ اُسَامَةُ مِثْلَ اللَّيْلِ .

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک مرتبہ ایک قیافہ شناس آیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی وہاں موجود تھے' حضرت اسامہ بن زید اور زید بن حارثہ دونوں لیٹے ہوئے تھے' وہ شخص بولا: یہ پاؤں باپ بیٹے کے ہیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے اور آپ کو یہ بات پسند آئی' آپ نے یہ بات سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو بتائی۔

ابراہیم بن سعد نامی راوی بیان کرتے ہیں: حضرت زید رضی اللہ عنہ سرخ وسفید رنگ کے مالک تھے جبکہ حضرت اُسامہ کا رنگ رات کی طرح (سیاہ) تھا۔

4507- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِى ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا مَسْرُوْرًا تَبْرُقُ اَسَارِيْرُ وَجْهِهِ فَقَالَ اَلَمْ تَسْمَعِى مَا قَالَ مُجَزِّزٌ الْمُدْلِجِىُّ لِزَيْدٍ وَّاُسَامَةَ وَرَاَى اَقْدَامَهُمَا اِنَّ هٰذِهِ الْاَقْدَامَ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ .

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُن کے پاس تشریف لائے تو آپ بہت خوش تھے اور خوشی کی وجہ سے آپ کا چہرہ مبارک چمک رہا تھا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تم نے سنا ہے؟ مجزز مدلجی نے زید اور اُسامہ کے بارے میں کیا کہا ہے' اس نے ان کے صرف پاؤں دیکھے اور کہا: یہ پاؤں باپ بیٹے کے ہیں۔

4508- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ خُشَيْشٍ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ

٤٥٠٦- اخرجه البخاري (٣٧٣١) و مسلم (١٤٥٩/ ٤٠) من طريق ابراهيم بن سعد عن الزهري' به- و انظر الحديث (٤٥٠٤) (٤٥٠٥)-

٤٥٠٧- اخرجه الحميدي (٢٤٠) و عبد الرزاق (٧/ ٤٤٧) (١٣٨٣٣) و احمد (٦/ ٢٢٦) و مسلم (١٤٥٩/ ٤٠) من طريق ابن جريج' به-و اخرجه عبد الرزاق (٧/ ٤٤٨) (١٣٨٣٦) و احمد (٦/ ٢٢٦) و مسلم (١٤٥٩/ ٤٠) من طريق معمر' به-و انظر رقم (٤٥٠٤) (٤٥٠٥) (٤٤٠٦)-

4724- حَدَّثَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ خُشَيْشٍ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْجَشَّاشُ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ سِيَاهٍ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ حَدَّثَنِي خَارِجَةُ بْنُ الصَّلْتِ عَنْ عَمِّهِ اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَسْلَمَ ثُمَّ اَقْبَلَ رَاجِعًا مِّنْ عِنْدِهِ فَمَرَّ عَلٰى قَوْمٍ وَّجَدَ عِنْدَهُمْ رَجُلًا مَّجْنُوْنًا فَرَقَاهُ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَبَرَاَ فَاُعْطِيَ مِائَةَ شَاةٍ قَالَ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ هَلْ قُلْتَ اِلَّا هٰذَا . قُلْتُ لَا . قَالَ خُذْهَا فَلَعَمْرِي مَنْ اَكَلَ بِرُقْيَةِ بَاطِلٍ فَلَقَدْ اَكَلْتَ

٤٧٢٢- اخرجه البيهقي في سننه (٢٣٩/٩) من طريق الحسين بن الحسن بن ايوب الطوسي: ثنا ابو حاتم' به- قال البيهقي: (كذا اخرجه مرفوعا' و اخرجه غيره عن عمرو بن دينار عن جابر بن زيد عن عين -و هو عكرمة- عن ابن عباس موقوفا)-قلت: المرفوع في اسناده محمد بن يزيد بن سنان: قال الحافظ في التقريب: ليس بالقوي- و الموقوف تقدم تخريجه رقم (٤٧٢٠)- وانظر نصب الراية (١٨٢/٤)-

٤٧٢٣- اخرجه البخاري (٢٠٥٧)' (٥٥٠٧) (٧٣٩٨)' و ابو داود (٢٨٢٩)' و النسائي (٢٣٧/٧)' وابن ماجه (٣١٧٤)' والدارمي (١٩٨٢-هاشمي) من طرق عن هشام بن عروة عن ابيه' به-

٤٧٢٤- اخرجه احمد (٢١٠/٥)' و ابو داود (٣٨٩٦)' و الطبراني في الكبير (١٩٠/١٧) (٥٠٩) من طريق زكريا بن ابي زائدة' به-واخرجه احمد (٢١١/٥)' و ابو داود (٣٤٢٠)' (٣٨٩٧)' (٣٩٠١)' والنسائي في عمل اليوم و الليلة (١٠٣٢) من طريق عبد الله بن ابي السفر عن الشعبي' به-وسياتي برقم (٤٧٢٦)' و مدار الحديث على الشعبي عن خارجة بن الصلت عن عمه' به-وخارجه بن الصلت مقبول' اى: عند المتابعة' و الا فلين: كما هو مصطلح الحافظ في التقريب' ولا متابع له هنا؛ فالحديث اسناده ضعيف- و الله اعلم-

بِرُقْيَةِ حَقٍّ .

☆☆ خارجہ بن صلت اپنے چچا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت سے واپس جا رہے تھے' تو ان کا گزر کچھ لوگوں کے پاس سے ہوا' انہوں نے ان لوگوں کے پاس ایک دیوانے شخص کو دیکھا' انہوں نے اس پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر دیا' وہ شخص ٹھیک ہو گیا' انہیں ایک سو بکریاں دی گئیں۔ وہ کہتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو بتایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے یہی سورہ (فاتحہ) پڑھی تھی؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اُسے وصول کر لو میری زندگی کی قسم! جو شخص کوئی باطل دم کر کے کچھ کھائے گا (وہ غلط ہوگا) تم نے تو اسے حق دم کر کے کھایا ہے۔

4725- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِىْ زَائِدَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ حَدَّثَنِىْ خَارِجَةُ بْنُ الصَّلْتِ التَّمِيمِيُّ اَنَّ عَمَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ وَقَالَ فِيْهِ فَقَالَ كُلْهَا بِسْمِ اللّٰهِ فَمَنْ اَكَلَ بِرُقْيَةِ بَاطِلٍ فَلَقَدْ اَكَلْتَ بِرُقْيَةِ حَقٍّ .

☆☆ خارجہ بن صلت اپنے چچا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے' جس میں یہ الفاظ ہیں: تم اللہ کا نام لے کر اُسے کھالو کیونکہ جو شخص باطل دم کر کے کھاتا ہے' وہ غلط کرتا ہے' تم نے تو اسے ''حق'' دم کر کے کھانا ہے۔

4725- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا يَعْنِىْ ابْنَ اَبِىْ زَائِدَةَ عَنْ عَامِرٍ نَحْوَهُ ذٰلِكَ .

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

4727- حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِى السَّفَرِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ الصَّلْتِ عَنْ عَمِّهِ قَالَ اَقْبَلْنَا مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ فَاَعْطَوْنَا جُعْلًا فَقُلْتُ حَتّٰى اَسْاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلْتُهُ فَقَالَ كُلْ . ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ .

☆☆ خارجہ بن صلت اپنے چچا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے روانہ ہوئے تو اس کے بعد حسب سابق حدیث' تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں کہ انہوں نے کہا: تم لوگ ہمیں اس کا معاوضہ دو گے' تو میں نے کہا: میں اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے پوچھوں گا' میں نے آپ سے دریافت کیا: تو آپ نے کہا: تم اسے کھالو۔

٤٧٢٥- راجع الحديث السابق-

٤٧٢٦- تقدم رقم (٤٧٢٤)-

٤٧٢٧- تقدم تخريجه رقم (٤٧٢٤)-

4728- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدَانَ الصَّيْدَلَانِيُّ بِوَاسِطٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ حَمَّادٍ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ عَنْ اَبِىْ عَمْرٍو الْبَصْرِيِّ عَنْ نَهْشَلٍ الْخُرَاسَانِيِّ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ اَنَّهُ اجْتَمَعَ هُوَ وَالْحَسَنُ بْنُ اَبِى الْحَسَنِ وَمَكْحُوْلٌ الشَّامِيُّ وَعَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ الْمَكِّيُّ وَطَاوُسٌ الْيَمَانِيُّ فَاجْتَمَعُوْا فِىْ مَسْجِدِ الْخَيْفِ فَارْتَفَعَتْ اَصْوَاتُهُمْ وَكَثُرَ لَغَطُهُمْ فِى الْقَدَرِ فَقَالَ طَاوُسٌ وَكَانَ فِيْهِمْ رِضًا اَنْصِتُوا اُخْبِرْكُمْ مَا سَمِعْتُ مِنْ اَبِى الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ افْتَرَضَ عَلَيْكُمْ فَرَائِضَ فَلَا تُضَيِّعُوْهَا وَحَدَّ لَكُمْ حُدُوْدًا فَلَا تَعْتَدُوْهَا وَنَهَاكُمْ عَنْ اَشْيَاءَ فَلَا تَنْتَهِكُوْهَا وَسَكَتَ عَنْ اَشْيَاءَ مِنْ غَيْرِ نِسْيَانٍ فَلَا تَكَلَّفُوْهَا رَحْمَةً مِنْ رَبِّكُمْ فَاقْبَلُوْهَا . نَقُوْلُ مَا قَالَ رَبُّنَا وَنَبِيُّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاُمُوْرُ بِيَدِ اللّٰهِ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ مَصْدَرُهَا وَاِلَيْهِ مَرْجِعُهَا لَيْسَ اِلَى الْعِبَادِ فِيْهَا تَفْوِيْضٌ وَلَا مَشِيْئَةٌ . فَقَامُوْا وَهُمْ رَاضُوْنَ بِقَوْلِ طَاوُسٍ . اٰخِرُ

☆☆ ضحاک بن مزاحم بیان کرتے ہیں: میں حسن بن ابوالحسن' مکحول' عمرو بن دینار اور طاؤس ''مسجدِ خیف'' میں اکٹھے ہوئے' یہ لوگ بلند آواز میں بحث کرنے لگے' یہ لوگ تعزیر کے بارے میں بحث کرنے لگے' اس پر طاؤس بولے جو سب کے نزدیک پسندیدہ شخصیت تھے: تم خاموش ہو جاؤ! میں تمہیں وہ حدیث سناتا ہوں جو میں نے حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کی زبانی سنی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اللہ تعالیٰ نے کچھ چیزیں تم پر لازم قرار دی ہیں تو تم انہیں ضائع نہ کرو اور اُس نے تمہارے لیے کچھ حدود مقرر کی ہیں ان کی خلاف ورزی نہ کرو' اُس نے تمہیں کچھ چیزوں سے روک دیا ہے' تم ان کا ارتکاب کرنے کی کوشش نہ کرو اور کچھ معاملات ایسے ہیں' جن کے بارے میں اس نے بتایا نہیں وہ انہیں بھولا نہیں ہے' تم خود کو اس کا پابند نہ کرو' کیونکہ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے رحمت ہے' اسے قبول کرلو!

(اس کے بعد طاؤس نے یہ کہا:) ہم وہی کہتے ہیں جو ہمارے پروردگار اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ تمام کام اللہ تعالیٰ کے قبضے میں ہیں' وہی ہر چیز کا حکم دیتا ہے' وہی ہر چیز کا اجر بھی دے گا' بندے کے بس میں کوئی بھی بات نہیں ہے' اس بارے میں بندے کی کوئی مرضی نہیں چلتی ہے۔

اس پر سب لوگ اُٹھ کھڑے ہوئے اور ان لوگوں نے طاؤس کے قول کو پسند کیا (یعنی اس کو اختیار کیا)۔

شرح:

اس روایت کا بنیادی موضوع تقدیر ہے۔ تقدیر سے مراد کیا ہے؟ اس بارے میں چند جلیل القدر تابعین کے درمیان ہونے والی بحث کا ذکر کیا گیا ہے' جس کے آخر میں طاؤس کا یہ قولِ فیصل ہے:

''(اس کے بعد طاؤس نے یہ کہا:) ہم وہی کہتے ہیں جو ہمارے پروردگار اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ تمام کام اللہ تعالیٰ کے قبضے میں ہیں' وہی ہر چیز کا حکم دیتا ہے' وہی ہر چیز کا اجر بھی دے گا' بندے کے بس

۴۷۲۸- اسناده ضعيف: فيه نهشل الخراساني' وهو متروك' كذبه اسحاق بن راهويه: كما في التقريب-

میں کوئی بھی بات نہیں ہے اس بارے میں بندے کی کوئی مرضی نہیں چلتی ہے''۔

اس میں طاؤس نے یہ بات بیان کی ہے کہ تمام مخلوق اللہ تعالیٰ کی مشیت اور حکم کے تابع ہے۔ اس لئے انسان محض اپنی مرضی کے ساتھ صرف وہی کام کرسکتا ہے جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے اسے اختیار دیا ہے لیکن ان امور میں سے نیک امور کے بارے میں ہمیشہ توفیق کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی جائے گی۔ کیونکہ اس کی عطا کردہ توفیق کے بغیر کوئی بھی شخص کوئی نیکی نہیں کرسکتا۔ اگرچہ انسان سے صادر ہونے والے ناپسندیدہ امور بھی اللہ تعالیٰ کی مشیت کے بغیر نہیں ہوتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کی ذات کی عظمت کے پیش نظر کسی منفی چیز کی نسبت اس کی مشیت کی طرف نہیں کی جاتی۔

ان تمام چیزوں سے ہٹ کر ایک پہلو یہ بھی ہے کہ انسان کا علم اور اس کی سوچ کا دائرہ کار انتہائی محدود ہے اس لئے اسے ایسے کسی بھی موضوع کے بارے میں لب کشائی نہیں کرنی چاہئے جس کے نتیجے میں انسان کے ذہن میں اللہ تعالیٰ کی ذات اس کی مشیت اس کے مقرر کردہ فیصلے (یعنی تقدیر) کے بارے میں کسی بھی منفی سوچ کو راہ ملے۔

کتاب السبق بین الخیل
وما روی فیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم
وھو زیادۃ فی الکتاب

کتاب: گھوڑوں کے درمیان دوڑ کا مقابلہ

اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جو روایات منقول ہیں وہ یہاں ذکر کی گئی ہیں (یہ اصل کتاب میں اضافہ ہے)

4729- حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْبَغَوِیُّ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ السَّكُوْنِیُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَّقَ بَيْنَ الْخَيْلِ وَفَضَّلَ الْقُرَّحَ فِی الْغَايَةِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑوں کے درمیان دوڑ لگوائی تھی اور مقررہ حد تک پہلے پہنچنے والے کو کامیاب قرار دیا تھا۔

4730- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِیُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ اَخْضَرَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ ح وَاَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعَنْبَرِیُّ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَمَّرَ الْخَيْلَ وَسَابَقَ بَيْنَهَا وَقَالَ الْمُعْتَمِرُ كَانَ يُضَمِّرُ وَيُسَابِقُ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم گھوڑوں کو تربیت دلوایا کرتے تھے اور ان کے درمیان مقابلہ کروایا کرتے تھے۔ یہاں پر راوی نے روایت کے الفاظ نقل کرنے میں اختلاف کیا ہے۔

4731- حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنِیْ يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ ح

۴۷۲۹-اخرجه احمد (۱۵۷/۲) و من طريقه المصنف هنا' و ابو داود في السنن (۲۹/۳) كتاب: الجهاد' باب: في السبق' الحديث (۲۵۷۷)' و اخرجه ابن حبان (۵۴۳/۱۰) رقم (۴۶۸۸) من طريق ابي خيثمة حدثنا عقبة بن خالد...... به-واخرجه احمد (۶۷/۲): حدثنا عتاب: اخبرنا عبيد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله سبق بالخيل و راهن-واخرجه ابن حبان (۵۴۳/۱۰) رقم (۴۶۸۹) من طريق عبد الله بن نافع عن عاصم بن عمر عن عبد الله بن دينار عن ابن عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم سابق بين الخيل...... وقال: (لا سبق الا في حافر او نصل)- و ذكره الحافظ في التلخيص (۳۰۱/۴)' و عزاهما ايضا الى ابن ابي عاصم و قال في رواية عتاب: (اقوى من الذي قبله)- اه-اى: رواية (عاصم بن عمر)' و هو العمرى: قال ابن حبان في المجروحين (۱۲۷/۲): كان سيء الحفظ' كثير الوهم' فاحش الخطا' فترك من اجل كثرة خطئه- وقال في الثقات (۲۵۹/۷): يخطىء و يخالف-

۴۷۳۰-اخرجه ابوداود في سننه (۲۹/۳) كتاب الجهاد' باب في السبق' الحديث (۲۵۷۶): حدثنا مسدد: ثنا معتمر عن عبيد الله' به- و اخرجه احمد (۸۶/۲)- حدثنا هشيم' اخبرنا ابن ابي ليلى عن نافع...... به و لم يذكر ابن ابي ليلى (يسابق بينها)' و اسناده ابي داود صحيح' رجاله كلهم ثقات-

وَاَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ وَّيَعْقُوْبُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالاَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ قَالاَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الْمُضَمَّرَةِ مِنْهَا مِنَ الْحَفْيَاءِ اِلٰى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ وَالَّتِيْ لَمْ تُضَمَّرْ مِنْ ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ اِلٰى مَسْجِدِ بَنِيْ زُرَيْقٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تربیت یافتہ گھوڑوں کے درمیان ''حفیاء'' سے لے کر ''ثنیۃ الوداع'' تک دوڑ لگوائی تھی اور غیر تربیت یافتہ گھوڑوں کے درمیان ''ثنیۃ الوداع'' سے لے کر مسجد بنو زریق تک دوڑ لگوائی تھی۔

4732- حَدَّثَنَا الْقَاضِى الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ ح وَاَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا تَمِيْمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ قَالاَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ ضَمَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَيْلَ وَكَانَ يُرْسِلُ الَّتِيْ ضُمِّرَتْ مِنَ الْحَفْيَاءِ اِلٰى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ وَالَّتِيْ لَمْ تُضَمَّرْ مِنْ ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ اِلٰى مَسْجِدِ بَنِيْ زُرَيْقٍ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم گھوڑوں کو تربیت دلوایا کرتے تھے آپ تربیت یافتہ گھوڑوں کا مقابلہ حفیاء سے لے کر ثنیۃ الوداع تک کرواتے تھے اور غیر تربیت یافتہ گھوڑوں کا مقابلہ ثنیۃ الوداع سے لے کر مسجد بنو زریق تک کرواتے تھے۔

4733- حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدِ الْمَخْزُوْمِيُّ سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ الْعَدَنِيُّ عَنِ الثَّوْرِيِّ ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ عَنْ سُفْيَانَ ح وَاَخْبَرَنَا ابْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ حَكِيْمٍ وَّاَبُوْ حُذَيْفَةَ قَالاَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ صَالِحٍ الْاَصْبَهَانِيُّ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجَوَيْهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْفِرْيَابِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَجْرَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُضَمَّرَةَ مِنَ الْخَيْلِ مِنَ الْحَفْيَاءِ اِلٰى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ وَاَجْرٰى مَا لَمْ تُضَمَّرْ مِنْ ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ اِلٰى مَسْجِدِ بَنِيْ

٤٧٣١- اخرجه احمد في المسند (٤/٣٧، ٣٨)، و الترمذي (١٦٩٩)، و البيهقي (١٠/١٩) من طريق سفيان عن عبيد الله، به- وقد تحرف (عبيد الله) في المطبوع من سنن الترمذي الى (عبد الله)، و التصويب من تحفة الاشراف (٦/ رقم ٧٨٩٥)، و سياتي بعد هذا من طريق عبد الله بن نمير عن عبيد الله، به- و الحديث اخرجه الحميدي (٦٨٤)، و احمد (٢/٥، ١١، ٥٥)، و البخاري (٢/٧٧) كتاب: الصلاة، باب: هل يقال: مسجد بني فلان؟ الحديث (٤٢٠)، واطرافه في (٢٨٦٨، ٢٨٦٩، ٢٨٧٠، ٧٣٣٦)، و مسلم (١٨٧٠)، و ابو داود (٢٥٧٥) من طرق عن نافع...... به- و ستاتي هذا الطرق فيما بعد-

٤٧٣٢- اخرجه مسلم في صحيحه (١٨٧٠): حدثنا ابن نمير، به- وابن ماجه (٢/٩٦٠) كتاب الجهاد، باب السبق و الرهان، الحديث (٢٨٧٧): حدثنا علي بن محمد: ثنا عبد الله بن نمير......، به و راجع الذي قبله-

٤٧٣٣- تقدم تخريجه قبل حديث-

زُرَيْقٍ قَالَ فَوَثَبَ بِيَ الْجِدَارَ - قَالَ سُفْيَانُ - مَا بَيْنَ ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ إِلَى الْحَفْيَاءِ خَمْسَةُ أَمْيَالٍ أَوْ سِتَّةٌ وَمَا بَيْنَ ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ إِلَى مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ مِيلٌ هٰذَا لَفْظُ حَدِيثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيدِ الْعَدَنِيِّ عَنِ الثَّوْرِيِّ وَقَالَ هَارُونُ بْنُ إِسْحَاقَ فِي حَدِيثِهِ إِلَى مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ وَذَكَرُوا أَنَّهَا سِتَّةُ أَمْيَالٍ وَقَالَ الرَّمَادِيُّ عَنْ أَبِي حُذَيْفَةَ قَالَ سُفْيَانُ مَا بَيْنَ الْحَفْيَاءِ إِلَى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ سِتَّةُ أَمْيَالٍ وَمَا بَيْنَ مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ إِلَى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ مِيلٌ وَقَالَ أَبُو مَسْعُودٍ فِي حَدِيثِهِ وَأَجْرَى مَا لَمْ تُضَمَّرْ مِنَ الثَّنِيَّةِ الْعُلْيَا إِلَى مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ قَالَ ابْنُ عُمَرَ وَكُنْتُ فِيمَنْ أَجْرَى.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تربیت یافتہ گھوڑوں کے درمیان ثنیۃ الوداع سے لے کر مسجد بنوزریق تک دوڑ کا مقابلہ کروایا تھا۔ میرا گھوڑا مجھے لے کر دیوار پر چڑھ گیا تھا۔

سفیان نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے کہ ثنیۃ الوداع سے لے کر حفیاء تک پانچ یا چھ میل کا راستہ ہے' جبکہ ثنیۃ الوداع سے لے کر مسجد بنوزریق تک کا فاصلہ ایک میل تک کا ہے۔ سفیان نامی راوی نے یہ بات بھی بیان کی ہے کہ حفیاء سے لے کر ثنیۃ الوداع تک چھ میل کا فاصلہ ہے اور مسجد بنوزریق تک ایک میل کا فاصلہ ہے۔

ابومسعود نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے غیر تربیت یافتہ گھوڑوں کے درمیان مقابلہ ثنیۃ الوداع سے لے کر مسجد بنوزریق تک کروایا تھا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں بھی اس دوڑ میں حصہ لینے والوں میں شامل تھا۔

4734- حَدَّثَنَا أَبُو الْقَاسِمِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنِ ابْنِ نَافِعٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَبَّقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْخَيْلِ فَأَرْسَلَ مَا ضُمِّرَ مِنْهَا مِنَ الْحَفْيَاءِ إِلَى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ وَأَرْسَلَ مَا لَمْ يُضَمَّرْ مِنْهَا مِنْ ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ إِلَى مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَكُنْتُ فَارِسًا يَوْمَئِذٍ فَسَبَقْتُ النَّاسَ وَطَفَّفَتْ بِيَ الْفَرَسُ مَسْجِدَ بَنِي زُرَيْقٍ. تَفَرَّدَ بِهِ إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ أَيُّوبَ عَنِ ابْنِ نَافِعٍ عَنْ أَبِيهِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑوں کے درمیان مقابلہ کروایا' آپ نے تربیت یافتہ گھوڑوں کا مقابلہ حفیاء سے لے کر ثنیۃ الوداع تک کروایا اور غیر تربیت یافتہ گھوڑوں کا مقابلہ مسجد بنوزریق سے لے کر ثنیۃ الوداع تک کروایا۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں بھی اُن سواروں میں شامل تھا' میں لوگوں سے آگے نکل گیا تھا اور میرا گھوڑا مجھے لے کر مسجد بنوزریق تک پہنچ گیا تھا۔

4735- حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ حَدَّثَنَا أَبُو الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْحَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ وَرْدَانَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَّقَ بَيْنَ الْخَيْلِ فَجَعَلَ غَايَةَ

٤٧٣٤- اخرجه احمد (٢/١١)' و مسلم (١٨٧٠) من طريق اسماعيل بن علية عن ايوب' به- واخرجه البيهقي (١٠/١٩) من طريق حماد بن زيد عن ايوب......به-

الْمُضَمَّرَةِ مِنْ مَّكَانٍ كَذَا اِلٰى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ وَجَعَلَ غَايَةَ الَّتِىْ لَمْ تُضَمَّرْ مِنْ ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ اِلٰى مَسْجِدِ بَنِىْ زُرَيْقٍ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَجِئْتُ سَابِقًا فَطَفَّفَتْ بِىَ الْفَرَسُ حَائِطَ الْمَسْجِدِ وَكَانَ قَصِيرًا .

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑوں کے درمیان دوڑ کا مقابلہ کروایا تھا' آپ نے تربیت یافتہ گھوڑوں کی حد حفیاء سے ثنیۃ الوداع تک مقرر کی تھی اور جو غیر تربیت یافتہ گھوڑے تھے ان کی حد ثنیۃ الوداع سے لے کر مسجد بنوزریق تک کی تھی۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں آگے نکل گیا تھا اور قریب تھا کہ میرا گھوڑا مجھے لے کر مسجد کی دیوار پر چڑھ جاتا' جو بہت چھوٹی سی تھی۔

4736- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْهَاشِمِىُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُصْعَبٍ عَنْ مَّالِكٍ ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ رَوْقٍ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَلَّادٍ حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا مَالِكٌ ح وَاَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِىْ مَالِكٌ وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَلِىٍّ مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمَالِكِىُّ حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِىْ قَدْ اُضْمِرَتْ مِنَ الْحَفْيَاءِ وَكَانَ اَمَدُهَا ثَنِيَّةَ الْوَدَاعِ وَسَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِىْ لَمْ تُضَمَّرْ مِنَ الثَّنِيَّةِ اِلٰى مَسْجِدِ بَنِىْ زُرَيْقٍ .وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ فِيمَنْ سَابَقَ بِهَا .اَلْفَاظُهُمْ مُتَقَارِبَةٌ اِلَّا اَنَّ بِشْرَ بْنَ عُمَرَ قَالَ سَبَّقَ فِى الْمَوْضِعَيْنِ.

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم نے تربیت یافتہ گھوڑوں کے درمیان حفیاء سے لے کر ثنیۃ الوداع تک مقابلہ کروایا' جبکہ غیر تربیت یافتہ گھوڑوں کے درمیان ثنیۃ الوداع سے لے کر مسجد بنوزریق کے درمیان مقابلہ کروایا تھا۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بھی اُن لوگوں میں شامل تھے جو یہ مقابلہ جیت گئے تھے' روایت کے الفاظ ایک دوسرے کے قریب ہیں۔

4737- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عِيسَى بْنِ اَبِىْ حَيَّةَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِىْ اِسْرَائِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَسْمُوْلٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَبَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْخَيْلِ وَكُنْتُ عَلٰى فَرَسٍ مِّنْهَا فَقَالَ لَا تَزَالُ تَبْضَعُهُ .اَىْ لَا تَزَالُ تَضْرِبُهُ .

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑوں کے درمیان مقابلہ

۴۷۳۵- راجع الذی قبله-

۴۷۳۶- اخرجه مالك في الموطا (۲/ ۴۶۷) كتاب الجهاد' باب ما جاء في الخيل و المسابقة و النفقة في الغزو' الحديث (۴۵)' و من طريق ابي داود (۲۵۷۵)' و الحديث تقدم من طرقه عن نافع' به-

کروایا تھا' میں بھی ان میں سے ایک گھوڑے پر سوار تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مسلسل اس پر غصہ کرتے رہنا یعنی اسے مسلسل چھڑی مارتے رہنا۔

4738- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ خِرِّيْتٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ لَبِيْدٍ لِمَازَةُ بْنُ زَبَّارٍ قَالَ اُرْسِلَتِ الْخَيْلُ زَمَنَ الْحَجَّاجِ وَالْحَكَمُ بْنُ اَيُّوْبَ عَلَى الْبَصْرَةِ فَاَتَيْنَا الرِّهَانَ فَلَمَّا جَاءَتِ الْخَيْلُ قُلْنَا لَوْ مِلْنَا اِلٰى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَسَاَلْنَاهُ اَكَانُوْا يُرَاهِنُوْنَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَمِلْنَا اِلَيْهِ وَهُوَ فِيْ قَصْرِهٖ بِالزَّاوِيَةِ فَقُلْنَا يَا اَبَا حَمْزَةَ اَكُنْتُمْ تُرَاهِنُوْنَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرَاهِنُ قَالَ نَعَمْ وَاللّٰهِ لَقَدْ رَاهَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى فَرَسٍ لَهٗ يُقَالُ لَهٗ سَبْحَةُ فَجَآءَتْ سَابِقَةً فَبَهَشَ لِذٰلِكَ وَاَعْجَبَهٗ.

☆☆ ابولبید المازہ بن زبید بیان کرتے ہیں کہ میں نے حاجیوں کے گھوڑوں کے درمیان مقابلہ کروایا' حاکم بن ایوب اُن دنوں بصرہ کے گورنر تھے' جب ہم لوگ اس دوڑ کے میدان میں پہنچے اور گھوڑے وہاں آ گئے تو ہم نے سوچا کہ اگر ہم حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس جا کر ان سے اس بارے میں دریافت کر لیتے ہیں' کیا وہ لوگ بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں اسی طرح دوڑ لگوایا کرتے تھے' تو یہ مناسب ہوتا' تو ہم حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے' وہ اپنے محل میں موجود تھے' ہم نے کہا: اے حضرت انس! کیا آپ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں گھوڑوں کا مقابلہ کروایا کرتے تھے؟ تو انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھوڑے کو مقابلے میں شامل کیا تھا' جس کا نام "سبحہ" تھا تو وہ سب سے آگے نکل گیا تھا۔ اس بات پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بہت خوش ہوئے تھے اور آپ کو یہ بات بہت پسند آئی تھی۔

4739- حَدَّثَنَا ابْنُ مُبَشِّرٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنِي الزُّبَيْرُ بْنُ خِرِّيْتٍ عَنْ اَبِيْ لَبِيْدٍ فَذَكَرَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِيْثِ يَزِيْدَ .

☆☆ یہی روایت ابن مبشر نے ایک اور سند کے ہمراہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

٤٧٣٧—اخرجه الطبراني في الاوسط (٩٤٧٦) و هو في مجمع البحرين رقم (٣٦٨٥): حدثنا يعقوب بن اسحاق: حدثني ابي...... به- قلت: و اسحاق هذا: هو ابن ابي اسرائيل-واخرجه ابن عدي في الكامل (٢٠٨/٦) في ترجمة محمد بن سليمان بن مشمول- قال: اخبرنا ابو يعلى: ثنا اسحاق بن ابي اسرائيل: ثنا محمد ......فذكره-و محمد بن سليمان بن مشمول: قال ابن عدي: (عامة ما يرويه لا يتابع عليه في اسناده و لا متنه)- اه-و ضعفه النسائي و ابو حاتم ' كما في الميزان (١٧٣/٦)- و الحديث ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (٢٦٧/٥)' و قال: (فيه محمد بن سليمان بن مشمول و هو ضعيف)- اه-

٤٧٣٨—اخرجه الدارمي (٢/٢١٢—٢١٣)' و احمد في المسند (١٦٠/٣)' و الطبراني في الاوسط (٨٨٥٠)' و البيهقي (٢١/١٠) من طريق سعيد بن زيد...... به-وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد (٢٦٦/٥—٢٦٧)' و قال: (اخرجه احمد و الطبراني في الاوسط...... ورجال احمد ثقات)- اه-

٤٧٣٩—اخرجه احمد في المسند (١٦٠/٣): حدثنا عفان' به- و راجع الذي قبله-

سے نقل کی ہے جو یزید کی نقل کردہ روایت کی مانند ہے۔

4740- حَدَّثَنَا اَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ الْجُنْدَيْسَابُورِیُّ وَاَبُوْ بَكْرٍ الْاَزْرَقُ يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُوْلٍ قَالَا حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَتْ نَاقَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَصْوٰى لَا تُدْفَعُ فِیْ سِبَاقٍ اِلَّا سَبَقَتْ قَالَ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ فَجَآءَ رَجُلٌ فَسَابَقَهَا فَسَبَقَهَا فَوَجَدَ النَّاسُ مِنْ ذٰلِكَ اَنْ سُبِقَتْ نَاقَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَلَغَ ذٰلِكَ اِلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ النَّاسَ لَمْ يَرْفَعُوْا شَيْئًا مِّنْ هٰذِهِ الدُّنْيَا اِلَّا وَضَعَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ.

4780: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی قصواء جب بھی دوڑ میں شامل ہوتی تھی تو وہ آگے نکل جایا کرتی تھی۔

سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک شخص آیا تو اس کی اونٹنی قصواء سے آگے نکل گئی' لوگوں کو اس بات پر بہت افسوس ہوا کہ کوئی اونٹنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی سے آگے نکل گئی ہے' جب اس بات کی اطلاع نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی تو آپ نے ارشاد فرمایا: دنیا میں جس شخص کو بھی سر بلندی حاصل ہوتی ہے' اللہ تعالیٰ اُسے کبھی پستی کی طرف بھی لے جاتا ہے۔

4741- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الدَّقَّاقُ وَاَبُوْ سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ وَّاَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِیُّ قَالُوْا حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَتِ الْقَصْوٰى نَاقَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُدْفَعُ فِیْ سِبَاقٍ اِلَّا سَبَقَتْ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی قصواء سے دوڑ میں کوئی نہیں جیت سکتا تھا' وہ ہمیشہ آگے نکل جایا کرتی تھی۔

4742- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْوَاثِقِ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ يَحْيَى الْبَرْمَكِیُّ حَدَّثَنَا مَعْنٌ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَتِ الْقَصْوٰى لَا تُسْبَقُ فَجَآءَ اَعْرَابِیٌّ عَلٰى بَكْرٍ فَسَابَقَهُ فَسَبَقَهَا فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ .فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سُبِقَتِ الْعَضْبَاءُ .فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهُ حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ اَنْ لَّا يَرْفَعَ شَيْئًا مِّنَ الْاَرْضِ اِلَّا وَضَعَهُ.

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ قصواء سے آگے کوئی نہیں نکل سکتا تھا۔ایک مرتبہ ایک دیہاتی ایک جوان اونٹ لایا' اُس نے قصواء کے ساتھ مقابلہ کیا اور وہ اس سے آگے نکل گیا' تو یہ بات مسلمانوں کے لیے بہت تکلیف کا

٤٧٤٠- اسناده صحيح: معن بن عيسى: هو ابن يحيى الاشجعي' قال الحافظ ابن حجر في التقريب (ت ٦٨٦٨): (ثقة ثبت' قال ابو حاتم: هو اثبت اصحاب مالك)- اه-

٤٧٤١- راجع الذي قبله-

٤٧٤٢- راجع الذي قبله-

باعث بنی' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک شخص قصواء سے آگے نکل گیا ہے' تو آپ نے فرمایا: دنیا میں اللہ جسے بلندی عطاء کرتا ہے' اُسے کبھی نیچے بھی کر دیتا ہے۔

4743- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ وَأَبُو سَهْلِ بْنُ زِيَادٍ وَأَبُو بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّهُ سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُولُ إِنَّ الْعَضْبَاءَ نَاقَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ لَا تُسْبَقُ كُلَّمَا دُفِعَتْ فِي سِبَاقٍ فَدُفِعَتْ يَوْمًا فِي إِبِلٍ فَسُبِقَتْ فَكَانَتْ عَلَى الْمُسْلِمِينَ كَآبَةٌ أَنْ سُبِقَتْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ النَّاسَ إِذَا رَفَعُوا شَيْئًا- أَوْ أَرَادُوا رَفْعَ شَيْءٍ- وَضَعَهُ اللَّهُ .

☆☆ سعید بن مسیّب بیان کرتے ہیں کہ قصواء نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی تھی' وہ جس دوڑ میں بھی شامل ہوتی تھی' آگے نکل جایا کرتی تھی' کوئی اس سے آگے نہیں نکل سکتا تھا' ایک مرتبہ ایک دوڑ کے دوران وہ پیچھے رہ گئی تو صحابہ کرام کو بہت تکلیف ہوئی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس موقع پر ایک بات ارشاد فرمائی: لوگ جب بلندی حاصل کرتے ہیں تو بعض اوقات اللہ تعالیٰ اُن کو پستی کی طرف بھی لے جاتا ہے۔ (راوی کو شک ہے کہ شاید یہ الفاظ ہیں:) جب کسی کو بلند دیکھنا چاہتے ہیں۔

4744- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْخَضِرِ بِمِصْرَ حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ النَّسَائِيُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنِي شُعْبَةُ حَدَّثَنِي حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ عَنْ أَنَسٍ قَالَ سَابَقَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْرَابِيٌّ فَسَبَقَهُ فَكَأَنَّ أَصْحَابَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدُوا فِي أَنْفُسِهِمْ مِنْ ذَلِكَ فَقِيلَ لَهُ فِي ذَلِكَ فَقَالَ حَقٌّ عَلَى اللَّهِ أَنْ لَا يَرْفَعَ شَيْءٌ نَفْسَهُ فِي الدُّنْيَا إِلَّا وَضَعَهُ .

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دیہاتی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مقابلہ کیا تو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے آگے نکل گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کو اس سے بہت تکلیف ہوئی' اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بات کی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ بات لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ دنیا میں جسے ترقی نصیب کرتا ہے اسے کبھی پست بھی کر دیتا ہے۔

4745- حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ الْعَسْكَرِيُّ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَحْمَدَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْحَاقَ السَّرَّاجُ ح وَأَخْبَرَنَا أَبُو الْحَسَنِ أَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ الصَّفَّارُ وَأَبُو عَبْدِ اللَّهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ

٤٧٤٣-اخرجه البيهقي في شعب الايمان (١٠٥١١): اخبرنا عبد الخالق بن علي: نا ابو بكر بن خنب- انا ابو اسماعيل الترمذي: ثنا ايوب بن سليمان: حدثني ابو بكر بن ابي اويس عن سليمان بن بلال قال: قال: يحيى: اخبرني ابن شهاب...... فذكره-و رمز السيوطي لضعفه في الجامع الصغير' فتعقبه المناوى بقوله: اسناده صحيح - قلت: تقدم في الذي قبله موصولا من حديث ابي هريرة-

٤٧٤٤-اخرجه النسائي (٦/٢٢٨) قال: اخبرني عمرو بن عثمان...... به- و اخرجه احمد (٣/١٠٣)' و البخاري (٢٨٧٢)' (٦٥٠١)' و ابو داود (٤٨٠٣)' و النسائي (٦/٢٢٧)' و البيهقي (١٠/٢٥)' و البغوي في شرح السنة (١٠/٣٩٢) رقم (٣٦٥٢) من طرق عن حميد عن انس' به-واخرجه احمد (٣/٢٥٣)' و عبد بن حميد (١٣١٥)' (١٣٤٤)' و ابو داود (٤٨٠٢)' و ابو يعلي (٣٣٤٥'٣٣٤٦) من طريق ثابت عن انس' به- و علقه البخاري في الجهاد بعد الحديث (٢٨٧٢) بقوله: (طوله موسى عن حماد عن ثابت عن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم)-

مِهْرَانَ قَالاَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ السَّرَّاجُ النَّيْسَابُورِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ جَلَبَ وَلاَجَنَبَ وَلاَشِغَارَ فِي الْاِسْلاَمِ وَمَنِ اسْتَعْمَلَهُ فَلَيْسَ مِنَّا ۔

وَقَالَ ابْنُ مِهْرَانَ وَمَنِ انْتَهَبَ فَلَيْسَ مِنَّا ۔ تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ وَلَمْ يَكْتُبْهُ اِلاَّ مِنْ حَدِيثِ اِبْرَاهِيمَ السَّرَّاجِ عَنْهُ.

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اسلام میں جلب' جنب اور شغار کی کوئی حقیقت نہیں ہے اور جو شخص ان میں سے کسی پر عمل کرے گا' اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں۔

ابن مہران نے یہ الفاظ بھی نقل کیے ہیں: ''جو شخص کوئی چیز اچک لے' اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں''۔

4746- حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ الرَّاسِبِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي اُوَيْسٍ حَدَّثَنَا كَثِيرٌ الْمُزَنِيُّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لاَ جَلَبَ وَلاَجَنَبَ وَلاَيَبِيعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ ۔ قَالَ ابْنُ الْفَضْلِ فَسَّرَ لَنَا ابْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ الْجَلَبُ يُجْلَبُ حَوْلَ الْفَرَسِ مِنْ خَلْفِهِ فِي الْمَيْدَانِ لِيُحْرِزَ السُّبْقَةَ وَالْجَنَبُ اَنْ يَكُونَ الْفَرَسُ بِهِ اعْتِرَاضُ جُنُوبٍ فَيَعْتَرِضَ لَهُ الرَّجُلُ بِفَرَسِهِ يُقَوِّمُهُ فَيَحُوزَ الْغَايَةَ ۔

☆☆ بسر مزنی اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جلب اور جنب کی کوئی حقیقت نہیں ہے' کوئی شخص کسی دیہاتی کے لیے سودا نہ کرے۔

ابن ابواویس نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے کہ جلب سے مراد یہ ہے کہ آدمی گھوڑے سے آگے نکلنے کے لیے پیچھے سے اُسے کھینچے اور جنب سے مراد یہ ہے کہ دوسرے گھوڑے کے سامنے رکاوٹ پیدا کرے تاکہ وہ جیت نہ جائے۔

4747- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بَكْرٍ وَدَعْلَجُ بْنُ اَحْمَدَ قَالاَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ قَالَ اَبُو عُبَيْدٍ فِي حَدِيثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ جَلَبَ وَلاَجَنَبَ ۔ قَالَ الْجَلَبُ فِي شَيْئَيْنِ يَكُونُ فِي سِبَاقِ الْخَيْلِ وَهُوَ اَنْ يَتْبَعَ الرَّجُلُ فَرَسَهُ فَيَرْكَبَ خَلْفَهُ وَيَزْجُرَهُ وَيُجْلِبَ عَلَيْهِ فَفِي ذٰلِكَ مَعُونَةٌ لِلْفَرَسِ عَلَى الْجَرْيِ فَنُهِيَ عَنْ ذٰلِكَ ۔ وَالْوَجْهُ الْاٰخَرُ فِي الصَّدَقَةِ اَنْ يَقْدَمَ الْمُصَدِّقُ فَيَنْزِلَ مَوْضِعًا ثُمَّ يُرْسِلَ اِلَى الْمِيَاهِ فَيَجْلِبَ

۴۷۴۵- اخرجه احمد (۴/۴۲۹، ۴۲۸، ۴۳۹، ۴۴۲، ۴۴۵) و ابو داود (۲۵۸۱) و من طريقه البيهقي (۱۰/۲۱)- و اخرجه الترمذي (۱۱۲۳) و النسائي (۶/۱۱۱، ۲۲۷، ۲۲۸) و ابن ماجه (۳۹۳۷) و ابن حبان (۳۲۶۷) و الطيالسي (۸۳۸) و ابن ابي شيبة (۴/۳۸۱) من طرق عن الحسن به-و هو حديث صحيح' رجاله ثقات' رجال الصحيح' الا ان الحسن مع جلالته و فضله' و هو معروف بالتدليس' و انما صححناه لشواهده-

۴۷۴۶-تقدم تخريجه في آخر كتاب البيوع-

۴۷۴۷-معنى هذا الكلام في كتاب الاموال لابي عبيد ص (۳۶۶) قال: (قوله: (لا جلب) يفسر تفسيرين' يقال: انه في رهان الخيل: الا يجلب عليها- و يقال: هو في الماشية يقول: لا ينبغي للمصدق ان يقيم بموضع' ثم يرسل الى اهل المياه: ليجلبوا اليه مواشيهم فيصدقها' و لكن ليأتيهم على مياههم حتى يصدقها هناك: و هو تاويل قوله: (على مياههم و بافنيتهم)-

اَغْنَامَ تِلْكَ الْمِيَاهِ عَلَيْهِ فَيُصَدِّقُهَا هُنَاكَ فَنُهِيَ عَنْ ذٰلِكَ ۔ وَلٰكِنْ يَّقْدَمُ عَلَيْهِمْ عَلٰى مِيَاهِهِمْ وَبِاَفْنِيَتِهِمْ فَيُصَدِّقُهُمْ ۔ وَاَمَّا الْجَنَبُ فَاَنْ يَّجْنُبَ الرَّجُلُ خَلْفَ فَرَسِهِ الَّذِیْ سَابَقَ عَلَيْهِ فَرَسًا عُرْيًا لَيْسَ عَلَيْهِ اَحَدٌ فَاِذَا بَلَغَ قَرِيْبًا مِّنَ الْغَايَةِ رَكِبَ فَرَسَهُ الْعُرْیَ فَسَبَقَ عَلَيْهِ لَاَنَّهُ اَقَلُّ اِعْيَاءً وَّكَلَالًا مِنَ الَّذِیْ عَلَيْهِ الرَّاكِبُ۔

☆☆ ابوعبید نامی راوی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: جلب اور جنب کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ راوی کہتے ہیں: جلب صرف دو چیزوں میں ہوتا ہے' ایک گھوڑوں کی دوڑ میں اور اس کا یہ طریقہ ہے کہ آدمی گھوڑے کی پچھلی طرف سوار ہو کر گھوڑے کو کھینچے تو اس سے گھوڑے کو تکلیف ہوتی ہے' اس لیے اس سے منع کیا گیا ہے' دوسرا رکعات میں جنب ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ صدقہ لینے والا ٹھہر جائے اور پھر کسی کو بھیج کر لوگوں سے مختلف قسم کے پھل خرید لے اور اس کا صدقہ وصول کر لے' اس سے منع کیا گیا ہے بلکہ حکم یہ دیا ہے کہ لوگوں کے پاس جائے اور ان کے گھروں میں جا کر ان سے صدقہ وصول کریں۔ جہاں تک جنب کا تعلق ہے تو اس سے مراد یہ ہے: آدمی اپنے اس گھوڑے کو جس پر سوار ہو کر اس نے مقابلے میں حصہ لینا ہے' دوسرے گھوڑے کے ساتھ رکھے' جس پر کوئی شخص موجود نہ ہو اور جب وہ دوڑ کی آخری حد کے قریب پہنچے تو اس گھوڑے پر سوار ہو جائے جو خالی بھاگ رہا تھا' اور اس طرح وہ دوڑ جیت جائے' کیونکہ وہ گھوڑا اس گھوڑے کی بہ نسبت کم تھکا ہوا ہو گا جس پر کوئی سوار موجود ہو۔

4748- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيْدِ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الْوَاسِطِیُّ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا عَتِيْرَةَ وَلَا فَرَعَ فِی الْاِسْلَامِ وَلَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ ۔

وَقَالَ الزُّهْرِیُّ وَالْعَتِيْرَةُ ذَبْحٌ كَانَ لِمُضَرَ فِی الْجَاهِلِيَّةِ ۔

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں کہ اسلام میں عتیرہ اور فرع کی کوئی حقیقت نہیں ہے اور جلب اور جنب کی بھی کوئی حقیقت نہیں ہے۔

راوی کہتے ہیں: عتیرہ اس جانور کو کہا جاتا ہے جس کو زمانۂ جاہلیت میں مضر قبیلے کے لوگ ذبح کرتے تھے۔

4749- وَحَدَّثَنَا الْقَاضِی الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَدْخَلَ فَرَسًا بَيْنَ فَرَسَيْنِ وَهُوَ لَا يُؤْمِنُ اَنْ يَّسْبِقَ فَلَا بَاْسَ بِهٖ وَمَنْ اَدْخَلَ فَرَسًا بَيْنَ فَرَسَيْنِ وَهُوَ يُؤْمِنُ

٤٧٤٨- اخرجه احمد (٢/ ٢٣٩): حدثنا هشيم ' قال: ان لم اكن سمعته منه- يعني: الزهري- فحدثني سفيان بن حسين عن الزهري' به- و اخرجه عبد الرزاق (٧٩٩٨)' و ابن ابي شيبة (٨/ ٢٥٢)' و احمد (٢/ ٢٧٩،٤٠٩)' و البخاري (٥٤٧٣)' و مسلم في صحيحه (١٩٧٦)' و الترمذي (١٥١٢)' و النسائي (٧/ ١٦٧)' و البيهقي (٩/ ٣١٣) من طرق عن معمر عن الزهري' به- و اخرجه الطيالسي (٢٢٩٨)' (٢٣٠٧)' و ابن ابي شيبة (٨/ ٢٥٢)' و الدارمي (٢/ ٨٠)' و البخاري (٥٤٧٤)' و مسلم (١٩٧٦)' و ابو داود (٢٨٣١)' و النسائي (٧/ ١٦٧)' و ابن ماجه (٣١٦٨)' و ابن الجارود (٩١٣)' و البيهقي (٩/ ٣١٣) من طرق عن الزهري' به-

٤٧٤٩- اخرجه البيهقي في اوائل كتاب السير من هذا الكتاب-

اَنْ يَّسْبِقَ فَاِنَّ ذٰلِكَ هُوَ الْقِمَارُ .

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جو شخص اپنے گھوڑے کو دوسرے گھوڑوں کے درمیان اس طرح داخل کرتا ہے کہ اس کے آگے نکل جانے کا یقین نہ ہو' تو کوئی حرج نہیں ہے' لیکن جو شخص اپنے گھوڑے کو دوسرے گھوڑوں کے درمیان اس طرح داخل کرتا ہے' اُسے اس بات کا یقین ہوتا ہے کہ وہ آگے نکل جائے گا تو یہ جوا ہے۔

4750- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَبِيبٍ الْمَعْمَرِيُّ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ صُدْرَانَ السَّلِيمِيَّ يَقُولُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَيْمُونٍ الْمَرَائِى حَدَّثَنَا عَوْفٌ عَنِ الْحَسَنِ اَوْ خِلَاسٍ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ- شَكَّ ابْنُ مَيْمُونٍ- اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ يَا عَلِيُّ قَدْ جُعِلَتْ اِلَيْكَ هٰذِهِ السُّبْقَةُ بَيْنَ النَّاسِ . فَخَرَجَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَدَعَا سُرَاقَةَ بْنَ مَالِكٍ فَقَالَ يَا سُرَاقَةُ اِنِّى قَدْ جَعَلْتُ اِلَيْكَ مَا جَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ عُنُقِىْ مِنْ هٰذِهِ السُّبْقَةِ فِىْ عُنُقِكَ .فَاِذَا اَتَيْتَ الْمِيْطَانَ- قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَالْمِيْطَانُ مُرْسَلُهَا مِنَ الْغَايَةِ- فَصُفَّ الْخَيْلَ ثُمَّ نَادِ ثَلَاثًا هَلْ مِنْ مُصْلِحٍ لِلِجَامٍ اَوْ حَامِلٍ لِغُلَامٍ اَوْ طَارِحٍ لِجُلٍّ فَاِذَا لَمْ يُجِبْكَ اَحَدٌ فَكَبِّرْ ثَلَاثًا ثُمَّ خَلِّهَا عِنْدَ الثَّالِثَةِ يُسْعِدُ اللّٰهُ بِسَبْقِهِ مَنْ شَاءَ مِنْ خَلْقِهِ فَكَانَ عَلِيٌّ يَقْعُدُ عِنْدَ مُنْتَهَى الْغَايَةِ وَيَخُطُّ خَطًّا يُقِيمُ رَجُلَيْنِ مُتَقَابِلَيْنِ عِنْدَ طَرَفِ الْخَطِّ طَرَفُهُ بَيْنَ اِبْهَامَىْ اَرْجُلِهِمَا وَتَمُرُّ الْخَيْلُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ وَيَقُولُ لَهُمَا اِذَا خَرَجَ اَحَدُ الْفَرَسَيْنِ عَلٰى صَاحِبِهٖ بِطَرَفِ اُذُنَيْهِ اَوْ اُذُنٍ اَوْ عِذَارٍ فَاجْعَلُوا السُّبْقَةَ لَهُ فَاِنْ شَكَكْتُمَا فَاجْعَلَا سَبْقَهُمَا نِصْفَيْنِ فَاِذَا قَرَنْتُمْ ثِنْتَيْنِ فَاجْعَلُوا الْغَايَةَ مِنْ غَايَةِ اَصْغَرِ الثِّنْتَيْنِ وَلَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ وَلَا شِغَارَ فِى الْاِسْلَامِ .

☆☆ حسن نامی راوی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ روایت نقل کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ فرمایا تھا: میں تمہیں گھوڑوں کی دوڑ کا نگران مقرر کرتا ہوں' حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لے گئے اور انہوں نے حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ کو بلا کر کہا کہ اے سراقہ! دوڑ میں شامل ہونے والوں کی ذمہ داری میں تمہیں سونپ رہا ہوں' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذمہ داری مجھے عطا کی ہے' اس لیے جب تم میطان پہنچو (ابوعبدالرحمٰن کہتے ہیں: اس سے مراد وہ جگہ ہے جہاں سے دوڑ کا آغاز ہونا تھا) تو گھوڑوں کی قطار بنانا اور تین مرتبہ یہ اعلان کرنا: کوئی لگام کو ٹھیک کرنے والا ہے' کوئی لڑکے کو اٹھانے والا ہے' کوئی گھوڑے کے سر پر (لگام کا سرا) ڈالنے والا ہے۔ (یعنی اگر نہیں ہے تو دوڑ شروع کی جائے) اگر تمہیں کوئی جواب نہ دے تو تم تین مرتبہ اللہ اکبر کا نعرہ لگانا اور اُسے چھوڑ دینا' تو اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں سے جس کے بارے میں چاہے گا جیت کے لئے اس کی مدد کرے گا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ دوڑ کے آخری نشان کے پاس تشریف فرما ہو جاتے۔ آپ ایک لکیر لگوا دیتے اور اس لکیر کے

۴۷۵۰- اخرجه البيهقي (۲۲/۱۰) اخبرنا ابو الحسين بن الفضل القطان: انبا ابو سهل بن زياد القطان: ثنا الحسن بن علي بن شبيب...... به- و قال البيهقي: (هٰذا اسناد ضعيف)- اه-

دونوں کناروں پر دو آدمیوں کو آمنے سامنے کھڑا کر دیتے۔ اس لکیر کا کنارہ ان آدمیوں کے پاؤں کے انگوٹھوں کے درمیان ہوتا اور گھوڑا ان دونوں کے درمیان میں سے گزرتا' حضرت علی رضی اللہ عنہ ان دونوں آدمیوں سے فرماتے تھے: جب دو گھوڑوں میں سے کوئی ایک گھوڑا دوسرے کے مقابلے میں کانوں کے کنارے جتنا یا کان جتنا یا گال جتنا آگے ہو تو تم اسے کامیاب قرار دینا اور اگر تمہیں اس بارے میں شک ہو تو تم دونوں کو کامیاب قرار دینا۔ اور جب تم دو کو برابر قرار دو تو آخری حد اسے بنانا جو دونوں میں سے چھوٹی ہو۔ اسلام میں جلب' جنب اور شغار کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔

شرح:

گھوڑوں کے درمیان دوڑ کے مقابلے کے بارے میں روایات کا یہ مختصر مجموعہ سنن دارقطنی کے ہمراہ شائع ہوتا ہے۔ اس لئے ہم نے بھی اسے یہاں شامل کر لیا ہے۔

اس باب میں گھوڑوں کے درمیان دوڑ کے بارے میں جو روایات ذکر کی گئی ہیں' ان کا بنیادی موضوع معاشرے میں مثبت سرگرمیوں کے فروغ کی ترغیب ہے۔ اس کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ اس زمانے میں گھوڑا جنگی ساز و سامان میں اہم حیثیت رکھتا تھا' تو یہ مقابلے اس لیے کروائے جاتے تھے تاکہ گھڑسواروں کی مشق ہوتی رہے۔

اسلام مثبت سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے' جس کی ایک مثال گھوڑوں کی دوڑ کے بارے میں روایات ہیں' دوسری مثال وہ روایت ہے جو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے' جس میں یہ مذکور ہے کہ کچھ حبشی عید کے دن کرتب دکھا رہے تھے' اسی طرح ایک روایت میں یہ بات مذکور ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو کچھ انصاری نوجوان تیراندازی کا مقابلہ کر رہے تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ تیراندازی کرو' تمہارے جدامجد (حضرت اسماعیل علیہ السلام) بھی تیرانداز تھے۔ یہ اور اس جیسی دیگر روایات اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ مسلم معاشرے کے افراد کو اپنی جسمانی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لئے بھرپور کوشش کرنی چاہئے تاکہ وہ معاشرے کے صحت مند فرد کا کردار ادا کر سکیں۔

تاہم اسلام سختی کے ساتھ یہ شرط عائد کرتا ہے کہ اس نوعیت کی سرگرمیوں کو صرف مثبت حد تک جاری رکھا جائے' اس میں کوئی منفی چیز نہ آنے پائے' جیسے جوا اور ایسا لہو و لعب جو انسان کو غافل کر دے اور فرائض یعنی حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی میں رکاوٹ بن جائے۔

اٰخِرُ الْكِتَابِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَحْدَهٗ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ.

یہ کتاب کا اختتام ہے' ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے ہی مخصوص ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے رسول اور ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ' ان کی آل اور ان کے اصحاب پر درود نازل کرے اور ایسا سلام نازل کرے جو زیادہ ہو' پاکیزہ ہو اور اس میں برکت رکھی گئی ہو۔